مہربانیوں) کا لام، حقیقی رافت (چین) کی رأ، منن (احسانات) کا میم، عنایت کا عین، کفایت کا کاف، سیادت کی یاء، سعادت کی سین، قربت کی قاف، سلطنت کی طأ، عروہ کی ہاء، وثقیٰ کی واؤ (عروہ وثقیٰ مضبوط سہارا) عصمت کی صاد ہیں۔ اور ان کی آل پر جو سرکار کے قابل صد تکریم علم کے موتی ہیں اور آپ کے صحابہ کرام پر جن کی وجہ سے، دین مضبوط حفاظت میں آگیا۔ وہ درود جو تیری عظمتِ جلال سے بابرکت ہو، جو تیری جلالتِ جمال سے مشرف ہو۔ جو تیری عظیم عطا سے قابلِ تکریم ہو، جو تیری دائمی حکومت سے دائمی ہو، جس کی کوئی انتہا نہ ہو، جو تیری برتری کے صدقہ، ایسا بلند مرتبت ہو، جو کبھی ختم نہ ہو، ایسا درود جو بلند تر، فاضل تر اور تیری بزرگی اور فضیلت عظمیٰ کے شرفِ نبوت اور علو مرتبت کے مناسب ہو اور جیسے حضور اس کے مستحق ہیں، ایسا درود جس سے حوادثِ اختیار کے رنج و غم جاتے رہیں، اور جس کے ذریعے تو ہمارے وجود کے گناہوں کو آسمان قرب کے پانی سے دھو ڈالے، جہاں نہ جگہ ہے نہ درمیان ہے نہ کہاں ہے نہ کیسے، نہ جہت نہ ٹھہراؤ، اور جس سے تو ہم کو اپنے انوارِ توحید کے گھر سے انوار میں چھپا لے، پس ہم کو گردشِ شب و روز کی کوئی خبر نہ رہے اور جس کے ذریعے تو ہم کو اپنے نبی مختار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بے مثال جمال کی حقیقتوں کو بلنقاب دیکھنے کی قوت ارزانی فرمائے۔ اور جس کے صدقے تو ہم کو ان زیتونی انوار کے رازوں کا تحفہ عطا فرمائے، جو آئینہ محمدیہ کے طاق میں محفوظ ہیں، جس سے ہمارے انوار، بغیر ختم ہوئے بے حد و حساب

marfa.com
Marfat.com

بڑھتے چلے جائیں۔ اے پروردگار! اے اللہ، اے سدا زندہ رہنے
والے! اے قائم رہنے والے! اے ہیبت و بزرگی کے مالک
اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے! ہم تجھ سے قرآن عظیم
کی ان معنوں بار یکیوں کا سوال کرتے ہیں، جن کی موجیں تیرے محفوظ
خزانۂ علم میں موجزن ہیں۔ ان کی واضح نشانیوں کے ساتھ، جو چمک
رہی ہیں۔ روشن ہیں اس ذات پاک پر جو تیرے محفوظ راز کی آنکھ کی
پتلی کی مظہر ہے۔ کہ ہم سے اُلفتِ عظمت کے نور کے صدقہ گمشدگی
کے اندھیروں کو دُور فرما دے۔ اور ہم کو سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم
کی صفاتِ کمال کے جوڑوں سے نورِ جلالت کا لباس پہنا دے
اور ہم کو ان کے نور معرفت سے سُرخ رنگ کی تسلیم رسالت کی
شربت پلا دے الٰہی ان پر درود بھیج جو سراپا بخشش و سخاوت ہیں عظیم
الشان نور اور بہت بڑی عظمت ہیں۔ جن کو صاف سیدھی بات دے
کر مبعوث فرمایا گیا اور جو ہر زبان دان اور گونگے کے لیے اللہ کا
احسان ہیں۔ ہمارے آقا، ہمارے نبی اور ہمارے محبوب محمد
صلی اللہ علیہ وسلم جو نبیوں کی چکی کی مرکزی کیل اور دائرہ رسولوں کے
نقطہ ہیں۔ جن کو لوحِ محفوظ میں لکھی گئی کتاب (قرآن کریم) میں ان
الفاظ میں مخاطب بنایا گیا ہے۔ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ
(اے محبوب تم اپنے رب کے فضل و کرم سے مجنون نہیں۔) وَاِنَّ
لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ۔ (اور بے شک تمہارے لیے
نہ ختم ہونے والا اجر ہے) جو تیرے اس قابلِ صد تکریم فرمان کے
ساتھ موصوف ہیں۔ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ۔ (اور بے شک

marfa.com
Marfat.com

تم اخلاق کے بلند ترین درجہ پر فائز ہو،) اور حضور کے ان صحابہ کرام سے راضی ہو جیسے، جو متلاشیان ہدایت کے لیے، ہدایت کے امام ہیں۔ اور پیروی کرنے والوں کے لیے اس وقت تک لائق اقتدار ستارے ہیں، جب تک نور کا دَور جاری ہے، اور چھپے رازوں کے انوار چمکتے رہیں گے۔ اور تمام تر حمد وثنا کے سزاوار اللہ پروردگار عالمیان ہیں۔

چونسٹھواں درود شریف فاتیہ

یہ بھی انہی کا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَى اللَّطْعَةِ الذَّاتِ الْمُطَلْسَمِ وَالْغَيْثِ الْمُطْمَطِمِ وَالْكَمَالِ الْمُكَتَّمِ لَاهُوْتِ الْجَمَالِ وَنَاسُوْتِ الْوِصَالِ وَطَلْعَةِ الْحَقِّ، هُوِيَّةِ اِنْسَانِ الْاَزَلِ فِيْ نَشْرِ مَنْ لَّمْ يَزَلْ، مَنْ اَقَمْتَ بِهٖ نَوَاسِيَتِ الْفَرْقِ اِلٰى طُرُقِ الْحَقِّ فَصَلِّ اَللّٰھُمَّ بِهٖ مِنْهُ فِيْهِ عَلَيْهِ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

ترجمہ: الٰہی درود وسلام اور برکت نازل فرما اس ذاتِ پاک کی نورانیت پر جو کمالات عجیبہ کی جامع ہے، رحمتوں کی موسلا دھار بارش اور بہت پوشیدہ رکھا گیا کمال ہیں۔ جو حُسن ازل کا جمال اور انسانیت کو اپنے خالق سے ملانے کا واسطہ ہیں۔ جو حق کی چمکتی کرن ہیں۔ وہ جو ایسے انسان کے لیے (بھی) حقیقت ہیں۔

marfa.com
Marfat.com

جو خدائے لم یزل کے خالق ہونے (کے عقیدے) میں پھسلنے والا ہے۔ جن کی بدولت تُو نے حق کی طرف جانے والے مختلف راستوں کو سیدھا کیا۔ پس الٰہی ان کے ذریعے ان کی طرف سے، ان کی ذات میں، ان پر درُود اور بکثرت سلام نازل فرما۔ اور تمام تعریفوں کا سزاوار اللہ رب العالمین ہے۔

پینسٹھواں درُود شریف

(صلوٰۃ السّر) یہ بھی انہی کا ہے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى الْاَوَّلِ فِي الْاِيْحَادِ وَالْجُوْدِ وَالْوُجُوْدِ۔ اَلْفَاتِحِ لِكُلِّ شَاهِدٍ حَضْرَتَيِ الشَّاهِدِ وَالْمَشْهُوْدِ، اَلسِّرِّ الْبَاطِنِ وَالنُّوْرِ الظَّاهِرِ الَّذِيْ هُوَ عَيْنُ الْمَقْصُوْدِ۔ جَائِزِ قَصَبِ السَّبْقِ فِيْ عَالَمِ الْخَلْقِ، اَلْمَخْصُوْصِ بِالْاَوَّلِيَّةِ، اَلرُّوْحِ الْاَقْدَسِ الْعَلِيِّ وَالنُّوْرِ الْاَكْمَلِ الْبَهِيِّ، اَلْقَائِمِ بِكَمَالِ الْعُبُوْدِيَّةِ فِيْ حَضْرَةِ الْمَعْبُوْدِ الَّذِيْ اُفِيْضُ عَلٰى رُوْحِيْ مِنْ حَضْرَةِ رُوْحَانِيَّتِهٖ، وَاتَّصَلَتْ بِمِشْكَاةِ قَلْبِيْ اَشِعَّةُ نُوْرَانِيَّتِهٖ، فَهُوَ الرَّسُوْلُ الْاَعْظَمُ وَالنَّبِيُّ الْاَكْرَمُ وَالْوَلِيُّ الْمُقَرَّبُ الْمَسْعُوْدُ، وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ خَزَائِنِ اَسْرَارِهٖ وَمَعَارِفِ اَنْوَارِهٖ، وَمَطَالِعِ اَقْمَارِهٖ، كُنُوْزِ الْحَقَائِقِ وَهُدَاةِ الْخَلَائِقِ، نُجُوْمِ الْهُدٰى لِمَنِ اهْتَدٰى وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَحَسْبُنَا

marfa.com
Marfat.com

اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ، وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ، وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

اللہ تعالیٰ درود بھیجے ان پر جو وجود اور جود و عطا میں اوّل ہیں۔ جو شاہد و مشہود دونوں کے حضور حاضر ہونے والوں میں پہلے ہیں۔ جو باطنی راز اور ظاہری نور ہیں۔ جو عین مقصود ہیں۔ وہ جو تمام دنیا میں ہر کمال کے لحاظ سے سب پر سبقت لے جانے والے ہیں۔ جو اوّل ہونے کے ساتھ مخصوص ہیں۔ جو پاک رُوح، بلند مرتبت، اور کامل ترین چمکتا نور ہیں۔ جو اپنے اس معبود کی بارگاہ میں عبودیت کاملہ کے مرتبہ پر فائز ہیں، جس کی بارگاہ کی رُوحانیت سے میں رُوحانی طور پر فیضیاب ہو رہا ہوں اور جن کی نورانی شعاعیں میرے طاقِ قلب میں پیوست ہو چکی ہیں۔ پس وہی رسُولِ اعظم اور نبی اکرم ہیں۔ جو قریبی مددگار، اور باعثِ سعادت ہیں، اور ان کی آل اور اُن کے صحابہ کرام پر جو سرکار کے اسرار کے خزانے۔ حضور کے انوار کے معارف، اور چاندوں کے مطلع ہیں۔ حقیقتوں کے خزانے مخلوق کے ہادی، اور طالبانِ ہدایت کے لیے ہدایت کے ستارے ہیں۔ اور الٰہی ان پر بہت بہت سلام بھیجیو! اور اللہ پاک ہے، اور میں مشرکوں میں سے نہیں۔ اور ہم کو اللہ کافی ہے اور بہترین کارساز ہے اور ہم برائی سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت بس خدائے بزرگ و برتر سے مل سکتی ہے اور اللہ تعالیٰ ہمارے

marfa.com
Marfat.com

آقا محمدؐ اور آپ کی آل اور صحابہ کرام، سب پر درود بھیجے، تمہارا پروردگار جو عزت و عظمت کا مالک ہے، ان خرافات سے پاک ہے جو یہ منکرین بیان کرتے ہیں اور رسولوں پر سلام ہو، اور تمام تر حمد و ثنا کا سزاوار اللہ تعالیٰ پروردگارِ عالمیان ہے۔

چھیاسٹھواں درود شریف

یہ بھی انہی کا ہے

اَسْاَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِمَا سَاَلْتُكَ وَاَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ فِيْ قَبُوْلِهٖ بِمُقَدَّمَةِ الْوُجُوْدِ الْاَوَّلِ وَرُوْحِ الْحَيَاةِ الْاَفْضَلِ وَنُوْرِ الْعِلْمِ الْاَكْمَلِ وَبَسَاطِ الرَّحْمَةِ فِي الْاَزَلِ وَسَمَآءِ الْخُلُقِ الْاَجَلِّ السَّابِقِ بِالرُّوْحِ وَ الْفَضْلِ وَالْخَاتِمِ بِالصُّوْرَةِ وَالْبَعْثِ وَالنُّوْرِ بِالْهِدَايَةِ وَالْبَيَانِ مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى وَالرَّسُوْلِ الْمُجْتَبٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

ترجمہ: الٰہی! میں نے جو کچھ تجھ سے مانگا ہے اس میں یہ سوال بھی ہے۔ اور اس کی قبولیت میں تیرے حضور اس ذات اقدس کا وسیلہ پکڑتا ہوں جو وجود اوّل کا مقدمہ اور حیاتِ افضل کی رُوح ہیں۔ جو کامل تر علم کا نور اور ازل میں بساطِ رحمت ہیں اور بزرگ ترین اخلاق کے آسمان ہیں جو رُوح اور فضل و شرف میں سب سے اوّل، اور

marfa.com
Marfat.com

صُورت ظہور میں سب سے آخر ہیں جو ہدایت و بیان کے نُور ہیں۔
محمد مصطفٰے، رسُولِ برگزیدہ، اللہ تعالیٰ تا قیامت حضور پر اُن کی آل
پر اور اُن کے صحابہ کرام پر بہت بہت درود و سلام بھیجے اور سب
تعریف اللہ پروردگارِ جہاں کے لیے۔

ستر سٹھوال درُود شریف

درُودِ وصل۔ یہ بھی انہی کا ہے۔

اَللّٰھُمَّ بِکَ تَوَسَّلْتُ وَاِلَیْکَ تَوَجَّھْتُ وَمِنْکَ
سَاَلْتُ وَفِیْکَ لَا فِیْ اَحَدٍ سِوَاکَ رَغِبْتُ، لَا
اَسْئَلُ سِوَاکَ وَلَا اَطْلُبُ مِنْکَ اِلَّا اِیَّاکَ، اَللّٰھُمَّ
وَاَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ فِیْ قَبُوْلِ ذٰلِکَ بِالْوَسِیْلَۃِ الْعُظْمٰی
وَالْفَضِیْلَۃِ الْکُبْرٰی وَالْمَحَبِیْبِ الْاَدْنٰی، وَالْوَلِیِّ الْمَوْلٰی،
وَالْمَحْیِ الْمُصْطَفٰی وَالنَّبِیِّ الْمُجْتَبٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَبِہٖ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْہِ
صَلٰوۃً اَبَدِیَّۃً سَرْمَدِیَّۃً اَزَلِیَّۃً لَاھِیَّۃً
قَیُّوْمِیَّۃً دَائِمَۃً دَیْمُوْمِیَّۃً رَبَّانِیَّۃً بِحَیْثُ اَشْھَدُنِیْ
فِیْ ذٰلِکَ کُلِّہٖ عَیْنَ الْاَعْیَانِ کَمَا تَسْتَھْلِکُنِیْ فِیْ
مَعَانِیْ فِیْ ذَاتِہٖ فَاَنْتَ وَلِیُّ ذٰلِکَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ
اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

الٰہی تیرا ہی وسیلہ پکڑتا ہُوں تیری ہی طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ تجھی

marfa.com
Marfat.com

سے مانگتا ہوں اور تیری ہی ذات میں، تیرے سوا کسی میں نہیں، میں رغبت رکھتا ہوں۔ میں تیرے سوا کسی سے نہیں مانگتا۔ اور مجھ سے بس تجھی کو مانگتا ہوں اور اس دُعا کی قبولیت میں تیری طرف بہت بڑا وسیلہ پکڑتا ہوں۔ جو بڑی فضیلت ہے جو تیرا قریب تر حبیب اور سچا دوست ہے۔ جو پاکیزہ تر، برگزیدہ تر، غیب کی خبریں رکھنے اور دینے والا (نبی)، منتخب محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اور میں اُنہی کے وسیلہ سے تیرے حضور یہ عرض کرتا ہوں کہ اُن پر ایسا درود بھیج، جو دائمی ہو یعنی ازلی، ابدی اور سرمدی ہو۔ الٰہی قیوّمی ربانی بغیر اختتام وانقطاع کے ہو۔ بایں طور کہ میں ان سب میں اپنے آپ کو اس طرح حاضر کر سکوں جیسے غیر کی آنکھ، جیسے تو مجھے ان کے معارف ذات میں فنا ہی کر دے۔ تو ہی اس کا مالک ہے۔ بدی سے پھرنے اور نیکی کرنے کی طاقت خدائے بزرگ و برتر کے بغیر کسی کو نہیں۔

اٹھارھواں درود شریف

یہ بھی انہی کا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَرْشِ اِسْتِوَآءِ تَجَلِّیَاتِكَ وَكُنْهِ هُوِیَّةِ تَنَزُّلَاتِكَ النُّوْرِ الْاَشْهَرِ وَالسِّرِّ الْاَبْهَرِ وَالْفَرْدِ الْجَامِعِ وَالْوِتْرِ الْوَاسِعِ، صَلٰوةً اُشَاهِدُ بِهَا عَجَائِبَ الْمَلَكُوْتِ وَاسْتَجْلِیْ بِهَا عَرَائِسَ الْجَبَرُوْتِ

marfa.com
Marfat.com

وَاسْتَمْطِرُ بِهَا غُيُوْثَ الرَّحْمُوْتِ وَاسْتَامِنُ بِهَا عَنْ عَلَاقَةِ نَاسُوْتِ الْبَهْمُوْتِ بِالاَهُوْتَ كُلِّ نَاسُوْتٍ۔ يَا اللّٰهُ"

الٰہی ہمارے آقا محمدؐ اور ہمارے آقا محمدؐ کی آل پر درود بھیجئے۔ جو تیرے تسلطِ تجلیات کے عرش، اور تیرے نزولِ حقیقت کی اصل ہیں چمکتا نور اور راز برتر ہیں۔ جو یکتا سے جامع صفات اور یگانہ واسع ہیں۔ ایسا درود جس سے میں تمام کائنات کے عجائبات کا مشاہدہ کروں، اور جس سے تیرے عظیم الشان حسین مناظر کا نظارہ کروں۔ اور جس سے میں جلیل القدر رحمتوں کے مینہ سے سیرابی حاصل کروں۔ اور جس کے ذریعہ میں اس دنیا کے شور وغل سے چھٹکارا حاصل کروں۔ اے ہر فرد بشر کے خدا!، اے اللہ۔

یہ چھ عدد درود شریف شیخ محی الدین ابن العربی رضی اللہ عنہ کے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی برکتوں سے ہمیں نفع دے۔ الصلوٰۃ الوسطیٰ اور الصلوٰۃ الذاتیہ میں نے فاضل، عارف، شیخ احمد بن سلیمان کی شرح سے نقل کئے ہیں۔ جو مولانا بزرگوار استاد شیخ خالد نقشبندی کے خلیفہ تھے جو مشہور طریقہ نقشبندیہ کے مجدد تھے۔ میں نے دوسرے نسخوں سے ملا کر بھی ان کی تصحیح کی ہے۔ جو مجموعہ اوراد کے حواشی پر تحریر تھے۔ باقی درود شریف میں نے مجموعہ مذکورہ سے نقل کئے ہیں جسے استاد شیخ احمد آفندی بہاؤالدین نے جمع کیا ہے، جو قسطنطنیہ (استنبول) میں طریقہ نقشبندیہ کے شیخ طریقت تھے۔ اس مجموعہ میں انہوں نے شیخ اکبر کا الصلاۃ الفیضیۃ الکبریٰ اور الصلاۃ الاکبریۃ بھی ذکر کیا ہے جو درودِ نور کے نام سے مشہور ہے۔ یہ دونوں درود شریف میری کتاب "افضل الصلوٰت" میں مذکور ہیں۔

marfa.com
Marfat.com

اس مجموعہ میں سیدی محمد البکری کا وہ درود جو کتاب "افضل الصلوٰت" میں انچاسویں نمبر پر لکھا ہوا ہے، کچھ اضافہ کے ساتھ شیخ اکبر کی طرف منسوب کر دیا گیا ہے۔ بعد ازاں اس میں یہ الفاظ بھی آخر میں لکھے ہیں۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ بِالْفَضْلِ تَمَّا۔ آخر تک۔ خدا جانے یہ ان دو میں سے کن صاحب کا ہے۔ ان کے اور دیگر کئی حضرات کے مرتب کردہ کئی درود شریف ہیں جن کو میں یہاں نقل نہیں کر سکا۔ ویسے یہ دعاؤں، درودوں اور اوراد کا ایک نفیس مجموعہ ہے۔ جو تین اجزاء پر مشتمل ہے اللہ تعالیٰ مرتب کو جزائے خیر دے۔ اور سیدی محی الدین رضی اللہ عنہ کے کہنے پر میں نے یہ درود شریف اپنی اس کتاب میں ۲۸ نمبر پر درج کیا ہے، اور اس کے ساتھ میں نے یہ کچھ درود شریف اس لیے ذکر نہ کیے کہ مجھے ان کا علم پہلے نہ تھا۔ اب ہوا ہے۔ جب کہ کتاب طبع ہو چکی تھی۔ لہٰذا یہاں ذکر کر دیئے۔ اور بات آسان ہے۔ جاننا چاہیئے کہ سیدی علی وفا کا وہ مجموعہ درود جس کا ذکر اس کتاب میں چوالیسویں نمبر پر کیا گیا ہے۔ میں نے دیکھا کہ اس درود شریف کو صلوٰۃ الوسطیٰ پر جس کا ذکر ہو چکا ہے۔ ختم کیا گیا ہے۔ سو میں نے صلوٰۃ الوسطیٰ کو حذف کر دیا۔ کیونکہ میرے نزدیک سیدی علی وفا کا مجموعہ قابلِ ترجیح تھا۔ شارح مذکور شیخ احمد بن سلیمان رحمہ اللہ نے صلاۃ ذاتیہ مذکور کی شرح میں کہا ہے بعض اہلِ علم نے سیدی مرشد کامل سید مصطفےٰ حسینی صدیقی کے واسطہ سے سیدی عارف شیخ عبدالغنی نابلسی سے یہ ثبت نقل کی ہے کہ ان کلمات سے درود شریف پڑھنے کا ثواب، دلائل الخیرات شریف پڑھنے کے برابر ہے اور اسی درود شریف کے وسیلہ سے۔ اس کے مؤلف قطب الفخر، سیدی شیخ اکبر رحمہ اللہ اہلِ عرفان کے مقامات تک پہنچے۔ اسی کے سبب زمانے کے غوث بنے۔ اسی سے ان کے لیے دنیا کی چکی گھومی۔ اسی سے

marfa.com
Marfat.com

ان کو بزرگی اور مدد ملی۔ پھر فرماتے ہیں میں شرح مذکور سے ماہ ربیع الاوّل شریف ۱۲۶۸ھ کو، دارالخلافہ میں فارغ ہوا۔ اللہ تعالیٰ اس کو مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی برکت سے، خیانت کرنے والوں کے مکر و فریب اور حاسدین کے شر سے محفوظ و مامون رکھے۔ اور یونہی مسلمانوں کے تمام شہروں کو۔ اور اس شرح کے فوائد میں سے ایک وہ ہے جسے مصنف نے کتاب صلاۃ الوسطیٰ میں منقول شیخ اکبر کے اس قول کو نقل کرنے کے بعد ذکر کیا ہے کہ یہاں تک کہ میں دیکھتی آنکھوں سرکار رسالتِ مآب کی زیارت سے مشرف ہوں۔ محض دلیل و برہان سے نہیں"۔ یعنی فرمایا کہ ذاتِ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی جامعیت و تعارف پر قرآن و حدیث میں جو دلائل و علامات مذکور ہیں ان کی روشنی میں نہیں اور نہ ہی خواب میں آپ کے دیدار سے مشرف ہوتا ہوں کہ یہ مقام تو بہت بھائیوں کو حاصل ہے بلکہ میں سرکار کے دیدار سے بحالتِ بیداری مشرف ہوتا ہوں۔ جیسے سیدی احمد الرفاعی قدس سرہٗ اس دولت سے مالا مال ہوئے اور حضور علیہ السلام نے ان کو جنت میں تخت پر بٹھایا۔ سرکار والا تبار کی خدمت میں بوقتِ دیدار یہ اشعار نذر گزارے۔

سیّد احمد الرفاعی قدس سرّہٗ کو بیداری میں دیدارِ مصطفےٰ

فِیْ حَالَۃِ الْبُعْدِ رُوْحِیْ کُنْتُ اُرْسِلُھَا ۔۔۔ تُقَبِّلُ الْاَرْضَ عَنِّیْ فَھِیَ نَائِبَتِیْ

وَھٰذِہٖ نَوْبَۃُ الْاَشْبَاحِ قَدْ حَضَرَتْ ۔۔۔ فَامْدُدْ یَمِیْنَکَ کَیْ تَحْظٰی بِھَا شَفَتِیْ

جب دور ہوتا تھا تو اپنی رُوح کو خدمتِ اقدس میں بھیج دیتا تھا، جو میری نائب بن کر زمین بوسی کر لیتی تھی، اور اب کی بار تو جسم حاضر ہے، اپنا دایاں ہاتھ بڑھائیں اور میرے ہونٹوں کو دست بوسی کی سعادت

marfa.com
Marfat.com

سے بہرہ ور فرمائیں"۔

چنانچہ مصطفٰے علیہ السلام نے قبر شریف سے اپنا دایاں دستِ مبارک آگے کر دیا جسے سیّد احمد صاحب نے چُوم لیا اور شرف و سیادت حاصل کر لی۔ اللہ اُن سے راضی ہو اور ان کی برکتوں سے ہم کو نفع دے۔ اس حکایت کو نقل کرنے کے بعد شیخ احمد بن سلیمان فرماتے ہیں اس ناچیز سے بھی ایسا ہی واقعہ پیش آیا میں سیر و سیاحت کی غرض سے مدینہ منورہ سے باہر چلا گیا۔

شیخ احمد بن سلیمان اور دیدارِ مصطفٰے

میں نے دُور جنگل میں ایک تن تنہا شخص کو دیکھا۔ میرا دل اس کی طرف کھنچنے لگا، اور میرے عقل و فکر اس کی طرف مائل ہو گئے۔ اور زیادہ نُورانیت اور دہشت کی وجہ سے میں اس کا پورا پورا نقشہ نہیں کھینچ سکتا۔ سو میں نے دل میں یہ پختہ ارادہ کر لیا کہ اب حضور سے سفر و حضر میں کسی صُورت جُدا نہ ہوں گا۔ جب میں قریب پہنچا تو عرض کیا، مجھے اپنی ہمراہی میں لے لیجئے۔ اس پر حضور مُسکرائے اور فرمایا دوست بہتیرے ہیں۔ اب مجھے مُحبت کے سبب بہت غم محسوس ہوا۔ پس میں اس خیال سے کہ اب ہمیشہ سرکار کے ہمراہ رہوں گا پیچھے پیچھے ہو لیا مگر آپ نظروں سے اُوجھل ہو گئے۔ تاہم قلب و نظر پر ابھی تک چھائے ہوئے ہیں۔ اسی لیے بعض حضرات نے فرمایا کہ اگر پل بھر بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہماری نظروں سے پوشیدہ ہو جائیں تو ہم اپنے آپ کو مسلمان نہ جانیں، پس حضور کی ذات میں فنا ہونا فنا فی اللہ کی تمہید ہے۔ یہی وجہ تھی کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ حضور علیہ السلام کی جُدائی پر شکوہ سنج ہو جایا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ ضروریاتِ انسانی کے پیشِ نظر جو عارضی جُدائی ہوتی ان کے لیے وہ قابلِ برداشت نہیں ہوتی تھی۔ یہ سب کچھ شدت مُحبت اور فنا فی الرسُول کی بنا پر تھا۔ یہاں تک کہ اگر محبُوب کی آواز غیبی طور پر بھی مُحب کے کانوں تک پہنچ جائے تو وہ فوراً لبیک کہے گا۔

marfa.com
Marfat.com

اس درود شریف کے مرتب (ابن العربی) قدس سرہٗ بھی ایسے ہی محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں فانی تھے۔ محمدی تھے کیونکہ جو شخص مقام محمدی پر فائز ہوگا وہ ہمیشہ بارگاہ بلند مرتبت کی طرف رواں دواں رہتا ہے سو اس کا سفر ختم نہیں ہوتا (نہ زندگی میں) نہ مرنے کے بعد۔ الخ شارح مذکور کا کلام ختم ہوا۔ اس سلسلہ میں شافی کا تفصیلی کلام عنقریب آرہا ہے۔ دیدار رسول، بیداری اور خواب میں" کے عنوان سے انشاء اللہ تعالیٰ۔

اٹھترواں درود شریف

سیدی محمد بن ابوالحسن البکری کا

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ ۔ امات اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تَوْحِيْدًا ذَاتِيًّا صَمَدَانِيًّا مُهَيْمِنًا عَلَى الْبَوَاطِنِ وَالظَّوَاهِرِ ۔ اَزَلِيًّا اَبَدِيًّا مُسْتَوْلِيًا عَلَى الْاَوَائِلِ وَالْاَوَاخِرِ ۔ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تَوْحِيْدًا وَصْفِيًّا كَشْفِيًّا سَارِيًا بِمَشَارِقِ الْكَمَالِ اَلْبَاهِرِ ۔ غَيْبِيًّا عَيْنِيًّا جَارِيًا بِمَنَافِذِ النُّوْرِ السَّافِرِ ۔ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تَوْحِيْدًا اِسْمِيًّا حَالِيًّا اَدْوَارَ الْاَوْتَارِ وَالْمَآئِرِ جَالِيًا طَوَالِعَ الْاَسْرَارِ فِي الدَّوَائِرِ ۔ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ تَوْحِيْدًا ذَاتِيًّا تَنَزَّلَ بِالْاَوْتَارِ فِي الْاَشْفَاعِ ۔ وَتَنَقَّلَ فِي اَفْرَادِ الْاَعْدَادِ فِي الْفُرْقَانِ وَالْاِجْتِمَاعِ ۔ سُلْطَانُ

marfa.com

Marfat.com

لَاهُوتِيَّتِهِ قَهَّارُ - نَامُوسُ نَاسُوتِيَّتِهِ يَسْلُبُ الْعُقُولَ وَالْاَبْصَارَ - تَنْطَوِي تَحْتَ بَرَازِخِ اَحَدِيَّتِهِ اَسْرَارِ التَّفْصِيلِ وَالْاِجْمَالِ - وَتَنْزَوِي فِي ظِلِّ وَاحِدِيَّتِهِ اَدْوَارُ الْاِنْفِصَالِ وَالْاِتِّصَالِ اِسْتَوَتْ بِهِ عُرُوشُ الصِّفَاتِ عَلَى قَوَائِمِ الْاَسْمَاءِ وَحِيْتَ فَرْشُ الْقَوَابِلِ بِسُوْرِ الظُّهُوْرِ الْاَحْمَى - وَاسْتَدَارَ عَلَى حَقَائِقِ الْمَلَكُوْتِ - وَاسْتَنَارَ بِبَوَاهِرِ اَضْوَاءِ الْجَبَرُوْتِ - مِنْ نُقْطَتِهِ اِسْتَمَدَّ كُلُّ عَالَمٍ - وَمِنْ طَلْعَتِهِ اَزْهَرَتْ كَوَاكِبُ آدَمَ اَمَدَّ بِلَطَائِفِ الْجَمْعِيَّاتِ طَوَائِفَ الْاَكْوَانِ - وَاسْتَضَاءَ فِي اَصْدَافِ الْاَوْصَافِ بِلَوَامِعِ الرَّحْمٰنِ - رَجَعَتْ اِلَيْهِ اَوَامِرُ الرَّغَبُوْتِ - غَيْسًا وَطُهُوْرًا - وَهَمَعَتْ مِنْهُ مَوَاطِرُ الرَّحَمُوْتِ - مَطْوِيًّا وَمَنْشُوْرًا - اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ سُوَرِهِ الْمَتْلُوَّةِ بِلِسَانِ الْبَيَانِ عَنْ حَضْرَةِ الْقِدَمِ - وَسِتْرِهِ الْمَجْلُوَّةِ فِيهَا عَرَائِسُ الْحَقَائِقِ وَالْحِكَمِ - نَزِّلْ صَلَاةَ وُصْلَتِكَ السُّبُّوحِيَّةِ مِنْ عَرْشِ اِسْمِكَ الْاَعْظَمِ - عَلَى وَاحِدِ عَوَالِمِ تَجَلِّيَاتِكَ الْقُدُّوْسِيَّةِ الْاَكْرَمِ نُوْرَانِي الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ - صَمَدَانِيِّ الْوِجْهَةِ بِكَ اِلَيْكَ فِي الْمَآرِبِ وَالْمَطَالِبِ - لَوْحِ نُقُوْشِ سِرِّكَ الْمُحِيْطِ الْجَامِعِ رُوْحِ هَيَاكِلِ اَمْرِكَ اللَّدُنِّي الْوَاسِعِ - لِسَانِ اِحْسَانِكَ فِي الْاَزَلِ الْمُفِيْضِ لِكُلِّ مَا شِئْتَ - خِزَانَةِ رُتْبَةِ الْاَبَدِ الْمُمِدَّةِ لِكُلِّ مَا اَرَدْتَ - الْاَوَّلِ الْقَابِلِ

marfa.com
Marfat.com

لِاَنْوَاعِ تَعَيُّنَاتِكَ الْعَلِيَّةِ عَلٰى اِخْتِلَافِ شُؤُوْنِهَا۔ اَلْاٰخَرِ الْخَاتِمِ عَلٰى كُنُوْزِ اِمْدَادَاتِكَ الزَّكِيَّةِ فِيْ ظُهُوْرِهَا وَبُطُوْنِهَا۔ اَلْعَبْدِ الْقَائِمِ بِسِرِّ الْغَيْبِ وَالْاِحَاطَةِ لِغَايَاتِ الْوَصْلِ۔ النَّاظِرِ بِعَيْنِ الذَّاتِ اِلٰى عَيْنِ الذَّاتِ وَلَا كَيْفَ وَلَا مِثْلَ فَاتِحَةِ كُتُبِ الْهِبَاتِ وَالصِّفَاتِ وَالْاٰيَاتِ الْبَيِّنَاتِ۔ سِرِّ الْبَاقِيَاتِ الصَّالِحَاتِ الدَّائِمَاتِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى هٰذَا الْحَبِيْبِ الْمَحْبُوْبِ۔ اَلَّذِيْ عِنْدَهُ الْمَطْلُوْبُ۔ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ (ویکررها من قوله اللهم صل عشر مرات ثم یقول) وَسَلِّمْ بِاسْمِكَ الْمُمِدِّ الْقَيُّوْمِيْ عَلَيْهِ مِنْكَ مَعَكَ۔ وَاجْعَلْنَا بِهٖ فِيْ حَضْرَةِ الْقُدْسِ الرَّبَّانِيْ مِمَّنْ تَبِعَهُ فَاتَّبَعَكَ۔ اَللّٰهُمَّ كَذٰلِكَ۔ فِيْ كُلِّ ذَالِكَ۔ مَا دَامَ لَكَ كُلُّ مَا كَانَ وَكُلُّ مَا يَكُوْنُ۔ وَبَقِيَ تَعْيِيْنُ اَحَدِيَّتِكَ فِي الظُّهُوْرِ وَالْبُطُوْنِ وَاَشْرَقَ جَمَالُ شُهُوْدِكَ عَلٰى عَوَالِمِ اَمْرِكَ فِي الْحَرَكَةِ وَالسُّكُوْنِ۔ وَاَنْفَقْتَ مِنْ خَزَائِنِ مَوَاهِبِكَ مَا شِئْتَ مِنْ سِرِّكَ الْمَصُوْنِ۔ وَبَطَنَ عَنْ اِدْرَاكِ كُلِّ اَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ مَا كَتَمْتَ مِنْ اَمْرِكَ الْمَكْنُوْنِ۔ آمِيْنَ آمِيْنَ آمِيْنَ آمِيْنَ آمِيْنَ آمِيْنَ آمِيْنَ دَعْوَاهُمْ فِيْهَا سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلَامٌ وَاٰخِرُ دَعْوَاهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

marfa.com
Marfat.com

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں۔ دس مرتبہ۔ میں گواہی دیتا ہوں۔ کہ خدا کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ اس کی ذات یکتا ہے بے نیاز ہے ظاہر و باطن پر نگران ہے۔ ازلی ہے (جس کی ابتدا نہیں) ابدی ہے (جس کی انتہا نہیں) پہلو ئے پچھلوں پر غالب ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں صفات میں یکتا ہے۔ اس کی صفات واضح اور روشن کمال کی تجلی گاہوں میں جاری ہیں اس کی توحید ذاتی و عینی ہے جو چلتی روشنی کے سوراخوں میں ساری ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی مستحق عبادت نہیں، جس کا نام بھی یکتا ہے جو وتر کے نشانات اور دائروں میں شامل ہے۔ دائروں میں رازوں کے چمکنے کے مقامات پر چمکنے والا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں۔ اس کی ذات یکتا ہے اس کی یکتائی آثار و علامات کے ذریعہ جوڑوں میں ظاہر ہوئی اور اجتماعی و انفرادی اعداد و شمار کے افراد میں منتقل ہوئی۔ اس کی ہوئیت کا نظام مضبوط ہے۔ اس کا نظام قدرت فکر و نظر کو حیرت زدہ کر دیتا ہے۔ اجمال و تفصیل کے راز اس کی یکتائی کے پردوں میں لپٹے ہوئے ہیں اور وصل و فضل کے دائرے اس کی وحدانیت کے سائے میں گوشہ نشیں ہیں۔ اس کے اوصاف حمیدہ کے عرش آسمان کے پائے پر قائم ہیں اس کے سامنے کے فرش اس کے ظہور کی مضبوط دیواروں سے گھیرے ہوئے ہیں۔ اور حقائق کائنات کے چاروں طرف پھیلے ہوئے ہیں۔

marfa.com
Marfat.com

اور اس کی صفات قاہرہ کے چمکتے ہوئے انوار سے جگمگا رہے ہیں۔ اُسی کے نقطہ (مرکز) سے تمام جہان پھیلے۔ اُسی کی چمک سے آدم کا ستارہ چمکا۔ اُسی نے خوبصورت ہریالیوں سے دنیا کا کونہ کونہ بھر دیا۔ صفات کی سیپیوں میں رحمٰن کی کرنیں چمکنے لگیں۔ رغبت کے حکم پاکیزہ بارش بن کر اُس کی طرف لوٹتے ہیں۔ جن سے تیز اور چار سو پھیلنے والی بارش برستی ہے۔ الٰہی! بارگاہِ قدیمی سے، بیان کی زبان سے پڑھی جانے والی اس کی سورت کے حق ہونے کا صدقہ، اور اس کے ان پردوں کے طفیل جن میں حقیقتوں اور حکمتوں کی دلہنیں آراستہ ہیں، اپنے وصل کا پاکیزہ درود، اپنے اسمِ اعظم کے عرش سے، اس (محبوب) پر نازل فرما، جو تیری پاکیزہ تجلیات کی ایک معزز دنیا ہے جو مشرقوں اور مغربوں کو روشنی بخشنے والے ہیں۔ جو مطالب و مقاصد میں تیری عطا سے بے نیاز ذات والے ہیں۔ تیرے جامع اور ہر سو پھیلے ہوئے راز کے نقوش کی سختی ہیں۔ تیرے وسیع امر لدنی کی صورتوں کی رُوح ہیں۔ ازل میں تیرے احسان کی زبان، جو تیری مشیت کے مطابق فیضان کرنے والی ہے۔ تو جس کے لیے چاہے۔ دائمی جلیل خزانہ، تیری گوناگوں شانوں والے تعینات عالیہ کی اقسام کا پیمانہ مقابل تیری ظاہری اور باطنی پاکیزہ امدادوں کے خزانوں پر آخری مُہر۔ ایسے بندے ہیں جو غیب کی سیر کرنے اور وصل کی آخری سرحدوں کے احاطہ کرنے والے ہیں۔ جو بغیر مثال و کیفیت کے اپنی ذاتی آنکھ سے ذاتِ باری تعالیٰ کو دیکھنے والے ہیں، ذات و صفات اور واضح دلائل کی کتابوں کا دیباچہ ہیں۔ ہمیشہ رہنے والی

marfa.com
Marfat.com

نیکیوں کا راز ہیں۔ الٰہی اس پیارے محبوب پر درود بھیج جن کے پاس
مطلوب و مقصود ہے۔ جو تیرے بندے، نبی اور رسول ہیں، ہمارے
آقا و مولیٰ محمدؐ اور آپ کی آل اور اصحاب پر، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی ھٰذَا
الْحَبِیْبِ الْمَحْبُوْبِ الَّذِیْ عِنْدَہُ الْمَطْلُوْبُ عَبْدِکَ وَ
نَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ، سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
آلِہٖ وَصَحْبِہٖ"۔ دس مرتبہ پڑھے اور پھر کہے اور حضور پر سلام نازل
فرما! اپنے مدد کرنے والے، قوت والے نام سے، تیری طرف سے،
تیرے ساتھ اور اس کے صدقہ سے ہمیں بھی اپنی پاک ربانی بارگاہ
میں ان لوگوں کے ساتھ شامل فرمائے، جو حضور کے پیروکار ہو کر
تیرے اطاعت شعار ہوئے۔ الٰہی! ایسا ہی ہو، ہر ایسے کام میں۔
جب تک تیرا رہے جو ہو چکا اور جو ہوگا۔ آخر تک تیری یکتائی کا تعین
ظاہر و باطن میں باقی ہے اور جب تک تیرے ظہور کا جمال حرکت و
سکون میں، تیری کائناتِ امر پر چمکتا رہے، اور جب تک تُو اپنے
محفوظ رازوں کی بخشش کے خزانوں سے اپنی مرضی سے خرچ
فرماتا رہے، اور جب تک تیری ہر مخلوق سے پوشیدہ رہیں وُہ
بھید جو تُو پوشیدہ رکھنا چاہتا ہے"۔ آمین، آمین، آمین، آمین، آمین
آمین، آمین۔ (الٰہی یہ دُعا قبول فرما) دَعْوٰاھُمْ فِیْھَا سُبْحَانَکَ
اَللّٰھُمَّ وَتَحِیَّتُھُمْ فِیْھَا سَلَامٌ وَّاٰخِرُ دَعْوٰاھُمْ
اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ اہل جنت کی
جنت میں پکار ہوگی "یا اللہ تُو پاک ہے" اور مُجرا ہوگا "سلام" اور ان
کی آخری پکار ہوگی کہ سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جو سب

marfa.com
Marfat.com

جہانوں کا پالنے والا ہے"۔

ستّر واں درُود شریف

یہ بھی انہی کا ہے

یَا اَللّٰہُ یَا اَرْحَمَ الرَّحِمِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا اللّٰہُ
یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ
وَالْاِکْرَامِ مُدَّ نَا بِمَدَدِ مُحَمَّدٍ اَشْرَفِ اَنْبِیَائِکَ۔
وَتَاجِ اَوْلِیَائِکَ۔ وَسَیِّدِ اَھْلِ وَفَائِکَ الْبَشِیْرِ النَّذِیْرِ
السِّرَاجِ الْمُنِیْرِ۔ الرَّسُوْلِ الْکَرِیْمِ۔ الرَّءُوْفِ
الرَّحِیْمِ۔ دَعْوَۃِ اَبِیْہِ اِبْرَاھِیْمَ وَبُشْرٰی اَخِیْہِ
عِیْسٰی۔ وَالْمُتَوَّجِ بِاسْمِہٖ فِی التَّوْرَاۃِ مُوْسٰی۔ الصَّادِقِ
الْاَمِیْنِ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ۔ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ۔ ذِی الْعُرْوَۃِ
الْوُثْقٰی وَالْعِصْمَۃِ۔ اِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ۔ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ
نُوْرِکَ السَّاطِعِ۔ سَیْفِ حُجَّتِکَ الْلَامِعِ الْقَاطِعِ۔
صَاحِبِ الشَّفَاعَۃِ الْمُرْتَضٰی۔ وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ۔ وَالْوَ
سِیْلَۃِ فِی الْمَحَلِّ الْاَسْمٰی۔ وَالْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ۔
الشَّاھِدِ الشَّھِیْدِ۔ لِلْاَنْبِیَاءِ وَعَلَمِ الْاُمَمِ
خَیْرِ دَلِیْلٍ۔ الْھَادِیْ نُوْرِکَ الْمَجِیْدِ۔ اِلٰی اَشْرَفِ
سَبِیْلٍ۔ مَنِ اسْتُسْقِیَ الْغَمَامُ بِوَجْھِہٖ فَھَمَعَ
وَانْشَقَّ لِھَیْبَتِہٖ قَمَرُ التَّمَامِ ثُمَّ اجْتَمَعَ۔ وَعَادَلَہٗ

marfa.com
Marfat.com

نُورِ الشَّمْسِ الشُّرُوقَةِ بَعْدَ الْأُفُولِ وَرَجَعَ. وَانْفَجَرَ الْمَاءُ الْمُنْهَمِرُ مِنْ أَصَابِعِهِ وَهَمَعَ. وَسَجَدَ الْبَعِيرُ لِهَيْبَتِهِ. وَسَكَنَ نَبِيرُ لِرَكْضَتِهِ. وَحَنَّ الْجِذْعُ حَنِينَ الْعِشَارِ لِفُرْقَتِهِ. وَأَيَّدْتَهُ بِرُوحِ قُدْسِكَ. وَحَقَّقْتَهُ بِحَقَائِقِ مَعْرِفَتِكَ وَأُنْسِكَ. الصَّادِعِ بِالْحَقِّ. النَّاطِقِ بِالصِّدْقِ. الْمَنْصُورِ بِالرُّعْبِ. الْمَمْلُوءِ قَبْلَهُ مِنَ الْحِكْمَةِ وَالْإِيمَانِ وَالْعِرْفَانِ وَالْحُبِّ. مَنْ رَفَعْتَ ذِكْرَهُ مَعَ ذِكْرِكَ. وَأَقَمْتَهُ فِي مِحْرَابِ الْعُبُودِيَّةِ وَالرِّسَالَةِ مُطِيعًا لِأَمْرِكَ. مُعْتَرِفًا لَكَ بِعَظِيمِ قُدْرِكَ. وَأَقَمْتَ بِهِ فِي كِتَابِكَ وَفَضَّلْتَهُ بِمَا فَصَّلْتَهُ عَلَيْهِ مِنْ أَنْوَاعِ خِطَابِكَ وَخَلَقْتَ نُورَ ذَاتِهِ مِنْ نُورِ ذَاتِكَ الْعُظْمَى وَسَجَحْتَ بِهِ فِي غَيْهَبِ لَاهُوتِ سِرِّكَ الْأَسْمَى. وَثَبَّتَ لَهُ فِي الْخِلَافَةِ عَنْكَ حَيْثُ أَنْتَ قَدَمًا. وَنَشَرْتَ لَهُ بِرَاثَةِ اسْمِكَ الْبَاطِنِ وَالظَّاهِرِ فِي الْكَوْنَيْنِ عَلَمًا. وَحَقَّقْتَهُ بِكَ فِي مَظَاهِرِ (وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَكِنَّ اللَّهَ رَمَى). وَجَعَلْتَ بَيْعَتَهُ عَيْنَ بَيْعَتِكَ. وَأَنْطَقْتَ

marfa.com
Marfat.com

لِسَانَهُ بِحُجَّتِكَ - أُفُقِ آنْوَارِكَ - وَبَحْرِ اَسْرَارِكَ
قَائِدِ جُيُوشِ الْهِدَايَةِ إِلَيْكَ - سَيِّدِنَا
وَسَيِّدِ كُلِّ مَنْ اَرْشَدَ بِكَ عَلَيْكَ جَبِيبِكَ
الْاَكْرَمِ - وَرَسُولِكَ الْاَعْظَمِ - مُحَمَّدِكَ
الْمَحْمُودِ فِي ذَاتِهِ وَصِفَاتِهِ - مَنْ
خَلَقْتَ الْوُجُودَ لِاَجْلِ ذَاتِهِ - وَعَمَّرْتَ
الْاَكْوَانَ بِبَرَكَاتِهِ - صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَيْهِ كَمَا يَلِيقُ بِجَلَالِ الْوَهِيَّتِكَ -
وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا يُنَاسِبُ
عَظَمَةَ سُلْطَانِكَ وَرُبُوبِيَّتِكَ - صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ مِنْ
حَيْثُ ذَاتُكَ وَصَلِّ وَسَلِّمْ مِنْ حَيْثُ اَسْمَاؤُكَ
وَصِفَاتُكَ - وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ عَدَدَ مَا اَحَاطَ
بِهِ عِلْمُكَ - وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ قَدْرَ مَا جَرَى بِهِ قَلَمُكَ
وَحُكْمُكَ - وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ بَاطِنًا وَظَاهِرًا - وَصَلِّ
وَسَلِّمْ عَلَيْهِ اَوَّلًا وَآخِرًا - وَعَلَى اِخْوَانِهِ مِنْ سَائِرِ الْاَنْبِيَاءِ
وَالْمُرْسَلِينَ وَالْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِينَ - وَعِبَادِكَ الصَّالِحِينَ - وَ
كُلِّ الصَّحَابَةِ وَالْقَرَابَةِ اَجْمَعِينَ - وَالْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ - اَبِي
بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِيٍّ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلَى التَّابِعِينَ -
وَتَابِعِيهِمْ بِاِحْسَانٍ اِلَى يَوْمِ الدِّينِ - وَصَلِّ عَلَيْنَا مَعَهُمْ
وَعَلَى وَالِدِينَا وَالْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ - وَالْمُؤْمِنِينَ وَ
الْمُؤْمِنَاتِ - اِنَّكَ قَرِيبٌ مُجِيبُ الدَّعَوَاتِ - آمِينَ -

marfa.com
Marfat.com

ترجمہ: اے اللہ! اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے! اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے! اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے! اے اللہ! اے رحمٰن! اے رحیم! اے ہمیشہ زندہ رہنے والے! اے ہمیشہ قائم رہنے والے! اے بلند تر! اے برتر! اے دبدبہ و عزت والے!، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد سے ہماری مدد فرما! جو تیرے نبیوں میں بزرگ تر اور تیرے اولیا کے تاج اور تیرے وفاداروں کی روح ہیں۔ بشارت دینے والے اور ڈر سنانے والے ہیں۔ روشن چراغ اور معزز رسول ہیں نہایت شفیق و مہربان۔ اپنے باپ ابراہیم کی دعا اور اپنے بھائی عیسےٰ کی بشارت ہیں جو اپنے نام سے موسیٰ کی تورات میں مذکور ہیں۔ جو انتہائی سچے اور امانت دار ہیں۔ کھلا ہوا حق ہیں۔ نبی رحمت مضبوط رستے اور عصمت والے ہیں۔ پرہیزگاروں کے امام اور گنہگاروں کی شفاعت فرمانے والے۔ تیرا چمکتا نور، تیری چمکتی محبت کی شمشیر برآں شفاعتِ عظمیٰ اور سیراب کرنے والے حوض کے مالک ہیں، مقام بلند اور مقام محمود کے وسیلہ ہیں۔ شاہد و شہید (خالق و خلق کی گواہی دینے والے) ہیں۔ انبیائے کرام کے حق میں اور منکر قوموں کے خلاف (حق کی) بہترین دلیل۔ جو تیرے بزرگ نور کے ذریعے رہنمائی فرمانے والے ہیں بزرگ تر راستہ کی طرف۔ جن کے رخِ انور کا واسطہ دے کر بارش کی دعا مانگی جائے تو سیرابی ہو جن کی ہیبت سے آسمان کا چاند ٹکڑے ہوا۔ اور پھر مل گیا۔ جن کی خاطر چمکتے سورج کی روشنی مدہم ہونے کے بعد لوٹ آئی جن کی انگلیوں سے پانی

marfa.com
Marfat.com

کے چشمے پھوٹ نکلے۔ جن کی ہیبت کو اونٹ نے سجدہ کیا۔
کوہِ ثبیر جن کی ٹھوکر سے ٹھہر گیا (جن کے عشق میں) سوکھی لکڑی اس
طرح رونے لگی جیسے اونٹنی اپنے بچے کو گم کر کے روئے۔ اپنی
پاکیزہ رُوح سے تُو نے جن کی مدد فرمائی۔ جن کو تُو نے اپنی معرفت
(پہچان) اور مُحبّت کے حقائق سے رُوشناس فرمایا۔ حق کی آواز
بلند کرنے والے۔ سچی بات کہنے والے۔ رُعب سے جن کی مدد
کی گئی جن کے دل کو حکمت ایمان عرفان اور مُحبّت سے بھر دیا گیا جن
کا ذکر تُو نے اپنے ذکر کے ساتھ بلند فرمایا جن کو تُو نے اپنی بندگی اور
رسالت کے محراب میں۔ اپنے حکم کا تابع بنا کر کھڑا کیا۔ جو تیرے عظمتِ
مقام کا اعتراف کرنے والے ہیں جن کی قسمیں تُو نے اپنی کتاب میں
کھائیں۔ اور جن کو تُو نے قسم قسم کے خطابات سے نوازا۔ جن کا ذاتی نُور
تُو نے اپنے ذاتی نُور سے پیدا فرمایا اپنے برتر اسرارِ خُداوندی کے
اندھیروں میں جن کے آئینہ حُسن سے ریزہ کاری کی۔ اپنی تمام مخلوق میں،
اپنی خلافت کے مقام پر ان کے قدم جما دیئے اور اپنے اسمِ پاک
الظاھر، الباطن کا وارث بنا کر، دونوں جہانوں میں اُن کا جھنڈا لہرا
دیا۔ اپنی مدد سے دشمن سے مقابلے کے وقت ان کی حقانیت کو اس
طرح واضح فرمایا وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى جب
محبُوب تُو نے کنکر پھینکے، وہ تم نے نہیں پھینکے بلکہ اللہ نے پھینکے" تو
نے جن کی بیعت کو عین اپنی بیعت قرار دیا۔ ان کی زبان مُبارک سے
اپنی دلیل بیان فرمائی۔ تیرے انوار کا اُفق، تیرے رازوں کا سمندر، تیری
طرف رہنمائی کرنے والے لشکروں کے قائد۔ ہمارے آقا اور تیری

marfa.com
Marfat.com

مدد سے تیری طرف رہنمائی کرنے والے ہر رہنما کے آقا تیرے معزز محبوب اور رسولِ اعظم، تیرے محمدؐ، جو ذات وصفات کے لحاظ سے مستحق تعریف ہیں جن کی خاطر تُو نے کائنات پیدا کی جن کی برکتوں سے تُو نے دُنیا بسائی۔ ان پر وُہ درود وسلام نازل فرما جو تیری الوہیت کے جلال کے شایانِ شان ہو، اور اپنی عظیم سلطنت و ربُوبیت کے مناسب ان پر درُود وسلام بھیج۔ اور ان پر اپنی ذات کی حیثیت کے مطابق درود و سلام نازل فرما۔ اور اُن پر اپنے اسماء وصفات کے مطابق درُود وسلام نازل فرما۔ اور ان پر اپنی معلومات کی تعداد کے برابر درُود وسلام بھیج۔ اور ان پر اپنے قلم اور حکم کے چلنے کے برابر درُود وسلام بھیج۔ ان پر باطنی وظاہری طور پر درُود وسلام بھیج۔ اور ان پر اوّل وآخر درُود و سلام بھیج۔ اور حضور کے باقی برادران گرامی قدر حضرات انبیائے کرام رُسولان ذی احتشام پر درُود وسلام بھیج اور مُقرّب فرشتوں پر نیکوکار بندوں پر، تمام صحابہ کرام پر اور اہلِ قرابت پر، اور خلفائے راشدین پر، یعنی ابوبکر صدیق۔ عُمر فاروقِ اعظم۔ عثمان غنی۔ علی المرتضیٰ حسن وحسین اور تابعین اور جنہوں نے نیکی وخلوص کے ساتھ ان (تابعین) کی پیروی کی۔ اور ان کے ساتھ ساتھ ہم پر ہمارے ماں باپ پر، تمام مسلمان مردوں اور عورتوں پر، اہل ایمان مردوں اور عورتوں پر، درود وسلام نازل فرما بے شک تو قریب ہے دعائیں سُننے اور قبول کرنے والا ہے۔ آمین (ایسا ہی ہو)"۔

یہ دونوں درُود شریف سیدی محمدؐ بن ابوالحسن البکری کے ہیں پہلے کا ذکر صاحب "کنوز الاسرار" نے کیا ہے۔ اور اس کی فضیلت کی تشریح کرتے ہوئے کہا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

سیدی شیخ عبدالرحمٰن بن حمیدہ نے کتاب "الحدائق" میں کہا ہے اس درود شریف کا حسن و جمال جو ہمارے سامنے آیا ہے اس کی ایک جھلک یہ ہے۔

کہ میری جلیل القدر وظائف میں سے ہے جنہیں حق سبحانہٗ تعالیٰ نے اپنے ولی اور عارف ابو عبداللہ محمد بن ابوالحسن البکری مصری رحمۃ اللہ کی زبان پر جاری فرمایا۔ اللہ ان سے (اپنے بندوں کو) نفع عطا فرمائے کیونکہ یہ درود شریف بہترین اذکار میں سے ہے الخ۔ اور کتاب کنوز الاسرار کے پہلے باب میں فرمایا "اللہ شیخ البکری کا بھلا کرے کہ وہ اپنے جلیل القدر، خوبصورت، مانع اور بکھری ہوئی خوبیوں اور معارف کے جامع درود شریف میں فرماتے ہیں جنہیں ہم نے اپنی کتاب کنوز الاسرار میں بھی لکھ دیا ہے۔

رہا دوسرا درود شریف تو یہ ان کے مجموعہ اوراد سے لیا گیا ہے جس کا نام ہے "حزب الانوار" میں نے وہیں سے نقل کیا ہے اور کتاب افضل الصلوٰت میں اسے چوتھے نمبر پر نقل کیا ہے۔

اکہترواں درود شریف

سیدی احمد الصباغ الاسکندری

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ مِنْ خَلْقِکَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ مِنْ خَلْقِکَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً زَاکِیَۃً تُبَلِّغُہُ الدَّرَجَۃَ وَالْوَسِیْلَۃَ وَصَلِّ

marfa.com
Marfat.com

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہٗ اَحَدٌ مِنْ خَلْقِکَ وَحَیْثُمَا
ذِکْرُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَلَامَکَ الَّذِیْ
سَلَّمْتَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَلَائِکَتِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ وَعَلٰی
اَنْبِیَائِکَ الْمُطَھَّرِیْنَ وَعَلٰی عِبَادِکَ الصَّالِحِیْنَ مِنْ اَھْلِ
السَّمٰوٰتِ وَاَھْلِ الْاَرْضِیْنَ وَخُصَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِاَفْضَلِ الصَّلٰوۃِ وَاَشْرَفِ التَّسْلِیْمِ۔

ترجمہ: "اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر بمقدار اپنی اس مخلوق کے جس نے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیجا۔ اور درود بھیج ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر بمقدار اپنی اس مخلوق کے جس نے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود نہیں بھیجا۔ اور ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جیسا کہ تو نے ہمیں اُن (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے۔ اور ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایسا پاکیزہ، ستھرا درود بھیج جو انہیں (صلی اللہ علیہ وسلم) وہاں (مقام) محمود اور (مقام) وسیلہ تک پہنچا دے۔ اور درود بھیج ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر جہاں تیری مخلوق میں سے کسی ایک نے بھی نے ان (صلی اللہ علیہ وسلم) کو یاد کیا یا جہاں (اسے) اللہ (تو) ذکر کیا گیا۔ اے اللہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر وہ سلام بھیج جو تو نے ان (صلی اللہ علیہ وسلم) پر بھیجا۔ اے اللہ درود بھیج اپنے مقرب فرشتوں پر اور اپنے پاکیزہ نبیوں پر اور زمین و آسمان کے اپنے نیکوکار بندوں پر۔ اور اے اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو برتر و بالا صلوٰۃ و سلام سے مخصوص فرما۔"

یہ درود شریف سیدی شیخ احمد صباغ سکندری رضی اللہ عنہ کا وہ ہے جسے میں نے ان کے اوزاد سے نقل کیا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

بہتّر واں درُود شریف

سیّدی مُحمّد زین العابدین بن مُحمّد البکری کا

جسے انھوں نے اپنے اوراد میں لکھا ہے

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوَاتِ
وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
نَبِيِّكَ الْاَكْرَمِ - وَرَسُوْلِكَ الْاَعْظَمِ - نُوْرِكَ الْبَدِيْعِ
وَسِرِّكَ الرَّفِيْعِ - وَحَبِيْبِكَ الشَّفِيْعِ - وَاسِطَةِ عِقْدِ النَّبِيِّيْنَ
وَقِبْلَةِ اَوْلِيَائِكَ وَاَصْفِيَائِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ - رُوْحِ اَرْوَاحِ
الْمَوْجُوْدَاتِ - وَلَوْحِ الْاَسْرَارِ الْمَنْقُوْشِ بِاَنْوَارِ التَّجَلِّيَاتِ
النَّاطِقِ بِكَ عَنْكَ اَزَلًا وَاَبَدًا - لِسَانِ حُجَّتِكَ الَّذِيْ
اَبْدَى مِنَ الْحَقِّ طَرَائِقَ قِدَادًا مَظْهَرِ جَمَالِكَ الْمُطْلَقِ -
وَبَرْقِ اُفُقِ اَسْرَارِكَ الَّذِيْ لَاحَ وَاَشْرَقَ - اَحْمَدِ
مَنْ حَمِدَكَ وَحَمِدْتَهُ مُحَمَّدَكَ الَّذِيْ لِحَمْدِهٖ لَكَ
وَحَمْدِكَ لَهُ اِصْطَفَيْتَهُ وَاَخْتَرْتَهُ مِنْ يَدِ آيَاتِهٖ مَرْمٰى
اَنْصَارِ السُّبَّاقِ - وَغَايَتُهُ لَا يُدْرَكُ لَهَا حَدٌّ وَلَا
يُرَامُ لَهَا لَحَاقٌ خَلِيْفَتِكَ مِنْ حَيْثُ اَنْتَ عَلٰى كَافَّةِ
تَخْلُوْقَاتِكَ - وَمُخْتَارِكَ اَنْتَ لِحِفْظِ اَمَانَتِكَ عَلٰى جُمْلَةِ
بَرِيَّاتِكَ - اَلْهَادِيْ بِكَ اِلَيْكَ - وَالْمُرْشِدِ بِفَضْلِكَ عَلَيْكَ -
بَدْرِ هَالَةِ النُّبُوَّةِ وَالرِّسَالَةِ - وَشَمْسِ بُرُوْجِ الْعِزَّةِ بِكَ
وَالْجَلَالَةِ - مَنْ اَخَذْتَ الْمِيْثَاقَ مِنْ اَنْبِيَائِكَ عَلٰى تَصْدِيْقِهٖ

marfa.com
Marfat.com

وَنُصْرَتِهٖ۔ وَاَتَرَكُلُّ مِنْهُمْ بِذَايِكَ وَقَرَّرَهٗ وَبَيَّنَهٗ لِاُمَّتِهٖ۔
مَنْ شَرَحْتَ صَدْرَهٗ۔ وَمَلَاْتَهٗ حِكْمَةً وَّاِيْمَانًا وَوَضَعْتَ
وِزْرَهٗ۔ اَلَّذِیْ اَنْقَضَ ظَهْرَهٗ۔ وَاَبْدَلْتَهٗ رَحْمَةً وَّغُفْرَانًا۔
وَرَفَعْتَ ذِكْرَهٗ مَعَ ذِكْرِكَ۔ وَاَتَمَّتَهٗ فِیْ مِحْرَابِ الْعُبُوْدِيَّةِ
لَكَ مُطِيْعًا لِاَمْرِكَ۔ نَاطِقًا بِحَمْدِكَ وَمَدْحِكَ وَشُكْرِكَ
حَبِيْبِكَ الْمُخْتَصِّ مَنْ مَتَّعْتَ بِمَعْرِفَتِكَ وَخِطَابِكَ وَجَمَالِكَ
اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ مَنْ مَّتَّعْتَ بِمَعْرِفَتِكَ
وَخِطَابِكَ وَجَمَالِكَ مِنْهُ الْقَلْبَ وَالسَّمْعَ وَالْبَصَرَ سَيِّدِنَا
وَسَيِّدِ الْعَالَمِيْنَ۔ وَعَلٰى اٰلِهِ الْاَكْرَمِيْنَ۔ وَصَحْبِهٖ
وَالتَّابِعِيْنَ۔ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَ
سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

ترجمہ اے اللہ! اے رحم فرمانے والے، مہربان! اے ہمیشہ زندہ رہنے والے، قائم رہنے والے! اے زمین وآسمان کو بغیر کسی مثال سابق کے پیدا فرمانے والے! اے بزرگی وعزت کے مالک! اپنے معزز نبی پر درود وسلام نازل فرما۔ جو تیرے عظمت والے رسول ہیں۔ تیرے اولین نور اور بلند مرتبہ راز ہیں شفاعت فرمانے والے حبیب ہیں۔ سلسلۂ انبیاء کی نرلی اور تیرے مقرب اولیاء واصفیاء کا قبلہ ہیں۔ موجودات کی روحوں کی روح اور ان رازوں کی تختی ہیں جو تجلیات کے انوار سے لکھے گئے ہیں۔ تیری عنایت سے ابتدائے آفرینش سے آخر تک تیری بات کرنے والے ہیں۔ تیری اس محبت کی زبان ہیں، جس نے حق کے دشوار و پوشیدہ راستے کھول دیئے۔

marfa.com
Marfat.com

تیرے جلال مطلق کے مظہر اور تیرے اسرار کے اُفق کی چمکتی دمکتی بجلی جنہوں
نے تیری تعریف فرمائی اور جن کی تو نے تعریف فرمائی۔ ان سب سے
بڑھ کر تیری حمد و ثنا کرنے والے جو تیرے تعریف کئے ہوئے (محمد)
ہیں کہ انہوں نے جو تیری تعریف کی اور تُو نے جو ان کی تعریف فرمائی
اسی کی وجہ سے تُو نے ان کو چُنا اور پسند فرمایا۔ جن کی ابتدا آگے
بڑھنے والوں کی آنکھوں کا نشانہ ہے، اور جن کی انتہا کی حد کسی کو
معلوم نہیں اور جس سے ملنے کا ارادہ ہی نہیں کیا جا سکتا۔ تیری تمام
مخلوق پر تیرے نائب۔ جن کو تُو نے اپنی تمام مخلوق پر اپنی امانت
کی حفاظت کے لیے چُن لیا۔ تیرے کرم سے تیری طرف رہنمائی
فرمانے والے۔ تیرے فضل سے تیری ذات کی راہ دکھانے والے
ہالۂ نبوت و رسالت کے چودھویں کے چاند۔ تیری عزت و جلالت
کے بُرجوں کے سُورج۔ جن کی تصدیق اور مدد کرنے کا تُو نے
اپنے نبیوں سے پختہ وعدہ لیا۔ سب نے اس کا اقرار کیا۔ اور اللہ
نے اس تمام واقعہ کو حضور کی اُمّت پر واضح طور پر بیان فرما دیا۔ جن
کا سینہ تُو نے کھول دیا۔ اور اسے ایمان و حکمت سے پُر کر دیا۔
اور تُو نے اُن سے وُہ بوجھ اتار دیا جس نے حضور کی کمر توڑ رکھی تھی۔
اور بدلے میں رحمت و مغفرت عطا فرما دی اور جن کا ذکر تُو نے
اپنے ذکر کے ساتھ بلند فرمایا۔ جن کو تُو نے اپنے محراب عبودیت
میں قائم فرمایا۔ تیرے حکم کے بندے۔ تیری حمد، مدح اور شکر
کی بات کرنے والے۔ تیرے حبیب کو تیری عطا اور ان نعمتوں سے
مخصوص کیا گیا جو نہ کسی آنکھ نے دیکھیں، نہ کسی کان نے سُنیں نہ کسی

marfa.com
Marfat.com

انسان کے دل میں کھٹکیں جن کے دل کو تُو نے اپنی معرفت جن کے کانوں کو اپنی بات اور آنکھ کو اپنے حُسن وجمال سے نوازا۔ ہمارے اور تمام جہانوں کے آقا پر اور حضور کی قابلِ صد عزت وتکریم آل پاک پر اور تمام صحابہ کرام پر اور تابعین پر، اپنے پالنے والے عزت والے پروردگار کی پاکی بولو! ان تمام خرافات سے جو منکرین بیان کرتے ہیں۔ تمام رسُولوں پر سلام ہو، اور تمام حمد وثنا اللہ تعالیٰ پروردگارِ عالم کے لیے۔"

تہتّر واں درُود شریف

بھی انہی کا ہے

أَشْهَدُكَ وَكَفٰى بِكَ شَهِيْدًا يَا إِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ۔ وَأَشْهَدُ مَلَائِكَتَكَ وَرُسُلَكَ وَحَمَلَةَ عَرْشِكَ وَسُكَّانَ سَمٰوٰتِكَ وَأَرَضِيْنَ۔ مِنْ كُلِّ مَا ذَرَأْتَ مِنَ الْخَلَائِقِ أَجْمَعِيْنَ۔ أَنِّيْ أَشْهَدُ أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ تَجْبُرُ الْكَسِيْرَ۔ وَتُغْنِي الْفَقِيْرَ۔ وَتَرْحَمُ الضَّعِيْفَ۔ وَتُغِيْثُ اللَّهِيْفَ۔ وَتَضَعُ وَتَرْفَعُ۔ وَتُمِيْلُ وَتُقْطِعُ۔ وَتُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْكَ۔ وَتُعِزُّ مَنْ تَذَلَّلَ بَيْنَ يَدَيْكَ۔ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَحَبِيْبُكَ وَخَلِيْلُكَ۔ عَرْشُ أَحَدِيَّتِكَ الْأَوْسَعُ۔ اَلْقَائِمُ بِسِرِّ الْخَلَائِقِ عِنْدَكَ فِي الْمَقَامِ الْأَبْدَعِ الْأَرْفَعِ۔ مَنِ اسْتَنَارَ بِأَنْوَارِ التَّجَلِّيَاتِ الصَّمَدَانِيَّةِ وَجُوْدُهُ۔ وَاسْتَدَارَ عَلٰى دَائِرِ

marfa.com
Marfat.com

اَلتَّعْيُنَاتِ الرَّبَّانِيَّةِ عُهُوْدُهٗ۔ اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ مِنْ حَيْثُ اَنْتَ وَمِنْ حَيْثُ اَسْمَاؤُكَ وَصِفَاتُكَ۔ صَلٰوةً وَّسَلَامًا نَوَاحِيْهِمَا هِبَاتِكَ وَبَرَكَاتُكَ۔ وَعَلٰى آلِهِ الْكِرَامِ۔ وَصَحْبِهِ الْعِظَامِ۔ وَوُرَّاثِهِ الْفِخَامِ۔

ترجمہ: میں تجھے گواہ بناتا ہوں۔ اور تیری گواہی کافی ہے۔ اے معبود کائنات! اور میں تیرے فرشتوں کو گواہ بناتا ہوں، اور تیرے رسولوں کو، اور تیرا عرش اٹھانے والوں کو، اور تیرے آسمانوں اور تیری زمینوں میں بسنے والوں کو اور جتنی مخلوق تو نے پیدا فرمائی، سب کو، کہ میں گواہی دیتا ہوں۔ کہ تو ہی اللہ ہے، اکیلا، تیرا شریک کوئی نہیں۔ ٹوٹے ہوؤں کو جوڑتا ہے۔ فقیروں کو غنی کرتا ہے۔ کمزوروں پر رحم فرماتا اور مصیبت زدوں کی فریاد رسی فرماتا ہے۔ تو ہی پست کرتا ہے، تو ہی بلند فرماتا ہے جوڑتا اور جدا کرتا ہے۔ تو پناہ دیتا ہے، تیرے خلاف کسی کو کوئی پناہ نہیں دے سکتا۔ جو تیرے آگے ذلیل ہو جائے تو اسے عزت بخشتا ہے، اور بے شک محمد تیرے بندے اور رسول ہیں، تیرے حبیب اور خلیل ہیں۔ تیری یکتائی کا عرش وسیع تر، تیری خلافت کا راز لیے بلند تر مقام پر فائز جن کا وجود صمدانی انوار کی تجلیات سے روشن ہوا اور تعینات ربانیہ کے دائروں پر جس کے نشانے پھرتے رہے۔ الٰہی تو جہاں بھی ہے، اور تیرے اسما جہاں بھی ہیں۔ تیری صفات جہاں بھی ہیں اُن پر درود و سلام بھیج، اتنا درود و سلام جو تیری بخششوں اور برکتوں کے برابر ہو، اور اُن کی آل کرام اور صحابہ عظام پر۔

یہ دونوں درود شریف سیدی زین العابدین بن محمد البکری بزرگوار کے ہیں جن کا

marfa.com
Marfat.com

ذکر پہلے ہو چکا ہے جنہیں انھوں نے اپنے اوراد میں ذکر فرمایا ہے میں نے وہیں سے نقل کئے ہیں۔ یہ بہت بڑے اولیاءُ اللہ میں سے ہیں۔ اللہ ان سے راضی ہو۔ اور ان کے پہلے بزرگوں سے اور ان کے پیروکاروں سے، اور اُن سے ہم کو نفع دے۔

چوہتّر واں دُرُود شریف

سیدی علی بن احمد انصاری کا

يَا مَوْلَايَ يَا قَرِيْبُ يَا مُجِيْبُ أَسْأَلُكَ اَنْ تُرْسِلَ بِعُوْثَ غُيُوْثِ سَلَامِكَ وَصَلَاتِكَ وَ نُعُوْتَ هُبُوْبِ نَسَمَاتِ نَفَحَاتِكَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ۔ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ۔ وَزِنَةَ مَخْلُوْقَاتِكَ وَمِلْءَ اَرْضِكَ وَسَمٰوَاتِكَ۔ عَلٰى اَفْضَلِ مَصْنُوْعَاتِكَ۔ وَاَجَلِّ مَظَاهِرِ تَجَلِّيَاتِكَ۔ وَاَكْمَلِ مُتَخَلِّقٍ بِحَقَائِقِ اَسْمَائِكَ وَ وَصِفَاتِكَ۔ وَاَعْظَمِ مُتَحَقِّقٍ بِدَقَائِقِ مُشَاهَدَاتِ ذَاتِكَ۔ اَشْرَفِ نَوْعِ الْاِنْسَانِ۔ وَاِنْسَانِ عُيُوْنِ الْاَعْيَانِ۔ وَالْمُسْتَخْلَصِ مِنْ خَالِصَةِ خُلَاصَةِ وَلَدِ عَدْنَانَ۔ الْمَمْنُوْحِ بِبَدِيْعِ الْاٰيَاتِ۔ وَالْمَخْصُوْصِ بِعُمُوْمِ الرِّسَالَةِ وَغَرَائِبِ الْمُعْجِزَاتِ۔ الْبَدْرِ الْجَامِعِ الْفُرْقَانِيِّ۔ وَالْمَخْصُوْصِ بِمَوَاهِبِ الْقُرْبِ مِنَ النَّوْعِ الْاِنْسَانِيِّ۔ مَوْرِدِ الْحَقَائِقِ الْاَزَلِيَّةِ وَمَصْدَرِهَا۔ وَجَامِعِ جَوَامِعِ مُفْرَدَاتِهَا وَمُبَرِّزِهَا۔ وَخَطِيْبِهَا وَمُرْشِدِهَا اِذَا حَضَرَ فِيْ حَظَائِرِهَا۔ بَيْتِ اللّٰهِ الْمَعْمُوْرِ الَّذِيْ

marfa.com
Marfat.com

اتَّخَذَهُ اللّٰهُ لِنَفْسِهٖ۔ وَجَعَلَهُ نَاظِمًا لِحَقَائِقِ قُدْسِهٖ۔
مَدَدَ مِدَادِ نُقْطَةِ الْاَكْوَانِ۔ وَمَنْبَعِ يَنَابِيْعِ
الْحِكَمِ وَالْعِرْفَانِ۔ مَنْ خَتَمَتْ بِهِ الْاَنْبِيَاءَ۔
وَوَرِثَتْ عُلُوْمَهُ لِلْاَصْفِيَاءِ مُحَمَّدِ الَّذِیْ جَاهَدَ فِيْكَ
حَقَّ الْجِهَادِ حَتّٰى اَتَاهُ الْيَقِيْنُ۔ صَلَوَاتٌ وَتَسْلِيْمَاتٌ
تَتَجَدَّدُ مَعَ الْاَنْفَاسِ اَبَدًا فِیْ كُلِّ وَقْتٍ وَحِيْنٍ
مَعَ ذِكْرِ الذَّاكِرِيْنَ وَسَهْوِ الْغَافِلِيْنَ وَلَمْحِ
النَّاظِرِيْنَ۔ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَالتَّابِعِيْنَ وَالْعُلَمَاءِ
الْعَامِلِيْنَ وَالْاَوْلِيَاءِ الصَّالِحِيْنَ وَاُمَّةِ مُحَمَّدِ الْمُرْشِدِيْنَ
وَمَنْ قَامَ بِصِفَةِ الْاِسْلَامِ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَسَلَامٌ
عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

ترجمہ: اے میرے مولیٰ، اے قریب اور قبول کرنے والے! میرا تجھ سے سوال ہے کہ تو اپنے سلام و درود کی بارشیں نازل فرما اور اپنی خوشبو دار نعمتوں کے جھونکے بھیج، اپنی معلومات کی تعداد کے برابر اور اپنے کلموں کی سیاہی کے برابر اور اپنی تمام مخلوق کی خوبصورتی اور زمین و آسمان بھر، ان پر جو تیری مصنوعات میں سب سے افضل اور تجلیات کے مظاہر میں سے بزرگتر ہیں، اور تیرے اسماء و صفات کے حقائق سے موصوف ہونے والوں میں کامل تر ہیں، اور تیری ذات کے مشاہدات کی باریکیوں سے سب سے بڑھ کر موصوف ہیں۔ نوعِ انسانی میں بزرگ تر اور تمام ذاتوں کی آنکھوں کی پتلی ہیں۔ اور عدنان کی اولاد میں سے چیدہ چیدہ میں سے چیدہ، جن کو عجیب و

marfa.com
Marfat.com

غریب معجزات سے نوازا گیا۔ جن کو رسالتِ عامہ اور معجزاتِ باہرہ سے نوازا گیا۔ قرآن کے رازوں کو صبح کرنے والا راز۔ نوعِ انسانی میں سے عنایاتِ قرب سے مخصوص ازلی حقیقتوں کا گھاٹ و منبع اور ان کے تمام مفردات کا جامع اور منبع، اور ان کا خطیب و مرشد جب ان کی بارگاہ میں حاضر ہو۔ اللہ کا بیت المعمور (آباد گھر) جسے اس نے اپنے لیے بنایا، اور اپنے قدسی حقائق کو لڑی میں پرونے والا کیا۔ جہانتک عالم کون کے نقطوں کا سلسلہ دراز ہے اور جو حکمت و عرفان کے سورتوں کا منبع ہے۔ جس سے تو نے سلسلہ انبیا کو ختم کیا اور صاف دل لوگوں کو آپ کے علوم کا وارث بنایا۔ یعنی حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جنہوں نے تیری رضا کے لیے ایسی کدو کاوش فرمائی جس کا حق تھا یہاں تک کہ ان کا وصال ہوگیا۔ ایسے درود و سلام جو ہمیشہ اور ہر وقت چند در چند پیدا ہوئے اور بڑھتے رہیں۔ ذکر کرنے والوں کے ذکر کے ساتھ اور غافلوں کی بھول کے ساتھ اور دیکھنے والوں کے دیکھنے کے ساتھ۔ اور ان کی آل، صحابہ کرام، تابعین اور باعمل علما پر اور نیک اولیا پر، اور ہدایت دینے والے اماموں پر۔ اور جو بھی اسلام کی صفت سے تا قیامت موصوف ہو۔ تمام رسولوں پر سلام ہو اور اللہ پروردگار جہاں کے لیے حمد و ثنا۔"

یہ درود شریف سیدی علی بن احمد انصاری کا ہے جسے انھوں نے اپنے وظائف الحصن الحصین میں ذکر کیا ہے میں نے اسے وہیں سے نقل کیا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

پچھتّر واں درُود شریف
سیّدی ابو سلمہ خلوتی کا

نَسْأَلُكَ اَللّٰهُمَّ اَنْ تُصَلِّيَ تَسْلِيْمٍ عَلٰى نُوْرِ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا۔ وَسِرِّ اَسْرَارِ الْمُلْكِ
وَالْمَلَكُوْتِ وَمَاحَوَاهُمَا۔ اَلْمَنْعُوْتِ بِالْحَقِّ۔ وَالْمُصْطَفٰى
مِنَ الْخَلْقِ۔ مَظْهَرِ جُمْلَةِ الْاَسْمَا۔ وَمِرْاٰةِ وَجْهِ الْمُسَمّٰى۔
حَامِلِ لِوَاءِ الْاَمَانَةِ۔ اَلْمَوْصُوْفِ بِالصِّدْقِ وَالصِّيَانَةِ۔
حَبِيْبِكَ الْمُجْتَبٰى۔ وَرَسُوْلِكَ الْمُنْتَبَا۔ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِمِ
بِحَمْدِكَ اَبَدًا۔ وَالْمَحْمُوْدِ بِمَدْحِكَ سَرْمَدًا۔
وَاَنْ تُدْخِلَنَا مِنْ بَابِهٖ يَا وَاحِدُ يَا اَحَدُ اِلٰى حَضْرَةِ
الْهِدَايَةِ وَالْاِهْتِدَا۔ وَنَسْأَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ
عَلَى النُّمُوْذَجِ الْحَقَايِقِ الْعَلِيَّةِ۔ وَمَجْلَى التَّعَيُّنَاتِ النَّبَوِيَّةِ۔
وَمَحَدِّ الْهُبُوْلَاتِ الْاِمْكَانِيَّةِ۔ وَرُوْحِ الْاَرْوَاحِ
الْاَكْوَانِيَّةِ۔ وَجَوْهَرِ الطَّبِيْعَةِ الْكُلِّيَّةِ الْعُنْصُرِيَّةِ۔
مَظْهَرِ الْاُلُوْهِيَّةِ الْغَيْبِيِّ۔ وَسِرِّ النَّاسُوْتِ الْعَيْنِيِّ۔
حَامِلِ اللِّوَاءِ۔ وَالْقَائِمِ بِجَمِيْعِ الْاَلَاءِ۔ صَلَاةً
يَسْتَحِقُّهَا عَظِيْمُ شَانِهٖ وَمَاحَوٰى۔ وَاَنْ تُدْخِلَنَا
مِنْ بَابِهٖ اِلٰى حَضْرَتِكَ يَا سَامِعَ السِّرِّ وَالنَّجْوٰى۔
وَنَسْأَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ عَلٰى نُقْطَةِ بِيْكَارِ دَائِرَةِ

marfa.com
Marfat.com

اَلْاَكْوَانِ - وَمَجْلَى حَقَائِقِ وَدَقَائِقِ اَلْاَسْمَانِ - اَلْمُحَقِّقِ
وَالْمُحَقِّقِ بِجَمِيْعِ كَلِمَاتِ اَلْقُرْاٰنِ - وَالْمُخَاطَبِ بِجَمِيْعِ
مَعَانِيْ اَلْعِرْفَانِ - اَلْعَلِيْمِ بِحَقِيْقَةِ مَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ
مِنَ اَلْاَكْوَانِ - عَلَى تَمَرِّ اَلدُّهُوْرِ وَ اَلْاَزْمَانِ - حَامِلِ
لِوَاءِ رَحْمَةِ اَلرَّحْمٰنِ - وَالْمَخْصُوْصِ بِشَفَاعَةِ فَضْلِ
اَلْقَضَاءِ لِلْاِنْسِ وَالْجَانِ مَنْ يَقُوْلُ اَنَا لَهَا فَيُكْرَمُ
مِنَ اللّٰهِ بِالْمَطْلُوْبِ وَلَا يُهَانُ - وَاَنْ تُدْخِلَنَا مِنْ بَابِهِ
اِلَى حَضْرَتِكَ يَا رَحِيْمُ يَا رَحْمٰنُ - وَاَسْاَلُكَ اَنْ
نُصَلِّيَ وَنُسَلِّمَ عَلَى مُمِدِّ اَلْاَرْوَاحِ - وَمُفِيْضِ اَلنُّوْرِ
عَلَى اَلْاَشْبَاحِ - وَهَادِي اَلْمُضَلِّيْنَ اِلَى طُرُقِ اَلْفَلَاحِ -
حَادِي حَضْرَةِ اَبِي اَلْاَرْوَاحِ - وَحَامِيْ حَوْمَةِ
اُمِّ اَلْاَشْبَاحِ - فَمَثَلُ نُوْرِهِ كَمِشْكَاةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ -
حَامِلِ لِوَاءِ اَلْفَتْحِ مِنَ اَلْفَتَّاحِ - اَلْمَخْصُوْصِ بِالْكَوْثَرِ
وَالنَّحْرِ وَالْفَلَاحِ - وَاَنْ تُدْخِلَنَا مِنْ بَابِهِ
اِلَى حَضْرَةِ اَلْعِيَانِ وَالْكِفَاحِ - وَنَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ
وَتُسَلِّمَ عَلَى مَنْ تَشَرَّفَ بِهِ اَلْمَكَانُ وَالْاِمْكَانُ -
وَقُنِعَ بِهِ اَهْلُ اَلشَّكِّ وَالشِّرْكِ وَالْكُفْرِ وَالطُّغْيَانِ -
اَلْهَادِيْ اِلَى صِرَاطِكَ فِي اَلسِّرِّ وَالْاِعْلَانِ - اَلْمَخْصُوْصِ
بِالْمَقَامِ اَلْمَحْمُوْدِ دُوْنَ اَلْاَنَامِ مِنَ اَلْاِنْسِ وَالْجَانِ -
حَامِلِ لِوَاءِ اَلْاُنْسِ - اَلْمَحْلُوْلِ بِحَضْرَةِ اَلْقُدْسِ -
مِنَ اَلدَّيَّانِ - اَللّٰهُمَّ اٰتِهِ اَلْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ

marfa.com
Marfat.com

وَالدَّرَجَةَ الْعَالِيَةَ الرَّفِيعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُودَ الَّذِي وَعَدْتَهُ وَارْدِدْنَا حَوْضَهُ وَاسْقِنَا مِنْ يَدِهِ شُرْبَةً هَنِيئَةً لَانَظْمَأُ بَعْدَهَا اَبَدًا وَاَدْخِلْنَا مِنْ بَابِهِ اِلَى حَضْرَتِكَ بِمَنِّكَ وَكَرَمِكَ يَامَنَّانُ -

ترجمہ: ہم آپ سے سوال کرتے ہیں، الٰہی! کہ آپ درود وسلام بھیجیں اُن پر جو زمین وآسمان اور دونوں کے درمیان والی تمام کائنات کو منور کرنے والے ہیں۔ اور جو زمین وآسمان اور جو ان میں ہے سب کے رازدں کے راز ہیں جن کی تعریف سچی ہے جو مخلوق سے برگزیدہ ہیں۔ تمام اسما کے مظہر، اور مُسمّٰی (ذات باری تعالیٰ) کی ذات کا آئینہ۔ امانت کے علمبردار، سچائی اور سچاؤ کی صفت سے موصوف۔ تیرے برگزیدہ محبوب اور تیرے پڑھائے ہوئے رسُول۔ ہمارے آقا محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم جو تیری حمد وثنا کو ہمیشہ قائم رکھنے والے۔ اور تیری حمد سے ہمیشہ جن کی حمد وثنا ہوتی رہے گی۔ اور (ہماری یہ بھی دُعا ہے) کہ اے خدائے یکتا کہ آپ ہم کو رشد وہدایت کی بارگاہ تک آپ کے دروازے سے داخل فرمائیو! اور ہم یہ بھی سوال کرتے ہیں کہ آپ درُود وسلام بھیجیں ان پر جو حقائق بالا کا نمونہ اور تعیناتِ ثبوتیہ کی تجلی گاہ ہیں۔ انکا ہیولوں کے محمدؐ (ستودہ) اور کون ومکان کی رُوحوں کی رُوح ہیں۔ اور طبیعتِ کُلیہ عنصریہ کے جوہر، عالم لاہوت، غیبی کے مظہر۔ اور نظر آنے والے عالم انسانی کے راز، (لواالحمد) کے پرچم بردار، تمام نعمتوں کے ساتھ قائم، ایسا درود جو ان کی عظمتِ قدر وشان کے

marfa.com
Marfat.com

وَمِلْءَ مَا فِيْ عِلْمِكَ وَزِنَةَ مَا فِيْ حِلْمِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ
وَمُنْتَهَى رَحْمَتِكَ وَمَبْلَغَ رِضَاكَ حَتّٰى تَرْضٰى وَإِذَا رَضِيْتَ
وَعَدَدَ مَا ذَكَرَكَ خَلْقُكَ وَعَدَدَ مَا هُمْ ذَاكِرُوْكَ
وَعَدَدَ مَا سَبَّحُوْكَ وَحَمِدُوْكَ وَكَبَّرُوْكَ وَوَحَّدُوْكَ
وَهَلَّلُوْكَ وَاسْتَغْفَرُوْكَ وَعَدَدَ مَا هُمْ مُسَبِّحُوْكَ وَ
حَامِدُوْكَ وَمُكَبِّرُوْكَ وَمُوَحِّدُوْكَ وَمُهَلِّلُوْكَ
وَمُسْتَغْفِرُوْكَ عَلٰى مَمَرِّ الدُّهُوْرِ وَالْأَعْصَارِ - اَللّٰهُمَّ
صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ وَكَرِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا
مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَ
عَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَأَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ أَفْضَلَ
صَلَاةٍ وَأَزْكَى سَلَامٍ وَأَنْمَى بَرَكَاتٍ عَدَدَ
مَا خَلَقْتَ مِنَ الطُّيُوْرِ وَالْبَهَائِمِ وَالْوُحُوْشِ وَالْأَنْعَامِ
وَالْأَبْقَارِ - اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ وَكَرِّمْ
عَلَى السَّيِّدِ الْكَامِلِ الْفَاتِحِ الْخَاتِمِ حَاءِ الرَّحْمَةِ وَمِيْمِ
الْمُلْكِ وَدَالِ الدَّوَامِ بَحْرِ أَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ أَسْرَارِكَ
وَعَرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَإِمَامِ حَضْرَتِكَ
وَطِرَازِ مُلْكِكَ وَعَيْنِ أَعْيَانِ خَلْقِكَ وَصَفِيِّكَ السَّابِقِ
لِلْخَلْقِ نُوْرُهُ الرَّحْمَةُ لِلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهُ الْمُصْطَفَى الْمُجْتَبَى
الْمُنْتَقَى الْمُرْتَضَى الْمُخْتَارِ عَيْنِ الْعِنَايَةِ وَنَيِّرِ الْقِيَامَةِ
وَإِمَامِ الْحَضْرَةِ أَمِيْنِ الْمَمْلَكَةِ وَكَنْزِ الْحَقِيْقَةِ وَ
وَشَمْسِ الشَّرِيْعَةِ وَكَاشِفِ الْغُمَّةِ وَجَالِي الظُّلْمَةِ وَنَامِيْرِ

marfa.com
Marfat.com

اَلْمِلَّةِ وَنَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَشَفِيْعِ الْاُمَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ
النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ
اَفْضَلَ صَلٰوةٍ وَاَزْكٰى سَلَامٍ وَاَنْمٰى بَرَكَاتٍ عَدَدَ
هٰذَا كُلِّهٖ اَضْعَافًا مُضَاعَفَةً مَضْرُوْبًا فِيْ اَمْثَالِهٖ وَاَمْثَالِ
وَاَمْثَالِهٖ لَا يَنْقُصُ عَدُّهَا وَلَا يَنْقَطِعُ مَدَدُهَا حَتّٰى
تَسْتَغْرِقَ الْعَدَّ وَتُحِيْطُ بِالْحَدِّ اَبَدَ الْاٰبِدِيْنَ وَدَهْرِ
الدَّاهِرِيْنَ مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُوْنَ وَالْعَرْشُ
وَالْكُرْسِيُّ وَالْجَنَّةُ وَالنَّارُ وَمَا دَامَ مُلْكُ اللّٰهِ
الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ - اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ
وَكَرِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ
وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ
وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ اَفْضَلَ صَلٰوةٍ وَاَزْكٰى
سَلَامٍ وَاَنْمٰى بَرَكَاتٍ وَاجْزِهٖ عَنَّا يَا رَبِّ
مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَاجْزِهٖ اَفْضَلَ مَا جَزَيْتَ نَبِيًّا
عَنْ قَوْمِهٖ وَرَسُوْلًا عَنْ اُمَّتِهٖ وَاٰتِهِ الْوَسِيْلَةَ
وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَاَنْزِلْهُ الْمَنْزِلَ
الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَصَلِّ يَا رَبِّ وَسَلِّمْ
كَذٰلِكَ كُلِّهٖ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ الْاَكْرَمِيْنَ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ
وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِيٍّ
وَعَلٰى اٰلِ كُلٍّ وَعَلَى الْقَرَابَةِ وَالتَّابِعِيْنَ الْبَرَرَةِ

marfa.com
Marfat.com

الْاَحْيَاءِ - وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ تَسْبِيْحًا يَلِيْقُ
بِمَجْدِهٖ وَجَلَالِهٖ - وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا طَيِّبًا
مُبَارَكًا كَافِيًا عَلٰى جَمِيْعِ نِعَمِهٖ وَاِفْضَالِهٖ - وَلَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهُ الْمُتَفَرِّدُ عُلُوِّهٖ وَكَمَالِهٖ
وَاللّٰهُ اَكْبَرُ الْمُتَعَاظِمُ فِيْ كِبْرِيَائِهٖ وَجَلَالِهٖ - وَلَا
حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ عِنْدَ كُلِّ هَمٍّ
وَغَمٍّ وَكَرْبٍ وَضِيْقٍ وَعِنْدَ كُلِّ حَادِثٍ يَحْدُثُ
لِلْعَبْدِ فِيْ جَمِيْعِ اَحْوَالِهٖ وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ
مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ فِيْ سَوَادِ اللَّيْلِ وَضِيَاءِ النَّهَارِ
وَفِيْ اِقْبَالٍ مِنْهُمَا وَاِدْبَارِهٖ عَدَدَ ذٰلِكَ وَمِثْلَ ذٰلِكَ
وَاَضْعَافَ اَضْعَافِ ذٰلِكَ مَا طَلَعَتْ شَمْسٌ اَوْ بَزَغَ
بَدْرٌ اَوْ هَبَّ رِيْحٌ اَوْ سَحَّ غَمَامٌ اَوْ سَجَعَ طَيْرٌ اَوْ
اَقْبَلَ لَيْلٌ اَوْ اَشْرَقَ نَهَارٌ - وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى
سَيِّدِ الْاَبْرَارِ - وَخَاتَمِ الْمُرْسَلِيْنَ الْاَخْيَارِ - وَاَكْرَمِ
مَنْ اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَاَشْرَقَ عَلَيْهِ النَّهَارُ -
وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا -

ترجمہ سب تعریف اللہ کے لیے جس نے ہم سے غم دُور فرمایا بے شک ہمارا پروردگار بخشنے والا قدردان ہے - الٰہی درُود وسلام وبرکت کرم نازل فرما ہمارے آقا ومولا محمد پر جو تیرے بندے نبی اور رسُول ہیں، نبیٔ اُمّی اور آپ کی آل واصحاب پر، اور بیویوں اور اولاد پر، فاضل تر درود اور صاف تر سلام اور کثیر برکتیں. قرآن کریم کی

marfa.com
Marfat.com

سورتوں کے برابر، اس کی آیتوں، کلمات حروف اور نقطوں کے برابر۔ اس کی تفصیل اور اجمال کے برابر۔ اس کی جزئیات وکلیات کے برابر۔ اس کی شکل، ہمزوں اور حرکات وسکنات کے برابر۔ اس کے منقوط وغیر منقوط حروف کے برابر۔ اس کے مفصل ومجمل کے برابر۔ اس کے بول اور مفہوم کے برابر۔ محکم ومتشابہ کے برابر، اس کے خاص و عام، ناسخ ومنسوخ اور اشارات کے برابر، اس کے امر ونہی اور عبر کے برابر، اس کے وعد، وعید، قصص (واقعات) اور مثالوں کے برابر۔ اعداد وشمار کے برابر اور جو حدیثیں بیان ہوئیں ان کے برابر۔ الٰہی! درود وسلام، برکت اور کرم فرما ان کے برابر اور آثار کے برابر۔ الٰہی! درود وسلام، برکت اور کرم فرما ہمارے آقا و مولا محمد پر جو تیرے بندے نبی اور رسول ہیں، نبی امّی ہیں اور ان کی آل اور صحابہ کرام، بیویوں اور اولاد پر افضل درود اور پاکیزہ تر سلام پے در پے برکتیں۔ حرکتوں، سکونوں، نیکیوں اور برائیوں کے برابر اور بنی ہوئی چیزوں کے سوراخوں کے برابر، مونہوں کے چبانے کے برابر، آنکھوں کے جھپکنے کے برابر، الٰہی درود وسلام و برکت اور کرم نازل فرما۔ ہمارے آقا و مولا، ہمارے حبیب اور ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک محمد پر جو تیرے بندے رسول اور نبی امّی اور عربی رسول ہیں اور ان کی آل واصحاب پر، اُن کی بیویوں اور اولاد پر، اور ان کے اہلِ خانہ پر افضل درود اور پاکیزہ تر سلام اور گراں قدر برکتیں، سانسوں، دلوں، حروف، نقطوں، کلمات اور حرکات کے برابر، اور نیتوں پے در پے آنے والے دسویں

marfa.com
Marfat.com

وہموں، شکوک وظنون اور افکار کے برابر۔ الٰہی درود وسلام برکت اور کرم نازل فرما۔ ہمارے آقا ومولیٰ جو آنکھوں کی ٹھنڈک محمدؐ پر، جو تیرے بندے رسول، نبی اُمّی، رسولِ عربی ہیں۔ اور آپ کی آل و اصحاب پر، بیویوں اور اولاد اور گھر والوں پر۔ افضل درود پاکیزہ تر سلام، فزوں تر برکتیں۔ اجسام وارواح کے برابر جواہر، عقول اور علوم کے برابر، ابتدا سے آخر تک مخلوق کے خواب وخیال میں جو آتا ہے اس کے برابر۔ پے در پے ملنے والے دلائل اور ان کی خبروں کے برابر، الٰہی! درود وسلام برکت اور کرم نازل فرما۔ ہمارے آقا ومولا، اپنے بندے، نبی اور رسول پر جو اُمّی نبی ہیں اور آپ کی آل اور صحابہ کرام پر، بیویوں اور اولاد پر افضل درود اور پاکیزہ تر سلام اور روز افزوں برکتیں، فرشتوں کے برابر اور موٹی آنکھوں والی حوروں کے برابر، غلمان کے برابر۔ انسانوں۔ جنوں، سمندری مخلوق، جانوروں، چوپایوں، وحشیوں اور پرندوں کے برابر، الٰہی! درود وسلام اور برکت وکرم نازل فرما ہمارے آقا ومولا محمد پر جو تیرے بندے نبی اور رسول ہیں اُمّی نبی پر اور حضورؐ کی آل واصحاب بیویوں اور اولاد پر، افضل درود اور پاکیزہ تر سلام اور فزوں تر برکتیں۔ سروں چہروں، کانوں، آنکھوں ناکوں ہونٹوں، مونہوں، سینوں، ہاتھوں، پاؤں، انگلیوں اور ناخنوں کے برابر۔ الٰہی! درود وسلام اور برکت وکرم فرما ہمارے آقا ومولا محمدؐ پر جو تیرے بندے نبی، رسول اور نبیٔ اُمّی ہیں اور حضور کی آل واصحاب پر، بیویوں اور اولاد پر افضل درود پاکیزہ تر

marfa.com
Marfat.com

سلام اور تمہاری تر برکتیں، دلوں، پسلیوں، ہڈیوں، کھروں، اُون گھاس پات بالوں اور پشم کے برابر، الٰہی! درود وسلام اور برکت نازل فرما ہمارے آقا و مولیٰ محمدؐ پر، جو تیرے بندے نبی، رسُول، نبی اُمّتی ہیں اور آپ کی آلِ و اصحاب پر بیویوں اور اولاد پر افضل درُود پاکیزہ تر سلام اور تمہاری برکتیں، جسموں، اعضاء، پیٹوں اور جو ان میں ہے ان سب کے برابر، اور رگوں، مساموں، ناخنوں دانتوں، کانوں اور آنکھوں کے برابر۔ الٰہی! درود وسلام و کرم نازل فرما ہمارے آقا و مولیٰ محمدؐ پر، جو تیرے بندے نبی، رسُول اور نبی اُمّتی ہیں اور حضورؐ کی آل و اصحاب پر، بیویوں اور اولاد پر، افضل درُود پاکیزہ تر سلام فزوں تر برکتیں، کھیتی، گھاس، پتوں، ٹہنیوں اور درختوں کے برابر۔ الٰہی درود وسلام اور برکت و کرم نازل فرما ہمارے آقا و مولا محمدؐ پر جو تیرے بندے نبی رسُول اور نبی امی ہیں اور حضورؐ کی ال و اصحاب پر، اور حضورؐ کی بیویوں اور اولاد پر افضل درود اور پاکیزہ تر سلام اور فزوں تر برکتیں، دانوں گٹھلیوں، بیجوں، کلیوں اور پھل فروٹ کے برابر۔ الٰہی! درود وسلام اور برکت نازل فرما ہمارے آقا و مولیٰ محمدؐ پر، جو تیرے بندے نبی، رسُول اور نبی اُمّتی ہیں اور آپ کے آل و اصحاب بیویوں اور اولاد پر، افضل درُود، پاکیزہ تر سلام اور فزوں تر برکتیں ریت اور کنکریوں کے برابر، مٹی، معدنیات اور پتھروں کے برابر، الٰہی! درُود وسلام، برکت و کرم نازل فرما! ہمارے آقا و مولیٰ محمدؐ پر، جو تیرے بندے نبی اور رسول اور نبی اُمّتی ہیں، اور آپ

marfa.com
Marfat.com

کے آل واصحاب پر، بیویوں اور اولاد پر افضل درود اور پاکیزہ تر سلام فزوں تر برکتیں، آسمانوں کے برابر گردش افلاک کے برابر بادلوں اور ہواؤں کے چلنے، بجلی کے چمکنے، گرج کی آواز اور بارش کے قطروں کے برابر۔ الٰہی! درود و سلام و برکت و کرم نازل فرما۔ ہمارے آقا و مولیٰ محمدؐ پر جو تیرے بندے نبی، رسول اور نبی اُمّی ہیں۔ اور آپ کی آل واصحاب بیویوں اور اولاد پر افضل درود پاکیزہ تر سلام اور فزوں تر برکتیں نازل فرما۔ پانیوں کے قطرے، پہاڑوں اور جسموں کے ذرّوں کے برابر۔ اور سمندروں کی لہروں اور موجوں کے برابر، الٰہی درود و سلام برکت و کرم نازل فرما ہمارے آقا و مولیٰ محمد پر جو تیرے بندے نبی رسول اور نبی امی ہیں اور حضور کی آل واصحاب ازواج و اولاد پر افضل دُرود پاکیزہ تر سلام، فزوں تر برکتیں، جو کچھ تُو نے پیدا کیا یا جو کچھ پیدا کرے گا اس کے برابر برابر اور جو ہوا یا ہوگا اس کے برابر اور تیرے قلم کے چلنے کے برابر۔ جو تیرے حکم نافذ ہوئے اور جن کو تیرا علم محیط ہے۔ اور جن کو علم و شعور سمجھنے سے قاصر ہے اس کے برابر۔ الٰہی درود و سلام برکت و کرم نازل فرما ہمارے آقا و مولا محمدؐ پر جو تیرے بندے نبی رسول اور نبی اُمّی ہیں۔ اور حضورؐ کے آل واصحاب ازواج و اولاد پر افضل درود پاکیزہ تر سلام فزوں تر برکتیں نازل فرما زمینوں و آسمانوں والوں نے ابتدائے آفرینش سے آخر تک، ہر زمانہ و آن میں وقت و مہینہ میں، ہر جمعہ میں، رات و دن میں، ساعت و لمحہ، ہر سانس و چشم زدن ہر گھڑی درود و سلام تیرے محبوبؐ پر بھیجا اس کے برابر

marfa.com
Marfat.com

اور حضور پر صبح و شام، سوتے وقت اور تڑکے درود شریف پڑھنے
والوں کے برابر۔ الٰہی! درود و سلام برکت و کرم نازل فرما ہمارے
آقا و مولیٰ اپنے بندے نبی اور رسول نبیٔ اُمّی پر، اور آپ کی آل و
اصحاب پر، ازواج و اولاد پر، افضل درود، پاکیزہ تر سلام اور
فزوں تر برکتیں، عرش و کرسی آسمانوں اور زمین اور جو ان کے درمیان
ہے اور پہاڑوں، ٹیلوں، ریت کے ذروں، مٹکوں، جسموں، سمندروں
اور نہروں کے برابر، الٰہی درود و سلام برکت اور کرم نازل فرما ہمارے
آقا و مولیٰ محمد جو تیرے بندے نبی رسول اور نبیٔ اُمّی ہیں اور آپ کی
آل و اصحاب پر، بیویوں اور بچوں پر، افضل درود اور پاکیزہ تر سلام۔
اور فزوں تر برکتیں، عرش، کرسی، آسمانوں زمین اور جو ان کے درمیان
ہے ان سب کے برابر۔ خلاً (جو خالی نظر آتی ہے) ملاً (جو پُر نظر آتی
ہے)، کائنات، آفاق و اقطار کے برابر۔ الٰہی درُود و سلام برکت اور
کرم نازل فرما۔ ہمارے آقا و مولیٰ محمدؐ پر، جو تیرے بندے نبی، رسُول
اور نبی اُمّی ہیں اور آپ کی آل و اصحاب پر بیویوں اور اولاد پر،
افضل تر درود، پاکیزہ تر سلام اور فزوں تر برکتیں، جو تیرے علم میں
ہے اس کے برابر اور تیرے علم بھر اور تیرے علم کے وزن بھر،
تیرے کلموں کی سیاہی کے برابر، تیری رحمت کی حد کے برابر، تیری
رضا کی رسائی کے برابر، یہاں تک کہ تُو راضی ہو جائے اور جب تُو
راضی ہو جائے اور تیری مخلوق نے تیرا جو ذکر کیا، اس کے برابر، اور
جتنا ذکر کریں گے اور جتنا ذکر کریں گے اس کے برابر اور جو انہوں
نے تیری تسبیح، تحمید اور تکبیر کی اور جس قدر انہوں نے تیری توحید کا

marfa.com
Marfat.com

اعلان وقرار کیا اور جتنی مرتبہ لا الٰہ الا اللہ کہا اور جتنی مرتبہ انہوں نے تجھ سے مغفرت طلب کی اور جتنی تیری تسبیح کریں گے اور تیری حمد کریں اور تیری تکبیر کریں گے اور تیری توحید کا اقرار کریں گے اور جس قدر تیری تہلیل (لا الٰہ الا اللہ کہنا) کریں گے۔ اور جتنے زمانے وہ تجھ سے مغفرت کریں گے اس سب کے برابر۔ الٰہی درود وسلام، برکت اور کرم نازل فرما ہمارے آقا و مولا محمدؐ پر، جو تیرے بندے نبی رسول اور نبی اُمّی ہیں، اور آپ کی آل و اصحاب پر، بیویوں اور اولاد پر، افضل درود، پاکیزہ تر سلام اور فزوں تر برکتیں، جو تو نے پرندے، حیوانات، وحشی جانور، چوپائے اور گائیں پیدا کیں ان کے برابر، الٰہی درود وسلام برکت وکرم نازل فرما سردارِ کامل، فاتح، خاتم، رحمت کی حا، ملک کی میم، دوام کی دال پر، جو تیرے انوار کا سمندر تیرے اسرار کی کان، تیری حکومت کا دُولہا، اور تیری محبت کی زبان ہے۔ تیری بارگاہ کے امام، تیرے ملک کی شان۔ تیری مخلوق کے خاصوں کا خاص اور تیرا وہ برگزیدہ رسول، جس کا نور تمام مخلوق سے پہلے ہے۔ جن کا ظہور تمام کائنات کے لیے رحمت ہے۔ مصطفٰے۔ مجتبٰی (برگزیدہ) پاکیزہ، پسندیدہ چنے ہوئے۔ عین عنایت، قیامت کی رونق۔ امامِ بارگاہ، امین سلطنت، حقیقت کا خزانہ، شریعت کا سورج، تاریکیوں کو دور کرنے والا، اندھیروں کو روشنی بخشنے والا، ملت کے مددگار نبی رحمت، شفیع اُمت، ہمارے آقا و مولا محمدؐ جو تیرے بندے نبی اور رسول ہیں، نبی اُمّی ہیں اور آپ کی آل و اصحاب پر، بیویوں اور اولاد پر افضل درود، پاکیزہ تر سلام اور فزوں تر برکتیں ان سب کی

marfa.com
Marfat.com

تعداد کے برابر۔ ان کو کئی گنا بڑھا چڑھا کر اور ان سب کے مجموعہ کو اُتنے اور سے ضرب دے کر تمام مجموعہ کے برابر ایک بھی کم نہ ہو۔ سیاہی ختم نہ ہو۔ یہاں تک کہ تمام اعداد و شمار اس میں سما جائیں اور تمام حدوں کا احاطہ ہو جائے ہمیشہ ہمیشہ، زمانہ بھر جب تک زمینیں اور آسمان ہیں عرش و کرسی، جنت و دوزخ اور اللہ واحد و قہار کی حکومت رہے۔ الٰہی درود و سلام برکت و کرم نازل فرما ہمارے آقا و مولا محمد پر، جو تیرے بندے نبی، رسول اور نبی اُمّی ہیں اور آپ کی آل و اصحاب اور بیویوں اور اولاد پر، افضل درود اور پاکیزہ تر سلام اور فزوں تر برکتیں، اور اے اللہ! حضور کو ہماری طرف سے وہ جزائے خیر عطا فرما جس کے آپ مستحق ہیں اور اس سے افضل جزا جو تُو نے کسی قوم کی طرف سے اس کے نبی کو عطا فرمائی ہے۔ اور کسی رسول کو اس کی اُمت کی طرف سے عطا فرمائی اور حضور کو کسی وسیلہ، فضیلت اور بلند درجہ عطا فرما اور قیامت کے دن حضور کو اپنے قریب تر مقام پر فائز فرما، اور اے پروردگار! اسی طرح درود و سلام نازل فرما۔ حضور کے تمام معزز بھائیوں یعنی نبیوں اور رسولوں پر اور ابوبکر، عمر و عثمان و علی پر اور سب کی آل اور سب کے صحابہ اور سب کے قرابتداروں پر، اور نیکوکار، بہترین تابعین پر اور ایسی حمد و ثنا کی خدا کے لیے جو اس کی بزرگی و عظمت کے شایانِ شان ہے اور سب تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہے ایسی تعریفیں جو کثیر ہوں، پاکیزہ ہوں بابرکت ہوں، کافی ہوں اس کی تمام نعمتوں اور فضلوں پر عبادت کے لائق کوئی نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے، جو ایک ہے کوئی اس کے

marfa.com
Marfat.com

برابر نہیں، جو اپنی بلندی اور کمال میں یکتا ہے اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ جو اپنی بڑائی اور دبدبے میں اپنے آپ سے بڑھ کر ہے۔ نیکی کی طاقت اور بُرائی سے بچاؤ اللہ ہی کی توفیق سے ہے۔ جو بلند تر عظیم تر ہے۔ ہر پریشانی غم اور تکلیف اور تنگی کے وقت اور بندے کو تمام حالات میں نت نئے حادثے پیش آتے وقت، اور میں خدائے برتر سے معافی چاہتا ہوں، ہر ایسے گناہ سے، جسے میں نے رات کی تاریکی، دن کے اُجالے اور دونوں کے آتے جاتے وقت میں کیا ہے۔ اسی تعداد کے برابر اور اس جتنی اور تعداد کے برابر، اور اس سے دوگنی چوگنی تعداد کے برابر جب تک سورج طلوع ہوتا رہے۔ اور چاند چمکتا رہے ہوا چلتی رہے اور بادل چھاتا رہے پرندے چہچہاتے رہیں رات آتی رہے دن چمکتا رہے اور اللہ تعالیٰ درود بھیجے نیکوں کے سردار برگزیدہ رسولوں کی زینت پر اور ان تمام میں معزز ترین پر جن پر رات اندھیرا کرے اور دن روشنی، اور آپ کی آل و اصحاب پر اور بہت بہت سلام"۔

یہ درود شریف سیدی شیخ یحییٰ بن عبدالرحمٰن رملی شافعی قادری رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ اور یہ کامل تر اور فاضل تر جامع تر اور شامل تر درودوں میں سے ہے حالانکہ یہ نادر الوجود ہے مگر اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کے تین نسخے مہیا کیے۔ اس کے مقدمہ میں مصنف نے اس کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا "اللہ کے نام سے شروع، جو رحم فرمانے والا، نہایت مہربان ہے۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ افضل درود اور مکمل سلام ہمارے آقا و مولیٰ محمد پر، جو تمام نبیوں میں برگزیدہ اور آخری نبی ہیں اور آپ کی آل و اصحاب پر حمد و

marfa.com
Marfat.com

درود وسلام کے بعد، بندہ فقیر یحییٰ بن عبدالرحمٰن رملی شافعی قادری اللہ اس کو اور اس کے والدین کو، اس کے مشائخ اور تمام مسلمانوں کو بخش دے، عرض گذار ہے کہ یہ بابرکت درود عربی نبی پر، جو بطحا کے باسی ہیں۔ ہاشمی، قرشی، اُمی ہیں۔ سردار کامل، فاتح (جن سے سلسلہ نبوت شروع ہوا) خاتم (جن پر سلسلہ نبوت ختم ہوا) پروردگار عالم کے حبیب گنہگاروں کی شفاعت فرمانے والے، اس اُمت کے قائد ہیں جن کے چہرے اور ہاتھ پاؤں (اعضائے وضو) قیامت کو چمکتے ہوں گے۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ہے۔ اللہ آپ پر اور آپ کی آل واصحاب پر اولاد وازواج سب پر درود وسلام نازل فرمائے، اور ان پر بھی جو نیکی کے ساتھ قیامت تک ان کی پیروی کرتے رہیں گے۔ میں نے اس کو جمع کیا چہرۂ انور کے انوار کی چمک وتر وتازگی کی محبت میں اور سرکار کی رضا کے لیے اور حضور کی عظمت بارگاہ پناہ میں دنیا وآخرت میں قرب کا وسیلہ بنانے کے لیے اور میں نے اس کو اس طرح ترتیب دیا ہے کہ میرے علم میں اس سے پہلے ایسا نہیں کیا گیا نہ کسی نے پہلے کیا نہ بعد میں اور یہ سب اس کی عام مدد اور بڑے فضل سے ہوا۔ کہ حضور ہی کے پاس ہر پیاسے کی پیاس بجھتی ہے۔ خواص و عام اور جن وانسان کی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ قیامت کے دن تم میں سے میرے قریب تر وہ ہوگا جو تم میں سے سب سے بڑھ کر مجھ پر درود بھیجے گا۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک حدیث میں مختصر لفظوں میں بڑی تعداد کی طرف اشارہ کیا ہے: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ عَدَدَ خَلْقِہٖ وَرِضَا نَفْسِہٖ وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ اور اس کے علاوہ مفہوم میں ملتی جلتی حدیثیں، اور بہت سے پہلے پچھلوں بزرگوں سے، یہ اور اس کی ہم معنی تسبیحات وغیرہ منقول ہیں جب اللہ نے مجھ پر اپنے فضل وکرم سے اس درود شریف سے احسان فرمایا۔ تو ایک نیک آدمی نے یہ درود شریف پڑھا اور سو گیا خواب میں دیکھا کیا ہے کہ گویا کوئی کہنے

marfa.com
Marfat.com

والا کہہ رہا ہے کہ اس درُود شریف کا ثواب اللہ ہی شمار کرسکتا ہے۔ ہمیں تو اس نے تھکا دیا ہے یہ واقعہ بیت المقدس کے مضافات میں موضع جلجولیا میں پیش آیا۔ اور اسے روایت کیا ہے سیّدی شیخ استاذ، امام، عارف باللہ تعالیٰ سالکوں کے مربّی، مریدوں کے مسلک، اپنے دَور کے یکتا، اپنے دور کے یکتا، اپنے زمانے کے چیدہ، قطُب، ولی شیخ مُحمّد مغربی اللہ ان کو معاف فرمائے اور ان پر رحم فرمائے اور ان سے محبّت فرمائے اور ان کی برکتیں ہم پر اور تمام مسلمانوں پر لوٹائے حالانکہ اس وقت تک یہ دُرود شریف مکمل نہیں ہوا تھا جب میں نے اللہ کے فضل سے اس کو مکمل کر لیا تو اس کا نام رکھا۔

اس لیے کہ اگر کیمیا عقلاً جائز ہے تو (کیمیا گر کو) دینا۔ کی غریبی سے نجات دیتا ہے۔ اور یہ درود شریف دنیا و آخرت کی غربت سے نجات دیتا ہے۔ دیکھو آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی حقیقت کو کہ جس نے (باقی فرائض ادا کرنے کے بعد) اپنی تمام عبادت مجھ پر درُود وسلام پڑھنا ٹھہرالی۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی تمام دنیوی واُخروی حاجات خود پوری فرمائے گا۔ یا جیسا حضوؐر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یُونہی وہ حدیث جو حضرت ابی نے کعب سے روایت کی ہے، جس کا ذکر آرہا ہے پھر مجھے مصر کی طرف سفر کرنا پڑا۔ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں کثرت سے مُسکراتے دیکھا اور کافی وقت میں حضوؐر کے پاس بیٹھا رہا۔ یہ مُبارک خواب ماہ شوال جمعہ کی رات ۸۸۰ھ کو میں نے دیکھا ہے۔ پھر میں نے اسی سال حج کیا اور سرکار کی برکت سے میں مدینہ منورہ حاضر ہوا۔ اور حضوؐر کے زیرِ سایہ وہیں میں نے یہ دُرود شریف لکھا اور ایک عرصے تک میں نے اسے چھپائے رکھا پھر مجھے حضور علیہ السلام کی زیارت نصیب ہوئی تو حضوؐر فرماتے ہیں تُو نے ہم پر دُرود پڑھنا چھوڑ دیا ہے؟ یا بھُول گیا ہے؟ یا اس

marfat.com
Marfat.com

سے ملتی جلتی بات فرمائی۔ میں نے عرض کیا حضور! کیا آپ کو دُرود پہنچتا ہے؟ یا اس سے ملتے جلتے الفاظ میں نے کہے فرمایا ہاں! پھر فرمایا میں عنقریب اسم اعظم کے ذریعے تیرے لیے دُعا کروں گا۔ مجھے اُمید ہے کہ جس دُرود شریف کی طرف اشارہ فرمایا گیا ہے وہ یہی دُرود شریف ہے جو کوئی اس کا اہتمام کرے گا۔ اس کی برکت سے بہت بھلائی دیکھے گا۔ پھر یہ سب کچھ ظاہر ہوا، الحمدللہ! یہ اس کا احسان ہے اور لوگوں میں بہت مقبول ہُوا اور مجھے اُمید ہے کہ اللہ اس کو اس طرح شہرت بخشے گا۔ جیسے زمین کے کونے کونے میں سُورج مشہور ہے۔ دُعا ہے کہ اسے اپنی رضا کا ذریعہ بنائے۔ ان کی برکت سے جن کے لیے میں نے اسے جمع کیا ہے اور جو اسے ہمیشہ پڑھے اس پر بند دروازے کھول دے۔ اور اسے جنت میں بلند ترین محلات میں جگہ دے اور خواب میں آقاؤں کے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوتی رہے۔ کیوں نہیں جب ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! میں تمام وقت (نوافل کا) آپ پر دُرود پڑھنے کے لیے صرف کروں گا۔ تو حضور نے فرمایا: اِذًا تُكْفَىٰ هَمَّكَ وَيُغْفَرُ لَكَ ذَنْبُكَ۔ تیری تمام پریشانیوں کے لیے یہی کافی ہوگا۔ اور تیرے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ آخر تک حدیث۔ اور نبی علیہ السلام پر دُرود وسلام جو بڑے بڑے اجر برکتیں اور قبولیت ہے وہ پوشیدہ نہیں۔ اور یہ ہر حال میں ہے اور جب تک زمانہ باقی ہے ہر وقت ہے۔ پھر کسی ایسے شخص پر جسے عقل سلیم اور فہم مستقیم عطا ہوا ہے یہ حقیقت پوشیدہ نہیں کہ یہ دُرود شریف کائنات ارضی وسماوی کی تمام کلیات وجزئیات پر مشتمل ہے اور تمام گزشتہ دُرودوں کی تفصیلات ومجملات پر حاوی ہے خصوصاً ہمارا یہ قول کہ دو گنا چوگنا، جب کہ اسے اسی جیسے سے ضرب دی جائے تاکہ اس قول کی حقیقت واضح ہو جائے کہ اس پہلے اجر وثواب کی شمار اللہ کے سوا کوئی نہیں

marfa.com
Marfat.com

کرسکتا۔ اور علمِ حساب کے ماہر پر یہ راز کھل جائے گا اور اللہ کی قدرت و عظمت کے آگے سرِ تسلیم خم کیے بغیر اور اپنی عاجزی کا اعتراف کیے بغیر چارہ ہی کیا ہے؟ میں یہ نہیں کہتا کہ میں ایسی چیز لایا ہوں جس کی مثل باقی نہیں لا سکے یا ان کے علم میں یہ وسعت نہیں۔ بلکہ میں تو ان کے غالب فائق اور مکمل نور امداد سے روشنی حاصل کرنے والا ہوں اور ان کے ٹھنڈے میٹھے صاف چشمۂ فیض سے چند قطرے حاصل کرنے والا ہوں۔ میں نے ان کے عمدہ جڑے ہوئے اور بکھرے ہوئے موتی جمع کر لیے ہیں۔ اُمید ہے۔ کہ ان کے لکھے ہوئے اسمائے گرامی

اللہ

ان کی برکتوں سے ہم کو دنیا و آخرت میں نفع دے بے شک وہ بڑا سخی کرم فرمانے والا اور کثیر نعمت والا ہے اور میں نے اس درود شریف کو "الباقیات الصالحات" ختم کیا۔ دو فائدوں کے لیے ایک یہ کہ اس میں پہلے اعداد شمار بھی خواہ مفصل ہوں خواہ مجمل جمع ہو جائیں۔ دوسرے یہ کہ مجھے اُمید ہے کہ اللہ تعالےٰ میرا اور جو شخص اس کو بہتر طریقہ سے پڑھے گا ان کا بھی خاتمہ بالخیر فرمائے گا، بے شک وہ قریب ہے اور دعائیں سننے والا ہے اور مدینہ منورہ اللہ اس کے مقیم پر افضل درود و سلام بھیجے میں اس درود شریف کے لکھنے سے پیر کی رات ۱۲ شوال ۱۰۰۰ھ کو میں فارغ ہوا۔ مؤلف کا کلام ختم ہوا۔ مؤلف کے شیخ محمد مغربی ہیں سلسلہ قادریہ کے شیخ شہر جلجولیا میں جن کا ذکر قطبہ میں پہلے گزر چکا ہے۔ کتاب "الانس الجلیل فی تاریخ القدس الخلیل" کے مصنف نے ولی شہیر کبیر سید نا علی بن علیل جو لوگوں میں علیم کے نام سے مشہور ہیں کے حالات میں لکھا ہے کہ ہمارے زمانہ میں میری نظر میں ہمارے آقا و مولیٰ شیخ۔ اللہ کے ولی عبادت گذاروں کے پیشوا، زاہدوں کے امام، وجود اور بندوں کی برکت شمس الدین ابو عون محمد مغربی قادری شافعی ہیں جو جلجولیا میں تشریف فرما ہیں مملکت اسلامیہ میں مشائخ قادریہ کے پیشوا اللہ

marfa.com
Marfat.com

ان کے وجود سے مسلمانوں کو نفع پہنچائے۔ رملی رملہ فلسطین کی طرف منسوب ہے۔ جو یافا اور بیت المقدس کے درمیان ہے۔

ایک سو دوسرا درود شریف

حاجت برآوری اور غم دور کرنے کے لیے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ صَلٰوۃً اَھْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِیْنَ عَلَیْہِ اَجْرِ یَامَوْلَانَا لُطْفِکَ الْخَفِیِّ فِیْ اَمْرِیْ وَاَرِنِیْ سِرَّ جَمِیْلِ صُنْعِکَ فِیْمَا اَمُلُّہٗ مِنْکَ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

ترجمہ: الٰہی ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر درود بھیج جتنا آسمان و زمین والوں نے آپ پر بھیجا اور اے ہمارے آقا اپنا پوشیدہ لطف و کرم میرے معاملہ میں جاری فرما دے اور مجھے اپنے خوبصورت کام کا راز دکھا دے جن باتوں میں مجھے تجھ سے امید ہے اے پروردگار عالم! اس کو "کنوز الاسرار" میں ذکر کیا ہے اور مصنف نے اس کی فضیلت میں کہا ہے کہ کہا گیا ہے جو شخص اس کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے، اللہ اس کی تکلیف ختم کر دے گا اور اس کی حاجت پوری فرمائے گا خواہ کیسی ہی ہو جس شخص نے مجھے یہ بات بتائی اس نے یہ بھی بتایا کہ جو کوئی یہ باب کا نام اَلسَّرِیْعُ ایک ہزار مرتبہ پڑھے یعنی یَاسَرِیْعُ کہے اسے بھی مذکورہ بالا فائدہ ہوگا۔ فرمایا کہ جو دونوں پر عمل کرے تو کیا ہی کہنے الخ بعض حضرات نے اس درود کو سید عبداللہ علمی کی طرف بایں الفاظ منسوب کیا ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

marfa.com

Marfat.com

آلِ صَلٰوۃَ اَھْلِ الْاَرْضِیْنَ وَ اَجْرِ یَا سَبَّ بِلُطْفِكَ الْخَفِیِّ فِیْ اَمْرِیْ وَالْمُسْلِمِیْنَ اور کہا کہ حضور علیہ السلام نے یہ درود شریف ان کو بالمشافہ بتایا تھا اللہ ان سے راضی ہو۔

ایک سو تیسرا دُرود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا اتَّصَلَتِ الْعُیُوْنُ بِالنَّظْرِ وَتَذَخْرَفَتِ الْاَرْضُوْنَ بِالْمَطَرِ وَحَجَّ حَاجٌّ وَاعْتَمَرَ ،وَلَبّٰی وَحَلَقَ وَنَحَرَ، وَطَافَ بِالْبَیْتِ الْعَتِیْقِ وَقَبَّلَ الْحَجَرَ۔

ترجمہ: الٰہی! ہمارے آقا محمدؐ اور ہمارے مولا محمدؐ کی آل پر درود بھیج جب تک آنکھوں کا نظر سے تعلق ہے اور زمین بارش سے خوبصورت ہے۔ اور جب تک حاجی حج وعمرہ کرتے رہیں۔ تلبیہ (لَبَّیْكَ اَللّٰھُمَّ الخ کہتا) پڑھتے رہیں۔ پرانے (بے سِلے) کپڑے پہنتے رہیں اور قربانی کرتے رہیں۔ اور پرانے گھر (خانہ کعبہ) کا طواف کرتے رہیں اور حجرِ اسود (سیاہ پتھر) کو چومتے رہیں۔

اس کو شرح کنوز الاسرار میں ذکر کیا ہے اور اس کی فضیلت کی شرح میں مصنف نے کہا ہے کہ ہمارے شیخ عیاشی اللہ ان کی حفاظت فرمائے۔ نے فرمایا میں نے ایک ولی کے مزار کے گنبد میں ایک رقعہ دیکھا تھا جس میں یہ عبارت لکھی تھی۔ فقیہ علامہ سیدی قاسم الرضاع کے مطابق یہ درود شریف ایک مرتبہ پڑھنا پانچ لاکھ کے برابر ہے۔

marfa.com
Marfat.com

ایک سو چوتھا درود شریف

دُکھ درد دُور کرنے کے لیے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْفَاتِحِ الطَّیِّبِ الطَّاھِرِ رَحْمَۃِ اللّٰہِ لِلْعَالَمِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا۔

ترجمہ: الٰہی! ہمارے آقا محمد پر درود اور خوب خوب سلام بھیج۔ جو ہر مشکل کو حل کرنے والے، پاک صاف اور جہان والوں پر اللہ کی رحمت ہیں اور آپ کی صاف ستھری آل پر"۔

یہ درود شریف کنوز الاسرار میں مذکور ہے، اور مصنف نے اس کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ یہ مشکلات و مصائب کے دور کرنے کے لیے اور مرض کوڑھ کے لیے مجرب، ہے جیسا کہ سیدی شیخ احمد دلد شیخ سیدی ابوالمحاسن یوسف الفاسی، اللہ ان سے نفع دے کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے۔

ایک سو پانچواں درود شریف شیخ محمد بن رافعی کا

اَللّٰھُمَّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِجَاہِ مُحَمَّدٍ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ صَلَاۃَ الرِّضَا فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِکَ تَعْظِیْمًا لِحَقِّہٖ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی سِوَاکَ وَاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّہٗ وَفِیْ اٰخِرِ عَدِدِ مَعْلُوْمَاتِ الْمُصَلِّیْ یَخْتِمُ بِقَوْلِہٖ ھٰذِہِ الصَّلَاۃُ تَعْظِیْمًا لِحَقِّکَ یَا مُحَمَّدُ۔

marfa.com
Marfat.com

ترجمہ:۔ اے اللہ! یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا صدقہ، درود وسلام بھیج اُن پر اور اُن کی آل پر۔ رضا والا درود، ہر لمحہ، اپنی معلومات کے برابر۔ آپ کے حق کی عظمت کے لیے اور مجھے اپنے سوا کسی کے حوالے نہ کرنا اور میرا تمام حال سنوار دے۔ آخر میں پڑھنے والا یہ الفاظ بولے۔ هٰذِهِ الصَّلَاةُ تَعْظِيْمًا لِحَقِّكَ يَا مُحَمَّدُ۔

جامع ازہر کے نیک دل عالم شیخ سلمان الخانی نے یہ ذکر کیا کہ انہوں نے جامع ازہر میں بحالتِ خواب ایک عظیم روشنی دیکھی، جب اس کے بارے میں دریافت کیا تو کہا گیا، کہ یہ روشنی شیخ کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر پڑھے گئے درود کے الفاظ کی روشنی ہے۔ الخ۔

شیخ محمد رافعی میرے بعض مشائخ کے شیخ ہیں۔ علمائے شام کے شیخ اور جامعہ ازہر کے بڑے علما میں سے ہیں۔

ایک سو چھٹا درود شریف

سیدی مصطفےٰ البکری کا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِيْ تَشَرَّفَتْ بِهٖ جَمِيْعُ الْاَكْوَانِ۔ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِيْ اَظْهَرْتَ بِهٖ مَعَالِمَ الْعِرْفَانِ۔ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِيْ اَوْضَحَ دَقَائِقَ الْقُرْاٰنِ۔ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَيْنِ الْاَعْيَانِ۔ وَالسَّبَبِ فِيْ وُجُوْدِ كُلِّ اِنْسَانٍ۔ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِيْ شَيَّدَ اَرْكَانَ

marfa.com
Marfat.com

الشَّرِيْعَةِ لِلْعَالَمِيْنَ - وَاَوْضَحَ اَفْعَالَ الطَّرِيْقَةِ لِلسَّائِلِيْنَ -
وَرَمَزَ فِيْ عُلُوْمِ الْحَقِيْقَةِ لِلْعَارِفِيْنَ - فَصَلِّ وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ
عَلَيْهِ صَلَاةً تَلِيْقُ بِجَنَابِهِ الشَّرِيْفِ - وَمَقَامِهِ الْمُنِيْفِ
وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا دَائِمًا يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ - اَللّٰهُمَّ صَلِّ
وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ زَيَّنَ
مَقَاصِرَ الْقُلُوْبِ - وَاَظْهَرَ سَرَائِرَ الْغُيُوْبِ - بَابَ
كُلِّ طَالِبٍ وَدَلِيْلِ كُلِّ مَحْجُوْبٍ - فَصَلِّ وَسَلِّمْ
اَللّٰهُمَّ عَلَيْهِ مَا طَلَعَتْ شَمْسُ الْاَكْوَانِ عَلَى الْوُجُوْدِ -
وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مَنْ اَفَاضَ عَلَيْنَا
بِاَمْدَادِهٖ سَحَائِبَ الْجُوْدِ - يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُدْنِيْ
بَعِيْدَنَا اِلَى الْحَضَرَاتِ الرَّبَّانِيَّةِ - وَتُذْهِبُ بِقَرِيْنِنَا
اِلَى مَا لَا نِهَايَةَ لَهٗ مِنَ الْمَقَامَاتِ الْاِحْسَانِيَّةِ - وَصَلِّ
اَللّٰهُمَّ عَلَيْهِ صَلَاةً تَنْشَرِحُ بِهَا الصُّدُوْرُ - وَتَهُوْنُ
بِهَا الْاُمُوْرُ - وَتَنْكَشِفُ بِهَا الثُّبُوْرُ - وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا
كَثِيْرًا اِلَى يَوْمِ الدِّيْنِ آمِيْنَ -

الٰہی درود وسلام وبرکت نازل فرما، ہمارے آقا محمدؐ پر جن کے
قدم سے تمام کائنات کو بزرگی ملی، اور ہمارے آقا محمدؐ پر
درود وسلام اور برکت نازل فرما، جن کے ذریعے تو نے معرفت
کے نشان ظاہر فرمائے۔ اور ہمارے آقا محمدؐ پر درود وسلام
اور برکت نازل فرما، جنہوں نے قرآن کی باریکیاں واضح کیں۔ اور

ترجمہ:

marfa.com
Marfat.com

درُود وسلام وبرکت نازل فرما ہمارے آقا محمدؐ پر جو موجودات کی اصل ہیں اور ہر انسان کے وجود کا سبب ہیں۔ اور درُود وسلام وبرکت نازل فرما۔ ہمارے آقا محمدؐ پر، جنہوں نے دُنیا جہان کے لیے امکان شرع کو مضبوط کیا اور ضرورت مندوں کے لیے طریقت کے افعال کو واضح فرمایا۔ اور عارفین کے لیے عُلومِ حقیقت میں رمزیں مقرر فرمائیں۔ سوائے اللہ! حضور پر درود وسلام نازل فرما، جو آپ کی بارگاہِ بلند مرتبت اور مقام مقدس کے لائق ہو۔ اور ہمیشہ الٰہی ان پر سلام نازل فرما۔ اے اللہ! اے رحمٰن! اے رحیم! الٰہی درود وسلام وبرکت نازل فرما ہمارے آقا محمدؐ پر، جنہوں نے دلوں کی بستیاں سجائیں اور چھپے راز ظاہر فرمائے۔ ہر طالب کا دروازہ اور ہر پوشیدہ حقیقت کی دلیل۔ سو الٰہی ان پر اس وقت تک درود و سلام بھیجیو، جب تک کائنات کا سُورج دنیا پر چمک رہا ہے۔ اور ان پر درود وسلام وبرکت نازل فرما جنہوں نے ہم پر اپنی مدد سے جود وعطا کی بارشیں کیں۔ اے اللہ! اے رحمٰن! اے رحیم۔ الٰہی ہمارے آقا محمدؐ پر ایسا دُرود بھیج! جو ہمارے آقا کو بارگاہِ ربانی میں مزید قُرب عطا کرے اور ہمارے قریب کو ان مقاماتِ احسان پر فائز کرے جن کی کوئی انتہا نہیں اور الٰہی! ان پر درُود وسلام بھیج جن سے سینے کھُل جائیں اور کام آسان ہو جائیں اور پردے اُٹھ جائیں۔ اور روزِ جزا تک ان پر بکثرت سلام نازل فرما۔

الٰہی! ایسا ہی ہو۔

marfa.com
Marfat.com

ایک سو ساتواں درود شریف

یہ بھی انہی کا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَنِ
افْتَتَحْتَ بِهٖ وُجُوْدَ الْخَلَائِقِ طُرًّا۔ وَخَتَمْتَ بِهٖ عِقْدَ
النُّبُوَّةِ الْعَزَّا۔ وَجَعَلْتَهٗ اَعْلَى النَّبِيِّيْنَ فَضْلًا وَاَعْظَمَهُمْ
اَجْرًا۔ وَخَلَقْتَ جَمِيْعَ الْاَنْوَارِ مِنْ نُوْرِهٖ فَزَادَتْ
رُتْبَتُهٗ بِذٰلِكَ قَدْرًا۔ صَلَاةً وَسَلَامًا دَائِمَيْنِ
لَا يَفِيْنِ بِتِلْكَ الْحَضْرَةِ الْعَلِيَّةِ حَقَّهَا اَفْرَادِ
اَنْوَاعِ الْبَرِيَّةِ۔ مَا ظَهَرَ فِي الْوُجُوْدِ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ
وَمَا تَحَرَّكَ وَمَا سَكَنَ۔ وَعَدَدَ مَا لَكَ فِيْ خَلْقِكَ
مِنْ اِفْضَالٍ وَمَنَنٍ۔ وَعَدَدَ كُلِّ عَدَدٍ وَقَعَ وَسَيَقَعُ
فِي الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ اِنْ اُرِيْدَتْ اِحَاطَتُهٗ لَا يُحْصٰى
اَوْ جَمْعُ اَنْوَاعِ جُمَلِهٖ وَاَفْرَادِهٖ بِعَدٍّ لَا يَنْقَضِيْ۔
اَللّٰھُمَّ اشْرَحْ بِهَا صُدُوْرَنَا وَيَسِّرْ بِهَا اُمُوْرَنَا۔
وَاَخْرِجْنَا بِهَا مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ وَعُسْرٍ۔ اِلٰى كُلِّ فَرَجٍ
وَيُسْرٍ۔ وَقَرِّبْنَا بِهَا قُرْبَةً نَصِيْرُ بِهَا لَدَيْكَ مِنْ
اَعْلَى الْمُقَرَّبِيْنَ۔ وَاَكْثِرْهَا عِنْدَكَ مِنَ الْمُحْبُوْبِيْنَ۔
وَاَبْعِدْنَا مِنْ دِيْوَانِ الْبُعَدَاءِ وَالْمَطْرُوْدِيْنَ۔
وَبَارِكْ اَللّٰھُمَّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔ وَالْحَمْدُ

marfa.com
Marfat.com

لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

الٰہی! درود و سلام برکت نازل فرما ہمارے آقا محمدؐ پر، جن سے تو نے ساری مخلوق کی ابتدا فرمائی۔ اور جن سے تو نے نبوت کا نورانی سلسلہ ختم فرمایا اور جن کو فضل و کرم میں تمام نبیوں سے اعلیٰ اور اجر و صلہ کے لحاظ عظیم تر کیا اور تمام انوار کو ان کے نور سے پیدا فرما کر ان کا رتبہ بڑھایا۔ ایسا درود و سلام جو ہمیشہ ہو اور ان کی بارگاہ عظمت پناہ کے لائق ہو۔ خشکی کی انواع کے افراد کے برابر۔ جو ظاہر ہیں اور جو پوشیدہ ہیں۔ جو متحرک ہیں اور جو ساکن۔ اور مخلوق میں جو فضل و احسان تو نے فرمایا اس کے برابر۔ جو اعداد و شمار زمین و آسمان میں ہو چکے اور جو ہوں گے۔ کہ جن کا احاطہ کرنا چاہیں تو نہ ہو سکے یا تمام انواع و افراد کے برابر جن کا شمار نہ ہو سکے۔ ان کے برابر۔ الٰہی اس سے ہمارے سینے کھول دے اور ہمارے کام آسان فرما دے اور ہم کو ہر تنگی اور مشکل سے نکال دے ہر کشادگی و آسانی کی طرف اور اس کے وسیلہ سے ہم کو اپنی اعلیٰ ترین قربت عطا فرما اور اپنے مقبولوں میں لکھ دے، اور دوریوں اور دشمنوں کے دفتر سے ہمارا نام دور رکھ اور الٰہی حضور پر اور آپ کے آل و اصحاب سب پر برکت نازل فرما اور سب تعریف اللہ پروردگار عالم کے لیے۔

یہ دونوں درود شریف سیدی مصطفےٰ البکری کے ہیں۔ پہلے پر انہوں نے سحری کے وظائف ختم کیے ہیں اور دوسرا شیخ محمد نافلاتی مفتی بیت المقدس کی تالیف الدر الاعلیٰ کی شرح کے آخر میں، میں نے لکھی دیکھی ہے جو شرح سے الگ ہے اور اس کے اوپر یہ عبارت لکھی ہوئی ہے "یہ درود شریف سیدی شیخ مصطفےٰ البکری

marfa.com
Marfat.com

کا ہے جو لوحِ محفوظ سے نقل کیا گیا ہے۔ میں نے اسے ہر بار ستر دلائل کی معیت پڑھا ہے
الخ۔ یلفظہ" اور آپ مشہور اولیا کبار میں سے ہیں۔ رضی اللہ عنہ (اللہ ان سے راضی ہو)
اور سلسلہ عالیہ خلوتیہ کے شیخ طریقت ہیں، جو آپ کی وجہ سے دنیا کے کونے کونے
میں پھیل چکا ہے اور نبی علیہ السلام پر درود وسلام کے موضوع پر مختلف اسالیب
میں آپ کی متعدد کتابیں موجود ہیں۔ جن میں نئے نئے اسلوب اختیار کئے گئے ہیں۔
بہت مفید ہیں۔ ان میں سے ایک الصلوات الجامعۃ بفضائل
الخلفاء الاربعۃ ہے اس میں لکھا ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ
اَبُوْبَکْرٍ کَذَا۔" الٰہی! محمد پر درود بھیج جنہوں نے فرمایا ابوبکر ایسے ہیں (یوں ہیں) اور
اس کے آگے کچھ فضائل مذکور ہیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے حضرت
صدیق اکبر کے متعلق منقول ہیں، یونہی حضرت عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم کے متعلق۔
اور ان میں سے ایک کتاب ہے الدر الفائق فی الصلوۃ علی اشرف الخلائق۔ اسے انہوں
نے حروف معجم کی ترتیب پر مرتب کیا ہے، اس میں پہلا درود ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِمِ بِالْوَفَاءِ الٰہی! درود و
سلام بھیج ہمارے آقا محمد اور ہمارے آقا محمد کی آل پر جو وفا پر قائم ہیں"۔ اسی طرح
باقی ان میں سے ایک کتاب ہے "الصلوٰت البریۃ الصلاۃ علی خیر
البریۃ" یہ بھی حروف معجم کے لحاظ سے مرتب ہے۔ اس کے شروع میں فرمایا
ہیں کہ جب اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ہمیں بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و
سلام بھیجنا بڑے وسیلوں میں سے ایک ہے اور پھلوں کو پھلوں سے ملانے
والا دروازہ ہے اور ایسا پھل دار باغ ہے جس کے آگے نہ کوئی پہریدار ہے
اور نہ رکاوٹ اور اس راہ پر چلنے والے والوں کا مضبوط سہارا ہے اور حضور
کی بارگاہِ عالی کی طرف میلان رکھنے والے کے لیے بڑا وسیلہ ہے تو میں نے اس

marfa.com
Marfat.com

میٹھے اور کھرے بڑے اور عظیم الشان سمندر میں داخل ہونے کے لیے اللہ سے استخارہ کیا۔ اور مجھے نبی علیہ السلام پر لکھے جانے والے اس درود شریف کا نام الصلاۃ البریہ فی الصلاۃ علی خیر البریہ کی اجازت مل گئی۔ اس سے پہلے میں نے ایک درود شریف لکھا تھا جس کا نام میں نے الدر النفائس فی الصلاۃ علی اشرف الخلائق رکھا تھا لیکن اس کا حجم کم تھا۔ اغلاط سے مبرا صفحات تین سو سے زائد۔ میں نے چاہا کہ ایک ہزار ہو جائیں تاکہ ہمارے لیے ذخیرہ و وسیلہ ہو جائے جس سے ہمیں قرب و محبت حاصل ہو کیونکہ صحیح احادیث جو ہم تک نبی صادق مصدوق علیہ السلام کی ذات سے پہنچی ہیں۔ ان میں یہ بھی ہے کہ جس نے حضور علیہ السلام پر ہزار بار درود بھیجا اللہ نے اس کا جسم آگ پر حرام کر دیا"۔ آپ کے درودوں میں سے وہ سات درود شریف بھی ہیں جن کا میں نے سید مرتضٰے شارح الاحیا کی عبارت کے حوالہ سے اس کتاب کے حوالہ سے ذکر کیا ہے میں نے ان کا مطالعہ کیا ہے۔ الفاظ عجیب و غریب اور مفہوم دقیق، سمجھنے میں مشکل لہٰذا اس کتاب میں میں نے ان کو نقل کرنا مناسب نہ سمجھا۔ درود شیشہ پر اس کی چند شرحیں بھی ہیں یونہی سیدی محمد البکری الکبیر کے جمع کیے ہوئے وہ درود شریف جو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل کئے تھے۔ (خواب میں) اور جن کی ابتدا ان الفاظ سے ہوتی ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِكَ الْاَسْنٰی الخ ان کی بھی آپ نے شرح فرمائی اور ان کے مشہور درود شریف موسومہ بہ الصلوات البکریہ کی شرح بھی لکھی ہے جس کی ابتدا ان الفاظ سے ہوتی ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِنُوْرِ ھٰذِہِ اٰیَتِكَ الْاَعْظَمِ اور سیدی شیخ محی الدین ابن العربی کے الصلوۃ الاکبریۃ کی شرح بھی آپ نے لکھی ہے جس کی ابتدا ان الفاظ سے ہوتی ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَکْمَلِ مَخْلُوْقَاتِكَ الخ اور یہ تینوں درود

marfa.com
Marfat.com

شریف میری کتاب افضل الصلوٰت میں مذکور ہیں ان کے علاوہ اور بھی درود شریف
آپ کے لکھے ہوئے ہیں خلاصہ یہ کہ آپ اللہ کے بڑے اولیاً اور نبی علیہ السلام کے
سچے خُدام میں سے تھے اللہ ان سے راضی ہو۔

ایک سو آٹھواں درود شریف

شہاب احمد بن مُصطفےٰ الاسکندری کا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی نَبِیِّکَ وَحَبِیْبِکَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَعَلٰی اِخْوَانِہٖ وَاٰلِہٖ صَلٰوۃً وَسَلَامًا نَقْرَعُ
بِھِمَا اَبْوَابَ جِنَانِکَ وَنَسْتَجْلِبُ بِھِمَا اَسْبَابَ رِضْوَانِکَ
وَنُؤَدِّیْ بِھِمَا بَعْضَ حَقِّہٖ عَلَیْنَا بِفَضْلِکَ وَاِحْسَانِکَ
اٰمِیْنَ۔

ترجمہ: الٰہی درود وسلام بھیج اپنے نبی، حبیب، ہمارے آقا محمدؐ اور آپ
کے بھائیوں پر اور حضور کی آل پر، ایسے درود وسلام جن سے ہم
تیری جنت کے دروازے کھٹکھٹائیں اور جن سے ہم تیری رضا کے
اسباب حاصل کریں۔ اور جن کی بدولت ہم حضور کے کچھ حقوق جو ہم
پر ہیں ادا کر سکیں اپنے فضل واحسان سے۔ الٰہی! ہماری دعا فرما۔

سیدی محمد مرتضےٰ نے شرح الاحیاء میں فرمایا کہ ہمارے بعض شیوخ کے شیخ
شہاب احمد بن مُصطفےٰ اسکندری المعروف بہ صباغ نے اپنی اجازت میں فرمایا
جس مرید نے گناہ کر کے اپنے نفس پر زیادتی کی ہے اس کے لیئے بخشش کا قریب تر
راستہ استغفار ہے پھر نبی مختار صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام۔ میں نے یہ

marfa.com
Marfat.com

درود شریف اور اس کے خواص جو میرے دل میں ڈالے گئے محض اللہ تعالیٰ کے احسان اور نبی علیہ السلام کی برکت سے حاصل کئے ہیں اور میں نے یہ درود شریف حضور کی خدمت اقدس میں پیش کر کے اس پر عمل کی اجازت طلب کی، تو حضور مسکرائے اور درود شریف یہ ہے جو مذکور ہوا ۔

۱۰۹ ایک سو نووال درود شریف

سیدی مصطفیٰ زبیدی کا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِکُلِّ صَلَاۃٍ تُحِبُّ اَنْ یُّصَلّٰی بِھَا عَلَیْہِ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ یُحِبُّ اَنْ یُّصَلّٰی بِہٖ عَلَیْہِ۔ اَللّٰھُمَّ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِکُلِّ سَلَامٍ تُحِبُّ اَنْ یُّسَلَّمَ بِہٖ عَلَیْہِ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ یُحِبُّ اَنْ یُّسَلَّمَ بِہٖ عَلَیْہِ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا دَائِمَیْنِ بِدَوَامِکَ عَدَدَ مَا عَلِمْتَ وَزِنَۃَ مَا عَلِمْتَ وَمِلْءَ مَا عَلِمْتَ وَ مِدَادَ کَلِمَاتِکَ وَاَضْعَافَ اَضْعَافِ ذٰلِکَ۔ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَلَکَ الشُّکْرُ کَذٰلِکَ عَلٰی ذٰلِکَ فِیْ کُلِّ ذٰلِکَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَاِخْوَانِہٖ۔

ترجمہ:۔ الٰہی ہمارے آقا محمدؐ پر ہر ایسا درود بھیج! جو ان پر تو بھیجنا چاہتا ہے۔ ہر ایسے وقت جو تو ان پر بھیجنا چاہے۔ الٰہی! ہمارے آقا محمدؐ پر، ہر ایسا سلام بھیج جو تو ان پر بھیجنا چاہتا ہے ہر ایسے وقت جب تو ان پر سلام بھیجنا چاہے ایسے درود و سلام جو تیری ہمیشگی کے ساتھ

marfa.com
Marfat.com

ہمیشہ ہوں تیرے علم کے برابر اور تیرے علم بھر اور تیرے کلمات کی سیاہی
کے برابر، اور اس سے دونا دُوں، الٰہی تیری ہی تعریف اور تیرا ہی شکر
یونہی، اسی پر، اس سب میں، اور حضور کی آل اور صحابہ اور بھائیوں
(نبیوں) پر،

سید مرتضےٰ نے شرح الاحیاء میں لکھا ہے کہ یہ درود شریف ماہ رجب کی ایک رات ۱۱۷۸ھ کو مجھے اس وقت الہام کیا گیا جب میں مصر کے مقام حارۃ الدادیہ میں تھا اور مجھے یہ بشارت دی گئی کہ اس کو سو مرتبہ پڑھنے سے وہ ملک محفوظ ہو جاتا ہے۔ یہ سب اس درود شریف کی برکت ہے۔

۱۱۰ ایک سو دسواں درود شریف

تقی الدین حنبلی کا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَکُوْنُ لَنَا
عَلَی اللّٰہِ بَابًا مَشْھُوْدًا وَّعَنْ اَعْدَائِہٖ حِجَابًا
مَسْدُوْدًا وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ۔

ترجمہ: الٰہی! ہمارے آقا محمد پر ایسا درود بھیج، جو ہمارے لیے اللہ کے ہاں حاضری کا کھلا دروازہ ہو جائے اور حضور کے دشمنوں پر بند پردہ اور حضور کے آل و اصحاب پر بھی درود و سلام ہو۔

۱۱۱ ایک سو گیارہواں درود شریف (یہ بھی انہی کا ہے)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ الْمَکْنُوْنِ مِنْ

marfa.com
Marfat.com

نُوْرِ وَجْهِكَ الْاَعْلَى الْمُؤَبَّدِ - اَلدَّائِمِ الْبَاقِيْ الْمُخَلَّدِ -
فِيْ قَلْبِ نَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ مُحَمَّدٍ - وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ
الْاَعْظَمِ الْوَاحِدِ بِوَحْدَةِ الْاَحَدِ - الْمُتَعَالِيْ عَنْ وَحْدَةِ
الْكَمِّ وَالْعَدَدِ - الْمُقَدَّسِ عَنْ كُلِّ اَحَدٍ - وَبِحَقِّ بِسْمِ
اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ
لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ سِرِّ حَيَاةِ الْوُجُوْدِ - وَالسَّبَبِ الْاَعْظَمِ لِكُلِّ مَوْجُوْدٍ
صَلَاةً تُثَبِّتُ فِيْ قَلْبِيَ الْاِيْمَانَ وَتَحْفَظُنِي الْقُرْاٰنَ
وَتُفَهِّمُنِيْ مِنْهُ الْاٰيَاتِ - وَتَفْتَحُ لِيْ بِهَا نُوْرَ الْجَنَّاتِ - وَنُوْرَ
النَّعِيْمِ - وَنُوْرَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ - وَعَلٰى اٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

ترجمہ:- الٰہی! میں آپ سے آپ کے بڑے نام کے ذریعے سوال کرتا ہوں جسے آپ کی بڑی ذات کے نُور سے لکھا گیا ہے، جو دائمی ہے اور ہمیشہ رہنے والوں میں ہمیشہ باقی ہے تیرے نبی و رسول محمدؐ کے دل میں، اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے بڑے نام کے ذریعے جو ایک کی یکتائی سے ایک ہے۔ مقدار اور گنتی کی اکائی سے بلند تر ہے۔ ہر ایک سے پاک اور بوسیلہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قل ھو اللہ احد اللہ الصمد، لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوًا احد۔ کہ تو ہمارے آقا محمدؐ پر درود و سلام نازل فرما۔ جو وجود ہونے کی زندگی کا راز ہیں۔ ہر موجود کے لیے بڑا سبب ہیں۔ ایسا درود جو میرے دل میں ایمان پیدا کرے اور مجھے قرآن زبانی یاد کروا دے۔

marfa.com
Marfat.com

اور مجھے قرآن کا مفہوم سمجھا دے اور جس سے تو میرے لیے نیکیوں
اور نعمتوں کا نور کھول دے اور اپنی ذات کو دیکھنے والا نور کھول،
دے، اور آپ کی آل اور صحابہ کرام پر"
یہ دونوں درود شریف سیدی عارف باللہ شیخ محمد تقی الدین دمشقی حنبلی
کتاب عقیدۃ الغیب کے مؤلف ہیں۔ جو ابو شعر و شعیر کے نام سے مشہور ہیں۔ رضی
اللہ عنہ۔ یہ ان کے مجموعہ جواہر انوار حیاۃ القلوب فی الصلاۃ والسلام
علی افضل محبوب سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان میں سے پہلا
درود شریف سیدی علامہ سید محمد عابدین نے اپنے اس مجموعہ میں ذکر کیا ہے، جو ان
کو ہمارے شیخ علامہ شاکر العقاد کے افادات کے ذریعے پہنچا ہے فرمایا کہ ان
فوائد میں سے یہ درود شریف بھی ہے جو عارف باللہ شیخ محمد المعروف ابو شعر
حنبلی مؤلف عقیدۃ الغیب کا لکھا ہوا ہے۔ اور دوسرا یعنی اللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ
آخر تک، تو اس کے فوائد پر میں نے ایک مستقل رسالہ دیکھا ہے۔ جس کے مصنف نے
اس کا نام اسم اعظم رکھا ہے۔ مجھے مصنف کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔ شائد اس کے مصنف
اس درود شریف کے مصنف شیخ تقی الدین خود ہیں۔ مصنف علیہ الرحمہ فرماتے ہیں
یہ عظیم الشان رسالہ ہے جن میں اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم کے خواص و فوائد و تصرفات
ذکر کیے جائیں گے۔ جن کو صاحب عقیدۃ الغیب نے ذکر کیا ہے، اور رجال الغیب
قدس سرہم کے طریقے ذکر ہوں گے اور اس میں بڑے عجیب غریب اسرار مذکور
ہیں ان میں سے ایک یہ کہ جب تم اسے ہر روز سو مرتبہ پڑھو تو اولیا میں شامل ہو جاؤ
گے اور اگر ہر روز ایک ہزار بار پڑھو تو تمہیں غیب سے رزق ملے گا۔ ایک یہ کہ اگر
ہفتہ کی رات کسی عالم کی تباہی کے لیے اسے ہزار بار پڑھو تو اس کی عجیب ہلاکت
دیکھو گے۔ ایک یہ کہ راہزنی کا خاتمہ، اپنے بائیں پاؤں کے نیچے سے مٹھی بھر مٹی لیکر

marfa.com
Marfat.com

اس پر سات بار پڑھو اور دشمن کی طرف فضا میں اسے پھینک دو تو اسی وقت ان پر ہلاکت پڑے گی۔ ان میں سے ایک یہ کہ گمشدہ چیز یا بھاگنے والے، یا چوری شدہ مال، چھینا ہوا سامان امانت قرض وغیرہ وصول کرنے کے لیے ہر روز سات مرتبہ پڑھو اور نیت یہ ہو کہ اس کا ثواب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، حضور کی آل، صحابہ کرام، احباب رجال الغیب توبہ کرنے والوں اور ان کے رئیس کو پہنچایا جائے گا پھر تم غریبوں مسکینوں اور یتیموں کو کوئی چیز اس وقت کھلاؤ جب تمہاری مراد پوری ہو جائے بندوں کے پروردگار کا شکر ادا کرتے ہوئے حضور علیہ السلام آپ کی آل وصحابہ، اولیاء اللہ اور دوستوں کی طرف سے، تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے تم اپنی مراد پالو گے ایک یہ کہ کسی بیماری کا مریض ہو لوبان پر پڑھ کر اس کا دھواں مریض پر پھونک دو۔ اللہ کے حکم سے تندرست ہو جائے گا۔ ان میں سے ایک یہ کہ دردِ سر ہو بخار ہو، آشوبِ چشم ہو، آنکھوں میں درد ہو، آدھے سر کو درد ہو، عرقِ گلاب پر سات مرتبہ اس کو پڑھو اور ہر مرتبہ ساتھ سورہ فاتحہ بھی پڑھ کر بیمار کے سر پر اس کی مالش کرو، اللہ کے حکم سے اسی وقت شفا ہو گی ایک یہ کہ جب فاتحہ کے ساتھ تم نے اس کو سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر لیا اور بیمار کو پلا دیا تو اللہ کے حکم سے شفایاب ہو گا۔ یونہی اگر عورت یا حیوان کا دودھ نہیں تو جاری اُبلتے چشمے سے پانی لے کر اس پر سات مرتبہ فاتحہ کے ساتھ یہ درود شریف پڑھ کر اس بیمار کو پلائیں۔ اور اس پر چھڑکاؤ بھی کریں۔ اللہ کے حکم سے شفایاب ہو گا اور دودھ دینے لگے گا۔ ایک یہ کہ یہ پانی اس بیمار کو پلائے جس کے پیشاب کی جگہ نکلی ہوئی ہے یا اس میں تکلیف ہے یا پیشاب بند ہو گیا اور بچے کی پیدائش میں تکلیف ہوتی ہے ان سب کے لیے فاتحہ کے ساتھ سات مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ تکلیف دور ہو جائے گی۔ برابر ہے کہ بتی پر پڑھیں، تیل پر پڑھیں پانی پر

marfa.com
Marfat.com

پڑھیں یا سُرمہ یا مہم وغیرہ پر ایک یہ کہ بیمار رومال پر پڑھ کر اسے سر پر باندھ لے اس سے زمینی عوارض ختم ہو جائیں گے اور طبیعت شفایاب ہو گی اور رُوح و طبیعت کو سکون ہو گا۔ ان میں سے ایک فائدہ یہ ہے کہ سوتے وقت پی لے غلط قسم کے خواب، گھبراہٹ، بھول، سانس میں تنگی، سینے میں درد، ہوائیں، پیٹ کے دَرد ٹوٹے ٹوٹکے، دل کی دھڑکن سب کے لیے مفید ہے ان میں سے ایک یہ کہ جب اسے لکھ کر دوکان میں رکھے تو اس میں رونق و حُسن ظاہر ہو گا دل اس کی طرف کھچے آئیں گے، تجارت نفع اور برکت بڑھے گی۔ ایک یہ کہ جس خیر و برکت کی نظر سے اسے پڑھو یا برکت کے لیے اس میں رغبت بڑھے گی۔ چمک اور حسن و جمال اس پر ظاہر ہوں گے۔ ان میں سے ایک فائدہ یہ کہ جب تم خواب میں حضور علیہ السلام یا خضر علیہ السلام کی زیارت کرنا چاہو اور کسی چیز کو معلوم کرنا چاہو یا کوئی ایسا علم حاصل کرنا چاہو جس سے دنیا یا آخرت میں فائدہ ہو تو سوتے وقت اسے ایک سَو مرتبہ پڑھ لو، با وضو اور قبلہ رُخ ہو کر اور سر کے پاس کوئی خوشبو ہو مثلاً عرق گلاب، گلاب کے پھول یا ایسی ہی کوئی چیز، اب نبی علیہ السلام کی روحانیت تم پر تمہاری استعداد کے مطابق جیسے تم چاہو ظاہر ہو گی۔ جوں جوں تمہاری قوت قوی ہوتی جائے گی۔ عالم ملکوت میں محض عالم خیال میں رُوحانی سلطنت کی خوشی بڑھتی جائے گی اور تم سینوں کے عجیب و غریب علوم بیان کرنے لگو گے جن کو تم سے نہ سمجھ سکے۔ جب خالص کی رضا کے لیے تم نے چالیس دن تک یہ عمل کیا تو تمہارے دل سے حکمت کے چشمے زبان پر جاری ہوں گے اور تم اہلِ کشف میں سے ہو جاؤ گے، اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے فیوضات سے انوار قبولیت میں رنگے جاؤ گے اور جو اسرار و رموز آنکھوں سے اوجھل ہیں وہ متشکل ہو کر تمہارے سامنے آجائیں۔ پس اپنا بھید چھپاؤ، تمہارا حکم چلے گا اور رازوں کی کُرید

marfa.com
Marfat.com

نہ کرو، ورنہ آزادوں کے دفتر سے تمہارا نام مٹا دیا جائے گا اور جو آپڑے اس پر راضی رہو یہ بہت مفید ہے۔ اگر تیرے لیے پردہ اٹھا لیا جائے تو معلوم ہو کہ تو نے وہی اختیار کیا جو ہونے والا تھا۔ ان میں سے ایک فائدہ یہ ہے بھاگے ہوئے کا لوٹ آنا بے دورے پڑتے ہوں، مشکلات حل کرنے کے لیے، جادو زدہ کو دور کرنے، قیدی کو رہائی دلانے، پریشان حال کو خوشحال کرنے، مغموم کو مسرور کرنے۔ قرض دار جس پر کوئی ناراض ہو، دشمکارا ہوا ہو، فالج زدہ ہو، بیمار ہو، بخار میں مبتلا ہو، دیگر عوارض پیش ہوں۔ حاملہ ہو، تو ایک اوقیہ (چالیس درہم تقریباً دس تولہ چاندی) زیتون کا تیل لو اسے سفید شیشی میں ڈال کر منہ کے نیچے مینڈھے میں لٹکا کر قبلہ کی جانب دیوار کے سامنے رکھ دو اور لوبان کی دھونی سلگاؤ کہ اولیاء اللہ اور نیکوں کا عنبر یہی۔ اور تمام دھونیوں کا بادشاہ، اور جب اس کو تو یہ جامع دھونی ہو جائے گی اور مشکلات حل کرنے والے بادشاہ (اللہ تعالیٰ) کے حکم سے روحوں کی قبولیت جلد ہو گی، پھر دو رکعت نفل پڑھ کر اس کا ثواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پُر فتوح کو ہدیہ کر، اور آپ کی آل و اصحاب سب کو، اس کے ساتھ اسم اعظم کو بھی ایک ہزار بار ملا لے۔ ان دھونیوں کے درمیان قبلہ رُخ ہو کر بیٹھ جا، اور جس زیتون پر تو نے پڑھا ہے وہ تیرے سامنے ہو، اور اپنا ہاتھ اس پر رکھ لے۔ جب سب پڑھ لے تو دو رکعتوں پر خاتمہ کر اور اس کا ثواب اللہ کی طرف سے رسولِ پاک صلے اللہ علیہ وسلم اور حضور کی آل و اصحاب کی خدمت میں ہدیہ کرنے کی نیت کر، اس کے بعد زیتون پر سے ہاتھ اٹھا لے، فرشتے تمہارے منہ سے (یہ کلمات) لیں گے۔ پھر حاجت مند اسے استعمال کرے کھانے میں بھی اور بطورِ تیل بھی۔ تین دن یا اس سے زیادہ، اللہ کے حکم سے بڑا فائدہ ہو گا۔

marfa.com
Marfat.com

ایک سو بارہ ۱۱۲ دروود شریف

سیدی ابوالعباس نسجانی کا اس کا نام جوہرۃ الکمال ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی عَیْنِ الرَّحْمَۃِ الرَّبَّانِیَّۃِ وَالْیَاقُوْتَۃِ الْمُتَحَقِّقَۃِ الْحَائِطَۃِ بِمَرْکَزِ الْفُھُوْمِ وَالْمَعَانِیْ۔ وَنُوْرِ الْاَکْوَانِ الْمُتَکَوِّنَۃِ الْاَدَمِیِّ صَاحِبِ الْحَقِّ الرَّبَّانِیْ۔ اَلْبَرْقِ الْاَسْطَعِ بِمُزْنِ الْاَرْیَاحِ الْمَالِئَۃِ لِکُلِّ مُتَعَرِّضٍ مِنَ الْبُحُوْرِ وَالْاَوَانِیْ وَنُوْرِکَ اللَّامِعِ الَّذِیْ مَلَأَتْ بِہٖ کَوْنَکَ الْحَائِطِ بِاَمْکِنَۃِ الْاَکْوَانِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی عَیْنِ الْحَقِّ الَّتِیْ تَتَجَلّٰی مِنْھَا عَرُوْشُ الْحَقَائِقِ عَیْنِ الْمَعَارِفِ الْاَقْدَمِ صِرَاطِکَ التَّامِّ الْاَقْوَمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی طَلْعَۃِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ الْکَنْزِ الْاَعْظَمِ۔ اِفَاضَتْکَ مِنْکَ اِلَیْکَ اِحَاطَۃِ النُّوْرِ الْمُطَلْسَمِ۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ صَلٰوۃً تُعَرِّفُنَا بِھَا اِیَّاہُ۔

ترجمہ الٰہی درود وسلام بھیج رحمتِ ربانی کے سرچشمہ پر اور اس یاقوت پر جو فہم ومعانی کی مرکزی دیوار میں آویزاں ہے اور حق ربانی کے سزاوار انسان کی کائنات کا نور ہے اور ان تیز ہواؤں کی چمکتی بجلی پر جو سمندروں کے پانیوں سے بھری ہوئی ہے اور اپنے اس چمکتے نور پر جس سے تو نے کائنات کا کونہ کونہ بھر رکھا ہے۔ الٰہی حق کے سرچشمہ پر درود وسلام بھیج! جس سے حقائق کے عرش چمک

marfa.com
Marfat.com

رہے میں۔ قدیمی معارف کا سرچشمہ۔ تیرا مکمل سیدھا راستہ۔ الٰہی اس پر درود وسلام بھیج جو حق کے ساتھ حق کی چمک ہے۔ بڑا خزانہ ہے تجھ سے تیری طرف فیض لینے کا بحرِ نور ہے۔ حضور پر اللہ ایسا درود بھیجے جس سے ہمیں حضور کی معرفت حاصل ہو اور آپ کی آل پر۔

۱۱۳ ایک سو تیرہواں درود شریف

بھی انہی کا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ مِنْ خَلْقِکَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِیْ لَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ"

ترجمہ: الٰہی! ہمارے آقا و مولا محمد نبی پر درود وسلام بھیج تیری جتنی مخلوق نے حضور پر درود بھیجا اس کے برابر، اور درود بھیج ہمارے آقا محمد پر جیسے ہمیں ان پر درود بھیجنا چاہیئے اور ہمارے آقا محمد نبی پر درود بھیج، جیسا تو نے ہم کو حضور پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے۔

۱۱۴ ایک سو چودھواں درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ صَلٰوۃً تَعْدِلُ جَمِیْعَ صَلَوَاتِ اَھْلِ مَحَبَّتِکَ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

marfa.com
Marfat.com

وَعَلٰی آلِهٖ سَلَامًا یَعْدِلُ سَلَامَهُمْ"

الٰہی ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر ایسا درود بھیج، جو تیرے

ترجمہ: تمام محبت کرنے والوں کے درود کے برابر ہو، اور ہمارے آقا

محمد اور آپ کی آل پر ایسا سلام بھیج جو ان کے سلام کے برابر ہو۔

یہ تینوں درود شریف بڑے مشہور ولی جناب سیدی ابوالعباس احمد سجانی مغربی کے ہیں جو مقام فاس میں مدفون ہیں۔ پہلے کا نام ہے، جوہرۃ الکمال، جیسا کہ ان کے شاگرد علی بن حرازم کی کتاب جواہر المعانی میں لکھا ہے، وہ لکھتے ہیں کہ یہ درود شریف رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیداری میں ان کو خود لکھوایا تھا اور یہ کہ حضور علیہ السلام نے اس کے چند خواص بھی بیان فرمائے تھے ان میں سے ایک یہ کہ جو آدمی اس کو ہفتہ یا اس سے زیادہ مرتبہ پڑھے اس کے پاس حضور علیہ السلام اور چاروں خلفاء راشدین کی روحیں حاضر ہوتی ہیں، جب تک پڑھتا ہے، ایک یہ کہ جو شخص لازمی طور پر سات مرتبہ سے زیادہ اس کو پڑھے حضور علیہ السلام اس سے خصوصی محبت فرماتے ہیں اور جب تک ولی نہ بن جائے مرے گا نہیں۔ اور شیخ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جس نے اسے باوضو ہو کر سوتے وقت پاک بستر پر سات مرتبہ پڑھا اس کو نبی علیہ السلام کی زیارت ہو گی۔ دوسرے درود شریف کا نام ہے "رفع الاعمال" کا درود اور آپ نے دوسرے اور تیسرے درود کی بھی بہت فضیلت بیان کی ہے

تنبیہ: پہلے درود کی اصل عبارت یوں ہے عین المعارف الاقوم مواطئ اتم الاسقم اور بے شک یہ لفظ بدلا ہوا ہے کیونکہ اس میں خرابی ظاہر ہے۔ اسی لیے میں نے لفظ اقوم کو مؤخر کر دیا ہے اور اس کو اقدم کی جگہ رکھا ہے۔ اور یہی صحیح ہے: اور اس کی جگہ میں نے لفظ اعلم رکھ دیا ہے کہ معارف سے مناسب تر یہی ہے۔ واللہ اعلم۔

marfa.com

Marfat.com

ایک سو پندرواں ۱۱۵ درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُقْطَۃِ دَائِرَۃِ الْوُجُوْدِ۔
وَحِیْطَۃِ اَفْلَاکِ مَرَائِی الشُّھُوْدِ۔ اَلَفِ الذَّاتِ السَّارِیْ
سِرُّھَا فِیْ کُلِّ ذَرَّۃٍ۔ حَمَاءِ حَیَاۃِ الْعَالَمِ الَّذِیْ جَعَلَ
مِنْہُ مَبْدَاہُ وَاِلَیْہِ مُقَرَّہٗ۔ مِیْمِ مُلْکِکَ الَّذِیْ
لَا یُضَاھٰی۔ وَدَالِ دَیْمُوْمِیَّتِکَ الَّتِیْ لَا تَتَنَاھٰی۔ مَنْ
اَظْھَرْتَہٗ مِنْ حَضْرَۃِ الْغَیْبِ فَکَانَ مِنَصَّۃً لِتَجَلِّیَاتِ
ذَاتِکَ۔ وَاَبْرَزْتَہٗ بِکَ مِنْ نُوْرِکَ فَکَانَ مِرْاٰۃً۔
لِجَمَالِکَ الْبَاھِرِ فِیْ حَضْرَۃِ اَسْمَائِکَ وَصِفَاتِکَ۔
شَمْسِ الْکَمَالِ الْمُشْرِقِ نُوْرُھَا عَلٰی جَمِیْعِ الْعَوَالِمِ
الَّذِیْ کَوَّنْتَ مِنْہُ جَمِیْعَ الْمُکَوَّنَاتِ فَکُلٌّ مِنْھَا بِہٖ
اُمَّتِهٖ وَمِنْ بِيْمِ اُقْتَدٰى۔ وَسَلِّمِ اَللّٰهُمَّ عَلَيْهِ وَ
عَلَيْهِمْ تَسْلِيْمًا كَذَالِكَ۔ فَالْكُلُّ مَمْلُوْكُ وَاَنْتَ وَحْدَكَ
اُلْمَالِكُ۔

(۴) اَللّٰهُمَّ صَلِّ اَفْضَلَ صَلَاةٍ وَاَكْمَلَهَا۔ وَاَدْوَمَهَا
وَاَشْمَلَهَا۔ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ اَلَّذِىْ خَصَّصْتَهٗ
بِالسِّيَادَةِ الْعَامَّةِ فَهُوَ سَيِّدُ الْعَالَمِيْنَ عَلَى
اُلْاِطْلَاقِ۔ وَرَسُوْلِكَ اَلَّذِىْ يَعَتْتَهٗ بِاَحْسَنِ الشَّمَائِلِ
وَاَوْضَحِ الدَّلَائِلِ لِيُتَمِّمَ مَكَارِمَ اُلْاِخْلَاقِ۔ صَلَاةً
تُنَاسِبُ مَا بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ مِنَ الْقُرْبِ اَلَّذِىْ مَا فَازَ
بِهٖ اَحَدٌ۔ وَتُشَاكِلُ مَا لَدَيْكُمَا مِنَ الْحُبِّ اَلَّذِىْ اَنْفَرَدَ
بِهٖ فِى الْاَزَلِ وَالْاَبَدِ۔ صَلَاةً لَا يُعَدُّهَا وَلَا يَحُدُّهَا
قَلَمٌ وَلَا لِسَانٌ۔ وَلَا يَصِفُهَا وَلَا يُعَرِّفُهَا
مَلَكٌ وَلَا اِنْسَانٌ۔ صَلَاةً تَسُوْدُ كَافَّةَ الصَّلَوَاتِ
كَمَا دَتِهٖ عَلٰى كَافَّةِ الْمَخْلُوْقَاتِ۔ صَلَاةً يَشْمَلُنِىْ
نُوْرُهَا مِنْ جَمِيْعِ جِهَاتِىْ۔ فِىْ جَمِيْعِ اَوْقَاتِىْ۔
وَيُلَازِمُ مُجَمِيْعَ ذَرَّاتِىْ۔ فِىْ حَيَاتِىْ وَبَعْدَ
مَمَاتِىْ۔ وَعَلٰى اٰلِهِ الْاَطْهَارِ۔ وَاَصْحَابِهِ الْاَخْيَارِ
وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا۔

(۵) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ
وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ صَلَاةً لَا صَلَاةَ اَفْضَلُ مِنْهَا
لَدَيْكَ وَلَدَيْهِ۔ وَلَا صَلَاةَ اَحَبُّ مِنْهَا اِلَيْكَ وَاِلَيْهِ

marfa.com
Marfat.com

وَلَا صَلَاةَ أَنْفَعُ مِنْهَا لَهُ وَلِكُلِّ مَنْ صَلَّى عَلَيْهِ۔
صَلَاةً تَجْمَعُ مَا فِي جَمِيعِ الصَّلَوَاتِ۔ مِنَ الْفَضَائِلِ
وَالْكَمَالَاتِ۔ بِجَمِيعِ الْأَعْدَادِ وَالْمُضَاعَفَاتِ۔ مَعَ
جَمِيعِ التَّقْدِيرَاتِ وَالِاعْتِبَارَاتِ۔ الْمَطْلُوبَةِ لَهُ
مِنْ جَمِيعِ الْمُصَلِّينَ عَلَيْهِ مِنْ أَهْلِ الْأَرَضِينَ
وَالسَّمَوَاتِ۔ فِي كُلِّ لَحْظَةٍ زِنَةَ جَمِيعِ الْمَخْلُوقَاتِ۔
وَمِلْءَ جَمِيعِ الْعَوَالِمِ مِنْ كُلِّ الْجِهَاتِ وَعَلَى آلِهِ
وَأَزْوَاجِهِ وَأَصْحَابِهِ۔ وَكُلِّ مَنْ دَخَلَ إِلَى دِينِكَ
الْمُبِينِ مِنْ بَابِهِ۔ وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا كَثِيرًا۔

(٦) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ
وَرَسُولِكَ وَخَيْرِ خَلْقِكَ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلَى آلِهِ وَ
صَحْبِهِ وَسَلِّمْ صَلَاةً وَسَلَامًا دَائِمَيْنِ يَمُلَّانِ
بِكَمَالِهِمَا دَائِرَةَ الْإِمْكَانِ۔ وَيَنْفَرِدَانِ بِجَمْعِهِمَا
كُلَّ مَا يَقْتَضِيهِ الْكَرَمُ الْإِلٰهِيُّ مِنْ أَنْوَاعِ الْحُسْنِ وَالْإِحْسَانِ۔
وَيَجْمَعَانِ فَضَائِلَ الصَّلَوَاتِ وَالتَّسْلِيمَاتِ الَّتِي أَرَدْتَهَا
لَهُ أَدْ لِسِوَاهُ فِي الْمَاضِي وَالْحَالِ وَالِاسْتِقْبَالِ۔
وَلَا يَشِذُّ عَنْهُمَا خَيْرٌ قَدَّرْتَهُ لِأَحَدٍ فِي الدَّارَيْنِ
مِنْ مَحَاسِنِ الصِّفَاتِ وَالْأَسْمَاءِ وَالْأَفْعَالِ۔ تُطَهِّرُنِي
بِهِمَا مِنْ كُلِّ مَا لَا يَرْضِيكَ عَنِّي مِنْ أَفْعَالٍ أَوْ أَقْوَالٍ
أَوْ نِيَّاتٍ۔ وَتَكْفِينِي كُلَّ مَضَرَّةٍ وَتُوَلِّيَنِي كُلَّ خَيْرٍ فِي
الْحَيَاةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ۔

marfa.com
Marfat.com

اَللّٰهُمَّ صَلِّ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ وَاَنْمَاهَا۔ وَاَشْمَلَهَا وَاَزْكٰى
سَعْيِهَا۔ وَاَجْمَلَهَا وَاَجْمَعَهَا۔ وَاَحْسَنَهَا وَاَبْدَعَهَا۔
وَاَنْوَاهَا وَاَسْطَعَهَا۔ وَاَكْمَلَهَا وَاَرْفَعَهَا۔ وَاَعْلَاهَا
مَكَانَةً لَدَيْكَ۔ وَاَحَبَّهَا مِنْ كُلِّ الْوُجُوْهِ اِلَيْكَ۔ عَدَدَ
مَعْلُوْمَاتِكَ۔ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ فِيْمَا كَانَ بِغَيْرِ بِدَايَةٍ۔
وَفِيْمَا يَكُوْنُ بِغَيْرِ نِهَايَةٍ۔ لَوْ قُسِمَتْ جَمِيْعُ الْعَوَالِمِ اِلٰى
اَصْغَرِ اَجْزَائِهَا لَنَفِدَتْ قَبْلَ نَفَادِهَا۔ وَمَا بَلَغَتْ
عُشْرَ مِعْشَارِ اَعْدَادِهَا۔ تَتَوَالٰى عَلَيْهِ فِيْ كُلِّ لَحْظَةٍ
مُتَكَمِّلَةً فَضْلَهَا۔ مَضْرُوْبَةً فِيْ مَجْمُوْعِ مَا قَبْلَهَا۔ حَتّٰى
تُصَاحِبَ سَوَابِقَ الْاٰبَادِ۔ وَتَعْجَزَ عَنْ لُحُوْقِهَا جَمِيْعُ
الْاَعْدَادِ۔ تَفْضُلُ جَمِيْعَ الصَّلَوَاتِ۔ كَفَضْلِهٖ
عَلٰى جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ مَشْفُوْعَةً بِسَلَامٍ مِّنْكَ
يُمَاثِلُهَا۔ لَا تَفْضُلُهُ وَلَا يَفْضُلُهَا۔ صَلٰوةً وَّسَلَامًا
يَصْدُرَانِ مِنْ فَيْضِ فَضْلِكَ الَّذِيْ لَا يَنْفَدُ وَيَتَوَارَدَانِ
عَلٰى اَحَبِّ عَبِيْدِكَ اِلَيْكَ اَيِ الْقَاسِمِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔ وَكُلِّ مَنْ دَخَلَ تَحْتَ
حِيْطَةِ دِيْنِهِ الْمُبِيْنِ۔

ترجمہ: (۱) الٰہی درود وسلام بیحد ہمارے آقا محمد پر جو کامل ودائم ہو جس میں اول وابد شریک ہوں۔ جس درود میں میں حضور کے ساتھ اللہ کی مخلوق میں سے کوئی اور شریک نہ ہو۔ وہ درود جس کی خبر نہ دی جا سکے کہ محدود ہو جائے، اور جس کی حد بندی نہ ہو سکے کہ شمار ہو۔ ایسا درود جو متقرین

marfa.com
Marfat.com

کے اعلیٰ ترین درجے کی آخری حد تک پہنچی ہوئی ہو جس کی ابتدا کو ازل و ابد تک کوئی نہ پہنچ سکے۔ اور حضور کی آل پر جو سب سے بڑھ کر قریب ہیں۔ اور اہلِ ایمان کی ماؤں پر، اور حضور کے صحابہ پر جو راہ چلنے والوں کے لیے ستارے ہیں۔ اور حد سے گزرنے والوں کے لیے پشکار۔ اور اُن پر جو نیکی کے ساتھ تا قیامت ان کی پیروی کرنے والے ہیں "

(۲) الٰہی درود بھیج ہمارے آقا محمدؐ پر، فاضل تر اور کامل تر درود۔ دائم تر اور عام تر۔ ایسا درود جو ان تمام درودوں کے برابر ہو۔ جو تُو نے ازل میں اُن پر بھیجے یا ابد کو بھیجے گا یا ان دو کے درمیانی مُدت میں بھیجے گا۔ اور اس تمام درود کے برابر جو تیری تمام مخلوق جن، انسان اور تمام فرشتوں نے سرکار پر بھیجا۔ ایسا درود جو حد و شمار سے بالا ہو، جس کے حد و شمار کو تمام الفاظ و شمار نہ پہنچ سکیں۔ جس کے ذریعے تُو مجھے ان لوگوں میں سے کر دے جو تمام مُسلمانوں میں زیادہ نیک بخت ہُوں، جو تیری اور تیرے محبُوب کی رضا سے دُنیا و آخرت میں کامیاب ہُوں۔ اور حضورؐ کی آل، ازواج اور آپ کے مسلمان رشتہ داروں پر جن کا حضور سے کسی طرح کا بھی رشتہ ہو۔ اور آپ کے صحابہ کرام پر جو حضور کی ذاتِ اقدس کی زیارت سے مشرف ہُوئے اور جنہوں نے سرکار کے معجزات آنکھوں سے دیکھے اور خُوب خُوب نازل فرما "

(۳) الٰہی ہمارے آقا محمدؐ پر درُود و سلام بھیج، اور آپ کی آل پر اس سے افضل درود جو تُو نے اپنے نیک اور مُقرب بندوں پر بھیجا یا بھیجے گا کہ جو تُو نے سیدنا ابراہیم علیہ السلام اور اُن کی آل پر بھیجا، اپنے کمال کے باوجود، اس سے اسے وہ نسبت ہو جو ایک ذرّے کو تمام کائنات سے ہے۔

marfa.com
Marfat.com

اور سرکار کے بھائیوں یعنی انبیائے کرام پر جو آپ سے پہلے زمانہ میں گزرے گئے جیسے بادشاہ سے پہلے اُمرا گزرتے ہیں اور آپ کے صحابہ کرام پر جو ہدایت کے ستارے اور آپ کی اُمت کے آئمہ اور لائق اقتدا ہیں۔ الٰہی یونہی حضور علیہ السلام اور ان سب پر بہت بہت سلام نازل فرما۔ یہ سب تیرے مملوک ہیں، تو تنہا ان کا مالک ہے۔"

(۴) الٰہی افضل تر، کامل تر، دائم تر، اور شامل تر درود و سلام، بھیج ہمارے آقا محمدؐ پر، جو تیرے ایسے بندے ہیں، جن کو تو نے سیادتِ عامہ سے مخصوص فرمایا۔ پس وہ مطلقاً تمام جہانوں کے سردار ہیں۔ اور تیرے وہ رسول ہیں کو تو نے بہترین اخلاق اور واضح ترین دلائل دے کر مبعوث فرمایا تاکہ وہ اخلاق حسنہ کو درجۂ کمال تک پہنچائیں۔ ایسا درود جو تیرے اور ان کے درمیان پائے جانے والے قُرب کے مناسب ہو، جس قُرب سے کوئی دوسرا نوازا نہیں گیا اور ایسا درود جو تیرے اور تیرے حبیب کے درمیان پائی جانے والی ازلی ابدی محبت کے شایانِ شان ہو۔ ایسا درود و سلام جس کے حد و شمار سے زبان و قلم قاصر ہوں۔ جس کے انسان و فرشتہ بیان کرنے سے عاجز ہو، ایسا درود جو تمام درودوں کا سردار ہو، جیسے حضور علیہ السلام تمام مخلوق کے سردار ہیں، ایسا درود جس کی روشنی مجھے ہر طرف سے، ہر وقت اپنی جلوہ سامانیوں سے منور کرتی رہے اور زندگی و موت (ہر حال میں) میرے ذرے ذرے کو لازمی طور پر چمکاتی رہے اور حضور کی آلِ پاک اور بہترین صحابہ کرام پر، اور بہت بہت سلام نازل فرما۔

(۵) الٰہی ہمارے آقا محمدؐ پر درود بھیج جو تیرے بندے نبی اور رسول ہیں ایسا

marfa.com
Marfat.com

درود جس سے بڑھ کر تیرے اور ان کے نزدیک کوئی درود نہ ہو اور جس سے محبوب تر کوئی درود تیرے اور ان کے نزدیک نہ ہو، اور ایسا درود جس سے بڑھ کر نفع مند کوئی درود حضور کے لیے ہو نہ پڑھنے والے کے لیے ایسا درود جو تمام درودوں کے فضائل اور نیکیاں اپنے اندر سمیٹ لے۔ تمام اعداد و شمار اور اُن سے دُونا دُون۔ تمام تقادیر و اعتبارات کے ساتھ جو زمینوں اور آسمانوں کے درود پڑھنے والوں مطلوب ہیں لحظہ بہ لحظہ تمام مخلوق کے وزن کے برابر۔ تمام جہانوں کی تمام جہتوں کے برابر، اور آپ کی آل ازواجِ مطہرات اور صحابہ کرام پر، اور ہر اس آدمی پر، جو حضورؐ کے دروازے سے تیرے دینِ متین میں داخل ہوا، اور بہت بہت سلام بھیج۔

(۶) الٰہی درود و سلام بھیج ہمارے آقا محمدؐ پر، جو تیرے بندے نبی، رسول اور بہترین مخلوق ہیں نبیٔ اُمّی ہیں اور آپ کی آل و اصحاب پر ایسا درود و سلام جو دائمی ہو جن کے کمال سے دائرہ امکان پُر جائے اور کرمِ خداوندی کے مطابق حسن و احسان کی تمام اقسام سے جو ممتاز و مختص ہوں اور ایسے درود و سلام جو درود و سلام کی ان تمام فضیلتوں کے جامع ہوں، جو تو حضورؐ کے لیے یا کسی اور کے لیے ماضی، حال یا استقبال میں چاہے اور جن سے کوئی ایسی خوبی رہ نہ جائے جو تو نے دو جہانوں میں کسی کی قسمت میں لکھی ہے۔ وہ خوبی صفات سے متعلق ہو، اسماء سے یا افعال سے جس کے صدقے تو مجھے ان تمام افعال، اقوال اور نیات سے صاف کر دے جو تیرے ناپسندیدہ ہیں اور جو ہر تنگی میں مجھے کفایت کریں، اور زندگی میں یا مرنے کے بعد ہر خیر و خوبی مجھے عطا کریں۔

marfa.com
Marfat.com

الٰہی اپنا افضل، مفید تر، شامل تر، کثیر تر، خوبصورت تر، جامع تر، بہتر جدید تر، روشن تر، واضح تر، کامل تر اور بلند تر اور وُہ جو تیری بارگاہ میں عزیز تر ہو، اور جو ہر لحاظ سے تیری بارگاہ میں محبوب تر ہو وہ دُرود نازل فرما۔ اپنی معلومات، اپنے کلمات کی سیاہی اور جو کچھ غیر ابتداء کے ہو چکا اور جو بغیر انتہا کے ہو گا۔ اس سب کے برابر، کہ اگر تمام دنیا کو سب سے چھوٹے جز تک تقسیم کیا جائے تو ختم ہو جائے مگر درُود شریف ختم نہ ہو۔ اور اس کے دسویں حصہ کو بھی نہ پہنچے۔ یہ درود شریف ہر لمحہ اپنی پوری فضیلت کے ساتھ آپ پر نازل ہوتا رہے اور اس تعداد کو تمام گزشتہ تعداد میں ضرب دے کر جو حاصل ضرب نکلے، یہاں تک کہ وہ گزشتہ زمانوں سے مل جائے اور اعداد و شمار اس سے عاجز آ جائیں۔ وہ درُود جو تمام درُودوں پر ایسی فضیلت حاصل کرے جیسی تمام مخلوق پر حضور علیہ السلام کو حاصل ہے۔ ایسا درُود جو تیری طرف سے آنے والے سلام کے ساتھ مل جائے۔ اور دوگنا ہو جائے۔ نہ یہ اس سے بڑھے نہ وُہ اس سے، ایسے درُود و سلام جو تیرے اس فیض و کرم سے نکلیں، جو کبھی ختم نہ ہو، اور پے در پے نازل ہوئی تیرے محبوب ترین بندے ابو القاسم سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل و اصحاب سب پر اور جو بھی آپ کے دینِ مبین کے دائرے میں داخل ہو اس پر۔"

یہ درُود شریف سات درُودوں پر مشتمل ہے پہلا درُود شریف میری کتاب "انوار المحمدیہ من المواھب اللدنیہ" کے خطبہ میں ہے۔ دوسرا درُود شریف میری کتاب "حجۃ اللہ علی العالمین فی معجزات سید المرسلین" کے خطبہ میں ہے تیسرا درُود شریف میری کتاب "افضل الصلوٰت علی سید السادات" کے خطبہ میں ہے۔ چوتھا درود

marfa.com
Marfat.com

رفیف میری کتاب "وسائل الوصول الی شمائل الرسول" صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبہ میں ہے۔ پانچواں درود شریف میری کتاب "صلوات الثنا علی سید الانبیاء" کے خطبہ میں ہے۔ چھٹا درود شریف میری کتاب "الفضائل المحمدیہ" کے خطبہ میں ہے۔ ساتواں درود شریف میری اس کتاب "سعادۃ الدارین فی الصلوٰۃ علی سید الکونین" صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبہ میں ہے اور جیسا کہ آپ دیکھ رہے ہیں سب کے سب کامل تر اور بلیغ تر عبارات پر مشتمل درود ہیں۔

ایک سو تیسواں درود شریف

"اَللّٰھُمَّ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مِنْ صَلَوٰتِ اللّٰہِ وَتَسْلِیْمَاتِہٖ وَ تَحِیَّاتِہٖ وَبَرَکَاتِہٖ فِیْ کُلِّ لَحْظَۃٍ مَا یُمَاثِلُ فَضْلَکَ الْعَظِیْمَ۔ وَیُعَادِلُ قَدْرَکَ الْفَخِیْمَ۔ وَیَجْمَعُ لَکَ فَضَائِلَ جَمِیْعِ اَنْوَاعِ الصَّلٰوۃِ وَالتَّسْلِیْمِ"

ترجمہ: آپ پر یا رسول اللہ! اللہ کی اتنی درودیں (رحمتیں) سلامتیاں، تحائف اور برکتیں لحہ بہ لحہ نازل ہوں، جو تیرے بڑے فضل کے برابر ہوں اور تیری عظمتِ شان کے مساوی ہوں۔ اور تمام اقسام کے درود و سلام کے فضائل کا مجموعہ آپ کو نصیب ہو"

یہ درود شریف میں نے اپنی کتاب "صلوات الثنا علی سید الانبیاء" صلی اللہ علیہ وسلم میں ذکر کیا ہے۔ تاکہ معجزات خطابیہ کے تمام الفاظ کے بعد اس کو بار بار پڑھا جائے۔ میں نے ایک دفعہ صرف یہی درود شریف پڑھا تھا، جس کی بہت اچھی

marfa.com
Marfat.com

تاثیر میں نے پائی اور یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھے جانے والے درودوں میں سے
جامع تر درود شریف ہے۔

marfa.com
Marfat.com

تنبیہات

پہلی تنبیہ ان الفاظ کے بیان میں، جن سے ایسا مفہوم پیدا ہوتا ہے جس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو جائز نہیں۔ علامہ ابن عابدین شامی نے "الدر المختار" پر اپنے حاشیہ "ردالمحتار" شامی کی بحث الحظر والاباحۃ میں فرمایا: "دیکھنا چاہیئے کہ جس طرح دعا میں دوسرے مشتبہ الفاظ سے پرہیز کرنا چاہیئے یہ لفظ بھی نہ بولے کہ تیرے تختِ سلطنت کا صدقہ" کہ یہ متشابہ لفظ ہے اور متشابہ وہ لفظ ہوتا ہے جس کا اطلاق قرآن و سُنّت کی رُو سے اللہ تعالیٰ کی ذات پر محال ہو جیسا کہ اس قسم کے درود شریف جو منقول ہیں مثلاً "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ عِلْمِكَ وَحِلْمِكَ وَمُنْتَهٰى سَخَطِكَ وَعَدَدَ كَلِمَاتِكَ وَعَدَدَ كَمَالِ اللّٰهِ" کہ اس سے ایک صفت کے متعدد ہونے کا وہم ہوتا ہے یا صفاتِ علم وغیرہ کے محدود ہونے کا گمان ہوتا ہے خصوصاً یہ کہنا کہ تیرے احاطۂ علم میں جو کچھ ہے اس کے برابر، تیرے سُننے میں جو آتا ہے اس کے برابر یا تیرے کلمات کے برابر؟ کیونکہ اس کے علم رحمت اور کلمات کی کوئی حد نہیں۔ اور لفظ عدد وغیرہ سے اس کے خلاف وہم پیدا ہوتا ہے۔ فرمایا کہ میں نے دلائل الخیرات کی شرح (مطالع المسرات) مصنفہ علامہ الفاسی میں اس موضوع پر ایک بحث دیکھی ہے۔ جس میں علامہ الفاسی فرماتے ہیں: "علماء نے اس مسئلہ میں اختلاف کیا ہے کہ جس شخص کو وہم نہ ہو وہ موہوم لفظ درود شریف میں استعمال کر سکتا ہے۔ یا نہیں یا ایسا لفظ موہوم جس کی آسانی سے تاویل ہو سکتی ہے جس کا موقع محل واضح اور طریقِ استعمال صحیح معنی میں خاص کر رہا ہے۔ علماء کی ایک جماعت نے، حضور علیہ السلام پر درود شریف کی کیفیات سے

marfa.com
Marfat.com

بحث کی ہے اور اس کو افضل کیفیت قرار دیا ہے۔ ان میں سے شیخ حنیف الدین الیافعی۔ اشرف البارزی اور الیاً القطان ہیں، جس سے یہ بات ان کے شاگرد اللہ نے نقل کی ہے"۔

امام ابن عابدین شامی فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں کہ ہمارے آئمہ کا اس بارے میں جو قول ہے اس کا مقتضیٰ یہی ہے کہ جب تک اس قسم کے الفاظ حضور علیہ السلام سے ثابت نہ ہوں، استعمال نہ کئے جائیں، جیسا کہ فقیہ (شامی) کا مذہب مختار ہے۔ غور کیجیے۔ واللہ اعلم۔ عبارت ختم ہوئی۔ میں نے اس بحث پر محقق فاضل شیخ محمد بخیت المطیعی کا جو مصر کی جامعہ ازہر کے علمأ میں سے تھے، ایک رسالہ دیکھا، جس کا نام انہوں نے الدعاء السیی البھیۃ فی جواز الصلوٰۃ علیٰ خیر البریۃ بالصیغۃ الکمالیۃ رکھا ہے جس سے میں نے آنے والی عبارت حاصل کی۔ مصنف اللہ ان کی حفاظت فرمائے، نے ابن عابدین کی مذکورہ عبارت نقل کرنے کے بعد فرمایا پہلے ضروری ہے کہ آپ کو متشابہ کا معنی معلوم ہو تاکہ اس کی جزئیات پر حکم لگا سکیں پس ہم کہتے ہیں کہ لغت میں متشابہ کا مطلب ہے، چیز کا اس کا گڈمڈ ہو جانا کہ ذہن امتیاز نہ کر سکے، اسی لیے جس چیز تک انسان نہ پہنچ سکے اس کو متشابہ کہتے ہیں۔ اور نامعلوم کو بھی متشابہ کہتے ہیں جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا"۔ گائے ہم پر مشتبہ ہو گی" اکثر محققین کے نزدیک جیسا کہ امام فخر الدین رازی نے نقل کیا ہے، عرف شرعی میں متشابہ کا معنیٰ ہے مجمل اور مؤول کے درمیان قدر مشترک"، امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں مجمل اور مشترک اس بات میں مشترک ہیں کہ لفظ کی دلالت اپنے کسی ایک معنیٰ پر راجح نہیں ہوتی۔ پس مجمل تو نہ راجح ہوتا ہے نہ مرجوح۔ مؤول راجح تو نہیں ہو سکتا لیکن مرجوح ہو سکتا ہے بغیر کسی مخصوص دلیل کے اسی قدر مشترک کو متشابہ کہتے ہیں کیونکہ دونوں قسموں میں نہ سمجھنے

marfa.com
Marfat.com

کا مفہوم موجود ہے۔ اور ہم بیان کر آئے ہیں کہ اسی کو متشابہ کہتے ہیں یا تو اس لیے کہ وہ چیز معلوم نہیں ہو سکتی، کیونکہ اس کے متعلق ذہن میں نفی جس طرح آتی ہے اسی طرح اثبات بھی آ رہا ہے، یا اس چیز سے کہ جس چیز میں شبہ آ جائے وہ معلوم نہیں ہو سکتی، پس متشابہ کا لفظ نامعلوم پر بولا گیا جیسا کہ سب کا نام مستب پر بول دیا جاتا ہے، پھر متشابہ کبھی تو ایسا ہوتا ہے جو مخلوق کو بغیر تعلیم الٰہی بالکل معلوم نہیں ہو سکتا، یہ اللہ تعالیٰ کا خاص ذاتی علم ہے جیسا کہ بعض سورتوں کے شروع میں حروف مقطعات، کئی اقوال میں سے ایک قول راجح کے مطابق اور کبھی متشابہ ایسا ہوتا ہے، جس کا یقینی مفہوم سمجھ میں نہیں آ سکتا۔ کیونکہ جو معنی لفظ سے سمجھ میں آ رہا ہے، وہ مراد لینا (عقلاً و شرعاً) محال ہے۔ سو لازم ہوا کہ صحیح معنی مراد لیا جائے۔ لیکن اس خاص معنیٰ پر کوئی قرینہ موجود نہیں، اسی آخری صورت کو متشکل بھی کہتے ہیں جیسے فرمانِ باری تعالیٰ ہے۔

اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا۔ ترجمہ: ہم نے بستیوں میں رہنے والے مالداروں کو حکم دیا تو انہوں نے بستیوں میں جرائم کیے۔

کیونکہ اس کا حقیقی معنیٰ مراد نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا یہ بھی فرمان ہے:

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَأْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ ترجمہ: بے شک اللہ بیہودہ باتوں کا حکم نہیں دیتا ؕ

یونہی اللہ نے کافروں کے اس قول کا کہ:

وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ ترجمہ: اللہ نے ہم کو اس کا حکم دیا ہے۔

مذکورہ آیت میں رد فرمایا ہے تو لازم ہوا کہ پہلی آیت کو اس کے حقیقی معنی سے، مجازی غیر معین معنیٰ کی طرف پھیر دیا جائے ہمارے مذکورہ نظریہ کی تائید متشابہ آیتوں

marfa.com
Marfat.com

کے متعلق سلف کے مسلک کو ترجیح دیتے ہوئے امام رازی نے جو استدلال کیا ہے اس سے بھی ہوتی ہے (سلف آیاتِ متشابہات میں تاویل نہیں آتے تھے اور معنیٰ مُرادی کو خُدا کے سپرد کرتے تھے۔ اس عقیدہ کے ساتھ کہ اللہ ہر عیب سے پاک ہے لہٰذا ظاہری معنی سے بھی پاک ہے جو اللہ کی شایانِ شان نہیں) امام رازی کے قول کا خلاصہ یہ ہے "جب لفظ کا راجح معنی ہو، پھر اس سے قوی تر دلیل سے معلوم ہو کہ ظاہری معنیٰ مُراد نہیں، تو ہمیں معلوم ہو جائے گا کہ اللہ کی مُراد اس حقیقت کا کوئی مجازی معنیٰ ہے اور مجازی معنوں میں کثرت ہے اور کسی ایک معنی کو ترجیح صرف لغوی مُرجح سے ہی ہو سکتی ہے۔ اور اس سے صرف ظنِ ضعیف کا فائدہ حاصل ہو سکتا ہے الخ" اور سلف کے مذہب کو یوں بھی ترجیح دی جا سکتی ہے کہ جب لفظ کو حقیقی معنی سے پھیر دیا گیا اور مجازی معنیٰ ایک نہیں متعدد ہو سکتے ہیں تو پھر کسی ایک معنیٰ کو اللہ کی مُراد قرار دینا اور دوسرے معنی کو رَد کرنا حالانکہ ممکن وہ معنی مُراد نہ ہو، اللہ تعالیٰ پر بڑی جرأت و جسارت کی بات ہے۔ پس ادب یہ ہے کہ لفظ کو معنی محال سے ہٹا دیا جائے اور مرادی معنی کیا ہے؟ اس کو سُپردِ خُدا کر دیا جائے۔ جیسا کہ ظاہر ہے تمہارے سامنے ہم نے جو وضاحت کی ہے۔ اسی کے پیشِ نظر علما نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے متعلق متشابہ الفاظ استعمال کرنا جائز نہیں۔ اور اگر ایسے الفاظ نصِ قطعی میں آجائیں تو ان کی مناسب تاویل لازم ہے اور (یہاں) نصِ قطعی سے ان کی مُراد وہ ہے جو (قرآن کے ساتھ) حدیثِ صحیح کو (بھی) شامل ہو، جسے اُمت نے نقل کیا اور قبول کیا اور بغیر انکار کے اس پر عمل کیا۔ یہ دلیل ہے اس بات کی کہ ان کے نزدیک اللہ تعالیٰ کے تمام اچھے اور مقدس نام اس پر بولے جا سکتے ہیں اور اس پر قریب قریب اجماع و اتفاق ہے۔ حالانکہ بعض اسمائے حُسنیٰ متشابہ قسم کے ہیں مثلاً صبوی، روایات و احادیث جو اس سلسلہ میں آتی ہیں اگرچہ صحیح ہیں اور اُمت نے ان کو قبول کیا ہے اور بغیر انکار ان پر عمل کیا ہے لیکن متواتر تو قطعاً نہیں، اور بلاشبہ

marfa.com

Marfat.com

مذکورہ درود شریف بھی اسی قبیل سے ہے یہ بات کہ یہ منقول و ماثور اور بغیر انکار اُمت کا معمول بہ ہے۔ سو اس کے متعلق سیّدی مُصطفےٰ البکری نے اپنی کتاب المنہل العذب میں فرمایا "پھر نبی کریم علیہ السلام پر سو مرتبہ درود شریف پڑھے، اور جو الفاظ پڑھے جائز ہیں، ہاں اگر ان الفاظ سے پڑھے تو زیادہ بہتر ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ كَمَالِ اللّٰهِ كَمَا يَلِيْقُ بِكَمَالِهٖ - الٰہی درُود و سلام و برکت نازل فرما، ہمارے آقا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کمال الٰہی کی تعداد کے برابر جیسے اس کے کمال کے لائق ہے"۔ ہم کو اس کی اجازت ہمارے مرحوم شیخ، ہمیشہ اللہ کی رحمت میں غوطہ زن رہیں، جب تک الحی القیوم جلوہ گر ہے اور جب تک اپنے جمال سے پردہ اٹھائے رکھے شیخ ابوالمواہب حنبلی یعلی رحمۃ اللہ، وہ اپنے والد شیخ عبدالباقی کی تصدیق کے ذمّہ دار ہیں ہم کو انہوں نے اپنے مشائخ اور اپنے والد کی تحریر کی اجازت دی ہے۔ ان کے والد نے اپنی تحریر میں اپنے بعض مشائخ کی یہ بات نقل کی ہے کہ وہ یہ درُود شریف ایک بار پڑھنا چودہ ہزار کے برابر ہے"۔ الخ۔ اور کچھ شک نہیں کہ سیّد بکری رضی اللہ عنہٗ بڑے آئمہ حنفیہ میں سے ہیں اور انہوں نے اپنے زمانہ کے بہت سے لوگوں کو یہ تلقین کی ہے جنہوں نے آپ سے یہ نعمت حاصل کی، اور لوگوں نے بغیر انکار اپنا معمول بنایا ہے۔ سیّد بکری نے اپنے شیخ ابوالمواہب سے اسے حاصل کیا جو حنبلی مسلک کے آئمہ میں سے تھے میں نے اس درُود شریف کو ان کے والد کی بیاض میں ذکر کیا ہے جیسا کہ تمہیں اس میں نظر آسکتا ہے۔ اور کسی نے اس پر بُرا نہیں منایا (یونہی) اس کو سیّد بکری سے شیخ الاسلام الحفنی نے حاصل کیا، جو اکابرین آئمہ شافعیہ میں سے تھے انہوں نے اسے اپنا معمول بنایا اور اپنے دور کے بہت لوگوں کو بھی بلا انکار اس کی تلقین فرمائی شیخ الاسلام حفنی سے یہ درُود شریف ابوالبرکات سیّدی احمد دادیر نے حاصل کیا۔

marfat.com
Marfat.com

ان کی برکتیں عام ہوں۔ آپ اکابر آئمہ مالکیہ میں سے تھے انہوں نے آگے بکثرت لوگوں کو اس کی اجازت دی اور اپنے دور میں علمائے کرام کے سامنے اس پر عمل کیا اور کسی نے انکار نہ کیا۔

امام سمرقندی نے اپنے کتاب "تنبیہ الغافلین" میں فرمایا۔ ہم سے قابل اعتماد شخص نے اپنی سند کے ساتھ ضحاک عن ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت بیان کی ہے کہ اسرافیل علیہ السلام حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا۔ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ فرماؤ، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ عَدَدَ مَا عَالِمَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَزِنَةَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ تَعَالٰى "اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے، اور اللہ بلند تر عظیم تر کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ اللہ کے علم کی تعداد اور اللہ کی معلومات کے وزن کے برابر" الخ۔ اور وہ تمام الفاظ جن سے دلائل الخیرات کے درود شریف بنے ہیں۔ وہ اکثر ان الفاظ مذکورہ پر مشتمل ہیں۔ حالانکہ اکثر لوگ اور خصوصاً علماً باعمل جو اس پر عمل پیرا ہیں۔ شمار سے باہر ہیں۔ اور کچھ شک کہ ان مذکورہ آئمہ کرام کا درود و ذکر کے مذکورہ بالا الفاظ پر متوجہ ہونا اور ان کو ہر آنے والے زمانہ میں یکے بعد دیگرے نسلاً بعد نسلٍ اپنا معمول بنایا، تمام دنیا کے لوگوں کا خواہ پہلے ہوں خواہ پچھلے، علماً کی موجودگی میں ان پر عمل کرنا۔ حالانکہ علماً کو بدعتوں سے روکنے کی بہت حرص رہتی ہے اور کسی سے ان کے خلاف کوئی بات منقول نہ ہونا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ یہ تمام الفاظ دراصل حضور علیہ السلام سے ثابت ہیں اور اُمت نے ان کو قبول کیا ہے پس اگر یہ فرض بھی کر لیا جائے کہ یہ متشابہ ہیں تاویل کے ساتھ اور محال معنی سے لفظ کو پھیر کر صحیح معنی میں استعمال کرنا جائز ہو جائے گا اسی لیے سیدی علی وفا رضی اللہ عنہ (میں نے ان علی وفا کا نام نہیں سُنا اور بے شک یہ بزرگ مشہور علی وفا بن محمد وفا شاذلی کے علاوہ ہیں کیونکہ

.marfa.com
Marfat.com

وہ سید بکری سے کئی سو سال پہلے گزرے ہیں اللہ ان سب سے راضی ہو) نے المنح الالٰہیۃ کی شرح میں سید بکری کے قول "پھر کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِهٖ عَدَدَ کَمَالِ اللّٰهِ وَکَمَا یَلِیْقُ بِکَمَالِهٖ۔ کے تحت لکھا ہے یعنی اپنی رحمت نازل فرما اور جو کچھ اس کے ساتھ ہے مذکورہ ہستیوں پر، ایسی رحمت جس کی حد نہ ہو، جیسے تیرے کمال کی حد نہیں۔ الخ۔" اور الشبراملسی نے سیدی احمد زروق کے وظیفہ پر لکھی گئی اپنی شرح میں اُن کے قول اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ" کے تحت فرمایا یعنی تمام مخلوق کے برابر، یا جو کچھ لوح محفوظ میں ہے، اور ابن تلمسانی اس طرف گئے ہیں کہ جس نے یوں کہا۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِ اللّٰهِ" اس کو اسی تعداد میں اجر ملے گا۔ الخ۔ حاصل یہ کہ عَدَدَ کَمَالِ اللّٰهِ۔ جیسے کلمات کو ایسے مجازی معنوں پر محمول کیا جائے جن کو مُراد لینا درست ہو کہ ایسے الفاظ منقول ہیں اور اُمت نے ان کو قبول کیا ہے اور حقیقی معنے محال ہیں۔ پس ایسے الفاظ کا استعمال نہ مکروہ تحریمیہ ہے نہ مکروہ تنزیہیہ بلکہ ان میں بہت ثواب ہے۔ علاوہ ازیں ہمارے گزشتہ بیان سے تم سمجھ گئے ہو کہ ایک متشابہ وہ ہوتا ہے جس کا معنی بالکل معلوم نہ ہو سکے اور جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے علم سے مخصوص کر لیا ہے اور مذکورہ الفاظ اس قبیل سے بالکل نہیں جیسا کہ ظاہر ہے۔ یا وہ کہ جس کا حقیقی معنے معلوم تو ہے لیکن لفظ بول کر اس حقیقی معنے کو مُراد لینا محال ہے۔ پس لفظ کو ایسے مجازی معنے پر محمول کیا جائے گا جسے مُراد لینا صحیح ہو، انتہائی خیال جو پیدا ہو سکتا ہے۔ وہ یہ کہ مذکورہ الفاظ اسی قبیل سے ہیں اور یہ بات ہرگز قابلِ قبول نہیں کہ مثلاً کمالِ خداوندی کی تعداد کے برابر" جیسے الفاظ متشابہ ہیں کیونکہ اگر یہ فرض کر بھی لیا جائے۔

marfa.com
Marfat.com

کہ معنی حقیقی محال ہے لیکن معنی مجازی مُراد لینے کا قرینہ تو موجود ہے اور وہ قرینہ بولے جانے والے الفاظ میں موجود ہے اور یہ کوئی الگ دلیل نہیں اور جب قرینہ موجود ہے تو معنی مجازی کو ترجیح ہو گی، اور تمہیں معلوم ہے کہ متشابہ کا کوئی معنی راجح نہیں ہوتا جیسا کہ اس کا حوالہ گزرا ہے۔ لہٰذا جس لفظ کی بحث ہو رہی ہے وہ محکم ہے اور لفظ قرینے کے ساتھ اپنے مجازی معنی میں استعمال ہو سکتا ہے۔ اور یہ منع نہیں۔

سوال: کمال کی تعداد اور اپنی معلومات کے برابر جیسے الفاظ میں مجازی معنی کا قرینہ کیا ہے۔؟

جواب: میں کہتا ہوں جب کمال اور علم کی نسبت اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی طرف ہو گی تو یہ خود اس بات کی دلیل ہے کہ عدد سے مُراد غیر متناہی کثرت ہے کیونکہ اللہ کے علم و کمال کا جن چیزوں سے تعلق ہے ان کی کوئی حد نہیں پس یہ نسبت واضح لفظی قرینہ ہو گیا اس بات پر کہ مُراد کثرت میں مبالغہ پیدا کرنا ہے۔ پھر فرمایا کہ ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ لفظ عدد کا ایک لفظی مفہوم ہے اور اسی مفہوم کے اعتبار سے تمام مراتب اعداد پر بولا جاتا ہے جن کی کوئی حد نہیں۔ پس یہ کسی حد کا ہرگز تقاضا نہیں کرتا اور نہ کسی متعین اعداد و شمار کا۔ اور اسی مفہوم کے اعتبار سے مذکورہ بالا کلمات میں استعمال ہوا ہے۔ پس یہ ہرگز متشابہ الفاظ میں سے نہیں ہاں اس کے مراتب ہیں جو اس مفہوم میں اسی طرح داخل ہیں جیسے دس بیس اور ہر مرتبہ بھی عدد کہلاتا ہے کیونکہ وہ عدد کے مفہوم کلی میں داخل ہے اور اس کے افراد میں سے ایک فرد ہے، ان مراتب میں سے ہر مرتبہ احاطہ شمار اور انتہا چاہتا ہے اور ہر مرتبہ و درجہ کو خاص لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے مثلاً دس کا لفظ ہیں سے یہ شبہ پیدا ہوتا ہے کہ عدد، حد و شمار چاہتا ہے۔ حالانکہ عقلاً ایسا نہیں۔ پھر فرمایا" علاوہ ازیں علامہ ابن عابدین نے ان الفاظ کے ساتھ درود و سلام پڑھنے کو قطعاً

marfa.com
Marfat.com

منع نہیں فرمایا، جن کا حضور علیہ السلام سے ثبوت ملتا ہے مثلاً صیغہ کمال۔ یونہی وہ صیغے جو دلائل الخیرات میں لکھے ہیں، یا وظائف کی دیگر کتابوں میں لکھے ہوئے درود شریف جو زینہ کے کونے کونے میں علماء میں بغیر انکار کے مشہور و معمول بہا ہیں۔ کیونکہ علامہ مذکور رحمہ اللہ نے اپنے کلام میں منع سے مستثنیٰ فرمایا ہے ان الفاظ کو جو حضور علیہ السلام سے ثابت ہیں۔ یا الفاظ کمال جو ثابت ہیں۔ جیسا کہ عبارت گزر چکی ہے۔ جیسے قرآن عظیم میں علم کا اطلاق معلوم پر ہے۔ فرمان باری تعالیٰ ہے :۔

وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ " ترجمہ:۔ وہ اللہ کے علم یعنی معلوم میں سے کسی کا احاطہ نہیں کر سکتے۔

جیسا کہ امام رازی کی تفسیر کبیر میں ہے۔ لہٰذا اس قسم کے درود شریف میں بھی کوئی کراہت نہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ عِلْمِهٖ " ترجمہ:۔ الٰہی درود و سلام و برکت نازل فرما ہمارے آقا محمدؐ اور آپ کی آل پر ان کے علم کے برابر "

کیونکہ نص میں علم بمعنی معلوم آچکا ہے اور جائز ہونے کے لیے کسی خاص عبارت کا نص میں آنا شرط نہیں۔ بلکہ اس نوع کے ثبوت کے لیے نص کا آنا کافی ہے اور اگر کسی لفظ کا معنی مجازی میں قرینہ کے ساتھ استعمال ہونا بھی ثبوت نص پر موقوف ہو، کہ خاص ہو گی تو لفظ بولنا صحیح ہو گا ورنہ نہیں، تو دین میں بہت تنگی پیدا ہو جائے گی اور معاملہ پیچیدہ ہو جائے گا۔ حالانکہ تنگی و پیچیدگی قرآن کی رُو سے، ہم سے دُور کر دی گئی ہے۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے :۔

مَا جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ " ترجمہ:۔ اللہ نے دین میں تم پر کوئی تنگی نہیں کی۔

marfa.com
Marfat.com

حدیث شریف میں آیا ہے "دین آسان ہے، اس میں تنگی نہیں"۔ اسی طرح فرمایا "دین سے جو مقابلہ کرے گا، دین اس پر غالب رہے گا۔

حاصل کلام اس سلسلہ میں یہ ہے کہ درود کمال وغیرہ کے حقیقی جواز میں کوئی شبہ نہیں۔ جن کا استعمال ہوتا آیا ہے اور قوم کے وظائف میں متواتر نقل ہوتے ہے ہیں، جن کو قابل اعتماد لوگوں نے نقل کیا ہے اور جن پر پہلے پچھلے علماء وصلحا کا عمل رہا ہے۔ خواہ ہم یہ بھی بالفرض تسلیم کرلیں کہ یہ الفاظ متشابہ ہیں جن کا استعمال کرنا ثبوت شرعی پر موقوف ہے تو ہم قطعاً کہیں گے کہ ثبوت شرعی موجود ہے اور اس سلسلہ میں تک کرنا ہمیں اس بات کی طرف لے جائے گا کہ آئمہ نے جو احکام فقہیہ نقل کیے ہیں جن کے دلائل کا ہمیں کوئی علم نہیں، ہم ان پر اعتماد نہ کریں۔

علاوہ ازیں ہم یہ بھی نہیں مانتے کہ لفظ عَدَدَ كَمَا لِهٖ وغیرہ متشابہات میں سے ہیں جن کا استعمال کرنا ثبوت شرعی پر موقوف ہے۔ اولاً اس لیے کہ لفظ عدد کا مفہوم ان تمام مراتب کو شامل ہے جن کی کوئی حد ہے نہ شمار ثانیاً۔ ہم عدد کو مجازی طور پر غیر متناہی کثرت پر محمول کرتے ہیں، اور قرینہ لفظی اس کو ترجیح دے رہا ہے۔ یہ معنی مرجوح نہیں۔ سو میں نے جو تم کو دیا اُسے لو، اور اللہ پر بھروسہ کرو۔ اور اپنے دل سے پوچھو، اگرچہ فتنہ پرداز تجھے کچھ بتاتا رہے، بے شک حلال بھی واضح ہے اور حرام بھی۔ اور الفاظ کمال سے نبی علیہ السلام پر زیادہ سے زیادہ درود وسلام بھیجتے رہو، کیا عجب کہ کامل وصول پاؤ۔ اور در رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے رب سبحانہٗ تعالیٰ کے حضور حاضری نصیب ہو۔" مکمل ہوئی وہ نقل جو رسالۂ مذکورہ سے میں نے حاصل کی۔

جب کہ علامہ ابن عابدین شامی نے علامہ فاسی کی شرح دلائل (مطالع المسرات) سے پوری عبارت نقل نہیں کی تو میں نے چاہا کہ وہ بھی اور اس مسئلہ سے متعلق ان کی باقی عبارات یہاں نقل کر دوں۔ علامہ فاسی نے صاحب دلائل الخیرات کے قول

marfa.com
Marfat.com

وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا — ترجمہ: اور درود بھیج محمد پر جو تو نے پیدا
خَلَقْتَ وَمَا تَخْلُقُ وَعَدَدَ مَا — کیا یا پیدا کرے گا اس کے برابر، اور
اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَاَضْعَافَ — تیری معلومات اور اس سے کئی گنا
ذٰلِكَ قَالَ اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ — زیادہ۔ فرمایا۔ جس کا احاطہ تیرے
مِمَّا خَلَقْتَهٗ وَاَبْرَزْتَهٗ لِلْوُجُوْدِ — علم نے کیا جو تو نے پیدا کیا اور جسے
اَوْ مِنَ الْمَخْلُوْقَاتِ الْمَذْكُوْرَةِ — تو نے عالم وجود میں ظاہر کیا یعنی
اَوِ الْمُرَادُ مَا فِی اللَّوْحِ — مخلوقاتِ مذکورہ یا اللہ کا وہ علم
الْمَحْفُوْظِ مِنْ عِلْمِهٖ تَعَالٰی۔" — ہے جو لوح محفوظ میں ہے۔

ہو سکتا ہے طلب میں مبالغہ پیدا کرنے کے لیے یہ اسلوب اختیار کیا گیا ہو، اس کو خاص کرنے کی ضرورت اس لیے پیش آئی اور عبارت اپنے عموم پر اس لیے نہ رہ سکی کہ عمومی معنی مُراد لینا بہت دشوار ہے۔ کیونکہ جو کچھ اللہ کے احاطہ علمی میں ہے اس کے لیے اعداد شمار ممکن نہیں۔ پس اس میں تخصیص ضروری ہے تاکہ امکان عقلی کے قاعدے پر رہے اور یہاں تخصیص کرنے والا عقل ہے جیسے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں :۔

اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ ۔ — ترجمہ: اللہ ہر شے کو پیدا کرنے والا ہے۔

بے شک عقل اس آیت کو خاص کر رہی ہے۔ کیونکہ ہم واضح طور جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنی ذات یا صفات کا خالق نہیں۔ پس یہاں سے مُراد ان دو کے سوا ہے۔ علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ لفظ موہوم کو آیا وہ شخص استعمال کر سکتا ہے جس کو وہم نہیں اور جس کے نزدیک ایسے لفظ کا صحیح معنی مُراد ہے یا آسانی سے اس کی صحیح تاویل ہو سکتی ہے جس کا صحیح محمل واضح ہے یا اس میں تخصیص کر کے صحیح معنیٰ میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یا نہیں؟ علماء کی ایک جماعت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

marfa.com
Marfat.com

پر درود وسلام بھیجنے کے کئی راستے اختیار کئے ہیں. جو مُصنّف کے اس قول سے ملتے جُلتے الفاظ پر مشتمل ہیں عَدَدَ عِلْمِكَ وَعَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ۔ اور علمأ نے کہا ہے کہ یہ افضل کیفیات میں سے ہے۔ ان علمأ میں شیخ عفیف الدین الیافعی الشرف البارزی۔ بہأ ابن العطار شامل ہیں یہ بات ان کے شاگرد المقدسی رحمہ اللہ نے (العطار) سے نقل کی ہے"۔ اللہ کی ان پر رحمت ہو اور اللہ ان سے راضی ہو۔ پھر علامہ فاسی نے ایک صفحہ بعد دلائل الخیرات کے قول عَلَيْهِمْ صَلَاةً تَفُوْقُ وَتَفْضُلُ صَلَاةَ الْمُصَلِّيْنَ عَلَيْهِمْ مِّنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ كَفَضْلِكَ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ۔ کے تحت فرمایا اللہ کے درود کا ان سب کے درود پر ایسا ہی مرتبہ ہوگا جیسے اللہ کا درجہ سب پر۔ کیونکہ دونوں فصلوں میں فضیلت کی نسبت وہی ہوگی جو دو فاصلوں کی فضیلت میں ہے اور درحقیقت ان دو میں کوئی نسبت ہے ہی نہیں۔ پھر بندوں کا درُود بھی دراصل اللہ سُبحانہٗ کا ہی فعل اور اس کا پیدا کردہ ہے یہاں حقیقی تشبیہ مُراد نہیں کیونکہ یہ تو ہے ہی محال کہ حادث کی حادث (مخلوق) پر ایسی فضیلت ہو۔ جیسے قدیم کو حادث پر ہے یہاں صرف فضیلت میں مبالغہ پیدا کرنا مُراد ہے اور دونوں مراتب میں جو حد درجہ مکمل فرق ہے اس کا تصوّر سامنے لانا ہے، کہ کیا بھی ہے یا کچھ اور اس سے تقریباً ایک ورق پہلے مُصنّف کے قول صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ۔ کے تحت فرمایا۔ امام سیوطی نے اپنی کتاب الدر النثیر فی تلخیص نہایۃ ابن الاثیر میں اس کا مطلب لکھا ہے" مذکورہ چیزوں کی تعداد کے برابر" اور یہ بھی کہا گیا ہے" کہ کثرت میں جو ان اشیأ کے برابر ہو خواہ ناپ میں خواہ وزن میں یا تعداد میں یا ان سے مشابہ ذرائع اندازہ وشمار اور ان مثالوں سے مقصد واضح

marfa.com
Marfat.com

کرنا مقصود ہوتا ہے ورنہ کلام ناپ تول میں شامل نہیں بلکہ شمار سے تعلق رکھتا ہے۔ اور امداد ایسے ہی مصدر ہے جیسے مدد یعنی جس سے زیادتی اور اضافہ کیا جائے۔ امام خطابی نے کہا یہ مدد کی طرح مصدر ہے کہا جاتا ہے مَدَدْتُ الشَّیْئَ اَمُدُّہٗ مَدًّا وَمَدَدًا "میں نے شے کو کھینچا اور لمبا کیا کھینچنا۔ سلمہ نے فراء سے روایت نقل کی ہے کہ الحارثی نے کہا یَجْتَمِعُوْنَ المدمدادًا بنا بریں اس کا معنی ہوگا ناپ کا آلہ۔ معیار۔ فرمایا کہ اللہ کے کلمات بے انتہا ہیں جن کو اعداد و شمار میں محدود نہیں کیا جا سکتا لیکن مصنف نے ایسے مثال محض اظہار کثرت کے لیے بیان کر دی ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ مراد ثواب واجر ہے اور کلمات اللہ سے مُراد بھی ان کا اجر و ثواب ہے کلمات اللہ کی وضاحت میں امام فخرالدین رازی نے فرمایا کہ ہمارے اصحاب کے نزدیک ان سے مراد وہ الفاظ ہیں جو علم خداوندی کے متعلقات پر دلالت کرتے ہیں اور یہ بھی کہا گیا کہ یہی کلمات اللہ کے حکم اور عجائب پر دلالت کرتے ہیں۔ النفاسی رحمہ اللہ کا کلام ختم ہوا۔ اس کتاب کا جامع فقیر یُوسف النبہانی اللہ اس کو معاف فرمائے، کہتا ہے کہ جو کچھ

دونوں نظروں میں تطبیق

علامہ ابن عابدین نے فرمایا، کہ آئمہ مذہب کے کلام کا مقتضیٰ یہ ہے کہ جہاں جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جو الفاظ منقول ہیں وہ جائز ہیں اور جو سرکار سے منقول نہیں۔ وہ منع ہیں، جیسا کہ فقیہ شامی کا مذہب مختار ہے اور جو جائز قرار دیا گیا ہے، ان دو میں تطبیق یہ ہے کہ جن الفاظ میں سخت فہمی پیدا ہونے کا امکان ہے وہ منع ہیں۔ مثلاً یہ کہنا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِکَ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ وَّحِیْنٍ، الٰہی ہمارے آقا محمد پر درود بھیج ہر ہر وقت میں اپنی ذات کی عظمت کے برابر، اور یوں کہنا کہ ذات باری تعالیٰ کی عظمت کے برابر"

marfa.com
Marfat.com

اور یوں کہنا کہ اللہ کے کمال کے برابر۔ اور یُوں کہنا کہ ایسا درود جو زآمد ہو، اوپر ہو اور فاضل ہو، اس درود پر جو درود پڑھنے والی تمام مخلوق آپ پر پڑھتی ہے جس طرح تجھے اپنی تمام مخلوق پر فضیلت ہے" یا اس سے ملتے جلتے الفاظ، جن سے سخت ترین ابہام پیدا ہو سکتا ہے اور جواز اس کے علاوہ دوسری صورتوں میں ہے۔ جہاں اس قسم کا ابہام پیدا نہ ہو مثلاً یُوں کہے الٰہی دُرود بھیج ہمارے آقا محمدؐ پر برابر اس کے جو اللہ کے علم میں ہے یا معلومات خداوندی کے برابر۔ اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔ بے شک ان الفاظ کو مخلوق خداوندی پر محمول کیا جائے گا، اور مخلوق کتنی ہی زیادہ ہو اس کی حد ہے۔ علاوہ ازیں ایسے الفاظ سے مراد حقیقی محدود تعداد نہیں ہوتی، کہ یہ کہا جائے کہ معلوماتِ خداوندی تو غیر محدود ہیں۔ بلکہ محض کثرت مُراد ہوتی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے علم کا تعلق قدیم و حادث دونوں سے ہوتا ہے۔ مزید برآں مِدَادَ کَلِمَاتِہٖ کے الفاظ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیثِ پاک میں بھی آئے ہیں تسبیح کے ان الفاظ میں جو آپ نے ام المومنین سیدہ جویریہ سلام اللہ علیہا کو تعلیم فرمائے تھے۔

وہ الفاظ یہ ہیں

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ عَدَدَ خَلْقِہٖ وَرِضَا نَفْسِہٖ وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ۔

ترجمہ: پاکی و تعریف اللہ کے لیے، اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر، اس کی ذات کی رضا، اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔

لہٰذا اس قسم کے الفاظ جو حضور علیہ السلام سے منقول ہیں، کو استعمال کرنا بالاتفاق جائز ہے۔ خُدا بہتر جانتا ہے کہ اس قسم کے الفاظ جن میں سخت ابہام پایا جاتا ہے، ان کے مولفین سے غلبہ حال کے وقت نکلے ہیں، یہاں تک کہ ان کو اس بات کا احساس تک نہ ہو سکا۔ کہ اللہ تعالیٰ کی طرف شدید ابہام والے الفاظ ان کی طرف سے منسوب ہو رہے ہیں۔ وغیرہ

marfa.com
Marfat.com

وہ حضرات گرامی اللہ تعالیٰ کا سب سے زیادہ ادب کرنے والے تھے اور ان کو زیادہ پہچان تھی اس بات کی کہ اللہ تعالیٰ کی طرف کن کن الفاظ و معانی کی نسبت کرنا جائز ہے اور کن کن کی نسبت کرنا منع ہے اور جو لفظ یا مفہوم اللہ کی شایانِ شان نہ ہو اس سے بہت پرہیز کرتے تھے۔ بایں ہمہ ان بزرگوں کے مقاصدِ صحیحہ کا اعتبار کیا جاتا ہے، ظاہری عبارات کا نہیں۔ (بشرطیکہ ظاہری عبارات صریحاً غلط نہ ہوں۔ مترجم)

اسلاف کا مقصد

ایسے الفاظ سے درود و سلام پڑھنے سے ان حضرات کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ درود شریف کامل ترین درجہ کا ہو۔ جس کی مقدار اور حد و غایت کا اندازہ نہ لگایا جا سکے۔ جب اس پر انہوں نے غور کیا۔ تو انہوں نے اللہ کی ذات و صفات کے سوا کوئی ذات یا نعت ایسی نظر نہ آئی جو غیر محدود ہوتی اور جس کے اوصاف و کمالات لامحدود ہوتے، یہ خدا ہی ہے جو تمام صفاتِ کمال سے موصوف ہے، پس ان حضرات کا حضور علیہ السلام پر ان اوصاف سے متصف درود و سلام ان بلیغ کلمات سے بھیجنا، عظمت حق سبحانہٗ و تعالیٰ کو متضمن ہے۔ اب جو کوئی ان بزرگوں کی پیروی کرتے ہوئے اس مقصد کی خاطر اس نیت سے ان الفاظ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجے جو ان سے منقول ہیں تو بہت اچھا ہے۔ اور جس شخص کے خیال میں یہ الفاظ اللہ تعالیٰ کی تنزیہہ و تقدیس میں خلل انداز ہوتے ہیں، تو اُسے ان سے بچنا چاہیے اور ایسے الفاظ سے درود و سلام بھیجنا چاہیئے جن میں یہ احتمال نہ ہو۔ اللہ سچ فرماتا ہے اور صحیح رہنمائی فرماتا ہے۔ یہ ہے وہ تفصیل جو اللہ تعالیٰ نے میرے ناقص ذہن پر روشن فرمائی اور مجھے اس کے صحیح ہونے کی اُمید ہے بشکر و ثنا کا سزاوار اللہ تعالیٰ پروردگار عالمیان ہے۔

دوسری تنبیہ

(درود و سلام) کے جو الفاظ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں ان کا اور دوسروں کے ثواب پر کلام۔ کہ اجر و ثواب

marfa.com
Marfat.com

کن الفاظ کا زیادہ ہے؟

جان لیجیے کہ جن درُود دوں کو میں نے اس باب میں ذکر کیا ہے، ان میں سے کچھ تو حضور علیہ السلام سے منقول ہیں اور کچھ سرکار سے منقول نہیں بلکہ کچھ وہ ہیں جو بعض صحابہ کرام یا بعد والے اولیا کرام و علمائے عظام سے منقول ہیں۔ حافظ سخاوی نے "القول البدیع" میں حافظ ابن مسدی سے نقل کیا ہے کہ نبی علیہ السلام پر درود و سلام کی کیفیت سے متعلق بکثرت احادیث نقل کی گئی ہیں، صحابہ کرام اور بعد کے بزرگوں میں سے ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ اس مسئلہ میں الفاظ کا نص میں وارد ہونا کوئی ضروری نہیں، بلکہ جس کو اللہ نے قوت بیان عطا فرمائی ہے اور وہ فصیح و بلیغ الفاظ سے صاف سیدھا مفہوم ادا کرتا ہے، جس سے شرف و کمالِ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی وضاحت ہوتی ہے تو اس کی گنجائش ہے ان بزرگوں کی دلیل حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان ہے۔

اَحْسِنُوا الصَّلٰوۃَ عَلٰی نَبِیِّکُمْ	ترجمہ: اپنے نبی پر بہترین درود بھیجا کرو۔
فَاِنَّکُمْ لَا تَدْرُوْنَ لَعَلَّ	تم نہیں جانتے کہ شاید وہ آپ پر
ذٰلِکَ یُعْرَضُ عَلَیْہِ۔	پیش کیا جاتا ہو" الخ

دلائل الخیرات کی شرح (مطالع المسرات) میں علامہ فاسی نے فرمایا، الخطاب نے کہا قاضی ابوبکر ابن العربی نے عجیب و غریب معارضہ قائم فرمایا ہے، فرمایا کہ جس شخص کا عقیدہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان:

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً	ترجمہ: جس نے مجھ پر ایک بار درود
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ	بھیجا، اللہ اس پر اس کے عوض دس
بِھَا عَشْرًا۔	رحمتیں نازل فرماتا ہے"

اس شخص کے لیے نہیں جس نے کہا "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے" یہ اجر صرف اس شخص کے لیے ہے جو صریحاً آپ پر درُود و سلام بھیجے جیسا کہ ہماری وضاحت سے معلوم

marfa.com

Marfat.com

ہوگیا" الخ فرمایا کہ علامہ سخاوی نے خاتمہ میں کئی خواب ذکر کیے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ لفظ مذکور سے ثواب حاصل ہوتا ہے یہ بات اور دوسری بہت سی باتیں اس کتاب کے باب اللطائف میں گزر چکی ہیں۔ فرمایا "شرح الوغلیسیۃ" مؤلفہ شیخ زروق میں ہے ابن العربی نے کہا درود وسلام کے جو الفاظ حضور علیہ السلام سے منقول ہیں وہی جائز ہیں۔ ابن العربی کی رائے کو شیخ تقی الدین سبکی نے اختیار کرتے ہوئے کہا کہ بہترین درود شریف جو نبی علیہ السلام پر پڑھا جائے وہ ہے جو تشہد میں آپ سے مروی ہے، جس نے اسے پڑھ لیا، اس نے یقیناً حضور علیہ السلام پر درود پڑھ لیا اور اس کے لیے یقیناً وہ اجر و ثواب لکھ دیا گیا، جو درود شریف کے بارے میں احادیث میں آیا ہے۔ اور جو شخص دوسرے الفاظ سے درود شریف پڑھتا ہے اسے شک رہتا ہے کہ مطلوبہ درود شریف پڑھا گیا یا نہیں؟ کیونکہ صحابہ کرام نے کہا تھا: ہم آپ پر کس طرح درود بھیجیں؟ تو سرکار نے فرمایا اَللّٰھُمَّ صَلِّ الخ کہو تو ان کی طرف سے اپنے اوپر اس کو آپ نے درود قرار دیا تھا۔ الخ۔ امام نووی وغیرہ نے دعاؤں اور اذکار میں ان الفاظ و کلمات کو لازم قرار دیا ہے جو حضور علیہ السلام سے منقول ہیں۔ نووی فرماتے ہیں اسی طرح حضور علیہ السلام پر درود شریف بھیجنے کا اولیٰ و افضل طریقہ یہی ہے۔ الخ۔ دوسرے علمائے کرام نے اس مسئلہ میں وسعت سے کام لیا ہے، کیونکہ جن صورتوں میں درود شریف پڑھنے کا حکم ہے ان کے متعلق روایتیں مختلف ہیں، اور الفاظ میں کمی بیشی ہے۔ نبوت۔ امیت۔ عبودیت۔ رسالت اور حضور علیہ السلام کے دیگر اوصافِ حمیدہ میں یونہی حضور علیہ السلام کے ہمراہ جن حضرات کا ذکر ہے ان میں بھی اختلاف ہے۔ کہیں آل۔ کہیں ذریت، کہیں اولاد۔ یونہی صحابہ کرام اور سلف نے حضور علیہ السلام سے درود وسلام کے جو الفاظ نقل کیے ہیں ان میں بھی اختلاف ہے۔ اسی طرح مجتہدین و فقہائے کرام اور محدثین وغیرہ بزرگوں نے اپنی تصانیف میں متفقہ طور پر صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اور عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

marfa.com

Marfat.com

کے الفاظ استعمال کیے ہیں، یونہی مروجہ بہت سی کیفیات جو حدِ تواتر تک پہنچی ہوئی ہیں۔ اس بات کی دلیل ہیں کہ اس مسئلہ میں کافی گنجائش ہے۔ علامہ نووی نے کہا اس میں اختلاف ہے کہ کن الفاظ مبارکہ سے حضور علیہ السلام پر درود شریف پڑھنا افضل ہے؟ اس سلسلہ میں بہت سے اقوال ہیں، شیخ مجدالدین شیرازی نے کہا اس میں دلیل ہے کہ اس مسئلہ میں کافی گنجائش ہے یعنی لفظی کمی بیشی ہو سکتی ہے، رہا افضل و اکمل کا سوال، سو یہ بات ہمیں نبی علیہ السلام نے بتائی نہیں"۔ شرح الدلائل کی عبارت ختم ہوئی کتاب "نزول الابرار" کے مصنف نے فرمایا "بعض بزرگوں نے فرمایا اطاعت جذبۂ محبت کے ساتھ اگرچہ کم ہو اس اطاعت سے افضل ہے جو بغیر جذبۂ محبت کے ہو خواہ کتنی زیادہ ہو" کیونکہ فرمان باری تعالیٰ ہے:۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ۔ ترجمہ: تم فرماؤ، اگر تمہیں اللہ سے محبت ہے تو میری غلامی اختیار کرو، اللہ تم سے محبت فرمائے گا"

اسی لیے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جب اللہ کا یہ حکم سنا کہ "ایمان والو اس غیب کی خبریں دینے والے (نبی) پر درود بھیجو اور خوب خوب سلام" کمال فصاحت و بلاغت کے باوجود اپنی طرف سے درود و سلام پڑھ لینے کو کافی نہ سمجھا، حالانکہ وہ اس مقام بلند و بالا پر فائز تھے کہ بعد میں آنے والا کوئی بزرگ ان کا ہمسر نہیں ہو سکتا۔ اور انہوں نے حضور علیہ السلام سے درود پڑھنے کا طریقہ پوچھا۔ اس سلسلہ میں تقریباً بیس روایات آئی ہیں پس اللہ سے محبت کرنے والا اور اپنے نبی کی سنت کا پیروکار اس سے کبھی جزوی یا کلی انحراف کر کے ان کلمات کی طرف کبھی رخ نہیں کر سکتا جن کو تابعین کی جماعت اور بعد والوں نے گھڑا ہے، جو کسی صحابی کی شان کو نہیں پہنچ سکتے جنہوں نے درود شریف کا طریقہ خود نبی علیہ السلام سے سیکھا۔ ہاں درود شریف پڑھنے

marfa.com
Marfat.com

والا جن الفاظ محبت و احترام سے درود پڑھے بلاشبہ عظیم اجر و ثواب سے بہرہ ور ہوگا۔ پھر فرمایا بعض لوگوں نے اس مسئلہ میں وسعت پیدا کی ہے۔ یہاں تک کہ روح البیان میں کہا درود شریف کی چار ہزار قسمیں ہیں اور ایک روایت میں بارہ ہزار بھی آیا ہے۔ جیسا کہ شیخ سعدالدین عموی سے نقل کیا گیا ہے۔ ان میں سے ہر قسم مشرق و مغرب کی کسی جماعت کی پسندیدہ ہے۔ رابطۂ مناسب کے لحاظ سے اور سب نے ان میں خواص و فوائد سمجھے ہیں۔ الخ" پھر کتاب فتح الربانی کی یہ عبارت نقل کی۔ جب کوئی شخص کہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ ترجمہ: الٰہی درود و سلام نازل فرما محمد
وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً یَّصْدُقُ اور آل محمد پر ایسا درود جس پر مطلق صحیح
عَلَیْھَا مُطْلَقُ الْاَحَادِیْثِ الصَّحِیْحَۃِ حدیثیں صادق آئیں جس کے پڑھنے والا
یَسْتَحِقُّ فَاعِلُھَا مَاوَرَدَ مِنَ اس ثواب کا حقدار ہو جائے جو مطلق
الْاِثَابَۃِ عَلٰی مُطْلَقِ الصَّلٰوۃِ۔ درود کے بارے میں آیا ہے۔

اس کے لیے یہ شرط نہیں کہ پڑھنے والا وہی درود پڑھے جو نبی کریم علیہ السلام سے ثابت ہو بلکہ اعتبار اس بات کا ہے کہ جس درود کے پڑھنے کا حکم ہے وہ اس پر صادق آئے۔ اگرچہ جس درود کی تعلیم کی گئی ہے وہ کامل تر، مکمل تر اور افضل تر ہے۔ لیکن اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ باقی درود شریف اس اجر و ثواب میں شامل نہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درود پڑھنے والے کے لیے بیان فرمایا ہے اور جس کی سرکار نے ترغیب دی ہے۔ حاصل کلام یہ کہ ترغیباتِ مطلقہ درودِ مطلق پر وارد ہیں اور مذکورہ درود اس کے افراد میں سے ایک فرد ہے اور صفات میں سے صفت ہے اور اس بات میں کوئی مانع نہیں کہ جو شخص ان درودوں میں سے کوئی ایک پڑھ لے جو حضور علیہ السلام نے بطورِ تعلیم بیان فرمائے۔ اللہ اس کے لیے زیادہ اجر و ثواب لکھ دے بہ نسبت اس کے جس نے غیر منقول درود پڑھا۔ لیکن یہ زائد ثواب اس سے مانع تو نہیں کہ اللہ تعالیٰ دوسرے درود پڑھنے والوں

marfa.com
Marfat.com

کو اصل اجر و ثواب عطا فرمائے جس پر درود شریف کا نام صادق آتا ہے جیسے مثلاً صورت مسولہ عنہا۔ نسائی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث نقل کی ہے :۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاۃً وَّاحِدَۃً ترجمہ :۔ جو مجھ پر ایک درود بھیجے، اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرَ صَلَوٰتٍ الخ اس پر دس درود بھیجے گا۔

نسائی نے حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کی جو روایت نقل کی ہے اس میں ہے اس پر دس درود اور دس سلام بھیجے جاتے ہیں۔

امام ترمذی نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے :۔

اَوْلَی النَّاسِ بِیْ اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلَاۃً ۔ ترجمہ : تمام لوگوں میں سے میرے قریب تر وہ ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجے گا۔

اور کچھ شک نہیں کہ جس درود شریف کا یہاں سوال درپیش ہے اس کو پڑھنے والے پر بھی یہ بات صادق آتی ہے کہ وہ درود پڑھنے والا ہے۔ لہٰذا وہ بھی اللہ تعالیٰ کے مذکورہ درود کا مستحق ہوگا۔ اس کی خطائیں معاف اور درجات بلند ہوں گے اور قیامت کے دن نبی علیہ السلام کے نزدیک تر ہوگا۔ کیونکہ نبی علیہ السلام نے ہم کو خبر دی ہے کہ ان فضائل کا مستحق وہ شخص ہے جو مطلق درود بھیجے اس میں یہ قید نہیں کہ درود وہی ہو جو حضور علیہ السلام نے خود ہمیں سکھایا ہے۔

سوال : آیت اور احادیث میں جو مطلق درود کا حکم آیا ہے وہ مجمل ہے لہٰذا بیان پر موقوف ہے۔ یونہی جو درود شریف نبی علیہ السلام سے منقول ہے اس کا اجر و ثواب مطلق درود شریف سے زیادہ ہے۔ لہٰذا غیر منقول درود شریف پڑھنا جائز نہیں۔ ؟

جواب : منقول درود شریف مجمل نہیں لہٰذا بیان کی ضرورت نہیں وہی مذکورہ

marfa.com
Marfat.com

دُرود شریف (منقول) کے اُولیٰ وافضل ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ مطلق دُرود شریف اس کا مستحق، زیادہ سے زیادہ یہ کہا جاسکتا ہے۔ کہ منقول دُرود وسلام پڑھنے والا زیادہ ثواب پائے گا۔ دو وجہ سے۔ ایک تو یہ کہ وہ زیادہ جامع ہیں۔ دوسرے یہ کہ مُصطفےٰ کریم علیہ السلام کی زبان مُبارک سے نکلے ہُوئے کلمات میں برکت زیادہ ہے الخ"

مذکورہ عبارت کے بعد فرمایا :۔

جن کلمات سے درود شریف پڑھا جائے باعث اجر ہے

مذکورہ بحث سے معلوم ہوا کہ نبی علیہ السلام پر درود شریف جن الفاظ سے پڑھا جائے ماثورہ ہوں یا غیر ماثورہ، پڑھنے والا اس اجر وثواب کا حقدار ہے، جس کا صحیح حدیثوں میں وعدہ کیا گیا ہے۔ سو جس شخص نے مثلاً کتاب "دلائل الخیرات" اور کتاب "شفاء السقام" وغیرہ کو پڑھا، جن میں آئمہ دین نے دُرود وسلام کے مختلف کلمات جمع فرمائے ہیں، وہ اس اجر کا مستحق ہوگا۔ ہاں ان بعض کلمات سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ جو نصوصِ شرعیہ میں بھی نہیں اور جن سے ابہام پیدا ہوتا ہے۔ مثلاً بعض لوگ کہہ دیتے ہیں قِنْدِیْلَ عَرْشِ اللّٰہِ۔ بہرحال وہ کتاب جس میں مؤلف ان کلمات کو دُرود شریف میں لائے جو کتاب اللہ یا صحیح یا حسن یا ضعیف حدیثوں میں آئے ہیں ہاں موضوع روایات میں نہ ہوں، تو ایسا دُرود شریف پڑھنا باعثِ اجر مذکور ہے۔ اس پر قطعاً کوئی طعن نہیں۔ بہرحال زیادہ ثواب اسی پر ہے جو صحیح حدیث سے ثابت ہو پھر حسن، ضعیف وغیرہ سے درجہ بدرجہ۔ اس کتاب کا مؤلف فقیر یُوسف نبہانی، اللہ اس کو معاف فرمائے، عرض کرتا ہے۔

بعض علما کا اعتراض

میں نے بعض علمأ سے درود شریف کے ان الفاظ پر اعتراض سُنا ہے، جو ہمارے سادات صوفیأ کرام نے مرتب کیے ہیں، یہ کہہ کر کہ بھلا کوئی انسان دُرود وسلام کے ان الفاظ کو کیسے چھوڑ دے جو نبی کریم صلی اللہ

marfa.com
Marfat.com

علیہ وسلم سے ثابت ہیں، اور ان کلمات سے درود بھیجے جن کو دوسرے لوگوں نے مرتب کیا ہے؟ میں نے ان سے کہا، بلاشبہ وہ درُود وسلام جن کے الفاظ

اس کا جواب حضور علیہ السلام سے ثابت ہیں وہی دوسرے درُودوں سے افضل ہے۔ لیکن یہ درود شریف جو بعض صحابہ کرام مثلاً سیدنا علی، وابن مسعود رضی اللہ عنہما یا بعض تابعین مثلاً حضرت زین العابدین یا بعد کے اولیاً عارفین یا علمأ عاملین رضوان اللہ علیہم اجمعین سے منقول ہیں اور ان میں کچھ زائد الفاظ بھی ہیں، جو حضور علیہ السلام سے منقول نہیں اور ان میں زیادہ تعظیم وتعریف وتوقیر پائی جاتی ہے اور زیادہ اوصافِ حمیدہ پائے جاتے ہیں، جو حضور علیہ السلام سے منقولہ درُود میں موجود نہیں کیونکہ حضور علیہ السلام نے سخت حیا اور تواضع کی بنا پر ان کلمات میں اپنے اوصافِ حمیدہ ذکر نہیں فرمائے بلکہ درودِ ابراہیمی میں بھی حضور علیہ السلام پر پڑھا جانے والا درُود مشبّہ اور ابراہیم علیہ السلام پر پڑھا جانے والا درود مشبّہ بہ قرار دیا گیا ہے، (حالانکہ اکثر مشبّہ بہ افضل ہوتا ہے) اور یہ بھی اللہ بہتر جانتا ہے کہ حضور علیہ السلام کی تواضع وانکساری اور اپنے جدّ امجد ابراہیم علیہ السلام سے حُسنِ سُلوک ہے اور آنجناب کی دُعا کو حق تعالیٰ بت کرنا ہے جو آپ نے مانگی تھی:

وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ۔ ترجمہ: "اور میرے لیے پیچھے آنے والوں میں سچی زبان بنا دے"

رہ گئے صحابہ کرام یا ان کے بعد آنے والے بزرگ، تو ان حضرات نے جن الفاظ سے حضور علیہ السلام پر درود شریف پڑھا ہے ان کو حضور کی عظمت وثنا سے خالی نہیں چھوڑا، جب وہ حضور علیہ السلام پر صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے الفاظ سے درُود بھیجتے ہیں تو اس سے بھی ان کا مقصود حضور کی تعظیم اور ساتھ ہی یہ ظاہر کرنا ہوتا ہے کہ سرکار اللہ تعالیٰ کی اس رحمت کے محتاج ہیں جو حضور علیہ السلام کے مقام اعلیٰ کے لائق ہے۔

marfa.com
Marfat.com

ورنہ حضور علیہ السلام ہمارے درود وسلام کے قطعاً محتاج نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے سرکار پر طرح طرح کے کمالات کا وہ فیضان کر دیا ہے جس کی کوئی حد نہیں اور اس میں لحہ بہ لحہ اضافہ وترقی ہوتی جا رہی ہے اب جو لوگ اپنے دُرود شریف کے الفاظ میں جو صراحتاً حضور علیہ السلام کی صفت وثنا کرتے ہیں۔ بے مقصد نہیں بلکہ اس سے حصولِ مقصد اور زیادہ یقینی ہو جاتا ہے۔ اب میں اس معترض سے کہتا ہوں۔

معترض سے گزارش

کہ اس میں تو کوئی شک نہیں کہ حضور علیہ السلام کی تعریف وتعظیم میں مزید ثواب ہے جو محض دُرود شریف پڑھنے میں نہیں۔ اب دیکھنا ہے کہ اس اضافی ثواب کے مقابلہ میں منقول درود میں بھی کوئی مزید ثواب ہے یا نہیں اس کا جواب قطعاً ناممکن ہے کیونکہ دونوں باتوں کا احتمال ہے۔ پس ہم حضور علیہ السلام پر ماثورہ دُرود وسلام بھی بھیجیں گے اور غیر ماثورہ بھی، کیونکہ ہر ایک میں وہ خوبی و فضیلت ہے جو دوسرے میں نہیں۔

غیر ماثورہ کلمات سے درود شریف پڑھنے کے فوائد

"لما واولیا" سے منقول الفاظ سے حضور علیہ السلام پر درود شریف پڑھنے میں ایک فائدہ یہ ہے کہ دُرود پڑھنے والے کو حضور علیہ السلام کی صفت وثنا سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔ سرکار کے اوصافِ جلیلہ کا ذکر اور نئے نئے اسلوب سامنے آتے رہتے ہیں جن سے طبیعت اکتاتی نہیں اور یہ چیز اس کے لیے حضور علیہ السلام پر زیادہ درود شریف پڑھنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے توصیف و ثنا زیادہ ہوتی ہے۔ زیادہ تکرار کی وجہ سے نئے نئے مفہوم ذہن نشین ہوتے رہتے ہیں جس سے حضور علیہ السلام کی محبت وشوق میں اضافہ ہوتا ہے، اور بڑے شرعی فوائد حاصل کرنے کے لیے یہ شرط ہے۔ علاوہ ازیں ان بزرگانِ دین نے فرمایا ہے کہ ان الفاظ میں سے اکثر وہ ہیں جو حضور علیہ السلام نے ان کو بیداری میں بتائے مثلاً سیدی محمد البکری کے

marfa.com
Marfat.com

الفاظ سیدی احمد بن ادریس کے صیغے۔ سیدی احمد تیجانی وغیرہم کے کلمات۔ اور بعض بزرگوں نے یہ کلمات نیند کے دوران حضور سے روایت کیے اور معلوم ہے کہ جس نے حضور علیہ السلام کو نیند (خواب) میں دیکھا گویا بیداری میں دیکھا۔ اور بسا اوقات، بعض کلمات کے متعلق انہوں نے ثواب کی جو مقدار بیان کی ہے مثلاً ایک ہزار یا دس ہزار یا ایک لاکھ گنا، اسے انہوں نے حضور علیہ السلام سے، ان حالات میں بحالتِ خواب یا بیداری بھی بیان کیا ہے بلکہ بعض نے اس کا تصریح کی ہے اور بسا اوقات دوسرے ذرائع سے انہوں نے اس کی اطلاع پائی۔ جیسا کہ شیخ عبداللہ ہادشی نے کتاب کنوز الاسرار میں عارف شعرانی سے نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں شیخ سیدی عبدالوہاب شعرانی نے کتاب الطبقات الوسطیٰ میں اپنے شیخ نورالدین اللہ ان سے فائدہ دے، کے بارے میں لکھا ہے۔ میں نے انہیں وفات کے ساٹھ دن بعد خواب میں دیکھا، مجھے فرماتے ہیں "مجھے شیخ سیدی عبداللہ عبدوسی کا مرتب کیا ہوا درود بتاؤ۔ کیونکہ آخرت میں، میں نے اس ایک کا اجر دوسرے دس ہزار کے برابر پایا ہے، اور دنیا میں مجھ سے یہ رہ گیا ہے"۔ میں سمجھ گیا کہ شیخ مجھے وہ درود پڑھنے کی تعلیم دے رہے ہیں۔ خود نہیں پڑھ سکے"۔ شعرانی کی بات اور کنوز الاسرار کی عبارت ختم ہوئی"۔ سیدی عبداللہ عبدوسی کا درود شریف یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ اَبَدًا وَّ اَنْمٰی بَرَکَاتِكَ سَرْمَدًا۔ آخر تک۔ یہ درود میری کتاب "افضل الصلوٰت" میں تیئیسویں نمبر پر، غزالی یا جیلانی کی طرف منسوب کر کے ذکر کی گئی ہے، کیونکہ انہوں نے اپنے بڑے درود شریف میں اسے ذکر کیا ہے صحیح یہ ہے کہ یہ درود عبدوسی کا ہے۔ جیسا کہ شعرانی نے فرمایا اور شیخ صاوی کا قول جسے غزالی نے عبدوسی سے نقل کیا ہے۔ جیسا کہ میں نے یہ بات ذکر کر دی ہے، تحریف ہے۔ اس درود شریف کا زیادہ ثواب والا ہونا میری اس بات کی تائید ہے جو میں پہلے عرض کر چکا ہوں یعنی نسبت احترام سے حضور علیہ السلام کی تعظیم و ثنا۔ کیونکہ یہ کلمات حضور علیہ السلام کی ثنا میں بلیغ تر

marfa.com
Marfat.com

اور خوب صورت تر ہیں۔ اور ان بزرگوں کے فضیلت والے کلمات میں سے وہ بھی ہیں جن میں اوصاف بلیغہ، اور کثرت اولاد کو عمدہ، اعلیٰ اور نرالی عبارات سے مبالغہ سے بیان کیا جائے۔ جیسا اللہ نے اس کے دل میں ڈالا ہے۔ اس بارے میں ان کی دلیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ فرمان ہے جو اُم المومنین جویریہ رضی اللہ عنہ سے امام ترمذی وغیرہ نے نقل کیا ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ۔

ترجمہ: پاکی اللہ کو، اس کی مخلوق کی تعداد اس کی ذات کی رضا۔ اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔"

جب تمہیں یہ معلوم ہو گیا، تو اب یہ بھی معلوم ہو گا کہ ان بزرگوں کے کلمات سے حضور علیہ السلام پر جو درود شریف پڑھا جاتا ہے اس میں کتنا اجر و ثواب اور کس قدر فوائد ہیں۔ کئی وجوہ سے۔ اور اگرچہ ان کلمات سے حضور علیہ السلام پر درود بھیجنا جو آپ سے منقول ہیں زیادہ اجر و ثواب کا باعث ہے بہ نسبت دوسرے الفاظ کے جو غیر منقول ہیں۔ یہ تفصیل، ہے جو اللہ تعالیٰ نے میرے ناقص ذہن پر واضح فرمائی، اور سب تعریف اللہ تعالیٰ پروردگار عالمیان کے لیے ہے۔ جو کچھ میں نے ذکر کیا سب کا سب معترض کے جواب میں نہیں، بلکہ اس کے جواب سے زیادہ میں نے کلام کو طول دیا ہے، تاکہ زیادہ وضاحت ہو جائے، اللہ ہی احسان فرمانے والا ہے۔

تیسری تنبیہ

سوال: اس بارے میں کہ اذکار و درود کے سلسلہ میں جو متعین تعداد آئی ہے کیا حصول ثواب کے لیے یہ شرط ہے؟ یا نہیں؟ درود شریف کے کچھ کلمات کے ساتھ ذکر ہوتا ہے کہ جو کوئی ان کلمات کو خاص تعداد میں پڑھے گا، اس کے لیے اتنا

marfa.com
Marfat.com

اتنا ثواب ہے۔ یونہی بعض اوراد کے بارے میں آیا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ مقررہ تعداد سے کم یا زیادہ پڑھنے والا اس اجر و ثواب کا مستحق ہوگا یا نہیں جس کا وعدہ متعین تعداد پر دیا گیا ہے۔ یا اُسے کم اجر ملے گا یا زیادہ یا بالکل نہیں ؟۔ کیونکہ اس نے تعداد مذکورہ میں غلطی کا ارتکاب کیا ہے۔

جواب اس کا جواب وہ ہے جو امام ابن حجر ہیتمی نے اپنی کتاب "التحفہ شرح المنہاج" میں "باب شروط الصلوٰۃ" میں "تنبیہ" کے عنوان سے دیا ہے۔ فرمایا "متاخرین میں اس بات پر بہت اختلاف پڑ گیا کہ جس آدمی نے روایات میں آنے والی تعداد میں اضافہ کر دیا مثلاً ۳۴ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ پڑھ لیا، القرافی نے کہا مکروہ ہے کیونکہ یہ بے ادبی ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ یہ دوا، جب مقدار میں اضافہ کر دیا تو بیماری بن جائے گی۔ نیز یہ چابی ہے جب اس کے دندانوں میں زیادتی ہوگی۔ تو تالا نہیں کھلے گا۔ دوسروں نے کہا کہ زیادتی کی صورت میں مخصوص اجر و ثواب حاصل ہوگا۔ زین عراقی کے کلام کا مقتضیٰ بھی اسی قول کی ترجیح ہے۔ کیونکہ اصل پر عمل کرنے سے ثواب ملتا ہے، تو اپنی طرف سے زیادہ پڑھنے سے ثواب کیسے ضائع ہو جائے گا؟ ابن العماد نے بھی اسی پر اعتماد کیا ہے، بلکہ زور دیا ہے کہتے ہیں اس صورت میں ثواب نہ ہونے کا عقیدہ رکھنا جائز نہیں، کیونکہ یہ کہنا بلا دلیل ہے، بلکہ دلیل اس کا رد کرتی ہے۔ اور وہ اللہ کا یہ قول:

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا۔ ترجمہ: جو ایک نیکی لائے اس کے لیے اس کی دس گنا اجر ہے"

یہ عام ہے۔ القرافی کو اس مخصوص عدد کا راز معلوم نہیں ہو سکا یعنی ۳۴ بار سبحان اللہ کہنا۔ ۳۳ بار الحمد للہ پڑھنا اور ۳۴ بار اللہ اکبر کہنا یعنی ایک عدد بڑھا کر تاکہ تنوّ بارے ہو جائیں۔ اس میں راز یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کل نام ۹۹ ہیں۔ یہ یا تو ذاتی ہیں جیسے اللہ یا جلالی ہیں جیسے کبیر یا جمالی ہیں جیسے محسن ۔ پس پہلے نام کے لیے

marfa.com
Marfat.com

سبحان اللہ ہے جو تنزیہہ ذات کے لیے ہے۔ دوسرے کے لیے اللہ اکبر ہے تیسرے کے لیے الحمد للہ ہے۔ کیونکہ یہ نعمتوں کا تقاضا کرتا ہے۔ تیسرے میں اللہ اکبر یا لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ۔ آخر تک، کا اضافہ کیا گیا، اس لیے کہ کہا گیا ہے کہ سو نام، اسم اعظم سے مکمل ہوتے ہیں، جو اسمائے جلالیہ میں داخل ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ دوسری بات نقل کے لحاظ سے زیادہ صحیح ہے۔ پھر اس قول کے قائل نے ایسا اشکال پیش کر دیا جو حقیقت میں اشکال نہیں، بلکہ اس میں ثبوتِ مدعیٰ کی دلیل ہے وہ اشکال یہ کہ روایات میں اس تعداد سے کم تسبیح کا ذکر بھی ہے۔

اشکال پچیس ۲۵، گیارہ ۱۱، دس ۱۰، تین ۳، اکہتر، ننو، تسبیح میں۔ اور پچیس ۲۵۔ اور ایک سو پچیس ۱۲۵۔ اور دس ۱۰ تہلیل میں، اور اس کا تقاضا ہے کہ تعداد کو تعبدی نہ مانا جائے۔ ہاں یہ کہا جا سکتا ہے کہ مذکورہ تعداد میں سے کسی ایک کو اپنا لینا امر تعبدی ہے۔ کیونکہ ہر تعداد شریعت میں وارد ہے۔ جب کہ ہماری گفتگو ان کلمات کے بارے میں ہے، جو شریعت میں ثابت نہیں۔ پھر شرح مسلم کی گفتگو سے یہ مفہوم ملتا ہے کہ جب دو روایتوں میں اختلاف ہو جائے تو ان میں تطبیق کرنی چاہیئے۔ مثلاً ننو کو تکبیر یا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ سے ختم کرنا، پس بہتر ہے کہ دونوں پر ختم کر لیا جائے۔ اس میں احتیاط بھی ہے اور ممکن حد تک منقول پر عمل بھی، اس کی مثال دعائے تشہد میں۔ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا کے الفاظ ہیں، ایک روایت میں لفظ کَبِیْرًا باموحدہ کے ساتھ آتا ہے اور ایک روایت میں کَثِیْرًا بثا مثلثہ کے ساتھ بہتر یہی ہے کہ دونوں کو جمع کر لیا جائے العز ابن جماعۃ نے اس کا رد کیا ہے جس کا رد میں نے اپنے حاشیۂ الضیاح، بحث دعائے یوم عرفہ میں لکھا ہے۔ بعض علماء نے اس بات کو ترجیح دی ہے کہ پڑھنے والا اگر یہ نیت کر لے کہ واقعہ میں جہاں تک حضور علیہ السلام سے منقول ہے اس کی تعمیل کر رہا ہوں اور اس کے بعد جو کچھ ہے اپنی طرف

marfa.com
Marfat.com

سے اضافہ کر رہا ہوں۔ تو دونوں کا ثواب ملے گا ورنہ نہیں۔ ویسے اس سے بہتر ایک
اور تفصیل ہے وہ یہ کہ اگر اضافہ کسی قسم کے شک کی وجہ سے کر رہا ہے،
یا اضافے کو عبادت سمجھ رہا ہے تو جائز نہیں کیونکہ درحقیقت وہ
شارع علیہ السلام کی غلطی کا ازالہ کر رہا ہے جو جائز نہیں۔ تسخہ کی عبارت ختم ہوئی۔
کتاب افضل الصلوٰت کا تریسٹھواں درود یہ ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلَاۃً
کَامِلَۃً وَسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا" آخر تک، اسے ہاروشی نے اپنی کتاب کنوز الاسرار
میں ان الفاظ سے ذکر کیا ہے عَلٰی نَبِیٍّ تَنْحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ۔
نہ لفظ محمد ذکر کیا نہ یہ الفاظ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔ اور کہا کہ یہ درود
شریف عارف باللہ سیدی ابراہیم ناری رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہے۔ اور
مغرب میں درود ناریہ کے نام سے مشہور ہے۔ یہ کامل درودوں میں سے ہے۔ مشہور و
معروف اور تمام لوگوں میں معمول و متداول ہے کہ جو شخص اسے چار ہزار مرتبہ پڑھ لے
اور پھر اللہ تعالےٰ سے اپنی حاجت مانگے تو پوری ہوگی خواہ کوئی بھی حاجت ہو۔
اور اس کا تجربہ کیا جا چکا ہے، یہ بھی کہا گیا ہے کہ جس نے جب بھی اسے پڑھا اس
کے پاس اللہ کے ہاں سے کشائش ضرور آئی۔ میں نے یہ درود شریف اپنی کتاب
افضل الصلوٰت میں خزینۃ الاسرار مؤلفہ شیخ محمد حقی نازلی کے حوالہ سے
نقل کیا ہے۔ انہوں نے درود نازیہ کے نام سے ذکر کیا ہے۔ یہ ناریہ کی جگہ
تحریف ہے۔ اور لفظ محمد کو انہوں نے لیا لفظ نبی کو نہیں لیا۔ میں نے وہاں جیسے
دیکھا نقل کر دیا۔ صحیح وہی ہے جو میں نے یہاں نقل کر دیا ہے۔ لیکن اپنا دل تو اس
طرف مائل ہے کہ لفظ محمد بھی ہو اور لفظ نبی بھی ہو یوں کہیے سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
النَّبِیِّ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ یا صرف یہ کہے۔ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ۔

marfa.com
Marfat.com

تتمہ

صحیح احادیث میں درود شریف کے لیے استعمال ہونے والے الفاظ کی شرح میں

پہلی بحث لفظ اَللّٰھُمَّ کے مفہوم کے بیان میں

یہ کلمہ دعا میں کثرت سے استعمال ہوتا ہے اس کا معنٰے ہے یا اللہ "اے اللہ" میم حرف ندا (یا) کے عوض ہے۔ پس یوں نہیں کہہ سکتے اَللّٰھُمَّ غَفُوْرٌ رَحِیْم مثلاً ہاں یوں کہہ سکتے ہیں اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ اس پر حرف ندا اُتنا در ہی آتا ہے۔ ندا کے وقت خاص طور پر اس کی ہمزہ کو قطعی مانا گیا ہے اس کا لام پُر کر کے پڑھا جاتا ہے اور اس پر معرفہ (معرف باللام) ہونے کے باوجود حرف ندا داخل ہو جاتا ہے۔ امام حسن بصری رحمۃ اللہ کے متعلق آیا ہے کہ وہ یوں کہا کرتے تھے اَللّٰھُمَّ مُجْتَمِعَ الدُّعَاءِ اے اللہ دعاؤں کو جمع فرمانے والے! حضرت نضر بن شمیل سے منقول ہے کہ جس نے کہا اَللّٰھُمَّ تو اس نے اللہ سے، اس کے تمام ناموں کے ساتھ سوال کر لیا" ابو رجا عطاردی سے مروی ہے کہ اَللّٰھُمَّ کی میم میں اللہ کے ناموں میں سے ننانوے نام موجود ہیں۔

دوسری بحث صلوٰۃ کا معنٰی

امام راغب نے کہا لغت میں صلوٰۃ کے معنٰے ہیں دعا۔ تبریک۔ بڑائی بیان کرنا جب اللہ کی طرف منسوب ہو تو اس کا معنٰے ہے پاک کرنا (تزکیہ) فرشتوں کی طرف منسوب ہو تو استغفار۔ (بخشش چاہنا) لوگوں کی طرف سے صلاۃ کا معنٰے ہے

marfa.com
Marfat.com

دُعاء" الماوردی نے کہا یہ لفظ کئی معنوں میں مشترک ہے۔ ظاہر یہی ہے کہ اللہ کی طرف نسبت ہو تو رحمت۔ فرشتوں کی طرف سے استغفار۔ اہلِ ایمان کی طرف سے ہو تو دُعا۔ امام زمخشری نے فرمایا۔ صلاۃ کا معنیٰ ہے رحمت و رافت۔ اسی سے ہے لوگوں کا قول صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ ۔ کہ اللہ آپ پر رحمت و رافت فرمائے۔ حافظ سخاوی نے کہا تمام اقوال میں بہتر قول ابوالعالیہ کا قول ہے جو پہلے گزر چکا ہے کہ اللہ کا اپنے نبی علیہ السلام پر درود کا معنے ہے سرکار کی عظمت و تعریف بیان کرنا۔ فرشتوں وغیرہ کے درود کا معنے ہے۔ اللہ تعالیٰ سے اس کو طلب کرنا اور طلب سے مُراد اصل صلوٰۃ طلب کرنا نہیں بلکہ اس میں اضافہ طلب کرنا ہے۔ قاضی عیاض نے بحر قشیری کا قول نقل کیا ہے کہ صلاۃ جب اللہ کی طرف سے نبی علیہ السلام پر ہو تو اس کا مطلب ہے زیادہ شرف و کرامت سے مشرف فرمانا، اور نبی علیہ السلام کے علاوہ دوسروں پر صلاۃ کا معنی ہے۔ رحمت کرنا۔ اس تقریر سے نبی علیہ السلام اور باقی اہلِ اسلام میں فرق ظاہر ہو گا۔ اللہ فرماتا ہے :۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۔	ترجمہ: بے شک اللہ اور اس کے تمام فرشتے اس غیب کی خبریں دینے والے نبی پر درُود بھیجتے ہیں"
هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ ۔	ترجمہ: وہی تو ہے جو تم پر صلاۃ بھیجتا ہے۔

اور یہ بات معلوم ہے کہ جو درود حضور علیہ السلام کی شان کے لائق ہے اس کا درجہ دوسروں کی بہ نسبت بہت بلند و برتر ہے۔ الحلیمی نے شعب الایمان میں کہا ع۔ بی زبان میں صلاۃ کا معنیٰ ہے تعظیم متعین و مشہور صلاۃ (نماز) کو صلاۃ کا نام اس لیے دیا گیا ہے۔ کیونکہ اس میں نمازی جھکتا ہے یعنی کمر کو ٹیڑھا کرتا ہے، کیونکہ جب چھوٹا

marfa.com
Marfat.com

بڑے کو دیکھ کر جھکتا ہے تو عادتاً اس کو تعظیم و تکریم ہی سمجھا جاتا ہے پھر لوگوں نے نماز میں ہونے والی قرأت کو بھی صلاۃ کا نام دے دیا جب کہ عموماً قیام، قعود، و سجود وغیرہ میں رب کی تعظیم ہے، پھر علماء نے اس میں وسعت پیدا کر دی اور دُعا کو بھی صلاۃ کہنے لگے۔ کہ اس میں بھی جس سے دُعا کی جائے اس کی تعظیم ہوتی ہے اور اس کی طرف رغبت ہوتی ہے۔ اس میں اس چیز کی عظمت ثابت ہوتی ہے۔ جس کے حصول کی دُعا مانگی جائے۔ کیونکہ وہی چیز مانگی جاتی ہے، جس کی خواہش ہو مثلاً اللہ کا فضل اور اس کی نظرِ کرم۔ پس اللہ کے لیے صلوٰت کا معنی وہ اذکار ہیں، جن میں اس ذات کی تعظیم کا اظہار ہو، اور اس کی جلالتِ شان کا اعتراف ہو۔ اور بلند مرتبت ہونے کا اعلان ہو۔ ان تمام باتوں کا حقیقی حقدار اللہ تعالیٰ ہے۔ اس کے سوا یہ استحقاقِ ذاتی کسی اور کو حاصل نہیں۔ پھر جب ہم کہتے ہیں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ تو اس سے ہماری مُراد ہوتی ہے۔ اے اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو دنیا میں بڑائی عطا فرما، ان کا ذکر بلند کر۔ ان کے دین کو غلبہ دے کر، اور ان کی شریعت کو محفوظ و نافذ فرما کر، اور آخرت میں اُمت (بلکہ تمام اُمت کے لیے) ان کی شفاعت قبول فرما کر، اور اجرِ عظیم عطا فرما کر، اور ثواب دے کر۔ اور مقامِ محمود پر فائز کر کے پہلوں پچھلوں سب پر ان کی فضیلت آشکارا کر کے۔ اور تمام متقین پر جو موجود ہوں گے ان کو مُقدم فرما کر، فرمایا کہ یہ تمام کمالات اگرچہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو (ہماری دُعا کے بغیر ہی) عطا فرما دیئے ہیں، لیکن ان میں سے ہر کمال میں کئی درجات و مراتب ہیں، تو ممکن ہے کہ جب کوئی اُمتی سرکار پر درود بھیجتا ہے اور اس کی یہ دُعا قبول ہو جاتی ہے تو نبی علیہ السلام کے ان تمام کمالات و فضائل ہیں جن کا ہم نے ذکر کیا ہے، ترقی و اضافہ کر دیا جائے۔ لہٰذا یہ درود شریف بھی ان اعمال میں شامل ہو گیا، جن سے مقصود، حضور علیہ السلام کا حق ادا کرنا ہے (جتنا ہو جائے) اور اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کا قُرب حاصل ہو گا۔ یہ دلیل ہو جائے

marfa.com
Marfat.com

کہ جب ہم اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَاۃً مِّنْکَ عَلَیْہِ۔
الٰہی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی طرف سے درود بھیج، کہتے ہیں تو اس کا معنی یہ ہوتا ہے
ہم ایسی چیز نہیں پہنچا سکتے جس سے حضور کی شانِ عظیم اور مرتبہ بلند ہو جائے، یہ صرف اللہ
کے ہاتھ میں ہے۔ ہماری حضور پر "صلاۃ" بس ان کے لیے دُعا مانگنا ہے کہ ایسا ہو جائے
اور اللہ سے طلب کرنا ہے۔ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف کی
ایک اور وجہ بھی ہو سکتی ہے۔ کہ کہا جائے اَلصَّلٰوۃُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ، صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ جیسے کہا جاتا ہے اَلسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ
اللّٰہِ، اَلسَّلَامُ عَلٰی فُلَانٍ۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔
اُولٰٓئِکَ عَلَیْھِمْ صَلَوٰتٌ ان پر اللہ کی رحمتیں اور برکتیں"
مِّنْ رَّبِّھِمْ وَرَحْمَۃٌ۔

اس کا معنی ہو گا آپ پر ہونی چاہیئے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر رحمت ہے، جیسے
کہا جاتا ہے "صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ" یعنی اللہ کی رحمت ہوئی، یا اللہ کی طرف سے یہ
آپ پر رحمت ہونی چاہیئے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ کے سامنے تمنا کا مطلب ہے سوال
دیکھتے نہیں کہ کہا جاتا ہے غَفَرَ اللّٰہُ لَکَ وَرَحِمَکَ۔ یہ (دراصل) اَللّٰھُمَّ
اَرْحَمْہُ (الٰہی اس پر رحم فرما) کے قائم مقام ہوتا ہے۔ واللہ اعلم۔ الحلیمی کا کلام ختم ہوا۔
حافظ سخاوی نے اس کو نقل کرنے کے بعد فرمایا، "ان کا قول کہ حضور علیہ السلام پر درود بھیجنے
کا مطلب حضور کی تعظیم بجالانا ہے"۔ ہمارے شیخ حافظ ابن حجر نے فرمایا کہ حضور علیہ السلام
پر "اٰلِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ" کا عطف کرنا غلط نہیں۔ کیونکہ ان کی تعظیم
کی دُعا مانگنا منع نہیں کہ ہر ایک کی تعظیم اس کے مرتبے کے مطابق ہوتی ہے اور ابوالعالیہ
کا گزشتہ قول زیادہ واضح ہے۔ کہ اس سے یہ مفہوم حاصل ہوتا ہے کہ ایک ہی لفظ

marfa.com
Marfat.com

کو اللہ، فرشتوں اور اہلِ ایمان جنہیں درود وسلام بھیجنے کا حکم ہوا ہے تینوں کے لیے ایک ہی معنی میں استعمال کرنا جائز ہے۔ صلاۃ کا معنی اگرچہ رحمت ہے لیکن اس بات میں علمائے اختلاف کیا ہے۔ کہ

تنبیہ: آیا نبی علیہ السلام کے لیے لفظِ رحمت سے دعا مانگنا جائز ہے؟ امام نووی شرح مسلم میں فرماتے ہیں، قاضی عیاض نے فرمایا۔ ان احادیث میں نبی علیہ السلام پر رحمت کا ذکر نہیں آیا، ہاں بعض غریب حدیثوں میں آتا ہے، فرمایا کہ ہمارے شیوخ نے اس بارے میں اختلاف کیا ہے کہ آیا نبی علیہ السلام کے لیے رحمت کی دعا مانگنا جائز ہے؟ بعض اس طرف گئے ہیں کہ ناجائز ہے یہی مذہب مختار ہے ابو عمر بن عبدالبر کا، دوسروں نے اسے جائز قرار دیا ہے اور یہی مذہب ہے ابو محمد بن ابو زید کا۔ اکثریت (ناجائز کہنے والوں) کی دلیل یہ ہے کہ نبی علیہ السلام نے اپنے اوپر درود پڑھنے کی تعلیم دی ہے اس میں رحمت کا ذکر نہیں، اور مذہب مختار یہی ہے کہ رحمت کا ذکر نہ کیا جائے۔ ابن حجر نے الدر المنضود میں فرمایا۔ جان لیجیے کہ حافظ ابن عبدالبر اس طرف گئے ہیں کہ حضور علیہ السلام کے لیے رحمت کی دعا مانگنا منع ہے۔ باقی علما نے ان کا رد کیا ہے، کیونکہ صحیح حدیثوں میں اس کا ثبوت ہے جن میں سے صحیح تر حدیث تشہد ہے۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، ایک دلیل اس اعرابی کا قول ہے اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا الٰہی مجھ پر اور محمد پر رحم فرما۔ اور حضور علیہ السلام نے اس پر انکار نہیں فرمایا۔ یونہی حضور علیہ السلام کا فرمان اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ اَللّٰهُمَّ اَرْجُوْ رَحْمَتَكَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ،

امام شافعی کے رسالہ کے خطبہ میں ہے صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ

marfa.com
Marfat.com

کَرَّمَ وَنَعَّمَ۔ امام شافعی کے کلام کا مقتضیٰ ایسا ہی ہے۔ جیسے حدیث تشہد کہ اس میں جائز ہے کہ لفظ صلاۃ وسلام کو ملایا جائے ورنہ تشہد جائز نہیں اس بات کو سب نے اختیار کیا ہے۔ بلکہ قاضی عیاض نے الاکمال میں جمہور کا مسلک یہی نقل کیا ہے۔ القرطبی نے کہا یہی صحیح ہے اور امام غزالی نے ایک کو ذکر کرنا ناجائز قرار دیا ہے، فرمایا محض رحمت سمجھنا جائز نہیں۔ اللہ کا فرمان اس پر دلیل ہے۔

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا۔

ترجمہ: رسول کو اس طرح (عامیانہ پن سے) مت پکارو جیسے آپس میں ایک دوسرے کو پکارتے ہو"۔

صلاۃ کا معنی اگرچہ رحمت ہے، مگر حضور علیہ السلام اس سلسلہ میں دوسرے نبیوں کی طرح خصوصی تعظیم وتکریم سے نوازے گئے ہیں، اور ان کا بلند مرتبہ دوسروں سے ممتاز کیا گیا ہے۔ اللہ کی ان پر صلاۃ وسلام ہو، کہ صلاۃ ان کے حق میں محض رحمت کے معنی میں نہیں بلکہ خاص معنی مراد ہے۔ ہاں اعرابی کا ظاہری قول جو گذر چکا کہ الٰہی مجھ پر اور محمد پر رحم فرما، اور حضور علیہ السلام کا تائید فرمانا، حضور علیہ السلام کے لیے رحمت کی دعا مانگنے کا ثبوت مہیا کرتا ہے۔ اگرچہ اس کے ساتھ درود وسلام کو نہ ملایا جائے یہ وجہ صحیح معلوم ہوتی ہے۔ حضور علیہ السلام کی تائید خاص ہے لہٰذا اس عام پر مقدم ہے۔ جو آیت کریمہ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ الخ میں ہے مناسب یہ ہے کہ جن لوگوں نے حضور علیہ السلام کے لیے صرف رحمت کی دعا کو منع کیا ہے ان کا مطلب یہ لیا جائے کہ وہ رحمت جو باقی لوگوں کے لیے حاصل ہے ویسی ہی رحمت کا سوال حضور علیہ السلام کے لیے کرنا منع ہے۔ یا وہ رحمت جو بالا وبرتر درجہ کی نہ ہو۔

سوال حضور علیہ السلام کے لیے نزولِ رحمت کی دعا مانگی جاتی ہے حالانکہ آپ تو خود سراپا رحمت ہیں؟

marfa.com
Marfat.com

جواب وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ۔ کیونکہ حضور علیہ السلام کا رحمۃ للعالمین ہونا بھی تو اللہ کی ایک رحمت ہے اس کے علاوہ اللہ کی سرکار پر اور بھی کئی رحمتیں ہیں لہٰذا جب اللہ سے حضور علیہ السلام کے لیے رحمت مانگی جاتی ہے تو دراصل دوسری قسم کی رحمتوں کا سوال ہوتا ہے۔

الدر المنضود کی عبادت ختم ہوئی میں نے اس کے حاشیہ میں یہ عبارت لکھی دیکھی ہے۔

ہمارے شیخ مولف رحمہ اللہ نے شرح العباب میں فرمایا، الزرکشی نے الخادم میں کہا ہے کہ علامہ ابن عبدالبر، ابوالقاسم انصاری شارح الارشاد اور قاضی عیاض نے جمہور کا جو مسلک نقل کیا ہے اس کے مطابق تنہا حضور علیہ السلام کے حق میں رحمت کی دعا مانگنا منع ہے۔ ان حضرات پر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ امام بخاری نے اپنی صحیح میں اعرابی کا یہ قول نقل کیا ہے۔

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّلَا تَرْحَمْ مَعَنَا اَحَدًا۔ ترجمہ: الٰہی مجھ پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحم فرما اور ہمارے ساتھ کسی اور پر رحم نہ فرمانا۔

تو حضور علیہ السلام نے اس سے فرمایا:

لَقَدْ حَجَرْتَ وَاسِعًا۔ ترجمہ: تو نے وسیع کو تنگ و محدود کر دیا ہے۔

لیکن حضور علیہ السلام نے اپنے متعلق اس کی دعائے رحمت پر انکار نہیں فرمایا پھر اس مذکورہ قول کا رد کیا کہ رَحْمَتُ عَلَيْهِ (میں نے حضور پر رحمت بھیجی) نہیں کہنا چاہیے فرمایا کہ لفظ رحمت صلاۃ کے معنی کو متضمن ہے تو جس طرح لفظ صلاۃ متعدی ہو سکتا ہے اسی طرح لفظ رحمت بھی متعدی ہو سکتا ہے اور اس سوال کا کہ تَرَحَّمْتَ میں تکلف کا معنی پایا جاتا ہے یہ جواب دیا کہ اس میں یا اس جیسے دوسرے الفاظ میں جو آتا ہے

marfa.com
Marfat.com

مثلاً تکبر یہ تصنع یا تکلف کے لیے نہیں آتا بلکہ تخصیص و تعین کے لیے آتا ہے یا یہ بالکل زائد ہے جیسے قَرَّ بِالْمَكَانِ اور اِسْتَقَرَّ بِالْمَكَانِ (کہ دونوں کا معنی ہے مکان میں ٹھہرنا۔ جاگزین ہونا) اللہ کشی کا قول ختم ہوا۔

العزیزی نے شرح جامع صغیر میں کہا العلقمی نے کہا ہمارے شیخ کا کہنا ہے کہ حافظ ابن عبدالبر نے کہا کسی کے لیے یہ جائز نہیں کہ جب نبی علیہ السلام کا ذکر کرے تو یہ کہے رَحِمَهُ اللّٰهُ اللہ حضور پر رحم فرمائے" کیونکہ حضور علیہ السلام نے یہ تو فرمایا ہے۔ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ یہ نہیں فرمایا مَنْ تَرَحَّمَ یا مَنْ دَعَا لِيْ کہ جس نے میرے لیے رحم مانگا یا دعا مانگی" صلاۃ کا معنی اگرچہ رحمت ہوتا ہے مگر حضور علیہ السلام کی عظمت کے پیشِ نظر آپ کے لیے خصوصی طور پر یہ لفظ استعمال ہوا ہے (بخلاف دوسروں کے کہ ان کے لیے دعا کا لفظ آتا ہے) پس اس کو چھوڑ کر کسی اور لفظ کی طرف عدول نہیں کیا جا سکتا اس کی تائید اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے بھی ہوتی ہے۔

لَا تَجْعَلُوْا دُعَاءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا۔

ترجمہ: رسول کی دعا (بلانا) آپس میں ایسے مت کرو جیسے تمہاری ایک دوسرے کی دعا (بلانا)

الارشاد کے شارح ابوالقاسم انصاری نے کہا یہ دعا صلاۃ کی صورت میں تو جائز ہے تنہا جائز نہیں۔ احناف کی کتابوں میں سے ذخیرہ میں محمد بکر کے حوالہ سے اس کی وجہ یہ لکھی ہے کہ اس میں نقص کا احتمال ہے کیونکہ عام طور پر رحمت کی دعا قابلِ ملامت کام کرنے والے کے لیے مانگی جاتی ہے۔ رہا اعرابی کا قول اور صحیحین میں اس کی حدیث:

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا الٰہی مجھ پر اور محمد پر رحم فرما۔

ازالہ شبہ سو اس کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ اس میں حضور علیہ السلام کے لیے پہلے کے تابع کر کے دعا مانگی گئی ہے (براہِ راست نہیں) رہا ابوداؤد

marfa.com
Marfat.com

کی حدیث میں حضور علیہ السلام کا یہ فرمان جو دو سجدوں میں آپ فرمایا کرتے تھے :۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ۔ یا اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما۔

ہمارے شیخ نے فرمایا ۔ حافظ ابن عبد البر پر اعتراض نہیں کیا جا سکتا کہ انہوں نے حضور علیہ السلام کے لیے رحمت و مغفرت کی دعا سے منع فرمایا ہے کیونکہ یہ حدیث تو شریعت کی تشریح اور اُمت کی تعلیم کے لیے لائی گئی ہے کہ ایسے مقام پر وہ کس طرح دعا مانگا کریں۔ نیز اس میں حضور علیہ السلام کی اپنے رب کے حضور کسر نفسی و عاجزی کا اظہار ہے۔ رہ گئے ہم، تو ہم صرف اس لفظ صلاۃ سے ہی حضور کے لیے دعا مانگیں گے جس کا ہم کو حکم دیا گیا ہے کہ اسی میں آپ کی شایانِ شان تعظیم و تکریم اور حرمت کا اظہار ہے اور یہی آپ کی بارگاہ عظمت پناہ کے لائق ہے۔ ابو بکر بن العربی اور ہمارے اصحاب میں سے الصیدلانی نے اس مسئلہ میں حافظ ابن عبد البر کی موافقت کی ہے اسے الرافعی نے شرح میں نقل کیا ہے اور نووی نے الاذکار میں اس کی تائید کی۔ العزیزی کی عبارت ختم ہوئی۔

تیسری بحث نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم محمد کا معنے و اشتقاق

ابن القیم نے کہا

حضور علیہ السلام کے تمام ناموں میں سے مشہور ترین نام یہی ہے اور اصل میں اسم ہے جو (حمد) سے منقول ہے اور محبوب کی تعریف، محبت اور جلالت و عظمت پر مشتمل ہے یہی حمد کی حقیقت ہے۔ اس کی بنا "مُفَعَّلٌ" کے وزن پر ہے جیسے مُعَظَّمٌ، مُحَبَّبٌ، مُوَدَّدٌ، مُبَجَّلٌ۔ وغیرہ۔ یہ وزن دراصل اظہارِ کثرت کے لیے مقرر کیا گیا ہے۔ اگر اس سے اسم فاعل مشتق ہو تو اس کا معنی ہوگا وہ ذات جس سے فعل کثرت سے صادر ہو۔ یکے بعد دیگرے یعنی بار بار۔ جیسے مُعَلِّمٌ۔ مُفَهِّمٌ۔ مُبَيِّنٌ۔ مُخَلِّصٌ۔ مُفَرِّحٌ۔ (بکثرت تکرار (۱) پڑھانے والا۔ (۲) سمجھانے والا۔ (۳) بیان کرنے والا۔ (۴) چھٹکارا دینے والا یا نکھارنے والا۔ (۵) خوش کرنے والا۔)

marfa.com

Marfat.com

اور اگر اس سے اسم مفعول مشتق ہو، تو معنے ہوگا جس پر بکثرت اور بار بار فعل واقع ہو۔ یا وہ ذات جو یکے بعد دیگرے حمد و ثنا کی مستحق ہو کہا جاتا ہے (محمّد) اس کی بار بار تعریف کی گئی۔ وہ (محمّد) یعنی بار بار تعریف کا مستحق ہے جیسے کہا جاتا ہے (فھو معلم) اسے سکھایا گیا وہ (معلّم) یعنی سکھایا ہوا ہے۔ یہ علم بھی ہے اور صفت بھی۔ حضور علیہ السلام پر جب بولا جائے گا تو اس میں دونوں باتیں جمع ہوں گی اگرچہ بہتیرے دوسرے لوگوں کا بھی یہ نام رکھا جاتا ہے، مگر وہاں صرف علم ہوتا ہے۔ یہی حال ہے اللہ تعالیٰ کے ناموں کا۔ اور اس کی کتاب اور اس کے نبی علیہ السلام کے ناموں کا۔ کہ یہ سب علم ہیں اور ایسے اوصاف پر دلالت کرتے ہیں جو ان معنوں کی ذات میں پائے جاتے ہیں اور ان میں وصف کے خلاف نہیں بخلاف باقی مخلوق کے ناموں کے۔ پس وہ اللہ "اَلْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْغَفَّارُ" ہے۔ یہ نام جن معنوں پر دلالت کرتے ہیں وہ اللہ کی صفتیں ہیں۔ یونہی "القرآن الفرقان الکتاب المبین" قرآن کے نام بھی ہیں اور اس کی صفات پر دلالت بھی کرتے ہیں۔ اسی طرح نبی علیہ السلام کے نام "محمد و احمد و الماحی" جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے جو حدیث نبی علیہ السلام سے روایت کی ہے اس میں ہے:

قال ان لی اسماءً انا محمد و انا احمد و انا الماحی الذین یمحو اللہ لی الکفر۔	میں محمّد ہوں، میں احمد ہوں۔ میں وہ محو کرنے والا ہوں جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کفر کو مٹاتا ہے۔"

سو نبی کریم علیہ السلام نے یہ اسماء ذکر فرمائے خواص خصوصی فضیلت کو واضح کر رہے ہیں۔ جو اللہ نے حضور کو عطا فرمائی، اور ان الفاظ کے معانی کی طرف اشارہ فرمایا، وہ اگر بے معنی علم ہوتے تو حضور علیہ السلام کی مدح پر دلالت نہ کرتے۔ (تب ان کا ذکر فضول ہوتا۔ معاذ اللہ) اسی لیے تو حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے کہا ہے: ؎

وشق لہ من اسمہ لیجلّہ ۔۔۔ فذو العرش محمود وھذا محمد

marfa.com

Marfat.com

ترجمہ: "اللہ نے حضور علیہ السلام کا نام اپنے نام سے مشتق کیا، تاکہ اسے بزرگی بخشے۔ اب عرش والا تو محمود ہے اور یہ محمد ہیں"۔

جب یہ بات ثابت ہو گئی تو حضور علیہ السلام کا یہ نام (محمد) اس لیے رکھا گیا ہے کہ یہ نام مبارک اپنے مسمّٰی یعنی حمد پر مشتمل ہے۔ پس حضور علیہ السلام اللہ کے ہاں بھی محمود ہیں۔ فرشتوں کے ہاں بھی اپنے بھائیوں یعنی تمام رسولوں کے ہاں بھی محمود (قابلِ ستائش) ہیں اور تمام اہلِ زمین کے نزدیک بھی محمود ہیں۔ اگرچہ بعض زمین والوں نے سرکار کا انکار کیا ہے، کیونکہ حضور علیہ السلام کی ذات بابرکات میں جو صفات پائی جاتی ہیں، ہر عقل مند کے نزدیک قابلِ تعریف ہیں۔ اگرچہ کوئی شخص غرور، عناد یا جہالت کی بنا پر حضور علیہ السلام کے لیے ان کا انکار کرتے پھرے۔ اگر اسے معلوم ہو جائے کہ سرکار ان اوصاف سے متصف ہیں تو مصروف تعریف و توصیف ہو جائے۔ کیونکہ وہ اس شخص کی تعریف تو کرتا ہے۔ جو ان صفات سے متصف ہے ہاں حضور علیہ السلام میں ان صفات کا ہونا اسے معلوم نہیں تو حقیقت میں وہ حضور علیہ السلام ہی کا ثنا گو ہوا۔ حضور علیہ السلام صفتِ حمد سے اس طرح مختص ہیں کہ کسی اور میں یہ مفہوم جمع نہیں۔ آپ محمد ہیں، احمد ہیں۔ آپ کی اُمت (الحامدون) جو رنج و راحت میں اللہ کی حمد کرتے ہیں۔ اُمت کی نماز (؟) حمد سے شروع ہوتی ہے۔ آپ کا خطبہ حمد سے شروع ہوتا ہے آپ کی کتاب حمد سے شروع ہوتی ہے۔ اللہ کے ہاں لوح محفوظ میں ایسا ہی ہے حضور علیہ السلام کے خلفا اور صحابہ کرام نے قرآن مجید لکھا تو ابتدا حمد سے کی۔ حضور علیہ السلام کے ہاتھ میں قیامت کے دن (لواء الحمد) (حمد کا پرچم) ہو گا اور جب شفاعت کے لیے اپنے رب کے حضور سجد کریں گے اور اس سلسلہ میں آپ کو اجازت ہو گی تو ایسے کلمات سے اللہ کی حمد و ثنا کریں گے جو اسی وقت اللہ آپ پر کھولے گا "وہی مقام محمود" کے مالک ہیں جس پر پہلے پچھلے سب حضور پر رشک کریں گے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

marfa.com
Marfat.com

وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۔

ترجمہ: اور رات کا کچھ وقت اس کی عبادت میں جاگ کر گذارو یہ تمہارے لیے زائد نماز ہے۔ عنقریب تمہیں تمہارا پروردگار مقامِ محمود پر فائز کرے گا۔"

جب آپ اس مقام پر فائز ہوں گے تو میدان محشر والے سب حضور کی حمد و ثنا کریں گے۔ کیا مسلمان کیا کافر۔ کیا پہلے کیا پچھلے۔ پس حضور علیہ السلام محمود و لائق حمد ہیں، کہ انہی کے ذریعے زمین ہدایت، ایمان۔ علمِ مفید اور نیک عمل سے پُر ہوئی۔ انہی سے دل کھلے اور اہل زمین سے اندھیرے کافور ہوئے۔ آپ ہی نے ان کو شیطان کے چنگل سے آزاد کیا یعنی اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا۔ اس کا انکار کرنا۔ اس سے بے خبر ہونا۔ یہاں تک کہ اس سے آپ کے غلاموں نے دنیا و آخرت کا شرف پایا کہ آپ کی رسالت نے زمین والوں کو وہ سب کچھ دیا جس کی انہیں ضرورت تھی۔ کیونکہ وہ بُت پرستوں، صلیب پرستوں، آتش پرستوں، ستارہ پرستوں اور خدا کے غضب زدہ لوگوں میں بھٹک رہے تھے۔ جن پر بار بار اللہ کا غضب نازل ہوا۔ سرگرداں تھے، نہ رب کو پہچانیں جس کی بندگی کر سکیں اور نہ آداب بندگی ہی جانیں۔ لوگ ایک دوسرے کو کھا رہے تھے۔ جسے کوئی چیز پسند آجاتی اسی کی طرف بلاتا جو اس کی مخالفت کرتا اس سے لڑتا۔ زمین پر قدم بھر جگہ نورِ رسالت سے منور نہ تھی پھر اللہ تعالیٰ نے اہلِ زمین عربوں اور عجمیوں کو دیکھا، تو دینِ صحیح کے چند بچے کھچے آثار کو چھوڑ کر سبھی پر ناراض ہوا۔ پس اللہ تعالیٰ نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے تمام ملکوں اور بندوں کو سیراب کیا، آپ سے اندھیروں کو ختم کیا اور مری ہوئی مخلوق کو زندگی بخشی۔ گمراہی سے ہدایت اور جہالت کی جگہ علم بخشا۔ ملت کو کثرت اور ذلت کے بعد عزت عطا کی۔ غربت کی جگہ خوشحالی دی۔ حضور علیہ السلام کے ذریعے اندھی آنکھوں کو بینائی، بہرے کانوں اور غلاف چڑھے ہوؤں کو شنوائی نصیب ہوئی لوگوں کو ان کے رب اور معبود کی وہ پہچان کرائی جو آخری درجہ کی معرفت وہ حاصل کر سکتے تھے۔ اس کی ذات، صفات اور افعال کے ذکر میں، ابتدا فرمائی بار بار بات دُہرائی۔ اختصار اور طوالت دونوں سے کام لیا۔ یہاں تک کہ ایماندار

marfa.com
Marfat.com

بندوں کے دلوں میں سب سُبحانہٗ وتعالیٰ کی معرفت روشن تر ہوگئی اور اس سے شک وشبہ کا بادل چھٹ گیا۔ جیسے چودھویں کے چاند سے بادل چھٹ جاتا ہے۔ اور اس معرفت و پہچان میں اپنی اُمت کو نہ اپنے سے پہلے کسی آنے والے کا محتاج رکھا اور نہ بعد میں آنے والے کا۔ بلکہ ان کی کافی شافی رہنمائی فرما دی اور اس مسئلہ میں گفتگو کرنے والے ہر آدمی کو ان سے بے پرواہ کر دیا۔

اَوَلَمْ یَکْفِھِمْ اَنَّا اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْکِتَابَ یُتْلٰی عَلَیْھِمْ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَرَحْمَۃً وَّ ذِکْرٰی لِقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ۔

ترجمہ: کیا ان کو یہ کافی نہیں کہ ہم نے تم پر کتاب نازل کی، جو انہیں پڑھی جاتی ہے بے شک اس میں رحمت اور نصیحت ہے یقین والوں کے لیے"

ابو داؤد نے اپنی مراسیل میں حضور علیہ السلام کی یہ روایت نقل کی ہے کہ آپ نے ایک صحابی کے ہاتھ میں تورات کا ایک ٹکڑا دیکھا تو فرمایا، کسی قوم کے گمراہ ہونے کے لیے یہ کافی ہے جو کتاب ان کے نبی پر نازل ہوئی ہے اس کی جگہ کسی اور کی پیروی کریں اللہ تعالیٰ نے اس کی تصدیق میں یہ آیت نازل فرمائی۔

اَوَلَمْ یَکْفِھِمْ اَنَّا اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْکِتَابَ یُتْلٰی عَلَیْھِمْ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَرَحْمَۃً وَّ ذِکْرٰی لِقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ۔

ترجمہ: کیا ان کو یہ کافی نہیں کہ ہم نے تم پر کتاب نازل کی، جو ان پر پڑھی جاتی ہے بے شک اس میں رحمت اور نصیحت ہے یقین والوں کے لیے۔

اور حضور علیہ السلام نے ان کو وہ راستے بتائے جو ان کے رب اس کی رضا، اور اس کے مقام عظمت تک پہنچائیں۔ پس کوئی نیکی حکم دیئے بغیر نہ چھوڑی اور کوئی بُرائی منع کیے بغیر نہ چھوڑی جیسا کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا "جو چیز تمہیں جنت کے قریب کرے میں نے اسی کا تمہیں حکم دیا ہے اور جو چیز تمہیں آگ (جہنم) کے قریب کرے میں نے اسی سے تمہیں روکا ہے"

حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہٗ فرماتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس حال میں فوت ہوئے کہ آسمان میں کوئی پرندہ بھی اگر اپنے پر ہلاتا ہے تو ہمیں اس سے کسی چیز کا علم یاد آجاتا ہے اور حضور علیہ السلام نے ان کو ان کے رب کے حضور پیشی کا حال تک بتا دیا، اور مکمل

marfa.com
Marfat.com

بتا دیا کہ بات کھول دی، اور واضح کر دی بندوں کو فائدہ دینے والا اور ان کو ان کے رب کے قریب کرنے والا جو بھی علم تھا اس کا دروازہ کھول دیا اور جو مشکل تھی۔ اسے وضاحت سے بیان کر دیا۔ یہاں تک کہ گمراہ دلوں کو ہدایت دی، اور بیمار دلوں کو اس سے شفا عطا کی، اور ان کے صدقے جاہلوں کی فریاد رسی فرمائی۔ تو پھر ان سے بڑھ کر کون سا انسان نامِ محمد سے موسوم ہونے کا زیادہ حقدار ہے؟ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اللہ ان کو اُمت کی طرف سے بڑی سے بڑی جزا عطا فرمائے۔ دو قولوں میں سے صحیح تر قول یہ ہے کہ فرمانِ باری :

وَمَآ اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۔

ترجمہ: حبیب ہم نے تمہیں جہان والوں کے لیے محض رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

رحمۃ للعالمین کا مفہوم

اپنے عموم پر ہے۔ اس تقدیر پر اس میں دو وجہیں ہیں۔ اوّل یہ کہ تمام جہانوں کو عمومی طور پر حضور علیہ السلام کی رسالت سے فائدہ ہوا ہے۔ حضور کے غلاموں کو اس طرح کہ انہوں نے آپ کے صدقے دنیا و آخرت کی عزت پائی۔ آپ کے دشمنوں اور لڑنے والوں کو یوں کہ ان کو جلد قتل کروا دیا۔ اور ان کی موت ان کی زندگی سے ان کے حق میں زیادہ بہتر ہے۔ کیونکہ زندگی ان کے اُخروی عذاب میں شدت کا باعث ہے کہ بدبختی ان کا مقدر ہو چکی ہے پس کفر میں طویل زندگی بسر کرنے سے جلدی مر جانا ان کے لیے زیادہ بہتر ہے۔ رہے آپ سے معاہدہ کرنے والے، تو وہ دنیا میں آپ کے زیرِ سایہ، آپ کے وعدے اور ذمے داری میں زندہ رہے اور حضور سے لڑنے والوں کی بہ نسبت کم تر جرائم میں ملوث ہوئے۔ رہے منافق، تو محض زبانی اظہارِ ایمان سے ان کو جان و مال اور عزت و آبرو کا تحفظ مل گیا اور میراث وغیرہ میں ان پر مسلمانوں کے احکام جاری ہوئے اور رہ گئے دُور دراز بسنے والی قومیں، تو اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ السلام کو بھیج کر عام عذاب سے اہل زمین کو بچا لیا۔ پس حضور علیہ السلام کی رسالت سے تمام جہانوں کو فائدہ پہنچا۔

دوسرے یہ کہ حضور علیہ السلام ہر ایک کے لیے رحمت ہیں۔ لیکن مسلمانوں نے اس رحمت کو قبول کیا اور دنیا و آخرت میں اس سے نفع مند ہوئے۔ رہے کافر تو ان کے رد کرنے سے ان کے حق میں رحمت ہونے سے یہ خارج تو نہیں ہو گئی لیکن انہوں نے خود ہی اسے قبول نہ کیا۔

marfa.com
Marfat.com

جیسے کہا جائے کہ اس بیماری کی یہ دوا ہے۔ اب اگر مریض اس دوا کو استعمال ہی نہ کرے، تو یہ دوا ہونے سے خارج تو نہیں ہوگی اور جن وجوہات کی بنا پر حضور علیہ السلام کی تعریف کی جاتی ہے۔ ان میں سے ایک وجہ وہ اخلاقِ کریمانہ اور عادات پسندیدہ ہیں۔ جن پر اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ السلام کو پیدا فرمایا کہ جس آدمی نے آپ کے اچھے اخلاق اور بہترین عادات کو دیکھا اسے یقین ہو گیا کہ آپ ہی مخلوق میں بہترین اخلاق اور حسین ترین عادات کے مالک ہیں، نبی علیہ السلام تمام مخلوق میں سب سے بڑے عالم، سب سے بڑے امانت دار، سب سے بڑے سچی بات کہنے والے، سب سے بڑے برداشت والے، سب سے زیادہ جود وسخا والے، سب سے بڑے بوجھ اٹھانے والے، بڑے معاف کرنے والے، اور بڑے بخشنے والے ہیں۔ سخت ترین جہالت کے مظاہرے پر بھی زیادہ برداشت کا ہی اظہار فرماتے۔ جیسا کہ امام بخاری نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی روایت سے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے کہ:

تورات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت اس طرح تھی محمدؐ میرے بندے اور رسول ہیں۔ میں نے ان کا نام (متوکل) رکھا ہے۔ نہ ترش رو، نہ سخت دل، نہ بازاروں میں شور مچانے والے۔ نہ برائی کا بدلہ برائی سے دینے والے۔ بلکہ معاف فرماتے اور بخش دیتے ہیں۔ اور جب تک میں ان کے ذریعے بگڑے دین کو صحیح حال میں قائم نہ کر لوں، اندھی آنکھوں کو بینا نہ کر دوں، بہرے کانوں کو سننے والا اور پردوں میں لپٹے دلوں کو منور نہ کر دوں، ان کو موت نہ دوں گا یہاں تک کہ لوگ (لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ) کا اقرار کر لیں۔

اور حضور علیہ السلام سب سے بڑھ کر مخلوق پر رحم و شفقت فرمانے والے ہیں اور دین و دنیا میں مخلوق کو سب سے زیادہ فائدہ پہنچانے والے ہیں۔ اللہ کی مخلوق میں فصیح تر اور کثیر معانی کو مختصر ترین مدلل الفاظ سے تعبیر فرمانے والے ہیں مقامات صبر میں سب سے بڑھ کر ڈٹ جانے والے، میدانِ جنگ میں سب سے بڑھ کر بہادر، سچ بولنے اور سب سے بڑھ کر عہد و ذمہ پورا کرنے والے ہیں نیکی کا بدلہ سب سے بڑھ چڑھ کر دینے والے، بہت انکساری کرنے والے، اپنی ذات پر دوسروں کو سب سے بڑھ کر ترجیح دینے والے، ساری مخلوق سے بڑھ کر اپنے ساتھیوں کی حمایت کرنے والے اور بچانے والے جس چیز کا حکم ملا اس پر سب

marfa.com
Marfat.com

مخلوق سے بڑھ کر قائم رہنے والے اور چیز سے منع کیا گیا اسے سب سے زیادہ چھوڑنے والے مخلوق میں سب سے زیادہ رحم کے رشتوں کو جوڑنے والے ہیں۔ حضرت علیؓ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے بڑھ کر سخی دل، سچی زبان، نرم لہجہ، بود و باش میں سب سے بڑے کریم ہیں۔ جو اچانک دیکھ لیتا ڈر جاتا اور جو جان پہچان کر کے گھل مل جاتا محبت کرنے لگتا۔ سرکار کی صفت بیان کرنے والا کہتا میں نے ان جیسا نہ ان سے پہلے کوئی دیکھا نہ ان کے بعد (اجود الناس) سے مراد ہے نیک دلی اور بہت نیکی اور یہ کہ سخاوت کا گویا چشمہ تھا جو سرکار کے سینہ سے پھوٹتا تھا اور ہر اچھی عادت اس میں موجود تھی اور ہر نیکی پنہاں، جیسا کہ بعض اہل علم نے کہا کہ دنیا بھر میں کوئی ایسی جگہ نہیں جہاں سینۂ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے زیادہ نیکی جمع ہو۔ اللہ نے تمام خیر و خوبی جمع کر کے سرکار کے سینۂ مبارک میں ودیعت فرما دی۔ اور یہ جو فرمایا کہ سرکار تمام مخلوق سے بڑھ کر سچ بولنے والے تھے سو یہ وہ خوبی ہے۔ جس کا اقرار حضورؐ سے لڑنے والے دشمنوں نے بھی۔ کیا ہے۔ اس سلسلہ میں تمام دوستوں نے جو شہادت آپ کے حق میں دی اسے تو چھوڑ دو، کسی دشمن کو بھی کسی ایک جھوٹ کا تجربہ کبھی نہ ہوا۔ روئے زمین کے اہل کتاب اور مشرکوں نے حضورؐ علیہ السلام سے طرح طرح کی جنگیں لڑیں اور عمر بھر کبھی کسی نے چھوٹے بڑے ایک جھوٹ کا بھی آپ کو طعنہ نہیں دیا۔ حضرت مسورؓ بن مخرمہ کہتے ہیں میں نے اپنے ماموں ابوجہل سے کہا ماموں جان! کیا آپ محمدؐ کے اس اعلانِ نبوت سے پہلے کبھی ان کو جھوٹ کی تہمت لگاتے تھے۔ اس نے کہا بخدا، میرے بھتیجے! محمدؐ ہمارے ہاں جوانی میں امین کے نام سے پکارے جاتے تھے۔ اب بڑھاپے میں کب جھوٹ بول سکتے ہیں؟ میں نے کہا ماموں جان! پھر تم ان کی پیروی کیوں نہیں کرتے؟ اس نے کہا میرے بھانجے! بنی ہاشم اور ہم میں بزرگی کا جھگڑا ہے۔ انہوں نے کھانا کھلایا اور ہم نے کھلایا انہوں نے پلایا اور ہم نے پلایا انہوں نے پناہ دی اور ہم نے پناہ دی جب ہم نے گھٹنے ٹیک دیئے اور اس طرح ان کے گروہی ہو گئے جیسے میرا گھوڑا میرا گروہی ہے۔ تو انہوں نے کہا نبی ہم میں سے ہیں اب ہم ان کے آگے یہ دعویٰ کیسے پیش کر سکتے ہیں؟ تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو تسلی و تشفی دیتے ہوئے فرمایا:

marfa.com
Marfat.com

اَللّٰہُ لَیَحْزُنُکَ الَّذِیْ یَقُوْلُوْنَ فَاِنَّھُمْ لَا یُکَذِّبُوْنَکَ وَلٰکِنَّ الظّٰلِمِیْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ یَجْحَدُوْنَ ۝ وَلَقَدْ کُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِکَ فَصَبَرُوْا عَلٰی مَا کُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰٓی اَتٰھُمْ نَصْرُنَا وَلَا مُبَدِّلَ لِکَلِمٰتِ اللّٰہِ وَلَقَدْ جَآءَکَ مِنْ نَّبَاِی الْمُرْسَلِیْنَ ۝

ترجمہ: ان کی باتیں آپ کو پریشان کرتی ہیں، دراصل وہ تمہیں نہیں جھٹلا رہے بلکہ ظالم اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں اور یقیناً تم سے پہلے بھی رسولوں کو جھٹلایا گیا ہے تو انہوں نے جھٹلانے پر صبر کیا یہاں تک کہ ہماری مدد ان کو آن پہنچی اور اللہ کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں اور تمہارے پاس تو نبیوں کی باتیں آچکی ہیں"

اور یہ جو فرمایا (انہم عریکۃ) اس کا مطلب ہے آپ نرم مزاج ہیں لوگوں سے قریب رہتے ہیں، جو دعوت دے اس کی دعوت قبول فرماتے ہیں۔ جو آپ سے اپنی حاجت مانگے اس کی حاجت پوری فرماتے ہیں۔ جو آپ کے ارادے سے آئے اس کی دل جوئی فرماتے ہیں۔ نہ محروم کرتے ہیں، نہ ہی نامراد کر کے واپس کرتے ہیں۔ جب صحابہ کرام آپ سے کسی بات کا اظہار کرتے ہیں تو آپ ان کی موافقت کرتے ہیں اور ان کے مشورے کے بغیر کسی بات پر اڑ نہیں جاتے بلکہ ان سے صلح و مشورہ لیتے ہیں۔ آپ ان کے نیکوکاروں کی بات قبول فرماتے اور بدکاروں کو معاف فرماتے تھے یہ جو فرمایا ما یا اکرمھم عشرۃ اچھی بسر کرنے والے، اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنے جس ساتھی کے ساتھ گذر بسر فرماتے بہترین کریمانہ بسر فرماتے۔ چہرۂ اقدس پر ملال نہیں لاتے تھے بات میں سختی نہیں فرماتے تھے اور اس سے چہرۂ مبارک پھیرا نہیں کرتے تھے۔ زبان کی لغزشوں پر گرفت نہیں فرماتے تھے۔ بدتمیزی سے کوئی بات ہو جاتی اس پر مواخذہ نہیں فرماتے تھے بلکہ ان کے خاندان والوں سے انتہائی احسان فرماتے اور ان کا بھاری بوجھ اٹھاتے۔ پس حضور کی گذر بسر ان کی تمام تکالیف و مظالم برداشت کرتا تھا۔ ان میں سے کسی پر نہ غصہ ہوتے، نہ ملامت کرتے نہ اس سے کوئی ایسی بات فرماتے جو اسے ناپسند ہو (بشرطیکہ شریعت کا تقاضا نہ ہو) جو آپ سے گھل مل جاتا وہ آپ

marfa.com
Marfat.com

کی قربت و توجہ سے متاثر ہو کر کہتا ہوں آپ کا سب سے بڑھ کر محبوب ہوں کہ آپ اس کے مسئلہ کا اہتمام فرماتے۔ اس کی خیر خواہی کرتے۔ اس پر احسان فرماتے اور اس کی سختی کو برداشت فرماتے تو اس گذر بسر سے بڑھ کر کریمانہ کون سی زندگی ہے۔؟

امام حسین رضی اللہ عنہ کا فرمان

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے اپنے والد سے اپنے ہم نشینوں کے ساتھ نبی علیہ السلام کے اخلاق کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا، ہمیشہ ہنس مکھ، آسان عادت، نرم پہلو۔ نہ ترش رو نہ عیب گو۔ سخت طبع، نہ شور مچانے والے، نہ فحش گو، نہ بے جا تعریف کرنے والے جس کی خواہش نہ ہوتی اس سے بے توجہ آپ کا امیدوار کبھی مایوس ہوتا نہ نامراد۔ تین باتوں سے اجتناب فرماتے۔ نہ کسی کی برائی کرتے، نہ عیب لگاتے، نہ اس کی چھپی باتوں کی ٹوہ میں لگتے۔" وہی بات کرتے جس کے ثواب کی امید ہو۔ جب بات فرماتے ہم نشین اس طرح گردنیں جھکا لیتے جیسے ان کے سروں پر پرندے ہوں جب آپ خاموش ہو جاتے تب وہ بات کرتے۔ باہمی گفتگو میں جلد بازی نہ کرتے کوئی آدمی آپ کے سامنے بات کرتا سب خاموش ہو جاتے یہاں تک کہ وہ بات سے فارغ ہو جاتا (صحابہ کرام) کی گفتگو آپ کے حضور ایسے ہوتی جیسے پہلی بار گفتگو کرنے والے کی۔ آپ بھی اس بات پر ہنستے جس پر دوسرے ہنستے اور جس پر باقی لوگ خوش ہوتے آپ بھی خوش ہوتے۔ کوئی اجنبی شخص بدتمیزی سے بات کرتا یا کچھ مانگتا تو آپ کے ساتھی اسے ہٹانے کی کوشش کرتے فرمایا کرتے جب کسی حاجت مند کو دیکھو تو عطا کرو۔ صرف اس تعریف کو قبول فرماتے جو احسان کے بدلے میں کرے۔ جب تک کوئی بات ختم نہ کرلے، بات نہ کاٹتے۔ پھر ٹوکنا ہوتا تو یا منع کر کے ٹوکتے یا اٹھ کھڑے ہوتے۔

یہ جو فرمایا کہ جو شخص آپ کو اچانک دیکھتا ڈر جاتا، مرعوب ہو جاتا اور جان پہچان کے بعد جو آپ سے گھل مل جاتا، پیار کرنے لگتا" یہ حضور علیہ السلام کے دو وصف ہیں، جن سے اللہ تعالیٰ سچے اور پرخلوص بندوں کو موصوف فرماتا ہے۔ یعنی رعب اور محبت۔ آپ پر رعب و محبت دونوں کا نزول ہوتا۔ لہٰذا جو دیکھتا مرعوب ہو جاتا اور آپ کی بڑائی سے ڈرنے لگتا، اور اس کا دل آپ کے جاہ و جلال سے بھر جاتا۔ خواہ وہ دشمن ہی کیوں نہ ہوتا، اور جب آپ سے گھل

marfa.com
Marfat.com

مل جاتا، اور اُٹھنے بیٹھنے لگتا، تو سب مخلوق سے بڑھ کر آپ سے محبت کرنے لگتا۔ یہ ہے آپ کا مرتبہ عظیم، پسندیدہ، اور قابل تعظیم و تکریم۔ یہی کمالِ محبت ہے کہ اس کا تعلق محبت و رُعب دونوں سے ہوتا ہے۔ پس رُعب کے بغیر محبت و عظمت ناقص، اور ہیبت و تعظیم بھی محبت کے بغیر، جیسے قادر و ظالم کے لیے نقص ہے۔ کمال یہ ہے کہ محبت و مودّت اور جاہ و جلال جمع ہوں۔ اور یہ کمال صرف اس وقت حاصل ہوتا ہے۔ جب محبوب میں صفات کمال ہوں جن کی بنا پر وہ عظمت و محبت کا مستحق ہو۔ اور جب کہ اللہ تعالیٰ کی ذات میں یہ صفاتِ کمال ہر ایک سے بڑھ کر موجود ہیں تو اس کا حق ہے کہ اس کی تعظیم و بڑائی بیان کی جائے اس سے ڈرا جائے اور اس سے محبت کی جائے۔ دل کے ایک ایک جز کے ساتھ اور اس میں کسی کو اس کا شریک نہ کیا جائے کہ یہی وہ شرک ہے جسے اللہ تعالیٰ نہیں بخشے گا کہ کوئی شخص اس خصوصی محبت میں اللہ اور اس کی مخلوق میں برابری کرے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	ترجمہ: لوگوں میں سے کچھ وہ ہیں جو اللہ کو
اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ	چھوڑ کر دوسرے شریک اختیار کر لیتے
اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ	ہیں ان سے ایسی محبت کرتے ہیں جیسی
	اللہ سے اور جو ایمان والے ہیں وہ
	سب سے زیادہ اللہ سے محبت کرتے ہیں۔

تو اللہ نے یہ خبر دی ہے کہ جو کوئی اللہ کے سوا کسی اور سے ایسی محبت کرے جیسی اللہ سے کرنی چاہیے تو اس نے اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرا لیا۔ جہنمی لوگ جہنم میں اپنے معبودوں سے کہیں گے۔

تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۙ اِذْ نُسَوِّيْكُمْ	ترجمہ: خدا کی قسم ہم ہی کھلی گمراہی میں تھے،
بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝	جب تمہیں پروردگار عالمیان کے برابر
	ٹھہراتے تھے۔"

ان کا بتوں کو اللہ کے برابر ٹھہرانا یہ نہ تھا کہ انہوں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے۔ یا ان کو اور ان کے باپ دادا کو پیدا کیا ہے بلکہ انہوں نے اللہ کے برابر اپنے معبودوں کو پروردگار عالمیان کے ساتھ اس محبت میں برابر کر لیا تھا، جو اللہ سے کرتے تھے۔ کیونکہ حقیقتِ عبادت محبت و ذلت

marfa.com
Marfat.com

ہی تو ہے۔ یہی وہ جاہ وعزت ہے جس سے اللہ نے اپنے اس قول سے اپنی ذات کو متصف فرمایا ہے :۔

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝

ترجمہ: تیرے پروردگار کا نام بڑی برکت والا ہے (جو پروردگار) جلال وعزت والا ہے "

دو قولوں میں صحیح تر یہ ہے کہ جلال کا معنیٰ ہے تعظیم اور اکرام کا معنیٰ ہے محبت۔ یہی مفہوم بندے کے اس قول کا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ واللّٰهُ اَكْبَرُ ۔

اسی لیے مسند امام احمد میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا۔

أَلِظُّوا بِيَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ترجمہ: اس کو لازمی طور پر اپنا لو "

مسند ابو یعلیٰ الموصلی میں بعض صحابہ کرام سے ہے کہ انہوں نے اللہ کا اسم اعظم معلوم کرنا چاہا تو خواب میں دیکھا کہ آسمان کے ستاروں میں لکھا ہے

انسان کی ہر محبت وتعظیم، اللہ کی محبت وتعظیم کے تابع کر کے ماننا ہی جائز ہے۔ جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت، کہ یہ دراصل بھیجنے والے کی تعظیم ومحبت کی تکمیل ہے۔ بے شک حضور کی امت جو آپ سے محبت کرتی ہے۔ محض اس لیے کہ اللہ آپ سے محبت کرتا ہے اور امتی آپ کی تعظیم وتکریم اسی لیے کرتے ہیں کہ اللہ ان کی تعظیم وتکریم فرماتا ہے۔ چونکہ اللہ کی محبت کی وجہ سے ہے لہٰذا اللہ ہی کی محبت ہے یونہی علماء کی عزت اہل ایمان اور صحابہ کرام کی عزت وتکریم، اللہ اور رسول کی محبت کے تابع ہے۔ مقصد یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر رعب ومحبت کا فیضان کیا۔ اور ہر مخلص ایمان والے نے اس سے حصہ لیا۔

امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کی کا فرمان

امام حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا۔ مومن مٹھاس اور رعب والا ہوتا ہے "یعنی محبت کرتا اور جلال و رعب ڈالتا ہے کہ اللہ نے اس کو ایمان کا لباس پہنایا ہے جس کا یہی تقاضا ہے۔ اسی لیے

marfa.com
Marfat.com

صحابہ کرام کے دلوں میں جتنی محبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تھی، کسی کے دل میں اتنی محبت کسی کی نہیں ہو سکتی، نہ ہی ایسی ہیبت و عظمت۔ حضرت عمرو بن العاص فرماتے ہیں اسلام لانے سے پہلے کوئی شخص مجھے حضور علیہ السلام سے زیادہ بُرا نہ لگتا تھا، پھر جب ایمان لایا تو میری نظر میں حضور علیہ السلام سے بڑھ کر کوئی محبوب و معظم نہ رہا۔ فرمایا کہ اگر میں تمہارے سامنے حضور علیہ السلام کی صفت کرنا چاہوں تو نہیں کر سکوں گا کیونکہ میں حضور علیہ السلام کے جاہ و جلال کی وجہ سے کبھی آپ کو آنکھ بھر کر دیکھ ہی نہ سکا۔ عروہ بن مسعود (حدیبیہ میں کفارِ مکہ کے سفیر) نے قریش سے کہا تھا اے قوم! خدا کی قسم میں قیصر و کسریٰ اور دیگر بادشاہوں کے درباروں میں گیا ہوں، مگر میں نے نہیں دیکھا کہ کسی بادشاہ کے ساتھی اس کی اتنی تعظیم و تکریم کرتے ہوں جتنی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی کرتے ہیں۔ خدا کی قسم تعظیم کے پیش نظر وہ نظر اٹھا کر اس کی طرف دیکھتے نہیں اور جب کوئی گھنگار بھی تھوکتا ہے تو ان میں سے کسی کے ہاتھ ہی پڑتا ہے۔ جسے وہ اپنے منہ اور سینے پر مل لیتا ہے، اور جب وہ (نبی) وضو کرتا ہے تو اس کے استعمال شدہ پانی پر لڑنے مرنے کو تیار ہو جاتے ہیں"۔ پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اوصاف سے متصف ہیں جو بار بار اور تکرار حمد و ثنا کے مقتضی ہیں، تو آپ کا نام محمد رکھا گیا۔ (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ ایسا نام ہے جو اپنے مسمّٰی، اور معنیٰ کے مطابق ہے۔ اور لفظ احمد و محمد میں فرق دو طرح سے ہے۔ اوّل یہ کہ محمد کا مطلب ہے

جس کی یکے بعد دیگرے تعریف کی جائے" یہ دلالت کرتا ہے۔

کہ آپ کی حمد کرنے والوں کی حمد بہت زیادہ ہے۔ اس سے لازم آتا ہے کہ اسباب حمد و ثنا آپ کی ذات میں بہت زیادہ ہیں اور احمد، محمد سے اسمِ تفضیل ہے جو اس پر دلالت کرتا ہے۔ کہ جس حمد و ثنا کے آپ حقدار ہیں، وہ اس سے افضل ہے، جس کے دوسرے مستحق ہیں پس محمد میں حمد زیادہ ہوتی ہے کیمیت (مقدار) کے لحاظ سے اور احمد میں حمد زیادہ ہوتی ہے کیفیت (مرتبہ) کے لحاظ سے۔ پس کسی انسان کی جو تعریف ہو سکتی ہے۔ آپ کی سب سے زیادہ اور سب سے اعلیٰ حمد و ثنا کی جاتی ہے۔ دوم یہ کہ محمد وہ ہے جو جس کی

تکرار تعریف کی جائے جیسا کہ گزر چکا ہے اور احمد وہ ہے جس نے اپنے رب کی تمام حمد و ثنا

marfa.com
Marfat.com

کرنے والوں سے افضل حمد وثنا کی ہو تو ایک نام پاک یعنی محمد نے بتایا کہ آپ قابل صفت وثنا ہیں اور دوسرے نام پاک یعنی احمد نے بتایا کہ آپ سب سے زیادہ اپنے رب کی حمد وثنا کرنے والے ہیں یہی قیاس وقانون بھی ہے۔ کیونکہ بصریوں کی ایک جماعت کے نزدیک اسم تفضیل اور افعلِ تعجب صرف فاعل کے فعل سے بنتے، مفعول کے فعل سے نہیں بنتے (یعنی فاعلیت کے معنے کے لیے آتے ہیں مفعولیت کے لیے نہیں آتے) دوسروں نے ان سے اس مسئلے میں اختلاف کیا ہے اور انہوں نے کہا ہے کہ اسم تفضیل وتعجب کو فاعل اور مفعول دونوں کے فعلوں سے بنتے ہیں (یعنی فاعلیت اور مفعولیت، دونوں کے لیے آتے ہیں) مقصد یہ کہ حضور علیہ السلام کے نام محمد اور احمد اس لیے رکھے گئے ہیں کہ آپ کی حمد سب سے زیادہ اور سب سے افضل کی جاتی ہے۔ پس دونوں مبارک نام اسم مفعول کے معنے میں ہیں، اور یہی مذہب مختار ہے اور حضور کی مدح میں یہ بات بلیغ تر اور اس کا مفہوم کامل تر ہے۔ اور اگر اس سے فاعلیت کا معنیٰ مُراد لیا جائے تو آپ کا اسم گرامی حمّاد ہوگا یعنی بہت تعریف کرنے والا۔ جیسے آپ کا اسم گرامی محمد ہے یعنی جس کی بہت تعریف کی جائے۔ تو بے شک آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام مخلوق سے بڑھ کر اپنے رب کی حمد وثنا کرنے والے ہیں۔ لہٰذا اگر آپ کا نام نامی فاعل کے معنے میں ہو تو بہتر ہوگا کہ نام نامی حمّاد ہو جیسے آپ کی اُمت کا ہے۔ نیز یہ دونوں پاکیزہ نام سرکار کے اخلاقِ حسنہ اور اوصافِ حمیدہ سے مشتق ہیں جن کی بنا پر ہی آپ اسم گرامی محمد واحمد سے موسوم ہونے کے مستحق ٹھہرے، کہ حضور ہی کی ذات گرامی ہے جس کی دنیا اور آخرت والے، آسمان والے اور زمین والے سبھی تعریف کرتے ہیں پس آپ اپنے کثیر اوصافِ محمودہ کہ جن کے شمار سے شمار کرنے والوں کے اسماء عدد ختم ہو جائیں، کی وجہ ہی سے محمد کے ایسے دو مشتقوں (محمد واحمد) سے موسوم ہوئے۔ جو عظمت وشوکت میں فضیلت وزیادتی کا تقاضا کرتے ہیں"۔ ابن القیم کا کلام ختم ہوا۔

قاضی عیاض کا فرمان

قاضی عیاض مالکی نے فرمایا، اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ السلام سے پہلے ان دو ناموں سے کسی کو موسوم نہ ہونے دیا یعنی محمد اور احمد۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ہاں وہ جو اسم گرامی احمد پہلی کتابوں میں آیا ہے، اور جس کے ساتھ عیسیٰ علیہ السلام نے بشارت دی، تو اللہ نے اپنی حکمت سے نہ تو آپ سے پہلے کسی کو نہ نام رکھنے دیا۔

marfa.com
Marfat.com

اور کسی دعویدار کو آپ سے پہلے اس کا دعویٰ کرنے دیا۔ کہ کمزور دلوں میں شک و شبہ پیدا نہ ہو۔ رہ گیا اسم گرامی محمدؐ، صلی اللہ علیہ وسلم۔ تو یہ نام بھی کسی عربی یا غیر عربی نے آپ کی پیدائش سے کچھ عرصہ پہلے صرف اس وقت رکھنا شروع کیا۔ جب یہ بات ہر طرف مشہور ہو گئی کہ ایک نبی مبعوث ہونے والا ہے جس کا نام محمدؐ ہے تو کچھ عربوں نے اپنے بیٹوں کا نام اس امید پر رکھنا شروع کر دیا کہ شاید انہی میں سے وہ محمدؐ ہوں۔ اور اللہ بہتر جانتا کہ کہاں اپنی رسالت کی امانت کہاں رکھے گا"۔ الخ۔ میں نے عارف باللہ عبداللہ بن ابی جمرہ کی شرح مختصر بخاری میں حضور علیہ السلام کے اس فرمان کے تحت کہ۔

تَسَمَّوْا بِاسْمِیْ وَلَا تَکْتَنُوْا بِکُنْیَتِیْ۔ ترجمہ "میرے نام پر نام رکھو، اور میری کنیت پر کنیت نہ رکھو"

یہ عبارت دیکھی ہے "حضور علیہ السلام نے صحابہ کرام کو اپنے نام پر نام رکھنے کی اجازت اس لیے دی کہ اس میں خیر و برکت ہے۔ کہتے ہیں کہ جس گھر میں محمدؐ نامی کوئی شخص رہتا ہو وہ خیر و برکت سے خالی نہیں ہوتا"۔ یہ بھی مذکور ہے کہ قیامت کے دن جب اسے اس کے نام محمدؐ سے پکارا جائے گا، ہر کوئی یہ نام سن کر سر اٹھائے گا۔ کامیاب و کامران ہو گا۔ اس بارے میں اس سے ملتے جلتے بکثرت آثار منقول ہیں۔ فرمایا کہ میں نے ایک بابرکت عالم کو دیکھا جس کی کافی اولاد تھی۔ انہوں نے ہر بچے کا نام محمدؐ رکھا ہوا تھا۔ ان میں صرف کنیت سے امتیاز ہوتا تھا۔ کیونکہ وہ روایت انھوں نے سن رکھی تھی جس میں اس نام نامی کی خیر و برکت کا ذکر تھا اور جو کوئی اپنے بچے کا یہ نام رکھے اس کی فضیلت بیان ہوئی تھی، اسی لیے میں نے ان عالم صاحب اور ان کی اولاد کو ہمیشہ عظیم الشان خوشحالی میں ہی دیکھا ہے۔ نہ کسی سے طمع نہ خوف، نہ دین سے غفلت"۔ عبارت ختم ہوئی۔

حافظ سیوطی نے اپنی کتاب "الریاض الانیقہ فی اسماء خیر الخلیقہ" میں اس اسم گرامی پر کلام کرتے ہوئے فرمایا، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اور فرمایا وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ اور فرمایا مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ۔ پوری آیت۔ اور احادیث میں حضور

marfa.com
Marfat.com

کا ذکر گزر چکا ہے۔ یہ نام اقدس حضورؐ کے مشہور ترین اور بزرگ ترین ناموں میں سے ہے۔ اسی لیے اس میں چند خاص چیزیں رکھی گئیں ہیں۔

اسمِ محمدؐ کی خصوصیات

ایک یہ کہ کافر جب تک اس کو زبان پر نہ لائے اس کا اسلام صحیح نہیں ہو سکتا۔ یوں کہے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ (محمد اللہ کے رسول ہیں) پس اس جگہ اَحْمَدُ بولنا کافی نہیں، البتہ الحلیمی نے اسے اس شرط کے ساتھ جائز قرار دیا ہے کہ اس کے ساتھ ابوالقاسم کا لفظ ملا دیا جائے۔ اور الاسنوی نے التمہید میں اس کی توثیق کی ہے۔ دوسری یہ کہ تشہدؔ (شہادت) میں بھی اسی کو بولا جاتا ہے۔ اس کی جگہ آنحضورؐ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی اور نام کو استعمال کرنا کافی نہیں۔ نہ ہی اسم احمد کافی ہے۔ جیسا کہ شرح المہذب اور التحقیق میں لکھا ہے۔ یہی کلمہ خطبہ کا ہے۔ تیسری کہ اس کو بیت الخلاء میں لے جانا مکروہ ہے اور استنجاء کے وقت اس کو ہاتھ سے بدلنا ضروری ہے۔ اگر اپنا نام محمد تھا اور اسی نیت سے انگوٹھی پر لکھوا لیا تو بھی پاس رکھنا محلِ نظر ہے۔ چوتھے یہ کہ اسم نامِ گرامی سے ضرب، کسر اور بسط سے رسولوں کی تعداد نکلتی ہے جو کہ تین سو تیرہ ہے یوں کہ اس میں پہلی میم اور دوسری مشدد جو قائمقام دو میموں کے ہے۔ کل تین میم ہوئے۔ اور میم کی جب کسر کی جائے تو م، ی۔ م تین صرف بنتے ہیں۔ اس حساب سے ہر میم کے ابجد کے حساب سے نوّے عدد بنتے ہیں مثلاً میم کے عدد ہیں چالیس۔ یا (ی) کے عدد ہیں دس۔ (دو میموں اور ایک یا (ی) کے عدد ہوئے نوّے) پس تین میموں کے عدد ہوئے دو سو ستر۔ دال کے عدد ہیں پینتیس۔ یوں کہ دال (د) کے چار۔ الف (ا) کا ایک۔ لام (ل) کے تیس۔ (کل ۳۵)۔ حا کے آٹھ عدد اس میں کسر نہیں (کل ٹوٹل ۳۱۳) پنجم۔ پھر آپؐ کا یہ نام رکھنے کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی سند سے یہ روایت بھی بیان کی جاتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش ہوئی تو حضرت عبدالمطلب نے ایک مینڈھا عقیقہ میں ذبح کیا اور آپ کا نام محمد رکھا جب ان سے کہا گیا کہ ابوالحارث! محمد نام رکھنے پر کس چیز نے آپ کو آمادہ کیا، اور آپ نے ان کا نام باپ دادے کے نام پر نہیں رکھا۔ تو انہوں نے فرمایا میرا مقصد یہ ہے کہ آسمان پر اللہ ان کی تعریف کرے اور زمین پر لوگ

marfa.com
Marfat.com

بیہقی نے اپنی سند کے ساتھ، ابن اسحاق کی یہ روایت نقل کی ہے کہ حضور علیہ السلام کی والدہ ماجدہ آمنہ بنت وہب سلام اللہ علیہا فرمایا کرتیں کہ جب وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی حاملہ ہوئیں تو ان کے پاس آکر کہنے والے نے کہا، آپ اس اُمت کے آقا کی حاملہ ہیں۔ جب وہ زمین پر تشریف رکھیں تو کہنا میں ان کو خُدائے واحد کی پناہ میں دیتی ہُوں، ہر حاسد کی شر سے" یہ کچھ دوسرے اشعار کے ساتھ، اور ان کا نام محمد رکھنا۔ تورات میں ان کا نام احمد ہے زمین و آسمان والے اس کی تعریف کریں گے۔ انجیل میں بھی ان کا نام احمد ہے زمین و آسمان والے ان کی تعریف کریں گے۔ اور قرآن میں ان کا نام محمد ہے، پس اسی لیے والدہ ماجدہ نے آپ کا نام محمد رکھا۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

حضرت عبدالمطلب کا خواب

الکلاعی نے اپنی کتاب سیرت میں کہا ہے روایت ہے کہ حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے آپ کا نام مُبارک ایک خواب کی بنا پر محمد رکھا تھا۔ انہوں نے دیکھا گویا چاندی کی زنجیر ان کی کمر سے نکلی۔ اس کا ایک سرا آسمان پر اور دوسرا سرا زمین پر ہے۔ ایک مشرق میں اور دوسرا مغرب میں۔ پھر وہ زنجیر ایک درخت سے بدل گیا جس کے ہر پتے پر روشنی ہے۔ مشرق و مغرب والے اس درخت سے لٹک رہے ہیں۔ انہوں نے یہ خواب بیان کیا تو اس کی یہ تعبیر کی گئی کہ ان کی پُشت سے ایک نومولود ہونے والا ہے اہل شرق و غرب اس کی غلامی کریں گے۔ زمین و آسمان والے اس کی تعریف کریں گے اسی لیے انہوں نے آپ کا نام محمد رکھا۔

اس روایت کے ساتھ جو حضور کی والدہ ماجدہ نے بیان فرمائی۔ حافظ سیوطی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا معراج کی رات میں جس آسمان سے گزرا وہیں اپنا نام اس طرح لکھا پایا "محمد رسول اللہ"

اس کو ابویعلیٰ اور بزار نے روایت کیا اور طبرانی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب آدم علیہ السلام سے بھول ہوئی تو انہوں نے عرش کی طرف سر اُٹھا کر کہا کہ "اللہ میں تجھ سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تجھ سے معافی چاہتا ہوں۔ اللہ نے وحی فرمائی، محمد کون ہیں؟ صلی اللہ علیہ وسلم

marfa.com
Marfat.com

کتنا پیارا نام بڑا بابرکت ہے، جب تُو نے مجھے پیدا فرمایا تو میں سر اٹھا کر تیرے عرش کی طرف دیکھتا اس میں لکھا تھا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ تو میں سمجھ گیا کہ جس کا نام تو نے اپنے نام سے ملا کر لکھا ہے اس سے بڑھ کر کوئی تیرے حضور بلند مرتبت نہیں، اللہ نے وحی کی اے آدم تیری اولاد میں سے وہ آخری نبی ہوں گے۔ اور اگر وہ نہ ہوتے تو میں تجھے پیدا نہ کرتا۔" اس کو حاکم نے مستدرک میں ذکر کیا اور صحیح قرار دیا۔

اور امام بیہقی نے "دلائل النبوت" میں روایت کیا ابونعیم نے الحلیۃ میں اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جنت کے ہر درخت کے ہر پتے پر لکھا ہے۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

بزاز وغیرہ نے حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مرفوع حدیث نقل کی کہ وہ خزانہ جسے اللہ نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے (فِیْ کُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ کَرِیْمٍ) یہ ایک سنہری تختی ہے۔ جس میں لکھا ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مجھے اس پر تعجب ہے جسے تقدیر پر یقین ہے۔ پھر مشقت میں جتا رہتا ہے۔ مجھے اس پر تعجب ہے جس کو جہنم یاد ہے، پھر بھی ہنستا ہے مجھے اس پر تعجب ہے، جسے موت یاد ہے پھر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ سے غافل ہے۔

السیوطی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت جابر بن عبداللہ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام کی انگوٹھی کا نقش تھا۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

طبرانی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سلیمان بن داؤد علیہما السلام کی انگوٹھی کا نگینہ آسمانی تھا، جو اللہ نے ان کو عطا فرمایا تھا۔ انہوں نے اُسے اپنی انگوٹھی میں جڑ لیا۔ اس کا نقش تھا "اَنَا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنَا مُحَمَّدٌ عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ" فرمایا کہ صحیح تر حدیث جو نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم رکھنے کی فضیلت میں آئی ہے وہ حضرت امامہ الباہلی کی حضور علیہ السلام سے یہ روایت ہے۔

"جس کا بیٹا پیدا ہوا اور اس نے اس کا نام مُحَمَّدٌ رکھا، میری محبت اور میرے نام سے برکت حاصل کرنے کی نیت سے، وہ اور اس کا بیٹا جنت میں جائے گا۔" اس کی سند

marfa.com
Marfat.com

میں کوئی ضعف نہیں ایچ

ابن حجر مکی نے شرح شمائل میں فرمایا اسم محمد و احمد کی مزید خوبی یہ ہے کہ دونوں میں حروفِ جلالت برابر ہیں"۔ ان دونوں مُبارک ناموں کے فوائد میں سے یہ بھی ہے کہ جو کوئی ان کو کسی ورق پر لکھ کر اپنے پاس رکھ لے اور ہمیشہ دیکھتا رہے اور حضور علیہ السلام پر درود و سلام بھیجتا رہے، تو اس کو نیند کی حالت میں سرکار کی زیارت کثرت سے ہوگی۔ میرے آقا سیّد مُصطفےٰ البکری نے اپنی شرح "شرح حزب الامام النووی" کے آخر میں فرمایا حضور علیہ السلام کے تمام ناموں میں مشہور تر نام محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہے اور آپ سے پہلے کسی نے یہ نام نہیں رکھا۔ لیکن جب آپ کے نور و ظہور کا زمانہ قریب آگیا۔ اور آپ کا ذکر ہر طرف پھیلنے لگا تو اہل کتاب نے اپنے بیٹوں کا نام اس اُمید پر "محمد" رکھا کہ شاید ہمارا بیٹا نبی بن جائے۔ ایسے بچوں کی تعداد پندرہ ۱۵ تھی۔ حضور علیہ السلام کے پاکیزہ نام کہا گیا ہے کہ ایک ہزار ہیں یہ بھی کہا گیا ہے کہ دو ہزار بیس ۲۰۲۰ ہیں۔ لیکن ان سب میں، سُننے میں لذیذ تر۔ اور دل کو سب سے زیادہ تسکین دینے والا، چشمہ فرحت و سرور یہی بابرکت نام ہے۔ اگرچہ آپ کے تمام نام ایسے ہی مُعظم و محترم ہیں۔ شارح دلائل نے شروع میں فرمایا۔ سرکار کا یہ نام اقدس مشہور تر، مخصوص تر اور معروف تر ہے، اسی نام اقدس سے اللہ تعالیٰ دُنیا و آخرت میں سرکار کو بلاتا ہے اور بلائے گا اور یہی نام پاک کلمہ توحید میں آیا ہے۔ اسی سے آدم علیہ السلام کی کنیت (ابو محمد) رکھی گئی، اور اسی نام اقدس سے انہوں نے شفاعت چاہی۔ اور (اماں) حوا کے حق مہر کے طور پر اسی نام پاک پر انہوں نے دُرود پڑھا تھا، اور خود حضور علیہ السلام اپنا یہی نام بتاتے تھے۔ فرماتے ہیں اَنَا مُحَمَّدٌ بن عَبْدِ اللّٰہِ۔ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ۔ فَاطِمَۃُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ کسی کو خط لکھتے تو اس طرح مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ اسی نام سے فرشتے آپ پر دُرود بھیجتے ہیں، اور اسی نام سے قیامت کے دن عیسیٰ علیہ السلام تمام انسانوں کو شفاعت کے لیے آپ کا دروازہ دکھائیں گے۔ حدیثِ معراج میں جبریل علیہ السلام نے اسی نام پاک سے سرکار کا تعارف کروایا۔ وغیرہ وغیرہ۔ حدیثِ معراج میں ابراہیم علیہ السلام نے بھی سرکار کا یہی نام مُبارک لیا۔ آپ کی پیدائش پر آپ کے دادا حضرت عبدالمطلب

marfa.com
Marfat.com

نے بھی یہی نام رکھا۔ اسی نام مبارک سے قوم آپ کو پکارتی تھی پہاڑوں کے فرشتے نے بھی آپ کو اسی نام سے آواز دی۔ فرشتہ موت آپ کی رُوح قبض کر کے اپنے ہمراہ لے کر آسمان کی طرف یہی نام مُبارک لے لے کر روتا جاتا تھا۔ وَاَنَا مُحَمَّدٌ جب سرکار جنت کا دروازہ کھلوائیں گے اور نگران فرشتہ نام پوچھے گا تو وہاں بھی آپ یہی نام لیں گے۔ یونہی دوسرے کئی معاملات جو اس وقت میرے ذہن میں حاضر نہیں۔ حضور علیہ السلام کے ناموں کی شرح کرتے ہوئے فرمایا یہی نام مُبارک آپ کی ذات پر دلالت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ" یہ صفت سے منقول ہے۔ کیونکہ دراصل یہ حَمَّدَ مضاعف سے اسم مفعول ہے۔ پھر اس کو نقل کر کے حضور علیہ السلام کا علم مقرر کیا گیا۔ معنوی لحاظ سے یہ صیغہ مبالغہ میں۔ کیونکہ ثلاثی مجرد میں مبالغہ کا معنی پیدا کرنے کے لیے مضاعف کیا جاتا ہے۔ (لفظی اضافہ کیا جاتا ہے) اصل میں حُمِدَ فعل مجہول سے محمود (اسم مفعول بنا) پھر اس کو (لفظی اضافہ کر کے) حُمِّدَ اور اس سے اسم مفعول بھی مُحَمَّدٌ بنایا گیا۔ اور یہ مبالغہ کے لیے کیا گیا۔ کیونکہ اس میں حمد یکے بعد دیگرے تکرار کے ساتھ ہوتی ہے پس لُغت میں محمّد کا مطلب ہوگا اَلَّذِیْ یُحْمَدُ حَمْدًا بَعْدَ حَمْدٍ۔ جس کی یکے بعد دیگرے ثنا کی جائے"۔ اور مُفَعَّلٌ کا لفظ جیسے مُضَرَّبٌ اور مُمَدَّحٌ تو صرف اس ذات کے لیے آیا کرتا ہے، جس پر فعل یکے بعد دیگرے تکرار کے ساتھ آئے پس یہ نام حضور علیہ السلام کی ذات اور معنی کے مطابق ہے کیونکہ آپ کی ذات پاک تمام کائنات کی زبانوں پر ہر ہر پہلو سے ستودہ ہے حقیقت کے لحاظ سے۔ اوصاف کے لحاظ سے جسم اور عادات کے لحاظ سے تمام اعمال، احوال، علوم، اور احکام کے لحاظ سے۔ اور تمام ان چیزوں کے لحاظ سے جو آپ کے صدقے نازل ہوئیں اور ظاہر ہوئیں۔ پس وہ قابلِ ستائش ہیں زمین و آسمان میں۔ اور دنیا و آخرت میں۔ دنیا میں یوں کہ اللہ نے آپ کے ذریعے ہدایت دی۔ اور آپ کے صدقے سے علم و حکمت سے مالا مال فرمایا۔ اور آخرت میں شکایت کے ذریعے۔ تو جیسا لفظ کا تقاضا تھا معنی میں تکرار ہو گیا اس کے ساتھ آپ ہی حامد (اللہ کی حمد کرنے والے) ہیں۔ کیونکہ اللہ کی جس نے حمد و ثنا کی آپ کی تعلیم سے کی کہ وہ سب کے نبی ہیں۔ لہٰذا وہی حامد ہیں۔ چاہو تو یوں کہو کہ اللہ تعالیٰ کے حقیقی حامد وہی ہیں۔

marfa.com
Marfat.com

اور اللہ تعالیٰ حضورؐ علیہ السلام کی حمد وثنا کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی زبانوں پر آپ کی حمد کی۔ پس آپ ہی الحامد اور آپ ہی المحمود ہیں۔ مگر یہ فرق ہے کہ تنزل حکم اور مبدأ فاعلیت کے اعتبار سے آپ کو احمدیت سے مخصوص کیا گیا ہے اور بلوغ حکم اور منتہائے مفعولیت کے لحاظ سے محمدیت کے لحاظ سے۔ پس آپ کا نام آسمان میں احمد اور زمین میں محمد مشہور ہو گیا۔ پس آں حضورؐ صلی اللہ علیہ وسلم حمد وثنا کرنے والوں میں بھی بہترین اور سزاواران حمد وستائش میں بھی افضل ہیں اور حق تو یہ ہے کہ مخلوق میں سے آپ کے سوا نہ کسی نے آپ کی حمد وثنا کی اور نہ ہی آپ کے علاوہ رب کی طرف سے کسی کی تعریف و توصیف کی گئی۔ ہو بھی کیسے؟ کہ لواء الحمد تو آپ ہی کے ہاتھ میں ہوگا وہی مقام محمد کے مالک ہیں جہاں پہلے پچھلے سب آپ کی تعریف کریں گے" الخ الفاسی نے شرح دلائل میں فرمایا۔ اس کلام کا اکثر حصہ شیخ عبداللہ مکی کی کتاب شرح الھاجیہ سے ماخوذ ہے۔

پھر یہ کہ آپ اس وقت تک محمد نہیں ہوئے جب تک کہ احمد نہ ہوئے صلی اللہ علیہ وسلم۔ یوں کہ آپ نے رب تعالیٰ کی حمد وثنا، تمام لوگوں سے پہلے کی۔ وجود میں بھی ایسا ہی ہوا۔ (کہ آپ کا وجود پہلے اور اور مخلوق کا بعد میں ہوا) بلاشبہ آپ کا اسم گرامی احمد پہلی کتابوں میں موجود ہے۔ اور اسم گرامی محمد (احمد کی طرح) قرآن میں ہے۔ اور اسم گرامی احمد صفت سے منقول ہے جس میں تفضیل کا معنی ہے۔ اس کا مفہوم ہے اپنے رب کی حمد وثنا کرنے والوں میں سب سے زیادہ حمد وثنا کرنے والا" اور حقیقت میں ایسا ہی ہے کیونکہ مقام محمود میں آپ پر حمد وثنا کے وہ جامع کلمات کھولے جائیں گے جو آپ سے پہلے کسی پر نہ کھولے گئے پھر آپ ان کلمات طیبات سے اپنے رب کی حمد وثنا کریں گے اسی لیے حمد کا پرچم (لواء الحمد) آپ کے ہاتھ دیا جائے گا۔ پھر فرمایا، شیخ ابوعبداللہ مکی نے کہا اس اسم گرامی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) میں صورت مادہ کے لحاظ سے لطیف اشارات ہیں۔ یعنی حروف مادیہ اور ہیئت صوریہ کے لحاظ سے۔

اسم گرامی محمد میں صوری ومادی اشارات

پہلی صورت اس طرح کہ اولاً یہ اسم گرامی ملکوت اعلیٰ (بلند ترین سلطنت) کی میم پر مشتمل ہے۔ حا اس حیات اور حفظ پر دلالت کرتی ہے جو آپ کو حاصل ہے اور جسے قلم بالا

marfa.com
Marfat.com

نے لکھا ہے۔ اور مملکت بالا کی میم ہے جو مملکت ظاہری کی میم میں موجود ہے اور دوام واتصال کی دال، جو انفصال وانقطاع کے وہموں کو ختم کرتی ہے۔

دوسری صورت یوں کہ اس اسم گرامی (محمدؐ) کی صورت انسانی صورت سے ملتی جلتی ہے۔ پہلی میم سر۔ حا دونوں بازو۔ دوسری میم پیٹ۔ دال دونوں پاؤں۔ الخ (اسی لیے امام احمد رضا خان بریلوی قدس سرہٗ سوتے وقت یوں لیٹتے کہ دایاں ہاتھ سر کے نیچے اور بایاں اوپر پاؤں اوپر کی طرف سکیڑ لیتے اور قبلہ رُخ ہو جاتے۔ جس سے جسم مبارک اسم گرامی محمدؐ کی صورت میں ڈھل جاتا، سبحان اللہ۔ مترجم)

شیخ عبدالرحمٰن بسطامی کا فرمان

شیخ عبدالرحمٰن بسطامی رحمہ اللہ، اپنی کتاب دستہ الطعون فی ردیۃ قرۃ العین کی فصل ثانی میں لکھتے ہیں "یہ سمر یہ اسم گرامی حقیقت میں نہ سرکار سے پہلے کسی کا رکھا گیا نہ بعد میں۔ لوگوں نے یہ نام رکھ کر فضول میں شرکت کر لی۔ معنوی جہت سے کوئی آپ کا شریک وسہم نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ آپ کے علاوہ جو مخلوق، اس میں کچھ نہ کچھ کسی پہلو سے نقص ضرور ہے، اور نہیں تو یہ تو ہے کہ کوئی کمال کی انتہا تک نہیں پہنچ سکا، جو آپ کا مرتبہ ہے۔ پس محمد علی الاطلاق یا محمد مطلق آپ کے سوا کوئی نہیں۔ (جس میں کسی قسم کا نقص نہ ہو) کیونکہ کسی وصف کمال میں انتہا تک نہ پہنچنا بھی ایک طرح کی برائی ہے۔ ذم ہے۔ اور جس سے ذم کا کسی طرح بھی تعلق ہو جائے حقیقۃً محمد نہیں ہو سکتا۔ پس محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی محمد نہیں۔ اسی لیے جب مشرکین نے، نظم اور کلام موزوں سرکار کی ہجو کرنا چاہی، تو اللہ نے اس کا رُخ آپ سے پھیر دیا کیونکہ نور صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقت کسی طرح بھی اسے نہیں چاہتی۔ پس وہ مذمم کی ہجو کرتے تھے اور وہ شیطان ہے کیونکہ شیطان کے تمام ناموں میں یہ جامع ترین نام ہے۔ کیونکہ یہ انتہائی درجہ کے ہر عیب پر مشتمل ہے۔ ان دو ناموں (محمدؐ۔ مذمم) میں اسی واضح تضاد اور دونوں صفتوں میں عدم اشتراک کی وجہ سے شیطان حضور علیہ السلام کی صورت نہیں بنا سکتا۔ اگر یہ سوال کیا جائے کہ جب اسم محمد اللہ کے نام محمود سے مشتق کیا جائے جیسا کہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ ؎

وَشَقَّ لَهٗ مِنْ اِسْمِهٖ لِيُجِلَّهٗ ۔۔۔ فَذُو الْعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَهٰذَا مُحَمَّدٌ

marfa.com
Marfat.com

اللہ نے حضور کا نام اپنے نام سے مشتق کیا تاکہ اسے عظمت و بزرگی بخشے۔ پس عرش والا محمود ہے، اور یہ محمد ہیں" صلی اللہ علیہ وسلم۔

تو پھر اس محمد میں تشدید سے مبالغہ کیوں فرمایا اور محمود میں کیوں نہ مبالغہ کیا گیا ہے۔

جواب جب کہ حضور علیہ السلام بشر (انسان) ہیں۔ اور بشر (بخیثیتِ بشر) اس شان کا مالک نہیں ہو سکتا کہ تمام اوصاف میں کامل ہو اور آخری درجہ پر فائز ہو، لہٰذا اسم گرامی مشتد کرنے کی ضرورت پڑی یہ بتانے کے لیے کہ اس وصف میں آپ دوسروں کی مثل نہیں۔ بلکہ آئینہ حق ہیں، بواسما وصفات کے تمام حقائق کو اپنے اندر منعکس کر رہے ہیں"۔

مترجم کی طرف سے وضاحت یہ جو کہا گیا ہے کہ اسم اقدس محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک محمود سے مشتق ہے۔ اس میں کچھ ابہام سا آگیا ہے۔ کیونکہ مادہ اشتقاق مصدر ہوتا ہے یہ تو دونوں اسم مفعول ہیں اور دونوں حمد مصدر سے مشتق ہیں۔ پھر ایک کو دوسرے سے کیوں مشتق کیا گیا؟ اس کی مختصر توجیہ یہ ہے کہ چونکہ دونوں کا مادہ اشتقاق ایک ہی ہے، تو جب کہا محمد حمد سے مشتق ہے۔ محمود حمد سے مشتق ہے۔ حدا وسط حمد کو گرانے سے نتیجہ برآمد ہوگا محمد محمود سے مشتق ہے۔ یونہی تقدیم و تاخیر سے نتیجہ یہ آئے گا محمود محمد سے مشتق ہے۔ چونکہ حدا وسط حمد صغریٰ و کبریٰ دونوں میں محمول ہے لہٰذا شکل ثانی ہوئی اس کے صحیح نتیجہ کے لیے دو شرطیں ہیں۔

(۱) کیف یعنی ایجاب و سلب میں صغریٰ و کبریٰ مختلف ہوں۔

(۲) کبریٰ کلیہ ہو اور صغریٰ دائمی ہو۔

یہاں پہلی شرط نہیں مانی گئی۔ لہٰذا نتیجہ کبھی صحیح اور کبھی غلط ہو سکتا ہے۔ یہاں صحیح صورت مراد ہے۔ تفصیل کے لیے کتب معقول کی طرف رجوع کریں۔ مثلاً شرح تہذیب بحث قیاس وغیرہ"۔

سوال سیدی ابوالمواہب الشاذلی رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب قوانین الاشراق میں فرمایا، فرمان باری تعالیٰ ہے:۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا۔ ترجمہ "جب ہم نے فرشتوں سے کہا، آدم کو سجدہ کرو، تو انہوں نے سجدہ کیا"

marfa.com
Marfat.com

اگر تم اللہ کے سوا کسی دوسرے کو سجدہ کرنا تو حرام ہے تو یہ سجدہ کیسے جائز ہو گیا ؟

جواب ہم کہتے ہیں اس سجدہ سے مقصود تھا چھوٹے کا بڑے کے آگے تواضع وانکساری کرنا۔ یہ مربوب کا رب کو سجدہ نہ تھا کیونکہ آدم علیہ السلام بندے تھے، رب نہ تھے لیکن ان کی انسانی شکل کی اس لیے تعظیم وتکریم کی گئی کہ اس میں محمدی آثار نمایاں تھے۔ یہی تو وہ حقیقت ہے اے عقل و ذوق والو! جس نے محراب میں سجدہ واجب کیا"۔

بقول امام احمد رضا خان بریلوی رحمہ اللہ ۔ ؎

شکلِ بشر میں نورِ الٰہی نہ ہو اگر　　کیا قدر اس خمیرۂ ماء و مدر کی ہے

مزید تشریح کے لیے دیکھو تفسیر کبیر للرازی۔ تفسیر قرطبی۔ روح المعانی۔ برنا باس کی انجیل وغیرہا (مترجم)

وہ یوں کہ آدم علیہ السلام کا سر میم (م)، ان کا ہاتھ حا، ان کی ناف (م) میم اور باقی حصہ (د) دال"۔ خط قدیم میں یوں لکھا تھا" ابو المواہب رحمہ اللہ نے فرمایا، ہماری بات کی تائید ہمارے استاذ یعنی سیدی علی وفا رضی اللہ عنہ کے اس قول سے ہوتی ہے :۔

لَوْ اَبْصَرَ الشَّیْطَانُ طَلْعَةَ نُوْرِہٖ ؟　　ترجمہ: اگر شیطان حضور علیہ السلام کے نور کی

فِیْ وَجْہِ آدَمَ کَانَ اَوَّلُ مَنْ سَجَدْ　　جھلک آدم علیہ السلام کے چہرے میں دیکھ لیتا تو سب سے پہلے سجدہ کرنے والا ہوتا"

حضور علیہ السلام تمام رسولوں اور نبیوں اور تمام اہل خیر وتقویٰ کے نور ہیں جیسے کہ فرمایا : ؎

عِیْسٰی وَ آدَمُ وَالصُّدُوْرُ جَمِیْعُھُمْ

ھُمْ اَعْیُنٌ ھُوَ نُوْرُھَا یِمَا وَرَدْ

حضرت عیسیٰ، آدم اور تمام سردار (انبیاء) علیہم السلام ایسی آنکھیں ہیں جن میں روشنی

آپ ہیں کہ روایات میں یہی آیا ہے"

یہ اس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ السلام کے لیے تمام نبیوں کا نور اور رسولوں کی رہنمائی۔ اولیاء کی ہدایت جمع کر کے آپ کو نورِ ختم نبوت سے مختص کر دیا۔

ایک علمی لطیفہ یہاں ایک لطیفہ ہے کہ اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی میم جب پڑھو تو تین حروف بنتے ہیں (میم۔م - ے۔ م)، حا میں دو حرف ہیں (ح ۱۰)

marfa.com

Marfat.com

ہمزہ شمار نہیں ہوتا، کہ یہ الف ہی ہے۔ دو میموں سے چھ حروف نکلے۔ دال میں تین حروف ہیں د۔ ا ل۔ دال۔ الف۔ لام۔ پس جب شمار کریں۔ آپ کے نام کے ظاہری و باطنی حروف۔ تو تمہیں ابجد کے لحاظ سے ۳۱۴ حاصل ہوئے۔ ۳۱۳ تو رسولوں کی تعداد ہے جو نبوت کے جامع ہیں۔ باقی ایک بچا۔ یہ مقامِ ولایت ہے جو تمام نبیوں اور حضور علیہم السلام کے پیروکار ولیوں پر تقسیم کیا گیا ہے یہاں ایک اور نقطہ ہے کہ ولیوں پر تقسیم ہونے کے لیے صرف ایک عدد (فرد) بچا ہے۔ کیونکہ ان ولیوں میں افراد بھی ہوتے ہیں جو حقیقۃً انفرادی شان سے مختص ہوتے ہیں۔ ان میں سے ایک فرد کو اللہ تعالیٰ اپنے زمانہ کے نور کا جامع کر دیتا ہے اور یہ دقیقہ حقیقتِ محمدیہ سے ملا ہے جو تمام حقائق کی جامع ہے جیسا کہ کسی نے کہا ہے۔ ؎

وَلَيْسَ عَلَى اللّٰهِ مُسْتَنْكَرٍ اَنْ يَّجْمَعَ الْعَالَمَ فِيْ وَاحِدٍ

اللہ کے لیے کوئی مشکل نہیں کہ تمام دنیا کے اوصاف کسی ایک میں جمع کر دے۔"

اور شیخ شہاب الدین احمد بن العماد الفقسی نے اپنی کتاب کشف الاسرار عما خفی عن الافکار میں لکھا ہے کہ حضور علیہ السلام کے اسم مبارک کے دس خصائص ہیں۔ چوتھی خصوصیت یہ ہے کہ :

اسم اقدس کے اسرار

حضور علیہ السلام کا نام مبارک ساق عرش پر لکھا ہے۔ روایت ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے عرش پیدا کیا تو جنبش کرنے لگا۔ اور جب اس پر اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم لکھا گیا تو اسے سکون آ گیا۔ اس میں تنبیہ ہے کہ سب سے بڑی مخلوق حضور علیہ السلام ہی ہیں۔ نام مبارک کے حروف کے بارے میں کہا گیا۔ بعض لوگوں نے کہا میم کا مطلب ہے کفر کو اسلام سے محو کرنا۔ یا پیروکاروں کے گناہ محو کرنا۔ یہ بھی کہا گیا ہے۔ کہ میم کا مطلب ہے، مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ مسلمانوں پر مَنّ (احسان) یہ بھی کہا گیا ہے کہ میم سے مراد آپ کی امت کا ملک (حکومت) یا مقام محمود۔ حا کے متعلق کہا گیا "مخلوق کے درمیان اللہ کے حکم سے آپ کا فیصلے کرنا۔ اللہ فرماتا ہے۔

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى ترجمہ: نہ تمہارے رب کی قسم ہرگز مسلمان
يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ نہیں ہو سکتے جب تک تمہیں اپنے ہر

marfa.com
Marfat.com

ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔

جھگڑے میں حاکم نہ مانیں اور تمہارے فیصلے سے دل میں تنگی محسوس نہ کریں اور سر تسلیم کر لیں۔

یہ بھی کہا گیا ہے حا سے مُراد آپ کی اُمّت کی حیات ہے۔ رہی دوسری میم، تو یہ اللہ کا حضورؐ کی اُمّت کی مغفرت کی میم ہے۔ اور کہا گیا ہے اہل ایمان کی منادی۔ دال۔ داعی الی اللہ کی ہے اللہ کا فرمان ہے:۔

دَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا۔

ترجمہ: پس آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم دنیا و آخرت میں جنت کی طرف لوگوں کی دلیل ہیں۔

اس کو نیشاپوری نے ذکر کیا۔ الخ

امام بوصیری نے قصیدہ بردہ میں کیا خوب فرمایا۔

فَاِنَّ لِيْ ذِمَّةً مِّنْهُ بِتَسْمِيَتِيْ
مُحَمَّدًا وَّهُوَ اَوْفَى الْخَلْقِ بِالذِّمَمِ

ترجمہ: بے شک مجھے حضور کی ذمہ داری (ضمانت) حاصل ہے کیونکہ میں نے اپنا نام محمد رکھا ہے اور حضور علیہ السلام سب سے بڑھ کر ذمہ داریوں کو پورا کرنے والے ہیں۔"

علامہ شہاب الدین احمد قسطلانی رحمہ اللہ نے اپنی شرح قصیدہ بردہ میں فرمایا: "ناظم کے کلام میں آپ کے نام اپنا نام رکھنے کی ترغیب ہے اس بارے کئی احادیث وارد ہوئی ہیں جن میں سے ایک یہاں انہوں نے اس کی سند ذکر کی ہے حمید الطویل عن انس۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "بندے (قیامت کے دن) اللہ کے سامنے کھڑے کیے جائیں گے تو اللہ تعالیٰ ان کو جنت میں داخل ہونے کا حکم دے گا۔ وہ کہیں گے، پروردگار! ہم جنت کے مستحق کس طرح ہو گئے! ہم نے تو کوئی ایسا عمل نہیں کیا جس کے عوض جنت جا سکیں۔ اللہ عزوجل فرمائے گا، میرے بندو! جنت میں چلے جاؤ، کیونکہ میں نے قسم اُٹھا رکھی ہے کہ (بشرطیکہ ایمان جس نے اپنا نام محمد یا احمد رکھا جہنم نہیں جائے گا"

نبیط بن شریط سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالےٰ

marfa.com
Marfat.com

نے فرمایا مجھے اپنی عزت وجلالت کی قسم کہ (حبیب!) جس نے تیرے نام پر نام رکھا میں اسے جہنم کی سزا نہیں دوں گا۔" اس کو ابو نعیم نے روایت کیا۔ ان سے ابو علی حداد اور ان سے ابو منصور دیلمی نے اپنی سند کے ساتھ مسند الفردوس، میں مرفوعاً ذکر کیا اور فرمایا اس کی سند متصل ہے۔ اور جعفر بن محمد (الباقر) سے روایت ہے کہ جب قیامت کا دن ہوگا، ایک پکارنے والا پکارے گا، سنو! جس کا نام محمد ہے وہ اٹھ کر جنت میں داخل ہو جائے، یہ عزت وتکریم ہے سرکار کے نام کی۔" دوسرے لفظ میں ہے کہ قیامت کے دن آواز دی جائے گی یَا مُحَمَّدُ! تو جس جس کا نام محمد ہوگا میدان حشر میں سر اٹھا کر دیکھے گا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ جس نے (بشرطِ ایمان) میرے نبی کے نام پر محمد نام رکھا ہے میں نے بخش دیا۔"

حضرت امام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس کا بیٹا پیدا ہوا اور اس نے اس کا نام برکت کے لیے محمد رکھا، وہ اور اس کا بیٹا دونوں جنت میں ہوں گے اس کو صاحب مسند الفردوس اور اس کے بیٹے منصور نے روایت کیا۔

انہی دو بزرگوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ روایت بھی نقل کی ہے "کہ جس دسترخوان پر محمد یا احمد نام کا کوئی شخص حاضر ہوا، اللہ اس گھر کو ہر دن دو مرتبہ پاک فرماتا ہے۔"

قسطلانی فرماتے ہیں اللہ کا شکر ہے کہ مجھے بھی حضور علیہ السلام کی ضمانت حاصل ہے کہ سرکار کے اسم مبارک کی طرح میرا نام بھی احمد ہے اور میں اللہ سے اس کے فضل کا سوال کرتا ہوں۔ کہ جس طرح اس نے مجھ پر یہ احسان فرمایا ہے، مجھے حضور علیہ السلام سے محبت کرنے والوں اور وارثوں کی صف میں پروے۔ ہمارے فضل وکرم اور رحمت سے۔" الخ

سید مصطفےٰ البکری فرماتے ہیں، الحمد للہ جس نے میرے نام پر اپنا نام مصطفےٰ رکھا وہ بجا طور پر سرکار کی ذمہ داری میں آجاتا ہے کیونکہ میرا نام آپ ہی کے نام پر ہے، اور مجھے اہل وفا میں سے ایک صاحب کشف نے بتایا، جس نے چشمہ صفا سے بھر بھر جام پیئے تھے کہ بعض فقراء کی بہت حقیقتیں تھیں۔ جن کے بڑے بڑے نام تھے، جن میں سے ایک حقیقت کا نام اسی نام پاک مصطفےٰ پر رکھا گیا تھا۔ لیکن فیصلہ کن نام پاک تو وہی ظاہر وواضح (محمد واحمد) ہے اور موقع محل کے مطابق اسے سبقت حاصل ہے۔ الفاسی رحمہ اللہ کی شرح قصیدہ بردہ میں امام حسن

marfa.com

Marfat.com

بصری کے مذکورہ بالا فرمان میں یہ اضافہ ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن محمد یا احمد نام کے آدمی کو اپنے سامنے کھڑا کرے گا اور فرمائے گا، جبریل! میرے بندے کا ہاتھ پکڑ کر اسے جنت میں داخل کر دو۔ کہ جس کا نام میرے حبیب کے نام پر محمد یا احمد ہو۔ اُسے جہنم میں عذاب دیتے مجھے شرم آتی ہے۔

حضرت علی بن موسیٰ اپنے باپ اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں، اللہ ان سب سے راضی ہو، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب محمد نام رکھو تو اس کی تعظیم و توقیر کرو، اس کی تذلیل نہ کرنا، نہ ہی دباؤ ڈالنا، نہ ایسے آدمی کی بات ٹالنا" تاکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم ہو۔

حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس شخص کے تین بیٹے ہوئے اور اس نے کسی کا نام محمد نہ رکھا اس نے جہالت کا ثبوت دیا"

دیا" حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس قوم نے کوئی مشورہ کیا اور محمد نامی کوئی شخص ہونے کے باوجود انہوں نے اسے مشورہ میں شریک نہ کیا، اس میں برکت نہ ہوگی"

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس گھر میں میرا نام ہو، اس میں غریبی داخل نہ ہوگی" الخ

سید مصطفیٰ البکری نے مذکورہ عبارت کے بعد فرمایا کہ اس اسم گرامی کے عدد اللہ کے اسمائے حسنیٰ میں سے باسط اور ودود کے اعداد کے برابر ہیں پس جس کسی کا نام محمد ہو اس کے لیے مناسب ہے کہ ان دو ناموں کا ذکر کرتا رہے۔ ہمارے شیخ، شیخ محمد الخلیلی القاطن نے ابھی ابھی بیت المقدس میں ہمیں بتایا کہ انہوں نے اپنے بعض مشائخ سے اسم امان حاصل کیا۔ یہ اللہ کا نام ہے جس کے اعداد اسم محمد کے موافق ہیں (صلے اللہ علیہ وسلم) اور ان کا اللہ ان کا ہو اس مبارک اسم محمدی کے متعلق ایک رسالہ ہے انہوں نے مجھے بتایا کہ وہ اس کی شرح کرنا چاہتے ہیں تاکہ اجر جزیل پائیں۔ آپ ان حضرات میں سے ایک ہیں جنہوں نے مجھے اپنے مشائخ کی طرف سے اجازت دی۔ اللہ ان پر احسان کر کے جزائے خیر عطا فرمائے۔

الیافعی رحمۃ اللہ نے الدر النظیم فی خواص القرآن العظیم میں فرمایا۔ ہمارے ایک شیخ نے

marfa.com
Marfat.com

اپنے شیخ سے یہ حکایت مجھے سُنائی کہ شیخ محی الدین ابن العربی رحمہ اللہ نے فرمایا: "جس شخص نے حضور علیہ السلام کے نام میں سے کچھ حروف لیے اور ان حروف کو اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے جس میں دیکھے مطابق ہوں گے۔ اگر ایک اسم میں نہ پائے تو دو میں تلاش کرے یا تین یا چار میں مثلاً مُحَمَّدٌ اس کے ۹۲ عدد ہیں ہم نے اس کی موافقت اللہ کے ایک نام میں ڈھونڈھی تو نہ پائی۔ دو میں مل گئی اَوَّلٌ اور دَائِمٌ میں۔ پھر تین میں موافقت نہ ملی مگر اللہ کے اسماء حُسنیٰ میں سے چار کے مجموعہ میں مل گئی۔ یہ چار حَیٌّ۔ وَهَّابٌ۔ وَاجِدٌ۔ وَلِیٌّ۔ ہیں۔ فرمایا کہ آدمی اسم محمد کے عدد کے برابر ۹۲ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔ پھر اتنی ہی مرتبہ آیۃ الکرسی اور معوذتین (قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس) اور اتنی ہی مرتبہ سورۂ الم نشرح پھر ان چار اسمائے حُسنیٰ کو اسی تعداد کے مطابق پڑھے، اس کو وظیفہ بنا لے جب یہ وظیفہ مکمل تعداد میں پڑھ لے تو کہے یَا حَیُّ اَحْیِنِیْ ذِکْرِیْ وَاَسْئَلُکَنِیْ یہاں جو چاہے اس کا نام لے اسی طرح یَا وَهَّابُ هَبْ یہاں بھی مطلوبہ چیز کا نام لے۔ یَا وَاجِدُ اَوْجِدْ..... مطلوبہ چیز۔ یَا وَلِیُّ تَوَلَّنِیْ اسی پر قیاس کرتے جاؤ"۔ الخ۔ بعض مشائخ نے کہا کہ اللہ کا ایک نام سلام ہے جب اس کو اسم مُبارک وَاجِدٌ سے ملایا جائے تو اسم محمد کے اعداد سے ان کے اعداد موافق ہو جائیں گے۔ کیونکہ جب ہم نے کہا میم مشدد دو حرفوں کے برابر ہے تو اس کے عدد ۲۳۲ ہوں گے۔ اس اسم سَلَامٌ کو اسم محمد سے مناسبت حاصل ہے کیونکہ حضور علیہ السلام تمام دنیا کا قلب ہیں۔ یٰسٓ قرآن کا قلب ہے اور سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ۔ یٰسٓ کا قلب ہے۔ سلام کا مطلب ہے امان، بچاؤ۔ اور حضور علیہ السلام امان ہیں کیونکہ خود فرماتے ہیں، اللہ نے میری اُمت کے لیے مجھ پر دو امانیں نازل فرمائیں، ایک تو

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ۔	جب تک حبیب تم ان میں ہو اللہ ان کو عذاب نہیں کرے گا اور جب تک بخشش مانگتے رہیں گے تب تک اللہ ان کو عذاب نہ کرے گا۔

فرمایا جب میں چلا گیا تو ان میں تا قیامت استغفار چھوڑ جاؤں گا۔ حضور علیہ السلام پر درود و سلام کے

marfa.com
Marfat.com

فضائل کے باب کے آخر میں قرآنی آیتوں کے مختلف فوائد اذکار نبویہ وغیرہ کا ذکر آئے گا۔ ان میں سے کچھ فوائد کا تعلق اسم گرامی محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے۔ اور میں نے خصوصی طور پر اسم گرامی محمد احمد صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل میں ایک کتاب دیکھی ہے، یہ مجموعہ ہے ابو عبداللہ حسین بن احمد بن عبداللہ بن بکیر، حافظ کا جسے لکھا ہے عبدالرحمٰن بن محمد المعروف بہ ابن فرفیر دمشقی نے جو شیخ الاسلام قطب خیضری کے بیٹے تھے۔ یہ کتاب انہوں نے ۱۰۹۹ھ میں دمشق شام میں لکھی۔ اس کی پشت پر کتاب کے نام کے نیچے ان کے اپنے ہاتھ سے یہ عبارت لکھی ہوئی ہے، خدائے واحد کا شکر ہے میں اس کتاب مذکور کی روایت کر رہا ہوں جس کا بالائی حصہ ہمارے شیخ شیخ الاسلام شمس الدین محمد بن ابی اللطف المقدسی شافعی کی وہ خط و کتابت ہے جو انہوں نے بیت المقدس سے میری طرف کی۔ اپنے شیخ، شیخ الاسلام کمال بن ابی شریف المقدسی سے ان کے شیخ، شیخ مشائخ الاسلام قاضی القضاۃ ابو الفضل شہاب الدین احمد بن علی حجر شافعی سے انہوں نے کہا ہم کو خبر دی المسند العابد زین الدین ابو الفرج عبدالرحمٰن بن احمد بن مبارک بن حماد الغزی المشہور بابن الشیخۃ رحمہ اللہ۔ کہا ہم کو اس کی خبر دی ابو العباس احمد بن یعقوب صابونی نے انہوں نے کہا ہم کو بتایا فخر ابو الحسن علی بن احمد بن عبدالواحد حنبلی نے جو ابن بخاری کے نام سے مشہور ہیں وہ کہتے ہیں ہم کو خبر دی ابو حفص عمر بن محمد بن طبرزد نے سن کر۔ اور عبدالعزیز بن احمد بن عبداللہ بن بکیر۔ پھر انہوں نے مصنف مذکور کی یہ عبارت نقل کی ہے۔

"اللہ کے نام سے شروع جو رحم فرمانے والا مہربان ہے۔ ہم کو شیخ حافظ ابو محمد عبدالعزیز بن محمود بن مبارک بن محمود خبازندی نے خبر دی، جب کہ ان پر یہ عبارت پڑھی جا رہی تھی۔ اور میں سن رہا تھا۔ یہ واقعہ ہے ذی الحجہ ۵۵۰ھ کا بغداد میں۔ ان میں کہا گیا کہ تم کو ضروری شیخ ابو محمد یحییٰ بن علی بن محمد بن علی بن المطرح المدیر نے، جمعہ کے دن اذان ثانی سے پہلے، ماہ رمضان ۵۳۵ھ انہوں نے اس کی توثیق کی۔ تم کو خبر دی قاضی شریف ابو الحسن محمد بن احمد بن عبداللہ بن عبدالصمد المہتدی نے، جبکہ تمہارے والد علی بن محمد، ان کے سامنے پڑھ رہے تھے ذوالحجہ ۴۶۳ھ کو تو انہوں نے اقرار کیا۔ ہم سے بیان کیا ابو عبداللہ حسین بن احمد بن عبداللہ بن بکیر حافظ نے۔

marfa.com

Marfat.com

جن لوگوں کا نام محمد یا احمد ہے

ان کی فضیلت میں مروی آثار

یہ وہ آثار پسندیدہ ہیں جن کی سند جلیل، قیمتی قابلِ اعتماد ہے اور ان لوگوں کی فضیلت کے بارے میں ہیں جن کا نام محمد یا احمد ہے۔ حدثنا احمد بن عبداللہ۔ حدثنا جدی لابی العباس صدقۃ بن موسیٰ بن تمیم بن ربیعۃ بن ضمرۃ الغنوی مولیٰ علی بن ابی طالب۔ حدثنا ابی عن حمید الطویل عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، دو بندے اللہ کے حضور کھڑے کیے جائیں گے، تو اللہ ان کو جنت کا حکم دے گا، وہ کہیں گے پروردگار ہم جنت کے مستحق کیسے ہو گئے؟ حالانکہ ہم نے کوئی ایسا کام نہیں کیا جس کی جزا جنت ہو۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ میرے بندو! جنت میں داخل ہو جاؤ میں نے عہد کر رکھا ہے کہ جس کا نام محمد یا احمد ہو گا۔ وہ آگ میں نہیں جائے گا۔"

حدثنی ابو الحسن حامد بن حماد بن المبارک عن عبد اللہ العسکری نصیبین، حدثنا اسحٰق بن سیار بن محمد ابو یعقوب النصیبی حدثنا حجاج بن النہال حدثنا حماد بن سلمۃ عن برد بن سنان عن مکحول عن ابی امامۃ الباھلی رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ "جس کا بیٹا ہوا اور اس نے اس کا نام محمد رکھا، برکت حاصل کرنے کے لیے وہ اور اس کا بیٹا جنت میں جائیں گے۔"

حدثنا محمد بن عبد اللہ الحضرمی حدثنا جیب بن نصر بن زیاد

marfa.com
Marfat.com

الہلبی حدثنا عبد الصمد بن مقاتل العباد انی بعباد ان حدثنا منصور بن عکرمۃ بعباد ان نبی ہباطنا عن ابی العلاء برد بن سنان عن مکحول عن ابی امامۃ الباھلی رضی اللہ عنہ قال "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کا بیٹا پیدا ہوا اس نے اس کا نام محمد رکھا، میری محبت اور میرے نام سے برکت حاصل کرنے کی غرض سے وہ اور اس کا بیٹا جنت میں جائیں گے"۔

حدثنی ابو الحسن احمد بن محمد بن علی بن الحسین بن الفرج ابو الفتی السکری المقری حدثنا القاسم بن علی بن ابان العلاف حدثنا علی بن میمون العطار حدثنا عثمان بن عبد الرحمن الطرائفی عن عمر بن موسیٰ ابو وجیہی عن القاسم عن واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ قال "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے تین بیٹے ہوئے اور اس نے ان میں سے ایک کا نام بھی محمد نہ رکھا تو اس نے جہالت کی بات کی"۔ اس کے بعد یہی روایت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کی ہے۔ ذرہ لفظی اختلاف سے یہی روایت حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ پھر ایک اور روایت حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔ جس میں فقد جفانی کے الفاظ ہیں کہ اس نے مجھ پر ظلم کیا۔ اس کے بعد بحذف سند حضرت علی کی یہ روایت ہے "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لوگ کسی بات پہ مشورہ کرنے کے لیے جمع ہوں۔ اور محمد نامی شخص موجود ہو اور وہ اسے مشورہ میں شامل نہ کریں ان کے مشورہ میں ہرگز برکت نہ ہوگی"۔

حضرت امام حسین اپنے والد حضرت علی رضی اللہ عنہما سے، روایت کرتے ہیں کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا محمد یا احمد نامی کسی شخص کو مشورہ میں شامل کریں گے تو ان کے لیے بہتر ہی ہوگا۔ اس کے بعد دو سندوں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یہ روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس قوم نے مشورہ کرنا ہو اور محمد یا احمد نامی شخص کو اس میں

marfa.com
Marfat.com

شریک کرلیں تو یہ ان کے حق میں بہتر ہوگا۔ اس کے بعد ایک طویل سند کے ساتھ، جسے میں حذف کر رہا ہوں (مترجم)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "محمد نام رکھ کر پھر اسے گالی دیتے ہیں" یہ روایت تین مختلف سندوں سے مذکور ہے۔ (مترجم)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس کھانے کے دسترخوان پر محمد یا احمد نامی شخص حاضر ہو، وہ گھر ہر دن میں دو مرتبہ پاک کیا جاتا ہے"

پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک روایت نقل ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جب بچے کا نام محمد (یا احمد) رکھو تو اس کی عزت، توقیر اور تعظیم کرو۔ اس کی تذلیل، تحقیر اور توہین نہ کرو" عظمتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بنا پر۔

میں نے علی بن بندار البرذعی کی کتاب میں ان کی اپنی سند کے ساتھ یہ روایت دیکھی (اس کے بعد سند مذکور ہے جسے اختصاراً ہم نے حذف کر دیا ہے مترجم) حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں، اللہ تعالیٰ اس شخص کو جس کا نام محمد یا احمد ہوگا اپنے سامنے کھڑا کرے گا اور فرمائے گا "محمد" میرے بندے ہیں کیا تمہیں شرم نہ آئی کہ میری نافرمانی کرتے رہے؟ حالانکہ تمہارا نام میرے حبیب کے نام پر محمد تھا بندہ اپنا سر جھکا لے گا اور کہے گا پروردگار مجھ سے قصور ہوا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا، جبریل! میرے اس بندے کا ہاتھ پکڑ کر اسے جنت میں داخل کر دو۔ کہ مجھے شرم آتی ہے کہ جس نے میرے حبیب کے نام پر محمد نام رکھا اسے آگ کا عذاب دوں"

اس کے بعد دو طویل سندوں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یہ روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جب بیٹے کا نام محمد رکھو تو اس کی عزت کرو اور مجلس میں اس کے لیے جگہ وسیع کرو اور اس کے سامنے منہ نہ موڑو"

ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جس گھرانے میں محمد نامی کوئی شخص ہو،

marfa.com

Marfat.com

اللہ رات دن ان کو برکت دیتا رہتا ہے"

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس گھر میں میرا نام ہو اس میں فقر داخل نہ ہوگا (یعنی احتیاج)

حضرت علی کی ایک اور روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جس گھرانے میں نبی کا نام ہو ایک فرشتہ صبح و شام ان کو پاک کرتا ہے۔

میں نے ابو محمد جعفر بن حسن بن منصور بغدادی الاشقر کی کتاب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یہ روایت دیکھی ہے جس کا مفہوم بعینہ مذکورہ بالا روایت والا ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو حلال رزق میرا ہمنام شخص کھائے اس پر دگنی برکت ہوگی۔

حضرت ابن عباس اور ابو سعید خدری رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا جس کا لڑکا پیدا ہو اس کی تعلیم و تربیت بھی صحیح کرے اور نام بھی اچھا رکھے۔ جب بالغ ہو تو اس کی شادی کرے، اگر بالغ ہونے کے باوجود اس کی شادی نہ کی اور اس سے کوئی گناہ سرزد ہوا تو اس کا باپ بھی گنہگار ہوگا"

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہدیہ (تحفہ) تین طرح کا ہوتا ہے۔

(۱) ہدیۂ مکافات (جو بدلے میں دیا جائے)

(۲) بدگوئی سے بچنے کے لیے۔

(۳) ہدیہ اللہ کی رضا کے لیے۔

ختم ہوئی اس آدمی کے فضائل کی کتاب، جس کا نام احمد یا محمد ہے۔ اس کو جمع کیا ہے ابو عبداللہ حسین بن احمد بن عبداللہ بن بکیر حافظ نے۔ اور انہوں نے اپنے شیوخ سے اس کی روایت کی ہے سب تعریف خدائے یکتا کے لیے اور اس کے درود

marfa.com
Marfat.com

ہوں ہمارے آقا محمدؐ و آپ کی آل و اصحاب اور پیروکاروں اور دوستوں پر۔
کتاب مذکور کی عبارت ختم ہوئی۔ اللہ اس کے مؤلف پر رحم فرمائے۔

چوتھی بحث نبی کے معنے میں

نَبِیٌّ ہمزہ کے ساتھ کہا گیا ہے کہ یہ اَلْمُنْبَئُ کے معنی میں ہے، اور نَبَأٌ سے مشتق ہے جس کا معنٰی ہے خبر تو نبی کو نبی اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ اللہ کی خبر دیتا ہے پس یہ نَبِیٌّ فَعِیْلٌ کے وزن پر اسم فاعل نَابِئٌ کے معنٰی میں ہے۔ یعنی خبر دینے والا۔ یہ بھی جائز ہے کہ اسم مفعول مُنَبَّأٌ کے معنٰی میں ہو یعنی جس کو اللہ کی طرف سے خبر دی گئی اور اوامر و نواہی کی۔ ان حضرات نے دلیل یہ پیش کی ہے کہ نبی کی جمع نَبَآءٌ ہے جیسے ظریف کی جمع ظَرَفَاءُ۔

حضرت عباس بن مرداس فرماتے ہیں :۔

یَاخَاتَمَ النَّبَآءِ اِنَّکَ مُرْسَلٌ بِالْحَقِّ بَلْ هَدْیُ الْاِلٰهِ هُدَاکَا
اِنَّ الْاِلٰهَ اَتٰی عَلَیْکَ مَحَبَّةً فِیْ خَلْقِهٖ وَ مُحَمَّدٌ اِسْمًا کَا

ترجمہ: اے نبیوں میں آخری نبی بے شک آپ حق کے ساتھ بھیجے گئے ہیں، بلکہ آپ کی ہدایت اللہ کی ہدایت ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں آپ کی محبت پیدا کی اور آپ کا نام محمدؐ رکھا۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

یا یہ نَبَأَ یَنْبُوْ سے یعنی ظاہر ہونا اور بلند ہونا۔ اب یہ فعیل بھی فاعل ہوگا یعنی ظاہر اور بلند مُرْتَفِعٌ اسم مفعول کے معنٰی میں بھی ہو سکتا ہے یعنی جس کو اللہ نے اپنی مخلوق پر بلند مرتبہ بخشا۔ یا یہ لفظ نَبِیٌّ سے ماخوذ ہے بمعنے راستہ۔ وہ اس طرح کہ نبی اللہ کی طرف مخلوق کو پہنچانے والا راستہ ہے جس کے ذریعے وہ اپنے خالق کی پہچان تک پہنچتے ہیں۔ نبی وہ انسان ہوتا ہے جس کی طرف احکام شرع کی وحی کی جائے۔

marfa.com
Marfat.com

اور اس کو ان کی تبلیغ کا حکم دیا جائے۔ پھر اگر اس کو ان احکام شرع کی تبلیغ کا بھی حکم ہو تو وہ رسُول بھی ہے۔ پس نبی عام ہے

نبی کا اصطلاحی معنیٰ

سوال اگر تم یہ سوال کرو کہ ان میں سے افضل کون سی ہے نبوت یا رسالت؟

جواب شیخ عزالدین بن عبدالسلام نے اپنے قواعد میں اس کا جواب دیا ہے کہ نبوت افضل ہے۔ کیونکہ اس کا مفہوم ہے ان اُمور کی خبر دینا، جن کا رب سبحانہٗ مستحق ہے مثلاً صفات جلال و کمال۔ اور ان کا تعلق دونوں طرف سے اللہ کے ساتھ ہے اور مقام رسالت اس سے کمتر ہے کیونکہ اس کا معنیٰ ہے بندوں تک پہنچانے کا حکم لہٰذا اس کا ایک طرف سے اللہ کے ساتھ تعلق ہے اور دوسری جانب سے بندوں کے ساتھ۔ اور بے شک جس کا دونوں طرف سے اللہ کے ساتھ تعلق ہے وہ اس سے افضل ہے جس کا ایک طرف سے تعلق ہے اور نبوت رسالت سے پہلے ہے کہ موسیٰ علیہ السلام سے اللہ کا یہ فرمان :۔

اِنِّیْ اَنَا اللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ۔ ترجمہ: میں اللہ، پروردگار جہان ہُوں۔

پہلے ہے اللہ کے اس فرمان سے :

اِذْھَبْ اِلٰی فِرْعَوْنَ اِنَّہٗ طَغٰی۔ ترجمہ: فرعون کے پاس جاؤ کہ وہ سرکش ہو گیا ہے"

پس فرعون کے جانے کے حکم سے پہلے جو کچھ فرمایا گیا وہ نبوت ہے اور اس کے بعد تبلیغ کے جو احکام آئے وہ رسالت ہے۔ خلاصہ یہ کہ نبوت کا رُخ معبود کی پہچان، اور اس سے متعلقہ امور کی شناخت کی طرف ہوتا ہے۔ اور رسالت کا رُخ اللہ کا رسُول کی طرف، اس مقصد کے لیے ہوتا ہے کہ وہ اس کے احکام اس کے بندوں تک پہنچائے سب تک یا بعض تک۔ جو اللہ نے ان پر فرض کیے ہیں مثلاً اس کی پہچان، اس کی اطاعت۔

marfa.com
Marfat.com

اور اس کی نافرمانی سے بچنا ۱۲ منہ

پانچویں بحث اُمّی کے مفہوم کی تحقیق میں

خلاصہ مسالک الحنفا سے القول البدیع میں فرمایا اُمّی تشدید کے ساتھ منسوب ہے۔ اُمّ کی طرف۔ یعنی نہ لکھے نہ لکھا ہوا پڑھے گویا جس طرح ماں سے پیدا ہوتے وقت تھا۔ اسی حالت پر برقرار ہے کہ نہ اس وقت لکھا پڑھا تھا نہ اب۔ یا یہ منسوب ہے اُمّ کی طرف کہ بچہ ماں کے حال پر ہے کیونکہ عورتوں کی اکثر یہی حالت ہوتی ہے کہ نہ لکھیں نہ پڑھیں۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ لفظ اُمّ القُریٰ کی طرف منسوب ہے۔ (یعنی مکہ کی طرف۔ بمعنی مکی) اور کہا گیا ہے کہ اس قوم عرب کی طرف منسوب ہے جس کی اکثریت نہ پڑھتی تھی نہ لکھتی تھی اور کہا گیا ہے کہ اُمّی اُمّت کی طرف منسوب ہے۔ کیونکہ حضور علیہ السلام اپنی اُمّت کا بہت خیال رکھتے تھے اور یہ کہا گیا ہے کہ اُمّ الکتاب کی طرف منسوب ہے کیونکہ یہ آپ پر نازل ہوئی ہے یا اس لیے کہ آپ نے اس کی تصدیق فرمائی اور دوسروں کو اس کی تصدیق کی دعوت دی۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ اُمَّۃ کی طرف منسوب ہے جس کا معنی قد و قامت ہے یعنی حسین قد و قامت والے۔ اور کہا گیا ہے کہ اُمّ الدِّماغ کی طرف منسوب ہے (یعنی وہ جلی جس میں مغز ہوتا ہے) مراد یہ ہے کہ جس مسئلہ میں وحی نہ وارد ہوئی اسے دماغ سے سوچ کر حل فرمانے والے۔ نہ لکھنا ہمارے نبی کا معجزہ تھا۔ حالانکہ آپ کو تمام علوم عطا ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ۔

ترجمہ:۔ جبکہ تم اس سے پہلے نہ کوئی کتاب پڑھتے تھے نہ ہاتھ سے لکھتے تھے اگر ایسا ہوتا تو باطل پرست ضرور شک کرتے۔

marfa.com

Marfat.com

قرآن کریم میں یہ بھی ہے۔

اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ الخ

ترجمہ: وہ لوگ جو اس رسول، نبی اُمّی کی پیروی کرتے ہیں"

اللہ کی رحمتیں اور سلام ہو آپ پر اور آپ کی آل و اصحاب پر بہت بہت سلام۔

چھٹی بحث آل کا معنٰے میں

آل میں اختلاف ہے۔ کہا گیا ہے کہ اس کی اصل اَھْلٌ ہے۔ ھا کو ہمزہ سے بدلا گیا (اور ماقبل فتحہ ہونے کی وجہ سے الف بن گیا) اس میں بھی اختلاف ہے کہ یہاں آلِ محمد سے مراد کیا ہے۔ ترجیح اس کو ہے کہ آلِ محمد سے مُراد وہ لوگ ہیں جن پر صدقہ حرام ہے۔ امام شافعی نے اس کی تصریح کی ہے اور جمہور نے اس قول کو اختیار کیا ہے اور اس کی تائید کرتا ہے نبی علیہ السلام کا فرمان ہے جسے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے کہ سرکار نے حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے فرمایا، ہم آلِ محمد کے لیے صدقہ جائز نہیں"۔ اسی طرح ایک مرفوع حدیث میں فرمایا۔ یہ صدقہ لوگوں کی میل ہے، نہ محمد کے لیے حلال ہے نہ محمد کی آل کے لیے"۔ امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں تشہد میں آل محمد سے مُراد حضور علیہ السلام کے اہل بیت ہیں (ازواجِ مُطہرات، حسنین، علی، فاطمہ) اب سوال یہ ہے کہ آیا آل کی جگہ اہل کہنا جائز ہے؟ اس میں علماء کی دو روایتیں ہیں۔ اور کہا گیا ہے کہ آلِ محمد سے مراد آپ کی بیویاں اور اولاد ہے کیونکہ حدیث کے اکثر طرق میں آلِ محمد کے الفاظ آئے ہیں۔ اور حدیث ابوحمید میں اس کی جگہ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ آیا ہے۔ یہ دلیل ہے کہ آل سے مراد سرکار کی بیویاں اور اولاد ہے۔ اس پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ تینوں (آل، ازواج، اولاد) کا مجموعہ بھی ثابت ہے۔ جیسے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی مذکورہ حدیث۔ اس میں

marfa.com
Marfat.com

اس تعلیق اس طرح دی جائے گی کہ بعض راویوں کو ایک لفظ یاد رہا اور دوسرا نہ رہا جو کسی کو یاد وہی اس نے بیان کر دیا، تشہد میں آل سے مراد آپ کی بیویاں اور جن پر صدقہ حرام ہے۔ اس میں آپ کی تمام اولاد بھی شامل ہے اس طرح تمام حدیثوں میں مطابقت ہو جاتی ہے۔ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا میں آل محمدؐ کا لفظ حضور علیہ السلام کی بیویوں پر بولا گیا ہے۔

مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ مِّنْ ترجمہ: محمد کی آل نے تین دن مسلسل سالن خُبْزٍ مَأْدُوْمٍ ثَلَاثًا۔ روٹی سے پیٹ نہیں بھرا۔"

حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میں آیا ہے:۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ آلِ ترجمہ: الٰہی آلِ محمد کا رزق بقدر رمق مُحَمَّدٍ قُوْتًا۔ مقرر فرما دے۔

گویا ازواج و اولاد کا الگ مرکز نہ ہوتا تو بات ادھوری رہ جاتی۔

امام عبدالرزاق نے اپنی جامع میں سفیان ثوری کے متعلق لکھا ہے کہ ایک شخص نے ان سے پوچھا میں سُن رہا تھا کہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ میں آل محمد کون ہیں؟ انہوں نے کہا اس میں اختلاف ہے کچھ کہتے ہیں آل محمد سرکار کے گھر والے ہیں۔ اور کچھ کہتے ہیں آلِ محمد وہ تمام لوگ ہیں جنہوں نے آپ کی اطاعت کی اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ آلِ سے مُراد صرف فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد ہے:" اس کو نووی نے شرح المہذب میں بیان کیا ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ تمام قریش مُراد ہیں اس کو ابن الرفعۃ نے الکفایہ میں بیان کیا۔ اور کہا گیا ہے کہ آل سے مُراد تمام اُمت اجابت ہے۔ ابن العربی نے کہا اسی کی طرف امام مالک کا میلان ہے۔ اسی کو زہری نے اختیار کیا۔ ابوالطیب طبری نے بعض شافعیہ سے یہی قول نقل کیا ہے۔ اسی کو نووی نے شرح مسلم میں ترجیح دی ہے۔ قاضی حسین اور الراغب نے پرہیزگاروں کی قید لگائی ہے۔ جنہوں نے مطلقاً کہہ دیا ہے ان کا کلام بھی اسی پر محمول کیا جائے گا۔ اسی کی تائید کرتا ہے اللہ کا یہ قول:۔

marfa.com
Marfat.com

اِنَّ اَوْلِیَآءُہٗ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ ۔ ترجمہ: اس کے ولی صرف پرہیزگار لوگ ہو سکتے ہیں۔

دلچسپ نوادر ابوا میں ہے کہ انہوں نے ایک ہاشمی سے نظر چرائی اس نے کہا، مجھ سے نظر چراتے ہو۔ حالانکہ ہر نماز میں مجھ پر درود بھیجتے ہو اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ، انہوں نے کہا، میں ان پر درود بھیجتا ہوں جو پاک ہیں، تو ان سے نہیں۔ یہ بات ہمارے شیخ نے ہمیں بتائی۔

خطیب بغدادی کی حکایت الخطیب نے بیان کیا کہ یحییٰ بن معاذ بلخ یارے کے علاقہ میں ایک علوی (سیّد) کی زیارت اور سلام کرنے کے لیے گئے۔ علوی نے یحییٰ سے کہا۔ ہم اہل بیت کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ انھوں نے کہا میں اس گارے کے بارے میں کیا کہوں جسے وحی کے پانی سے گوندھا گیا، اور اس میں نبوّت کا پودا لگایا گیا، اور جہالت کے پانی سے سینچا گیا اس سے ہدایت کی کستوری اور عمدہ عنبر ہی نکل سکتا ہے۔ علوی نے یحییٰ سے کہا، اگر تم ہماری زیارت کے لیے آؤ تو یہ بھی تمہاری مہربانی ہے اور اگر ہم تمہاری زیارت کے لیے آئیں تو بھی تمھاری فضیلت کی وجہ سے آئیں گے۔ فضیلت آپ ہی کی ہے زیارت کریں یا کروائیں ۔۔ الخ۔ یہ سب حافظ سخاوی کی گفتگو ہے۔

پھر ہمارے شیخ نے کہا ممکن ہے کہ جن حضرات نے مطلقاً تمام آل پر درود بھیجنے کو جائز قرار دیا ہے ان کی مراد یہ ہو کہ درُود سے مُراد رحمتِ مطلقہ ہے پس اس کو نیکوں سے مقیّد کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ ان کی دلیل یہ بھی ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث میں ہے:

آلُ مُحَمَّدٍ کُلُّ تَقِیٍّ ۔ ہر نیک مسلمان آل محمد ہے۔

اس کو طبرانی نے بیان کیا ہے۔ لیکن اس کی سند بہت کمزور ہے۔ بیہقی نے حضرت جابر سے ایسی ہی روایت نقل کی ہے اور ساتھ ہی کہہ دیا کہ اس کی سند ضعیف ہے۔

marfa.com
Marfat.com

لیکن حضور علیہ السلام کی اولاد پاک

جن پر بعض احادیث میں درود آیا ہے، سو وہ حضور علیہ السلام کی اولاد اور ان کی اولاد ہے۔ (تا قیامت) کیا آپ کی بیٹیوں کی تعداد بھی اس میں شامل ہے؟ تو امام شافعی اور امام مالک اور امام احمد کی ایک روایت بھی یہی ہے کہ یہ حضرات اولاد میں شامل ہیں کیونکہ تمام مسلمانوں کا اس پر اتفاق ہے کہ فاطمہ کی اولاد نبی علیہ السلام کی اولاد میں شامل ہے، جن کے لیے اللہ سے درود بھیجنے کی دعا کی جاتی ہے۔ ابن الحاجب نے مالکیہ کا مذہب یہ نقل کیا ہے کہ حضور علیہ السلام کی تمام بیٹیوں کی اولاد اس میں شامل ہے، فرمایا اسی طرح جس طرح عیسیٰ علیہ السلام ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں۔ امام ابو حنیفہ اور ایک روایت کے مطابق امام احمد کا مذہب یہ ہے کہ یہ حضرات حضور کی اولاد میں داخل نہیں، ہاں اس سے انہوں نے اولاد فاطمہ سلام اللہ علیہا و علیہم کو مستثنیٰ کیا ہے۔ اس عظیم المرتبت نسب کی عظمت کے پیش نظر تمام مسلمانوں کی رائیں۔ اللہ ان سے راضی ہو۔

لیکن آپ کی ازواج مطہرات

آپ کی پہلی بیوی حضرت خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ عنہا ہیں پھر سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا، پھر عائشہ صدیقہ بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما۔ آپ کے علاوہ حضور علیہ السلام نے کسی کنواری سے شادی نہیں کی۔ پھر حضرت عمر کی بیٹی حفصہ رضی اللہ عنہا۔ پھر زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا۔ حضور علیہ السلام کی ظاہری زندگی میں صرف یہ فوت ہوئیں۔ پھر ام سلمہ ہند بنت ابو امیہ رضی اللہ عنہا۔ پھر زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا۔ پھر جویریہ بنت الحارث رضی اللہ عنہا۔ پھر ریحانہ بنت شمعون رضی اللہ عنہا۔ پھر ام حبیبہ رملہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہما۔ پھر صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا۔ پھر میمونہ بنت الحارث رضی اللہ عنہا۔ یہ تمام وہ ہیں جن سے آپ نے قربت و نکاح فرمایا۔ یہ کل بارہ ہیں ان کے علاوہ سات سے آپ نے نکاح کیا ہے مگر قربت نہیں کی۔ پس آپ کی تمام ازواج مطہرات پر آپ کی تبع میں درود و سلام ہو۔ ان کے احترام اور امت پر ان

marfa.com
Marfat.com

کے حرام ہونے کی وجہ سے، اور یہ تمام حضور علیہ السلام کی دنیا اور آخرت میں بیویاں ہیں۔

ساتویں بحث لفظ ابراہیم کے بارے میں

ابن القیم نے کہا سریانی میں ابراہیم کا معنی ہے اَبٌ رَحِیْمٌ مہربان باپ۔ اللہ سبحانہٗ نے ابراہیم علیہ السلام کو دنیا کا تیسرا باپ بنایا۔ ہمارے پہلے باپ آدم علیہ السلام دوسرے نوح علیہ السلام ہیں۔ تمام اہل زمین ان کی اولاد سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهُ هُمُ الْبَاقِيْنَ۔ ترجمہ: ہم نے انہی کی اولاد کو باقی رکھا۔

تیسرے باپ، نبیوں کے باپ، کائنات کے ستون حُنَفَآء (خدا کو ماننے والوں) کے امام۔ جن کو اللہ سبحانہ تعالےٰ نے خلیل بنایا۔ نبوت اور کتاب ان کی اولاد میں رکھی، وہ اللہ کے خلیل، شیخ الانبیاء، جن کا نام اللہ نے امام اور فرمان بردار اُمّت اور حنیف رکھا۔ اللہ فرماتا ہے:

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ رَبُّهٗ بِكَلِمَاتٍ فَاَتَمَّهُنَّ قَالَ اِنِّيْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا۔ ترجمہ: اور یاد کرو جب ابراہیم کو ان کے رب نے آزمایا چند باتوں سے، پھر ان کو انہوں نے پورا کر دیا۔ فرمایا کہ میں تمہیں لوگوں کے لیے امام بنانے والا ہوں۔

اور اللہ نے فرمایا:

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِلّٰهِ حَنِيْفًا۔ ترجمہ: بے شک ابراہیم اللہ کے فرمانبردار، یکسو ہونے والی جماعت تھی۔

(اگرچہ ایک تھے مگر پوری جماعت کا کام کیا) اُمّت کا مطلب ہے قابلِ تقلید، نیکی کی تعلیم دینے والا، قَانِتٌ کا مطلب ہے ہمیشہ اللہ کی اطاعت کرنے والا حَنِیْفَ کا مطلب ہے

marfa.com
Marfat.com

اللہ کی طرف رُخ کرنے والا، اوروں سے منہ موڑنے والا اور جو کسی چیز کی طرف رُخ کرتا ہے، ماسوا سے منہ موڑتا ہی ہے۔ پس ابراہیم علیہ السلام ہمارے تیسرے باپ ہیں۔ وہی اہل توحید کے امام ہیں۔ اہل کتاب ان کو عمودِ عالم "ستون کائنات" کا نام دیتے ہیں۔ تمام اہلِ مذاہب ان کی عظمت و محبت پر متفق ہیں ان کے بہترین فرزند ارجمند اولادِ آدم کے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی تعظیم و تکریم فرماتے تھے اور تمام مخلوق سے بڑھ کر ان کے مشابہ تھے جیسا کہ حضور علیہ السلام کی صحیح حدیث میں آتا ہے۔ کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا میں نے ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا وہ تمہارے صاحب یعنی حضور علیہ السلام کی ذاتِ پاک سے تمام لوگوں سے بڑھ کر مشابہ تھے، اور ابراہیم علیٰ نبینا و علیہ السلام پہلے انسان تھے جنہوں نے مہمان نوازی کی، اور پہلے ختنہ کرنے والے اور پہلے آدمی ہیں جنہوں نے سفید بال دیکھ کر عرض کیا اے پروردگار! یہ کیا ہے؟ فرمایا وقار۔ عرض کیا پروردگار! میرے وقار میں اضافہ فرما اور آپ یعنی ابراہیم صلی اللہ علیہ وسلم، جیسا کہ کہا گیا آپ کا دل رحمٰن کے لیے تھا۔ اولاد قربانی کے لیے، اور بدن آگ کے لیے اور مال مہمان کے لیے تھا۔ قَلْبُهٗ لِلرَّحْمٰنِ۔ وَلَدُهٗ لِلْقُرْبَانِ۔ بَدَنُهٗ لِلنَّارِ اَنَ مَالَهٗ لِلضِّيْفَانِ جب ان کے رب نے انہیں اپنا خلیل بنایا اور خلت کمالِ محبت کو کہتے ہیں اور یہ وہ مقام ہے جو شرکت و مزاحمت قبول نہیں کرتا۔ آپ نے اپنے رب سے نیک و صالح بیٹا عطا کرنے کا سوال کیا تو اللہ نے آپ کو اسماعیل علیہ السلام عطا فرمائے۔ اس بیٹے نے دل کے ایک حصہ پر قبضہ کر لیا، دوست کو دوست کی اس بات پر غیرت آئی کہ اس کے دل میں کسی اور کا مکان ہو۔ پس اسی بیٹے کے ذبح کرنے کا حکم دے کر اپنے دوست کا امتحان لیا تاکہ محبت کا راز کھل جائے۔ کہ اپنے دوست کی محبت بیٹے کی محبت پر فائق ہے پھر جب اپنے دوست کی محبت کو بیٹے کی محبت پر ترجیح دیتے ہوئے حکمِ الٰہی کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دیا اور اس اقدام پر پوری طرح سے آمادہ ہو گئے۔ اور محبت کی حکمرانی غالب آئی اور بیٹے کو ذبح کرنے کا ارادہ کر لیا، اللہ نے اپنا حکم منسوخ

marfa.com
Marfat.com

کر دیا اور ذبح عظیم سے اس کا فدیہ دے دیا۔ اور جب خدا کے دشمنوں نے ان کے لیے آگ جلائی اور ان کو منجنیق میں بٹھا کر آگ میں ڈالنے لگے تو زمین و آسمان کے درمیان جبریل علیہ السلام ان کی خدمت میں حاضر ہوتے اور عرض کیا ابراہیم! میری ضرورت ہو تو حاضر ہوں فرمایا تیری کوئی ضرورت نہیں"۔

بقول اقبال مرحوم: ؎

نہ کر تقلید اے جبریل میرے جذب و مستی کی
تن آساں فرشتیوں کو ذکر و تسبیح و طواف اولیٰ

پھر اللہ نے خود ہی ان پر آگ کو ٹھنڈا اور سلامتی کا محل بنا دیا"۔

ترمذی نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شب معراج میں نے ابراہیم علیہ السلام سے ملاقات کی، انہوں نے فرمایا یا محمد اپنی امت کو میرا سلام کہنا اور ان کو بتا دینا کہ مٹی ستھری، پانی میٹھا اور سطح ہموار اور اس کے پودے سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر" ہیں۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن ہے الخ

آل ابراھیم مختصراً رہی آل ابراہیم، تو وہ آپ کی اولاد ہے اسماعیل و اسحٰق علیہما السلام سے جیسا کہ ایک جماعت نے اس پر اعتماد کیا ہے اور اگر ثابت ہو جائے کہ حضرت سارہ و ہاجرہ سلام اللہ علیہما کے علاوہ بھی کسی بیوی سے آپ کی اولاد ہے تو لامحالہ وہ بھی اس میں شامل ہیں۔ پھر مراد ان میں سے وہ ہیں جو مسلمان بلکہ متقی ہیں پس ان میں انبیاء صدیقین، شہداء اور صالحین ہی شامل ہیں۔ دو سرے نہیں یہاں پر دو سوال ہیں۔ اول یہ کہ تمام نبیوں میں سے صرف ابراہیم علیہ السلام سے مشابہت کیوں

سوال ہے باقی نبیوں سے کیوں نہیں؟

جواب اس کا جواب یہ ہے کہ یا تو ان کی عزت افزائی کے لیے یا بدلا تابنے

marfa.com
Marfat.com

کے لیے کہ انہوں نے اُمّت مُصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم کے لیے دُعا مانگی تھی ،

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ -

ترجمہ: پروردگار مجھے، میرے ماں باپ اور ایمان والوں کو بخش دینا اس دن جب حساب قائم ہوگا ؛

یا اس لیے کہ کوئی اور نبی اس بات میں ان کا شریک نہیں، اور درود شریف میں ابراہیم علیہ السلام کا خصوصیت سے یا تو اس لیے ذکر آیا کہ وہ اللہ کے خلیل اور محمد صلی اللہ علیہ السلام اللہ کے حبیب ہیں، یا اس لیے کہ ابراہیم علیہ السلام شریعت کا اعلان کرنے والے ہیں کہ اللہ نے ان کو حکم

وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ -

ترجمہ: لوگوں میں حج کا اعلان کردو لوگ تمہارے پاس پیدل اور دُبلی اونٹنیوں پر آئیں گے۔

اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم دین کا اعلان کرنے والے ہیں۔ فرمایا :

رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا لِلْاِيْمَانِ -

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! بیشک ہم نے اعلان کرنے والے کو سُنا، جو ایمان کا اعلان کرتا ہے۔

یا اس لیے کہ ابراہیم علیہ السلام نے رب تعالیٰ سے یہ سوال کیا تھا جب انہوں نے خواب میں جنت دیکھی اور اس کے درجوں پر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ لکھا دیکھا، جبریل علیہ السلام سے اس کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے سرکار کی شان بتائی۔ آپ نے دعا مانگی الٰہی اُمّت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانوں پر میرا ذکر جاری کر رکھنا سیا اس وجہ سے کہ فرماتے ہیں :

وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ

ترجمہ: پچھلوں میں میرے لیے سچی زبان رکھنا۔

marfat.com
Marfat.com

یا اس لیے کہ باقی انبیائے کرام میں آپ ہی سب سے افضل ہیں۔

دوسرا سوال یہ ہے جو مشہور ہے کہ محل تشبیہ میں مقرر قاعدہ تو یہ ہے کہ مشبہ مشبہ بہ سے کمتر ہوتا ہے کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاهِیْمَ میں حضور علیہ السلام پر اور آپ کی آل پر بھیجا جانے والا درود شریف مشبہ ہے اور ابراہیم علیہ السلام اور آپ کی اولاد پر بھیجا جانے والا دُرود مشبہ بہ ہے۔ حالانکہ معاملہ درحقیقت اس کے برعکس ہے کیونکہ اکیلے محمد صلی اللہ علیہ وسلم، ابراہیم علیہ السلام اور آلِ ابراہیم سے افضل ہیں، خصوصاً جب کہ آلِ محمد حضور علیہ السلام کی طرف منسوب ہے، اور افضل ہونے کا تقاضا تو یہ ہے کہ جس درود و رحمت کو طلب کیا جارہا ہے وہ ہر دوسرے درود و رحمت سے افضل ہو جو کسی اور کو حاصل ہو گئی یا ہو گی۔ ؟

اس کا جواب اس سوال کے کئی جوابات دیئے گئے ہیں جن میں سے امام نووی نے امام شافعی کا جواب بہت پسند کیا ہے کہ تشبیہ کا تعلق آل سے (اور آلِ ابراہیم میں خود محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی شامل ہیں جب کہ آلِ محمد میں کوئی آپ کا ثانی یا آپ سے افضل نہیں، لہٰذا تشبیہ صحیح ہے) یا تشبیہ کا تعلق جماعت کا جماعت سے ہے (حاصل وہی ہوگا) یا تشبیہ اصل صلاۃ کو اصل صلاۃ سے دی گئی ہے۔ درجہ و مرتبہ میں تشبیہ نہیں۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے

اِنَّا اَوْحَیْنَا اِلَیْكَ كَمَا اَوْحَیْنَا اِلٰی نُوْحٍ۔ ترجمہ: بے شک ہم نے تمہاری طرف ایسے وحی کی جیسے نوح علیہ السلام کی طرف"۔

اور فرمان باری تعالیٰ :-

كُتِبَ عَلَیْكُمُ الصِّیَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ۔ ترجمہ: تم پر اسی طرح روزے فرض کیے گئے جس طرح تم سے پہلوں پر فرض کیے گئے۔

قول مختار میں یہ ہے کہ مُراد اصل روزوں میں تشبیہ ہے۔ نہ کہ وقت میں یا متعین دنوں میں۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے کوئی کہے اپنے بیٹے سے بھی اسی طرح احسان کر جیسے تُو نے فلاں

marfa.com
Marfat.com

سے احسان کیا ہے اور مراد اصل احسان ہو نہ کہ مقدار۔ اسی قبیل سے اللہ کا یہ فرمان ہے:

اَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قارون سے فرمایا احسان کر جیسے تیرے ساتھ اللہ نے احسان فرمایا۔"

القرطبی نے المفہم میں اس جواب کو ترجیح دی ہے۔

امام شعرانی کا ارشاد

عارف باللہ سیدی عبدالوہاب شعرانی رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب المنن الکبریٰ کے چودھویں باب میں فرمایا اللہ تعالیٰ نے نورِ ایمان اور رازِ القان سے میرے مشاہدے پر جو احسان کیے ان میں سے یہ بھی ہے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ساری مخلوق سے علی الاطلاق افضل ہیں۔ پس اہل زمین و آسمان میں سے کوئی بھی آپ کے کسی مقام و مرتبہ میں آپ کا شریک نہیں، پھر یہ حقیقت کسی دلیل پر موقوف نہیں، ہاں جس کی بصیرت اللہ نے ختم کر دی اور جس کی نگاہ چمگادڑ کی سی ہو گئی (اسے یہ حقیقت نظر نہیں آسکتی) کیونکہ حضور علیہ السلام کی شریعت کا نور، دوپہر کے وقت سورج کے نور سے زیادہ روشن ہے، اس سلسلہ میں یہی دلیل کافی ہے کہ شرق و غرب میں تمام مخلوق پر آپ کی فضیلت پر امت کا اتفاق ہے اور یہ واضح تر ہے کسی دلیل پر موقوف نہیں، حالانکہ ان تمام لوگوں نے ان کو دیکھا نہیں صرف آپ کی شریعت کو دیکھا اور سنا ہے۔ حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے:

لَا تَجْتَمِعُ اُمَّتِیْ عَلَی الضَّلَالَةِ۔ ترجمہ: میری امت گمراہی پر اتفاق نہیں کرے گی۔

ایک اہم واقعہ ازالہ شبہ

۹۴۱ھ میں ایک شخص نے یہ دعویٰ کیا کہ سیدنا ابراہیم علیہ السلام سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل ہیں، دلیل یہ پیش کی کہ حضور علیہ السلام نے صحابہ کرام کو نماز میں درود شریف پڑھنے کی جو تعلیم دی اور حدیث تشہد

marfa.com
Marfat.com

میں جو فرمایا کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاهِیْمَ تو علمائے معانی کا یہ قاعدہ ہے کہ مشبہ بہ مشبہ سے ہوتا ہے۔ اس شخص سے یہ نکتہ پوشیدہ رہا کہ یہ مسئلہ ایک سبب سے پیش آیا وہ یہ کہ صحابہ کرام نے جب کہا یا رسول اللہ! آپ پر سلام پڑھنا تو ہمیں معلوم ہے۔ درود (صلاۃ) کس طرح پڑھیں؟ جب نماز ادا کریں۔ تو فرمایا کہو اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ آخر تک، پس آپ کا فرمان کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ آخر تک نکتہ یہ ہے کہ آپ سے درود شریف کی صورت و کیفیت کا سوال کیا گیا تھا۔ پس تشبیہ صرف کیفیت میں ہے۔ غور کیجیے جب آپ کسی ولی یا عالم کو کہتے ہیں۔ کہ مجھے آپ ادب سے سلام کرنا سکھائیں تاکہ ہم آپ کو ادب سے سلام کریں آپ کی تعظیم، مدح اور لوگوں میں آپ کی فضیلت بیان کریں۔ تو اس کے لیے سوائے خاموشی کے اور چارۂ کار کیا ہوگا؛ یا پھر بولیں تو عاجزی و انکساری کے الفاظ بولیں۔ اسی لیے کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں آتا ہے کہ جب ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ آپ پر کس طرح درود بھیجا کریں؛ تو آپ خاموش ہو گئے اور چہرۂ اقدس کی نکہت سرخ ہو گئی۔ یہاں تک کہ ہم نے اظہارِ افسوس کیا کہ ہم یہ سوال نہ پوچھتے تو بہتر ہوتا یہ کچھ شدت حیا کی بنا پر تھا اور آپ کا فرمان :۔

اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ آدَمَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَاَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَاَوَّلُ شَافِعٍ وَاَوَّلُ مُشَفَّعٍ۔	ترجمہ: میں قیامت کے دن اولادِ آدم کا سردار ہوں گا (یعنی ظہور وہاں ہوگا) کوئی فخر نہیں اور پہلا شخص جس کی زمین شق ہوگی اور (باہر آؤں گا) اور پہلا شفاعت کرنے والا اور پہلا مقبولِ شفاعت ؛

واضح طور پر آپ کی فضیلت ثابت کر رہا ہے یہاں تک کہ خود آدم علیہ السلام پر بھی۔ اور فرمان باری تعالیٰ :۔

marfa.com
Marfat.com

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ ترجمہ: محبوب اپنی خواہش سے نہیں بولتے
اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی۔ یہ تو خالص وحی ہوتی ہے جو انہیں کی جاتی ہے۔

یہ محض آدم علیہ السلام کے ساتھ اظہار ادب ہے، کیونکہ بیٹے کے لیے مناسب نہیں کہ کہے میں اپنے باپ سے افضل ہوں۔ اگرچہ افضل ہو ہاں جہاں آذان الٰہی آگیا تو بیان واقعہ کر دیا جیسے اس حدیث میں کہ:

اٰدَمَ فَمَنْ دُوْنَهٗ تَحْتَ ترجمہ: آدم اور دوسری مخلوق میرے
لِوَائِیْ۔ پرچم کے نیچے ہوں گے۔

علمائے مصر نے اس شخص پر، بشرطیکہ اس کا یہ قول ثابت ہو جائے سخت احتجاج کیا ہے مثلاً سیدی محمد البکری، سیدی محمد الرملی، شیخ ناصر الدین طبلاوی، شیخ نور الدین طندتائی نے اور یہ کتابیں تمام مجمعوں میں پڑھی گئیں جہاں بے شمار لوگ تھے اس کو سمجھ لیجیے سب تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں۔

امام شعرانی کی ایک اور حکایت

امام شعرانی کی یہ حکایت اس منکر، ذلیل شخص کی حکایت سے ملتی جلتی ہے جسے انہوں نے اپنی کتاب "طبقات کبریٰ" میں عارف باللہ سیدی ابوالمواہب شاذلی کے حالاتِ زندگی میں لکھا ہے اس میں لکھتے ہیں۔ ابوالمواہب رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے۔ جامعہ الازہر میں) میرے اور ایک دوسرے شخص میں صاحب قصیدہ بردہ کے اس قول میں جھگڑا ہو گیا۔

فَمَبْلَغُ الْعِلْمِ فِیْهِ اَنَّهٗ بَشَرٌ وَاَنَّهٗ خَیْرُ خَلْقِ اللّٰهِ كُلِّهِمْ

ترجمہ: حضور علیہ السلام کے متعلق ہمارے علم کی پہنچ یہاں تک ہے کہ آپ انسان ہیں۔ اور بے شک آپ اللہ کی تمام مخلوق سے افضل ہیں۔

اس شخص نے کہا: علیہ الرحمہ کے پاس اس کی کوئی دلیل نہیں۔ میں نے اس سے کہا اس پر اُمت کا اجماع ہے لیکن اس نے اپنی بات سے رجوع نہ کیا تو میں نے حضور علیہ السلام کو

marfa.com
Marfat.com

ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے ہمراہ (خواب میں) جامعہ ازہر کے منبر کے پاس بیٹھے دیکھا مجھے فرما رہے ہیں مَرْحَبًا حَبِیْبَنَا "ہمارے دوست خوش آمدید" پھر اپنے صحابہ سے فرمایا، جانتے ہو آج کیا ہوا؟ انہوں نے عرض کیا نہیں یا رسول اللہ! فرمایا فلاں نامراد کا عقیدہ ہے کہ فرشتے مجھ سے افضل ہیں۔ ان سب نے کہا یا رسول اللہ روئے زمین پر آپ سے افضل کوئی نہیں، فرمایا تو اس نامراد کیا ہو گیا جو زندہ نہ رہے گا اگر زندہ رہا بھی تو ذلیل و خوار ہو گا، تنگ دست ہو گا، کمزور ذرہ (عضو تناسل) والا یعنی حقیر۔ دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ میری فضیلت پر اجماع امت نہیں۔ اسے معلوم نہیں کہ معتزلہ کی اس مسئلہ میں اہل سنت سے مخالفت اجماع میں رخنہ نہیں ڈال سکتی"۔ امام شعرانی کا کلام ختم ہوا۔

علامہ قسطلانی نے اپنی شرح بخاری اور مواہب اللدنیہ میں عارفِ ربانی ابو محمد مرجانی کا یہ قول نقل کیا ہے کہ حضور علیہ السلام نے جو یہ فرمایا کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ یا کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ اور یہ نہیں فرمایا کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی مُوْسٰی اس میں راز یہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام پر جلالی تجلی پڑی تھی اس لیے موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہو کر گر پڑے، اور خلیل علیہ السلام پر جمالی تجلی پڑی تھی کیونکہ محبت دخلت تجلی جمال کی علامت ہیں اس لیے آپ نے مسلمانوں کو اس طرح درود بھیجنے کی دعا کا حکم دیا جیسے ابراہیم علیہ السلام پر درود بھیجا تاکہ وہ سرکار کے لیے اللہ سے تجلی جمال کی دعا مانگیں۔ یہ بات حضور السلام اور خلیل علیہ السلام کی برابری کا تقاضا نہیں کرتی کیونکہ آپ نے مسلمانوں کو صرف یہ حکم دیا ہے کہ وہ سرکار کے لیے ایسی تجلی مانگیں جیسی ابراہیم علیہ السلام کو ملی تھی اس حدیث کا مقتضیٰ صرف یہ ہے کہ وصفِ جمالی کی تجلی کے حصول کی دعا کی جائے۔ اس کا مقتضیٰ ہرگز یہ نہیں کہ دونوں مقامات کی تجلیات برابر ہیں اور دونوں کا مرتبہ برابر ہے۔ بے شک اللہ سبحانہٗ دونوں حضرات پر ان کے مرتبہ و مقام کے مطابق تجلی

marfa.com
Marfat.com

فرمائے گا۔ اگرچہ دونوں وصفِ جمالی کی تجلی میں شریک ہیں۔ پس خلیل علیہ السلام پر ان کے مرتبہ کے مطابق تجلی جمال کا نزول ہوا اور ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر تجلی جمال کا نزول ان کی شایانِ شان ہے۔ اسی طرح حدیث کو سمجھا جا سکتا ہے "الخ یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے مقام سے بلند تر ہے۔ پس جس درود کا حضور علیہ السلام کے لیے مطالبہ کیا جاتا ہے وہ اس درود سے افضل ہے جو اللہ نے ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمایا"۔ یہ تفصیل امام نووی کے اس قول کی تائید کرتی ہے امام نووی کا قول ہے کہ ہمارے نبی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درود کو ابراہیم علیہ السلام کے درود سے تشبیہ دینے سے اعتراض وارد ہوتا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام حضور علیہ السلام سے افضل ہیں۔ اس کا بہترین جواب وہ ہے جو امام شافعی کی طرف منسوب ہے۔ کہ اَلتَّشْبِیْهُ لِاَصْلِ الصَّلٰوةِ بِاَصْلِ السَّلَامِ کہ تشبیہ نفسِ صلاۃ کو نفسِ صلاۃ سے ہے"۔

علامہ احمد بن حجر مکی نے اپنی کتاب "الجوھر المنظم فی زیارۃ القبر الشریف النبوی المکرم" میں فرمایا، سیدنا ابراہیم خلیل اور آپ کی آل اہل ایمان کو درود شریف میں ترجیح دینے کی وجہ یہ ہے۔ کہ اللہ نے رحمت و برکت صرف ان کے لیے جمع کی ہیں۔ سورۃ ہود میں فرمایا:

رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

ترجمہ: اور بے شک ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد وہی تمام نبیوں میں افضل ہیں" الخ

تقی الدین سبکی کا ارشاد

جیسا کہ طبقات میں ہے امام تقی الدین سبکی رحمہ اللہ نے اپنے بیٹے سے فرمایا۔ جب کوئی شخص اپنے ی صلی اللہ علیہ وسلم پر اس طرح درود بھیجتا ہے تو اس نے اللہ سے سوال کیا کہ محمد صلی اللہ لیہ وسلم پر اس طرح درود بھیجے جیسے ابراہیم اور ان کی آل پر اس نے درود بھیجا پھر جب

marfa.com

Marfat.com

یہی کلمات دوسرے دُعا کرنے والے نے کہے تو اس نے دوسرے درُود کی دُعا کی جو پہلے سے الگ ہے کیونکہ یہ بات ظاہر ہے کہ دو مطلوب اگرچہ ملتے جلتے ہوں، جب ان کے مانگنے والے الگ الگ ہیں۔ تو وہ بھی جُدا جُدا ہوں گے اور دونوں دعائیں قبول ہیں کیونکہ نبی علیہ السلام پر دُرود بھیجنے کی دُعا بہر صورت قبول ہوتی ہے، پس لازم ہے کہ جو اس نے مانگا وہ اور ہو اور جو اس نے مانگا وہ اور ہو تاکہ تحصیلِ حاصل لازم نہ آئے تو ان کے بیٹے تاج نے جو کہا اس کا خلاصہ یہ ہے: کہ بے شک اللہ تعالیٰ حضور علیہ السلام پر اس درود سے ملتا جلتا دُرود بھیجتا ہے جو اس نے ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر بھیجا، جب بھی کوئی بندہ دُعا مانگے۔ پس حضور علیہ السلام پر اپنے رب کے درُودوں کی کوئی حد نہیں، اور ہر درُود میں اتنی رحمت و برکت ہے جو ابراہیم علیہ السلام اور آپ کی آل پر پڑھے جانے والے درُود میں ہے کیونکہ یہ درُود شریف پڑھنے والے حد و شمار سے باہر ہیں۔ واللہ اعلم۔

اٹھیسویں بحث لفظ برکت میں

لُغت میں اس کا مطلب ہے عزت و بھلائی کا بڑھنا اور ترقی کرنا۔ اور کہا گیا ہے کہ مُراد ہے عیبوں سے پاک صاف ہونا، یہ بھی کہا گیا ہے اس کا ہمیشہ قائم دائم رہنا عربوں کے اس قول سے بَارِكَتِ الْاِبِلُ اُونٹ زمین پر ٹھہر گیا بَرْكَةُ الْمَاءِ اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں پانی ٹھہرتا ہو۔ ابوالیمن بن عساکر نے اس معنیٰ پر جزم کیا ہے وہ کہتے ہیں بَارِكَ کا مطلب ہے جو شرف و عزت تو نے ان کو دی ہے اسے قائم دائم رکھنا، یہ عربوں کے اس قول سے ہے بَارِكَ الْبَعِيْرُ اُونٹ اپنے بیٹھنے کی جگہ بیٹھا۔ ہا جہاں اُسے بٹھایا گیا ہے کبھی یہ لفظ نیک بختی کے معنے میں استعمال ہوتا ہے چنانچہ نیک بخت آدمی کو مبارک کہا جاتا ہے یعنی وہ محبوب و مرغوب ہے۔ حاصل یہ کہ اس لفظ کا مقصود ہے بہتری حاصل ہونا اور اس کا

marfa.com
Marfat.com

قائم دائم رہنا۔ جب ہم کہتے ہیں اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ تو اس کا مطلب ہوتا ہے الٰہی محمدؐ کا ذکر دعوت اور شریعت کو دائمی کر دے اور حضورؐ کے پیروکاروں اور غلاموں کی کثرت عطا فرما اور حضور کی اُمت کو آپ کی برکت و سعادت کی پہچان کرا دے کہ تُو ان کے بارے میں سرکار کی شفاعت قبول فرمائے گا۔ اور ان کو پہلی جنتوں میں داخل فرمائے گا، اور ان کو اپنی رضامندی کے گھر میں ٹھہرائے گا۔ پس اس میں برکت، سعادت، دوام اور اضافہ کے بیان میں

حافظ سخاوی نے کہی ہے اور کہا کہ ہماری معلومات کے مطابق ابن حزم کے سوا، کسی نے وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ کو واجب نہیں کہا۔ ابن حزم کے الفاظ سے کسی نہ کسی صورت میں اس کا وجوب معلوم ہوتا ہے، وہ کہتے ہیں آدمی پر لازم ہے کہ سرکار پر برکت بھیجے، خواہ عمر میں ایک بار ہی کیوں نہ ہو"۔ الخ

نویں بحث عالمین کے بارے میں

القول البدیع میں فرمایا جیسا کہ حدیث میں ابو مسعود وغیرہ کی روایت میں آتا ہے عالمین سے مراد دنیا کی اقسام ہیں۔ اس میں اور اقوال بھی ہیں کہا گیا ہے فلک الافلاک کے بیٹ میں جو کچھ ہے اور کہا گیا ہے جس میں رُوح ہے اور کہا گیا ہے ہر حادث۔ اور کہا گیا ہے۔ عقلمندوں کی قید کے ساتھ (عقلمند حادث) اور کہا گیا ہے صرف انسان اور جن، اور کہا گیا ہے یہ دونوں اور فرشتے اور شیاطین۔ صحاح (جوہری) میں فرمایا عَالَمُ خَلْقٌ (مخلوق) اس کی جمع عَوَالِمُ۔ عَالَمُوْنَ مختلف اقسام کی مخلوق۔ محکم میں کہا عالم تمام مخلوق۔ اس کا واحد نہیں (؟) کیونکہ یہ مختلف چیزوں کا مجموعہ ہے اس کی جمع ہے عَالَمُوْن۔ فِی الْعَالَمِیْن۔ کہہ کر یہ اشارہ کر دیا کہ ابراہیم علیہ السلام پر رحمت و برکت کا ہونا ساری دنیا میں مشہور ہے اور ان کا مرتبہ و مقام ہر طرف پھیلا ہوا ہے اور یہ کہ نبی علیہ السلام کے لیے وہ درود اور

marfa.com
Marfat.com

برکت مطلوب ہے جو مخلوق میں مشہور و معروف ہونے میں اس رحمت و برکت سے مشابہ ہو۔
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :۔

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ — ترجمہ:۔ ہم نے اسی عزت و تکریم کے ساتھ
سَلَامٌ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ۔ — ان کا ذکر پیچھے آنے والوں میں باقی رکھا۔
ابراہیم پر سلام ہو"

خلاصہ ختم۔

دسویں بحث حمید مجید کے بارے میں

حَمِيدٌ۔ فَعِيلٌ کے وزن پر حمد مصدر سے صفت مشبہ محمود کے معنیٰ میں ہے، یہ محمودٌ سے زیادہ بلیغ ہے کیونکہ مَفْعُولٌ سے معدول کر کے فَعِيلٌ کے وزن پر جب کسی اسم کو لایا جائے تو یہ دلیل ہوتی ہے اس بات کی کہ یہ صفت اس موصوف کی لازمی فطری طور پیدائشی اور دائمی صفت ہے۔ جیسے تم کہتے ہو فلاں شخص ظریف، شریف اور کریم ہے۔ پس حمید وہ ذات ہے جس میں ایسی صفات اور اسباب ستائش ہوں جو اس کے مستحق حمد و ثنا ہونے کا تقاضا کریں اور اس بات کا تقاضا کریں کہ دوسرے اس کی تعریف کریں۔ پس وہ اپنی ذات کے لحاظ سے قابلِ تعریف ہے، اور محمود وہ ہے جس کے ساتھ حمد کرنے والوں کی حمد کا تعلق ہو (کہ وہ کریں تو ہو ورنہ نہیں) یونہی مَجِيدٌ (بزرگ) اور مُمَجَّدٌ۔ كَبِيرٌ۔ مُكَبَّرٌ۔ عَظِيمٌ۔ مُعَظَّمٌ۔ تعریف اور بزرگی، انہی دو کی طرف تمام کمالات رجوع کرتے ہیں۔ کیونکہ تعریف، جس کی تعریف کی جائے اس کی خوبی اور محبت کو مستلزم ہے۔ کیونکہ جس سے تمہیں محبت ہو اور اس کی تعریف نہ کرو۔ تو تم اس کی تعریف کرنے والے نہ ہوئے۔ اسی طرح اگر تم نے اس کی تعریف کی، اور محبت

marfa.com
Marfat.com

نہیں، بلکہ کسی غرض سے کی تو تم اس کی تعریف کرنے والے نہیں، تاوقتیکہ محبت سے اس کی تعریف نہ کرو، اور یہ تعریف اور محبت تابع ہے ان اسباب کے جو محبت و ثنا کا تقاضا کرنے والے ہیں۔ اور وہ ہیں محمود کی صفاتِ کمال، اور دوسروں سے اس کے جلال و احسان کی خصلتیں۔ پس یہ ہیں محبت کے اسباب۔ جوں جوں یہ صفات جامع اور کامل تر ہوں گی، ثنا و محبت او کامل تر ہو گی۔ اللہ تعالیٰ کے لیے کمال مطلق ہے، جس میں کسی طرح کی کوئی کمی نہیں۔ احسان تمام تر اسی کا ہے اور اسی کی طرف سے ہے۔ پس وہ ہر جہت سے مکمل محبت اور مکمل ثنا کا حقدار ہے۔ وہ اس بات کا حقدار ہے کہ اس سے محبت کی جائے اس کی ذات کی وجہ سے، اس کی صفات کی وجہ سے، اس کے افعال و اسماء کی وجہ سے اور اس کے احسان کی وجہ سے اور جو کچھ بھی اللہ سبحانہٗ سے صادر ہوا اس کی وجہ سے۔

رہ گئی مجد، تو یہ مستلزم ہے عظمت کو، وسعت کو اور جلال کو، اور حمد دلالت کرتی ہے صفاتِ عزت و عظمت پر، اور اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ جلال و اکرام کا مالک ہے۔ اور یہی مفہوم ہے بندے کے اس قول کا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَکْبَرُ۔ کا۔ پس لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دلالت کرتا ہے اس کی الوہیت و انفرادیت پر۔ اور اس کی الوہیت محبت کامل کو مستلزم ہے۔ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ دلالت کرتا ہے اس کی بزرگی اور بڑائی پر۔ اور یہ مستلزم ہے اس کی تعظیم، بزرگی اور بڑائی کو۔ اسی لیے اللہ سبحانہٗ قرآن میں ان دونوں کو کثرت سے جمع کر کے بیان فرماتا ہے مثلاً رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ پس نبی علیہ السلام اور آپ کی آل پر درود کے بعد ان دونوں حمید مجید کو ذکر کرنا اس آیت کے مطابق ہے اور جب حضور علیہ السلام پر اللہ کے درود کا معنیٰ ہے اللہ کا آپ کی ثنا کرنا اور آپ کی تعظیم اور شان و شوکت اور ذکر بلند کرنا، آپ سے زیادہ محبت کرنا اور مزید قرب عطا کرنا۔ لہٰذا حمد و مجد پر مشتمل ہے۔ گویا

marfat.com

Marfat.com

درود بھیجنے والا اللہ سے حضورؐ کی ثنا و بزرگی مانگتا ہے۔ کیونکہ درود شریف بھی ایک طرح سے سرکار کی حمد و بزرگی ہی ہے۔ لہٰذا ان دو ناموں سے اس کو ختم کرنا مناسب تھا یعنی حمید مجید سے۔ کیونکہ دعا کرنے والے کے لیے جائز ہے کہ وہ اپنی دعا اللہ کے ناموں میں سے کسی ایسے نام سے ختم کرے جو اس کے مطلوب سے مناسبت رکھتا ہو، یا اس سے اپنی دعا شروع کرے، فرمان باری تعالیٰ ہے :۔

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۔ ترجمہ "تمام اچھے نام اللہ ہی کے ہیں پس انہی سے اس سے دعا کرو"

سلیمان علیہ السلام فرماتے ہیں :۔

رَبِّ هَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۔ ترجمہ : الٰہی مجھے ایسی سلطنت بخش جو میرے بعد کسی کے لائق نہ ہو بیشک تو بہت بخشنے والا ہے"

اور حضورؐ علیہ السلام نے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے اس وقت فرمایا جب انہوں نے آپ سے نماز میں مانگی جانے والی دعا سکھانے کا سوال کیا۔ کہو :۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۔ ترجمہ :۔ الٰہی میں نے اپنے اوپر بہت ظلم کیا اور تیرے سوا کوئی گناہوں کی مغفرت نہیں کرتا۔ پس مجھے بھی اپنے ہاں سے مغفرت عطا فرما اور مجھ پر رحم فرمایے شک تو ہی بخشنے والا مہربان ہے"

اور یہ بہت ہے۔ اور جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے اوپر اللہ کے درود سے مقصد تعریف و تعظیم تھا، لہٰذا یہ سوال حمید مجید، کے دو ناموں سے ختم کیا" جلاء الافہام کا خلاصہ ختم ہوا۔

marfa.com
Marfat.com

القول البدیع میں فرمایا حَمِیْدٌ حمد سے فَعِیْلٌ کے وزن پر مَحْمُوْدٌ کے معنیٰ میں ہے۔ اور اس سے زیادہ بلیغ ہے، کیونکہ حمید وہ ہے جس کو صفاتِ حمد کامل طور پر حاصل ہوں۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ حمید حامد کے معنی میں ہے، یعنی بندوں کے اچھے افعال کی تعریف کرنے والا۔ اور مجید مجد سے ہے یہ بزرگی کی صفت ہے۔ اس دُعا کو ان عظیم دو ناموں سے ختم کرنے کی مناسبت یہ ہے کہ معلوم ہو کہ اللہ اپنے نبی کی تعظیم و ثنا اور عزت کرتا ہے اور مزید قرب عطا کرتا ہے اور حمد و بزرگی طلب کرنے کو یہ بات مستلزم ہے اسی میں اشارہ ہے کہ یہ دونوں چیزیں مطلوب کے لیے مثلِ علت ہیں۔ یا اس کے ذیلی عنوان ہیں، اور معنیٰ یہ ہے کہ تو وہ کام کرنے والا ہے جو سبب حمد و ثنا ہیں۔ مثلاً مسلسل نعمتیں عطا فرمانا۔ بہت احسان کرنے والا کریم ہے اپنے تمام بندوں پر۔ سب تعریفیں اللہ ربّ العالمین کے لیے ہیں۔

marfa.com
Marfat.com

۹

نواں باب

نبی علیہ السلام کا جاگتے اور سوتے میں دیدار حاصل ہونا

جان لیجیے کہ میں نے دسویں باب سے پہلے یہ باب اس لیے لکھا ہے کہ حضور علیہ السلام پر درود وسلام کا سب سے بڑا فائدہ خواب میں آپ کی زیارت کرنا ہے جن لوگوں کو یہ نعمت کثرت سے حاصل ہوگی وہ اس سے ترقی کر کے بیداری میں سرکار کی زیارت تک پہنچیں گے۔ اور جب کہ یہ سب سے بڑی نعمت ہے اور اس کے اسباب کا علم، تمام علوم میں اہم ترین علم ہے، اس بات میں اس پر میں شرح وبسط سے کلام کیا ہے۔ اور اس میں میں نے حضرات اولیاء، آئمہ، علماء کے اس موضوع پر اتنے اقوال جمع کر دیئے ہیں جو اس سے پہلے کسی کتاب میں جمع نہیں کیے گئے۔ جیسے ان کی عبارات سے تمہیں معلوم ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ابو عبداللہ الرصاع نے اپنی کتاب تحفۃ الاذکیاء میں فرمایا: جب اس اُمت کا مرتبہ اپنے رب کے ہاں مقرر ہو چکا اور نبی کی فضیلت سے اس کی فضیلت ثابت ہو گئی اور نبی اُمی محترم کی سخت محبت کی وجہ سے یہ تمام اُمتوں کی سردار بن گئی، اور بہترین زمانہ ان لوگوں کا تھا جنہوں نے سرکار کو دیکھا اور آپ پر ایمان لائے اور وہ صحابہ کرام تھے، جو بڑے معزز سردار تھے جنہوں نے سبقت کے تمام نشان جمع کر لیے تھے اور جو سید الخلق اور حبیب حق کی صحبت سے فیضیاب اور حبیب خدا کے انوار کے مشاہدہ سے بہرہ ور ہوئے ان کے بعد وہ باقی رہ گئے جن کے لیے آپ کی لائی ہوئی آیات پڑھی گئیں اور جن کے سامنے آپ کی صفات بیان کی گئیں۔ اور جن کے ہاں آپ کے معجزات ثابت ہوئے اور جن پر آپ کی خیر وبرکت کی بارش مسلسل ہوتی رہی تو وہ بھی آپ پر ایمان لائے، آپ کی تصدیق کی۔

marfa.com
Marfat.com

اور اس روشنی کی پیروی کی جو آپ کے ہمراہ نازل ہوئی تھی۔ پس انہوں نے حق الیقین کی حد تک آپ کی تصدیق کی اور ان کے سامنے یہ بات ثابت ہو گئی کہ آپ صادق و مصدوق اور امین ہیں۔ تو انہوں نے اپنے دل و دماغ سے یہ تمنا کی کہ کاش وہ بھی اپنی زندگی میں اس نورِ مبین کو دیکھتے، اور یقین کی آنکھ سے آپ کے دیدار سے مشرف ہوتے۔ اللہ تعالیٰ نے خواب میں سرکار کا دیدار کروا کر ان کے زخمی دلوں پر مرہم رکھ دی اور ان کو یقین دلایا کہ وہ آپ کی جو صفات دیکھ رہے ہیں وہ برحق ہیں اور آپ کی ذات کا جو مشاہدہ کر رہے ہیں سچ ہے جو محبت کرنے والا مسلمان خواب میں آپ کو دیکھ لیتا ہے۔ اس کا سینہ کھل جاتا ہے اور اس کا دل روشن ہو جاتا ہے۔ اور ایمان قوی ہو جاتا ہے۔ اور یقین پختہ ہو جاتا ہے۔

زیارتِ رسول کا طریقہ

پس جو کوئی نبی کریم علیہ السلام کے دیدار کا شوق رکھتا ہے اور جس کے دل پر آقائے دو جہاں کی محبت غالب ہے، اور اس کے دل میں دنیا کے مال و اسباب کی محبت نہیں، اس کا دل ایسا آئینہ ہو جاتا ہے جس میں علیٰ صفات کے مالک صلی اللہ علیہ وسلم نظر آتے ہیں، آپ کا دیدار صحیح اور خواب میں آپ کا مشاہدہ قطعی ہے۔ پس تیرے اور اس مقام میں دل کی صفائی اور پختہ محبت کے سوا کسی اور چیز کی ضرورت نہیں۔

(بقول غالب ؎

وا کر دیئے ہیں شوق نے بندِ قبائے حسن
عزا زِ نگاہ اب کوئی حائل نہیں رہا مترجم)

کیونکہ صادق و مصدوق آقا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:۔

مَنْ رَآنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِیْ حَقًّا۔

ترجمہ: جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے یقیناً مجھے ہی دیکھا۔

پس جب بھی تمہیں اس ماہ تمام اور حبیب شہنشاہِ علام کے دیدار کا شوق ہو، اپنی محبت کو

marfa.com
Marfat.com

قوی کر لو، نفس کو صاف کر لو، اور حضور علیہ السلام پر درود و سلام پڑھنے میں عمر صرف کرو۔ یہاں تک کہ تمہارے دل کا ایک ایک کونہ انوار سے پُر ہو جائے اور اغیار کے اندھیرے مٹ جائیں اور اس میں ہاشمی مختار صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت منقش ہو جائے اللہ ان پر اور ان کے آل و اصحاب پر رحمتیں اور سلام نازل فرمائے جو بصارت و بصیرت والے تھے۔

امام ترمذی نے اپنی کتاب شمائل کے آخر میں ایک باب باندھا ہے جس میں نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت ہونے کا بیان ہے۔ اس میں انہوں نے چند حدیثیں نقل کی ہیں:۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت پہلی حدیث کرتے ہیں کہ جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے یقیناً مجھے ہی دیکھا۔ کہ شیطان میری صورت نہیں بنا سکتا۔"

دوسری حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں فرمایا جس نے مجھے خواب میں دیکھا، اس نے یقیناً مجھے ہی دیکھا کہ شیطان نہ میری صورت اختیار کر سکتا ہے نہ میری مشابہت اختیار کر سکتا ہے۔

تیسری حدیث طارق بن اشیم رضی اللہ عنہ کی روایت کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا، جس نے مجھے خواب میں دیکھا، اس نے مجھے ہی دیکھا"

چوتھی حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا، کہ شیطان میری مثل نہیں بن سکتا۔ کلیب جو ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرنے والے ہیں۔ میں نے یہ حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بیان کی اور میں نے کہا، میں نے نبی علیہ السلام کو دیکھا ہے اور میں نے حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا ذکر کیا کہ حضور علیہ السلام کی صورت مبارک ان سے ملتی جلتی تھی، تو ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا واقعی ملتی تھی۔

marfa.com
Marfat.com

پانچویں حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شیطان میرے مشابہ نہیں ہوسکتا، سو جس نے مجھے خواب میں دیکھا، اس نے مجھے ہی دیکھا۔ یزید فارسی جو قرآن کے نسخے لکھا کرتے تھے، کہتے ہیں میں نے حضرت ابن عباس کے زمانہ میں، خواب میں نبی علیہ السلام کو دیکھا تو ابن عباس سے کہا کہ میں نے نبی علیہ السلام کو خواب میں دیکھا ہے، تو ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا۔ حضور علیہ السلام فرمایا کرتے تھے شیطان میرے مشابہ نہیں ہوسکتا، سو جس نے خواب میں مجھے دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا۔ اچھا تم نے خواب میں جسے دیکھا اس کا حلیہ بیان کرسکتے ہو؟ کہا کہ ہاں میں تیرے سامنے اس کی صفت بیان کرتا ہوں دو آدمیوں میں سے درمیانی شخص جسم اور گوشت سفید گندم گوں (یعنی سُرخ رنگ، کیونکہ سمرۃ کا لفظ حمرۃ پر بھی بولا جاتا ہے) آنکھیں سرمگیں، ہنسی خوبصورت، چہرے کے دائرے خوبصورت، اس کان سے اس کان تک گھنی داڑھی، جس نے سینہ سے اُوپر کا حصہ تر کر رکھا تھا۔ اس پر ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا اگر تم بیداری میں بھی ہوتے تو اس سے بڑھ کر تعریف نہ کرسکتے۔

چھٹی حدیث ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے حق کو دیکھا۔

ساتویں حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ جس نے خواب میں مجھے دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا کہ شیطان میری خیالی شکل میں بھی نہیں آسکتا، فرمایا صاحب ایمان کا خواب نبوت کے چھیالیس اجزا میں سے ایک جز ہوتا ہے۔ میرے مشائخ کے شیخ، شیخ ابراہیم باجوردی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے حاشیہ میں فرمایا، اس کی وجہ جیسا کہ کہا گیا یہ ہے کہ وحی کا زمانہ تیئیس ۲۳ سال ہے۔ اور سب سے پہلے حضور علیہ السلام کو ایسے خواب آنے شروع ہوئے تھے اور ان کی مدت چھ ماہ تھی اور اس کی نسبت ساری مدت سے کریں تو چھیالیسواں حصہ بنتا ہے۔ پھر فرمایا کہ اس فرمان کا زیادہ واضح

marfa.com
Marfat.com

مفہوم کہ اچھے خواب نبوت کا جزو ہیں، یہ ہے علم نبوت کے اجزا میں سے ایک جزو ہیں۔ کیونکہ ان سے آدمی بعض غیوب کو جان لے گا۔ اور بعض مغیبات پر ہادی کا معنی اطلاع پالیتا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ غیبات کا علم، علم موت کا حصہ ہے اس کی تائید وہ حدیث بھی کرتی ہے جسے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے مرفوعاً ذکر کیا ہے کہ مبشرات کے سوا نبوت کا کوئی حصہ باقی نہیں رہا، صحابہ کرام نے پوچھا مبشرات کیا ہیں اچھے خواب جو مرد مومن دیکھتا ہے۔ یا اُسے دکھائے جاتے ہیں اس کو بخاری نے روایت کیا فرمایا مبشرات سے تعبیر کرنا غالب کی بنا پر ہے ورنہ کبھی خواب منذرات (متنبہ کرنے والے) بھی ہوتے ہیں۔ عبارت مختصراً ختم ہوئی۔

دلچسپ سوال وجواب

میں نے شہاب رملی کے فتاوٰی میں یہ سوال دیکھا ہے۔ کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے تو اپنے بارے میں تو فرما دیا جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے سچ مچ مجھے ہی دیکھا کہ شیطان میری مثل نہیں بن سکتا، اللہ تعالیٰ کے متعلق ایسا نہیں فرمایا؟ اگر کوئی جواب دینے والا یہ جواب دے کہ جب نبی علیہ السلام کی صورت انسانی شکل کے مشابہ تھی تو ممکن تھا کہ شیطان سرکار کی خیالی یا مثالی صورت اختیار کر لے لہٰذا مناسب تھا کہ سرکار اپنے بارے میں یہ وضاحت فرما دیتے۔ رہا اللہ تعالیٰ تو اس کی مثل ہے ہی نہیں۔ پس عقلاً بھی اس کو اس کے حق میں جائز قرار نہیں دیا جا سکتا۔ لہٰذا (حضور علیہ السلام کو) اس وضاحت و تنبیہ کی ضرورت نہ تھی "آیا یہ جواب درست ہے یا نہیں؟ تو شہاب رملی نے اس کا یہ جواب دیا کہ حضور علیہ السلام خصوصی طور پر اپنی ذاتِ پاک کا جو ذکر کیا اس میں چند حکمتیں ہیں۔ اوّل یہ کہ فرمایا، اس نے سچ مچ مجھے ہی دیکھا۔ جب کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں ایسا نہیں۔ قاضی ابوبکر باقلانی نے فرمایا کہ خواب میں اللہ تعالیٰ کو دیکھنا وہم اور دلی وسوسہ ہے ایسی مثالیں سامنے آجاتی ہیں جو اس کی شان کے لائق نہیں" الغزالی نے اپنی بعض کتابوں میں فرمایا اکثر کے نزدیک ذات باری کو دیکھنا

marfa.com
Marfat.com

متصور بھی نہیں ہوسکتا اگر کوئی شخص جس کے خلاف وہم کرتا ہے تو ان کو یہ بات وضاحت سے بتادی جائے گی۔ فرمایا کہ یہ اختلاف "دیکھنے" کا لفظ بولنے میں ہے۔ اس میں سب کا اتفاق ہے کہ معنی مراد لینا جائز ہے کیونکہ ذات باری تعالیٰ نظر نہیں آتی۔ کیونکہ جو نظر آتی ہے وہ مثال ہے اور اللہ اپنی ذات کے لیے مثالیں بیان تو کرتا ہے، لیکن مثل سے ہے۔ تو پاک۔ دوم یہ کہ ایک جماعت نے اللہ کا دیدار محال بتایا ہے کیونکہ خواب میں جو نظر آتا ہے وہ خیال و مثال ہے اور ذاتِ قدیم کے لیے یہ دونوں محال ہیں۔ سوم مذکورہ بالا جواب دینے والے نے جو جواب دیا ہے، وہ بالکل صحیح ہے۔" فتاوی کی عبارت ختم ہوئی۔

عارفِ باللہ عبداللہ بن ابو جمرہ نے اپنی کتاب "بہجۃ النفوس" میں جو ان کی مختصر البخاری کی شرح ہے حضور علیہ السلام کے ارشاد :

تُسَمُّوْا بِاسْمِیْ وَلَا تَکْتَنُوْا بِکُنْیَتِیْ وَمَنْ رَآنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِیْ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَتَمَثَّلُ صُوْرَتِیْ فَمَنْ کَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْیَتَبَوَّاْ مَقْعَدَہٗ مِنَ النَّارِ۔

ترجمہ: میرے نام پر نام رکھو، اور میری کنیت پر کنیت نہ رکھو۔ جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے یقیناً مجھے ہی دیکھا کہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ جو مجھ پر جھوٹ باندھے وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔"

کے تحت لکھا ہے اس میں علماء کا اختلاف ہے بعض نے کہا ہے جس صورت میں شیطان نہیں آسکتا، وہ صورتِ پاک ہے جو حضور علیہ السلام کی وفات کے وقت تھی یہاں تک کہ (صحابہ کرام نے) فرمایا اس وقت سرکار کی ڈاڑھی مبارک میں چند سفید بال تھے کچھ لوگوں نے تو یہ بھی کہہ دیا ہے کہ شیطان اس وقت سرکار کی صورت اختیار نہیں کر سکتا جب "خیر زمان" کے گھر میں زیارت ہو، یہ کہنا عام حدیث پر زبردستی اپنا فیصلہ ٹھونسنا ہے اور وسیع رحمت کو تنگ کرنا ہے کچھ نے کہا کہ شیطان حضور علیہ السلام کی صورت

marfa.com
Marfat.com

میں کسی صورت میں کہیں اور بھی نہیں آسکتا۔ سو جس نے سرکار کو اچھی صورت میں دیکھا، تو یہ دراصل دیکھنے والے کے دین کا حسن ہے اور اگر سرکار کا کوئی عیب دار عضو دیکھا ہے تو یہ عیب بھی دیکھنے والے میں ہے۔ کہ اس کے دین میں خرابی ہے۔ اور یہی بات حق ہے، اس کا تجربہ کیا گیا ہے، واقعی یہی اسلوب ہوتا ہے۔ برابر برابر۔ اس کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اس سے حضور علیہ السلام کے دیدار کے سلسلہ میں بہت بڑا فائدہ حاصل ہوا۔ یہاں تک کہ دیدار کرنے والے کو اپنی دینی حالت معلوم ہو جاتی ہے۔

آئینہ مصقول دوست

کیونکہ آپ نور ہیں اور آپ کی مثال ایک شفاف آئینہ کی ہے کہ دیکھنے والے کی خوبصورتی یا بدصورتی اس میں منعکس ہو جاتی ہے۔ خود آئینہ بہترین حالت میں ہوتا ہے، اس میں عیب یا خرابی نہیں ہوتی۔ محققین نے یہی بات آپ کے کلام کے متعلق لکھی ہے کہ اگر خواب میں سرکار کی زبان مبارک سے سنت کے مطابق بات سنتا ہے تو یہ حق ہے اور اگر خلافِ سنت سنتا ہے تو خرابی سننے والے کے سننے میں ہے۔ کہ وہ سرکار تو اپنی خواہش سے بولتے ہی نہیں، جو فرماتے ہیں وحی الٰہی ہوتی ہے اگر یہ کلام اللہ کے سوا کسی اور کا ہوتا تو لوگ اس میں بکثرت اختلاف پاتے "پس ذاتِ پاک کی زیارت حق ہے اور کبھی دیکھنے والے کے کان میں خرابی ہوتی ہے، یہ وہ حقیقت ہے جس میں کوئی شک نہیں۔"

ایک اہم سوال

(عارفِ باللہ عبداللہ) رحمۃ اللہ فرماتے ہیں "دل والے بسا اوقات حضور علیہ السلام کو بعض مسجی یا اجتماعی محافل میں، اپنے طریقہ مبارک کے مطابق، اپنے دل اور باطن میں حاضر کرتے اور آپ کی صورت مبارکہ کا تصور کرتے ہیں جیسے خواب میں ہوتا ہے، پھر اسی کیفیت میں وہ سرکار سے ہمکلام ہوتے ہیں۔ آیا دل اس کیفیت کو برداشت کر سکتے ہیں؟ اور کیا ایسا حقیقت میں ہو سکتا ہے یا نہیں؟

جواب پس جان۔ لیجیے اللہ ہم اور تم کو توفیق دے کہ اہل دل کی قلبی کیفیات

marfa.com

Marfat.com

حق ہیں جیسا کہ شرعی دلائل سے ثابت ہے اور دوسروں کے مشاہدہ سے یہ زیادہ سچا ہوتا ہے کیونکہ اللہ نے ان کو اپنے نور اور برکت سے نوازا ہے حضور علیہ السلام کی طرف سے اس بارے میں کوئی اشارہ نہیں ملتا۔ باقی اچھے یا برے کو آپ کا دیدار ہو جانا حق ہے۔ پھر جہاں یہ دونوں غفلتیں جمع ہو جائیں (کہ بندہ اہل دل بھی ہو اور نیک بھی ہو) تو کیا کہنا اس سے تو اس کی سچائی کی مزید تائید ہو جاتی ہے لوگوں کی قلبی کیفیات ہم نے کتاب کے کسی دوسرے مقام پر بیان کی ہیں پھر جب ہماری مذکورہ دونوں باتیں جمع ہو جائیں یعنی آنکھوں میں صورتِ مبارکہ ہو اور کانوں میں آپ کی آواز رس گھول رہی ہو تو اس کیفیت کی تصدیق پر قرآن و سنت دونوں کے دلائل جمع ہیں۔ اس سلسلہ میں حضور علیہ السلام کا یہ فرمان بھی کافی ہے :۔

[اَنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَتَمَثَّلُ۔ ترجمہ: "شیطان میرے جیسی صورت نہیں بنا سکتا"

یہ لفظ عام ہے اور اپنے عموم پر محمول ہے اور حضور علیہ السلام نے طریق باطل کی جو نفی کر دی ہے۔ جو شیطانی راستہ تھا، اب صرف حق باقی رہ گیا، لیکن ایک شرط کے ساتھ۔ وہ یہ کہ کتاب اللہ اور سنتِ رسول پر پیش کرے موافق ہو تو بہتر ورنہ چھوڑ دے الخ اور اپنی شرح مذکور میں اس ارشاد نبوی کے نسبت :۔

"کہ جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ عنقریب بیداری میں بھی مجھے دیکھے گا"۔

اور شیطان میری صورت میں نہیں آسکتا"

فرمایا ظاہری حدیث دو حکموں پر دلالت کرتی ہے۔ ایک یہ کہ جس شخص نے حضور علیہ السلام کو خواب میں دیکھا وہ عنقریب بیداری میں بھی مجھے دیکھے گا۔ دوسرا یہ خبر دی کہ شیطان حضور علیہ السلام کی صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ اس پر کئی وجوہ سے کلام ہو سکتا ہے۔ اوّل۔ کیا یہ بات سرکار کی زندگی میں، اور وفات کے بعد دونوں حالتوں

marfa.com

Marfat.com

میں عام ہے یا حیاتِ ظاہری سے خاص ہے۔۔ دوم۔ کیا دوسرے انبیائے کرام علیہم السلام کی شکل شیطان اختیار کر سکتا ہے۔ اور کیا خواب میں ان کی صورت میں آسکتا ہے؟ اللہ کے درود وسلام سرکار پر بھی اور ان سب پر بھی۔ یا یہ حضور علیہ السلام کی خصوصیات میں سے ہے۔ سوم۔ یہ دیکھنے والے کے لیے ہے یا جس میں لیاقت ہو اور آپ کی سنت کی پیروی پائی جاتی ہو۔ ہمارا یہ سوال کہ کیا یہ حکم حیاتِ ظاہری اور وفات کے بعد ہر حال میں عام ہے یا صرف حیاتِ ظاہری سے مختص ہے؟ سو لفظ تو عموم کا فائدہ دے رہا ہے جو خصوص کا دعویٰ کرے وہ سرکار کی طرف سے کوئی مخصص پیش نہیں کر سکتا۔

عقل نارسا بعض لوگوں نے اس عموم کی تصدیق نہیں کی اور وہی کہا جو ان کی عقل کا فیصلہ تھا کہ دار البقاء والا دار الفناء میں ایسے نظر آسکتا ہے۔ حالانکہ اس قول میں دو بڑی خرابیاں ہیں۔ اوّل یہ کہ اس سچی سرکار (الصادق) صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کو جھٹلانا لازم آتا ہے، جو اپنی خواہش نفس سے کبھی بولتے ہی نہیں۔ دوسری یہ کہ قدرت والے کی قدرت سے ناواقفی اور اس کی عاجزی ثابت کر رہا ہے۔ گویا اس شخص نے وہ بیان نہیں سنا جو سورہ البقرہ میں ہے۔ اللہ تعالیٰ کیسے بیان فرماتا ہے

فَقُلْنَا اضْرِبُوهُ بِبَعْضِهَا كَذَٰلِكَ يُحْيِي اللَّهُ الْمَوْتَىٰ

ترجمہ: ہم نے کہا گائے کے گوشت کے ٹکڑے سے مُردے کو مارو یونہی اللہ مُردے زندہ کرتا ہے"

پس مُردے کی قبر یا اس کے جسم کو گائے کے ٹکڑے سے مارا گیا تو صحیح سالم اُٹھ کھڑا ہوا۔ اور اپنا قاتل بتا دیا اور یہ واقعہ اہلِ علم کی تصریح کے مطابق قتل کے چالیس برس بعد ہوا۔ کیونکہ گائے کا حکم دیا گیا تھا اس کی تلاش میں بنی اسرائیل کو چالیس برس لگے تھے پھر کہیں جا کر ملی اسی طرح اسی سورہ بقرہ میں عزیز علیہ السلام کے واقعہ میں،

marfa.com
Marfat.com

اور اسی صورت بقرہ میں ابراہیم علیہ السلام اور چار پرندوں کے زندہ کرنے کا واقعہ موجود ہے اور اللہ نے ان کا حال کیسی وضاحت سے بیان فرمایا۔ پس جس ذات نے مُردے کو گائے کے ٹکڑے سے مارنا اس کی زندگی کا سبب بنایا، اور دعائے ابراہیم علیہ السلام کو پرندوں کی زندگی کا سبب بنایا اور عزیز علیہ السلام کے تعجب کو ان کی اور ان کی گدھے کی زندگی کا سبب بنایا، حالانکہ سو سال تک وفات پائے رہے۔ وہ ذات اس پر بھی قادر ہے کہ خواب میں سرکار رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کو، بیداری میں زیارت کا سبب بنا دے۔

وفات کے بعد بیداری میں زیارت رسول صلے اللہ علیہ وسلم

بعض صحابہ کرام سے روایت کی جاتی ہے اور میرے خیال میں وہ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما ہیں کہ انہوں نے نبی علیہ السلام کو خواب میں دیکھا۔ پھر یہ حدیث یاد آگئی اور سوچ میں ڈوب گئے۔ پھر حضور علیہ السلام کی بعض ازواج مطہرات کے پاس حاضر ہوئے میرا خیال ہے کہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا تھیں اور سب بات ان کو بتا دی۔ وہ انھیں اور ان کے لیے ایک جُبہ اور آئینہ لائیں اور ان سے فرمایا، یہ حضور علیہ السلام کا جبہ (قمیض) اور یہ آپ کا آئینہ ہے فرمایا میں نے آئینے میں دیکھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت نورانی نظر آئی، اور میری صورت نظر نہ آئی۔ سلف و خلف کی ایک جماعت کا ذکر ہمیشہ ملتا ہے۔ کہ انہوں نے حضور علیہ السلام کو خواب میں دیکھا وہ اس حدیث کو ظاہر پر محمول کرتی تھی، لہٰذا بعد میں بیداری میں بھی ان کو سرکار کا دیدار نصیب ہوا، اور انہوں نے کچھ پریشانیوں کا آپ سے سوال کیا، تو آپ نے ان کے دُور ہونے کی خبر دی۔ اور ایسے کلمات بتائے جن سے وہ پریشانیاں ختم ہو جائیں اور بغیر کسی کمی بیشی کے ایسا ہی ہوا۔

منکر کا حکم

اس کا انکار کرنے والا، دو حال سے خالی نہیں۔ یا تو کراماتِ اولیاء کی تصدیق کرتا ہے یا ان کو جھٹلاتا ہے اگر جھٹلانے والوں میں سے ہے تو اس سے گفتگو ختم کر دو۔ کیونکہ وہ ایسی حقیقت کا ہے جس کو (کتاب اور) سُنّت واضح دلائل سے ثابت

marfa.com

Marfat.com

کر رہے ہیں اور اس پر ہم نے ابتدائے کتاب میں کلام کیا ہے۔ اور اللہ کے فضل سے کافی کچھ بیان کر دیا ہے اور اگر کرامات اولیا کی تصدیق کرتا ہے تو یہ وہی چیز ہے (جسے ہم ثابت کر رہے ہیں) کیونکہ اولیا کرام کے لیے خرق عادت کے طور پر کائنات بالا و پست میں ایسے متعدد حقائق منکشف ہوتے ہیں، پس کرامت کی تصدیق کر کے اس کا انکار نہیں کر سکتا۔ رہی ہماری یہ بات کہ کیا تمام انبیائے کرام صلی اللہ علیہم وسلم کا ایسا ہی ہے جیسا حضور علیہ السلام کا، کہ شیطان ان کی شکل میں نہیں آ سکتا؟ یا یہ سرکار کا خاصہ ہے۔ سو یہ حدیث میں نہ عموم پر کوئی قطعی دلیل ہے اور نہ خصوص پر، اور نہ یہ باتیں عقل و قیاس سے حاصل ہو سکتی ہیں۔

ایک ضروری حکمت

ہاں اللہ تعالیٰ کے حضور ان کی جو عظمت ہے وہ بتاتی ہے کہ یہ عنایت سب کے لیے عام ہے۔ کیونکہ انبیائے کرام سلوت اللہ وسلامہ علیہم شیطان اور اس کے گروہ کے اثرات زائل کرنے کے لیے تشریف لائے ہیں۔ پس بتایا گیا کہ شیطان ان کی بابرکت صورتیں اختیار نہیں کر سکتا جیسے حضور علیہ السلام نے اپنی اور دیگر انبیائے کرام کی یہ عزت و عظمت بیان فرمائی کہ زمین پر ان سب کے گوشت حرام ہیں، یہاں تک کہ جس طرح ان کو سپرد زمین کیا گیا اسی حالت میں وہ انہیں باہر نکالے گی یونہی اس عزت و عظمت میں بھی وہ سرکار سے مساوی ہیں۔ واللہ اعلم۔

اب ہم اس بات کو لیتے ہیں کیا یہ حکم عام ہے ہر اس شخص کے لیے جو آپ کو خواب میں دیکھے؟ جان لیجیے، قطعی خبر اور خصوصی بات جس کی طرف شرعی دلائل و قواعد سے اشارہ ملتا ہے کہ یہ حکم اہل توفیق کے لیے ہے کے لیے امید کی جا سکتی ہے کیونکہ ان کا انجام کیونکہ ان کا انسجام معلوم نہیں۔ ممکن ہے سعادت ان کے لیے مقدر ہو چکی ہے۔ ہم قطعی طور پر ان کی بہتری سے مایوس بھی نہیں خصوصاً جب کہ نبی علیہ السلام کا یہ قول موجود ہے کہ تم میں سے کوئی آدمی جنتیوں کا سا عمل کرتا ہے یہاں تک کہ اس میں اور جنت میں بالشت بھر یا ہاتھ بھر کا فاصلہ رہ جاتا ہے پھر اس کا لکھا آگے بڑھتا ہے بس وہ جنتیوں کا سا عمل

marfa.com
Marfat.com

اختیار کرلیتا ہے اور بے شک تم سے ایک آدمی جنتیوں کا سا عمل کرتا ہے یہاں تک کہ اس میں اور جہنم میں بالشت بھر یا ہاتھ بھر کا فاصلہ رہ جاتا ہے۔ پھر اس کا لکھا آگے بڑھتا ہے اور وہ جہنیوں کا سا عمل اختیار کرلیتا ہے" (بخاری و مسلم وعنہما) لیکن جو شخص حضور علیہ السلام کے اس فرمان کو سچا تسلیم نہیں کرتا وہ کیسے آپ کی زیارت سے مشرف ہو سکتا ہے؟ دلائل کی روشنی میں تو یہ بہت دُور کی بات ہے۔

مخالفینِ سُنّت کا دعوٰی دیدار

لیکن جس آدمی میں حضور علیہ السلام کی سُنّت کی مخالفت پائی ہے آیا وہ سرکار کا دیدار کر سکتا ہے؟ اس میں علماء کا اختلاف ہے کہ جب وہ دعوائے دیدار کرے تو یہ حق ہے یا نہیں؟ اس سے پہلے اس مسئلے پر بحث ہو چکی ہے کہ جس شخص کی خواب میں زیارت ناقابلِ یقین ہے اس کے لیے بیداری میں دیدار کیسے مانا جا سکتا ہے ویسے اس میں بحث کی کافی گنجائش ہے۔ اس حدیث میں یہ اشارہ بھی ہے کہ جب نبی علیہ السلام نے اس بات کی خبر دی کہ آپ کی اُمت میں آخری زمانہ میں ایسے آدمی بھی ہوں گے جن کی تمنا ہو گی کہ وہ اپنے اہل و مال سے نکل کر سرکار کی نیابت حاصل کرے۔ تو کیا یہ ایسے لوگوں کے لیے بشارتِ عظمیٰ ہے کہ جنہوں نے آپ کو خواب میں دیکھا عنقریب بیداری میں بھی دیکھے گا۔ بس اسی اُمید پر ان سچے تصدیق کرنے والے اہلِ محبت نے دولتِ دیدار حاصل کر لی اور اس حدیث کے مطابق ان کو سرکار کا دیدار مل گیا لیکن شک والوں کے یہاں قدم ٹھہرتے ہی نہیں۔ جن لوگوں کے بارے میں آتا ہے کہ انہوں نے سرکار کی زیارت کی ہے جب تم ان کے حالات کی کُرید کرو گے تو تمہیں پتہ چلے گا کہ ایک تو وہ لوگ اس حدیث کی تصدیق کرتے تھے اور دوم وہ دوسروں کی بہ نسبت حضور علیہ السلام سے بڑھ چڑھ کر محبت کرنے والے تھے۔

میرے نزدیک بعض حضرات جن کا اس حدیث پر بحث کرنے سے پہلے میں نے ذکر کیا ہے کہ ان کے نزدیک بغیر کسی شبہ کے یہ بات صحیح تر ہے" کہ انہوں نے اپنے ایک خواب میں

marfa.com
Marfat.com

حضور علیہ السلام کو اپنی طرف خصوصی طور پر متوجہ دیکھا، اور عرض کیا یا رسول اللہ! میں اس عنایتِ خاص کا مستحق کیونکر ٹھہرا۔؟ تو سرکار نے فرمایا، مجھ سے محبت جو کرتے ہو، پس اس بلند مرتبہ کی محبت کے سوا آپ نے کوئی وجہ نہیں بتائی، اس اشارہ کو اگر منکر سمجھ لے تو انکار نہ کرے وہ یوں کہ محب اپنے محبوب میں فانی ہوتا ہے۔ محبوب کی طرف مکمل توجہ اس کو اس دنیا اور جہان کے باشندوں سے دور کر دیتی ہے جب فانیوں میں اس کا شمار ہونے لگتا ہے تو وہ دار البقاء والوں سے جا ملتا ہے۔ ان کو دیکھتا اور ان کے دیدار سے لذت اندوز ہوتا ہے یہاں اس کی جنت محض اس طرح ہوتی جیسے قبر کا ظاہر تو دنیا میں ہوتا ہے اور اس کا باطن آخرت سے متعلق ہوتا ہے کیونکہ قبر آخرت کی منازل میں سے پہلی منزل ہے۔ اور بارہا قبر کے اوپر ایسے آثار نمودار ہوتے رہتے ہیں جو اندر کی اچھی یا بُری کیفیت کی خبر دیتے ہیں اور سلف و خلف میں یہ حقیقت شہرت کے اس درجہ تک پہنچ چکی ہے کہ کسی حکایت و خبر کے ذکر کرنے کی ضرورت نہیں، اور اس میں اللہ کی قدرت کی دلیل ہے کہ اس نے شیطان کو کس طرح قدرت دی کہ جو صورت چاہے اختیار کر لے، اور جس سے چاہے مشابہت اختیار کر لے۔ یہ مفہوم حضور علیہ السلام کے اس فرمان سے حاصل ہوتا ہے کہ شیطان میری صورت نہیں بن سکتا" یہ دلیل ہے کہ دوسروں کی مثل بن سکتا ہے۔ ایسا ہی فرشتوں کے متعلق آتا ہے، ان پر اللہ کا سلام ہو کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ طاقت دی ہے کہ جو صورت چاہیں اختیار کر لیں اب شیطان اور ملائکہ کا حال دیکھو، کہ دونوں یہ عجیب و غریب وصف ملا ہے اسی لیے اہلِ توفیق نے ان کرامات پر توجہ نہیں دی، جن میں خرقِ عادت امور ہوں انہوں نے احکام شرع پر عمل کی توفیق مانگی ہے اور دنیا و آخرت میں اپنے لیے اللہ کا لطف مانگا ہے۔

کرامت کا ظہور اس لیے کہ خرقِ عادت تو کبھی صدیق اور زندیق دونوں کو حاصل ہو جاتی ہے، زندیق کے لیے مہلت اور گمراہی کے لیے، دونوں میں یعنی کرامت اور آزمائش و داغوا میں فرق صرف کتاب و سنت کی پیروی سے واضح ہوگا۔

marfa.com
Marfat.com

(کہ جہاں قرآن وسُنّت پر عمل ہوگا وہاں کرامت ہوگی ورنہ امتحان واغوا)

عارف باللہ عبداللہ بن ابوجمرہ رحمۃ اللہ نے اپنی شرح مذکور میں فرمایا رسُول صلی اللہ علیہ وسلم جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے یقیناً مجھے ہی دیکھا کہ شیطان میری صُورت اختیار نہیں کرسکتا"، کی ایک روایت میں لَا یَتَخَیَّلُ اور اس سے پہلی میں یَتَمَثَّلُ الشَّیْطَانُ بِیْ کے الفاظ آئے ہیں؟ تو ہم کہتے ہیں اور اللہ توفیق دینے والا ہے بہتری کی، کہ دونوں حدیثوں کا مقصد اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ شیطان کی خواب دیکھنے والے کے ساتھ دو حالتیں ہیں۔ ایک یہ کہ جس صورت اور جس حالت میں وہ خواب دیکھنے والے کے سامنے آنا چاہے آسکتا ہے لیکن رسُول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صُورت میں نہیں آسکتا۔ دوسری یہ کہ دیکھنے والے کو خیال گزرتا ہے کہ کوئی صُورت اس کو نظر آرہی، حالانکہ درحقیقت وہ شیطان کی اصل صورت ہوتی ہے، جس میں کوئی فرق نہیں ہوتا ایسے مشاہدات ان لوگوں کو زیادہ ہوتے ہیں جو اس دنیا میں جادو کا کاروبار کرتے ہیں کہ دیکھنے والے، چیزوں کو اصل شکل سے مختلف دیکھتے ہیں حالانکہ حقیقۃً شے میں تبدیلی نہیں ہوتی۔ اس میں ان احادیث کی دلیل ہے جو ذرا پہلے ذکر کرآیا ہوں جہاں یہ سوال آیا تھا، کیا اسی سے ملایا جائے گا اس صورت کو جو اہل برکت اور اہل دل لوگوں کے خیالات میں حضور علیہ السلام کی صورت آتی ہے، یا نہیں؟ یہ دلیل ہے کہ جس طرح شیطان حضور علیہ السلام کی صورت میں نہیں آسکتا۔ اسی طرح کلام اور خیال میں بھی اور کسی اور صورت میں بھی سرکار کی شکل میں سامنے نہیں آسکتا۔ کیونکہ جب غور کرو تو دو ہی صورتیں بنتی ہیں کہ یا ذات کی شکل میں ہو یا ذات کے علاوہ کلام۔ اشارہ یا دل میں بات آئے۔ یا خیال آئے تو پہلی حدیث نے بتایا کہ شیطان حضور علیہ السلام کی شکل اختیار نہیں کرسکتا جب کہ دوسری کی شکل اختیار کرسکتا ہے۔ اس حدیث نے یہ بتایا کہ شیطان صُورت کے علاوہ بھی کوئی ایسی حالت اختیار نہیں کرسکتا جو حضور علیہ السلام پر دلالت کرے۔ مثلاً سرکار کی کوئی خصوصی صفت۔ کوئی مخصوص لحہ۔ کوئی خطرہ یا اشاروں میں سے کوئی اشارہ۔ اور یہ کہ اللہ تعالیٰ

marfa.com
Marfat.com

نے ان تمام احوال کے اختیار کرنے سے شیطان کو منع کر دیا ہے۔ اور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ سب کے ساتھ جو چاہے رویہ اختیار کرے اللہ تعالےٰ نے اسے یہ قدرت دے رکھی ہے۔ یہ بہت بڑی بشارت ہے۔ اس خیال میں ہمارے نبی علیہ السلام کے علاوہ باقی انبیائے کرام علیہم السلام کے متعلق جو بحث ہے گزشتہ بحث کی طرح ہے۔ اس سے پہلی حدیث کے ضمن میں۔ ان تمام باتوں میں وہ شرط ملحوظ ہو گی جو ہم پہلے لکھ آئے ہیں کہ ایسے مشاہدات میں جو امر نہی۔ زجر۔ مخاطبت وغیرہ ہو گی، اسے سرکار کی سُنّت پر پیش کیا جائے گا۔ دیکھنے والے نے جو سُنا دیکھا اگر وہ سُنّت کے موافق ہے تو حق ہے اور جو سُنّت کے خلاف ہے۔ دیکھنے والے کا خلل ہے کہ سرکار تو اپنی خواہش نفسی سے بولتے ہی نہیں اور اگر یہ اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو لوگ اس میں بہت کچھ اختلاف محسوس کرتے۔ پس ذات مبارکہ کا دیدار حق ہے اور خرابی سُننے والے کے کان میں ہے۔ یہ وہ حقیقت ہے جس میں ذرہ بھر شک نہیں۔ یونہی جس بحث میں ہم پڑے ہیں کہ نیک لوگوں کے خیالات میں جو سرکار کی صورت مُبارک آتی ہے اور حضور علیہ السلام کا بیداری میں دیدار، اور آپ سے ہمکلامی اور وہ مشاہدات جو آپ کی طرف سے لوگوں تک پہنچتے ہیں، اور جو لوگوں کے دلوں میں آتے رہتے ہیں ان سب کو اللہ کی کتاب اور سرکار علیہ السلام کی سُنّت پر پیش کیا جائے گا جیسے گزر چکا ہے۔ اللہ ہی بہتری کی توفیق دینے والا ہے۔ اس میں قدرت والے کی قدرت کی واضح دلیل ہے جیسا کہ پہلے گذرا اور اس میں سرکار سے مُحبت کرنے والوں اور آپ کی پیروی کرنے والوں کے لیے بشارت ہے کیونکہ جب آپ کی زیارت حق ہے تو جو آپ کی طرف سے اشارہ یا خفر سامنے آئے گا۔ سرکار اس میں خود موجود ہوں گے اور وہ آپ کی طرف سے ہو۔ پس مذکورہ شرط کے ساتھ وہ حق ہے۔ پس ان کی خوشی مزید خوشی میں بدل جائے گی۔ اللہ تعالیٰ اپنے احسان سے ہمیں دونوں جہان میں ان میں شامل فرما دے۔ بخیر و عافیت۔ اس کے سوا کوئی رب نہیں۔"

شرح ابن ابی جمرہ کی عبارت میں ختم۔ میں نے اسی سے یہ نقل کیں۔

marfa.com

Marfat.com

علامہ ابن حجر نے اپنی شرح شمائل ترمذی میں نبی علیہ السلام کے اس قول کے تحت :
مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِیْ حَقًّا فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَتَمَثَّلُ بِیْ ۔

اور مسلم کی ایک اور روایت میں ہے :
لَا یَنْبَغِیْ لِلشَّیْطَانِ اَنْ یَّتَمَثَّلَ بِصُوْرَتِیْ ۔

بخاری کی ایک اور روایت میں ہے :
لَا یَتَکَوَّنُنِیْ ۔

ایک روایت میں ہے :
لَا یَتَرَاءٰنِیْ بِیْ ۔

کہ شیطان میری مثل نہیں بن سکتا۔ اگرچہ اللہ نے اس کو طاقت دی ہے کہ جو صورت چاہے اختیار کرلے مگر حضور علیہ السلام کی صورت اختیار نہیں کرسکتا۔ ایک جماعت نے کہا، اس کا موقع محل یہ ہے کہ جب حضور علیہ السلام کو اس صورت میں دیکھے جو واقعہ میں آپ کی تھی اور بعض نے اس میں یہ مبالغہ کیا کہ اس صورت میں جو بوقت وفات آپ کی تھی، انہی میں سے ابن سیرین رحمۃ اللہ ہیں۔ یہ صحیح بات ہے کہ جب خواب دیکھنے والا ان کے سامنے اپنا خواب بیان کرتا تو وہ دیکھنے والے سے کہتے جو کچھ تم نے دیکھا ہے میرے سامنے اسے بیان کرو۔ اگر غیر معروف صفت بیان کرتا تو کہتے تو نے حضور علیہ السلام کو نہیں دیکھا۔ عاصم ابن کلیب کی حدیث بھی اس کی تائید کرتی ہے جسے حاکم نے عمدہ سند سے بیان کیا ہے"۔ کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا، میں نے نبی علیہ السلام کو خواب میں دیکھا ہے، انہوں نے کہا میرے سامنے بیان کرو۔ کہا کہ میں حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا ذکر کیا اور سرکار کو ان کے مشابہ بتایا تو انہوں نے کہا تم نے یقیناً سرکار ہی کو دیکھا ہے۔ اس کے خلاف وہ حدیث ہیں کہ جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا، کہ میں ہر صورت میں نظر آسکتا ہوں"۔ کیونکہ یہ روایت ضعیف ہے۔ دوسروں نے کہا یہ کوئی شرط نہیں۔ ان میں ابن العربی رضی اللہ عنہ شامل ہیں۔ ان کے قول کا حاصل یہ ہے" حضور علیہ السلام کو مشہور صفت میں دیکھنا

marfa.com
Marfat.com

ادراک حقیقت ہے" اور دوسری صفت میں دیکھنا ادراک مثال ہے"۔ صحیح یہ ہے کہ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو زمین بدل نہیں سکتی۔ اس ذاتِ کریم کا ادراک حقیقت ہے اور صفات کو دیکھنا ادراک مثالی ہے اور اس فرمان کا مطلب کہ عنقریب مجھے دیکھے گا۔ تفسیر ہے مَنْ رَاٰنِیْ کی جس نے مجھے دیکھا کیونکہ یہ حق اور غیب ہے اور یہ فرمان کہ گویا اس نے مجھے دیکھا" اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر جاگتے ہوئے مجھے دیکھا تو وہ بھی مجھے دیکھنا مطابق ہوتا جو اس نے خواب میں دیکھا۔ پس پہلا حق اور حقیقت ہے اور دوسرا حق اور تمثیل۔ یہ اس وقت ہے جب آپ کو مشہور صفت میں دیکھے۔ ورنہ مثال ہے اگر دیکھنے والا آپ کو اپنی طرف رُخ کیے دیکھتا ہے تو یہ بہتر ہے دیکھنے والے کے لیے، اور نہیں تو معاملہ برعکس ہے۔ ان میں سے قاضی عیاض رحمۃ اللہ ہیں۔ وہ فرماتے ہیں۔ فَقَدْ رَاٰنِیْ یا فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ ، اس کا مفہوم یہ بھی ہو سکتا ہے۔ کہ جس نے سرکار کو اس مشہور صورت میں دیکھا جو ظاہری زندگی میں آپ کی تھی۔ اس کا خواب حق ہے اور جس نے مشہور شکل کے خلاف دیکھا اس کا دیکھنا تاویلی ہے۔ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے اس پر اعتراض کیا ہے اور فرمایا یہ بات کمزور ہے۔ صحیح یہ ہے کہ جس نے سرکار کو دیکھا اس نے آپ ہی کو دیکھا، تاہم اس سے کہ معروف صورت میں دیکھا یا غیر معروف میں۔ بعض حفاظ نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ قاضی عیاض کا کلام اس کے خلاف نہیں۔ بلکہ ان کے کلام کا ظاہری مفہوم یہ ہے کہ دونوں صورتوں میں انہوں نے حضور علیہ السلام کو ہی دیکھا ہے، لیکن پہلی صورت میں تعبیر و تاویل کی ضرورت نہیں اور دوسری صورت میں وہ خواب کی مناسب تعبیر کی محتاج ہو گی۔ ان میں سے الباقلانی وغیرہ ہیں۔ ان حضرات نے پہلے حضرات کو یہ الزام دیا ہے۔ کہ جو شخص حضور علیہ السلام کو ان کی اصل صورت کے خلاف دیکھتا ہے، (اس کا خواب حقیقی خواب نہیں ا بلکہ پریشان کن خیال ہے، اور یہ باطل ہے کیونکہ وہ خواب میں جو کچھ دیکھتا ہے وہ دنیا کی حالت بیداری کے مطابق ہے۔ اب اگر کسی عارض کی بنا پر شیطان حضور علیہ السلام کی شکل اختیار کر لیتا ہے تو یہ بات سرکار کے اس کے فرمان سے ٹکرائے گی کہ شیطان میری شکل اختیار نہیں کر سکتا۔ پس بہتر

marfa.com
Marfat.com

یہی ہے۔ کہ آپ کے دیدار کو یا آپ کی مناسب صفات کے مشاہدہ کو شیطانی دسترس سے محفوظ و مامون مانا جائے۔ یہی بات آپ کی عزت و عصمت کے لائق تر ہے جیسے آپ بیداری میں شیطان سے معصوم و محفوظ ہیں پس صحیح یہ ہے کہ سرکار کا دیدار کسی حال میں باطل و غلط نہیں۔ بلکہ اپنی ذات کے لحاظ سے حق ہے اگرچہ حضور کی اصل صفت کے خلاف دیکھے کیونکہ اس صورت کا تصور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ پس معلوم ہوا کہ صحیح و درست بعض حضرات کا وہی قول ہے کہ حضور علیہ السلام کا دیدار جس حال میں ہو حق ہے۔ پھر اگر آپ اصل صورت میں ہیں خواہ وہ جوانی کی ہو، پختہ عمر کی ہو، بڑھاپے کی ہو یا آخری وقت کی ہو، تو کسی تاویل کی ضرورت نہیں ورنہ دیکھنے والے کی حالت کو دیکھ کر تعبیر کی صورت پڑے گی۔

نظر نظر میں فرق

بعض علماء نے کہا کہ اگر کوئی شخص حضور علیہ السلام کو خواب میں بڑھاپے کی حالت میں دیکھتا ہے تو یہ انتہائی صلح کی نشانی ہے اور اگر جوانی کی حالت میں دیکھتا ہے تو یہ انتہائی جنگ کی علامت ہے اور جس نے آپ کو مسکراتے دیکھا۔ تو یہ آپ کی سنت پر چلنے کی دلیل ہے اور بعض نے کہا، جس کسی نے آپ کو اپنی اصل حالت و ہیئت پر دیکھا تو یہ دیکھنے والے کی اچھائی، کمال جا دا اور دشمن کے مقابلے میں کامرانی کی علامت ہے اور جس نے آپ کو غیر حال میں دیکھا یعنی تیوڑی چڑھی صورت میں دیکھا، یہ دیکھنے والے کی بدحالی کی دلیل ہے (کہ آئینے میں اپنی شکل نظر آتی ہے) ابن ابی جمرہ نے کہا حضور علیہ السلام کو اچھی صورت میں دیکھنا، دیکھنے والے کے دین کا حسن ہے، اور اگر آپ کے بدن مبارک پر کوئی نقص و عیب دیکھتا ہے تو یہ دیکھنے والے کے دین کی خرابی ہے۔ کیونکہ آپ شفاف آئینے کی طرح ہیں کہ جو سامنے آتا ہے، اس میں منعکس ہو جاتا ہے اگرچہ آپ اپنی اصل کے لحاظ سے حسین تر اور کامل تر ہیں۔ (بقول مولائے روم ؎

گفت من آئینہ مصقول دوست
ترکی و ہندی بہ بینہ آنکہ اوست)

marfa.com
Marfat.com

اور سرکار کے دیدار کے مسئلے میں یہ بہت بڑا فائدہ ہے کہ اسی سے دیکھنے والے کی پہچان ہوتی ہے۔ دوسروں نے کہا حضور علیہ السلام کی نسبت سے دیکھنے والوں کی حالت مختلف ہوتی ہے کیونکہ یہ دیکھنا آنکھ کا نہیں دل کا ہوتا ہے اور دل کے دیکھنے میں آدمی محدود نہیں ہوتا۔ بلکہ شرق و غرب اور اونچ نیچ سب نظر آتا ہے۔ جیسے تم آئینے میں شکل دیکھتے ہو، جب آئینہ اپنی جگہ سے منتقل نہ ہو، مثلاً ایک آدمی سرکار کو بوڑھا دیکھتا ہے اور دوسرا جوان۔ ایک وقت میں، یہ ایسا ہی ہے جیسے ایک صورت میں مختلف زاویوں سے دیکھا جائے اور مختلف آلات سے دیکھا جائے تو شکل۔ مقدار۔ چھوٹا۔ بڑا۔ لمبا۔ چھوٹا۔ ٹیڑھا۔ سیدھا مختلف صورتیں نظر آئیں گی۔ (آج کل رنگین کیمرہ، بلیک اینڈ وائٹ کیمرہ اور تصویر کے مختلف پوز، ٹی۔ وی وغیرہ پر دیکھے جا سکتے ہیں) اس سے معلوم ہوا کہ ایک وقت میں، دو دو دراز کے مختلف مقامات پر مختلف اوصاف میں آپ کا نظر آنا بالکل جائز ہے۔ اس سوال (کہ حضور کا دیدار مختلف رنگوں میں کیوں ہوتا ہے؟) کا جواب الزرکشی نے بھی دیا ہے۔

علامہ زرکشی کا ایمان افروز واقعہ

حضور علیہ السلام چراغ اور نور ہیں اس دنیا میں سورج حضور علیہ السلام کے تمام عالمین میں نور ہونے کی مثال ہے تو جس طرح اہل شرق و غرب آن واحد میں مختلف صفات میں سورج کو دیکھتے ہیں، یہی حال حضور علیہ السلام کا ہے

غلو اور حماقت

اور جیسا کہ ابن العربی نے کہا غلو اور حماقت، بعض لوگوں کی یہ بات ہے کہ خواب میں جو نظر آتا ہے یہ سر کی آنکھ سے نظر آتا ہے حالانکہ بعض متکلمین نے اس دیکھنے کو دل کی دو آنکھوں سے مختص کیا ہے جو ایک قسم کا مجاز ہے۔

حسن محبوب کی جلوہ بزیاں

ابن ابی جمرہ البارزی اور الیافعی وغیرہ نے بزرگوں کی ایک جماعت سے یہ حکایت نقل کی ہے۔ کہ انہوں نے حضور علیہ السلام کو بیداری میں دیکھا یونہی حضور علیہ السلام کا دیدار بڑے بڑے

marfa.com
Marfat.com

علما سے منقول ہے ۔ جیسے امام عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ، جیسا کہ عوارف المعارف میں ہے۔ اور امام ابوالحسن شاذلی جیسے ان کا بیان نقل کیا ہے تاج ابن عطا اللہ نے اور ان کے ساتھی ابو العباس المرسی، امام علی وفائی، قطب قسطلانی، اور سید نورالدین ایجی، اسی مسلک پر ہیں امام غزالی، وہ اپنی کتاب المنقذ من الضلال میں فرماتے ہیں "اہل دل بیداری میں فرشتوں اور ارواح انبیا کو دیکھتے، آوازیں سنتے اور فوائد حاصل کرتے" غزالی کا کلام ختم ہوا۔ اہل نے جو دعوٰی کیا ہے کہ اس سے لازم آتا ہے کہ حضور علیہ السلام قبر شریف سے باہر نکلیں غلط ہے۔ اس لیے کہ اولیا کی کرامات میں سے یہ بھی ہے کہ اللہ تعالٰے ان سے پردے چاک کر دیتا ہے پس عقلاً، شرعاً، عادتاً کوئی مانع نہیں کہ ولی انتہائی مشرق و مغرب میں ہو اور اللہ اس کی عزت افزائی فرماتے ہوئے اس ولی اور اپنی قبر اطہر میں تشریف فرما نبی علیہ السلام کے درمیان سے تمام پردے اور ستر اٹھا دے کہ وہ پردے شیشے کی طرح ہو جائیں۔ کہ پیچھے والی ہر چیز نظر آئے اب دیکھنے والے کی نظر سرکار ابد قرار صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑے گی اور ہمارا یقین ہے کہ حضور علیہ السلام اپنی قبر شریف میں زندہ ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں تو جب کسی انسان کی اس طرح عزت افزائی ہو سکتی ہے کہ وہ حضور علیہ السلام کو دیکھے، تو پھر سرکار سے ہمکلامی کے شرف سے کیوں مشرف نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا آپ سے کلام کرنے اور مسائل کا سوال کرنے اور سرکار سے جواب حاصل کرتے میں کوئی مانع نہیں۔ اس تمام پر نہ شرعاً انکار ہو سکتا ہے اور نہ عقلاً۔

علامہ ابن حجر عسقلانی کا اشکال

فتح الباری کے مصنف (ابن حجر عسقلانی) نے کہا یہ بات بہت مشکل ہے اور اس حدیث کو ظاہری معنی پر محمول کیا جائے تو یہ تمام (خواب میں دیدار کرنے والے) صحابہ ہوں گے، اور مقام صحبت قیامت تک باقی رہے گا۔ (حالانکہ اس کا کوئی بھی قائل نہیں) اس کا رد اس طرح کیا جائے گا کہ ہم نے اس مسئلہ کی علمی بحث کر دی ہے اور

marfa.com
Marfat.com

ہماری اس تقریر پر کسی قسم کا کوئی اشکال باقی نہیں رہا۔

اس کا حل رہا یہ دعویٰ کہ دیدار ہونے سے صحابی ہونا لازم آتا ہے، بے محل ہے۔ ہر محل ہو بھی کس طرح؟ کہ صحابی ہونے کی یہ شرط ہے کہ اس نے سرکار کو (دنیوی ظاہری) زندگی میں دیکھا ہو (یا بات کی ہو، صحبت کی ہو) یہاں تک کہ علماء نے ان لوگوں کے صحابی ہونے میں اختلاف کیا ہے جنہوں نے وفات کے بعد تدفین سے پہلے آپ کو دیکھا کہ انہیں صحابی کہا جائے یا نہیں؟ علاوہ ازیں یہ بات خارق عادت ہے، اور ایسے امور کے لیے قواعد شرع بدلے نہیں جاتے۔

ایک اور بحث اس میں یہ تنازع بھی کیا گیا ہے کہ یہ بات کسی صحابی کی بیان نہیں کی جاتی۔ نہ بعد والوں کی اور یہ کہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کو آپ کی وفات پر اتنا شدید صدمہ پہنچا کہ اسی سے چھ ماہ بعد ان کی وفات ہو گئی۔ حالانکہ ان کا گھر سرکار کی قبر شریف کے پاس تھا اور اس مدت میں سرکار کی زیارت نصیب ہونا منقول نہیں۔

اس کا رد اس کا رد یوں کیا جائے گا عدم نقل عدم وقوع کو مستلزم نہیں، یعنی کسی بات کا منقول نہ ہونا، اس کے نہ ہونے کی دلیل نہیں۔ لہٰذا یہ کوئی دلیل نہیں جیسے کہ یہ قاعدہ اپنی جگہ مقرر ہے۔ یونہی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا شدت غم سے فوت ہونا۔ (اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ اس مدت میں ان کو سرکار کا دیدار نہیں ہوا) کیونکہ کبھی کم درجے والے کو ایسی نعمت سے نوازا جاتا ہے جس سے بڑے مرتبے والے بھی رہ جاتے، اور اولیاء اللہ کو جو سرکار کا دیدار حاصل ہوتا رہا، اس میں بدل کی یہ تاویل کی کہ یہ دیدار ان کو درحقیقت غائبانہ طور پر ہوا (محض خیالی، جس کو وہ بیداری سمجھ بیٹھے۔ اس میں ان اکابر کے متعلق بدگمانی ہے کہ ان کو خیالی اور بیداری کے دیکھنے میں شبہ ہو گیا۔ حالانکہ ایسی بدگمانی تو کمتر عقل والوں کے متعلق بھی نہیں کی جا سکتی چہ جائیکہ اکابر سے۔ اور اس کا عارف باللہ ابوالعباس المرسی کے اس قول پر اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے آنکھ جھپکنے کے برابر بھی اوجھل ہوں تو اپنے آپ کو مسلمان

marfa.com
Marfat.com

نہیں سمجھا" یہ عجیب تاویل کی کہ یہاں مجازی معنی مُراد ہے یعنی اُوجھل ہونے سے مراد غافل ہونا ہے۔ یہ مراد نہیں کہ حضور علیہ السلام کی ذات آنکھوں سے اُوجھل ہو جائے، کہ نظروں سے اُوجھل ہونا تو محال ہے۔ پس اس سے کہا جائے کہ تیری مراد اگر استحالہ عقلی ہے تو یہ باطل ہے اور استحالہ شرعی مُراد ہے تو کس دلیل یا قاعدہ سے تُو نے یہ مفہوم اخذ کیا؟ نہیں ہرگز اس میں کوئی استحالہ نہیں جیسے ہم نے پہلے بیان کر دیا ہے"۔ ابن حجر کا کلام شرح شمائل سے ختم ہوا۔

اور "خاتمۃ الفتاویٰ" میں انہی کی عبارت اس سوال کے جواب میں کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بیداری میں ہو سکتی ہے؟ جواب دیتے ہیں ایک جماعت نے اس کا انکار کیا ہے اور دوسروں نے اس کو جائز کہا ہے اور یہی حق ہے اس کی خبر ان نیک لوگوں نے دی ہے جنہیں جھوٹ کی تہمت نہیں لگائی جا سکتی۔ بلکہ حدیث بخاری سے استدلال کیا۔

"من رانی فی المنام فسیرانی فی الیقظۃ" ترجمہ: جس نے مجھے خواب میں دیکھا عنقریب بیداری میں دیکھے گا۔

یعنی سر کی آنکھوں سے اور کہا گیا ہے، دل کی آنکھوں سے اور قیامت کے دن کا احتمال کرنا بیدار سے دُور کی بات ہے علاوہ ازیں اس قید کا کوئی فائدہ نہیں کیونکہ وہاں تو سرکار کی ساری اُمت زیارت سے بہرہ ور ہو گی۔ خواہ کسی نے خواب میں آپ کو دیکھا ہو یا نہ دیکھا ہو۔ اور صحیح بخاری کی منتخب احادیث کی جو شرح ابن ابو جمرہ نے کی ہے، اس میں بھی اس حدیث میں عوام کو ترجیح دی گئی ہے ظاہری زندگی میں ہو یا بعد وفات۔ سُنّت پر چلنے والا ہو یا نہ، اور حضور علیہ السلام کے قید لگائے بغیر جو قید لگائے غلط ہے۔ پھر اس کے منکر کو الزام دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ ایک تو وہ سچے (نبی) کی سچی بات کی تصدیق نہیں کرتا اور دوسرے قادر (اللہ) کی قدرت سے جاہل ہے۔ تیسرے وہ کراماتِ اولیاء کا منکر ہے۔ حالانکہ وہ قرآن و سُنّت واضح سے ثابت ہیں۔ اور عموم سے مُراد یہ ہے کہ جس نے بھی خواب میں، خواہ ایک مرتبہ دیکھا، بیداری میں زیارت کرے گا تاکہ حضور علیہ السلام کا وعدہ سچا ثابت ہو جس میں خلاف

marfa.com
Marfat.com

نہیں ہوسکتا۔ اور عوام کو اکثر یہ سعادت مرنے سے پہلے، مرنے سے ذرا پہلے حاصل ہوتی ہے۔ پس جب تک سرکار کی ان کو زیارت نہ ہوجائے رُوح نہیں نکلتی۔ یہ ہے ایفائے وعدہ۔ باقی دوسرے لوگ (جنہوں نے خواب میں زیارت نہیں کی) ان کو اس سے پہلے ان کی اہلیت، عقل اور اتباعِ سُنّت کے مطابق کم یا زیادہ یہ سعادت حاصل ہوسکتی ہے کہ اس میں کوئی بڑا مانع خلل انداز نہیں۔ صحیح مسلم میں عمران بن حصین رضی اللہ عنہُ سے روایت ہے کہ حضور علیہ السلام کو بواسیر کی تکلیف تھی اور آپ اس پر صبر کرتے تھے، اس کے صلہ میں فرشتے آپ کو سلام کرنے حاضر ہوتے تھے۔ جب آپ نے اس کو داغ دیا فرشتوں کا سلام ختم ہوگیا۔ پھر جب داغ دینا ترک کر دیا یعنی ٹھیک ہو گئے، جیسا کہ صحیح روایت میں ہے۔ ان کا سلام پھر لوٹ آیا۔" شدید ضرورت کے باوجود۔ اپنی عادتِ شریفہ کے خلاف، داغنے سے ان کا سلام ختم ہوگیا، کہ یہ توکل تسلیم، اور صبر کے خلاف تھا۔ بیہقی کی روایت میں ہے کہ فرشتے آپ سے مصافحہ کرتے تھے۔ جب آپ نے داغ دیا تو وہ الگ ہوگئے۔ حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کتاب المنقذ من الضلال میں صوفیائے کرام کی تعریف کرتے اور ان کو بہترین مخلوق قرار دینے کے بعد فرمایا۔ یہاں تک کہ وہ بیداری میں فرشتوں اور ارواح انبیا کو دیکھتے، ان کی آواز سُنتے، اور ان سے فوائد حاصل کرتے ہیں۔ پھر صورتوں اور مثالوں سے یہ حال ترقی کر کے اس مقام پر پہنچتا ہے جس کے بیان سے زبان قاصر ہے۔" ان کے شاگرد ابوبکر بن العربی مالکی نے فرمایا۔" انبیاً اور ملائکہ کو دیکھنا اور ان کا کلام سُننا ممکن ہے مومن کے لیے بطور کرامت اور کافر کے لیے بطور عقوبت (سزا)۔ ابن الحاج مالکی کی کتاب المدخل میں ہے بیداری میں حضور علیہ السلام کا دیدار تنگ دروازہ ہے اور کم ہی کسی کو حاصل ہوتا ہے ہاں جن کا وجود اس زمانہ میں نادر بلکہ معدوم ہوگیا ہے، حالانکہ ہم اس کے حصول کا ان اکابر کے لیے انکار نہیں کرتے، جن کے ظاہر و باطن کو اللہ نے محفوظ فرمایا ہے۔ فرمایا بعض علمائے ظواہر نے اس کا اس بنا پر انکار کیا ہے کہ فانی آنکھ باقی ذات کو نہیں دیکھ سکتی حضور علیہ السلام عالم

marfa.com

Marfat.com

بقائیں ہیں اور دیکھنے والا دارِ فنا میں۔ اس کا رد اس طرح کیا گیا ہے کہ جب ایماندار مرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کو دیکھ لیتا ہے۔ حالانکہ اللہ سبحانہٗ مرتا نہیں، حالانکہ بیک وقت ستر آدمی مرتے ہیں (بلکہ ہزاروں) بیہقی نے اس کے رد کی طرف یوں اشارہ کیا ہے کہ ہمارے نبی علیہ السلام نے معراج کی رات تمام نبیوں کو دیکھا۔ البارزی نے کہا، ہمارے زمانے اور ہم سے پہلے زمانے کے اولیاؑ کے متعلق سُنا جاتا ہے کہ انہوں نے نبی علیہ السلام کو وفات کے بعد حالتِ بیداری میں دیکھا۔

مصر میں مہنگائی اور مزار ابراہیم علیہ السلام

الیافعی وغیرہ نے شیخ کبیر ابو عبداللہ قرشی سے نقل کیا ہے کہ مصر میں سخت مہنگائی ہو گئی، آپ اپنے رفقاؑ کے ہمراہ مصروف دُعا ہوئے۔ تو کہا گیا کہ دُعا مت کرو، اس بارے میں تم میں سے کسی کی دُعا نہیں سُنی جائے گی فرمایا کہ میں شام کے سفر پر روانہ ہو گیا جب میں خلیل علیہ السلام کے مزار مُبارک کے قریب پہنچا، ہمارے نبی اور آپ پر افضل درود و سلام ہو، تو آپ سے ملاقات ہو گئی۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ، اپنے ہاں میری یہ مہمانی فرمائیں کہ اہل مصر کے لیے دُعا فرما دیں آپ نے ان کے لیے دُعا فرمائی۔ اللہ نے مہنگائی ان سے دور فرما دی۔ الیافعی نے کہا، یہ جو فرمایا کہ "خلیل علیہ السلام سے میری ملاقات ہو گئی" یہ بات حق ہے۔ اس کا انکار صرف وہ کرے گا جن کو ان احوال کی خبر نہیں، جن سے یہ حضرات زمین و آسمان کی ہر چیز کا مشاہدہ کرتے رہتے ہیں اور انبیائے کرام علیہم السلام کو مُردہ حالت میں نہیں، زندہ دیکھتے ہیں، جیسے حضورؐ علیہ السلام کی ایک جماعت آسمانوں میں دیکھی اور ان کی باتیں سُنیں، اور یہ بات طے ہے کہ جو کچھ انبیاؑ کے لیے بطور معجزہ جائز ہے وہ اولیاؑ کے لیے بطور کرامت جائز ہے بشرطیکہ اس میں تحدّی نہ ہو۔ ابن الملقن نے طبقات الاولیاؑ، میں یہ حکایت نقل کی ہے کہ۔

غوثِ اعظم اور زیارت مُصطفیٰ

شیخ عبدُ القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے

marfat.com
Marfat.com

فرمایا میں نے نماز ظہر سے پہلے نبی علیہ السلام کو دیکھا، فرمایا بیٹا بولتے کیوں نہیں؟ میں نے عرض کیا ابا حضورؐ، میں عجمی آدمی ہوں فصحائے بغداد کے سامنے کیسے بولوں!۔ فرمایا منہ کھولو، فرماتے ہیں میں نے منہ کھولا، تو آپ نے سات مرتبہ اس میں لعاب مبارک ڈالا اور فرمایا لوگوں سے خطاب کرو اور اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت اور اچھی نصیحت سے بلاؤ"، میں نماز ظہر پڑھ کر (منبر) پر بیٹھ گیا، مخلوق بے شمار تھی مجھ پر رعب طاری ہو گیا۔ اور میں کانپنے لگا۔ اتنے میں اپنے سامنے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مجلس میں کھڑے پایا۔ فرمایا بیٹا! بولتے کیوں نہیں؟ میں نے کہا ابا حضورؐ! مجھ پر کپکپی طاری ہے فرمایا اپنا منہ کھولو میں نے منہ کھولا تو آپ نے چھ مرتبہ لعاب ڈالا۔ میں نے عرض کیا، سات بار پوری نہیں کرتے؟ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ادب ہے۔ پھر وہ مجھ سے اوجھل ہو گئے اور میں نے بولنا شروع کر دیا۔" ان کے علاوہ صوفیا کی ایک جماعت کا ذکر کیا ہے جن میں سے ہر ایک کو کثرت سے حضور علیہ السلام کی زیارت ہوتی تھی۔ بیداری میں بھی اور خواب میں بھی۔ ان میں سے ایک کمال ادفوی کا ذکر فرمایا، جن سے ابن الدقیق وغیرہ نے یہ بات لی۔ تاج بن عطا اللہؒ نے اپنے شیخ کامل عارف ابوالعباس المرسی کا یہ قول نقل کیا ہے۔ کہ میں نے اپنے ان دو ہاتھوں سے حضورؐ علیہ السلام سے مصافحہ کیا ہے۔ ابن فارس نے سیدی علی وفا سے یہ حکایت نقل کی ہے کہ فرمایا میں پانچ سال کی عمر میں ایک شخص سے قرآن مجید پڑھا کرتا تھا ایک دفعہ میں اس کے پاس آیا تو نبی علیہ السلام کو نیند میں نہیں، بیداری میں دیکھا، آپ پر سفید سوتی قمیص تھی۔ پھر میں نے وہی قمیص اپنے جسم پر دیکھیں۔ مجھ سے فرمایا پڑھو میں نے آپ کے سامنے سورۂ والضحیٰ اور الم نشرح پڑھی پھر آنکھوں سے اوجھل ہو گئے، پھر جب میری عمر اکیس سال تھی میں مقام قرافہ، میں نے صبح کی نماز کی تکبیر تحریمہ کہی تو اپنے سامنے نبی علیہ السلام کو دیکھا آپ نے مجھ سے معانقہ فرمایا اور فرمایا "اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کیا کرو"۔ اسی وقت سے مجھے زبان ملی۔

marfa.com
Marfat.com

اس سلسلہ میں اولیاءُ اللہ کی حکایات بہت زیادہ ہیں اور اس کا انکار کوئی ضدی یا بے نصیب ہی کر سکتا ہے۔ ابن العربی کے حوالہ سے جو بات گزری ہے اس سے معلوم ہوا کہ حضورؐ علیہ السلام کی اکثر زیارت دل سے ہوتی ہے پھر دل سے، لیکن یہ دیکھنا عام دیکھنا نہیں یہ اتحاد حالی اور حالتِ برزخی ہوتی ہے اور وجدانی کیفیت ہوتی ہے۔ پس اس کی حقیقت قال سے بیان نہیں حال سے محسوس کی جا سکتی ہے" یونہی کہا گیا ہے۔

یہ بھی ہو سکتا ہے کہ دیدار سے مُراد وہی دیدار ہو جو عرفِ عام میں دیدار کہلاتا ہے۔ کہ دنیا میں ایک جماعت حضورؐ علیہ السلام کو دیکھے یا دیکھنے والوں اور سرکار کے درمیان سے پردے اُٹھ جائیں، سرکار اپنی قبر انور میں ہوں، پس دیکھنے والا حقیقۃً، زندہ حالت میں حضورؐ کی زیارت کرے کہ اس میں کوئی استحالہ نہیں۔ لیکن عموماً صورت ذاتیہ نہیں مثالیہ نظر آتی ہے۔ امام غزالی کا قول بھی اسی پر محمول کیا جائے گا۔ کہ مُراد بدن اور جسم کا دیکھنا نہیں بلکہ اس کی مثال ہے۔ یہ مثال ایک آلہ بنتی ہے اس حقیقت تک پہنچنے کا جو سرکار کی ذات میں ہے آلہ یا حقیقی ہوتا ہے یا خیالی۔ اور نفس متخیّل کا خیال نہیں ہوتا۔ پس جو شکل اس نے دیکھی ہے وہ نہ تو رُوح مُصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم ہے، نہ بعینہٖ ذات مُصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم۔ بلکہ تحقیق یہ ہے کہ وہ آپ کی مثال ہے فرمایا کہ اسی طرح اللہ تعالیٰ کا دیدار ہے جو آدمی کو خواب میں حاصل ہوتا ہے اب اللہ تعالیٰ کی ذات تو شکل و صُورت سے پاک ہے۔ لیکن محققین (قرآن و سُنّت اور آثارِ عالم کو پیشِ نظر رکھ کر جو اللہ کی تعریف کرتے ہیں، وہ لوگوں تک کسی حِسّی مثال مثلاً نور وغیرہ کے واسطے سے پہنچتی ہے اور وہ مثال معرفت ذات کا واسطہ بننے کی حد تک صحیح ہوتی ہے۔ اب دیکھنے والا کہتا ہے میں نے خواب میں اللہ کو دیکھا ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جس طرح باقی ذاتیں نظر آتی ہیں، ایسے ہی ذات باری کو دیکھا ہے۔

ابن حجر کا کلام ختم ہوا۔

فرمایا کہ پھر میں نے ابن العربی کو دیکھا کہ انہوں نے بھی میری بات کی تصریح کی ہے۔

marfa.com
Marfat.com

کہ حضور علیہ السلام کی ذات جسم مع روح کا دیدار محال نہیں کیونکہ آپ اور دوسرے تمام انبیاءُ کرام علیہم السلام زندہ ہیں۔ ان کی روحیں قبض کے بعد دوبارہ لوٹائی گئی ہیں اور ان کو اجازت ہے کہ اپنی قبروں سے نکل کر عالم بالا و پست میں تصرفات کریں اس میں کوئی رکاوٹ نہیں کہ بیک وقت ان کو کثیر تعداد میں لوگ دیکھیں کہ ان کی مثال سورج کی سی ہے اور جب قطب کائنات کو بھر دیتا ہے جب کہ تاج بن عطاءاللہ نے کہا ہے تو نبی علیہ السلام کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے؟ اس سے دیکھنے والے کا صحابی ہونا لازم نہیں آتا۔ کیونکہ صحابی ہونے کی یہ شرط ہے کہ حضورؐ علیہ السلام کو عالم ملک (دنیاوی زندگی) میں دیکھے۔ اور یہ دیکھنا عالم ملکوت سے تعلق رکھتا ہے، جو صحابی نہیں بناتا۔ ورنہ یہ راستہ تمام اُمت کے لیے کھل جائے گا کہ اس عالم میں سبھی آپ پر پیش کیے جاتے ہیں، وہ آپ کو اور آپ ان کو دیکھتے ہیں جیسا کہ احادیث میں آتا ہے فتاوٰی ابن حجر کی عبارت ختم ہوئی۔

امام بوصیری رحمہ اللہ کے قصیدہ ہمزیہ کے اس شعر کی شرح میں بھی یہی بات لکھی ہے۔

لَیْتَہٗ حَقَّقَنِیْ بِرُؤْیَۃِ وَجْہِہٖ
زَالَ عَنْ کُلِّ مَنْ سَاءَہُ الشَّقَاءُ

کاش مجھے اس چہرۂ اقدس کی خصوصی زیارت نصیب ہو جس کے دیکھنے سے ہر دیکھنے والے کی بدبختی جاتی رہی۔

اس مقام پر آخر میں فرماتے ہیں، میرے اور میرے والد کے شیخ محمدؐ بن ابی الحمائل کثرت سے بیداری میں نبی علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہوتے تھے یہاں تک کہ جب کسی چیز کے بارے میں پوچھا جاتا تو فرماتے میں اسے حضور علیہ السلام کی خدمت میں پیش کر لوں پھر اپنا سر گریبان میں لے جاتے پھر فرماتے نبی علیہ السلام نے اس بارے میں یہ فرمایا ہے پھر ایسا ہی ہوتا جیسے فرماتے کبھی اس سے مختلف نہ ہوتا۔ پس اس کے انکار سے بچو، کہ یہ اشارہ غیبی کی علامت ہے۔" آخر تک۔

marfa.com
Marfat.com

علامہ مناوی نے اپنی شرح شمائل میں فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم من رانی فی المنام فقد رانی، اور مسلم کی روایت میں ہے فسیرانی فی الیقظۃ یہ لفظ بھی ہے فکانما رانی فی الیقظہ یا یہ فقد رای الحق - کی شرح میں فرمایا یعنی جس نے خواب میں مجھے جس حالت میں دیکھا، اسے معلوم ہونا چاہیئے کہ اس نے سچا خواب دیکھا ہے یعنی یہ خواب باطل نہیں، حق ہے کیونکہ شرط وجزا کا اتحاد، غایت کمال کی دلیل ہے، اور مبالغہ کی حد ہے یعنی جس نے مجھے دیکھا تو اس نے تمام کمال کے ساتھ میری حقیقت دیکھی۔ اس میں کوئی شک وشبہ نہیں۔ اس میں تنبیہ ہے کہ نظر آنے والی ذات، نہ سرکار کی رُوح ہے نہ شخص بلکہ تحقیق یہ ہے کہ وہ مثال ہے اسے حجۃ الاسلام (غزالی) نے ذکر کیا ہے پھر اس کے بعد وہ لفظ لائے جو پہلی عبارت کی معنوی تاکید یا حکم کی تعلیل سمجھ لیجیئے۔ فرمایا "شیطان میری مثال نہیں بن سکتا"، یعنی اس میں یہ طاقت ہے ہی نہیں، عام اس سے کہ دیکھنے والا سرکار کو مشہور وصف میں دیکھے یا غیر معروف وصف میں۔ جیسا کہ عقلمندوں کے نزدیک مقبول مفہوم ہے، کیونکہ حق سبحانہٗ نے آپ کو رحمۃ للعالمین بنایا ہے۔ گمراہوں کے لیے ہادی، اور شیطانی وسوسوں سے محفوظ فرمایا ہے پس جب کائنات آپ کے نور وجود سے منور، شیطان آپ کی میلاد کے ساتھ ہی دھتکارا اور ستاروں سے مارا جانے لگا اور کاہنوں کی بنیادیں اُکھاڑ دی گئیں تو کیسے تصور کیا جائے کہ شیطان آپ کی مثال بن سکتا ہے اور اگر شیطان آپ کی مثال اختیار کر سکے تو خارج میں یونہی قتل ہو جائے پس خواب میں آپ کو دیکھنا حق ہے جس صورت میں بھی ہو۔

پھر ابن ابو جمرہ، ابن حجر اور صدر الدین قونوی کی آنے والی عبارت کا کچھ حصہ ذکر فرمایا ملا علی قاری نے شرح شمائل میں فرمایا، المناوی نے الباقلانی سے حکایت بیان کی ہے۔ کہ حضور علیہ السلام کے دیدار کی حدیث اپنے ظاہری مفہوم میں ہے اور مراد یہ ہے کہ جس نے سرکار کو دیکھا اس نے آپ کو پا لیا اور کوئی مانع اس سے منع نہیں کر سکتا عقل بھی اس کو محال قرار نہیں دیتی کہ ظاہری معنی سے کسی اور طرف پھیرنے کا حیلہ کیا جائے۔ پھر ملا علی قاری نے

marfa.com
Marfat.com

حضوؐ علیہ السلام کے فرمان من رانی فی المنام فقد رانی فان الشیطان لا یتمثل بی - اس کو احمد، بخاری اور ترمذی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔ امام احمد اور شیخین نے ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے یہ لفظ روایت کیے ہیں من رانی فقد رای الحق فان الشیطان لا یتراٰنی یعنی جس نے مجھے دیکھا اس نے میری کامل حقیقت دیکھی جس میں کوئی شک وشبہ نہیں اس پر حضوؐ علیہ السلام کا یہ قول دلیل ہے فقد رای الحق یعنی جس نے مجھے دیکھا اس نے حقیقۃً میری ظاہری صورت دیکھی اور عنقریب آمنے سامنے بھی دیکھ لے گا کہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کرسکتا۔ اس میں میری ہم شکل صورت اختیار کرنے کی طاقت ہی نہیں۔ ورنہ معنوی صورت اختیار کرنا تو ویسے ہی بعید تر ہے مرحوم فرماتے ہیں، پھر تمہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ نے جس طرح حالتِ بیداری میں شیطانی تسلط اور وسوسہ سے اپنے نبی علیہ السلام کو محفوظ رکھا، اسی طرح دارالتکلیف (دنیا) سے نکلنے کے بعد بھی محفوظ فرما دیا۔ پس شیطان آپ کی شکل اختیار نہیں کرسکتا، کہ دیکھنے والے کو فرضی تخیلات میں مبتلا کر دے۔ پس کسی شخص کا حضوؐ علیہ السلام کو خواب میں دیکھنا، بیداری میں دیکھنا ہے۔ کہ یہ حقیقی دیکھنا ہے کسی اور ذات کو دیکھنا نہیں۔ کیونکہ شیطان سرکار کی صورت و شکل اختیار نہیں کرسکتا۔ نہ یہ ہوسکتا ہے کہ شیطان اپنی صورت میں آئے اور دیکھنے والا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت سمجھ بیٹھے۔ پس جو شخص سرکار کو خواب میں دیکھے خواہ کسی صورت میں دیکھے اسے ایسی تعبیریں کرنے کی ضرورت نہیں۔ نہ کوئی اور وہم وخیال کرنے کی۔ اگر حضوؐ علیہ السلام کی دُنیاوی صورت کے خلاف ہی دیکھے۔ جیسا کہ مبرک نے ذکر کیا۔

ازالہ شبہ اگر یہ سوال کیا جائے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بیک وقت مختلف شکلوں میں بہت سے لوگوں نے دیکھا ہے (اس کا کیا حل ہے؟) ہم کہتے ہیں اس کا تعلق دیکھنے والوں کے حال سے ہے، جسے دیکھ رہے ہیں اس کے حال سے نہیں، جیسا کہ آئینہ میں ہوتا ہے جس نے سرکار کو مُسکراتے دیکھا تو یہ دلیل ہے کہ دیکھنے والا آپ کی سُنّت

marfa.com
Marfat.com

تبسم پر عمل کر رہا ہے اور حال غضب میں دیکھتا ہے تو معاملہ برعکس ہے جس نے آپ کو ناقص دیکھا یہ تو یہ دلیل ہے کہ اس نے آپ کی سُنّت کی ناقص اتباع کی ہے مثلاً سبز شیشے کے پیچھے سے سفید پرندے کو دیکھنے والا، سبز رنگ میں دیکھتا ہے اسی پر قیاس کر لیجیے۔ یہ بات صاحب لازہار نے ذکر کی ہے اور انتہائی تحقیقی اور دقیق۔ ہاں کبھی اس کا تعلق دیکھنے کی جگہ سے بھی ہوتا ہے جیسے حضور علیہ السلام کو مسجد کے ایک حصّہ میں اس طرح دیکھا گیا جیسے آپ مُردہ ہوں بعض عارفین نے اس کی یہ تعبیر کی تو اس قطعہ زمین کا مسجد میں شامل کیا جانا سنت کے مطابق نہیں ہوا جب اس کی تحقیق و تفتیش کی گئی تو معلوم ہوا کہ وہ قطعہ غصب شُدہ تھا۔" پھر نبی علیہ السلام کے فرمان فقد رای الحق کے تحت فرمایا یہ دیکھنا حق و صحیح ہے اس میں کوئی وہم یا باطل خیالات کا دخل نہیں۔ یہ بات کرمانی نے ذکر کی۔ طیبی نے فرمایا الحق اس جگہ مصدر متوکد ہے یعنی جس نے مجھے دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا، حقیقی دیکھا۔ اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ ایک روایت میں ایسے ہی الفاظ آئے ہیں۔ زین العرب نے کہا حق باطل کی ضد ہے۔ پس یہ معفول مطلق ہے اصل عبارت اس طرح ہے فقد رای رُؤیۃ الحق، مبرک نے کہا، کہا گیا ہے کہ الحق معفول بہ ہے، مجھے اس میں تامل ہے۔ ختم۔ شائد تامل کی وجہ یہ ہو کہ حق سے مُراد باطل کی ضد لیا ہو لہٰذا یہ معفول مطلق نہیں ہو سکتا ہاں یہ مُراد لینا صحیح ہے کہ حق سبحانہٗ مُراد ہو مضاف مقدر مان کر۔ یعنی رَاٰی مَظْهَرَ الْحَقِّ یا مَظْهَرَہٗ۔ جس نے مجھے دیکھا اس نے حق کا مظہر دیکھا۔" یا یہ کہ جس نے مجھے دیکھا وہ عنقریب اللہ سبحانہٗ کو دیکھے گا۔ کیونکہ جس نے سرکار کو خواب میں دیکھا تو وہ آپ کو عنقریب جا گتے ہوئے سلامتی کے گھر (جنت) میں دیکھے گا۔ اس سے لازم آیا کہ وہاں وہ اللہ کو دیکھے۔ یہ بھی بعید نہیں کہ اس کا مطلب ہو، جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ عنقریب اللہ کو خواب میں دیکھے گا کہ میرا دیکھنا اس کے دیکھنے کا مقدمہ یا اس مقصد کے حصول کی بشارت ہے" الخ۔ عارف باللہ سیدی صدرالدین قونوی نے ان چالیس احادیث کی شرح میں، جو اہل حقیقت کی زبان پر جاری

marfa.com
Marfat.com

ہیں، یہ شرح مکمل نہیں ہو سکی بلکہ ستائیس تک پہنچ کر ختم ہو گئی ہے۔ فرمایا بیسویں حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے دیکھا کہ شیطان میری شکل اختیار نہیں کر سکتا۔" ایک روایت میں ہے "اس کے لیے مناسب نہیں کہ میری صورت اختیار کرے۔" ایک روایت میں ہے "شیطان میرا وجود نہیں بن سکتا۔" ایک اور روایت میں ہے "جس نے مجھے دیکھا اس نے حق کو دیکھا۔ کہ شیطان میری شکل میں نظر نہیں آ سکتا۔" اس راز کی تشریح اور اس معنیٰ کی توضیح یہ ہے کہ حضور علیہ السلام اگرچہ اس لیے حاضر ہوتے کہ حق تعالیٰ کے تمام اسماء و صفات کے جو احکام ہیں ان سے اپنے آپ کو متصف کریں اور اپنے اندر ان معانی کو منعکس کریں۔ کیونکہ مقامِ رسالت اور جن لوگوں کی طرف آپ کو بھیجا گیا تھا ان کی راہنمائی اور ان کو حق کی دعوت دینے ان سب کا تقاضا یہ تھا کہ آپ کی ذات میں حکم اور سلطنت کا ظہور ہوتا۔ اور اللہ کی صفات اور اسماء میں سے ایک صفت ہدایت اور اس کا ایک نام ہادی بھی ہے جیسا کہ خود اللہ نے اس کی خبر دی۔

اِنَّكَ لَتَهْدِیْۤ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔ ترجمہ: آپ بے شک سیدھے راستے کی راہنمائی فرماتے ہیں۔

پس حضور علیہ السلام اسم الہادی کی صورت میں صفت ہدایت کے مظہر ہیں۔ اور شیطان اسم المضل کا مظہر ہے اور صفت ضلالت کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے۔ اور یہ دونوں متضاد ہیں۔ اور ہم نے اس مفہوم کی تائید کرنے والی حدیثیں بھی ذکر کی ہیں ایک طویل حدیث میں ہے کہ نبی علیہ السلام نے (اللہ سے) ابلیس سے ملاقات کا سوال کیا تاکہ اس کی صفات کو قریب سے دیکھیں چنانچہ اسے آپ کے سامنے حاضر کیا گیا فرشتوں نے حفاظت کے لیے حضور علیہ السلام کو گھیرے میں لے لیا۔ تاکہ ابلیس آپ کے خلاف کسی برائی کا ارادہ نہ کرے۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا اے ابلیس! جو بات تیرے پاس ہے، کہہ ڈال۔ اس نے کہا اے محمد! بے شک اللہ نے آپ کو ہدایت کے لیے پیدا کیا ہے، حالانکہ تیرے ہاتھ میں کوئی ہدایت نہیں اور مجھے گمراہی کے

marfa.com
Marfat.com

لیے پیدا کیا ہے حالانکہ گمراہی کا مجھے کوئی اختیار نہیں، پس اللہ تعالیٰ نے نبی علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ اس نے سچ کہا، حالانکہ بڑا جھوٹا ہے۔" (واللہ اعلم) اس سے معلوم ہوا کہ درحقیقت شیطان نبی علیہ السلام کی ضد ہے۔ اور دو ضدیں کبھی جمع نہیں ہوتیں۔ نہ ایک دوسرے کی صورت میں ظاہر ہو سکتی ہیں نیز نبی علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت کے لیے پیدا فرمایا ہے جیسا کہ گزر چکا ہے۔ اب اگر شیطان آپ کی صورت میں ظاہر ہو سکے تو وہ تمام وثوق و اعتماد ختم ہو جائے جس کو اللہ تعالیٰ ہر اس آدمی میں پیدا کرتا ہے جو حضور علیہ السلام کے معجزات کا مشاہدہ کرتا ہے اس حکمت کی بنا پر اللہ تعالیٰ نے صورتِ رسول صلے اللہ علیہ وسلم کو شیطانی مشابہت سے محفوظ فرما دیا۔

ایک مزید سوال ابلیس حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی عظمت ہر علیم کی عظمت سے بڑھ کر ہے کیا وجہ ہے کہ اللہ نے ابلیس کو حضور علیہ السلام کی صورت میں آنے پر پابندی لگا دی، اور خود حق تعالیٰ کئی لوگوں کو نظر آیا اور ان سے بات کی کہ میں حق ہوں، جو ان کی گمراہی کا سبب بنا، اور اس طرح کئی لوگ گمراہ ہوئے کہ انہوں نے دیدارِ الٰہی کا گمان کیا۔ اور یہ کہا کہ ہم نے حق تعالیٰ سے گفتگو کی ہے اور اس کی بات سنی ہے۔

اس کا جواب میں کہتا ہوں دونوں کے نظر آنے میں دو طرح کا فرق ہے۔ اوّل یہ کہ ہر عقلمند جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی کوئی متعین صورت نہیں جس سے شبہ پیدا نہ ہو سکے بخلاف نبی علیہ السلام کے کہ آپ کی معین، معلوم اور نظر آنے والی صورت ہے دوسری وجہ یہ ہے کہ اللہ کی وسعت کا تقاضا یہ ہے کہ جسے چاہے ہدایت دے اور جسے چاہے گمراہ کرے جیسا کہ اس گزشتہ حدیث کے ضمن میں تنبیہ گزر چکی ہے جس میں ابلیس اور نبی علیہ السلام کا مکالمہ ہوا تھا۔ اور اللہ نے اس کی اس بات کی تصدیق فرمائی اور یہ بھی فرمایا کہ وہ بڑا جھوٹا ہے۔ رہے نبی علیہ السلام، تو آپ میں صرف ہدایت کی صفت ہے جو اپنی صورت میں ظاہر ہوتی ہے پس لازم ہے کہ آپ کی صورت کو شیطانی تمثیل سے بچایا جائے۔

marfa.com
Marfat.com

تاکہ اعتماد باقی رہے اور ہدایت کا مقصد ظاہر ہو اس شخص میں جس میں اللہ تعالیٰ حضور علیہ السلام کی ہدایت ظاہر چاہے۔ اگر یہ بات نہ ہو تو اس فرمان باری کا کیا مفہوم ہوگا۔

اِنَّكَ لَتَهْدِیْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۔ ترجمہ: بے شک آپ سیدھے راستے کی راہنمائی فرماتے ہیں۔

پھر تو بعثت کا کوئی فائدہ ہی نہ ہوا۔ اسے سمجھ لیجئے۔ ہاں یہاں ایک کسوٹی اور دلیل ہے، ان دونوں پر تطبیق کرنا ضروری ہے۔

معیار صحت

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حقیقی زیارت یہ ہے کہ دیکھنے والا آپ کو اس صورت میں دیکھے، جس کا حلیہ نقل صحیح سے ثابت ہو۔

اسی بات کی طرف بعض روایات حدیث میں اشارہ ہے کہ جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا" یہاں تک کہ اگر کسی نے سرکار کو حقیقی حسین وجمیل صورت کے خلاف دیکھا، اس نے آپ کو دیکھا ہی نہیں۔ مثلاً بہت لمبا قد دیکھا یا بہت چھوٹا قد دیکھا یا زرد رنگ میں دیکھا یا بوڑھا بہت گندم گوں وغیرہ اور دیکھنے والے کا یقین کہ میں نے آپ ہی کو دیکھا ہے کوئی دلیل نہیں بلکہ جو چیز اسے نظر آرہی ہے وہ یا تو دیکھنے والے کے عقیدے کے مطابق صورت شرع ہے یا اس کا حال ہے یا اس کی صفت کا مظہر ہے یا کسی اسلامی حکم کی تصویر ہے یا اس حجۃ کا اثر ہے جہاں دیکھنے والے نے خواب میں صورت دیکھی اور سمجھا یہ کہ حضور علیہ السلام کی صورت ہے ہم نے اس کا تجربہ خود بھی بہت کیا ہے اور دوسروں میں بھی۔ اور اپنے مشیوخ سے بھی بارہا ایسی باتیں سنی ہیں جو ہماری مؤید ہیں ان میں سے ایک یہ کہ ہمارے شیخ الاسلام۔ اکمل۔ محی الدین بن محمد علی بن العربی رضی اللہ عنہ نے مجھے اس سلسلہ میں ایک حکایت سنائی۔ کہ

ابن العربی کی حکایت

ایک مرتبہ بچپن میں تبلیغ کی جامع مسجد میں، جو اندلس (اسپین) کے شہروں میں سے ہے، انہوں نے نبی

marfa.com
Marfat.com

السلام کو خواب میں دیکھا کہ آپ وفات پا چکے ہیں اور ایک کونے میں چادر میں لپٹے ہوئے ہیں۔ اس کے کئی سال بعد جب شیخ اللہ والوں کے راستے پر چل پڑے، حکومت اور جو کچھ دنیاوی مال پاس تھا سب کچھ ترک کر دیا اور مصروف آخرت ہو گئے، اور اللہ نے فتوحات کے دروازے کھول دیئے تو اتفاق سے اسی جامع مسجد میں اپنے شہر کے بعض اہلِ علم و فضل کے ہمراہ داخل ہوئے کسی کام سے وہ ایک دروازے داخل ہو کر دوسرے سے نکلنا چاہتے تھے، اور اس بات کو ناپسند کیا جاتا تھا کہ کوئی شخص گذرگاہ بنا کر مسجد سے یوں گذر جائے اور دو نفل ادا نہ کرے، اور جس دروازے سے چاہے نکل جائے۔ ہم ساتھیوں کو بھی اس طرح کئی دروازوں والی مساجد کو گذرگاہ بنانے اور دو رکعت نفل بھی ادا نہ کرنے سے منع کرتے تھے۔ فرمایا جب میں اپنے مذکور ساتھی کے ہمراہ جامع مسجد میں داخل ہوا، میں نے کہا جب تک دو نفل ادا نہ کر لوں مسجد کو عبور نہیں کروں گا میرے ساتھی نے کہا آؤ اس کونے میں دو نفل ادا کر لو اور اشارہ اس کونے کی طرف کیا، جہاں میں نے نبی علیہ السلام کو اس کونے میں مُردہ اور کپڑے میں لپٹا ہوا دیکھا تھا، لہٰذا میں اس جگہ نماز پڑھنا اچھا نہیں سمجھتا انہوں نے اس پر تعجب کیا اور کہا تم نے حق دیکھا ہے۔ اب میں تمہیں اس خواب کی تعبیر بتاتا ہوں۔ جان لیجیے کہ وہ مقام میرا گھر تھا بلادِ مغرب کے حاکم نے مسجد میں توسیع کا ارادہ کیا ایک دیوار کو گرایا اور اس کے پیچھے جو مکان تھے انہیں مسجد میں شامل کرنے کے ارادے سے خرید لیا میرے مکان کے علاوہ کوئی مکان باقی نہ رہا۔ انہوں نے مجھ سے وہ خریدنا چاہا لیکن جتنی قیمت میں چاہتا تھا، اتنی انہوں نے نہ دی، میں نے بیچنے سے انکار کر دیا۔ لیکن انہوں نے میری رضامندی کے بغیر ہی جتنی قیمت میں چاہا وہ مکان لے لیا۔ پس میں نے جن کو دیکھا ہے وہ نبی علیہ السلام نہیں ان کی شریعت ہے۔ اس نسبت سے یہاں فوت ہوئے اور سودے کی صورت میں پردہ ڈالا یہ سودا درست نہ تھا بلکہ یہ جگہ غصب شدہ تھی۔ ہاں اب میں تمہیں گواہ بنا کر اپنا حق

marfa.com
Marfat.com

اہل اسلام کے لیے چھوڑتا ہوں پس آپ آئیں اور نماز پڑھیں ہم گئے اور اس مسجد میں نماز پڑھی اور پھر اپنے کام کے لیے باہر نکل آئے"۔ یونہی علاقہ شام میں مجھ سے بیان فرمایا کہ ایک نیک آدمی نے خواب میں نبی علیہ السلام کو تھپڑ مارا (نعوذ باللہ) پھر گھبرا کر بیدار ہوا اور آپ کی جلالر شان کے پیش نظر جو دیکھا تھا اس سے دہشت زدہ ہو گیا۔ بعض شیوخ کے پاس آکر اپنا خواب بیان کیا۔ شیخ نے اس سے کہا، تمہیں معلوم ہو کہ نبی علیہ السلام اس سے عظیم تر ہیں کہ تیرا یا کسی اور کا آپ پر ہاتھ اُٹھ سکے جو تُو نے دیکھا وہ نبی علیہ السلام نہ تھے یہ آپ کی شرع تھی، جس کے ایک حکم میں تُو نے غلطی کی ہے، اور تیرے چہرے پر تھپڑ اس بات کی دلیل ہے کہ تُو نے امرِ حرام اور گناہ کبیرہ کا ارتکاب کیا ہے۔ اس پر وہ شخص سراسیمہ ہو کر سوچنے لگا اور یہ نہ بتایا کہ میں نے کوئی جُرم کیا ہے۔ ویسے دیندار آدمی تھا۔ اس شخص نے شیخ کو اس تعبیر پر کوئی تہمت نہ لگائی کیونکہ وہ جانتا تھا کہ شیخ صحیح تعبیر کر رہے ہیں پس پریشان اور بوجھل دل کے ساتھ گھر لوٹا۔ بیوی نے اس پریشانی کا سبب پوچھا، تو اس نے اپنا خواب اور شیخ کی تعبیر اسے بتائی۔ بیوی بہت حیران اور اس نے توبہ کی، اور کہنے لگی میں تجھے بتاتی ہوں، تُو نے قسم اٹھائی تھی کہ اگر میں تیرے فلاں جان پہچان والے کے گھر قدم رکھوں تو مجھے طلاق۔ میں ان کے دروازے سے گزرنے لگی انہوں نے مجھے قسمیں دیں۔ مجھے ان کے اصرار پر شرم آئی اور میں اندر چلی گئی اور ڈر کے مارے یہ ماجرا میں نے تجھ سے بیان نہ کیا اس لیے صورت حال چھپائے رکھی۔ اب اس شخص نے توبہ و استغفار کی اور حق تعالیٰ کی بارگاہ میں زاری کی۔ عورت نے عدت گزار کر از سرِ نو نکاح کیا۔

اتونوی رضی اللہ عنہ نے مذکورہ واقعہ کے بعد فرمایا "میں

سقوط بغداد کا خواب نے اس رات کو جس کی صبح میں بغداد پہنچا، سحری کے وقت نبی کریم علیہ السلام کو کفن میں لپٹی لاش کی صورت میں دیکھا۔ کچھ لوگ اسے لے کر دوڑے جا رہے ہیں، سر مبارک کھلا تھا۔ اور زلفیں زمین سے چھو رہی تھیں۔ میں نے اُن لوگوں سے کہا کیا کر رہے ہو؟ انہوں نے کہا یہ فوت ہو گئے ہیں اور ہم دفن کرنا چاہتے ہیں۔ میرے

marfa.com
Marfat.com

میں آیا کہ حضور علیہ السلام فوت نہیں ہوئے، میں نے ان لوگوں سے کہا، مجھے تو آپ کا چہرۂ اقدس مرنے والوں کا سا نظر نہیں آتا۔ ذرا صبر کرو، بات کی تحقیق ہو جائے۔ میں منہ مبارک کے قریب ہوا۔ تو مجھے ہلکا ہلکا سانس محسوس ہوا۔ میں ان پر چلایا اور ان کو اس ارادے سے منع کیا۔ اب میں سخت گھبراہٹ میں بیدار ہو گیا تو مجھے چونکہ یہ مسئلہ معلوم تھا اور بارہا اس کا تجربہ ہو چکا تھا۔ لہٰذا میں سمجھ گیا کہ یہ عالم اسلام میں کسی بڑے حادثہ کی مثال ہے، جب یہ بات پھیلی کہ مغل (منگول) بغداد کی طرف بڑھ رہے ہیں تو مجھے محسوس ہوا کہ بغداد نرغے میں آ گیا ہے میں نے وہ تاریخ نوٹ کر لی۔ پس ایک سے زیادہ اخباری جنہوں نے اپنی آنکھوں سے واقعہ دیکھا تھا، آموجود ہوئے، اور انہوں نے بتایا کہ اسی دن بغداد پر حملہ ہوا تھا۔ پس خواب کی تعبیر صحیح ہو گئی۔ میں نے ثقہ لوگوں سے اس بارے میں جو سنا ہے اور کئی بار مجھے خود جو تجربات ہوئے ہیں، یا دوسرے لوگوں کو، اگر یہ سب کچھ ذکر کروں تو بات طویل ہو جائے۔ میں نے محض نمونہ اور تنبیہ کے طور پر کچھ بیان کر دیا ہے۔

وجہ اشتباہ

سالکین کی ایک جماعت پر اللہ کا طریقہ جن وجوہات سے مشتبہ ہو گیا ہے ہم ان اسباب کو ذکر کر آئے ہیں کہ انہوں نے اپنے خیال کے مطابق حضور علیہ السلام کو دیکھا اور آپ نے ان کو کئی باتوں کی خبر دی مگر خبر کے مطابق وہ امور وقوع پذیر نہ ہوئے۔ پھر جب میں نے ان سے نظر آنے والی صورت کا حلیہ پوچھا اور انہوں نے مجھے بتایا تو معلوم ہوا کہ یہ حلیہ اصل صورت مبارکہ کے خلاف ہے میں نے ان کو اس کا سبب بتا دیا اور خبردار کر دیا تو وہ خوش ہو گئے اور متنبہ ہو گئے۔ جس طرح ہم نے اس قسم کا بہت تجربہ کیا ہے۔ اسی طرح ہمارا یہ بھی تجربہ ہے کہ جس کسی نے سرکار کو اصل صورت میں دیکھا اور اس کو خبر دی جو بھی دی وہ خبر کبھی نہ غلط ہوئی نہ تبدیل۔ بلکہ ہم نے اسے ایک روشن نص پایا، جسے ہم نے آپ سے روایت بھی کر دیا۔" خدائے یکتا کا شکر ہے۔

اس کے بعد قونوی نے طویل و دقیق کلام کیا ہے، عالم مثال کی حقیقت اور خوب

marfat.com
Marfat.com

میں لوگوں کے ایک دوسرے کو دیکھنے کے متعلق۔ اور یہ بھی بیان کیا کہ یہ دیکھنا کئی قسم کا اور مناسبات کے مطابق الگ الگ نوعیت کا ہوتا ہے اور اس بیان میں ہمارے مقصود کی جوبات ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے "کہ اس دنیا میں لوگوں کا ایک دوسرے سے صورتوں میں جمع ہونا اور عالمِ بالا میں ارواح کے ساتھ جمع ہونا کبھی بیداری اور کبھی خواب میں۔ اس کا مضبوط تر سبب مناسبت اور کئی باتوں میں یکسانیت کا پایا جانا ہے۔ کثرت اجتماع اور قلت اجتماع کا دار و مدار آثار مناسبت کی قوت و ضعف پر ہے۔ کیونکہ دو ذاتوں میں کبھی صفات، احوال اور افعال، تینوں میں مناسبت ہوتی ہے اور کبھی صرف افعال میں۔ اگر اس درجے میں کوئی دوسرا وصف بھی اس سے مل جائے تو نسبت اور قوی ہو جائے گی۔ اگر اس کے ساتھ مناسب ذاتی کو بھی فرض کر لیا جائے تو نسبت مکمل ہو گئی پس جس آدمی کی نسبت کاملین یعنی انبیاؑ و اولیاؑ کی ارواح سے ثابت ہو گئی وہ جب چاہے ان سے مل جائے خواب میں خواہ بیداری میں۔ فرمایا یہ حال ہم نے اپنے شیخ، شیخ اکبر محی الدین ابن العربی رضی اللہ عنہ میں کئی سال تک دیکھا ہم نے ان میں سے بعض احوال دوسرے لوگوں میں بھی دیکھے ہیں۔ رہے شیخ رضی اللہ عنہ سو وہ انبیاؑ و اولیاؑ اور گزرے ہوئے دیگر لوگوں کے ارواح سے جب چاہیں ملاقات کر لیتے تھے اس ملاقات کی تین صورتیں ہیں۔

ارواح سے ملاقات کے تین مراتب

(۱) اگر چاہے تو اپنی رُوحانیت کو اس دنیا میں اُتار لے اور اس کو مجسم کر کے مثالی صورت میں محسوس کرے جو حسی و حقیقی صورت سے مشابہ ہو جو دنیا میں اسے حاصل تھی۔ اس میں ذرہ بھر کمی نہ ہو۔

(۲) اگر چاہے تو اسے خواب میں حاضر کر لے۔

(۳) اور اگر چاہے تو اپنی شکل ختم کر کے اس سے مل جائے، بایں طور کہ اس کا ذاتی مقام عالم بالا سے متعین ہو۔

marfa.com
Marfat.com

اس مناسبت ثانیہ کے مطابق جو اس نظر آنے والی صورت اور بعض افلاک کے درمیان ہے اور اس مناسبت کے مطابق جو اس فلک کو دوسرے افلاک اور دوسری کائنات سے ہے اور یہ حال جو میں نے ذکر کیا ہے ہمارے شیخ رضی اللہ عنہٗ کے تصرف سے ملا ہے۔ اور یہ وراثت نبوی کے صحیح ہونے کی دلیل ہے اسی کی طرف اللہ کے اس ارشاد کی طرف اشارہ ہے۔ جو رسول ہم نے تم سے پہلے بھیجے ہیں ان سے پوچھ لو۔" آخر تک۔ اگر نبی علیہ السلام ان نبیوں سے ملاقات نہ کر سکتے تو اس فرمان کا کوئی فائدہ نہ تھا۔ سو ایسی ملاقات کو بعید نہ سمجھ، کہ کسی کمزور تاویل کا سہارا ڈھونڈتا پھرے کہ تیرے علاوہ، بخدا ایک سے زیادہ ان لوگوں نے یہ اور اس جیسی کئی، ملاقاتیں کی ہیں"۔ صدر قونوی کا کلام ختم ہوا۔

شیخ اکبر سیّدی محیّ الدّین ابن العربی کا ارشاد

شیخ اکبر محی الدین ابن العربی رضی اللہ عنہٗ نے "فتوحات مکیہ" کے باب نمبر ۴۶۳ میں فرمایا: میں نے تمام نبیوں اور رسولوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھا، اور ان میں سے صرف قوم عاد کی طرف بھیجے گئے نبی حضرت ہود علیہ السلام سے ہمکلام ہوا، اور کسی سے کلام نہیں کر سکا، اور میں نے تمام مسلمانوں کو بھی اپنی آنکھ سے دیکھا، جو ہو چکے یا قیامت تک ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو میرے سامنے ایک میدان میں، دو مختلف وقتوں میں ظاہر فرمایا۔ میں سوائے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے، ان سب کے ساتھ رہا، اور ان سے بہرہ مند ہوا۔ ان میں ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام بھی شامل تھے۔ جن کے سامنے میں نے قرآن پڑھا اور عیسیٰ علیہ السلام بھی ان کے سامنے موجود تھے اور موسیٰ علیہ السلام نے مجھے علم کشف علم الضیاح اور رات دن بدلنے کا علم عطا فرمایا، جب مجھے یہ حاصل ہوا تو رات ختم ہو گئی اور تمام وقت دن ہی رہا۔ سو میرے لیے نہ سورج غروب ہوا نہ طلوع۔ یہ کشف میرے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس بات کی اطلاع تھی، کہ آخرت میں میرے لیے کوئی بدبختی نہیں، ہود علیہ السلام سے میں نے ایک مسئلہ پوچھا، جو انہوں نے مجھے سمجھا دیا مجھے

marfa.com
Marfat.com

یوں تھا جیسے حضرت میرے اسی زمانہ میں موجود ہیں اور سمجھا رہے ہیں اور میں رسولوں میں سے محمد صلے اللہ علیہ وسلم۔ ابراہیم۔ موسیٰ۔ عیسیٰ۔ ہود اور داؤد علیہم السلام کے ساتھ رہا۔ باقیوں کو دیکھا تو ہے ان کے ساتھ نہیں رہا" الخ۔

سیدی عبدالکریم الجبلی کا ارشاد

عارف باللہ سیدی عبدالکریم الجبلی نے اپنی کتاب الانسان الکامل کے ۶۰ ویں باب میں فرمایا "جان لے اللہ تیری حفاظت فرمائے، کہ انسان کامل وہ قطب (کیل) ہے جس پر افلاک وجود ابتدائے آفرینش سے آخر تک گردش کر رہے ہیں اور وہ ابتدائے وجود سے ابدالآباد تک ایک ہی ہے۔ پھر آگے اس کی متعلقہ شاخیں ہیں ایک شاخ کے اعتبار سے اس کا ایک نام ہے اور دوسری شاخ کے اعتبار سے دوسرا۔ پس اس کا اصل نام محمد ہے (صلے اللہ علیہ وسلم) اس کی کنیت ابوالقاسم اس کی صفت عبداللہ اور لقب شمس الدین ہے۔ پھر دوسرے متعلقات کے اعتبار سے اس کے کئی اور نام ہیں، اور ہر زمانہ میں اس کا مناسب حال ایک نام ہوتا ہے۔ میں آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا ہوں۔ اس وقت سرکار۔ میرے شیخ، شیخ شرف الدین اسماعیل الجبرتی کی صورت میں تھے مجھے معلوم تھا کہ یہ نبی علیہ السلام ہیں اور یہ بھی جانتا ہے کہ یہ (متشکل) شیخ (میں) ہیں۔ یہ ان مشاہدات میں سے ایک ہے جو میں نے مقام زبید میں ۹۶۷ھ کو دیکھے۔

اس کا راز

اس کا راز یہ ہے کہ حضور علیہ السلام ہر صورت اختیار کر سکتے ہیں۔ پس صاحب ادب جب حضور علیہ السلام کو اس صورت میں دیکھتا ہے جو صورتِ محمدیہ ہے اور جو آپ کو حیاتِ ظاہری میں حاصل تھی تو وہ اسے اسم محمد سے موسوم کرتا ہے اور اگر کسی اور صورت میں دیکھتا ہے اور جان لیتا ہے کہ یہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہیں، تو پھر اسی نام سے موسوم کرتا ہے۔ پس وہ نام حقیقت

marfa.com
Marfat.com

محمدیہ پر ہی بولا جاتا ہے۔ تم دیکھتے نہیں کہ جب حضور علیہ السلام شبلی رضی اللہ عنہ کی صورت میں ظاہر ہوئے تو شبلی نے اپنے شاگرد سے کہا

اَشْهَدُ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔ ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔

شاگرد بھی صاحب کشف تھا اس نے پہچان لیا اور کہا۔

اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔ ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔

یہ کوئی غلط بات نہیں یہ ایسے ہی ہے جیسے کوئی کسی کو خواب میں دیکھتا ہے اور کشف کا کمتر درجہ یہ ہے کہ خواب میں جو کچھ دیکھا وہ بیداری میں بھی ممکن ہو، لیکن خواب اور کشف میں فرق ہے وہ یہ کہ خواب میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جو شکل دیکھتا ہے، اس کو جاگتے ہوئے حقیقتِ محمدیہ کا نام نہیں دے سکتا اس لیے کہ عالم مثال کی تعبیر تو ہو سکتی ہے کہ جس شخص کو خواب میں دیکھا، اسے بیداری کی صورت محمدیہ سے تعبیر کر لیا۔ لیکن کشف میں ایسا نہیں ہوتا کیونکہ جب کشف میں صورت محمدیہ تمہارے سامنے کی اور آدمی کی صورت میں ظاہر ہو گی تو تم پر لازم ہو گا کہ حقیقت محمدیہ پر اس صورت کا نام چسپاں کرو، اور تم پر یہ بھی لازم ہو گا۔ کہ اس صورت والے کا اسی طرح ادب کرو، جس طرح محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا ادب کرتے ہو۔ کیونکہ کشف نے تمہیں یہ بتایا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس صورت میں ظہور پذیر ہیں۔ لہٰذا جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے سامنے اس صورت میں ظاہر گئے تو اب تمہارے لیے یہ جائز نہیں کہ اس سے اب بھی وہی معاملہ کرو جو اس سے پہلے کرتے تھے پھر ہرگز ہرگز میری گفتگو سے مسئلہ تناسخ کا وہم نہ کر بیٹھنا۔

اسے تناسخ نہ سمجھ لینا

اللہ کی پناہ، رسول اللہ کی پناہ۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ کہ میری یہ مراد ہو۔ بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

marfa.com
Marfat.com

کی ہر صورت میں ظاہر ہونے کی طاقت ہے کہ آپ ان صورتوں میں ظاہر ہو سکتے ہیں اور حضور علیہ السلام کی سُنت جاریہ یہی ہے کہ ہر زمانہ میں، جو جلیل القدر شخصیت ہو گی ہے۔ اس کی صورت میں ظہور پذیر ہوتے ہیں تاکہ ایسے لوگوں کی شان بلند اور میلان دست ہو۔ یہ حضرات ظاہر میں سرکار کے خلفا ہیں اور حضور علیہ السلام باطن میں ان کی حقیقت ہیں۔"

الجبلی کا کلام ختم ہوا۔

علامہ سیوطی کا ارشاد

شیخ جلال الدین سیوطی اپنی کتاب "تنویر الحلک فی امکان رؤیۃ النبی والملک" میں فرماتے ہیں۔ یہ سوال بکثرت کیا جاتا ہے کہ ارباب احوال کو حضور علیہ السلام کا دیدار ہو سکتا ہے یا نہیں؟ اس زمانہ کے بعض لوگ جن کو کوئی علمی مقام حاصل نہیں، نہایت مبالغہ سے اس کا انکار کرتے ہیں اور اس کے محال ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں، لہٰذا میں نے اس سلسلہ میں یہ رسالہ لکھا ہے ہم اس کی ابتدا اس صحیح حدیث سے کرتے ہیں، جو اس موضوع پر، امام بخاری، امام مسلم اور امام ابو داؤد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے کہ "حضور علیہ السلام نے فرمایا:۔

"جس نے مجھے خواب میں دیکھا، وہ عنقریب مجھے بیداری میں دیکھے گا۔ اور شیطان میری مثل نہیں بن سکتا۔"

طبرانی نے ایسی ہی روایت حضرت مالک بن عبداللہ اور ابوبکرہ رضی اللہ عنہما سے نقل کی ہے۔ اور اسی کی مثل دارمی نے ابوقتادہ سے نقل کی ہے۔ علما فرماتے ہیں، حضور علیہ السلام کے فرمان فسیرانی یقظۃ میں اختلاف کیا گیا ہے۔ کہا گیا ہے کہ اس کا مطلب ہے عنقریب قیامت کے دن مجھے دیکھ لے گا" اس پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ پھر اس خصوصیت کا کوئی فائدہ نہیں کیونکہ قیامت کے دن آپ کی تمام اُمت آپ کا دیدار کرے گی، وہ بھی جنہوں نے دنیا میں آپ کو خواب میں دیکھا اور وہ بھی جنہوں نے نہ دیکھا۔ یہ بھی کہا

marfa.com
Marfat.com

گیا ہے کہ مراد وہ لوگ ہیں جو آپ کی ظاہری زندگی میں ایمان لائے لیکن دولت دیدار سے مشرف نہ ہو سکے۔ کہ آپ سے ملاقات نہ ہو سکی۔ ایسے لوگوں کو بشارت دی گئی ہے۔ کہ وہ اپنے مرنے سے پہلے ضرور سرکار کو دیکھیں گے۔ ایک قوم نے کہا یہ فرمان اپنے ظاہر پر ہے کہ جس نے آپ کو خواب میں دیکھا، وہ اپنے سر کی آنکھوں سے بیداری میں بھی آپ کی زیارت کرے گا۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ دل کی آنکھ سے۔ یہ دونوں باتیں قاضی ابوبکر بن العربی نے بیان کیں۔ سیوطی نے ابن ابی جمرہ المدخل لابن الحاج کے مذکورہ حوالہ جات کے بعد فرمایا۔ قاضی شرف الدین ہبۃ اللہ بن عبدالرحیم البارزی نے کتاب عری الایمان میں کہا، البیہقی نے کتاب الاعتقاد میں فرمایا :۔

الانبیاء بعد ما قُبِضُوْا	ترجمہ :۔ انبیاء کرام کی رُوحیں قبض
رُدَّتْ الیھم اَرْوَاحُھُمْ	کرنے کے بعد پھر ان کی طرف لوٹائی
فَھُمْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ	جاتی ہیں پس وہ اپنے رب کے ہاں
کَالشھدآء وقد رأی النبی	زندہ ہیں جیسے شہید، اور نبی علیہ السلام
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم	نے معراج کی رات ان کی ایک
لیلۃ المعراج جماعۃ منھم	جماعت کو دیکھا اور انہوں نے آپ کو
واخبر ولاخبر صدق ان	یہی خبر دی، بے شک ہمارا درود
صلاتنا معروضۃ علیہ وان	آپ پر پیش کیا جاتا ہے اور بے شک
سلامنا یبلغہ وان اللہ تعالیٰ	ہمارا سلام آپ کو پہنچتا ہے اور بیشک
حرم علی الارض ان تاکل	اللہ تعالیٰ نے زمین پر نبیوں کے
لحوم الانبیاء۔	گوشت کھانے حرام کر دیئے ہیں۔

البارزی نے کہا ہمارے زمانے اور پہلے زمانے کے اولیا کی ایک جماعت سے سُنا گیا ہے کہ انہوں نے نبی علیہ السلام کو وفات کے بعد بیداری میں زندہ دیکھا۔ سیوطی

marfa.com
Marfat.com

نے اپنے رسالہ میں شیخ صفی الدین بن ابی منصور، اور شیخ عفیف الدین الیافعی نے "روض الریاحین" میں شیخ کبیر، قدوۃ الشیوخ العارفین، برکت اہل زمانہ ابو عبداللہ قرشی کے متعلق لکھا ہے کہ جب مصر کے علاقہ میں بہت بڑا قحط پڑا۔ اور آپ نے علاقہ شام کا سفر کیا اور سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے ان کا استقبال کیا" گذشتہ قصہ کے آخر تک"۔ پھر فرمایا کہ یافعی نے کہا یہ کہنا کہ خلیل علیہ السلام میرے سامنے آگئے، حق بات ہے اس کا انکار وہی کرے گا جو کاملین کے ان احوال سے ناواقف ہے جن میں وہ زمین و آسمان کی عظیم الشان کائنات کا مشاہدہ کرتے اور انبیاؑ کو مُردہ حالت میں نہیں زندہ دیکھتے ہیں جیسے نبی علیہ السلام نے مُوسیٰ علیہ السلام کو زمین میں دیکھا۔ پھر ان کو اور انبیاؑ کی ایک جماعت کو آسمانوں پر بھی دیکھا اور ان سے گفتگو کی اور سُنی۔ یہ بھی ثابت ہے۔ کہ انبیاؑ کے لیے جو کچھ بطور معجزہ جائز ہے اولیاؑ کے لیے وہی کچھ بطور کرامت جائز ہے بشرطیکہ تحدی نہ ہو۔ فرمایا کہ شیخ سراج الدین بن الملقن نے طبقات الاولیاؑ میں شیخ خلیفہ بن مُوسیٰ النہر ملکی کے حالات میں لکھا ہے، نہر ملک عراق میں ایک بستی ہے کہ وہ اکثر حضورؐ علیہ السلام کے دیدار سے خواب و بیداری میں مشرف ہوتے تھے۔ کہا کرتے تھے کہ میرے اکثر افعال حضورؐ علیہ السلام کے حکم سے متعلق ہیں کچھ خواب میں کچھ بیداری میں۔ خواب کا ایک واقعہ یہ ہے کہ انہوں نے ایک رات میں سرکار ابد قرار کو سترہ مرتبہ دیکھا۔ ایک مرتبہ فرمایا، خلیفہ! تجھے مُبارک ہو کہ کئی اولیاؑ میری زیارت کی حسرت میں مر گئے۔ خلیفہ! میں تجھے استغفار نہ بتاؤں جس سے تو دُعا مانگا کرے؟ پھر یہ کلمات ان کو سکھائے۔

اللّٰھم ان حسناتی من	ترجمہ: الٰہی بے شک میری نیکیاں تیری
عطائك وسیّاتی من	عطا سے ہیں اور میری برائیاں تیری
قضائك فجد بما انعمت	قضا سے ہیں پس جن نعمتوں کا میرے
علی ما قضیت وامح ذٰلك	حق میں تُو نے فیصلہ کر دیا ہے دُعا

marfa.com
Marfat.com

بذلك جليت ان تطاع الا باذنك او تعصى الا بعلمك اللهم ماعصيتك حين عصيتك استخفافاً بحقك ولا استحانة بعذابك بكن لسابقة سبق بها علمك فالتوبة اليك والمغفرة لديك"

فرمان کو ان سے مٹا دے۔ تو اس سے برتر ہے کہ تیری اطاعت تیرے حکم کے بغیر کی جائے یا تیری نافرمانی تیرے علم کے بغیر کی جائے الٰہی جب بھی میں نے تیری نافرمانی کی۔ تیرے حق کو گھٹیا سمجھ کر اور تیرے عذاب کو معمولی سمجھ کر نہیں کی بلکہ اس شدنی کی بنا پر، جس کا فیصلہ تیرے علم میں پہلے سے ہو چکا تھا۔ پس توبہ تیری طرف اور بخشش تیرے پاس ہے"

شیخ عبدالغفار بن نوح القومی نے کتاب التوحید میں شیخ ابو یحییٰ ابو عبید اللہ اسوانی مقیم اخیم کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ نبی کریم علیہ السلام کو ہر وقت دیکھا کرتے تھے یہاں تک کہ لمحہ بہ لمحہ سرکار کی خبریں بتایا کرتے تھے" کتاب التوحید میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ شیخ ابو العباس المرسی کو حضور علیہ السلام سے ملاپ اور قرب حاصل رہتا تھا، جب سرکار سے ہمکلام ہوتے" شیخ تاج الدین بن عطا اللہ لطائف المنن میں کہا کہ ایک شخص نے شیخ ابو العباس المرسی سے کہا، میرے آقا، اپنی اس ہتھیلی سے میرے ساتھ مصافحہ کیجیے تو انہوں نے کہا بخدا میں نے یہ ہاتھ صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملایا ہے" (یہ بات غیر شرعی اور متکبرانہ ہے۔ مترجم) شیخ صفی الدین ابن ابو منصور نے اپنے رسالہ میں اور شیخ عبدالغفار نے التوحید میں لکھا ہے کہ شیخ ابو الحسن الونائی نے کہا ہمیں شیخ ابو العباس طنجی نے خبر دی کہ میں سیدی احمد الرفاعی کے پاس گیا تو انہوں نے فرمایا میں تمہارا شیخ نہیں، تمہارے شیخ عبدالرحیم ہیں، جو مقام قنا میں مقیم ہیں تم

marfa.com
Marfat.com

ان کے پاس جاؤ۔ میں نے قضا کی راہ لی اور شیخ عبدالرحیم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انہوں نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچانتے ہو؟ میں نے کہا نہیں۔ انہوں نے کہا، بیت المقدس کی طرف چلو، تاکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچانو۔ میں بیت المقدس کی طرف چل پڑا۔ میں نے جب قدم رکھا تو کیا دیکھا کہ آسمان، زمین اور عرش و کرسی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھرے ہوئے ہیں۔ میں شیخ کی خدمت میں واپس آیا۔ شیخ نے فرمایا، تم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو پہچانا۔ میں نے کہا جی ہاں۔ فرمایا اب تمہاری طریقت کامل ہوئی۔ اقطاب اقطاب نہیں بنتے اوتاد اوتاد نہیں بنتے اور اولیاً اولیاً نہیں بنتے، جب تک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی معرفت حاصل نہ کرلیں۔ شیخ صفی الدین کہتے ہیں میں نے شیخ جلیل کبیر ابوعبداللہ القرطبی کو دیکھا جو شیخ قرشی کے جلیل القدر ساتھیوں میں سے تھے اکثر مدینہ منورہ میں رہتے تھے اور حضور علیہ السلام سے رابطہ رکھتے تھے۔ جواب لیتے سلام عرض کرتے۔ ان کو حضور علیہ السلام نے ملک کامل کے نام خط دے کر مصر روانہ کیا انہوں نے خط پہنچایا اور واپس مدینہ طیبہ آ گئے۔ الیافعی نے "روض الریاحین" میں لکھا ہے کہ مجھے بعض حضرات نے بتایا کہ وہ خانہ کعبہ کے گرد فرشتوں اور نبیوں کو دیکھتے ہیں اور اکثر یہ منظر جمعرات، پیر کی رات کو نظر آتا ہے۔ میرے سامنے بہت سے انبیائے کرام کا نام لیا، اور یہ بھی کہا کہ میں نے خانہ کعبہ کے گرد ہر نبی کو مخصوص مقام پر بیٹھے دیکھا ہے اور ان کے ہمراہ ان کے رشتہ دار، اہل و عیال اور صحابہ ہوتے ہیں۔ اور یہ بھی کہا کہ ہمارے نبی کریم علیہ السلام کے گرد اتنی تعداد میں اولیاء اللہ جمع ہوتے ہیں جن کو شمار نہیں کیا جا سکتا۔ اللہ ہی ان کی تعداد جانے۔ اتنی تعداد باقی تمام نبیوں کے گرد جمع نہیں ہوتی۔

محفل انبیاء

اور یہ بھی بتایا کہ ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل اولاد کعبۃ اللہ کے دروازے کے بالمقابل مقام ابراہیم پر بیٹھتے ہیں۔ موسیٰ اور نبیوں کی ایک جماعت علیہم السلام رکن یمانی و شامی کے درمیان اور عیسیٰ علیہ السلام اور ان

marfa.com
Marfat.com

کے اور ان کے پیروکاروں کی ایک جماعت حجر کی طرف بیٹھتے ہیں۔ ہمارے نبی علیہ السلام کو صحابہ کرام اہل بیت اور اولیاءِ اُمت کے ہمراہ رکن یمانی کے پاس بیٹھے دیکھا۔

ایک ولی کی حکایت ہے کہ وہ ایک فقیہ کی ایک حدیث بیان کی، ولی نے کہا یہ حدیث غلط ہے۔ فقیہ نے کہا تجھے کیا معلوم؟ اس نے کہا یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تیرے سر پر کھڑے فرما رہے ہیں میں نے یہ بات نہیں کہی۔ مذکورہ بالا بیان کے بعد سیوطی فرماتے ہیں بعض مجموعوں میں ہے کہ سیّدی احمد رفاعی جب حجرہ نبوی (روضہ اقدس) کے سامنے کھڑے ہوئے تو یہ شعر پڑھا :

فِیْ حَالَةِ الْبُعْدِ کُنْتُ اَرْسَلُهَا
تَقَبَّلُ الْاَرْضَ عَنِّیْ وَهِیَ نَائِبَتِیْ
وَهٰذِهٖ نَوْبَةُ الْاَشْبَاحِ قَدْ حَضَرَتْ
فَامْدُدْ یَمِیْنَكَ کَیْ تَحْظٰی بِهَا شَفَتِیْ

ترجمہ : دُوری کی حالت میں میں اپنی رُوح کو بھیجتا تھا کہ میری طرف سے نائب بن کر زمین بوسی کرے اور یہ جسم کی باری ہے جو حاضر ہے۔ اپنا دستِ کرم بڑھائیے کہ میرے ہونٹ اپنا حصہ وصول کریں۔ پس دستِ اقدس روضہ انور سے باہر نکلا اور انہوں نے اسے بوسہ دیا"

فرمایا اس حکایت کو بیان کرنے والے بعض حضرات نے اس پر اتنا اور اضافہ کیا کہ تمام حاضرین نے اسے دیکھا اور حضور کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدس کو روح مع جسم کے دیکھنا ممتنع نہیں۔ اس لیے کہ حضور علیہ السلام اور دیگر انبیائے کرام علیہم السلام کی روحیں قبض ہونے کے بعد دوبارہ لوٹائی گئی ہیں اور ان کو قبروں سے نکل کر کائنات بالا و پست میں تصرف کی اجازت ہے۔

امام بیہقی نے "حیاۃ الانبیاء" کے موضوع پر ایک جز کتاب تالیف کی ہے دلائل

marfa.com
Marfat.com

نبوت میں فرمایا، انبیائے کرام اپنے سب کے حضورؐ ایسے ہی زندہ ہیں جیسے شہداؐ"

استاذ ابو منصورؒ عبدالقاہر بن طاہر بغدادی نے کہا" ہمارے محقق متکلمین اس بات پر متفق ہیں کہ ہمارے نبی کریم علیہ السلام اپنی وفات کے بعد زندہ ہیں۔ اور اپنی اُمت کی اطاعت سے خوش ہوتے ہیں اور گنہگاروں کے گناہوں سے غمزدہ ہوتے ہیں، اور جو امتی آپ پر سلام بھیجے وہ آپ کو پہنچتا ہے فرمایا کہ انبیائے کرام نہ بوسیدہ ہوتے ہیں نہ زمین ان کے جسم کا کوئی حصہ کھا سکتی ہے۔ مُوسیٰ علیہ السلام اپنے زمانے میں فوت ہوئے حالانکہ ہمارے نبی علیہ السلام نے ہمیں بتایا کہ انہوں نے ان کو چوتھے (صحیح یہ ہے کہ چھٹے) آسمان پر دیکھا یونہی آپ نے آدم اور ابراہیم علیہما السلام کو دیکھا (بلکہ بیت المقدس میں سب کو دیکھا اور سب کی امامت فرمائی) جب ہمارے سامنے یہ صحیح اصل موجود ہے تو ہم کہتے ہیں کہ ہمارے نبی علیہ السلام بھی اپنی وفات کے بعد زندہ ہو گئے اور وہ بدستور نبی ہیں"۔ الخ

حقیقت موت

امام قرطبی نے تذکرہ میں حدیث صعقہ کے بیان میں اپنے شیخ کا یہ قول نقل فرمایا" کہ موت عدم محض نہیں، یہ تو محض ایک حال سے دوسرے حال میں طرف منتقل ہونا ہے"۔ اس پر دلیل یہ ہے کہ شہداؐ اپنے قتل اور موت کے بعد بھی زندہ ہوتے اور رزق پاتے ہیں، خوش ہوتے اور مُبارکباد حاصل کرتے ہیں اور یہ دنیا میں زندہ لوگوں کی صفت ہے۔ جب شُہداؐ کے لیے یہ سب کچھ ہے تو انبیائے کرام تو اس کے بطریق اولیٰ مستحق ہوئے۔ یہ بات بھی صحیح ہے کہ زمین انبیائے کرام کے جسموں کو کھاتی نہیں اور یہ بھی کہ نبی علیہ السلام، معراج کی رات تمام نبیوں سے بیت المقدس میں اور آسمانوں پر ملے ہیں اور آپ نے مُوسیٰ علیہ السلام کو اپنی قبر میں کھڑے نماز پڑھتے دیکھا ہے۔ اور سرکار نے یہ خبر بھی دی ہے کہ جو مسلمان آپ پر سلام بھیجے آپ اُس کا جواب دیتے ہیں۔ وغیرہ۔ ان تمام واقعات سے قطعی طور پر یہ حقیقت سامنے آگئی کہ انبیائے کرام کی موت کا مطلب صرف یہ ہے کہ وہ ہماری نظروں سے اُوجھل ہیں۔ کہ ہم ان کو دیکھ نہیں سکتے

marfa.com
Marfat.com

اگرچہ زندہ موجود ہیں۔ یہی حال ہے فرشتوں کی زندگی کا، کہ وہ زندہ موجود ہیں، مگر ان کو صرف یہی لوگ دیکھ سکتے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اس شرف سے مشرف فرمایا الخ

ابو یعلیٰ نے اپنی مسند اور بیہقی نے کتاب حیاۃ الانبیاؑ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا نبی علیہ السلام نے فرمایا "نبی زندہ ہوتے ہیں اپنی قبروں میں نمازیں پڑھتے ہیں۔ اور بیہقی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا۔ انبیائے کرام چالیس دن کے بعد چھوڑے نہیں جاتے لیکن وہ اللہ کے حضور نمازیں پڑھتے ہیں اور صور پھونکے تک پڑھتے رہیں گے" سفیان ثوری نے اپنی جامع میں فرمایا، ہمارے ایک شیخ نے حضرت سعید بن المسیب سے روایت کیا کہ کوئی نبی اپنی قبر میں چالیس دن سے زیادہ نہیں چھوڑا جاتا۔ یہاں تک کہ اٹھا لیا جاتا ہے۔ بیہقی نے کہا اس بنا پر تمام نبیوں کا ایک حال ہو جاتا ہے، جہاں اللہ ان کو ٹھہرائے وہاں ٹھہرتے ہیں۔ امام عبدالرزاق نے اپنی مصنف میں سفیان ثوری عن المقدام عن السعید المسیب فرمایا "کوئی نبی زمین پر چالیس دن سے زائد (بعد وفات) نہیں رہا۔ ابو مقدام کا نام ثابت بن ہرمز کوفی تھا۔ یہ صالح کے استاد تھے۔ ابن حبان نے اپنی تاریخ، طبرانی نے الکبیر اور ابو نعیم نے الحلیہ میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو نبی وفات پاتا ہے وہ اپنی قبر میں صرف چالیس دن تک رہتا ہے۔ امام الحرمین نے النہایۃ میں اور الرافعی نے شرح میں کہا روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اپنے رب کے حضور اس سے معزز تر ہوں کہ مجھے تین دن سے زیادہ قبر میں رکھے۔ امام الحرمین نے اس پر یہ اضافہ کیا ہے کہ دو دن سے زائد۔ ابوالحسن بن زاغونی حنبلی نے اپنی ایک تصنیف میں یہ حدیث نقل کی ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کسی نبی کو آدھے دن سے زیادہ اس کی قبر میں نہیں چھوڑتا۔ امام بدرالدین بن الصاحب نے اپنے تذکرہ میں فصل نبی علیہ السلام کی وفات کے بعد برزخ میں زندگی کے بارے میں اس کی دلیل مشائخ کی تصریح اور قرآن کریم کی اس آیت سے

marfa.com
Marfat.com

اشارہ ہے :۔ ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا بل احیاء عند ربھم یرزقون ۔ پس یہ حالت یعنی موت کے بعد حیات برزخی تو ہر شہید کو حاصل ہے، اور ان کی حالت دوسروں سے اعلیٰ ہوتی ہے خصوصًا برزخ میں۔ اور کسی اُمتی کا مرتبہ نبی علیہ السلام سے بڑھ کر نہیں۔ بلکہ ان کو بھی یہ مقام حاصل ہوتا ہے تو نبی کے تزکیہ اور غلامی سے۔ نیز وہ اس مقام کے مستحق ہوئے ہیں تو صرف شہادت کی بنا پر، اور شہادت سرکار علیہ السلام کو اعلیٰ مرتبہ کی حاصل ہے اور نبی علیہ السلام نے فرمایا "شب معراج میں سُرخ ٹیلے کے پاس مُوسیٰ علیہ السلام پر گزرا، تو وہ اپنی قبر سے کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔ حیات مُوسیٰ علیہ السلام کے ثبوت میں یہ صحیح حدیث ہے کہ وہ اپنی قبر میں کھڑے تھے اور نماز پڑھ رہے تھے اور اس طرح کی صفات رُوح کے لیے ثابت نہیں ہوتیں۔ یہ جسم کی صفات ہیں۔ پھر قبر کی تخصیص بھی جسم کے لیے ہو سکتی ہے۔ کسی نے یہ نہیں کہا کہ نبیوں کی رُوحیں جسموں کے ہمراہ قبر میں مقید ہوتی ہیں اور اہل ایمان کی رُوحیں جنت میں ہوتی ہیں۔ حدیثِ ابن عباس میں آتا ہے کہ ہم مکّہ و مدینہ کے درمیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ چلے، ایک وادی سے گزرے۔ آپ نے فرمایا یہ کون سی وادی ہے؟ ہم نے کہا وادی ازرق۔ فرمایا گویا میں مُوسیٰ علیہ السلام کو دیکھ رہا ہوں۔ کانوں میں انگلیاں ٹھونسے، اللہ کی پناہ لیتے، تلبیہ پڑھتے اس وادی میں سے گزر رہے ہیں۔ پھر ہم چلتے چلتے ایک گھاٹی پر آئے، فرمایا گویا میں یُونس علیہ السلام کو سُرخ اونٹنی پر سوار دیکھ رہا ہوں، ان پر صوف کا جُبّہ ہے۔ وہ بھی آہستہ آہستہ اس وادی میں چلے آ رہے ہیں۔

ایک اعتراض اور اس کا جواب

یہاں یہ سوال کیا گیا ہے کہ وہ تو فوت ہو چکے ہیں، پھر حضور علیہ السلام نے ان کے حج و تلبیہ کا ذکر کیسے فرمایا۔ وہ تو دوسرے جہان میں ہیں جو دار العمل نہیں اس کا جواب یہ دیا گیا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

کہ شہداء اپنے رب کے حضور زندہ اور رزق حاصل کرتے ہیں پس یہ کوئی بعید نہیں کہ حج کریں اور نماز پڑھیں اور جہاں تک ہو سکے اللہ کا قرب حاصل کریں اگرچہ وہ اس جہاں (برزخ) میں (بھی) ہیں مگر اس دنیا میں بھی ہیں، جو دارالعمل ہے یہاں تک کہ جب یہ دنیا فنا ہوئی اور دوسری دنیا آگئی جو دارالجزا ہے، تو عمل بھی ختم" یہ الفاظ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ کے ہیں تو جب قاضی عیاض کہتے ہیں کہ وہ اپنے اجسام کے ساتھ حج کرتے اور قبروں سے جدا ہوتے ہیں تو نبی علیہ السلام کے اپنی قبر سے جدا ہونے کا کیسے انکار کیا جا سکتا ہے؟ پس ان تمام منقولہ عبارات اور احادیث کے مجموعے سے یہ فائدہ حاصل ہوا کہ نبی علیہ السلام اپنے جسم اور روح کے ساتھ زندہ ہیں، تصرف فرماتے اور زمین و آسمان کے کونے کونے میں جہاں چاہیں تشریف لے جاتے ہیں بالکل اسی شکل و صورت میں جو وصال سے پہلے آپ کو حاصل تھی، اس ذرہ بھر تبدیلی نہیں ہوئی، اور آپ آنکھوں سے اسی طرح اوجھل ہیں جیسے روح و جسم کے ساتھ زندہ فرشتے پس جب اللہ تعالیٰ کسی بندے پر کرم نوازی کرتے ہوئے پردہ اٹھانا اور محبوب کا دیدار کروانا چاہتا ہے تو وہ بندہ سرکار کو حقیقی صورت میں دیکھتا ہے اس میں کوئی رکاوٹ نہیں ڈال سکتا۔ اور یہ کہنا کہ مثال دیکھی ہے اس کا نہ کوئی داعیہ ہے نہ سبب" سیوطی کی کتاب "تنویر الحلک" کی عبارت ختم ہوئی۔ میں نے ایک ناقل سے یہ عبارت نقل کی۔

حاصل مبحث

امام قسطلانی کا ارشاد

علامہ قسطلانی نے "المواہب اللدنیہ" میں طویل کلام کے بعد جس کا اکثر حصہ سیوطی وغیرہ کے مذکورہ کلام کے ضمن میں گزر چکا ہے، فرمایا "شیخ ابن ابو منصور نے اپنے رسالہ میں فرمایا۔ کہا جاتا ہے کہ ایک مرتبہ شیخ ابو العباس قسطلانی نبی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضور علیہ السلام نے فرمایا، احمد! اللہ نے تمہاری دستگیری فرمائی۔ شیخ ابو السعود

marfa.com
Marfat.com

کہتے ہیں میں اپنے شیخ ابوالعباس اور دوسرے اولیائے مصر کی زیارت کیا کرتا تھا۔ پھر جب یہ سلسلہ ختم ہو گیا اور میں مصروف ہو گیا اور مجھ پر بندشیں کھل گئیں اب نبی علیہ السلام کے سوا میرا کوئی شیخ نہ رہا اور یہ بزرگ ہر نماز کے بعد حضور علیہ السلام سے مصافحہ کرتے تھے۔ شیخ ابوالعباس الحرار کہتے ہیں میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ تو میں نے دیکھا کہ سرکار اولیاؑ کے لیے ولایت کے منشور لکھ رہے ہیں۔ ان کے ساتھ میرے بھائی محمد کے لیے بھی ایک منشور تحریر فرمایا، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میرے لیے اس طرح نہیں لکھتے جیسے میرے بھائی کے لیے لکھا؟ فرمایا میرے پیرو کار ہونا چاہتے ہو؟ اصل لفظ طرقی تھا جو اندلس کی زبان میں پیروکار کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ اس سے یہ بھی سمجھا گیا کہ ان صاحب کا مقام اور تھا۔ المواہب میں امام غزالی کی کتاب المنقذ من الضلال کی عبارت نقل کرنے کے بعد فرمایا، سیدی علی وفا نبی علیہ السلام کو دیکھتا بیداری میں تھا ہاں وہ جو شیخ تاج الدین بن عطاؑ اللہ نے "لطائف المنن" شیخ ابوالعباس المرسی کی حکایت لکھی ہے، کہ وہ شیخ ابوالحسن شاذلی کے ہمراہ جمعہ کی رات۔ ستائیسویں رمضان قیروان میں تھے۔ پھر ان کے ہمراہ جامع مسجد گئے آگے لمبی حکایت ہے یہاں تک کہ فرمایا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا: اے علی! اپنے کپڑوں کو میل سے پاک کر، ہر لحہ اللہ کی مدد سے حصہ پاؤ گے..... آخر تک۔ اس میں خواب کا بھی احتمال ہے۔ اسی طرح شیخ قطب الدین قسطلانی کہ یہ کہتا کہ میں مدینہ منورہ میں ابو عبداللہ محمد بن عمر بن یوسف قرطبی سے پڑھا کرتا تھا ایک دن میں تنہائی میں ان کے پاس آیا، اس وقت میں نوعمر تھا آپ باہر تشریف لے آئے اور مجھے فرمایا۔ مجھے یہ ادب کس نے سکھایا اور بڑا بھلا فرمایا کہا کہ میں شکستہ خاطر چلا گیا۔ مسجد نبوی میں داخل ہو کر نبی علیہ السلام کی قبر مبارک کے پاس بیٹھ گیا۔ میں اسی حال میں بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک شیخ تشریف

marfa.com
Marfat.com

لائے اور فرمایا اٹھو، تمہارا ایسا سفارشی آگیا ہے جسے ٹالا نہیں جا سکتا"! اور اس سے ملتی جلتی شیخ عبدالقادر جیلانی کی حکایت ہے جسے شیخ سہروردی نے عوارف المعارف میں نقل کیا ہے کہ میں نے اس وقت تک شادی نہیں کی جب تک نبی علیہ السلام نے شادی کا حکم نہیں دیا"۔ امام شعرانی نے اپنی کتاب المنن الکبریٰ کے مقدمہ میں فرمایا، سیدی علی الخواص فرمایا کرتے تھے، کسی بندے کو عارفین کے رستے پر چلنا اس وقت تک صحیح نہیں جب تک دونوں جہاں کی نعمتوں سے بے پرواہ نہ ہو جائے اور سوائے اللہ کے اس کا کوئی محبوب نہ ہو، اور اس کا کامل وارث ہوگا۔ اور کہا کرتے تھے میں نے یہ طریقہ سیدی ابراہیم متبولی کے واسطہ سے نبی علیہ السلام سے اختیار کیا اور کبھی فرماتے میں نے یہ طریقہ اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام سے حاصل کیا ہے۔ اس میں کوئی اختلاف نہیں۔ کیونکہ نبی علیہ السلام کو محاسن اخلاق میں ملتِ ابراہیمی کی پیروی کا حکم دیا گیا ہے، اور ابراہیم علیہ السلام کے اخلاق دراصل محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے اخلاق تھے کیونکہ حضور تمام نبیوں کے نبی ہیں۔

فیض حاصل کرنے کی صورت

اور اولیاء کے نبی علیہ السلام سے فیض حاصل کرنے کی صورت یہ ہے کہ ان کی رُوحیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بالمشافہ ملاقات کرتی ہیں، یہ ملاقات جسمانی نہیں، رُوحانی ہوتی ہے پس ان کا اجتماع حضور علیہ السلام سے ویسا نہیں جیسا صحابہ کرام کا تھا۔ اسے سمجھو۔ سیدی ابوالعباس المرسی رحمۃ اللہ فرمایا کرتے تھے۔ فقیر کا مقام کامل نہیں ہوتا جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میل ملاپ اور ہر معاملہ میں سرکار کی طرف اسی طرح رجوع نہ ہو جس طرح شاگرد کا استاد کی طرف ہوتا ہے۔ فرمایا ہمیں یہ خبر پہنچی ہے کہ سیدی محمد عمری نے جب مصر میں اپنا دارالعلوم اور مسجد تعمیر کی تو اس کی کسی واسطہ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی، سرکار نے فرمایا تعمیر کرو، اور اللہ پر

marfa.com
Marfat.com

بھروسہ رکھو میں نہیں جانتا کہ یہ بالواسطہ اجازت حصول کمال سے پہلے تھی۔ یا حضور علیہ السلام سے شرم وحیا کی بنا پر تھی الواسطہ اجازت چاہی۔ ویسے ان کے مرتبہ ومقام کے لائق یہی صورت تھی، بے شک وہ کمال میں مشہور تھے

سیدی یاقوت عرشی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے جو شخص یہ دعوٰی کرے کہ میں نے بالشافہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے علم وادب حاصل کیا ہے، اس سے تمام کیفیت پوچھو، اگر کہے میں نے ایسا نور دیکھا جس نے مشرق ومغرب کو نورانیت سے بھر دیا تھا۔ اور میں نے ایک کہنے والے کو اس نور میں سے یہ کہتے سنا، جو میرے ظاہر وباطن میں تھا کسی خاص جہت میں محدود نہ تھا۔ غور سے میرے رسول اور نبی کا حکم سن، ایسے آدمی کی تصدیق کرو، ورنہ مفتری جھوٹا ہے الخ تو معلوم ہوا کہ بلا واسطہ حضور علیہ السلام سے حاصل کرنے کا مقام بہت معزز ومکرم مقام ہے، اسے ہر شخص نہیں پا سکتا۔ میں نے سیدی علی المرصفی رحمۃ اللہ کو فرماتے سنا، فقیر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بلا واسطہ فیض حاصل کرنے میں دو لاکھ چوہتر ہزار نو سو ننانوے (۲۷۴۹۹۹) مقام ہیں۔ ان کی اصل ایک لاکھ مقام۔ اور ان کے خاص ایک ہزار مقام ہیں۔ سو جو شخص ان تمام مقامات کو طے نہ کر لے۔ اس کا مذکورہ طریقہ سے فیضیاب ہونا درست نہیں۔ سیدی ابراہیم متبولی رحمہ اللہ کہا کرتے تھے دنیا میں ہم پانچ آدمی وہ ہیں جن کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی شیخ نہیں۔

(۱) الجعیدی یعنی وہ خود۔ (۲) ابو مدین

(۳) شیخ عبدالرحیم القنادی۔ (۴) شیخ ابوالسعود بن العشائر۔

(۵) شیخ ابوالحسن الشاذلی رضی اللہ عنہم اجمعین۔

اس کے بعد امام شعرانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں "میرے بھائی جان لو، کہ اب مصر میں ظاہری فقرا میں سے مجھے اپنے سوائے دوسرا کوئی فقیر ایسا معلوم نہیں جس کا واسطہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک مجھ سے زیادہ قریب ہو، کہ میرے اور حضور علیہ السلام

marfa.com
Marfat.com

کے درمیان صرف دو آدمیوں کا واسطہ ہے۔ اوّل سیدی علی الخواص، دوم۔ سیدی ابراہیم المتبولی۔ پس وہ تمام اخلاق کاملہ جو ان دو بزرگوں کے حوالہ سے اس کتاب میں مذکور ہیں، وہ سب یا تو صراحۃً حضور علیہ السلام سے حاصل کئے گئے ہیں یا اشارۃً۔ جیساکہ مجھے سیدی علی الخواص رحمۃ اللہ علیہ نے بتایا، اور مجھے شیخ ابوالفضل الاحمدی نے بتایا کہ سیدی علی اس وقت دنیا سے رخصت نہیں ہوئے جب تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بلا واسطہ فیضیاب نہیں ہوئے۔ پس اس طریق سے میرے اور حضور علیہ السلام کے درمیان صرف ایک آدمی کا واسطہ ہے یہ معاملہ میری بالمصافحہ سند سے مشابہ ہے کہ میں نے شیخ ابراہیم قیروانی سے مصافحہ کیا انہوں نے مکہ معظمہ میں شریف ساوی سے مصافحہ کیا، انہوں نے ان بعض جنوں سے مصافحہ کیا تھا جنہوں نے حضور علیہ السلام سے مصافحہ کیا۔ پس میرے اور نبی علیہ السلام کے درمیان تین واسطے ہوئے"

پھر اسی کتاب کے پانچویں باب میں شیخ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ مجھ پر اللہ تعالیٰ نے جو انعام واکرام فرمایا، اس میں سے ایک یہ بھی ہے کہ مجھے سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وسلم سے شدید قربت حاصل ہے اور اکثر اوقات میرے اور حضور علیہ السلام کی قبر اقدس کے درمیان والی مسافت لپیٹ دی جاتی ہے یہاں تک کہ بسا اوقات میں مصر میں ہوتے ہوئے بھی سرکار کے روضہ اقدس پر ہاتھ رکھ کر اس طرح ہمکلام ہوتا ہوں جیسے انسان اپنے ساتھی سے باتیں کرتا ہے۔ یہ مقام چکھے بغیر سمجھ میں نہیں آتا، جو اس مقام سے ناآشنا ہے۔ اکثر انکار کر دیتا ہے۔ ؎

ذوق ایں می نشناسی بخدا تا نہ چشی

ترجمہ: انسان اپنے دل کے تابع ہوتا ہے کہ دل جسم کے تابع ہے۔؟

فرمان حضرت مسیح علیہ السلام

سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے کلام میں ہے۔ کہ انسان کا دل اس کے مال کے ساتھ ہوتا ہے،

marfa.com

Marfat.com

پس اپنے حال آسمان میں رکھو کہ تمہارے دل آسمان میں رہیں" یعنی مال صدقہ کر دو کہ آسمان کی طرف چڑھ جائے اور وہاں تم اس کا اجر و ثواب دیکھو"

سیدی شیخ ابوالعباس المرسی رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے جنت الفردوس یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، لمحہ بھر کے لیے بھی میری نظر سے اوجھل ہو جائیں یا ایک سال بھی مقام عرفات میں میرا وقوف فوت ہو جائے (حج نہ کر سکوں) میں اپنے آپ کو مردوں میں شمار نہ کروں" الخ شعرانی فرماتے ہیں۔ بھائی! فقراء کے ایسے دعوے تسلیم کر لو، اور جب تک شریعت صراحتہً منع نہ کرے، انکار نہ کر۔ اس پر سب کا اتفاق ہے کہ جو شخص ان کے کسی مقام کا انکار کرے اس پر منزل تک پہنچنا حرام ہو جاتا ہے۔ اس کو سمجھ لو، اور سب تعریفیں اللہ پروردگار جہاں کے لیے ہیں۔ شعرانی رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب "المیزان الکبریٰ" کے مقدمہ میں فرمایا۔ سیدی علی الخواص رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے، اہل کشف کے نزدیک آئمہ مجتہدین کے اقوال میں سے کوئی قول کبھی قطعاً شریعت سے باہر نہیں نکل سکتا تو خود ان کا شریعت کے خلاف ہونا کیسے ممکن ہو سکتا ہے؟ جب کہ ان کو اپنے اقوال کے قرآن و سنت اور اقوال صحابہ سے دلائل معلوم ہیں۔ کشف صحیح بھی ہے اور ان کی ارواح، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک ملاقات کرتی ہیں، اور دلائل نہ ملیں تو سرکار سے سوال کر کے تسلی کر لیتے ہیں۔ کہ یا رسول اللہ یہ آپ کا قول ہے یا نہیں؟ جاگتے ہوئے بالمشافہ۔ ان شرائط کے ساتھ جو اہل کشف میں مشہور ہیں۔ یونہی علمائے کرام قرآن و سنت سے جو مسائل استنباط فرماتے ان کو اپنی کتابوں میں لکھنے اور مرتب کرنے سے پہلے سرکار سے پوچھتے تاکہ اللہ کے ہاں سرخرو ہوں۔ یا رسول اللہ ہم نے فلاں آیت سے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے اور فلاں حدیث سے یہ مفہوم لیا ہے۔ آپ کو یہ پسند ہے یا نہیں؟ پھر آپ کے فرمان یا اشارے کے مطابق عمل کرتے۔ ہم نے آئمہ مجتہدین کے کشف کا جو ذکر کیا ہے اور روحانی طور پر ان کا نبی علیہ السلام سے ملنے کا بیان کیا اگر اس میں

marfa.com
Marfat.com

کوئی شخص توقف کرے تو ہم اس سے کہیں گے۔ یہ سب یقیناً کرامات اولیا ہیں۔ اب اگر آئمہ مجتہدین اولیا نہ تھے۔

منکر سے سوال

تو پھر روئے زمین پر کبھی کوئی ولی ہو ہی نہیں سکتا۔ آئمہ مجتہدین سے یقیناً کمتر درجے کے اولیا کے متعلق مشہور ہے کہ وہ بکثرت اولیا اللہ سے ملاقات کرتے تھے اور ان کے ہم زمانہ لوگ اس سلسلہ میں ان کی تصدیق کرتے تھے مثلاً سیدی شیخ عبدالرحیم قناوی، شیخ ابو مدین مغربی۔ سیدی ابوالسعود ابن ابی العشائر، سیدی شیخ ابراہیم دسوقی، سید شیخ ابوالحسن شاذلی۔ سیدی ابوالعباس مرسی۔ سیدی شیخ ابراہیم متبولی، سیدی شیخ جلال سیوطی۔ سیدی شیخ احمد زدالوی بحیری اور ایک جماعت جن کو میں نے کتاب طبقات الاولیا میں ذکر کیا ہے۔ میں نے علامہ جلال الدین سیوطی کے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک ورق ان کے ایک ساتھی شیخ عبدالقادر شاذلی کے پاس دیکھا ہے جو انہوں نے ایک ایسے شخص کو لکھا تھا جس نے بادشاہ کے پاس جا کر کسی کام کے سلسلہ میں سفارش کرنے کی درخواست کی تھی۔

علامہ سیوطی سے بادشاہ سفارش کرنے کی درخواست اور آپ کی معذرت

"اے میرے بھائی! جان لے کہ اب تک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بہتر مرتبہ بیداری میں بالمشافہ، شرف ملاقات حاصل کر چکا ہوں۔ اگر حاکموں کے درباروں میں حاضری سے مجھے حضور علیہ السلام کے حجاب میں ہونے کا خوف نہ ہوتا، تو میں ضرور شاہی قلعہ میں جاتا، اور بادشاہ کے پاس تیری سفارش کرتا۔ بے شک میں حضور علیہ السلام کی حدیث شریف کے خدمتگاروں میں سے ایک ہوں اور مجھے سرکار کی طرف متوجہ ہونے کی ضرورت پڑتی۔ ان احادیث کی تصحیح کے لیے جن کو محدثین نے اپنے طور پر ضعیف قرار دیا ہے اور بے شک تیرا فائدہ میرے بھائی تیرے فائدے سے زیادہ بہتر ہے"

marfa.com
Marfat.com

فرمایا کہ شیخ جلال الدین سیوطی کی اس بات کی تائید وہ مشہور واقعہ بھی ہے کہ سید محمد بن زین۔ مداح رسول صلے اللہ علیہ وسلم، سرکار کی بیداری میں بالمشافہ زیارت کرتے تھے جب وہ حج کے لیے گئے تو سرکار نے قبر کے اندر سے ان سے بات کی۔ ان کو یہ مقام ہمیشہ حاصل رہا یہاں تک کہ بخزادیہ کے ایک شخص نے حاکم شہر کے پاس جاکر سفارش کرنے کی اور ان سے درخواست کی۔ جب آپ حاکم کے پاس گئے تو اس نے آپ کو اپنے قالین پر بٹھایا۔ پھر دیدار نہیں ہوا۔ پھر عرصہ تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دیدار کی درخواست کرتے رہے۔ یہاں تک کہ سرکار کی شان میں شعر کہے، تو دور سے زیارت ہوئی۔ سرکار نے فرمایا میری زیارت بھی چاہتے ہو اور ظالموں کے ہمراہ قالین پر بھی بیٹھتے ہو؟ تمہارے لیے اس کی کوئی سبیل نہیں۔ اس کے بعد ہمیں یہ اطلاع نہیں پہنچی کہ تا وقت وفات ان کو دیدار ہوا ہو۔ ہم کو شیخ ابوالحسن شاذلی اور ان کے شاگرد شیخ ابوالعباس المرسی وغیرہ کی بات پہنچی ہے کہ وہ کہا کرتے تھے کہ اگر حضور علیہ السلام لمحہ بھر بھی ہماری آنکھوں سے اوجھل ہو جائیں، تو ہم اپنے آپ کو مسلمانوں میں شمار نہیں کرتے۔ پس جب ایک عام ولی کا یہ کہنا ہے تو آئمہ مجتہدین کو اس مقام کے بطریق اولیٰ حقدار ہیں۔" میزان کی عبارت ختم ہوئی۔

اور شعرانی رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب لواقح الانوار القدسیۃ فی بیان العہود المحمدیہ کے مقدمہ العہود الکبریٰ میں فرمایا۔ میرے بھائی اجابت لو کہ جب حقیقت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی تمام اُمت اجابت کے شیخ و مرشد ہیں تو ہمارے لیے یہ کہنے کی گنجائش موجود ہے کہ کتاب و سنت میں جتنے وعدے مذکور ہیں، وہ آپ نے ہم سب افراد اُمت محمدیہ سے لیے ہیں۔ کیونکہ جب سرکار نے صحابہ کرام کو کسی امر، نہی، ترغیب یا ترہیب سے خطاب فرمایا تو عمومی طور پر۔ قیامت تک وہ حکم تمام اُمت کو شامل ہے۔ پس ہمارے شیخ حقیقی آپ ہی ہیں۔

marfa.com

Marfat.com

خواہ مشائخ کے واسطہ سے یا بغیر واسطہ۔ مثلاً وہ اولیاً جنہوں نے بیداری میں ان شرائط کے ساتھ سرکار کی زیارت کی جو قوم کے نزدیک معتبر ہیں۔ اور الحمدللہ میں نے اس مقام پر فائض کئی حضرات سے شرف ملاقات حاصل کیا ہے۔ مثلاً سید علی الخواص، شیخ محمد العدل، شیخ محمد بن عثمان، شیخ جلال الدین سیوطی اور ان جیسے اور حضرات۔ اللہ ان سب سے راضی ہو۔ پھر مرحوم کتاب مذکور کے عہدِ ثانی میں فرماتے ہیں حضور علیہ السلام کی طرف سے ہم سے یہ عہد لیا گیا ہے کہ ہم اپنے تمام اقوال، افعال اور عقائد میں سُنتِ محمدیہ کی پیروی کریں۔ اور اگر کسی مسئلے کی کتاب سُنّت، اجماع یا قیاس سے ہمیں دلیل نہ ملے اس پر عمل نہ کریں جب تک دیکھ نہ لیں۔ اگر اس بات کو بعض علما نے مستحسن قرار دیا ہے تو ہم نبی علیہ السلام سے اس بارے میں اجازت مانگیں گے پھر ہم اس عالم کا ادب کرتے ہوئے اس بات پر عمل کریں گے۔ یہ سب شریعت مطہرہ میں بدعت سے بچنے کے لیے ہے کہ کہیں یہ شخص بھی بدعتی اور گمراہ کن آئمہ میں سے نہ ہو۔ میں نے خود بعض لوگوں کے اس قول پر سرکار سے مشورہ لیا کہ نمازی کو سجدہ سہو میں یہ الفاظ پڑھنے چاہئیں "سُبْحَانَ مَنْ لَّا یَنَامُ وَلَا یَسْهُوْ" (وہ پاک ہے جو نہ سوئے نہ بھولے) سو حضور علیہ السلام نے فرمایا یہ اچھا ہے۔ پھر یہ بات پوشیدہ نہ رہے کہ نبی علیہ السلام سے اجازت بھی آدمی کے حسبِ حال ہوتی ہے۔ جب وہ کام کرنا چاہتا ہے اگر ان لوگوں میں سے ہے جنہیں سرکار کا قُرب بیداری میں اور بالمشافہ حاصل ہے، جیسا کہ اہل کشف کا مقام ہے تو اجازت بھی اسی حال میں لے۔ ورنہ دل سے اجازت مانگے اور انتظار کرے کہ اللہ تعالیٰ اس کے دل میں اس کام کے اچھا یا بُرا ہونے کے متعلق کیا ڈالتا ہے؟ پھر اس عہد کے متعلق فرمایا میرے بھائی اپنے آئینہ دل کو میل و زنگ سے صاف کر کے اور تمام ذلیل کاموں سے

marfa.com
Marfat.com

اپنے آپ کو محفوظ رکھ کر کام کرتے جاؤ تاکہ کوئی ایسی فضلت تم میں نہ رہے جو بارگاہِ خداوندی یا بارگاہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں رسائی سے تمہیں مانع ہو۔ اب اگر تم کثرت سے سرکار پر درود وسلام نہ بھیجتے رہو، تو امید کامل ہے کہ حضور علیہ السلام کے مقامِ مشاہدہ تک رسائی حاصل کر لو گے یہی طریقہ ہے شیخ نورالدین شونی، شیخ احمد زوادی شیخ احمد بن داؤد منزلاوی، اور مشائخ یمن کی ایک جماعت کا کہ ان میں سے ہر ایک ہمیشہ نبی علیہ السلام پر بکثرت درود وسلام پڑھتا رہتا ہے یہاں تک کہ تمام گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے اور جس وقت چاہے سرکار سے بیداری میں بالمشافہ ملاقات کرتا ہے اور جس کو یہ ملاقات حاصل نہ ہو تو جان لے کہ اس نے مطلوبہ تعداد میں درود وسلام بکثرت نہ بھیجا۔ کہ یہ مقام حاصل کر سکے۔ مجھے شیخ زوادی نے بتایا کہ انہیں نبی علیہ السلام سے بیداری میں ملاقات نہ ہوتی۔ یہاں تک سال بھر پابندی سے درود وسلام پڑھتے رہے ہر روز تیس ہزار بار پڑھتے۔ میں نے سیدی علی الخواص کو فرماتے سنا کہ جن لوگوں کا ہمیں علم ہوا کہ وہ حضور علیہ السلام سے بیداری میں بالمشافہ ملاقات کرتے تھے، ان میں سے شیخ ابومدین شیخ الجماعۃ، شیخ عبدالرحیم قناوی، شیخ موسیٰ رولی، شیخ ابوالحسن شاذلی، شیخ ابوالعباس المرسی، شیخ ابوالسعود بن ابوالعشائر، سیدی ابراہیم المتبولی۔ اور شیخ جلال الدین سیوطی ہیں۔ فرمایا کرتے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور بیداری میں کچھ اوپر ستر مرتبہ ملاقات کی۔ رہے سیدی ابراہیم متبولی تو ان کی حاضری کا تو شمار ہی نہیں۔ کیونکہ وہ ہر حال میں سرکار سے ملاقات کرتے تھے اور کہا کرتے کہ میرا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی مرشد ہے ہی نہیں۔ شیخ ابوالعباس المرسی کہا کرتے تھے اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک لمحہ بھی میری آنکھوں سے اوجھل ہو جائیں تو میں اپنے آپ کو مسلمان نہیں کہتا۔

جان لو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہم نشینی کا مقام بہت بلند ہے۔

marfa.com
Marfat.com

ایک شخص سیدی علی مرصفی کے پاس آیا۔ میں بھی حاضر تھا، کہنے لگا حضور میں ایسے مقام پر پہنچ گیا ہوں کہ جب چاہوں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو بیداری میں دیکھ لوں، فرمایا بیٹے بند سے اور اس مقام کے درمیان دو لاکھ سینتالیس ہزار مقام ہیں۔ بیٹا تم بات کرتے ہو، ہماری مراد صرف ان میں سے دس مقام ہیں، پس اس مدعی کو پتہ نہ چلا کہ کیا کہے اور شرمندہ ہوا، اس کو جان لے!۔ اور اللہ جسے چاہے سیدھی راہ پر چلائے۔

مکہ و مدینہ کا ادب و احترام

یونسی کتاب مذکور میں مسجد میں زیادہ بیٹھنے کے بیان میں فرمایا۔ سیدی محمد عثمان نے مجھے بتایا، سیدی ابوعباس عمری کے معاصر اولیاً نے آپ کے ہمراہ حج کیا۔ اللہ ہمیں ان کی برکتوں سے بہرہ مند فرمائے۔ ان میں سے مصر کے پندرہ اولیاً اور قرآ بھی تھے۔ انہوں نے آپ سے کہا، آقا! آپ کا طریقہ کیا ہے؟ مکہ جائیں گے یا مدینہ؟ فرمایا تم میں سے جو مکہ یا مدینہ کا ادب کر سکتا ہے وہ جائے۔ انہوں نے کہا مکہ کا ادب کیا ہے؟ فرمایا یہ کہ ان لوگوں کی صفات پر ہو جو بارگاہ رب العزت میں باریابی پاتے ہیں، مثلاً انبیائے کرام۔ اولیاً۔ ملائکہ اور وہاں کی مدت قیام میں کوئی ایسی خصلت ظاہر نہ ہو جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے تو جب اللہ کی ناپسندیدہ خصلت کا ارتکاب کیا، پھر کیا ادب رہا۔ انہوں نے کہا مدینہ کا ادب کیا ہے؟ فرمایا اس کا ادب بھی، ادب مکہ کی طرح ہے ذرا اس میں یہ اضافہ کر لے کہ کسی حال میں سنتِ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی مخالفت نہ کی جائے۔ یہاں تک کہ عمامہ چھوٹا رکھے جو کچھ ہاتھ آئے صدقہ کر دے۔ مدینہ منورہ میں صرف اس بات کا درس دے جو صراحتہً شریعت سے ثابت ہو۔ قیاس اور رائے کا مسئلہ بیان نہ کرے۔ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ادب ہے، کہ آپ کے حضور کسی اور کی بات بجز آپ کے مشورہ کے نہ کی جائے۔ اگر اہل صفا میں سے ہے تو یہ قیاسی اور رائے والے مسئلہ میں آپ سے مشورہ لے اور جو آپ کا اشارہ ہو وہ کرے۔ بشرطیکہ آپ کا کلام بیداری میں صراحتہً سنے۔ جیسے شیخ محی الدین ابن العربیؒ کا حال تھا۔ فرماتے

marfa.com
Marfat.com

ہیں میں ایسی متعدد احادیث کی سرکار سے تصحیح کی ہے جن کو بعض حفاظ نے ضعیف قرار دیا ہے۔ پس میں نے اس سلسلہ میں حضور علیہ السلام کا قول لیا۔ اور میرے تردیک سرکار کے فرمان میں کوئی شک نہ رہا۔ اور میرے نزدیک وہ صحیح شرعی مسئلہ ہو گیا جس پر میں عمل کرتا ہوں اگرچہ اس بات میں علمائے کرام اپنے قواعد کے پیش نظر میری نہ مانیں ان تمام مشائخ نے کہا ہم میں سے تو تمہارے بتائے ہوئے آداب پر کوئی بھی عمل نہیں کر سکتا اور اس وہ تمام سیدی ابوالعباس کے ہمراہ واپس ہو گئے۔ ان میں سیدی محمد بن داؤد، سیدی محمد العدل۔ سیدی محمد ابو بکر الحدیدی۔ شیخ علی بن الجمال اور شیخ عبدالقادر دشطوطی شامل تھے مجھے میرے شیخ، شیخ امین الدین امام جامع مسجد النمری نے جوان کے ساتھ حج پر گئے تھے۔ بتایا کہ سیدی عبدالقادر الاشطوطی حرم مدینہ میں داخل نہیں ہوئے جب سے حج کے دن شروع ہوئے، صرف باب السلام کی دہلیز پر زیارت کے لیے اپنا رخسار رکھا۔ یہاں تک کہ سب چل پڑے اور ان کو حالت استغراق میں اٹھالائے۔ اور پھر اس وقت ہوش میں آئے جب بیر علی رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے۔

پھر حضور علیہ السلام پر بکثرت درود وسلام پڑھنے کی تاکید کرتے ہوئے فرمایا۔ ایک مرتبہ مجھ سے شیخ احمد الزواوی نے کہا ہمارا طریقہ یہ ہے کہ نبی علیہ السلام پر کثرت سے درود بھیجتے ہیں، یہاں تک کہ بیداری میں ہماری مجلسیں جمتی ہیں اور ہم صحابہ کرام کی طرف سرکار کی صحبت میں رہنے لگتے ہیں اور آپ سے دینی مسائل اور ان احادیث کے متعلق سوال کرتے ہیں جن کو ہمارے ہاں حفاظِ حدیث نے ضعیف قرار دیا ہے۔ پس ہم آپ کے فرمان پر عمل کرتے ہیں، جب تک یہ مقام ہمیں حاصل نہ ہو جائے، ہم آپ پر بکثرت درود وسلام بھیجنے والے نہیں۔ پھر اس عہد میں فرماتے ہیں کہ ہم گزشتہ عہود کے شروع میں یہ بات ذکر کر آئے ہیں کہ حضور علیہ السلام کی برزخی زندگی کے لیے ہم بڑی پاکیزگی و صفائی کے محتاج ہیں تاکہ آدمی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہم نشینی کی صورت پیدا ہو اگر کسی میں بری خصلت ہے جس کے ظاہر ہونے سے دنیا و آخرت میں شرمساری ہو وہ سرکار کی صحبت کا قائل نہیں۔ چاہے جن و انس

marfa.com
Marfat.com

کی عبادت اپنے اندر جمع کرلے۔ جیسے منافقین کو صحبت نے کچھ فائدہ نہ دیا۔ یہی حال ہے کافروں کی تلاوت قرآن کا کہ اس سے انہیں کوئی فائدہ نہیں ہوتا کہ وہ اس کے احکام پر ایمان نہیں رکھتے" الخ

علامہ شیخ علی اجہوری مالکی نے اپنی ضخیم کتاب النور الوھاج فی الکلام علی الاسراء والمعراج کے آخر میں فرماتے ہیں۔ مجھ سے پوچھا گیا ہے کہ کیا کوئی شخص بیداری میں نبی کریم علیہ السلام کو دیکھ سکتا ہے یا نہیں؟ یونہی اگر درو دراز علاقوں کے رہنے والے مختلف لوگ بیک وقت حضور علیہ السلام کے دیکھنے کا دعویٰ کریں تو کیا ان کی تصدیق کی جائے گی یا نہیں؟ کیونکہ جب ایک خاص وقت میں انتہائی مشرق میں رہنے والا شخص سرکار کو دیکھتا ہے تو اسی وقت انتہائی مغرب میں رہنے والا شخص کیسے دیکھ سکتا ہے؟

مختلف اشخاص کو آن واحد میں مختلف مقامات پر شرف دیدار

یہ سوال بھی کیا گیا کہ آیا ایک ہی وقت میں، مختلف مقامات میں زیارت سے مشرف ہونے والے لوگ مختلف صفات میں آپ کو دیکھ سکتے ہیں؟ میں نے ان الفاظ میں اس کا جواب دیا۔ الحمد للہ رب العالمین حضور علیہ السلام کی بیداری میں زیارت سے مشرف ہونا۔ جسے اللہ نے اس سعادت کے لیے چنا، ایک حقیقت ہے جس میں شبہ نہیں کیا جاسکتا۔ جیسا کہ احوال صالحین سے باخبر لوگوں پر یا جن کو ان سے واسطہ رہا ہے یہ حقیقت روشن ہے۔ جیسے علم ضروری ہوتا ہے۔

پھر ابن حجر ہیتمی، المدخل لابن الحاج شعرانی اور سیوطی رحمہم اللہ کے مذکورہ بالا اقوال نقل کرکے فرماتے ہیں۔ الحمد للہ میں نے ایک جماعت ایسے لوگوں کی دیکھی ہے جن کو بیداری میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار نصیب ہوا۔ اور میں نے یہ سب کچھ ان کی زبانی سنا ہے۔ ان میں سے ایک ہمارے شیخ عارف باللہ اپنے زمانہ میں شیخ الطائفہ المالکیہ۔ شیخ محمد المنوفری

marfa.com
Marfat.com

ہیں۔ اس کے علاوہ لوگوں کی ایک جماعت کا ذکر کیا۔ جن میں ہمارے شیخ عارف باللہ شیخ علی خمصانی المعروف حشیش ان کو یہ سعادت کئی مرتبہ حاصل ہوئی اس کی صداقت پر روشن دلائل ہیں، جو یقین کا فائدہ دیتے ہیں۔ ان میں سے ایک ہمارے شیخ نورالدین قلعمی اور ان کے شیخ عارف باللہ تعالیٰ شیخ احمد احمدی ہیں۔ مجھے ان سے متعدد مرتبہ شرف ملاقات حاصل ہوا ہے۔ اور انہوں نے مجھے نیک دعائیں دیں اور سچے لوگوں میں سے بعض قابلِ وثوق لوگوں نے مجھے بتایا کہ شیخ مذکور اکثر اوقات بیداری میں سرکار کی زیارت سے مشرف ہوتے تھے۔ اور کہا کہ ان کے شاگردوں میں سے ایک نے ان کے سامنے ایک ایسے شخص کا سوال کیا۔ جو نبی علیہ السلام کی بکثرت بیداری میں زیارت کا مدعی تھا۔ شیخ نے اس کی تصدیق کی، اس شخص نے کہا آپ ہمیں نہیں بتاتے کہ آپ کو نبی علیہ السلام کی بحالتِ بیداری زیارت ہوتی ہے۔ فرمایا جو شخص ہمیشہ دھوپ میں رہے وہ سورج کی کیا بات کرے۔ اسے سمجھو جب سچے اور نیک لوگوں کی ایک جماعت اس بات کا دعویٰ کرے کہ انہوں نے آن میں، مختلف دو دو از علاقوں میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بیداری میں زیارت کی ہے۔ تو وہ سچ ہی کہتے ہیں۔ کیونکہ عالمِ وجود میں سرکار سورج کی طرح ہیں تو جیسے سورج کو مشرق و مغرب والے آن واحد میں دیکھتے ہیں، سرکار کا بھی یہی حال ہے۔ اسی بات کی طرف محققین کی جماعت گئی ہے جن میں ہمارے آئمہ میں سے شہاب القرافی بھی شامل ہیں، جنہوں نے صوفیاً کے حوالہ سے ایک بحث نقل کی ہے اور اس پر اعتراض کیا ہے۔ بعض لوگوں نے ان کے کلام کا خلاصہ ذکر کیا ہے" فرمایا جب خواب میں نظر آنے والی سرکار کی مثال ہے۔ تو اس سوال کا جواب مل جائے گا کہ حضور علیہ السلام بیک وقت بیداری میں دو یا زیادہ مقامات پر کیسے نظر آ سکتے ہیں، کیونکہ نظر آنے والی دو یا زیادہ مثالیں ہیں مشکل یہ ہے کہ ایک ذات بیک وقت دو مکانوں میں موجود ہو۔

صوفیا کی توجیہہ صوفیاً نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ نبی علیہ السلام سورج کی طرح

marfa.com
Marfat.com

ہیں جو ایک جگہ ہوتے ہوئے متعدد مقامات سے نظر آتا ہے کہ وہ کسی ایسے محدود مکان میں نہیں جو آسمانوں کے اندر ہو، بلکہ یہ ان سب سے بلند ہے اگر سورج مکان میں محدود ہوتا تو دوسرے مکان والے اُسے نہ دیکھ سکتے۔ جب کہ نبی علیہ السلام محدود مکان میں سے نظر آتے ہیں اور آپ کو دوسرے مکان والے دیکھتے ہیں۔ لہٰذا سرکار کا نظر آنا سورج کے نظر آنے کے برابر نہیں ہو سکتا۔ جب تک یہ بات تسلیم نہ کی جائے ایک حد میں محدود سورج کو دوسری حد والے دیکھ سکتے ہیں۔ خلاصہ یہ کہ حضور علیہ السلام ایسے دو یا زیادہ مقامات سے دیکھے جا سکتے ہیں جو محدود ہوں، جب کہ کسی اور کے سامنے وہ مقامات حجاب بن جائیں گے۔ اور کوئی دوسرا (نبی علیہ السلام کی حمایت کے بغیر) ایک حد سے دوسری حد میں نظر نہیں آ سکتا۔ سورج میں یہ قاعدہ جاری نہیں ہوگا" الخ۔ اس پر الزرکشی نے اعتراض کیا ہے۔ الاجہوری کہتے ہیں، کبھی کہا جاتا ہے کہ صوفیا کی مُراد حضور علیہ السلام سورج کی طرح ہیں، سے یہ ہے کہ ہر ایک سرکار کو دیکھ سکتا ہے۔ اس لحاظ سے سورج کی طرح نہیں۔ کہ سورج کے آگے جب کوئی شے حائل ہو جائے وہ نظر نہیں آتا بخلاف نبی علیہ السلام کے، کہ آپ کے سامنے کوئی پردہ حائل نہیں ہو سکتا۔ اور ہر ایک آپ کو دیکھ سکتا ہے۔ یہ کمال آپ کو خرقِ عادت کے طور پر حاصل ہے اور اس میں آپ کی عزت افزائی ہے، پس آپ اس لحاظ سے سورج کی طرح نہیں۔ ایک جماعت اس بات کی طرف گئی ہے کہ نبی علیہ السلام نے اپنے وجود سے دنیا کو اس طرح بھر دیا ہے جیسے سورج کی روشنی نے۔ اسی کی طرف اشارہ کیا ہے عارف باللہ سیدی تاج الدین بن عطا اللہ اسکندری صاحب الحکم وغیرہ نے۔ جیسا کہ ان کے بعض تلامذہ نے لکھا ہے کہ میں حج پر گیا جب طواف کر رہا تھا تو شیخ کو دیکھا میں نے سوچا طواف سے فارغ ہو جائیں تو سلام کروں۔ جب فارغ ہوئے تو نظروں سے غائب ہو گئے۔ اور میں دیکھ نہ سکا۔ پھر میں نے عرفات میں اسی طرح دیکھا، وہاں بھی وہی صورت ہوئی باقی مقامات میں بھی ایسا ہی ہوا۔ میں واپس قاہرہ آیا تو شیخ کے بارے میں دریافت

marfa.com
Marfat.com

کیا، مجھے بتایا گیا کہ وہ بالکل خیریت سے ہیں، میں نے پوچھا کہیں سفر پر گئے تھے لوگوں نے کہا نہیں، میں نے حاضرِ خدمت ہو کر سلام عرض کیا اور کہا جناب! میں نے آپ کو دیکھا تھا اور ساری بات بتائی۔ فرمایا، اے بھائی بڑا آدمی کائنات کو اپنے وجود سے بھر دیتا ہے۔ قطب اگر پتھر کو بلائے تو وہ جواب دے" الخ۔ پھر جب بزرگ آدمی کا یہ حال ہے، تو سید المرسلین تو اس کے زیادہ مستحق ہیں۔

جماعت کا آن واحد میں دیدار سے مشرف ہونا

رہا ایک جماعت کا بیک وقت مختلف

صفات میں آپ کا دیدار کرنا۔ سو یہ ممکن۔ بلکہ واقعہ ہے اس میں کوئی اچنبا نہیں۔ کیونکہ ہر ایک کے دیکھنے کا آلہ اس کے مرتبہ و مقام کے مطابق مختلف ہے۔ اس کی مثال آئینے کی سی ہے کبھی چھوٹا، کبھی بڑا، کبھی سیدھا، کبھی ٹیڑھا۔ کبھی بہت صاف کبھی اس کے علاوہ، اسی کے مطابق ایک ہی صورت آئینہ میں مختلف ہو جاتی ہے۔ سو وہ چھوٹے آئینے میں چھوٹی اور بڑے میں بڑی، ٹیڑھے میں ٹیڑھی اور سیدھے میں سیدھی، بہت شفاف میں بہت شفاف اور کم میں کم شفاف نظر آتی ہے اس پر غور کرو۔

سوال یہ سوال نہ کیا جائے کہ بعض لوگ آپ کو اسی وقت سفید رنگ میں دیکھتے ہیں اور بعض سیاہ میں، یونہی بعض بوڑھی عمر میں دیکھتے ہیں بعض جوان حالت میں۔ حالانکہ جسی آئینے میں تو سفید کالا یا اس کے برعکس یونہی بوڑھا جوان یا اس کے برعکس نظر نہیں آتا (پھر یہ تشبیہ کیسی؟)

جواب اس کا جواب یہ ہے کہ آپ کو دیکھنے کا آئینہ، جسی آئینے سے اس بات میں قدرے مختلف ہے کیونکہ آپ کو دیکھنے والے آئینہ قلب کوئی ایسی صفت پیدا ہوتی ہے جو اس اختلاف کی متقضی ہوتی ہے مثلاً ایمان و عبادات کا اجر و ثواب یا اس کے برعکس (کفر و معصیت کا وبال) لہٰذا یہ ہر طرح سے جسی آئینے کی طرح نہیں بلکہ

marfa.com
Marfat.com

بعض صفات میں حسی آئینے کی طرح ہے کیونکہ آئینے میں سفید صورت سیاہ یا سیاہ صورت سفید، یا نوجوان کی بوڑھی یا بوڑھے کی جوان صورت تو نظر نہیں آتی۔ حالانکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار میں ایسا ہوتا ہے کہ ایک آدمی آپ کو جوان دیکھتا ہے اور دوسرا بوڑھا۔ وغیرہ" معراج الاجہوری کی عبارت ختم ہوئی۔

فتاوٰی خلیلی کی شاندار عبارت

استاذ علامہ شیخ محمد خلیلی مدفون بیت المقدس کے فتاوٰی میں اس سوال کے جواب میں کہ ایک شخص حضور علیہ السلام کو بیداری یا خواب میں دیکھتا ہے کیا یہ جائز ہے؟ اور کیا وہ حقیقت میں آپ ہی کی ذات بابرکات کو ہی دیکھتا ہے؟ اس کا کیا حکم ہے کہ دو شخص بیک وقت آپ کو دیکھتے ہیں حالانکہ ایک مشرق میں ہے اور دوسرا مغرب میں؟ فرمایا حفاظ رحمہم اللہ نے اس پر اتفاق کیا ہے کہ نیند یا بیداری میں حضور علیہ السلام کا دیدار جائز ہے۔ لیکن اس میں ان کا اختلاف ہے کہ آیا دیکھنے والا آپ کی ذات شریفہ کو حقیقۃً دیکھتا ہے یا ایسی مثال دیکھتا ہے، جو ذات اقدس کی خبر دیتی ہے؟ پہلے قول کی طرف ایک جماعت گئی ہے اور دوسرے قول کی طرف امام غزالی، الیافعی اور دوسرے گئے ہیں۔ پہلی جماعت کی دلیل یہ ہے کہ حضور علیہ السلام چراغ ہدایت، ظلمتوں کی روشنی، اور معارف کے سورج ہیں تو جیسے چراغ اور سورج کی روشنی دور سے نظر آتی ہے اور سورج کی کیہ اپنی خصوصیات و عوارض کے ساتھ نظر آتی ہے، یونہی سرکار کا جسم کریم اور بدن شریف ہے۔ پس روضہ اقدس سے آپ کی جدائی اور لحد انور کا سرکار سے خالی ہونا لازم نہیں آتا۔ بلکہ اللہ تعالےٰ دیکھنے والے کے سامنے سے پردے چاک کر دیتا ہے اور رکاوٹ ہٹا دیتا ہے یہاں تک کہ وہ آپ کو دیکھ لیتا ہے، حالانکہ سرکار اپنی جگہ پر تشریف فرما ہوتے ہیں اس بنا پر یہ بھی ممکن ہے کہ آن واحد اور ایک جگہ میں آپ کو دو ایسے آدمی دیکھیں جن میں سے ایک مشرق میں ہو، اور دوسرا مغرب میں۔ یا ان پردوں کو اتنا شفاف کر دیا جائے کہ ان

marfa.com
Marfat.com

کے پس پردہ چیز چھپ نہ سکے۔

محفل نزاع

القرانی رحمہ اللہ نے فرمایا محفل نزاع اس وقت ہے جب ایک دیکھنے والا آپ کو اپنے گھر میں مشرق میں اور دوسرا اسی وقت اپنے گھر میں جو مغرب میں واقع ہے دیکھے کہ گھر میں صرف سورج کی سعاعیں نظر آتی ہیں۔ رہی ٹکیہ سو وہ اپنے مدار میں ہے اگر دیکھنے والا اس کا احاطہ کرلے تو پھر اسی وقت دوسری جگہ اس کا ہونا محال ہے تو لازم ہے کہ دوسری ٹکیہ کو مثال کہا جائے۔

اکابر صوفیہ

اکابر صوفیا کی ایک جماعت نے عالم مثالی کا قول کہا ہے۔ برابر ہے کہ حضور علیہ السلام کی اصل صورت مبارکہ کے موافق ہو یا نہ۔ کیونکہ سرکار کی حقیقی صورت کے خلاف جو کچھ نظر آتا ہے وہ دراصل دیکھنے والے کی اپنی صورت ہے، جو حضور علیہ السلام کی صورتِ مثالی میں منتقش ہو رہی ہے، جو دونوں صورتوں کے لیے آئینہ کی طرح ہے۔ بعض لوگوں نے ایک درمیانی راہ اختیار کی ہے وہ کہتے ہیں کہ جب خواب میں حضور علیہ السلام کو اصل صورت وصفت میں دیکھے تو کسی تعبیر کی ضرورت نہیں رہتی۔ بصورت دیگر تعبیر کی ضرورت پڑتی ہے۔ دیدار دونوں صورتوں میں سرکار کا ہی ہوتا ہے یہ بات عموماً اتفاقی ہے کہ شیطان یہاں وسوسہ انداز نہیں ہو سکتا۔ بلکہ یہ دیکھنا حق ہے کہ ان صورتوں میں نظر آنا اللہ کی طرف سے ہے جس نے بڑھاپے کی حالت میں سرکار کو دیکھا تو یہ اس کی انتہائی صلح جوئی ہے۔ جس نے آپ کو جوانی کی حالت میں دیکھا۔ تو یہ جنگجوئی کی علامت ہے۔ جس نے مسکراتے دیکھا یہ سنت پر کاربند ہونے کی دلیل ہے جس نے آپ کو اصل شکل وشباہت میں دیکھا تو یہ دلیل ہے کہ دیکھنے والا نیک، اس کا حال کامل۔ دشمنوں پر اس کا دبدبہ اور کامرانی ہے۔ جس نے سرکار کو غیر حالت میں دیکھا، یہ دیکھنے والے کی بدحالی کی دلیل ہے یہاں تک کہ مسلمان آپ کو اچھا اور بیدین قبیح دیکھتا ہے کیونکہ سرکار شفاف آئینے کی طرح ہیں۔ جو سامنے آتا ہے منتقش ہو جاتا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

بذاتِ خود سرکار کامل تر و حسین تر ہیں۔ اللہ ہی بہتر جانتا ہے"۔ الخ۔

سیدی عبدالعزیز الدباغ کا فرمان

غوث زمانہ سیدی عبدالعزیز دباغ رضی اللہ عنہ اپنی کتاب "الابریز" کے فصل ثانی میں، جو ان سے ان کے شاگرد علامہ سیدی احمد بن مبارک نے نقل کی ہے؛ میں لکھتے ہیں۔ میرے ہمراہ سیدی عبداللہ البزماوی میری رہنمائی فرماتے رہے۔ اچھی باتیں بتاتے رہے، مجھے ہمت دلاتے رہے اور میرے دل سے خوف وغیرہ مٹاتے رہے جو کچھ دن ماہِ رجب۔ ماہ رمضان ماہ رمضان۔ ماہ شوال، ماہ ذیقعد۔ اور دس ذوالحجہ ۱۱۲۱ھ کے دوران مجھ پر طاری رہا۔ جب عید کا تیسرا دن تھا، میں نے سید الوجود صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو سیدی عبداللہ البزماوی نے کہا میرے آقا عبدالعزیز، ایک دن پہلے مجھے تمہارا ڈر تھا اور آج جب کہ اللہ تعالےٰ نے تمہیں اپنی رحمت سید الوجود صلے اللہ علیہ وسلم کی ملاقات سے فیضیاب فرمایا میرا دل بے خوف اور مطمئن ہے۔ اب میں تمہیں سپردِ خدا کرتا ہوں، وہ محض اس لیے میرے پاس اقامت پذیر تھے کہ دل پر تاریکیوں کے در آنے سے میری حفاظت کریں۔ ان فتوحات کے دوران جو اللہ نے مجھے عطا فرمائیں۔ یہاں تک کہ دیدار مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی فتح حاصل ہوئی۔ پہلے ان کو میری فتوحات کا ڈر رہتا تھا، بعد میں جاتا رہا۔

سات قرأتیں

پھر ابن المبارک نے کتاب مذکور کے باب اوّل میں فرمایا میں نے شیخ عبدالعزیز الدباغ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ حضور علیہ السلام کے اس فرمان کا کیا مطلب ہے۔؟

إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ "

ترجمہ: بے شک یہ قرآن سات حرفوں (قرأتوں) میں نازل ہوا ہے"

(بخاری، مسلم)

marfa.com
Marfat.com

فرمایا علمأ نے اس میں سخت اختلاف کیا ہے۔اس موضوع پر میں نے چار جلیل القدر علما کا کلام دیکھا ہے۔(۱) قاضی الباقلانی نے اپنی کتاب الانتصار۔ امام ابن الجزری نے کتاب النشر۔ حافظ ابن حجر نے شرح بخاری کی کتاب فضائل القرآن اور حافظ سیوطی نے کتاب الاتقان فی علوم القرآن میں۔میں نے شیخ رضی اللہ عنہُ سے عرض کیا میں صرف آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ نبی علیہ السلام کی اس فرمان سے کیا مُراد ہے؟ اس پر شیخ رضی اللہ عنہُ نے فرمایا۔اس کا جواب میں کل تمہیں دُوں گا۔انشأ اللہ۔ اگلے دن شیخ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اور سچ فرمایا۔کہ میں نے حضورؐ علیہ السلام سے اس فرمان کا مطلب پوچھا تو سرکار نے مجھے اس کی مُراد بتائی میں شیخ رضی اللہ عنہُ سے تین دن تک اس سلسلہ میں بات کرتا رہا۔ اور انہوں نے جو کچھ اپنے شیخ سے سُنا اس کا خلاصہ بتایا۔پھر شیخ عبدالعزیز الدباغ نے دوسرے باب میں فرمایا ان پر سخت مشکلات اور یقینی ہلاکت کے وقت فتوحات ہوئیں یہاں تک کہ آقا و مولیٰ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو گئی۔جونہی زیارت ہوئی خوشی و مسرت حاصل ہو گئی کیونکہ حضور علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے خصوصی طاقت حاصل ہے جو ذات کریمہ کو ذات باری تعالیٰ سے ملائے رکھتی ہے مخلوق میں کسی اور کو یہ طاقت حاصل نہیں،اسی لیے آپ تمام مخلوق میں معزز تر اور افضل ترین ہیں۔پھر جس آدمی پر فتوحات کھلتی ہیں،جب وہ ذات مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم تک رسائی حاصل کر لیتا ہے۔تو اس کی کشش اللہ تعالےٰ کی طرف زیادہ ہو جاتی ہے اور اسے قطع تعلقی کا خطرہ نہیں ہوتا۔

عجیب و غریب سوال و جواب

پھر ابن المبارک پانچویں باب میں فرماتے ہیں۔شیخ رضی اللہ عنہُ سے بعض فقہأ نے اس بُزرگ کے متعلق سوال کیا۔جس کا دعوٰی تھا کہ وہ نبی علیہ السلام کو بیداری میں دیکھتا ہے۔عبارت یہ ہے جو آدمی یہ دعوٰی کرے کہ وہ نبی علیہ السلام کو بیداری میں دیکھتا ہے،اللہ کی معرفت رکھنے والے یہ کہتے ہیں کہ اس کا دعوٰی صرف دلیل کے

marfa.com
Marfat.com

ساتھ مانا جائے گا وہ یہ کہ ایک کم تین ہزار مقام طے کرے۔ اس مدعی کو شمار کرنے اور بیان کرنے کی تکلیف دی جائے گی۔ آپ بزرگوں کی بزرگی کو اللہ ہمیشہ رکھے، ہماری آپ سے استدعا ہے کہ ہم آپ کو یہ مقامات شمار کر کے بتائیں خواہ رمز و اختصار سے یا جیسے بھی آسان ہو، بات لمبی نہ ہو۔؟

جواب شیخ رضی اللہ عنہ نے اس کا یہ جواب دیا کہ ہر ذات میں ۳۶۶ رگیں ہیں ہر رگ میں ایک خصوصیت پیدا کی گئی ہے۔ صاحبِ بصیرت ان رگوں کو اپنی خصوصیات میں چمکتا دمکتا دیکھتا ہے۔ پس جھوٹ کی ایک رگ ہے جو اپنی خصوصیت میں مصروف ہے۔ حسد کی رگ اپنی خصوصیت میں چمک رہی ہے۔ ریا کی رگ اپنے معنی میں شعلہ زن ہے۔ دھوکہ بازی کی رگ اپنے معنی میں روشن ہے خود بینی کی رگ اپنا معنی چمکا رہی ہے۔ تکبر کی رگ اپنا مفہوم چمکا رہی ہے۔ یہاں تک کہ ہر رگ اپنا اپنا کام کر رہی ہے۔ یہاں تک کہ عارف جب کسی ذات پر نظر کرتا ہے۔ تو اس کو ہر ذات کسی نہ کسی منزل پر دکھائی دیتی ہے سو یہ ایک آگ ہے جس میں ۳۶۶ شمعیں ہیں ہر شمع کا رنگ دوسری سے مختلف ہے۔ پھر ان خواص میں سے ہر ایک کی تفصیل و اقسام ہیں۔ مثلاً خصوصیت شہوت کی ان اشیاء کی بہ نسبت جن کی طرف یہ منسوب ہوتی ہے کئی قسمیں ہیں اگر اس کو شرمگاہ کی طرف منسوب کریں۔ (شرمگاہ کی شہوت) تو یہ ایک قسم ہے اور اسے جاہ و مرتبہ کی طرف منسوب کریں (جاہ کی شہوت) تو یہ دوسری قسم ہے۔ مال کی طرف منسوب کریں (مال کی شہوت یا خواہش) تو یہ ایک اور قسم ہو جاتی ہے۔ لمبی لمبی اُمیدوں کی شہوت (یوں ہو جائے کاش یوں ہو جائے) تو یہ ایک اور قسم ہو جاتی ہے۔ یونہی جھوٹ کی خصوصیت اس حیثیت سے کہ جھوٹ بولنے والا حق بات نہیں کرتا، ایک قسم شمار ہو گی۔ اور اس حیثیت سے کہ جھوٹ بولنے والا دوسرے کے بارے میں سچ نہ بولنے کا گمان رکھتا اور اس کی بات میں شک کرتا اور اس کی تصدیق نہیں کرتا، ایک اور قسم شمار ہو گی۔ اور بندے پر

marfa.com
Marfat.com

بندشیں اس وقت تک کھل نہیں سکتیں جب تک ان تمام مقامات کو طے نہ کر لے۔ جب اللہ کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ کرتا اور اس میں اس کی اہلیت پیدا کرتا ہے کہ اس کی بندشیں کھل جائیں تو وہ بتدریج اس سے ان کو ختم کرتا ہے۔ پھر مثلاً جب اس سے جھوٹ کی خاصیت ختم ہوتی ہے، سچائی کے مقام پر فائز ہو جاتا ہے۔ پھر مقام تصدیق پر۔ جب اس سے شہوتِ مال کی خاصیت ختم ہوتی ہے تو مقامِ زہد پر فائز ہو جاتا ہے۔ شہوتِ معاصی ختم ہوتی ہے تو مقام توبہ پر فائز ہوتا ہے۔ لمبی آرزوؤں کی خواہش ختم ہوتی ہے تو دارالغرور دنیا سے کنارہ کشی کا مقام حاصل کر لیتا ہے باقی کو اسی پر قیاس کر لو، پھر جب بندشیں ختم کھل جاتی ہیں اور تمام راز اس کی ذات میں رکھ دیئے جاتے ہیں اب اس کی رُوح کائنات کے مشاہدہ میں مصروف ہو جاتی ہے سب سے پہلے جس چیز کا مشاہدہ کرتی ہے وہ احرام ترابیہ (مٹی کے اجسام) ہیں۔ پھر ان میں سب سے پہلے اس زمین کا مشاہدہ کرتی ہے جس میں وہ رہتی ہے۔ پھر دوسری زمین کا اس طرح کہ دوسری زمین تک نگاہ پردوں کو چاک کرتی چلی جاتی ہے۔ پھر تیسری اور یونہی ساتویں تک پھر اس فضا کا مشاہدہ کرتی ہے جو اس کے اور پہلے آسمان کے درمیان ہے، پھر پہلے آسمان کا اور پھر باقیوں کا، اسی ترتیب سے جو زمینوں کے متعلق ذکر کی گئی ہے۔ پھر برزخ اور اس میں موجود ارواح کا مشاہدہ کرتی ہے۔ پھر عام فرشتوں اور حفاظت کرنے والوں کا اور اُمورِ آخرت کا۔ اور بندے پر ان مشاہدات میں سے ہر مشاہدے پر حقوقِ ربوبیت میں سے ایک حق اور آدابِ عبودیت میں سے کوئی ادب لازم آتا ہے اس سلسلے میں اس کے سامنے رکاوٹیں اور مشکلات حائل ہوتی ہیں اور ایسے اُمور کا مشاہدہ ہوتا ہے جو ڈراؤنے اور مہلک قسم کے ہوتے ہیں۔ پس کمزور بندے کو اگر اللہ کی توفیق، فضل اور رحمت میسر نہ ہو تو سب سے کمتر درجے پر آجائے جس کے سبب سے احمقوں میں لوٹ آئے۔ پھر بندے کا مقامات مشاہدہ اور اس کی ہولناکیوں کا قطع کرنا، خاص

marfa.com
Marfat.com

حضرات کے مقامات کو عبور کرنے سے مشکل تر ہوتا ہے۔ کیونکہ خواص
امر باطنی ہے، جن کا شعور قطع کرنے کے بعد ہی ہو سکتا ہے اور مقامات مشاہدہ کو طے
کرنا امر ظاہری ہے جو اسے سامنے نظر آتا ہے کیونکہ یہ ایسی چیز ہے جسے آدمی کشائش
کے بعد عبور کرتا ہے جب اس کی نظرِ حدف اور نورِ بصیرت مکمل ہو جاتا ہے اور
اللہ اس پر ایسی رحمت نازل فرما دیتا ہے جس کے بعد بدبختی نہیں تو اللہ سبحانہٗ تعالیٰ
اسے پہلوں، پچھلوں کے آقا کا دیدار عطا فرماتا ہے آپ پر افضل درود اور پاکیزہ تر سلام
ہو، پھر حضور علیہ السلام کو سامنے دیکھتا اور بیداری میں آپ کا مشاہدہ کرتا ہے اور اللہ
اس کی ایسی مدد فرماتا ہے جو نہ کسی آنکھ نے دیکھی نہ کسی کان نے سُنی اور نہ کسی آدمی کے
دل میں کھٹکی۔ اس وقت انسان پر خوشی و مسرت کا وقت آتا ہے، سو اسے یہ سعادت
مبارک ہو۔ اب جو اس تعداد کا حساب لگاؤ گے جو خواص اور ان میں شامل اقسام کے
ضمن میں ذکر کئے گئے ہیں۔ ساتھ ہی ان مقامات کا حساب لگاؤ جو مذکورہ مشاہدات
کے ہمراہ حاصل ہوتے ہیں تو تمہیں معلوم ہوگا کہ مذکورہ تعداد سے یہ کہیں زائد ہے۔

شمائل نبوی

پھر نبی علیہ السلام کے شمائل مطہرہ آپ کی اُمت پر مخفی نہیں۔ یقیناً
علمائے کرام رضی اللہ عنہم کی حضور علیہ السلام کے ان ظاہری و
باطنی خصائص کو جمع و مدون فرمایا ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمائے ہیں۔ سرکار
پر افضل درود اور پاکیزہ تر سلام ہو اب جو آدمی حضور علیہ السلام کے دیدار کا دعویٰ کرے
تو اس سے آپ کے پاکیزہ احوال کے متعلق پوچھنا چاہیئے اور اس کا جواب سننا چاہیئے
کہ دیکھنے والے کا جواب چھپا نہیں رہتا، اور کبھی کسی غیر کا شبہ نہیں ہو سکتا۔ والسلام۔
اگر اس پر قناعت کریں تو بہت اچھا۔ اور مزید کلام چاہو، تو جان لیجیے کہ جب اللہ

مزید تفصیل

تعالیٰ انوارِ حقانی میں سے کسی نور کو اپنے بندے پر ظاہر کرتا ہے۔
تو وہ نور اس بندے میں ہر طرف سے داخل ہوتا ہے اور اسے جلا دیتا ہے

marfa.com
Marfat.com

یہاں تک کہ اس کا گوشت ہڈی جل جاتا ہے۔ اس کی ٹھنڈک اور روح تک اس کے داخل ہونے کی مشقت آدمی کو سکراتِ موت کے قریب کر دیتی ہے۔ پھر اس نور کا حال یہ ہوتا ہے، کہ مخلوق کے ان اسرار کے ساتھ وہ پھیلتا جاتا ہے، جن کو اللہ تعالیٰ بندے پر ان مشاہدات کے دوران کھولنا چاہتا ہے پس نور اس کی ذات میں مخلوق کے مذکور مختلف رنگوں میں داخل ہوتا ہے۔ پھر جب اللہ تعالیٰ اس پر زمین پر بسنے والی مخلوقات کے مشاہدات کھولنا چاہتا ہے تو وہی نور کبھی تو اس کے پاس آکر ان اسرار سے ڈراتا ہے جس سے اولاد آدم بنی ہے اور کبھی اس کے پاس ان اسرار کے ساتھ آتا ہے۔ جن سے چوپائے بنے ہیں اور کبھی ان اسرار کے ساتھ آتا ہے جن سے جمادات بنے ہیں مثلاً سبزیاں، پھل وغیرہ۔ اس طور پر کہ اس پر کسی چیز کا مشاہدہ اس وقت تک نہیں کھلتا۔ جب تک وہ ان کے اسرار سے سیراب نہ ہو جائے۔ بایں ہمہ وہ ہر مرتبہ ان حقائق کا مشاہدہ کرتا ہے جن کا پہلے کرتا رہا اور ان حقائق میں سے ایک بڑی حقیقت سید الوجود اور نشان شہود صلے اللہ علیہ وسلم ہیں۔ پھر جب اللہ تعالیٰ کسی بندے پر آپ کی ذات اقدس کے مشاہدے کا وعدہ فرماتا ہے تو اس وقت اسے مشاہدہ ذات اقدس نہیں ہوتا جب تک آپ کے تمام اوصاف و اسرار اس پر منکشف نہ فرما دے۔ فرض کیجیے دیدار سے پہلے آپ کی ذات اقدس کو کسی تاریک چیز کے مشابہ سمجھتا ہے حالانکہ آپ کی ذات اقدس اس نور کی طرح ہے جس میں کئی قسم کی شعاعیں منعکس ہوتی ہیں جن کے رنگوں کی تعداد سو تک پہنچتی ہے یا اس سے بھی زائد۔ جب اللہ تعالیٰ اس تاریک ذات کے ذریعے کرم فرمانا چاہتا ہے تو وہی نور جو اس کی مدد کرتا اور اسے سیراب کرتا ہے، ایک بار آتا ہے اور ان شعبوں کو یکے بعد دیگرے جلا دیتا ہے مثلاً ہم اس نور کو صبر فرض کرتے ہیں پس اس سے اس کی ضد یعنی جزع و قلق (بے صبری) کی سیاہی زائل ہو جاتی ہے۔ کبھی کسی اور شعبہ کی شکل میں آتا ہے، ہم اسے شعبۂ رحمت فرض کرتے ہیں، پس اس سے اس کی ضد یعنی عدم صبر (بے صبری) کی سیاہی زائل ہوتی ہے۔ کبھی کسی اور شعبہ کی صورت

marfat.com

Marfat.com

میں آتا ہے، ہم اسے شعبہ رحمت فرض کرتے ہیں، اس سے اس کی ضد یعنی عدم رحمت (ناترسی) کی تاریکی ختم ہو جاتی ہے۔ کبھی کسی اور شعبہ کی صورت میں آتا ہے، ہم اسے شعبہ حلم فرض کرتے ہیں، اس سے اس کی ضد کی تاریکی ختم ہو جاتی ہے۔ اسی طرح باقی۔ یہاں تک کہ جتنی صفات ذات اقدس میں ہیں وہ سب باری باری جلوہ فگن ہو کر تاریک ذات سے ایک ایک کر کے تمام سیاہ صفات کا خاتمہ کر دیتی ہیں، اب بندے میں ذات اقدس کے دیکھنے کی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ کیونکہ جب تک تاریکی ہے وہ اس کی ذات میں موجود تاریکی کی وجہ سے ہے اور ذات اقدس کا مشاہدہ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک دیکھنے والے کی ذات سے مکمل طور پر تاریکی نکل نہ جائے۔ ہماری مراد یہ نہیں کہ جب ذات اقدس کے اسرار و صفات کا جب اس پر پرتو پڑے گا تو وہ کامل طور پر دیکھنے والے میں آجائیں گے بلکہ ہماری مراد یہ ہے کہ اس کی طاقت و فطرت کے مطابق ان صفات کی تجلی اس پر ہو گی۔ ہم یہ بھی نہیں کہتے کہ جب ان صفات میں سے کسی صفت سے بندہ نوازا جائے تو سرکار کی ذات اقدس میں کوئی کمی آجائے گی۔ اور اتنی جگہ خالی رہے گی۔ کیونکہ انوار سے جتنا کچھ لیا جائے اپنے محل سے ختم نہیں ہوتے۔ اس بیان سے تم پر یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ آدمی اس وقت تک نبی علیہ السلام کی زیارت نہیں کر سکتا جب تک اپنے تمام اوصاف (اذیلہ) ختم کر کے ان اسرار شریفہ و انوار لطیفہ کو حاصل نہ کر لے۔ اور اس سے لاتعداد مقامات طے ہو جاتے ہیں۔

؎ فَاِنَّ فَضْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَيْسَ لَهٗ حَدٌّ فَيُعْرِبَ عَنْهُ نَاطِقٌ بِفَمِ

"بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فضل کی کوئی ایسی حد نہیں جسے بیان کرنے والا اپنی زبان سے بیان کر سکے۔" (بوصیری)

تو جن لوگوں نے ان مقامات کو دو ہزار یا اس سے زائد میں محدود بتایا ہے، انہوں نے دراصل اپنا حال اور اپنی فتوحات کا بیان کیا ہے، اور جو رہتا تھا رہ گیا۔ اس سے پہلے جو کہا گیا ہے کہ جو شخص ان تمام مقامات کو طے نہ کر لے اُسے دیدار سے مشرف نہیں کیا جاتا، تو اس سے مراد یہ ہے کہ اُسے کامل تر مشاہدہ حاصل نہیں ہوتا۔ اب جس آدمی میں کسی خصلت

marfa.com
Marfat.com

کی کمی ہے اور وہ شرف دیدار سے مشرف ہوتا ہے تو کامل طور پر نہیں ہو سکتا۔ اللہ بہتر جانتا ہے۔

فرمایا، کہ بعض مذکورہ فقہاء کا ایک سوال یہ بھی ہے، جناب عالی! حضور علیہ السلام کی شکل و صورت جو ایک مسلمان کے ذہن میں آتی ہے اور جس کا وہ تصور کرتا ہے عالم ارواح سے آتی ہے یا عالم مثال سے یا عالم خیال سے اور ذہن میں جو صورت آتی ہے اور اس سے باتیں کرنے کا جو خیال کیا جاتا ہے کیا ایسا شخص شیطان سے محفوظ ہوتا ہے؟ جیسے خواب میں دیکھنا کہ نبی علیہ السلام فرماتے ہیں" جس نے مجھے دیکھا سچ مچ اس نے مجھے ہی دیکھا شیطان میری مثال نہیں بن سکتا۔" یا جیسے بھی حضور علیہ السلام نے فرمایا۔ یا یہ دیکھنا اس جیسا نہیں؟ جواب دو کہ تمہیں اجر و ثواب ملے۔ آپ کو پاکیزہ تر سلام و رحمت۔ تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کا یہ جواب دیا کہ یہ حاضر کرنا۔

جواب اس شخص کی روح اور عقل سے ہے۔ تو جس شخص نے اپنی فکر کو حضور علیہ السلام کی طرف متوجہ کیا، اس کے ذہن میں آپ کی صورت آجاتی ہے۔ پھر اگر دیکھنے والا ان لوگوں میں سے ہے جن کو سرکار کی صورت معلوم ہے مثلاً صحابی ہے یا ان علماء میں سے ہے جنہوں نے اس موضوع پر بحث و تمحیص کی ہے پھر اس کو ذہن نشین کر لیا ہے تو اس کے فکر و شعور میں صورت مبارکہ اپنی اصل حالت میں آئیگی، اور جو شخص ان دو قسموں میں شامل نہیں اس کے ذہن میں صورت و اخلاق کے لحاظ سے انتہائی کامل انسان کی صورت حاضر ہوگی۔ پس کبھی تو ذہن میں آنیوالی صورت واقعے کے مطابق ہوگی اور کبھی غیر مطابق۔ اور ذہن میں آنیوالی صورت سرکار کی ذات کی ہوگی، نہ کہ روح کی۔ کیونکہ صحابہ کرام جس کو دیکھتے تھے اور علماء نے جس کی خبر دی ہے وہ سرکار کی ذات کی صورت ہے، روح کی نہیں، اور فکر و تصور انہی چیزوں کے گرد گھومتا ہے جن کا آدمی کو علم ہو۔ اور جن کو وہ پہچانتا ہو۔ اب تمہارا یہ سوال کہ کیا نظر

marfa.com
Marfat.com

آنیوالی صورت عالم ارواح سے ہے؟ اگر اس سے مراد تمہاری یہ ہے کہ صورت کو عالم ارواح سے حاضر کیا گیا ہے تو یہ ٹھیک ہے یعنی غور و فکر کی روح۔ اور اگر حاضر سے مراد یہ ہے کہ سرکار کی روح ہمارے افکار میں حاضر ہے تو یہ بات گزر چکی ہے کہ یہاں یہ مفہوم مراد نہیں۔ اب رہ گیا فکر میں آنے والی اس صورت میں ہمکلام ہونا۔ سو اگر دیکھنے والے کی روح پاک ہے اور نظر آنیوالی صورت سے محبت کرتی ہے اور اس کے اسرار اس سے پوشیدہ نہیں اور وہ اس کے ساتھ ایسی ہے، جیسے دوست کے ساتھ دوست۔ تو یہ گفتگو (شیطانی دراندازی سے) محفوظ و معصوم ہے، اور حق ہے اگر ذات اس کے برعکس ہے تو معاملہ برعکس ہے۔ اللہ توفیق دینے والا ہے۔ پھر چھٹے باب میں، ان اشباح پر کلام کرتے ہوئے جو شیخ رضی اللہ عنہ نے ان کو دیں ان کا بیان ہے۔ میں نے شیخ رضی اللہ عنہ کو مشاہدے پر گفتگو کرتے سنا ہے۔ وہ اسے بڑی اہمیت دیتے تھے۔ اور اشارۃً بتاتے تھے کہ اکثر لوگ اس سے عاجز ہیں اور وہ ان کے عجز کے اسباب بھی بتاتے تھے یہاں تک کہ

حکایت انہوں نے ہمیں اپنی حکایت سنائی۔ فرمایا کہ ۲۷ھ کے آخر میں، میں ایک ولی اللہ سے ملا۔ میں نے ان سے کہا کہ اللہ سے دعا کریں کہ مجھے سرکار کی زیارت نصیب ہو جائے، انہوں نے مجھے کہا، اس بات کو چھوڑ دو، اور اللہ سے مت مانگو، یہاں تک کہ وہ خود تمہیں بغیر سوال کئے عطا فرمائے۔ کیونکہ بغیر مانگے اگر وہ عطا فرمائے تو تمہاری اس سلسلہ میں مدد فرمائے گا۔ اور یہ نعمت نازل ہونے سے پہلے تمہیں قوت عطا فرمائے گا اور جب تم اللہ سے اس کا سوال کرو گے اور کثرت سے کرو گے تو وہ تمہیں نامراد تو نہیں کرے گا لیکن ڈر ہے کہ تمہیں تمہارے نفس کے سپرد کرے۔ پھر تم اس سے عاجز ہو جاؤ گے میں نے ان سے کہا آپ میرے لیے اس کی دعا کریں مجھ میں طاقت ہے۔ فرمایا اچھا انسانوں کی دنیا پر نظر دوڑاؤ، میں نے دیکھا، فرمایا سب کو اپنی آنکھوں

marfa.com
Marfat.com

کے آگے جمع کرلو یہاں تک کہ انگوٹھی کے حلقے کی طرح ہو جائے۔ میں نے کہا جمع کر لیا۔ فرمایا اب جنات کی دنیا پر نظر دوڑاؤ اور ان کو بھی اسی طرح اپنے سامنے کرلو۔ میں نے کہا کر لیا۔ فرمایا فرشتوں کی دنیا پر نظر دوڑاؤ، زمین، آسمان اور عرش کے فرشتے۔ ان سے بھی ایسا ہی کرو۔ میں نے کہا کرلیا۔ فرمایا کہ وہ ایک ایک عالم گنتے گئے یہاں تک کہ متعدد اقسام شمار کر لیے۔ جنت کی دنیا اور جو کچھ اس میں ہے۔ جہنم کی دنیا اور جو کچھ اس میں ہے، اور مجھے حکم دیا کہ سب کو اپنی نظروں کے سامنے لاؤ۔ میں جمع کرتا گیا اور کہتا گیا کر لیا۔ پھر فرمایا اپنی آنکھوں کے سامنے جو مجموعہ ہے اسے بیک وقت غور سے دیکھو، اور پوری کوشش کرو۔ کیا ایک نظر میں سب کو حاضر کر سکتے ہو؟۔ میں نے کوشش کی، مگر مجھ سے نہ ہو سکا، فرمایا تم اس تمام مخلوق کو نہیں دیکھ سکتے اور ایک نظر میں حاضر کرنے سے عاجز ہو، تو خالق سبحانہٗ وتعالیٰ کا مشاہدہ کیسے کر سکتے ہو؟ اب مجھے صحیح پتہ چلا اور میں خون کے آنسو رویا کہ مجھے اس شے کی حرص تھی جو میرے بس میں نہ تھی، فرمایا اس تمام مخلوق کو ایک نظر میں دیکھ لینا، انسان کے بس میں نہیں، فرمایا اسی طرح جو اولیاء اللہ نبی علیہ السلام کو جاگتے ہوئے دیکھتے ہیں، وہ اس وقت تک آپ کو نہیں دیکھ سکتے جب تک یہ سب جہان دیکھ نہ لیں۔ لیکن وہ بھی ایک نظر سے نہیں دیکھ سکتے۔ پھر نویں باب میں ایک طویل کلام کے بعد فرمایا، جب آدمی کو بیداری میں سرکار کا دیدار حاصل ہو جاتا ہے، تو اسے شیطان کے کھیل سے امان مل جاتی ہے، کیونکہ وہ اللہ کی رحمت سے مل جاتا ہے اور وہ رحمت ہمارے آقا و مولا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ پھر اس کا ذات اقدس سے ملاقات کرنا، حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی معرفت اور ذات ازلی کے مشاہدہ کا سبب بن جاتا ہے۔ کیونکہ وہ ذات اقدس ذات حق تعالیٰ میں غائب اور حق تعالیٰ کے مشاہدہ میں منہمک پاتا ہے، پس ولی بھی ہمیشہ نبی علیہ السلام کی ذات پاک کی برکت سے حق سبحانہ وتعالیٰ سے تعلق قائم کر لیتا ہے، اور آہستہ آہستہ اس کی معرفت میں ترقی کرتا جاتا ہے، یہاں تک

marfa.com
Marfat.com

کہ اُسے ذات کا مشاہدہ اور اسرار معرفت و انوار محبت سے نوازا جاتا ہے۔ پھر نویں باب میں یہی فرمایا، میں نے شیخ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سُنا کہ ہر چیز کی علامت ہوتی ہے اور بندے کے بیداری میں زیارت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہونے کی علامت یہ ہے کہ اس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فکر میں ہمیشہ لگن رہے کہ کبھی اس کے فکر سے آپ غائب نہ ہوں اور توجہ ہٹانے والی کوئی چیز اس کی توجہ کو نہ ہٹا سکے، نہ کسی اور میں مشغول کر سکے۔ ایسے دیکھے کہ کھانا کھا رہا ہے اور نظر رُخ انور پر ہے، پی رہا ہے اور نظر وہیں ہے، جھگڑتا ہے اور نظر وہیں ہے، سو رہا ہے اور نگاہ وہیں جمی ہوتی ہے، میں نے کہا کیا ایسا بندے کے عمل اور حیلہ سے ہو سکتا ہے؟ فرمایا نہیں کیونکہ اگر ایسا بندے کے عمل اور حیلہ سے ہوتا، تو کبھی سرکار سے غفلت ہو جاتی، جب کوئی توجہ کو پھیرنے والی، یا غفلت طاری کرنیوالی شے آڑے آجاتی۔ بلکہ یہ خدائی معاملہ ہے جو بندے کو اس پر آمادہ کرتا اور اس کام میں لگاتا ہے اور بندہ اس سلسلہ میں اپنا اختیار محسوس نہیں کرتا۔ یہاں تک کہ اگر بندے کو اس کیفیت کے دُور کرنے کی تکلیف دی جائے تو نہ کر سکے۔ اس لئے مصروفیات اور خیالات اسے دور نہیں کر سکے۔

سو بندے کا باطن تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوتا ہے اور ظاہر لوگوں کے ساتھ۔ ان سے بلا ارادہ باتیں کرتا اور کھاتا ہے اور ظاہری طور پر جو کچھ دیکھتا ہے اُسے بلا ارادہ کر ڈالتا ہے۔ کیونکہ اعتبار تو دل کا ہے اور وہ لوگوں کے علاوہ کسی اور سے ہوتا ہے، جب بندہ ایک مدت تک اس حال پہ رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے بیداری میں اپنے نبی کریم اور رسول عظیم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب کرتا ہے، مدت غور و فکر مختلف ہوتی ہے۔ کسی کے لیے ایک ماہ، کسی کے لیے اس سے کم اور کسی کے لیے اس سے زیادہ۔ فرمایا نبی علیہ السلام کی زیارت بہت بڑی سعادت اور اہم تر واقعہ ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ بندے کو عافیت نہ دے تو کبھی اس سے بہرہ ور

marfa.com
Marfat.com

نہ ہو سکے۔ پس اگر ہم ایک ایسا آدمی فرض کریں جو بہت طاقت ور ہو اور اس میں ایسے چالیس شاہ زوروں کا زور جمع ہو، جن میں سے ہر ایک سماعت و بسالت کی بنا پر شیر کا کان پکڑ سکتا ہو، پھر ہم فرض کریں کہ اس شخص کے سامنے نبی علیہ السلام کسی محل سے نکل کر آ گئے ہیں تو سرکار کے عظیم رعب و داب سے اس شخص کا جگر پھٹ جائے، جسم پگھل جائے اور روح نکل جائے۔ اس عظیم سطوت کے باوجود اس دیدار پاک میں وہ لذت ہے اس کی کیفیت بیان و شمار سے باہر ہے۔ یہاں تک کہ دیدارِ سرکار سے مشرف ہونیوالوں کے نزدیک یہ دخول جنت سے افضل ہے، کیونکہ جنت میں داخل ہونیوالا اس کی ساری نعمتیں (بیک وقت) نہیں پاتا۔ بلکہ ہر شخص کے لئے مخصوص نعمت ہوتی ہے۔ بخلاف دیدار مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے، کہ جب کسی کو مشاہدہ مذکور حاصل ہوتا ہے تو اس کو اہلِ جنت کی تمام نعمتیں پلا دی جاتی ہیں۔ پس وہ ہر قسم کی لذت و مٹھاس اسی طرح محسوس کرتا ہے جیسے اہل جنت، جنت میں اور یہ لذتیں ان کی بہ نسبت قلیل ہیں، جن کے نور سے جنت بنائی گئی۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ان پر اللہ کی رحمت، کرم، بزرگی و عظمت کا نزول ہو۔ اور ان کی آل و اصحاب پر۔ فرمایا یہ سیرابی مشاہدے میں حاصل ہوتی ہے جس کا مشاہدہ دائمی ہوگا اس کی سیرابی بھی دائمی ہوگی۔ امام ابن المبارک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

امام ابن المبارک کا ارشاد

"میں کہتا ہوں میں شمائل ترمذی اور اس کی خروج کو دیکھ رہا تھا جب راویان حدیث سرکار کے رنگ مبارک، قد کے طول۔ یا بالوں کے طول یا رفتار وغیرہ میں اختلاف کرتے تو میں اپنے شیخ رضی اللہ عنہ کے پاس جاتا اور ان سے اس بارے میں سوال کرتا تو آپ ایسا جواب دیتے جو دیکھنے اور مشاہدہ کرنیوالا دیا کرتا ہے، فرمایا کہ ہم نے ایسے بعض واقعات باب اوّل کے آخر میں لکھے ہیں۔ واللہ اعلم۔

marfa.com
Marfat.com

فرمایا کہ عجیب بات یہ تھی کہ میں نے یہ باتیں شیخ رضی اللہ عنہ سے اس وقت پوچھیں جب آپ درختوں کی کانٹ چھانٹ اور مضر پودوں کو تلف کرنے میں مصروف تھے۔ اور سوال کے وقت ان کا رُخ اور توجہ بھی دوسری طرف تھی۔ میں نے مذکورۃ الصدر سوال ابھی ختم کرنے نہیں پاتا تھا کہ آپ بلا توقف مجھے جواب دیتے جاتے۔ اس سے مجھے مجوزہ بات صحیح ثابت ہوگئی کہ اعتبار باطن کا ہوتا ہے اور جو کچھ بظاہر کرتے ہیں، بلا ارادہ کرتے ہیں۔ پس آپ کا درختوں کی کانٹ چھانٹ کرنا بلا ارادہ تھا اور باطن کا تعلق بارگاہ عالی سے تھا۔ اسی لیے جواب میں غور نہیں کرتے تھے۔ واللہ اعلم۔

آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس کی علامت کہ بندے کو اللہ کا دیدار حاصل ہو یہ ہے کہ دیدار رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اپنے رب سے ایسا تعلق اس کے ذہن میں پیدا ہو جائے کہ اس کی سوچ اس میں ایسی غائب ہو جائے جیسے علیہ السلام کے بارے میں گزشتہ گفتگو میں بیان ہوا۔ پھر یہی حال رہے یہاں تک کہ حق تعالیٰ کے دیدار کے دروازے اس پر کھل جائیں کہ یہی اس کے دل کا پھل اور فکر کا نتیجہ ہو۔ جب مشاہدۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے نتیجہ میں اُسے جنت کی تمام نعمتوں کی لذت حاصل ہوتی ہے تو مشاہدۂ ذات باری تعالیٰ کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے؟ جو نبی علیہ السلام، جنت اور ہر شے کا خالق ہے فرمایا کہ مشاہدۂ خداوندی کے بعد لوگوں کی دو قسمیں ہو جاتی ہیں۔

لوگوں کی دو قسمیں

ایک قسم ان لوگوں کی ہے جو مشاہدۂ حق میں اس طرح منہمک ہو جاتے ہیں کہ باقی مخلوق سے غائب رہتے ہیں۔ دوسری قسم کامل تر ہے، ان کی ارواح تو حق تعالیٰ کے مشاہدہ میں منہمک ہوتی ہیں اور دوات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مشاہدہ میں مستغرق رہتی ہیں۔

marfa.com
Marfat.com

پس نہ تو ان کی ارواح کا مشاہدہ، ذوات کے مشاہدہ پر غالب آتا ہے اور نہ ان کی ذوات کا مشاہدہ ارواح کے مشاہدہ پر، فرمایا یہ قسم کامل تر ہے۔ کیونکہ ان کا مشاہدہ حق، پہلے گروہ کے مشاہدۂ حق سے کامل تر ہے۔ اور ان کا مشاہدہ حق تعالیٰ اس لیے کامل تر ہے، کیونکہ یہ لوگ مشاہدہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے الگ نہیں ہوتے، جو لقاء کے بعد مشاہدہ حق تعالیٰ کا سبب ہے۔ پس جس کو مشاہدۂ نبی صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ ہوگا اُسے مشاہدۂ حق سبحانہٗ وتعالیٰ بھی زیادہ ہوگا اور جس کا مشاہدہ کم ہوا اس کا وہ مشاہدہ بھی کم ہوگا۔ فرمایا، اگر بندے کو اختیار ہوا اور اس کی عمر مثلاً نوے سال کی ہو تو وہ سوائے دیدارِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کسی بات کی تمنا نہ کرے۔ اور موت سے ایک دن پہلے اُسے دیدار خداوندی نصیب ہوگا۔ اس دن اس کے لیے دیدار باری تعالیٰ کے دروازے کھل جائیں گے کیونکہ اس کا قدم مشاہدہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں مضبوطی سے جم چکا ہے۔ سب سے زیادہ فتوحات اس پر کھلتی ہیں جسے اس دنیا میں شروع سے آخر تک دونوں مشاہدے حاصل ہوتے ہیں پھر آپ نے ایک آئینہ اپنی آنکھوں کے سامنے رکھا اور حروف کو دیکھنا شروع کیا۔ اور فرمایا کیا ایسا نہیں کہ حروف اور ان کی چمک جو نظر آ رہی ہے وہ آئینے کی صفائی اور تاب کے تابع ہے؟ میں نے کہا جی ہاں! فرمایا نبی علیہ السلام کا مشاہدہ آئینہ کی طرح ہے اور حق سبحانہ کا مشاہدہ حروف کی طرح ہے نبی علیہ السلام کا مشاہدہ جتنا صاف اور تابدار ہوگا، مشاہدۂ ذات باری تعالیٰ میں اتنی ہی صفائی و تابانی ہوگی اور ذات ازلی کے مشاہدہ میں نابینائی ختم ہو جائے گی۔ میں نے آپ سے یہ کلام اس وقت سُنا جب بعض بزرگ فقہاء نے آپ سے یہ سوال کیا، کیا ولی نماز چھوڑ سکتا ہے؟ فرمایا ولی نماز نہیں چھوڑ سکتا۔ اور ایسا کیونکر ہو سکتا ہے؟ وہ تو ہمیشہ دو جلوہ گاہوں میں رہتا ہے۔ اس کی ذات تو مشاہدۂ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی جلوہ گاہ میں ہوتی ہے۔ اور دوسرا

marfa.com
Marfat.com

مشاہدۂ حق کی جلوہ گاہ ہیں۔ اور دونوں مشاہدے اسے نماز اور باقی احکام شرعیہ کا حکم دیتے ہیں۔ ایک اور مرتبہ آپ نے فرمایا، ولی نماز کا تارک کیسے ہو سکتا ہے؟ حالانکہ جو بھلائی اسے دونوں مشاہدوں سے حاصل ہوتی ہے، وہ اسی وقت تو حاصل ہوتی ہے جب اس کی ذات کو ذات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسرار و رموز سے سیراب کیا گیا۔ اور ذات اقدس کے اسرار سے کسی ایسی ذات کو کیونکر سیراب کیا جا سکتا ہے؟ جو ذات اقدس کے سے کام نہ کرے۔ یہ نہیں ہو سکتا۔" الابریز کی عبارت ختم ہوئی۔ اسی کتاب کے چوتھے باب میں، غار حراء کے دربار میں اولیاء کرام کے ہر رات جمع ہونے اور بعض اوقات نبی علیہ السلام کے حاضر ہونے اور سرکار کا تمام انبیائے کرام اور ان کے ہمراہ ازواج مطہرات، امہات المومنین، فرشتوں اور اکابر صحابہ کرام، صلوٰت اللہ وسلامہ علیہ و علیہم اجمعین کے ساتھ لیلۃ القدر میں تشریف فرما ہونا۔ وغیرہ کی کیفیت بیان فرمائی۔ جو چاہے اس کی طرف رجوع کرے۔

عارف باللہ سیدی شیخ عبدالغنی نابلسی نے سیدی عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے مجموعہ صلوٰت کی شرح میں اس قول پر وَاَتْحَفْنَا بِمُشَاهَدَتِهٖ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں سرکار کے دیدار کا تحفہ عنایت فرمائے فرمایا۔ یعنی دنیا میں بحالت بیداری سرکار کا دیدار اور دیکھنا۔

اور شیخ جلال الدین سیوطی کا اس سلسلہ میں ایک رسالہ ہے جس کا نام ہے "رؤیۃ النبی والملک" شیخ عبدالغنی فرماتے ہیں، میں مدینہ منورہ میں، جس سال حاضر تھا، ماہ رمضان المبارک ۱۱۰۵ھ کو شیخ امام، ھمام، فاضل، کامل، عالم، عامل سید محمود کردی رحمۃ اللہ سے ملا۔ میں حجرہ نبوی (روضہ اقدس) کے دروازے کے پاس ان کے ہمراہ بیٹھا کرتا تھا۔ اس کے سکونت پذیر آقا پر بزرگ درود، کامل تر سلام و آداب۔ وہ مجھے بتایا کرتے کہ نبی علیہ السلام کی زیارت سے وہ بیداری میں مشرف ہوتے اور کلام کرتے

marfa.com
Marfat.com

ہیں، کبھی وہ حجرۂ اقدس کی طرف آتے تو ان سے کہا جاتا، سرکار اپنے چچا محترم حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی زیارت کے لیے تشریف لے گئے ہیں۔ وہ مجھے ایسے تمام واقعات سنایا کرتے تھے جو ان کے اور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان عالم بیداری میں ہوئے۔ میرا اس پر ایمان ہے اور اس بارے میں اُن کی تصدیق کرتا ہوں۔ وہ سچے علماء میں سے تھے۔ حتیٰ کہ ایک دن انہوں نے مجھے اپنے گھر بلایا۔ جو مدینہ منورہ میں تھا اور میری مہمانی کی اور مجھے اپنی تفسیر قرآن نکال کر دکھائی جو آٹھ جلدوں میں تھی اور حضور علیہ السلام پر درود شریف کے موضوع پر میں نے ان کی ایک کتاب دیکھی جو مشہور و معروف دلائل الخیرات شریف کی طرز پر تھی اور حجم میں اس سے بڑی تھی۔ پھر قصیدہ ہمزیہ کی شرح سے، علامہ ابن حجر ہیتمی کی عبارت نقل فرمائی اور فرمایا میں کہتا ہوں یہ کوئی عجیب معاملہ یا غریب صورت حال نہیں کیونکہ مرنے والوں کی روحیں مطلقاً نہ مری ہیں نہ کبھی مریں گی۔ بلکہ جب خاکی عنصری بدنوں سے جدا ہوتی ہیں، اپنی صورتیں اپنا لیتی ہیں۔ جیسے روح الامین جبریل علیہ السلام اعرابی دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کی شکل میں تشریف لاتے تھے۔ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحیح احادیث میں آتا ہے۔ جب عام لوگوں کی روحوں کا یہ حال ہے، جنہوں نے کامل اتباع بھی نہیں کی اور وہ فرائض جو ان پر لازم تھے ان کو ادا بھی نہیں کیا۔ جیسے فرمان باری تعالیٰ ہے۔ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينَةٌ إِلَّا أَصْحَابَ الْيَمِينِ "دائیں جانب والوں کے سوا، ہر آدمی اپنے اعمال کے بدلے گروی ہے۔" الجندی نے "شرح خصوص الحکم" میں کہا کہ شیخ اکبر قدس سرہٗ اپنی موت کے بعد اپنے گھر آتے اور اپنی ام ولدہ سے فرماتے، تمہارا کیا حال ہے، تو کیسی ہے؟ اس ام ولدہ نے انہیں یہ بات بتائی، اور وہ اس کی صداقت میں شک نہیں کرتے تھے تو پھر تیرا نبیوں اور رسولوں کی روحوں کے متعلق کیا خیال ہے۔ ان سب پر اللہ کی رحمتیں اور سلام ہوں۔ موت روحوں کے معدوم ہونے کا نام نہیں، خواہ جسم کتنے ہی پرانے ہو جائیں، سوال قبر حق ہے۔ یونہی قبر کی نعمتیں اور عذاب اہل سنت و جماعت

marfa.com
Marfat.com

کے نزدیک حق ہے۔ اور سوال۔ نعمتیں۔ عذاب۔ عالم دنیا میں نہیں، عالم برزخ میں ہیں۔ اور عالم برزخ کا دروازہ قبر ہے اور قبروں میں تو مردوں کے جسم ہی ہوتے ہیں کہ قبریں اس دنیا میں ہیں اور مرنیوالوں کی روحیں عالم برزخ میں بلاشک وشبہ زندہ ہیں۔ دنیا میں جسم روحوں کی وجہ سے زندہ ہیں۔ جب ان میں روحوں کا تصرف ختم ہوگیا تو جسم مرگئے۔ روحیں پہلے کی طرح زندہ باقی ہیں۔ موت تو ایک دنیا سے دوسری دنیا کی طرف منتقل ہونا ہے۔ پس وہ روحیں جو اپنی بداعمالی میں گروی نہیں، آزاد ہیں، عالم برزخ میں چرتی چلتی ہیں۔ یہ اپنے جسموں کی شکل میں اور ان کے لباس میں ہوتی ہیں، جس کے لیے اللہ ان کو ظاہر فرمانا چاہیے اس کے لیے دنیا میں ظاہر ہوتی ہیں۔ جیسے نبیوں، ولیوں اور اللہ کے نیک بندوں کی روحیں اور اس بات میں شک کرنا مومن کی شایان شان نہیں کیونکہ یہ اسلامی قواعد واحکام پر مبنی ہے اور اس میں صرف بدعتی۔ گمراہ جو عقل وفہم کی پٹھوں پر منجمد ہیں، ہی شک کر سکتے اور جسے چاہے سیدھے راہ پر چلائے اور وہ سب کچھ جانتا ہے۔" الخ

شیخ عارف نابلسی ہی شیخ اکبر کی کتاب "الصلوٰۃ المحمدیہ" کی شرح کے آخر میں فرماتے ہیں وَعَلٰی اٰلِہٖ، اور آپ کا دیدار کرنیوالوں اور پہچاننے والوں پر (درود وسلام) وَاَصْحَابِہٖ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ پر، اصحاب صاحب کی جمع ہے اور صاحب رسول ہر وہ مسلمان ہے جس نے آپ سے ملاقات کی اور آخر دم تک ایمان پر رہ کر انتقال کیا۔ بیشک نبی علیہ السلام کا دیدار کامل اہل ایمان وایقان کے لیے باقی ہے علمائے کاملین میں سے ایک کے ساتھ میں رہا۔ وہ مجھے نبی علیہ السلام کے دیدار اور ملاقات بحالت بیداری کا بتایا کرتے تھے۔ میں رمضان ۱۱۵۰ھ میں جب کہ مدینہ طیبہ میں حاضر تھا، حرم نبوی میں ان سے ملا کرتا تھا اور ان کے ہمراہ حجرہ (روضہ) رسول کے دروازے کے پاس بیٹھا کرتا تھا وہ نبی علیہ السلام سے اپنے معاملات مجھے بتایا کرتے تھے اور میں دل سے ان سب کی تصدیق کرتا تھا۔ وہ مجھ سے محبت کرتے اور میں ان سے۔ مجھے

marfa.com
Marfat.com

اپنے گھر دعوت دیتے اور میں ان کے ہمراہ روزہ افطار کرتا، ایک مرتبہ انہوں نے مجھے کئی جلدوں میں اپنی تفسیر قرآن دکھائی۔ وہ بڑے علماء میں سے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے۔" الخ

میں کہتا ہوں میں شیخ محمود کردی مذکور، رضی اللہ عنہ کی تین کتابیں حاصل کرنے میں کامیاب ہوا۔ ایک نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے متعلق، جو "دلائل الخیرات" کے حجم کی تھی۔ اس کا نام تھا "اَدَلُّ الْخَیْرَاتِ" دوسری کتاب بھی اسی حجم کی تھی جس کا نام تھا "الباقیات الصالحات" یہ بھی نبی علیہ السلام پر درود بھیجنے کی فضیلت اور دوسرے اذکار ہیں۔ تیسری کتاب کا نام تھا "الکفایۃ" جس میں انہوں نے وہ اذکار جمع کئے جن کا حدیث شریف میں صبح و شام پڑھنے کا حکم ہے۔

آپ ان علماء میں شامل ہیں جن کے حوالہ جات میں نے اس کتاب میں نقل کئے ہیں۔ الباقیات الصالحات میں ہے کہ آپ نے روضہ اقدس کے باہر سے سلام عرض کیا۔ پس نبی علیہ السلام نے سلام کا جواب دیا۔ یہ معاملہ سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ (صحابی نہیں) سے بھی ہوا ہے۔ اس میں مذکور ہے کہ نبی علیہ السلام نے ان کا نام "لمبے ہاتھ والا" (صاحب الید الطویل) رکھا تھا۔

اس کا ذکر نہیں کہ یہ بیداری میں تھا یا خواب میں اور یہ جو فرمایا (صاحب الید الطویل) جس نسخہ سے میں نے نقل کیا اس میں یہی الفاظ ہیں۔ یہ بھی ہو سکتا ہے اصل لفظ الطولیٰ ہو اور غلطی سے الطویل لکھ دیا گیا ہو۔ کتاب اول الخیرات میں مذکور ہے کہ آپ کی ملاقات خضر علیہ السلام سے ہوئی۔ عبارت یہ ہے "اہل بصیرت کی ایک بڑی جماعت خضر علیہ السلام کی بقاء کی قائل ہے اور اس کتاب کے مؤلف نے اپنی آنکھوں سے آپ کو مسجد نبوی میں دیکھا ہے۔ ان سے مصافحہ کیا اور ان سے دعا کی درخواست کی ہے۔ اللہ کا شکر ہے منکر کو معافی ہے کہ مسئلہ اتفاقی نہیں۔" القطب محمد بن عبدالکریم السحان نے، جیسا کہ ان سے

marfa.com
Marfat.com

شیخ عمر قونی نے کتاب الرماح میں نقل کیا، فرمایا، نبی علیہ السلام کی بارگاہ اقدس سے تعلق دو طرح کا ہوتا ہے۔ اوّل یہ کہ حضور علیہ السلام کی حاضر کیا جائے، اور حاضری کے وقت آپ کے اجلال، تعظیم، ہیبت و وقار کے پیش نظر اس سے ادب کا برتاؤ کیا جائے۔ اگر یہ نہ ہو سکے تو وہ صورت ذہن میں حاضر کر جسے تو نے خواب میں دیکھا ہے۔ اور اگر خواب میں کبھی تم نے حضور علیہ السلام کو دیکھا ہی نہیں، تو جس وقت تم سرکار کا ذکر کرو، تو یہ تصور باندھو، گویا تم سرکار کی جلالت تعظیم، ہیبت اور حیاء کے پیش نظر، ادب سے کھڑے ہو۔ تم نے جب بھی ان کا ذکر کیا، وہ تمہیں دیکھتے اور سنتے ہیں۔ کیونکہ آپ اللہ کی صفات سے متصف ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے ذکر کرنے والے کا ہمنشین ہوتا ہے۔

دوم تعلق معنوی ہے کہ آپ کی صورت کا تصور اس طرح کرو کہ حقیقت کاملہ اوصاف۔ کمال سے موصوف، جلال و جمال کی جامع صفاتِ خداوندی سے مزین۔ جو نور ذات سے ہمیشہ منور رہتی ہے۔ اگر یہ نہ ہو سکے، تو جان لو، کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم روحِ کلی ہیں۔ جو وجود حقائق کے دونوں کناروں پر قائم ہے۔ ایک کنارہ قدیم دوسرا حادث۔ پس سرکار ذات و صفات ہیں دونوں کناروں کی حقیقت ہیں۔ کیونکہ آپ نورِ ذات سے پیدا ہوتے ہیں اور اس کے اوصاف افعال، آثار و موخرات کے، ذات و حکم کے لحاظ سے جامع ہیں۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کے حق میں فرمایا "ثُمَّ دَنٰی فَتَدَلّٰی فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی" "پھر حضور قریب ہوئے، سو جلوہ حق تعالیٰ بھی قریب آگیا، پھر دو کمانوں کی مقدار یا قریب تر ہو گیا"، نبی علیہ السلام دراصل حقیقت اور تمام مخلوق کے درمیان ایک آڑ ہیں کہ آپ ہی تمام حقائق کی حقیقت ہیں۔ اسی لیے شب معراج آپ کا مقام بالائے عرش رہا۔ اور تم جانتے ہو کہ عرش، مخلوق کی آخری حد ہے کہ اس کے اوپر مخلوق نہیں۔ لہٰذا نبی علیہ السلام جب عرش پر متمکن ہوئے تو تمام تر مخلوق سرکار کے قدموں تلے، اور آپ کا رب آپ کے اوپر۔ پس آپ معنوی طور پر برزخ ہیں کہ آپکا وجود نورِ حق سے ہے اور باقی مخلوق کا وجود آپکے نور سے ہے۔ پس آپ دونوں چیثوں سے، ان دو وصفوں سے موصوف ہیں۔ صورۃً بھی اور معناً بھی۔

marfa.com
Marfat.com

حکماً بھی اور ذاتاً بھی ۔فرمایا کہ میرا وجود اللہ سے ہے اور اہل ایمان کا وجود مجھ سے ہے ۔
اب جب تم میری بات سمجھ گئے تو اب تمہارے لیے یہ کمال محمدی حاصل کرنا آسان ہو جائے
گا ۔انشاء اللہ تعالیٰ ۔

پھر جان لو، اللہ ہمیں اور تمہیں توفیق دے اور اللہ ہمیں یہ صاف شربت نصیب
کرے کہ حقیقت محمدیہ کا تمام دنیا میں ظہور ہے ۔پس عالم اجسام میں آپ کا ظہور اس
طرح نہیں جس طرح عالم ارواح میں ہے ۔کیونکہ جسموں کی دنیا میں وہ وسعت نہیں جو
روحوں کی دنیا میں ہے اور عالم ارواح میں آپ کا ظہور ایسا نہیں، جیسا عالم معنیٰ میں ہے،
کیونکہ عالم معنیٰ، عالم ارواح سے لطیف تر اور وسیع تر ہے اور زمین میں آپ کا ظہور ایسا نہیں
جیسا آسمان میں ۔اور آسمان میں آپ کا ظہور ایسا نہیں جیسا عرش کی دائیں طرف ۔اور عرش کی
دائیں طرف آپ کا ظہور ایسا نہیں، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں کہ جہاں نہ این (کہاں) ہے نہ
کیف (کیسے) پس ہر مقام جو پہلے کی نسبت بلند تر ہے اس میں آپ ظہور بھی پہلے کی نسبت
کامل تر ہے اور ہر مقام پر وہ جلالت و ہیبت ہے جسے وہ قبول کرے ۔یہاں تک کہ آپ
ایسے مقام تک جا پہنچتے ہیں، جہاں نہ آپ کو نہ کوئی نبی دیکھ سکے ۔نہ فرشتہ ۔نہ ولی ۔
یہ مطلب ہے حضور علیہ السلام کے اس قول کا "لِیْ مَعَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَقْتٌ لَا یَسَعُنِیْ فِیْہِ
مَلَکٌ مُّقَرَّبٌ وَّلَا نَبِیٌّ مُّرْسَلٌ" (بخاری و مسلم) "مجھے اللہ کے ساتھ ایک ایسا
وقت میسر ہے جس میں نہ کوئی مقرب فرشتہ مجھ تک رسائی حاصل کر سکتا ہے نہ نبی مرسل"۔
پس میرے بھائی! بلند ہمتی سے کام لے تاکہ سرکار کا وہ کہیں بھی ہوں بلند تر مظاہر میں،
عظیم النسان دیدار کر سکے ۔اشارہ سمجھو ۔میرے مخلص دوست! میں تجھے وصیت کرتا
ہوں کہ ہمیشہ سرکار کی صورت اور معنیٰ کا تصور کیے رکھنا اگرچہ شروع شروع میں، صورت
کو حاضر کرنے میں تمہیں تکلیف ہوگی، لیکن عنقریب تمہاری روح اس سے مانوس ہو
جائے گی ۔پس سرکار حقیقۃً تیرے سامنے حاضر ہونگے اور تو اُن سے بات چیت کریگا

marfa.com
Marfat.com

وہ تجھے جواب دیں گے اور بات چیت کریں گے، جس سے تو (ایک گونہ) درجۂ صحابہ سے بہرہ ور ہوگا اور ان سے انشاء اللہ ملیگا۔ نبی علیہ السلام فرماتے ہیں "اَکْثِرُوْا عَلَیَّ صَلَاۃً اَقْرَبُکُمْ مِنِّیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ" "جو تم سے مجھ پر زیادہ درود بھیجے گا، وہ قیامت کے دن سب سے زیادہ میرے قریب ہوگا۔" جب زبانی درود پڑھنے کا یہ نتیجہ ہے تو دل روح اور سر سے درود پڑھنے کا کیا نتیجہ ہوگا۔ وہ یقیناً حضور علیہ السلام اور حق تعالیٰ کے ساتھ ہوگا۔ کیونکہ ظاہری عمل، جو کہ نبی علیہ السلام پر درود پڑھنا ہے کا نتیجہ، جتنی ہونا ہے اور باطن جو کہ تعلق، توجہ اور صورت و صفی کو ہمیشہ سامنے رکھنا ہے، کا نتیجہ بارگاہ خداوندی کا قرب حاصل ہونا ہے۔ تو سچائی کی مجلس میں پہنچے گا۔ جہاں، کہاں، نہ کیسے، اشارہ سمجھو، بشارت پاؤ گے۔

معرفتِ خدا و معرفتِ مصطفےٰ میں فرق

جان لو کہ دلی کامل کو جوں جوں معرفت خداوندی زیادہ ہوتی جاتی ہے، اس میں سکون و ثبات آتا جاتا ہے کیونکہ وہ اللہ کے ذکر کے وقت موجود ہوتا ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ اس کو بھولتا نہیں اور جوں جوں اس کو معرفتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ترقی ہوتی ہے، اس میں اضطراب و بے قراری آتی جاتی ہے اور ذکر رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت خاص آثار ظاہر ہوتے ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ ولی کو اللہ کی معرفت اپنی قابلیت اور محبت خداوندی کے مطابق ہوتی ہے اور نبی کی معرفت اللہ کی معرفت سے پیدا ہوتی ہے، جس قدر نبی کی قابلیت ہے اسی لیے اس میں اضطراب آثار نہیں ہوتے اور جوں جوں ولی کو نبی کی معرفت زیادہ ہوتی جاتی ہے، وہ دوسروں سے کامل تر اور بارگاہ خداوندی میں اس کی رسائی ممکن تر ہو جاتی ہے اور معرفتِ خداوندی میں وہ یکتا ہو جاتا ہے۔

قیمتی خلعت

پھر جان لیجئے کہ اولیاء اللہ میں سے جن جن نے نبی علیہ السلام کو،

marfa.com
Marfat.com

تجلیات خداوندی میں سے کسی تجلی میں، خلعت کمال میں ملبوس دیکھا، نبی علیہ السلام وہ خلعت دیکھنے والے پر صدقہ کر دیتے ہیں یہ اس کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے تحفہ ہوتا ہے۔ اگر طاقتور ہے تو دنیا میں اس کو فوری طور پر یہ لباس پہننا ممکن ہے۔ ورنہ یہ خلعت اللہ کے ہاں اس کی امانت ہے، جب طاقت ہو گی، پہن لے گا۔ خواہ دنیا میں، خواہ آخرت میں۔ اب جس کو یہ خلعت نصیب ہو گئی اور اس نے دنیا میں اسے پہن لیا تو قیامت کے دن یہ طاقت اسے نبی علیہ السلام سے ملے گی۔

اب جس نے اس ولی کو بھی، ان تجلیات میں سے کسی تجلی میں دیکھ لیا اور خلعت نبویہ میں ملبوس دیکھا تو وہ ولی اس دوسرے دیکھنے والے کو، نبی علیہ السلام کے نائب کی حیثیت سے وہ خلعت بخش دے گا اور صدقہ کر دے گا۔ اور بارگاہ محمدیہ سے اس ولی پر ایک اور خلعت اترتی ہے، یہ پہلی خلعت سے کامل تر ہوتی ہے اور یہ اس خلعت کے عوض اسے ملتی ہے، جو اس نے نبی علیہ السلام کی طرف سے اس پر صدقہ کی اور یونہی یہ سلسلہ بے حد و حساب صورت میں بڑھتا رہتا ہے۔ ہمیشہ کے لیے آپ کی یہی بخشش اور عادت کریمانہ ہے ان اولیائے کرام کے لیے جو آپ کی زیارت سے مشرف ہوتے ہیں۔

تعلق صوری کی ایک اور کیفیت

تعلقِ صوری کی یہ ایک اور کیفیت ہے، وہ یوں کہ تمہیں نظر آئے کہ نبی علیہ السلام سے کائنات پُر ہے بلکہ آپ عین کائنات ہیں اور یہ کہ آپ نور محض ہیں جس میں تم غوطہ زن ہو۔ سر کی آنکھیں بند، دل کی کھلی۔ اس نور میں جب تم مستغرق ہو گئے، اپنی ہستی ختم کر دی تو تم فنا فی الرسول کی صفت سے موصوف ہو گئے اور جس کو مقام فنا حاصل ہو گیا۔ اس نے اس کی محبت کا مزا چکھا۔ تعلق صوری کی دو میں سے یہ ایک قسم ہے۔ اس کی صورت یہ ہے کہ نبی علیہ السلام کی پیروی کرو اور آپ کا شوق اور محبت لازم کر لو تاکہ تم آپ کی محبت کی لذت تمام وجود سے محسوس کرو۔ دل سے، روح سے، جسم سے، بال سے، چمڑے سے،

marfa.com
Marfat.com

بالکل اس طرح جیسے سخت پیاس کے بعد ٹھنڈا پانی پیتے ہو تو وہ تمام جسم میں سرایت کرتا محسوس ہوتا ہے۔ اس بحث کو ذہن نشین کر لو۔

محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

نبی علیہ السلام کی محبت ہر ایک مسلمان پر فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ" (یہ غیب کی خبریں دینے والے) نبی مسلمانوں سے ان کی جانوں سے قریب تر ہیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: "لَنْ یُّؤْمِنَ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ نَفْسِهٖ وَمَالِهٖ وَوَلَدِهٖ"، تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک ہرگز مسلمان نہیں ہو سکتا، جب تک کہ میں اس کے نزدیک، اس کے نفس، مال اور اولاد سے بڑھ کر محبوب نہ ہو جاؤں۔ اگر تم اپنے تمام وجود میں یہ محبت اور اس کی یہ صفت محسوس نہیں کرتے، تو جان لیجئے کہ آپ کا ایمان ناقص ہے۔ سو اللہ سے استغفار کیجئے اور اس کے حضور گڑگڑائیے۔ اور اپنے گناہوں کی معافی مانگئے۔ اس میں جلدی کیجئے اور نبی علیہ السلام کے دائمی ذکر کا شوق مانگئے۔ آپ کا ادب مانگئے۔ جس کا آپ نے حکم دیا ہے اس پر عمل کرنے اور جس سے آپ نے منع فرمایا ہے اس سے بچنے کی توفیق مانگئے۔ شاید اس سے مقصد حاصل ہو اور قیامت کو سرکار کے زیر سایہ پناہ نصیب ہو۔ کیونکہ سرکار خود فرماتے ہیں: "اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ" "آدمی جس سے محبت کرے اُسی کے ساتھ ہوگا۔"

جب فنا فی النبوۃ ثابت ہو گئی۔ اب تمہاری فنا کو فنا ہو گئی (بقا مل گئی) یہی مقام محمود ہے۔ اب تم پر اس صورت کا فیضان ہوگا، جو نور سے تم پر منکشف ہوئی اس کی کیفیت یہ ہے کہ جب تم نبی علیہ السلام کو غور سے دیکھو، تو معلوم ہو کہ آپ اپنی ذات میں مگن ہیں۔ یہاں تک کہ تمہارا وجود ان کے سامنے معدوم ہو جائے اور تم گم ہو جاؤ۔ یونہی جب نبی علیہ السلام پر درود بھیجو، تو یہ خیال کرو کہ درود بھیجنے والے بھی وہی

marfa.com
Marfat.com

ہیں، تم نہیں۔ کیونکہ تمام اشیاء حضور علیہ السلام کے نور سے پیدا کی گئی ہیں اور ذرے ذرے میں ان کا نور جلوہ گر ہے اور ہر ذرے میں اس کے حال کے مطابق روشنی نظر آتی ہے اور تمام اشیاء میں تم خود بھی موجود ہو، اور تمہارے اندر بھی انہی کا نور ہے۔ پس تیری ذات میں موجود وہی نور دراصل سرکار کی طرف متوجہ ہوتا ہے جو تیرے وجود میں پوشیدہ ہے۔ یونہی تم ایک مقام سے دوسرے کی طرف ترقی کرتے جاتے ہو، یہاں تک کہ اللہ تمہیں اس مقام پر فائز فرما دیتا جہاں تمہاری بقاء، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بقا کے ساتھ ہو جاتی ہے۔

اب تم انسان کامل ہو، حقیقت کے وارث اور کمالاتِ مصطفویہ کے امین۔ اب اللہ کا شکر کرو کہ اس نے تمہیں اس نعمت سے نوازا۔ اور مقام عبودیت (بندگی) کی طلب کرو اور احدیت کے سمندروں میں غوطہ زن ہو جاؤ۔ اور شان یکتائی کے واقف ہو جاؤ۔ قطب سمان کا کلام ختم ہوا۔ رضی اللہ عنہ۔

عارف باللہ، سیدی۔ شیخ عبدالرحمٰن العیدروس نے ابوالغیثان سیدنا احمد البدوی رضی اللہ عنہ کے لکھے ہوئے مجموعہ درود پر اپنی لکھی گئی شرح میں ان اولیاء اللہ کی جماعت کا ذکر کرنے کے بعد، جنہوں نے نبی علیہ السلام کی بیداری میں زیارت کی اور جن کا اس سے پہلے ذکر ہو چکا ہے۔ فرمایا، ہمارے پاس یہ بات منقول ہو کر پہنچی ہے کہ یہ سعادت ہمارے اسلاف کو بھی حاصل ہوئی ہے، بالکل اسی طرح جس طرح اب مجھے حاصل ہے۔ ان میں یہ حضرات شامل ہیں۔ میرے آقا جدا علیٰ محمد بن علی جو فقیہ مقدم کے نام سے مشہور تھے اور ان کے بیٹے علوی اور ان کے پوتے یعنی سیدی محمد بن علی بن علوی مذکور اور ان کے بیٹے سیدی عبدالرحمٰن بن محمد جو سقاف کے نام سے مشہور ہیں اور ان کے بیٹے سیدی ابوبکر بن عبدالرحمٰن جو سکران کے نام سے مشہور تھے اور ان کے بھائی سیدی عمر المحضار بن عبدالرحمٰن سقاف اور اس کے بیٹے عیدروس عبداللہ بن ابوبکر اور ان کے ساتھی

marfa.com
Marfat.com

سیدی سعد۔ اور سیدہ سلطانہ زبیدیہ اور سیدی ابوبکر بن سالم سقاف اور سیدی عبداللہ بن حسین سقاف اور ان کے چچازاد بھائی سیدی عبدالرحمٰن اور سید عبدالرحمٰن کی زوجہ سیدہ شریفہ علویہ سقافیہ جو مدینہ منورہ میں مقیم ہیں اور عیدروسیہ کے نام سے مشہور ہیں اور میں نے ان کے اس ہاتھ سے مصافحہ کیا ہے جس کے بارے میں انہوں نے مجھے بتایا تھا کہ اس ہاتھ سے انہوں نے اپنے جدِ امجد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیداری میں مصافحہ کیا ہے۔ اللہ کا شکر ہے۔ ہمارا جدِ اعلیٰ، سیدی علی بن علوی جب نماز یا اس کے علاوہ کہتے: "اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ"۔ تو اپنے جد کریم مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے گویا یہ سنتے "وَعَلَیْکَ السَّلَامُ یَا وَلَدِیْ" "بیٹا تم پر سلام ہو"۔

بیک وقت

جان لیجئے کہ کبھی نبی علیہ السلام کو بہت بڑی جماعت، مختلف مقامات پر بیک وقت دیکھتی ہے اور یہ تمام صورتیں جو نظر آتی ہیں اُن کی مدبّر و منتظم روحِ محمدیہ ہے، جیسے تمہاری ایک روح تمام اجزائے جسم کا نظم و نسق چلاتی ہے۔ اسی لیے سرکار کا بیٹا عیدروس دس ہزار صورتوں میں تقسیم ہوا۔

سیدی عارف باللہ احمد بن ادریس شیخ طریقہ ادریسیہ، جو طریقہ شاذلیہ کی فرع ہے، نے اپنے وظائف و اوراد، حالت بیداری میں نبی علیہ السلام سے حاصل کئے۔ سرکار بولتے جاتے تھے اور آپ لکھتے جاتے تھے۔ جیسا کہ آپ کے مجموعہ احزاب و صلوٰت میں ہے جن میں سے بعض کو میں نے اپنی کتاب "افضل الصلوٰت علی سید السادات" میں نقل کیا ہے جیسا کہ میں نے اس میں عارف باللہ سیدی محمد بن ابی الحسن البکری مصری کے مجموعہ صلوٰت کے نقل کرتے وقت میں لکھا ہے کہ ان میں سے پہلا درود انہوں نے نبی علیہ السلام سے سن کر لکھا ہے جیسا کہ عارف باللہ سیدی مصطفٰے البکری نے اس کی شرح میں ذکر کیا ہے۔ میں نے چھوٹے حجم کا ایک رسالہ بنام "تعریف اھل الاسلام والایمان بان محمدًا صلی اللہ علیہ وسلم لا یخلو منہ مکان ولا زمان" دیکھا۔ جو شیخ نورالدین علی الحلبی کی طرف منسوب ہے۔ اس میں انہوں نے

marfa.com
Marfat.com

شیخ سیوطی کی کتاب "تنویر الملک" وغیرہ کی کچھ عبارت نقل کرنے کے بعد کہا "انشاء اللہ جو بات واضح ہوگی وہ یہ کہ نبی علیہ السلام اپنی وفات کے بعد پاکیزہ تر رضامندی فردوسِ جنت کے اعلیٰ ترین مقام اور مقام وسیلہ پر مقررہ ترتیب کے مطابق فائز ہوئے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر منور اور روضہ اطہر تک پہنچے، پھر بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس درجہ تک بلند فرمایا، جو اس کے ہاں بزرگ تر ہے۔ یعنی مقام وسیلہ، جس پر اگلے پچھلے سب سرکار کی عظمتِ شان پر رشک کناں ہونگے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے نبی علیہ السلام کو قطعی اجازت دیدی کہ زمین و آسمان کے کونے کونے خشکی و تری، میدان و پہاڑ، جہاں چاہیں، جب چاہیں، سیر و سیاحت فرمائیں۔ بایں ہمہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وہ قوت بخشی ہے اور وہ اہلیت عطا فرمائی ہے کہ آپ مقام وسیلہ پر فائز ہونے کے باوجود اگر کوئی نبیؑ مرسل، یا مقرب فرشتہ سرکار کو آواز دے تو آپ جواب دیتے ہیں۔ وقت وفات سے تا قیامت اور اس کے بعد ہمیشہ ہمیشہ۔ جیسے کہ مقام وسیلہ میں ہوتا ہے۔ اسی طرح آپ کا طالب، آپ کو بارگاہ خداوندی میں پالیتا ہے اور آپ پر سلام بھیجنے والا، قبر میں آپ کو پالیتا ہے۔ ہر طالب آپکو اپنے مطلوب کے سامنے پاتا ہے مثلاً فکر کرنے والا اپنے فکر میں، عارف اپنے اسرار میں، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرام صلی اللہ علیہم وسلم کو اپنی بارگاہ اقدس میں اٹھانے کے بعد اجازت دی ہے کہ ان کی ایک شبیہ ان کی قبروں میں رہے۔ تاکہ زمین والوں سے انس رہے اور اشباح سے آزاد ہو کر بھی جہاں چاہیں چریں چگیں کہ ان پر کوئی پابندی نہیں۔ اور قبر میں جو شیخ (صورت) مقیم ہے۔ اس کے مقیم ہونے کا اس کے سوا کوئی مطلب نہیں کہ جب بھی طالب اس کو طلب کرے، پالے اور جب اس کے پاس حاضر ہو اس کی ذات کو دیکھے اور اس کی مزید توضیح عنقریب آرہی ہے۔

زندہ نبی

حافظ سیوطی نے کتاب مذکور میں اکثر احادیث اور اقوال علماء، جو حالت بیداری میں نبی علیہ السلام کی زیارت کے امکان پر وکالت کرتے ہیں، ذکر کرنے کے بعد فرمایا، ان تمام اقوال و احادیث سے یہ بات ثابت ہوگئی

marfa.com
Marfat.com

گئی کہ نبی کریم علیہ السلام اپنے جسم اور رُوح کے ساتھ زندہ ہیں اور آپ زمین و آسمان کے کونے کونے میں جہاں چاہیں تصرّف فرماتے ہیں اسی طرح جس طرح حیات ظاہری میں فرمایا کرتے تھے اس میں ذرا برابر فرق نہیں پڑا۔ اور حضور علیہ السلام آنکھوں سے اسی طرح غائب ہیں، جس طرح فرشتے غائب ہیں، اس کے باوجود کہ اپنے جسموں کے ساتھ زندہ ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ کسی کو سرکار کی زیارت سے مشرّف کرنے کے ارادے سے پردہ اُٹھانا چاہے، تو وہ اسی حال میں سرکار کی زیارت کرتا ہے، اس میں کوئی مانع نہیں اور بات کا کوئی اور داعی نہیں کہ ہم تخصیص کر کے مثال کا دیکھنا قرار دیں۔ سیوطی کا کلام ختم ہوا۔

اس سے خاص کر میرے خیال میں یہ بات ہے کہ حضور علیہ السلام کے وجود مُبارک سے نہ کوئی زمان و مکان خالی ہے، نہ محل و مکان، نہ عرش، نہ لوح، نہ کرسی، نہ قلم، نہ خشکی نہ سمندر، نہ میدان نہ پہاڑ، نہ برزخ نہ قبر۔ جیسا کہ ہم نے اس طرف بھی اشارہ کر دیا ہے اور جس طرح سفلی کائنات آپ سے پُر ہے اسی طرح عالم بالا بھی آپ کے وجود سے پُر ہے۔ آپ کی قبر بھی آپ کے وجود سے پُر ہے پس تم سرکار کو قبر انور میں مقیم پاؤ گے، بیت اللہ کے گرد طواف کرتے، ادائے خدمت کے لیے اپنے رب کے حضور کھڑے اور مقام وسیلہ پر مکمل خوشی کی حالت میں کھڑے پاؤ گے۔ دیکھتے نہیں کہ بیداری یا خواب میں جو لوگ انتہائے مغرب میں آپ کا دیدار کرتے ہیں، وہ ان لوگوں سے اتفاق کرتے ہیں جو اسی وقت انتہائے مشرق میں آپ کا دیدار کر رہے ہوتے ہیں۔ جب یہ صورت حال خواب میں ہو گی تو عالم خیال و مثال میں ہو گی اور جب بیداری میں ہو گی تو صفت جلال و جمال کا ظہور ہو گا اور انتہائی کمال کے ساتھ۔ جیسا کسی کہنے والے نے کہا ہے:

لَیْسَ عَلَی اللّٰہِ بِمُسْتَنْکَرٍ
اَنْ یَّجْمَعَ الْعَالَمَ فِیْ وَاحِدٍ

marfa.com
Marfat.com

ترجمہ: اللہ پر یہ بات دشوار یا ان ہونی نہیں کہ ساری دنیا کو ایک ذات میں جمع کر دے"

اس حدیث میں بھی دلیل ہے جسے ہم بیان کر آئے ہیں کہ نبی علیہ السلام نے معراج کی رات اپنے بھائی موسیٰ علیہ السلام کو قبر میں نماز پڑھتے دیکھا، اور آپ بیت المقدس تشریف لائے تو وہاں بھی ان کو دیکھا اور تمام نبیوں نے آپ کے پیچھے نماز پڑھی۔ آپ پر اور ان پر اللہ کی رحمتیں ہوں۔ پھر سرکار سے جدا ہوئے اور چھٹے آسمان پر چڑھ گئے اور وہاں سرکار نے ان کو اپنا منتظر پایا۔ یہی کچھ آدم، یحییٰ، عیسیٰ، یوسف، ادریس، ہارون اور ابراہیم صلے اللہ علیہم السلام کے ساتھ پیش آیا۔ کہ بیت المقدس میں حضور علیہ السلام نے ان کو نماز پڑھائی اور آسمانوں پر بھی ان کو موجود پایا۔ حالانکہ یہ حضرات فضیلت میں آپ سے کم ہیں۔ (فضیلت میں آپ زائد ہیں) تو آپ اس قول کے زیادہ حقدار ہیں کہ ہر جگہ موجود بھی ہوں اور قبر شریف میں مقیم بھی۔ شب معراج تو سرکار کو دو عروج نصیب ہوا۔ جو نہ کسی مقرب فرشتے کو نصیب ہوا، نہ نبی مرسل کو۔ فرمایا کہ اس پر نقلی دلائل میں سے ایک دلیل وہ بھی ہے جسے بخاری (وغیرہ) نے نقل کیا ہے کہ "دو فرشتے قبر والے سے کہتے ہیں ما تقول فی ھذا الرجل؟ اس شخص کے بارے میں تو کیا کہتا ہے؟ یعنی نبی علیہ السلام، اور اسم اشارہ سے صرف حاضر کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔ پھر فرمایا کہ جب نبی علیہ السلام عالم بالا و زیریں کی روح ہیں تو لازم ہے کہ اس کائنات کا کوئی جز آپ کے جسم پاک اور روح پاکیزہ سے خالی نہ ہو۔ سیوطی وغیرہ نے مدت سے اولیاء اللہ کے متعلق لکھا ہے کہ وہ خواب اور بیداری میں سرکار کی خدمت اقدس میں حاضر ہوتے ہیں۔ بس پردہ ہمارے گناہوں کی بنا پر ہماری طرف سے ہے، سرکار کی طرف سے نہیں، اسی لیے تم دیکھو گے کہ جب آدمی اپنے نفس سے جدا ہوتا ہے۔ اگر نیند کی وجہ سے ہو، اور آنکھیں بند کرتا ہے تو حضور علیہ السلام کو دیکھ لیتا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ اس کے نصیب میں کر دے۔ جب آدمی گناہوں کا قلع قمع کر کے ختم کر دیتا ہے تو پھر اس کے اور نبی علیہ السلام کے درمیان نہ حجاب

marfa.com
Marfat.com

ہیں کوئی پردہ رہتا ہے نہ بیداری میں۔ اسی لیے ہمارے شیخ نورالدین الشونی بیداری میں نبی علیہ السلام سے جامعہ الازہر میں ملاقات کرتے تھے، ان کے حضور علیہ السلام سے جمع ہونے کی علامت یہ تھی کہ آپ محفل میں کھڑے ہو جاتے اور تمام لوگ بھی ان کے ہمراہ کھڑے ہو جاتے۔ کبھی آخرِ شب، کبھی نصفِ شب اور کبھی نمازِ عشاء کے بعد محفلِ درود و سلام کے شروع میں۔ پھر وہ صبح تک کھڑے رہتے۔ اور مقامِ شیونیہ میں۔ خلوت کی حالت میں باب زہومہ کے پاس غالباً شب و روز زیارت ہوتی تھی۔ پھر فرمایا اس پر ایک دلیل ہے کہ اس اُمت میں ابدال کا نام اس لیے رکھا گیا ہے کہ وہ اپنی جگہ پر کر مسافر بن جاتا ہے اور اس کے بدلے اس جگہ کو اسی صورت میں چھوڑ دیتا ہے۔

قضیب البان کا قصہ

قضیب البان رضی اللہ عنہ کے خلاف یہ دعویٰ کیا گیا کہ وہ نماز نہیں پڑھتے۔ قاضی نے جب اس بارے میں ان سے سوال کیا تو ان کی سات صورتیں بن گئیں۔ شک کرنے والا شک نہیں کر سکتا تھا کہ ہر صورت میں قضیب البان ہیں۔ ان میں سے ایک صورت نے قاضی اور مدعیوں سے کہا، دیکھ کر بتاؤ کس صورت پر ترکِ نماز کا دعویٰ ہے؟ جب ایک ابدال کا یہ حال ہے تو کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہزاروں لاکھوں مثالیں ظاہر نہیں ہو سکتیں؟۔

ابن عطاء اللہ سکندری کا حاجی مُرید

ابن عطاء اللہ سکندری کے ایک مرید نے حج کیا۔ وہ جہاں جاتا، انہیں دیکھ لیتا۔ اور جب ان سے بات کرنے کا ارادہ کرتا نظر نہ آتے۔ پھر وہ اسکندریہ آیا اور ان کے متعلق دریافت کیا تو اسے بتایا گیا کہ وہ تو یہاں سے کہیں گئے ہی نہیں۔ جب ملاقات ہوئی تو تمام احوال بیان کیا۔ پھر فرمایا اس کے جائز ہونے کے دلائل میں سے ایک عقلی دلیل یہ ہے کہ جائز ہے کہ اللہ تعالیٰ عالمِ بالا و زیریں کو حضور علیہ السلام کے سامنے اس طرح کر دے جس طرح اس نے ساری دُنیا سیدنا عزرائیل علیہ السلام کے سامنے کر دی ہے۔ سوال کیا گیا کہ ایک شخص انتہائے مشرق میں ہے۔ دوسرا انتہائے مغرب میں ہے، دونوں کا وقتِ وفات بیک وقت آگیا۔ ان کی رُوح بیک وقت

marfa.com
Marfat.com

کیسے قبض ہوتی فرمایا اللہ تعالیٰ نے تمام زمین ان کے سامنے اس طرح کر دی جیسے کھانے والے کے سامنے پیالہ۔ جو چاہے لے لے" فرمایا اس پر اور دلائل کے علاوہ ایک دلیل یہ بھی ہے کہ برزخ کی بات کو کسی اور پر قیاس نہیں کیا جا سکتا دیکھتے نہیں کہ میت سے سوال کرنے والے دو فرشتے اتنے بڑے ہولناک جسموں کے ساتھ تنگ ترین قبروں میں کہاں سے آتے اور کہاں سے جاتے ہیں۔ اور بیک وقت دو بلکہ متعدد مرنے والوں سے کس طرح سوال کرتے ہیں، حالانکہ کوئی دُور مشرق میں ہوتا ہے اور کوئی دُور دراز مغرب میں۔ اور کس طرح انگلی کے اشارے سے ایک کھڑکی جنت کی طرف اور دوسری جہنم کی طرف کھول دیتے ہیں؟ حالانکہ جنت سدرۃ المنتہیٰ کے پاس اور جہنم نمکین سمندر کے نیچے ہے۔ پس کوئی روکنے والا نہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمارے آقا محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو وہ طاقت دے دے، جو سوال کرنے والے فرشتے اور ملک الموت کو دی اور ان سے بڑھ کر کہ وہ دونوں مرتبہ میں آپ سے کم ہیں کہ وہ تو مُردار کے بارے میں ہی سوال کرنے آتے ہیں۔ پھر فرمایا ہمیں ولی عارف سیدی عبدالعزیز دیرینی کی بات معلوم ہوئی ہے کہ جب دیرین میں ان کی طرف پیری کی نسبت ہونے لگی، اور بزرگوں کی ایک جماعت نے ان سے جھگڑا کیا تو وہاں کے لوگوں نے طے کیا کہ نماز جمعہ کے بعد وہ مشائخ و ساداتِ کرام اپنے جدِ امجد، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو پکاریں اور سیدی عبدالعزیز بھی سرکار کو پکاریں گے۔ اور جس کو حضور علیہ السلام جواب دیں، وہ حق پر ہے۔ اس کے لیے تمام لوگ وقت مقررہ پر جمع ہوئے سیدی عبدالعزیز نے مشائخ سے کہا، آپ حضرات آگے تشریف لائیں اور پکاریں۔ ان میں سے یکے بعد دیگرے ہر ایک آتا رہا اور یہ پکارتا رہا یَا جَدِّیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ! اے میرے جدِ امجد! اے اللہ کے رسول! لیکن کسی کو جواب نہ ملا۔ اب سیدی عبدالعزیز آگے آئے اور پکارا یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ! تو تمام لوگوں نے یہ آواز سُنی لَبَّیْکَ یَا عبدالعزیز تو ایک جماعت نے کہا کہ جو صف سیدی عبدالعزیز کے قریب تھی اس نے آواز سُنی ہے اور پچھلی صفوں نے نہیں سُنی۔ آپ نے دوبارہ پکارا تو دوبارہ جواب ملا تین مرتبہ ایسا ہُوا۔ پس نبی علیہ السلام کا دیرین

marfa.com
Marfat.com

(مقام) سے تعلق دریچے۔ حالانکہ آپ کا جسم مُبارک مدینہ طیبہ میں مقیم ہے اس سے تمہیں یہ دلیل ملے گی۔ کہ یقیناً نبی علیہ السلام سے کائنات کا ذرہ ذرہ پُر ہے۔ آپ رحمہ اللہ نے فرمایا جان لیجیے کہ جن مشائخ، عارفین، رہنماؤں اور رہبروں سے میں نے آخر میں ملاقات کی۔ ان میں سے شیخ نُورالدین الشونی ہیں جو حال نبوی کے پرتو اور مدد مُصطفوی کے مظہر تھے۔ سات دن جن کا وظیفہ نبی علیہ السلام پر درُود وسلام پڑھنا تھا یہاں تک کہ یہی چیز ان کا وصف اور علامت بن گئی یہی ان کا اوڑھنا بچھونا تھا۔ اور آپ خواب و بیداری میں کثرت سے حضور علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہوتے تھے۔ یہاں تک کہ آپ کی یہ بات ہر طرف پھیل گئی۔ زبانوں اور کانوں سے کہی اور سُنی جانے لگی۔

امام بخاری، مُسلم اور ابو داؤد نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہُ سے یہ روایت نقل کی ہے کہ حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ عنقریب بیداری میں دیکھے گا۔ اور شیطان میری مثل نہیں بن سکتا۔"

ایسی ہی روایت طبرانی نے مالک بن عبداللہ خثعمی اور ابوبکرہ رضی اللہ عنہما سے نقل کی ہے۔ ایسی ہی روایت دارمی نے ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہُ سے نقل کی اس حدیث میں یہ خوشخبری ہے کہ آپ کا جو اُمتی حالت خواب میں آپ کی زیارت سے مشرف ہوگا، وہ لازمی طور پر بیداری میں آپ کی زیارت سے سرفراز ہوگا۔ اگرچہ مرنے سے پہلے ہی کیوں نہ ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ علاوہ ازیں سلف وخلف کے تمام صلحا حیتقشر بیداری میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے، کئی مسائل سرکار سے پوچھے اور آپ نے ان کا جواب دیا۔ پس ان کے کہنے کے مطابق حرف بحرف ہر بات ظاہر ہوگئی۔

یہ بات بھی ثابت ہے کہ اہل ایمان کی ارواح کو اجازت ہے کہ وہ جنت اور آسمانوں میں چریں اور سیر کریں۔ اور بسا اوقات اپنی قبروں میں، اپنے جسموں کی زیارت کے لیے آتی ہیں۔ اور آسمان دنیا سے اپنی قبروں کے بالمقابل قریب ہو جاتی ہیں اور مسلمان اپنے زیارت

marfa.com
Marfat.com

کرنے والے اور سلام کرنے والے کو پہچانتا ہے اور جب اس کی توجہ اسے اجازت اور قدرت ہوتی ہے جواب دیتا ہے اور یہ پہچان جمعہ کے دن شام سے لے کر ہفتہ کی صبح تک برابر ہوتی رہتی ہے، اور اس سلسلہ میں اولیاء و اصفیاء عام لوگوں سے بڑھے ہوتے ہیں۔ اور بے شک نیک عمل کرنے والے علماء شہداء صحابہ کرام، اہل بیت اور حضور علیہ السلام کے اہل قرابت اس میں قوی ہیں۔ اور بے شک انبیائے کرام علیہم السلام اپنے جسموں اور روحوں کے ساتھ کائنات میں سیر کرتے ہیں، اور جب اللہ تعالیٰ کی اجازت ہو تو حج و عمرہ کرتے ہیں۔ جیسے (دنیوی) زندگی میں کرتے تھے، اور نبی علیہ السلام کے نور و برکت سے کائنات پست و بالا بھری پڑی ہے۔ کیونکہ آپ اللہ کے تمام بندوں سے افضل ہیں۔

فرشتہ سنتا ہے یا خود سرکار؟

فرمایا اگر یہ کہا جائے کہ صحیح حدیثوں میں آتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے نبی علیہ السلام کی قبر انور کے پاس ایک فرشتہ مقرر فرمایا ہے جو درود و سلام بھیجنے والے کا درود و سلام آپ کی خدمت میں پہنچاتا ہے۔ اگر آپ ہر جگہ ہوتے تو فرشتے کو کیوں مقرر کیا جاتا؟

اس کا جواب یہ ہے۔

قبر انور کے پاس فرشتہ کیوں مقرر ہے؟

کہ نبی علیہ السلام کے وجود مبارک کی وجہ سے قبر انور کو دوسرے مقامات پر فضیلت حاصل ہے۔ اس کی حیثیت تختِ مملکت کی ہے۔ خدام یہاں مختلف خدمات بجا لاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے سرکار کے احترام میں اس فرشتے کے ذمے آپ کی خدمت میں سلام پیش کرنے کی ذمہ داری لگا دی ہے۔ یہ سرکار کی تعظیم و توقیر ہے۔ یہی صورت ہے امت کے اعمال کی جو فرشتے صبح و شام آپ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔ یہ اس لیے نہیں کہ آپ سے وہ پوشیدہ ہیں، بلکہ یہ بھی خدام کی خدمت ہے جس پر ان کو مقرر کیا گیا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

ہر وقت اور ہر جگہ سرورِ کائنات صلے اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر رہنا، صرف ان لوگوں کو میسر ہے، جو اللہ کی طرف سے فضل وکرم کی خصوصیات سے بہرہ مند اور دین کے اعلیٰ مناصب اور بلند تر مراتب سے سرفراز ہیں۔ اور جنہوں نے ایسے نیک کام کیے جو اس مقام و مرتبہ کا وسیلہ بن سکیں۔ جیسا کہ یہ درجہ ہمارے شیخ نورالدین الشونی رحمہ اللہ کو حاصل تھا۔ کیونکہ آپ لازمی طور پر صبح وشام رات کے لمحات اور دن کے کناروں میں اور شب و روز نبی علیہ السلام پر درود و سلام بھیجا کرتے تھے۔ اس طرح کہ اسے آپ نے اپنا ورد و وظیفہ بنایا ہوا تھا۔ اسی راہ پہ چلتے تھے۔ نہ خورد و نوش کی فکر ہوئی، نہ سجادہ کی نہ تلقین کی۔

فرمایا کہ ہمارے مذکورہ دعوے پر ایک دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان بھی ہے :

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ۔

ترجمہ: اے غیب کی خبریں دینے والے نبی، بے شک ہم نے آپ کو بھیجا حاضر ناظر بنا کر، اور خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا۔

گواہ کے لیے لازم ہے کہ جس چیز کی گواہی دے اس کے پاس حاضر ہو۔ اور اسے دیکھتا ہو۔ پس معلوم ہوا کہ نبی علیہ السلام تمام دنیا کو پُر کرنے والے اور ہر جگہ حاضر ہیں۔

پھر فرمایا ایک دلیل اور روایت یہ ہے۔ اس بات پر کہ انبیاؑ دنیا میں سیر فرماتے ہیں۔ جسے ہم نے امام جلال الدین سیوطی کی تالیف "الاعلام بحکم عیسیٰ علیہ السلام" کے ذیل میں نقل کیا ہے "کہ نبی علیہ السلام ایک دفعہ خانہ کعبہ کا طواف کر رہے تھے، تو آپ نے ہوا میں موجود ایک نبی علیہ السلام کو سلام کیا۔ جب اس کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا۔ میں نے اپنے بھائی، مریم کے فرزند عیسیٰ علیہ السلام کو طواف کعبہ کرتے دیکھا: انہوں نے مجھے سلام کیا۔ پھر میں نے انہیں سلام کا جواب دیا۔"

فرمایا کہ ان دلائل میں سے ایک دلیل یہ ہے کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا "جس نے مجھے

marfa.com
Marfat.com

خواب میں دیکھا، وہ عنقریب بیداری میں بھی دیکھے گا۔ کیونکہ آپ مشرق و مغرب وغیرہ میں نظر آتے ہیں۔ یہ صحیح نہیں کہ ان ارشادات میں دیکھنے سے صرف قیامت کا دیکھنا ہی مُراد لیا جائے۔ کیونکہ وہاں تو تمام لوگ آپ کو دیکھیں گے خواہ کسی نے دُنیا میں آپ کو دیکھا ہو یا نہ۔

حاصلِ بحث

خلاصہ اس تفصیل کا یہ ہے کہ نبی علیہ السلام ہمارے درمیان موجود ہیں حسی طور سے بھی اور معنوی طور سے بھی۔ جسم، رُوح، سِر اور دلیل کے لحاظ سے بھی"۔ رسالہ مذکور میں الحلبی کا کلام ختم ہوا۔ اور ان لوگوں میں سے، جو نبی علیہ السلام سے بیداری میں ملاقات کرتے اور آپ سے اوراد و وظائف حاصل کرتے تھے، ایک سیدی عارف باللہ سیدا احمد بن ادریس سلسلہ ادریسیہ کے بانی شیخ بھی ہیں۔ جیسا کہ ان کے مجموعہ اوراد میں ہے۔ اور سیدی عارف باللہ سیدا ابو العباس تیجانی صاحب سلسلہ تیجانیہ۔ جیسا کہ شیخ علی حرازم کی کتاب جواہر المعانی اور شیخ عمر بن سعید فوتی کی کتاب الرماح میں لکھا ہے اور اپنی کتاب افضل الصلوٰت میں ذکر کیا ہے کہ سیدی قطب محمد بن ابی الحسن البکری مصری رضی اللہ عنہما اور ان کی آل و اولاد سے ہم نے کتاب افضل الصلوٰت سینتالیسواں درُود شریف حاصل کیا ہے جو اس طرح شروع ہوتا ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِكَ الْاَسْنٰی آخر تک یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود لکھوایا تھا، اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ یہ بزرگ حضور علیہ السلام سے بیداری میں ملاقات کرتے تھے اور میں نے سیدی محمد حنفی مصری، بانی شیخ سلسلہ خلوتیہ کے مناقب میں جو ان کے شاگرد شیخ علی جن کا آبائی وطن الفہ گاؤں تھا۔ مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے اور یہیں عمر گزاری، نے لکھے۔ میں لکھا دیکھا ہے کہ ان کے شیخ مذکور کے درس میں نبی علیہ السلام (حوصلہ افزائی اور برکت دینے کی خاطر) بارہا دیکھتے جاتے تھے ان کے شاگردوں میں سے ایک شیخ احمد النساج تھے۔ جو خواب و بیداری میں زیارتِ نبوی بکثرت مشرف ہوتے تھے۔ ان میں سے ایک شیخ محمود کردی ہیں جو اکثر حضور علیہ السلام کا دیدار کرتے تھے۔ اور جب نبی علیہ السلام کے دیدار سے مشرف ہونا چاہتے تو مشرف فرما دیئے جاتے ان میں

marfa.com
Marfat.com

سے ایک سیّد منصور حلبی ہیں کہ جن کی نگاہ سے نبی علیہ السلام نے بیداری میں پردہ پوش ہوتے نہ خواب میں۔ فرمایا میں نے اپنے استاذ محترم سے یہ فرماتے سُنا کہ وہ نبی علیہ السلام کے محبُوب ہیں۔ الخ باب اللطائف میں سیّدی احمد بن ثابت مغربی کے متعلق یہ بات گزر چکی ہے کہ انہوں نے حضور علیہ السلام کی جو زیارتیں کیں، ان میں سے اٹھارہویں زیارت خواب میں نہیں، بیداری میں تھی۔ اولیاء کو نبی علیہ السلام کی رُوحانی طور پر جو زیارتیں ہوئیں، ان میں سے ایک وہ ہے جسے سیّد عبدالرحمٰن عیدروسی نے سیدی احمد البدوی کے مجموعہ درُود و سلام پر لکھی گئی اپنی شرح میں کتاب الزہر الباسم تالیف سیّد عبدالقادر عیدروسی کے حوالہ سے ذکر کیا ہے (العیدروسی اللہ ان سے نفع دے)، نے فرمایا۔ شیخ کبیر عارف باللہ محمد بن احمد ملیخی قُدّس سِرّہٗ کی روایت ہے کہ میں نے بلخ سے بغداد تک سفر کیا۔ یہ میری جوانی کا زمانہ تھا مقصدِ سفر شیخ عبدالقادر کی زیارت کرنا تھا۔ میں پہنچا تو وہ اپنے مدرسہ میں نماز عصر ادا فرما رہے تھے۔ اس سے پہلے نہ میں نے آپ کو دیکھا تھا، نہ آپ نے مجھے۔ جب انہوں نے سلام پھیرا تو لوگ سلام کرنے کے لیے ان کی طرف لپکے۔ میں نے بھی آگے بڑھ کر ان سے مصافحہ کیا۔ آپ نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور مُسکراتے ہوئے میری طرف دیکھا، اور فرمایا اے محمد! بلخی خوش آمدید! - اللہ نے تیرا مرتبہ دیکھا، نیت کو جانا، کہا کہ ان کی گفتگو زخمی کی دوا۔ اور بیمار کی شفا تھی۔ خوفِ (خدا) سے میری آنکھیں پُرنم، ہیبت سے پھٹے تھرکنے اور شوق و محبت میں دل دھڑکنے لگا مجھے مخلوق سے وحشت اور دل میں ایک ایسی کیفیت محسوس ہونے لگی جسے میں صحیح طور پر تعبیر نہیں کر سکتا۔ پھر یہ کیفیت برابر بڑھتی اور طاقتور ہوتی گئی میں اس پر غالب آنے کی کوشش کرتا رہا۔ ایک رات میں وظیفے کے لیے اٹھا۔ رات سخت اندھیری تھی میرے دل میں دو شخص ظاہر ہوئے۔ ایک کے ہاتھ میں جام اور دوسرے کے ہاتھ میں خلعت (لباس) تھا۔ خلعت والے صاحب نے مجھے کہا کہ وہ علی بن ابی طالب ہیں۔ (رضی اللہ عنہٗ) اور یہ دوسرے صاحب ملائکہ مقربین میں سے ایک ہیں اور یہ جام، شرابِ محبت ہے۔ اور یہ خلعت (لباس)۔ خلعت رضا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

پھر انہوں نے مجھے وہ خلعت پہنائی، اور ان کے ساتھی نے مجھے جام عنایت کیا جس کے نور سے مشرق و مغرب روشن ہو گئے۔ میں نے جو کچھ دیکھا پیالہ پیا تو میرے لیے عیبی راز، مقامات اولیاءُ اللہ اور دوسرے عجائب روشن ہو گئے میں نے جو کچھ دیکھا اس میں ایک ایسا مقام بھی تھا جس کے ادراک سے عقول کے قدم لرزتے، فکر و سوچ اس کے حال سے قاصر اولیاءُ کی گردنیں اس کی ہیبت کے سامنے خمیدہ اور اس کے انوار کی شعاعوں کے آگے دل کی آنکھیں بے نور تھیں۔ اس مقام کی قدر و منزلت کا یہ عالم تھا کہ معصوم فرشتوں، رُوحانی اور مقربین کا جو گروہ وہاں سے گزرتا، اس کی عزت و عظمت کے پیشِ نظر رکوع کرنے والوں کی طرح اس کی کمر جھک جاتی۔ غور کرنے والے کے لیے یہ حقیقت ثابت ہو جاتی ہے کہ واصل کا ہر مقام اور مُحدّث کا حال، ہر محبوب کا راز، ہر عارف کا علم، ہر ولی کا تصرف، اور ہر مقرب کی قوت کی ابتدا، مرجع، مجموعہ، تفصیل، کل بعض۔ اوّل و آخر کا قرار اسی میں ہے۔ یہیں سے ابتدا اور یہیں سے نکلنا، اسی سے اس کی تکمیل ہے ایک مُدت تک تو میں اسے دیکھنے کی ہمت نہیں پاتا تھا پھر مجھے دیکھنے کی طاقت ملی۔ اور ایک مدت تک میں اس حال میں رہا کہ مجھے معلوم نہ تھا اس میں کون ہے، ناگاہ جو دیکھتا تو اس میں رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ آپ کے دائیں طرف حضرات آدم، ابراہیم اور جبرئیل علیہم السّلام اور بائیں طرف حضرت نوح، موسیٰ و عیسیٰ علیہم السلام تھے۔ اللہ کی رحمتیں اور سلام ان سب پر ہوں آپ کے سامنے بڑے بڑے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اولیا قدس اللہ اسرارہم حلقے کی صورت میں کھڑے تھے۔ سرکار علیہم السلام کی ہیبت کے پیش اس طرح (مُؤدّب) گویا ان کے سروں پر پرندے ہُوں۔ ان میں سے جن کو میں نے پہچانا حضرت ابوبکر صدیق، عُمر فاروق، عثمان غنی، علی المرتضیٰ، حمزہ، عباس، رضی اللہ عنہم اجمعین تھے اور جن اولیاءُ کو میں نے پہچانا ان میں معروف کرخی، سری سقطی، جنید بغدادی، سہل تستری، تاج العارفین ابوالوفا، شیخ عبدالقادر اور شیخ عدی اور شیخ احمد الراعی رحمہم اللہ شامل ہیں صحابہ کرام حضورؐ علیہ السلام سے قریب تر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

marfa.com
Marfat.com

تھے۔اور اولیاؑ میں آپ کے قریب تر شیخ عبدالقادر تھے۔میں نے ایک کہنے والے کو کہتے سُنا۔
جب مقرب فرشتوں، مُرسل نبیوں اور محبوب اولیاؑ کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار کا شوق ہو۔
تو وہ اپنے رب کے حضور جس مقام بلند و بالا پر فائز ہے، جس کو دیکھنے کی کسی میں تاب نہیں۔
نیچے آجائے کہ حضورؐ کے دیدار سے اس کے انوار دوچند ہو جائیں گے، آپ کے مشاہدے سے
اس کے حالاتِ پاکیزہ اور آپ کی برکت سے اس کا مقام بلند و بالا ہو جائے گا۔ پھر رفیقِ اعلیٰ
کی طرف لوٹ جائے۔ فرمایا کہ میں نے تمام فرشتوں کو یہ کہتے سُنا، الٰہی ہم نے سُنا اور مانا، تیری
بخشش چاہتے ہیں۔ اے پروردگار! اور تیری ہی طرف پلٹنا ہے پھر میرے لیے بارگاہ رب
عظیم کی طرف سے ایک چمک ظاہر ہوئی جس نے مجھے ہر مشہود سے غالب اور ہر موجود سے
اُچک لیا اور میں مختلف چیزوں میں امتیاز کرنے کے قابل نہ رہا۔ اس حال پر میں تین سال تک رہا
مجھے کچھ پتہ نہ چلا، کہ اچانک شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ خواب میں میرے سامنے آئے۔ انہوں
نے ہاتھ میرے سینے پر رکھا، ان کا ایک پاؤں میرے پاس اور دوسرا بغداد میں تھا۔ میرے ہوش و
حواس بحال ہو گئے اور میں نے طبیعت پر قابو پا لیا۔ مجھ سے فرمانے لگے۔ اے بلخی! مجھے حکم
ملا ہے کہ تجھے تیرے وجود کی طرف لوٹا دُوں۔ تجھے تیرے حال کا مالک بنا دُوں، اور تجھ پر غلبہ
پانے والے عوارض کو ختم کر دُوں۔ پھر انہوں نے اوّل سے آخر تک میرے تمام حالات بیان
کئے۔ جو اس بات کی دلیل تھی کہ آپ کو میرے تمام احوال کی ہر وقت خبر تھی۔ اور فرمایا میں نے
سات مرتبہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ یہاں تک کہ مجھے وُہ مقام دیکھنے کی توفیق
ہوئی۔ پھر سات مرتبہ سوال کیا تو مجھے وہاں تک رسائی ہوئی۔ اور سات مرتبہ سوال کیا تو
مجھے اس میں موجود لوگوں کو جاننے کی توفیق ہوئی، پھر سات مرتبہ سوال کیا، مجھے وہاں کی
آواز سُنائی دی۔ اور میں نے تیرے لیے اللہ سے سات بار پھر سات بار پھر پھر سات بار سوال
کیا یہاں تک کہ تیرے سامنے وُہ چمک ظاہر ہوئی۔ اور اس سے پہلے میں نے تیرے لیے
اللہ تعالیٰ سے ستر مرتبہ سوال کیا یہاں تک کہ اللہ نے تجھے اپنی محبت کا جام پلایا۔ اور تجھے

marfa.com
Marfat.com

اپنی رضا کا جوڑا پہنایا۔ بیٹا، جو فرائض رہ گئے ہیں ان کی قضا کرو" الخ۔

اور میں نے دس کاپی حجم یا زیادہ کی ایک کتاب دیکھی جو سیدی عارف باللہ روزبہان کی تصنیف ہے اس کا نام ہے "المکاشفات" جس میں انہوں نے اپنے مکاشفات اور ارواح انبیاؑ و اولیاؑ کے ساتھ اپنا ملنا، فرشتوں کو دیکھنا اور اللہ تعالیٰ کا مشاہدہ بغیر کیف و حصر بیان کیا ہے۔

پھر مذکورہ بالا تمام تفصیل نقل کرنے کے بعد میں نے عارف باللہ شیخ ابراہیم الرشید، خلیفہ سیدی احمد بن ادریس رضی اللہ عنہما کی ایک کتاب دیکھی، جو ان سوالات کے جوابات تھے جو ان کے پاس ۱۲ رمضان ۱۲۷۱ھ کو علامہ شیخ علی عبدالرزاق کی طرف سے بھیجے گئے تھے۔ "علی عبدالرزاق پوچھتے ہیں، تم نے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضری اور اس کی کیفیت وافادہ ذکر کیا ہے اس سے مراد کیا ہے۔ کیا تمہارا ہر پیروکار رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو بیداری میں آنکھ کی نظر سے یا نیند کی حالت میں اور دل کی بصیرت سے دیکھتا ہے یا مثال ہوتی ہے، اور کیا یہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی روح ہوتی ہے یا جسم پاک یا دونوں کا مجموعہ؟ ہمارے لیے اس کی وضاحت کریں۔

علامہ علی عبدالرزاق کا سوال

شیخ ابراھیم الرشید کا جواب

آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ "دنوں مسئلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حاضری کے متعلق، اس کے تحت چند مسائل ہیں۔ پہلا مسئلہ حضور علیہ السلام کی حاضری کی کیفیت کا ہے۔ یہ باتفاق حفاظ جائز ہے (شرعاً بھی اور عقلاً بھی) جیسا کہ اکابر علما کی ایک بڑی جماعت نے اس کی راہنمائی فرمائی ہے۔ اس میں سے ایک عبارت وہ ہے جو شیخ سیدی علامہ احمد نفراوی نے ابن ابی زید قیروانی رضی اللہ عنہما کے رسالہ پر لکھی گئی اپنی شرح کے آخر میں لکھی ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا دیدار جائز ہے۔ بیداری اور خواب میں۔ اس میں حفاظ کا اتفاق ہے۔ اختلاف صرف یہ ہے کہ دیکھنے والا حقیقۃً آپ کی ذات پاک کو دیکھتا ہے یا مثال جو حقیقت

marfa.com
Marfat.com

کی خبر دیتی ہے؟ ایک جماعت پہلے قول کی طرف گئی ہے اور غزالی، القزانی، الرافعی اور دیگر دوسرے کی طرف۔ پہلے گروہ کی دلیل یہ ہے کہ چراغ ہدایت، نورِ ہدایت اور شمس المعارف صلے اللہ علیہ وسلم کا دیکھنا ایسے ہی ہے جیسے نور، چراغ اور سورج دور سے نظر آتے ہیں۔ اور نظر آنے والی، سورج کی ٹکیہ بمع اپنی صفات وعوارض ہوتی ہے یونہی بدن مبارک ہے۔ پس آپ کی ذات اقدس قبر انور سے جدا نہیں ہوتی بلکہ اللہ تعالیٰ دیکھنے والے سامنے سے پردے چاک کر دیتا ہے اور مانع ہٹا دیتا ہے یہاں تک کہ ہر دیکھنے والا آپ کو دیکھ لیتا ہے خواہ وہ مشرق میں ہو خواہ مغرب میں یا پردے اتنے شفاف کر دیئے جائیں کہ ان کے پیچھے والی ہستی پوشیدہ نہ رہے۔

القزانی نے اس بات پر جزم کیا ہے کہ حضور کو خواب میں دیکھنا، دراصل معلوم کرنا اور پالینا ہے، ہم اسے جائز سمجھتے ہیں بشرطیکہ نیند کی آفت دل میں حائل نہ ہو جائے سو یہ دیکھنا سر کی آنکھ سے نہیں، دل کی آنکھ (بصیرت) سے ہوتا ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ یہ دیدار اندھے کو بھی کبھی حاصل ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد سیدی شیخ ابراہیم الرشید نے حافظ سیوطی وغیرہ کے بعض مذکورہ حوالہ جات نقل کیے ہیں۔ میرے خیال میں ان کو یہاں دوبارہ ذکر کرنا ضروری نہیں۔

فصل

خواب میں نبی علیہ السلام کی زیارت کے بیان میں

علما کی مذکورہ عبارات کے علاوہ

سیدی عبدالغنی نابلسی نے اپنی "تعطیر الانام فی تعبیر المنام" میں حدیث پاک من رانی فی المنام فسیرانی فی الیقظۃ فان الشیطان لایتمثل بی کی شرح میں علامہ ابن حجر کی شرح شمائل کی وہ عبارت نقل کرنے کے بعد، جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہے فرمایا تمام

marfa.com
Marfat.com

انبیائے کرام علیہم السلام کا یہی حال ہے کیونکہ شیطان نہ اللہ کی مثال بن سکتا ہے نہ اس کی آیتوں کی نہ انبیائے کرام اور نہ فرشتوں کی۔ سو جس نے ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اس کی طبیعت ہمیشہ ہلکی پھلکی ہو جائے گی۔ مغموم ہے تو غم دُور۔ قیدی ہے تو آزاد ہو جائے جب کسی بند جگہ دیدار ہو گا یا جہاں منگائی تھی اللہ پریشانی دور فرمائے گا۔ نرخ ارزاں ہوں گے۔ مظلوم ہوں گے تو مدد ہو گی۔ خوفزدہ ہوں گے تو امن ملے گا اور آپ کا دیدار مُبارک جیسا کہ احادیث میں آپ کی صفات حسنہ آتی ہیں جن کو بیان کرنے والا صحیح طور پر بیان نہیں کر سکتا۔ یہ دیکھنے والے کے لیے دنیا و آخرت کی عافیت کی بشارت ہے۔ تمہاری ذات کے مطابق اور تمہارے شفاف آئینہ کے مناسب جواب میں تمہیں سرکار کی زیارت نصیب ہو گی پس حضور علیہ السلام کو جس نے اپنی طرف متوجہ دیکھا۔ یا تعلیم دیتے ہوئے، یا نماز میں اقتدا کرتے ہوئے، یا راستے میں رہنمائی کرتے یا یہ کہ سرکار نے اسے کوئی اچھی چیز کھلائی۔ یا کوئی اچھا لباس پہنایا۔ یا کوئی وعدہ فرمایا، یا اچھی دُعا فرمائی۔ اب اگر دیکھنے والا حکومت کے لائق ہے تو حکومت کرے گا۔ اس کے دور میں عدل و انصاف ہو گا۔ فیصلے حق پر ہوں گے نیکی کا حکم دے اور بُرائی سے منع کرے گا۔ اگر عالم ہے تو اپنے علم پر عمل کرے گا۔ عابد ہے تو اہلِ کرامت کے مقامات پر فائز ہو گا۔ گنہگار ہے تو توبہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا۔ کافر ہے تو ہدایت پائے گا۔ اور بسا اوقات وہ اپنے مقصد، علم، قرأت یا بے پڑھا ہونے کے باوجود باطن کی دنیا آباد کرنے میں کامیاب ہو گا۔ فرمان باری تعالیٰ ہے۔

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ ۔ ترجمہ: سو اللہ پر اور اس کے رسول بانی اُمّی پر ایمان لاؤ۔

اگر دیکھنے والا کسی حکمران سے ڈرتا ہے تو کوئی ایسا سفارشی مل جائے گا جس کی شفاعت مقبول ہے۔ کیونکہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم صاحبِ شفاعت ہیں۔ اگر دیکھنے والا گمراہ کُن بدعت پر عمل پیرا ہے تو دل میں اللہ سے ڈرے۔ خصوصاً جب سرکار کو اپنی طرف منہ موڑے دیکھے۔ کبھی دیکھنے

marfa.com
Marfat.com

والے کو خوش کُن بشارت ملتی ہے اور حضور علیہ السلام کا دیدار دلائل کے اظہار، بات کی سچائی، اور وعدہ پورا ہونے کی دلیل ہوتی ہے اور بسا اوقات وہ اپنے گھر اور خاندان والوں سے بڑھ کر وہ مقام حاصل کر لیتا، جسے کوئی دوسرا پانے سے قاصر ہوتا ہے اور کبھی اس کو ان کی طرف سے دشمنی، حسد اور بغض ملتا ہے اور کبھی وہ اپنوں سے جُدا ہو کر بیوطن ہو جاتا ہے۔ اور کبھی اسے والدین کی طرف سے یتیمی کا احساس ہونے لگتا ہے۔ اور کبھی حضور علیہ السلام کا دیدار اظہار کرامات کی دلیل بنتا ہے کیونکہ ہرن نے آپ کو سلام کیا۔ اونٹ نے آپ کے پیر چُومے۔ آپ کو آسمان کی سیر کروائی گئی۔ (بکری کے بچے ہوئے) بازو نے آپ سے کلام کیا۔ درخت آپ کی طرف دوڑ کر آئے اور اگر دیکھنے والا ان سُرمہ فروشوں میں سے ہے۔ جو آنکھوں کا علاج کرتے ہیں تو وہ اپنے کام میں اس مقام پر پہنچے گا، جہاں کوئی دوسرا اس کو نہیں پہنچ سکے گا کیونکہ نبی علیہ السلام حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کی آنکھ دوبارہ ٹھیک کر دی تھی۔ اگر دیکھنے والا سفر میں ہے جہاں لوگ پیاس سے بے تاب ہیں تو یہ کرم اور بارش ہونے کی دلیل ہے کیونکہ پانی نہ ہونے کی صورت میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں سے پانی کے چشمے پھوٹے ہیں۔ یونہی اگر لوگ سختی اور قحط کا شکار ہیں تو (آپ کا دیدار) سیر ہونے، خوشحالی اور برکت پر دلالت کرتا ہے۔ جہاں سے لوگ سوچ بھی نہیں سکتے۔ اگر عورت آپ کو (خواب میں) دیکھے تو بڑے مرتبے اور شہرت تک پہنچے گی۔ نیک پاکباز اور اپنے لیے امانت وحفاظت پانے والی ہو گی۔ بسا اوقات سوکنوں کے ذریعے اس کا امتحان لیا جائے گا۔ اُسے نیک اولاد ملے گی۔ اگر مالدار ہے تو اللہ کی راہ میں خرچ کرے گی۔ اور حضور علیہ السلام کا دیدار اس بات کی دلیل ہو گی کہ وہ ستانے پر صبر کرنے والی ہو گی، اگر یتیم نے حضور علیہ السلام کی زیارت کی تو بڑے مقام تک پہنچے گا یہی حال ہے غریب کا۔ اگر دیکھنے والا جسموں کا معالج ہے تو لوگوں کو اس کے طِبّ سے فائدہ ہو گا۔ اور بسا اوقات نبی علیہ السلام کا دیدار مسلمانوں کی مدد اور کافروں کی ہلاکت کا سبب بنتا ہے۔ خصوصًا

marfa.com
Marfat.com

جب آپ کے ہمراہ آپ کے صحابہ کرام بھی ہوں۔ اگر مقروض آپ کی زیارت سے مشرف ہوا، تو اس کا قرض ادا ہو گا۔ بیمار دیکھے تو اُسے اللہ شفا دے گا۔ اگر حج نہ کرنے والے نے آپ کو دیکھا تو حج بیت اللہ کرے گا۔ اگر جہاد کرنے والے نے دیکھا تو اللہ اس کی مدد فرمائے گا۔ اگر امتحان والے نے دیکھا اس کو کامیابی ہو گی۔ اگر سرکار علیہ السلام کو خشک زمین پر دیکھا۔ وہ سرسبز ہو گی۔ بشرطیکہ آپ اپنی اصل صورت پر ہوں۔ اگر دیکھنے والے نے نامناسب رنگ، کمزور اور ناقص دیکھا تو یہ دلیل ہو گی کہ اس جگہ دین کمزور ہے اور بدعات غالب ہیں۔ یہی توجیہ اس وقت ہو گی جب آپ کو پھٹے پرانے لباس میں دیکھے۔ اگر خواب میں دیکھے کہ نبی علیہ السلام کا چھُپ کر خُون پی رہا ہے، حالانکہ اس کے دل میں آپ کی محبت ہے۔ ایسا شخص جہاد میں شہید ہو گا۔ اور اگر علانیہ خون پیتا نظر آیا یہ اس کے نفاق کی دلیل ہے اور وہ آپ کے اہلِ بیت کے خُون میں شریک ہو گا۔ اور اس نے آپ کے اہلِ بیت کے قتل میں مدد کی ہے۔ اگر آپ کو سواری پر دیکھا تو وہ آپ کی قبر کی زیارت کرے گا۔ اور اگر آپ کو پیدل دیکھا تو آپ کی زیارت کو پیدل جائے گا۔ اگر آپ کو کھڑے دیکھا تو اس کا اپنا کام صحیح ہو گا اور اس کے زمانے کے حکمران کا کام صحیح ہو گا۔ اگر آپ کو وفات پاتے دیکھا تو آپ کی نسل پاک میں سے کوئی شریف آدمی فوت ہو گا۔ اگر آپ کا جنازہ دیکھا تو اس علاقہ میں کوئی بڑی مصیبت آئے گی۔ اگر آپ کے جنازہ کے ہمراہ چلا یہاں تک کہ قبر میں آپ کو رکھا تو بدعت کی طرف مائل ہو گا۔ اگر خواب میں آپ کی قبر انور کی زیارت کی تو بڑا مال پائے گا۔ اگر یہ دیکھا کہ میں نبی علیہ السلام کا بیٹا ہُوں حالانکہ آپ کی نسل میں سے نہیں تو یہ دیکھنا اس کے خلوصِ ایمان و یقین کی دلیل ہے۔ ایک شخص کا خواب میں سرکار علیہ السلام کو دیکھنا صرف اسی لیے بابرکت نہیں بلکہ تمام مسلمانوں کے لیے باعثِ برکت ہے۔ اور اگر نبی علیہ السلام کو خواب میں دیکھا کہ آپ نے اُسے کچھ سامان دینا یا کھانے پینے کی چیز عطا فرمائی تو وہ مال ہے جو سرکار کی عطا کے برابر پائے گا۔ جو کچھ سرکار نے اسے عطا فرمایا ہے اگر وہ معمولی چیز ہے مثلاً تربوز وغیرہ تو یہ شخص کی بڑی مصیبت سے نجات پائے گا۔ ہاں اس سے اُسے کچھ تکلیف و دشواری پیش آئے گی اگر یہ دیکھا کہ حضور علیہ السلام

marfa.com

Marfat.com

کے اعضا میں سے کوئی عضو خواب دیکھنے والے کے پاس محفوظ ہے تو یہ امور شرع میں کسی بدعت کا رواج پانا ہے۔ جس شخص نے دیکھا کہ وہ نبی علیہ السلام کی شکل میں متشکل ہو گیا ہے۔ یا اس نے آپ کا کوئی کپڑا پہن رکھا ہے یا آپ نے اسے اپنی انگوٹھی یا تلوار عطا فرمائی ہے۔ اگر حکومت کا خواہش مند ہے تو ملے گی اور زمین اس کے قبضہ میں آئے گی اگر ذلت و پسماندگی میں ہے تو اللہ اس کو عزت بخشے گا۔ اگر طالب علم ہے تو اپنی مراد پائے گا محتاج ہے تو غنی ہو گا شادی شدہ نہیں تو نکاح ہو گا۔ اگر حضور علیہ السلام کو کسی ویران جگہ دیکھا تو وہ جگہ آپ کی برکت سے آباد ہو گی اگر کسی مکان کے اندر بیٹھے ہوئے دیکھا تو اس مکان میں نشان و عبرت ظاہر ہوں گے۔ اگر آپ کو کسی جگہ اذان دیتے ہوئے دیکھا تو وہاں کی پیداوار، آبادی اور مردوں میں جس نے آپ کو سرمہ لگاتے دیکھا، تو وہ شخص آپ کے دین کی درستی اور آپ کی حدیث کے حاصل کرنے کا حکم دے گا۔ اگر حاملہ عورت یا اس کے خاوند نے سرکار کو خواب میں دیکھا تو حمل لڑکا ہو گا۔ جس نے آپ کو بہت حسین دیکھا، تو یہ دیکھنے والے کے دین کا حسن ہے۔ جس نے آپ کی سیاہ ڈاڑھی دیکھی، کہ سفیدی بالکل نہ تھی، وہ بہت خوشی اور بڑی خوشحالی دیکھے گا۔ جس نے آپ کو پختہ عمر والوں کے حال میں دیکھا تو یہ اس کے حال کی قوت اور دشمنوں پر اس کی فتح کی دلیل ہے۔ جس نے آپ کو ایک بڑی ہستی کی صورت میں دیکھا، تو اس کی طاقت و حکومت (جس سطح کی ہے) میں عظمت آئے گی۔ اگر آپ کی گردن مضبوط حال میں دیکھی تو سوچے کہ امام مسلمانوں کی امانت کا محافظ ہوتا ہے۔ اگر آپ کا سینہ کشادہ اور حسین دیکھا تو بادشاہ اپنے فوجیوں کی عطا میں سخاوت کرے گا اگر آپ کا شکم مبارک خالی دیکھا تو اس کا مطلب قومی خزانہ خالی ہو گیا ہے۔ اس میں کوئی مال نہیں۔ اگر آپ کے دائیں ہاتھ کی انگلیاں باہم پیوست دیکھیں تو معنی ہو گا کہ امام (حاکم) راشن وغیرہ نہیں دے رہا اور خواب دیکھنے والا نہ حج کرے گا نہ جہاد اور نہ اپنے اہل و عیال پر خرچ کرے گا۔ اگر اپنا بایاں ہاتھ بند دیکھا تو امام (حکمران) اپنے فوجیوں کا رزق بند کرے گا۔ یونہی جہاد کے اموال۔ اور صدقات اور خواب دیکھنے والا زکوٰۃ نہیں دیتا اور سائل کو منع کرتا ہے۔ اگر حضور علیہ السلام کے ہاتھ

marfa.com

Marfat.com

ننگی حالت میں دیکھے تو دائم رزق دے گا اور خواب دیکھنے والا حج و جہاد کرے گا۔ اور اگر دیکھنے والے نے آپ کی بند مٹھی دیکھی، تو سربراہِ مملکت کے معاملات اُلجھ جائیں گے اور اس کو فکر دامن گیر ہو گی۔ یہی حال دیکھنے والے کا ہو گا۔ جس نے سرکار علیہ السلام کی خوبصورت بڑی اور زیادہ بالوں والی ران مبارک دیکھی، تو اس کے خاندان کو کثرت تعداد اور مال سے قوت حاصل ہو گی۔ جس نے آپ کی پنڈلی مبارک دیکھی، تو اس کے سربراہ کی عمر طویل ہو گی جس نے حضور علیہ السلام کو مسلح حالت میں میدان جنگ میں دیکھا، اس حال میں کہ لوگ خوشی سے ہنس رہے ہیں، تو اس سال مسلمان لشکر کو شکست ہو گی۔ اگر آپ کو چھوٹے لشکر میں اور نامکمل ہتھیاروں کے ساتھ دیکھا، کہ مسلمانوں کو ذلت و ہزیمت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو دشمن کے خلاف مسلمانوں کی مدد ہو گی کہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے :۔

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ۔ ترجمہ: "یقیناً اللہ نے بدر میں تمہاری مدد فرمائی حالانکہ تم بے سر و سامان تھے"

جس نے حضور علیہ السلام کو سر اور داڑھی میں کنگھی کرتے دیکھا تو یہ دیکھنے والے کے رنج و غم کے ختم ہونے کی دلیل ہے۔ اگر کسی نے آپ کو مسجد نبوی، یا حرم مدینہ یا حرم مکہ یا آپ کے مشہور مکان میں دیکھا تو وہ عزت و قوت پائے گا۔ جس نے آپ کو صحابہ کرام میں مواخات (بھائی چارہ) کرتے دیکھا، وہ علم و دانش پائے گا۔ جس نے آپ کی قبر مبارک دیکھی، وہ غنی ہو گا۔ مال پائے گا۔ اگر تاجر ہے تو اپنی تجارت میں نفع پائے گا۔ قیدی ہے تو رہائی پائے گا جس نے خواب میں نبی علیہ السلام کو اپنے آپ کا باادب بنے دیکھا تو اس کے دین میں فساد اور یقین میں کمزوری ہے۔ جس نے نبی علیہ السلام کی کسی ایک پاک بیوی کو اپنی ماں کی حالت میں دیکھا، اس کے ایمان میں قوت آئے گی۔ جس نے اپنے آپ کو نبی علیہ السلام کے پیچھے چلتے دیکھا تو وہ متبع سنت ہے۔ جس نے نبی علیہ السلام کو اپنے کسی معاملہ میں غور کرتے دیکھا تو یہ اپنی بیوی کے حقوق ادا کرنے کا حکم ہے۔ جس نے اپنے آپ کو نبی علیہ السلام کے ساتھ کھانا کھاتے دیکھا تو یہ اس کے مال سے زکوٰۃ دینے کا حکم ہے۔ جو آپ کو تنہا کھاتے دیکھے تو دیکھنے والا

marfa.com
Marfat.com

سائل کو کچھ نہیں دیتا۔ پس آپ اسے صدقے کا حکم دے رہے ہیں۔ اگر حضور علیہ السلام کو ننگے پاؤں دیکھا، تو یہ شخص باجماعت نماز نہیں پڑھتا۔ پس آپ اسے باجماعت نماز پڑھنے کا حکم دے رہے ہیں جس نے آپ کو موزے پہنے دیکھا، تو سرکار اس شخص کو فی سبیل اللہ جہاد کا حکم دے رہے ہیں۔ جس نے نبی علیہ السلام سے مصافحہ کرتے دیکھا تو یہ آپ کی سُنّت کا پیروکار رہے۔ جس نے اپنا خُون نبی علیہ السلام کے خون سے خلط ملط دیکھا تو وہ کسی شریف آدمی سے رشتہ داری کرے گا یا علماؑ سے نکاح کرے گا۔ اگر دیکھا کہ نبی علیہ السلام اسے کوئی سبزی عطا فرما رہے ہیں تو یہ شخص غم سے نجات پائے گا۔ اگر کوئی پسندیدہ چیز عطا فرمائی مثلاً کھجور، شہد، تو یہ شخص حافظِ قرآن بنے گا اور اتنا علم حاصل کرے گا جتنی وہ چیز آپ نے اسے دی تھی۔ جس نے نبی علیہ السلام کو خطبہ دیتے دیکھا، تو یہ شخص نیکی کا حکم دے گا اور بُرائی سے منع کرے گا۔ جس نے خواب دیکھا کہ نبی علیہ السلام نے اسے کوئی چیز دی ہے، وہ علم حاصل کرے گا اور حق کی پیروی کرے گا۔ اگر اس نے آپکا عطیہ واپس کر دیا تو بدعت میں گرفتار ہو گا۔ جس نے نبی علیہ السلام کو دراز قد نوجوان کی صُورت میں دیکھا تو اس کی وجہ سے لوگوں میں فتنہ و قتل ہو گا۔ اگر سرکار کو بڑھاپے کی حالت میں دیکھا تو لوگ خیر و عافیت میں ہوں گے۔ اگر آپ کو گندم گوں رنگ میں دیکھا تو یہ شخص بے دینی چھوڑ کر دل میں توبہ کرنے کی باتیں کرے گا۔ اگر آپ کو سفید رنگ میں دیکھا تو یہ شخص اللہ کے حضور توبہ کر کے نیک عمل کرے گا اور سیدھی راہ چلے گا۔ جس نے دیکھا کہ وہ سرکار سے ناراض ہے جھگڑا کر رہا ہے یا آپ کی آواز پر اپنی آواز بلند کر رہا ہے۔ تو یہ وُہ بدعات ہیں جو اس نے دین میں پیدا کی ہیں۔ اگر خواب میں دیکھا کہ نبی علیہ السلام اُسے بوسہ دے رہے ہیں، تو دیکھے اور غور کرے کہ وُہ حضور علیہ السلام کی کون سی حدیث روایت کرتا ہے جس نے دیکھا کہ نبی علیہ السلام کسی مقام پر وفات پا گئے ہیں تو اس جگہ سُنّت ختم ہو گی "

عارف نابلسی کا کلام ختم ہوا۔

marfa.com
Marfat.com

اور میں نے کتاب "العقد النفیس المجموع من کلام سیدی احمد بن ادریس" میں یہ عبارت دیکھی ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا کہ جو شخص نبی علیہ السلام کو خواب میں اس صورت کے خلاف دیکھے، جو (کتب حدیث) میں بیان ہوئی ہے، اس کا خواب حق ہے۔ یا نہیں؟ تو آپ نے جواب دیا کہ اس کا خواب سچا ہے کہ جس نے حضور علیہ السلام کو دیکھا اس نے سچ مچ آپ ہی کو دیکھا اگرچہ اصل صورت مبارکہ کے خلاف دیکھے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ جبریل علیہ السلام سرکار رسالت مآب علیہ السلام کی خدمت میں دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کی شکل میں آتے تھے۔ دراصل آپ کو دیکھنے والوں کا حال مختلف ہوتا ہے۔ تم آئینے میں اپنی صورت دیکھتے ہو۔ اگر خوبصورت ہیں تو خوبصورت دیکھتے ہیں۔ بدصورت ہیں تو بدصورت دیکھتے ہیں۔ یونہی جو شخص نبی علیہ السلام کو دیکھتا ہے۔ وہ اپنے اس طرزِ عمل کے مطابق ہی دیکھے گا جو اس کا اللہ تعالےٰ سے ہے۔ مسلمان تو اپنے بھائی کا آئینہ ہے لیکن جب آپ اس کو کسی چیز کا حکم دیں یا کسی چیز سے منع فرمائیں۔ تو اگر سرکار اس صورت میں نظر آئیں جو بیان کی گئی ہے تو خواب میں آپ نے جو بھی حکم دیا وہ اسی طرح ہے جیسے بیداری میں۔ بے شک وہ شخص اس کی پیروی کرے گا۔ یونہی اگر آپ نے کسی بات سے منع فرمایا تو اس سے رک جائے۔ بشرطیکہ احکام شرع کے موافق ہو، ورنہ قابل عمل نہیں، کیونکہ خواب دیکھنے والے کو بات یاد نہیں رہتی۔ جیسا کہ علماء نے فرمایا ہے، اور اگر سرکار اس صورت میں نظر نہ آئیں جو کتب میں مذکور ہے تو عمل نہیں کیا جائے گا۔ کتاب مذکور میں مؤلف مرحوم ایک اور مقام پر فرماتے ہیں، مجھے قابلِ وثوق شخص نے بتایا جس کی سچائی میں مجھے کچھ شک نہیں کہ انہوں نے نبی علیہ السلام کو خواب میں دیکھا اور عرض کی یا رسول اللہ! حلال ہے یا حرام۔ آپ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی طرف دیکھ کر فرمایا، جو آپ کے پاس موجود تھیں، اگر یہ اسے پی لیں تو میں ان کے قریب نہ جاؤں۔ یہ بات آپ نے تین بار دہرائی۔ خواب دیکھنے والا کہتا ہے، میرے دل میں خیال پیدا ہوا کہ میں پوچھوں، کہ سرکار آپ نے شریعت میں اسے حرام فرمایا ہے؟۔ اگر فرمایا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

تو حدیث میں کس مقام پر؟ لیکن میں سرِ دست پوچھنا بھول گیا آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں دیکھ لیجیے اگر اسے اُم المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پی لیتیں تو حضور علیہ السلام ان کے قریب نہ جاتے۔ تو اس کے پینے پر اس سے بڑی آفت کون سی ٹوٹ سکتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیوی اور مسلمانوں کے ماں کے قریب نہ آئیں۔ اس سے بڑھ کر اس کے حرام ہونے کا کیا اشارہ ہو سکتا ہے؟ اور جس نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اس نے حقیقتہً آپ ہی کو دیکھا اور جس نے خواب میں آپ کی زیارت کی تو یہ ایسا ہی ہے جیسے بیداری میں کی۔ سلام ہو ہدایت کے پیروکار پر۔ فرمایا کہ اس کی قیمت کا بھی یہی حکم ہے۔ ایسے موقع پر نبی علیہ السلام نے فرمایا۔ یہودیوں پر خدا کی لعنت بے شک اللہ نے ان پر چربی حرام کی، تو انہوں نے اسے بیچ کر اس کی قیمت کھانا شروع کر دی۔ اور جب اللہ نے کسی قوم پر کسی چیز کا کھانا حرام کر دیا تو اس کی قیمت بھی حرام فرمائی۔" اس کو امام احمد اور ابو داؤد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا۔ الخ

شیخ الاسلام زکریا کا ارشاد

شیخ الاسلام زکریا نے شرح رسالہ قشیریہ میں فرمایا۔ نبی علیہ السلام کے صحیح دیدار کی علامت یہ ہے کہ دیکھنے والا آپ سے کوئی خلاف شرع بات نہ سُنے یعنی ماہرینِ فنِ حدیث کے نزدیک اس کی صحیح تعبیر ہو سکے۔ الخ۔

ابو سعد نیشاپوری کا ارشاد

امام ابو سعید واعظ نیشاپوری مصنف کتاب "شرف المصطفٰے" نے اپنی کتاب التعبیر میں اپنی سند کے ساتھ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سُنا۔ جس نے مجھے خواب میں دیکھا گویا اس نے بیداری میں دیکھا کہ شیطان میری مثل نہیں بن سکتا۔" ابو سلمہ کہتے ہیں ابو قتادہ رضی اللہ عنہ نے نبی علیہ السلام کا یہ ارشاد نقل فرمایا کہ جس نے مجھے دیکھا اس نے حق کو دیکھا اور اپنی سند

marfa.com
Marfat.com

کے ساتھ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہٗ سے سرکار کا یہ ارشاد نقل کیا کہ جس نے مجھے دیکھ لیا۔ ہرگز جہنم میں نہ جائے گا۔

اور اپنی سند کے ساتھ سعید بن قیس عن ربیہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ ہرگز جہنم میں نہ جائے گا۔ استاذ ابوسعد رضی اللہ عنہٗ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ سو وہ شخص بڑا سعادت مند ہے جس نے آپ کو حیاتِ ظاہری میں دیکھا اور آپ کی پیروی کی اور وہ بھی بڑا سعادت مند ہے۔ جس نے خواب میں آپ کی زیارت کی۔ اگر قرض دار کو زیارت ہوئی اللہ اس کا قرض ادا کرے گا۔ مریض کو ہوئی تو اللہ اس کو شفا بخشے گا۔ اگر مجاہد نے دیکھا تو اللہ اس کی مدد فرمائے گا۔ اگر حج سے روکے گئے نے دیکھا تو حج نصیب ہوگا۔ اگر قحط زدہ نے دیکھا تو اللہ خوشحالی لائے گا اگر اس زمین میں دیکھا جہاں ظلم کا دور دورہ تھا، اس کی جگہ عدل و انصاف لائے گا۔ اگر ڈاواڈول جگہ پر دیکھا تو اللہ وہاں امن و امان قائم فرمائے گا۔" کچھ مذکورہ تعبیریں عارف نابلسی سے منقول ہیں۔ پھر فرمایا میں نے ابوالحسن علی بن محمد بغدادی سے مشہور علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہٗ (کوفہ) میں سنا۔ فرمایا ابن ابی طیب الفقیر نے کہا میں دس سال بہرہ رہا، پس میں مدینہ منورہ حاضر ہوا۔ منبر اور قبر انور کے درمیان سو گیا خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ میں نے عرض کیا، یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا، جو میرے لیے الوسیلہ مانگے اس کے لیے میری شفاعت لازم ہوگی۔" نبی علیہ السلام نے فرمایا عَافَاكَ اللّٰہُ اللہ تجھے معاف فرمائے میں نے ایسے نہیں کہا میں نے کہا تھا "جو کوئی اللہ کے حضور میرے لیے وسیلہ مانگے۔ اس کے لیے میری شفاعت لازم ہوگی۔" کہتے ہیں نبی علیہ السلام کے فرمان عَافَاكَ اللّٰہُ کی برکت سے میرا بہرہ پن جاتا رہا۔

روضۂ رسول کا مہمان فرمایا، عبداللہ بن الجلاء نے بیان کیا کہ میں مدینہ منورہ حاضر

marfa.com
Marfat.com

ہوا۔ میں بھوکا تھا۔ قبر رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضر ہوا۔ میں نے حضور علیہ السلام اور آپ کے دونوں ساتھیوں (صدیق و عمر) رضی اللہ عنہما، کی خدمت میں سلام عرض کیا۔ پھر عرض کیا۔ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ! میں بھوکا ہوں، اور آپ کا مہمان ہوں۔ پھر ذرا ہٹ کر قبر انور کے سامنے سو گیا۔ میں نے دیکھا کہ نبی علیہ السلام میری طرف تشریف لا رہے ہیں میں تعظیماً کھڑا ہو گیا۔ آپ نے مجھے روٹی عطا فرمائی۔ میں نے روٹی کا کچھ حصہ کھایا ہی تھا کہ آنکھ کھل گئی دیکھتا کیا ہوں کہ روٹی کا باقی حصہ میرے ہاتھ میں ہے۔ فرمایا، قاری ابوالوفاء ہروی کا بیان ہے کہ ۳۶۰ھ میں علاقہ فرغانہ میں، میں نے نبی علیہ السلام کو خواب میں دیکھا۔ میں بادشاہ کے دربار میں تلاوت قرآن کیا کرتا تھا، جب کہ وہ لوگ بجائے قرآن سننے کے اپنی باتوں میں مشغول رہتے، میں غمزدہ گھر لوٹ آیا اور سو گیا۔ خواب میں نبی علیہ السلام کو دیکھا۔ چہرۂ اقدس کا رنگ متغیر تھا۔ آپ علیہ السلام نے مجھے فرمایا، اللہ کا کلام قرآن کریم اور ان لوگوں کے سامنے پڑھتے ہو جو باتوں میں مصروف ہیں اور تمہاری قرأت سنتے ہی نہیں۔ اس کے بعد نہ پڑھنا، ہاں جتنا اللہ چاہے اس پر میں بیدار ہو گیا۔ اور چار مہینے تک میں نے زبان بند رکھی جب مجھے ضرورت پڑتی تو پرچوں پر لکھا۔ پس میرے پاس محدثین و فقہاء جمع ہوئے۔ ان سب نے آخر کار یہ فتویٰ دیا۔ کہ میں کلام کر سکتا ہوں، کر! اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہ۔ استثناء ہے۔ اب چار ماہ کے بعد میں اسی جگہ سو گیا جہاں پہلے سویا کرتا تھا تو میں نے نبی علیہ السلام کو خواب میں دیکھا، آپ کا چہرۂ مبارک چمک رہا تھا۔ مجھ سے فرمایا تم نے توبہ کر لی؟ میں نے عرض کی جی ہاں! یا رسول اللہ! فرمایا جو توبہ کر لے اللہ اس پر متوجہ ہو جاتا ہے اپنی زبان باہر نکالو، پھر آپ نے انگشت شہادت سے میری زبان کو چھوا۔ اور فرمایا جب لوگوں میں موجود ہو اور اللہ کی کتاب پڑھو تو وقفے وقفے سے قرآن پڑھا کرو تاکہ وہ غور سے اللہ کا کلام سن سکیں پھر تو بیدار ہو گیا تو اللہ کے فضل و احسان سے میری زبان کھل چکی تھی۔ فرمایا حکایت ہے کہ ایک امیر آدمی بیمار ہو گیا۔ ایک رات نبی علیہ السلام کو (خواب میں) دیکھا گویا فرما رہے ہیں اگر اپنی بیماری سے

marfa.com
Marfat.com

غریبوں کی مدد کرو

شفا چاہتے ہو تو لَا وَ لَا پر عمل کرو۔ جب بیدار ہوا، تو حضرت سفیان ثوری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں دس ہزار درہم بھیجے اور کہا انہیں غریبوں میں تقسیم کر دیجیے، اور خواب کی تعبیر ان سے پوچھی۔ انھوں نے فرمایا لَا وَ لَا سے مُراد زیتون ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب (قرآن مجید) میں اس کی تعریف میں فرمایا ہے :۔

زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ۔ ترجمہ: نہ مشرقی۔ نہ مغربی۔

اور تیرے مال کا فائدہ یہ ہے کہ تیری وجہ سے غریبوں کی حالت سُدھرے گی کہا کہ اس شخص نے زیتون کا بطورِ دوا استعمال کیا۔ تو اللہ تعالےٰ نے حکم رسُول صلی اللہ علیہ وسلم کی تعمیل اور خواب کی تعظیم کی برکت سے اسے شفا عطا فرما دی، کہا کہ ہمیں یہ بات بھی پہنچی ہے کہ ایک شخص نے خواب میں سرکار رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں اپنی تنگدستی کی شکایت کی۔ آپ نے فرمایا علی بن عیسٰی کے پاس جاؤ، اور اس سے کہو کہ تمہاری حالت سدھارنے میں مدد کرے۔ اس شخص نے عرض کیا، یا رسُول اللہ! کس علامت سے؟ فرمایا اس سے کہنا نشانی یہ ہے کہ تُو نے مجھے وادی بطحاء میں دیکھا ہے، تو اس وقت ایک بلند ٹیلے پر تھا، پھر تُو اتر کر میرے پاس آیا تو میں نے تجھے اپنی جگہ واپس جانے کا حکم دیا۔ یہ علی بن عیسٰی پہلے وزیر تھے جو معزول ہُوئے پھر ان کو وزارت مل گئی۔ جب وہ شخص بیدار ہوا، علی بن عیسٰی کے پاس پہنچا جو اس وقت وزیر تھا۔ جب اس نے اس کے سامنے اپنا قصہ بیان کیا تو اس نے کہا تُو نے سچ کہا اس نے اسے چار ہزار دینار دیئے اور کہا ان سے قرض ادا کیجیے۔ پھر اور چار ہزار دینار دے کر کہا۔ یہ تمہارا جیب خرچ ہے جب خرچ کر لو، پھر میرے پاس آجانا۔ کہا کہ مرادک نامی ایک بصری سبز چادریں بیچا کرتا تھا۔ اس کا کہنا ہے کہ میں نے اہواز کے ایک امیر کے ہاتھ ہاتھی دانت فروخت کیا۔ میں اس کی قیمت وصول کرنے کے لیے اس کے پاس آتا جاتا رہا۔ اس نے ابوبکر صدیق اور

marfa.com
Marfat.com

عمر فاروق رضی اللہ عنہما کو گالی دی ہے اس کی ہیبت مجھے جواب دینے سے مانع رہی۔ میں غم کے گھونٹ پی کر واپس آگیا۔ رات کو اسی غم والم کی حالت میں سو گیا۔ میں نے خواب میں نبی علیہ السلام کو دیکھا اور عرض کیا یا رسول!

اہوز کا گستاخ امیر اور اس کا انجام

فلاں شخص نے ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو گالی دی ہے۔ فرمایا اُسے میرے پاس لاؤ میں سرکار کی خدمت میں اسے پکڑ لایا۔ فرمایا اسے میرے پاس لاؤ اسے لٹا دیا۔ فرمایا اس کو ذبح کرو۔ میری نگاہ میں اس کو ذبح کرنا بہت بڑا مسئلہ بن گیا میں نے کہا یا رسول اللہ! اسے ذبح کر دوں۔ فرمایا ذبح کر دو۔ یہاں تک کہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔ میں نے اس کی گردن پر چھری چلا دی اور اسے قتل کر دیا۔ صبح میں بیدار ہوا۔ تو دل میں سوچا کہ اس کے پاس جاؤں، اسے نصیحت کروں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے جو کچھ میں نے دیکھا اسے بتا دوں۔ میں چل پڑا جب اس کے مکان کے پاس پہنچا تو شور و غل کی آواز سنی۔ بتایا گیا کہ وہ مر گیا ہے۔

ایک پریشان حال ابن سیرین کی خدمت میں

ابن سیرین کے پاس ایک ایسا پریشان شخص آیا۔ جس کے دین پر تہمت نہیں لگائی جا سکتی۔ اس نے کہا میں نے رات خواب میں دیکھا ہے کہ میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ اقدس پر پاؤں رکھ دیا ہے۔ آپ نے فرمایا رات سوتے وقت تم نے موزے پہن رکھے تھے؟ اس نے کہا جی ہاں! فرمایا ان کو اتار! اس نے اتار دیئے۔ دیکھا کہ ایک پاؤں کے نیچے درہم ہے جس پر مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کا نقش ہے۔ ابو سعد واعظ رحمہ اللہ کا کلام ختم ہوا۔

marfa.com
Marfat.com

فصل

سیدی محی الدین ابن العربی رحمۃ اللہ کا رسالہ مبشرات

اس فصل میں، میں سیدی شیخ اکبر محی الدین ابن العربی رضی اللہ عنہ کے رسالہ مبشرات کا ذکر کروں گا۔ نبی علیہ السلام کی زیارات کے سلسلہ میں یہ ایک مفید تحریر ہے۔ شیخ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللہ کے نام سے شروع جو رحم فرمانے والا مہربان ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ، سب تعریفیں اللہ پروردگار عالمیان کے لیے ہیں۔ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ۔ اور اچھی آخرت پرہیزگاروں کے لیے ہے وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِہِ الطَّاھِرِیْنَ۔ اللہ تعالیٰ رحمت نازل فرمائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی پاکیزہ آل پر۔ حمد وصلوٰۃ کے بعد! بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے ولیوں اور عام مسلمانوں کے لیے اچھے خواب دیکھنے کو اپنی وحی قرار دیا۔ اور اسے اجزائے نبوت میں سے ایک جز قرار دیا جیسا کہ ترمذی نے اپنی مسند میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی، کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "نبوت و رسالت ختم ہو چکی ہے۔ پس میرے بعد نہ کوئی رسول ہے نہ نبی۔ کہا کہ اس سے لوگ کچھ گھبرا گئے۔ نبی علیہ السلام نے فرمایا، لیکن مبشرات باقی ہیں۔ صحابہ کرام نے پوچھا، یا رسول اللہ! مبشرات کیا ہیں؟ فرمایا مسلمان کا خواب، جو کوئی شخص دیکھتا ہے۔ یا اسے دکھایا جاتا ہے، اور یہ نبوت کے اجزا میں سے ایک جز ہے" ابو عیسیٰ (ترمذی) نے فرمایا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور امام مسلم نے یہی بات اپنی مسند صحیح میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے۔ فرماتی ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ابتدائے وحی میں اچھے خواب نظر آتے تھے۔ پس نبی علیہ السلام جو بھی

marfa.com
Marfat.com

ہمیں خواب دیکھتے وہ ظہور صبح کی طرح سچی نکلتی۔ اللہ تعالےٰ نے یوسف علیہ السلام کی خبر دیتے ہوئے فرمایا:

اِنِّیْ رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ کَوْکَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَیْتُھُمْ لِیْ سٰجِدِیْنَ۔

ترجمہ: بے شک میں نے گیارہ ستاروں، اور سورج اور چاند کو اپنے لیے سجدہ کرتے دیکھا ہے۔"

پھر جب آپ کے بھائی اور ماں باپ آپ کے سامنے سجدے میں گرے، آپ علیہ السلام نے فرمایا: "یہ ہے میرے پہلے خواب کی تعبیر۔ جسے میرے رب نے سچ کیا۔

یوں ہی اللہ تعالےٰ نے ابراہیم علیہ السلام کا ان کے بیٹے اسماعیلؑ سے مکالمہ نقل کیا ہے "بیٹا میں نے خواب میں تجھے ذبح کرتے دیکھا ہے، بتاؤ تمہاری رائے کیا ہے؟ پھر جب خواب کے مطابق آپ نے فرزند کو ذبح کرنے کا ارادہ کر لیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو آواز دی ابراہیم! بے شک تم نے خواب سچ کر دکھایا اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَاَوْحَیْنَآ اِلٰٓی اُمِّ مُوْسٰٓی اَنْ اَرْضِعِیْهِ الخ

ترجمہ: ہم نے موسیٰ کی ماں کی طرف وحی کی کہ اس کو دودھ پلاؤ۔

اور جب اس کے بارے خوف محسوس کرو، تو اسے دریا میں ڈال دینا" پورا قصہ۔ کہا گیا ہے۔ کہ یہ وہی تھا جو موسیٰ علیہ السلام نے دیکھا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ میں نے یہ ارادہ کیا ہے کہ اس جزء میں وہ سب کچھ ذکر کر دوں، جو میں نے خواب میں دیکھا ہے جس سے دوسروں کو فائدہ ہو، خیر کے اسباب پیدا ہوں۔ اور جو کچھ میری ذات سے مختص ہے اسے ذکر کرنے کی مجھے ضرورت نہیں۔

خواب کی قسمیں

جان لیجیے کہ خواب کی تین قسمیں ہیں۔

اوّل: وہ خواب جو اللہ کی طرف سے ہے۔ یہ مبشرات کہلاتے ہیں۔ یعنی خوشخبریاں۔

دوم: نفس کے خواب۔ یہ وہ خیالات ہوتے ہیں جن کو بیداری میں انسان اپنے دل

marfa.com

Marfat.com

میں سوچتا رہتا ہے۔

سوھے: شیطانی خواب یعنی ڈراؤنے خواب، جن کے ذریعے شیطان تمہیں پریشان کرتا ہے۔ پس جو کوئی پریشان کُن خواب دیکھے وہ اس خواب کے شر سے اللہ کی پناہ مانگے اور بائیں طرف تین بار تھوک دے اس سے وُہ اس کی ضرر سے محفوظ رہے گا۔ اور اسے کسی کے آگے بیان نہ کرے۔ اسی طرح نبی علیہ السلام کی یہ روایت ہم تک پہنچی ہے۔

اور نبی علیہ السلام کی یہ روایت بھی ہم تک پہنچی ہے کہ آپ نے فرمایا "خواب پرندے کے پاؤں میں لٹک رہی ہوتی ہے پھر جب اسے بیان کر دیا جاتا ہے تو وہ فوراً ہی گر جاتا ہے۔ جان لیجیے کہ خواب میں اللہ تعالیٰ فرشتوں، نبیوں اور فاضل علماء کو دیکھنا، دو طرح کا ہوتا ہے۔ اچھی، کامل اور فضل و کمال کی صورت میں دیکھنا اور یا پھر قبیح اور ناقص صورت اس شکل مبارک کو ان دو حالوں میں دیکھنے کے دو سبب ہیں۔

حسن و قبح کے اسباب

پس اچھی صورت میں دیکھنا باطل۔ بُرائی اور اللہ کی ناپسندیدگی کی نشانی ہے۔ یہ حُسن و قبح بھی دو اسباب کی طرف رجُوع کرتا ہے۔ یا تو خود دیکھنے والے کی ذات کی طرف۔ یا اس جگہ کی طرف جہاں اُسے رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یا حق یا عالم فاضل کی زیارت ہوئی ہے۔ بے شک دین اور حق کا اس مقام پر نظر آنا حسن و قبح کی اس صُورت کے مطابق ہے، جسے تم نے خواب میں دیکھا ہے۔ جیسے عالم، زاہد، ابو عبداللہ مُحمد بن العاص الباجی کی مجلس میں، مجھے ایک نیک شخص نے بتایا کہ ہمارے ایک ساتھی نے خواب میں نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، پس اس دیکھنے والے نے سرکار کے چہرۂ انور پر تھپڑ مار دیا۔ (العیاذ باللہ۔ مترجم) یہاں تک کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ اقدس پر اس کے ہاتھ کا نشان پڑ گیا۔ اب وُہ شخص گھبرا کر بیدار ہو گیا اور ہمارے ایک شیخ کے سامنے اس کا ذکر کیا انہوں نے فرمایا تو اپنی بیوی سے حرام کرتا ہے۔ اب دیکھنے والے شخص نے جی میں غور و خوض کیا۔ تو یاد آیا کہ اس نے اپنی بیوی سے طلاق والی قسم اٹھائی تھی اور پھر اُسے توڑ دیا تھا۔ پھر بھی اس سے

marfa.com

Marfat.com

علیحدگی نہیں کی۔ اور اس سے تعلقات زن و شوہر بدستور قائم رکھے۔

ایسا ہی واقعہ ایک اور نیک آدمی کے ساتھ پیش آیا۔ اس نے خواب میں دیکھا کہ جس شہر میں رہتا ہے وہاں نبی علیہ السلام کی وفات ہو گئی ہے اور اس شہر کے فقہاء نے نبی علیہ السلام کو دفن کر دیا ہے۔ وہ شخص بیدار ہوا تو پوچھ گچھ کے بعد معلوم ہوا کہ جج کے متعلق کسی مسئلہ میں بحث ہو رہی ہے۔ اور ایک فریق واضح احادیث سامنے آنے کے باوجود ماننے سے انکاری ہے ایسی احادیث جن میں کسی طرح لعن و اعتراض کی گنجائش نہیں، اور اپنی رائے سے فیصلہ کر رہے ہیں۔ کہتے ہیں مذہب متعین ہو چکے ہیں اور جھگڑنے والے احادیث کے ذریعے ان کو رد کرنا چاہتے ہیں اور خوب خوب تعصب کا مظاہرہ کر رہے ہیں"۔ پس ہم اس رسوائی سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ میں نے خود نبی علیہ السلام کی میت کی صورت میں دیکھا، جن کو اشبیلیہ کی جامع مسجد کے ایک حصہ میں دفنایا گیا۔ میں نے اس جگہ کے بارے میں پوچھا تو معلوم ہوا کہ وہ جگہ مغصوبہ ہے مالک سے زبردستی بلا قیمت لی گئی ہے ایسی ہی وجوہات سے مذکورہ بالا لوگوں کے احوال کا تعلق ہے۔ جن کے خوابوں کا ذکر کیا گیا ہے ان حالات کا تعلق ان کی ذوات سے نہیں، دوسری وجوہات سے ہوتا ہے۔ پس میں چاہتا ہوں کہ صرف ان خوابوں کا ذکر کروں، جن سے کوئی حکم ثابت ہو (درجہ ظن میں) یا علم حاصل ہو یا اطاعت کی ترغیب ہو۔ ان میں سے کچھ یہ ہیں

بشارات

جو حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل پیرا ہونے کی ترغیب دیتی ہیں

میں نے خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور فرشتوں کو دیکھا یہ اس زمانے کی بات ہے جب ابراہیم بن ہمام اشبیلی نے حدیثوں کو مرتب کرنے اور ان پر عمل کرنے کا اہتمام کیا تھا۔ ان کے پاس وہ فقہاء بھی کھڑے تھے جنہوں نے نبی علیہ السلام کو دفن کیا تھا جیسا کہ ہم اوپر ذکر کر آئے ہیں۔ تو میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی علیہ وسلم ابراہیم بن ہمام کو چوم رہے ہیں اور محبت سے ان کو اپنے

marfa.com
Marfat.com

سینے سے لگا رہے ہیں اور اپنی محبت کا اظہار فرما رہے ہیں۔

ایسی ہی ایک اور بشارت ہے، میں نے نبی کریم علیہ السلام کو خواب میں دیکھا کہ امام محدث، ابو محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم الفارسی، مصنف المحلیٰ سے معانقہ فرما رہے ہیں یہ علم حدیث میں امام۔ عالم اور اس پر عامل تھے۔ روشنی نے ذات اقدس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ذات ابن حزم کو ڈھانپ رکھا تھا، اور اس طرح گھل مل گئے جیسے دو نہیں ایک ہی جسم پاک ہے۔ پس یہ برکت حدیث کی ہے۔

ایسی ہی ایک اور بشارت ہے حصول علم سے پہلے میرے تمام دوستوں نے مجھے کتب رائے (قیاس) پڑھنے کی ترغیب دی مجھے کچھ پتہ نہ تھا۔ نہ علم حدیث کا نہ قیاس کا۔ میں نے خواب میں دیکھا، گویا میں ایک کھلی فضا میں ہوں، اور کچھ مسلح لوگ میرے قتل کے درپے ہیں مجھے بچاؤ کے لیے کوئی پناہ گاہ نہیں مل رہی۔ میں نے سامنے ایک ٹیلے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھڑے دیکھا۔ میں ان کی طرف لپکا، آپ نے مجھ پر اپنی چادر پھینکی اور مجھے اپنی مضبوط گرفت میں تھام لیا اور فرمایا میرے دوست میرا دامن تھام لے، اگر بچ جائے میں نے ان دشمنوں کو دیکھا تو روئے زمین پر مجھے ان میں سے کوئی نظر نہ آیا۔ اسی وقت سے میں خدمت حدیث میں مشغول ہو گیا۔

اسی مفہوم کی ایک اور بشارت

میں نے امام دار الہجرت مالک بن انس اصبحی کو خواب میں دیکھا، سفید کپڑے میں ملبوس۔ بارہ ہاتھ کپڑا زمین پر گھسیٹے جا رہے ہیں باب الفتح نامی دروازے پر کھڑے ہیں۔ میں نے ان سے کہا، مالک! کیا پڑھوں؟ فرمانے لگے کتب رائے پڑھنا چاہتے ہو؟ مجھے ایک شخص نظر آ رہا تھا، جو کتب رائے میں مصروف رہا کرتا تھا۔ دیکھا کہ وہ شخص امام مالک سے منہ موڑ کر اجری کو دیکھنے میں مصروف ہے میں نے کہا اے امام مالک مجھے ڈر لگتا ہے کہ کتب رائے مجھے

marfa.com
Marfat.com

اس طرف نہ لے جائیں، جس طرف اس آدمی کو لے گئی ہیں۔ اس پر امام مالک رضی اللہ عنہ مسکرا پڑے، اور فرمانے لگے سچ کہتے ہو۔ بیٹا! حدیث پاک کی نشر و اشاعت اور اسی پر عمل کرتے رہو۔

علم حدیث کی فضیلت

علم حدیث کا یہ بھی شرف ہے کہ عالم۔ ابوالعباس احمد بن احمد بن ابوداؤد بن علی بن ثابت بن منصور حریری حلفاوی رحمہ اللہ نے، ٹیونس شہر میں، شیخ، صالح، عارف عبدالعزیز بن ابی بکر قرشی مہدوی کے مکان پر مجھے بتایا کہ مجھے (ابوالعباس) کو امام کبیر ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے بڑی عقیدت تھی کیونکہ ان کی رائے اچھی اور ذہن پارسا تھا۔ لہٰذا میں دوسرے آئمہ کی بجائے ان کی طرف مائل تھا۔ پس میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا، مگر آپ نے مجھ سے کلام نہ فرمایا۔ مجھے وجہ پوچھنے کی ہمت نہ ہوئی۔ آپ کے پیچھے پیچھے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے، میں نے عرض کیا اے ابوبکر! آپ کے نزدیک آئمہ کے مراتب کس طرح ہیں؟ انہوں نے فرمایا، ہمارے ساتھ ملے ہوئے احمد بن حنبل ہیں۔ پھر شافعی، پھر مالک۔ پھر ابوحنیفہ۔ ابوالعباس کہتے ہیں مجھے حیرت ہوئی۔ اور معلوم ہوا کہ نجات حدیث کی پیروی میں ہے۔ میں نے یہ بات قاضی عبدالوہاب ازدی، سکندرانی کو ۵۹۹ھ میں مکہ معظمہ میں بتائی تو انہوں نے کہا یہی صحیح ہے اور میں تمہیں ایک حکایت بتاتا ہوں جو ابوالعباس کے خواب کی تائید کرتی ہے میں نے کہا بتائیے اس وقت ہم رکن یمانی کے سامنے باب حزورہ کے پاس تھے انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں ایک نیک آدمی تھا جس کی ذات میں بھلائی اور اچھے فضائل تھے وہ مر گیا ہمارے ایک نیک آدمی نے اُسے خواب میں دیکھا تو دیکھنے والے نے اس سے کہا، اے فلاں! جو فرشتے تیرے پاس آئے تو زمین کیسی تھی؟ کہا پانی کی طرح نرم، کہ جتنی بار اُسے چیرتے رہو بندش نہیں ڈالتی۔ جیسے پانی پھٹ جاتا ہے اور گاڈٹ نہیں ڈالتا۔ دیکھنے والا کتا ہے میں نے اسے کہا، تو نے کیا دیکھا؟ وہ بولا میں نے کچھ کتابیں بلندی پر دیکھیں اور کچھ زمین کی پستی میں، جب میں نے اس کی وجہ پوچھی تو مجھے بتایا گیا۔

marfa.com
Marfat.com

کہ بلندی پر کتب حدیث ہیں اور پستی میں کتب رائے۔ اور یہ حالت اس وقت تک رہے گی جب تک دونوں طبقوں سے باز پرس نہیں ہو جاتی۔

مسجد حرام کی معرفت کی بشارت

میں نے مکہ شریف میں ۵۹۹ھ کو خواب میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو آپ سے سوال کیا کہ مسجد حرام کی حد کہاں سے کہاں تک ہے۔ جس میں ایک نماز لاکھ کے برابر ہوتی ہے؟ کیا وہ تمام حرم شریف ہے یا مشہور مسجد حرام؟ آپ نے فرمایا نہ میں یہ کہتا ہوں کہ وہ تمام حرم شریف ہے اور نہ یہ کہ صرف مسجد شریف ہے بلکہ میں یہ کہتا ہوں کہ حرم شریف کی حد میں جو مسجد ہے وہاں نماز پڑھی جاتی ہے وہی مسجد حرام ہی کا جز ہے اور اس میں ایک نماز ایک لاکھ کے برابر ہے۔ ہمارے نزدیک یہ مسئلہ یونہی ہے۔ پھر میں بیدار ہو گیا۔

نیکی کا حکم کرنے کی بشارت

میں نے خواب میں دیکھا کہ حرم مکہ میں ہوں۔ قیامت قائم ہو چکی ہے میں گناہوں کے بدلے عتاب و عذاب کے خوف سے سر جھکائے بارگاہ پروردگار میں کھڑا کانپ رہا ہوں گویا میرا پروردگار جل جلالہ، شئے فرما رہا ہے، میرے بندے مت ڈر! میں تجھ سے اس کے سوا کوئی عمل نہیں چاہتا کہ تو میرے بندوں کی خیر خواہی کرے۔ پس میرے بندوں کی خیر خواہی کر۔ میں تمام لوگوں سے بڑھ کر سیدھے راستے پر چلنے والا تھا۔ جب میں نے راہِ خدا کی دشواریاں دیکھیں تو سست ہو گیا۔ میں نے اس رات لوگوں سے الگ تھلگ رہ کر نفس کے آرام کا تہیہ کر لیا کہ لوگوں کو ان کے حال پر چھوڑ دو، سو یہ خواب دیکھا۔ صبح بیدار ہوا تو لوگوں کی خاطر بیٹھ گیا ان کو کھلا راستہ دکھانے لگا اور وہ آفات بیان کرنے لگا جو فقہاً فقراً، صوفیاً اور عوام غرضیکہ ہر قسم کے لوگوں کے لیے مہلک ہیں اس پر وہ سب مجھے

marfa.com
Marfat.com

ہلاک کرنے کے لیے اُٹھ کھڑے ہوئے سو اللہ نے ان کے مقابلہ میں میری مدد کی اور اپنے فضل و کرم سے مجھے بچا لیا۔ نبی علیہ السلام نے فرمایا اَلدِّیْنُ النَّصِیْحَۃُ ؟ دین خیر خواہی ہے۔ اللہ، رسول، مسلمان حکمرانوں اور مسلمان عوام کے لیے"۔ اس حدیث کو امام مسلم نے اپنی صحیح میں ذکر کیا ہے۔

ایمان کی ترغیب دینے والا خواب

مجھے کمال الدین ابو عمرو عثمان بن ابو عمرو البہری شافعی نے جو حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی اولاد سے تھے مسجد اقصیٰ میں بتایا۔ فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں یہ فرماتے سنا "ہر نبی کی آل و جماعت ہوتی ہے اور میری آل و جماعت مومن ہے بار بار اس بات کو دہراتے رہے انہوں نے مجھے یہ بھی بتایا کہ میں نے نبی علیہ السلام کو خواب میں یہ فرماتے سنا، انبیائے کرام اپنی امتوں کو یہ حکم دیتے رہے کہ اصنام کی عبادت نہ کریں اور میں نے اپنی اُمت کو حکم دیا ہے کہ اوثان کی عبادت نہ کریں۔

حفظ قرآن کی ترغیب والا خواب

میں نے خواب دیکھا، گویا قیامت قائم ہے۔ لوگ جمع ہیں۔ میں علیین سے تلاوت قرآن کی آواز سنی۔ میں نے کہا ایسے وقت میں یہ قرآن پڑھنے والے کون لوگ ہیں۔

انہیں ذرہ خوف نہیں۔ مجھے بتایا گیا کہ یہ قرآن کے حامل ہیں۔ میں نے کہا، میں بھی ان میں سے ہوں۔ میرے لیے ایک سیڑھی لٹکائی گئی جس کے ذریعے میں علیین کے ایک محل میں پہنچ گیا وہاں چھوٹے بڑے سب اللہ کے رسول ابراہیم خلیل علیہ السلام سے قرآن مجید پڑھ رہے ہیں۔ میں بھی ان کے سامنے بیٹھ گیا اور قرآن مجید پڑھنے لگا۔ بالکل امن سے۔ نہ خوف نہ گھبراہٹ، نہ حساب۔ لوگ میدان محشر کے جس رنج و غم

marfa.com
Marfat.com

میں مبتلا تھے مجھے اس کا پتہ تک نہ تھا۔ نبی علیہ السلام نے فرمایا قرآن کے عامل ہی خاص اللہ والے ہیں۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے۔ وہ محلات میں امن سے ہوں گے۔

قیام لیل کی ترغیب کا خواب

میں نے خواب میں دیکھا گویا مکہ مکرمہ میں ہوں اور نبی علیہ السلام کے ساتھ ایک گھر میں ہوں۔ میرے اور آپ کے درمیان سخت قرب و ملاپ ہے گویا میں آپ، اور آپ میں۔ مجھے آپ کا چھوٹا بیٹا نظر آرہا ہے۔ جب نبی علیہ السلام کے پاس کوئی شخص زیارت کرنے آتا آپ اس چھوٹے صاحبزادے کو باہر نکالتے تاکہ لوگ اس سے برکت حاصل کریں اور اسے پہچانیں۔ اس چھوٹے صاحبزادے کی اللہ کے ہاں بڑی قدر و منزلت تھی اسی اثنا میں کہ ہم بیٹھے ہوئے تھے کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس چھوٹے صاحبزادے کے ہمراہ باہر تشریف لائے۔ پھر میری طرف پلٹ کر فرمایا، اللہ تعالیٰ نے مجھے مدینہ منورہ چلنے اور اس کے دو مشرقی حصوں میں نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ میں نبی علیہ السلام سے جدا نہیں ہوتا ہے۔ اور میری نظریں برابر آپ پر لگی ہوئی تھیں۔ گویا میں سکارِ کی ذات بن گیا۔ نہ میں آپ کا عین تھا نہ غیر پس اس اثنا میں کہ آپ مکہ مکرمہ کے درمیان تھے کہ آپ نے آسمان سے خیر عظیم (بڑی بھلائی) اترتی دیکھی۔ فرمایا جبریل یہ بڑی بھلائی کیا ہے کہا اس جیسی میں نے کبھی نہیں دیکھی انہوں نے کہا یہ بڑی بھلائی عرشِ اعلیٰ سے تہجد گزاروں پر اترتی ہے (پھر جبریل نے مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا) تو اس قابل کہاں کہ ان میں شامل ہو سکے۔ پھر جبریل نے تہجد گزاروں کی تعریف شروع کر دی جو اللہ کی رضا جوئی کے لیے پڑھتے ہیں۔ میں نے ایسی تعریف کبھی نہیں سنی۔ اللہ کی قسم نبی علیہ السلام ان سب میں اعلیٰ و افضل تھے۔ میں سمجھ گیا کہ جبریل کا درج بالا قول میرے بارے میں تھا یعنی تو اس قابل کہاں کہ ان میں شامل ہو سکے۔ اور میں بیدار ہو گیا۔

marfa.com
Marfat.com

بشارت نیکیوں کی دعائیں حاصل کرنے کی ترغیب

میں اشبیلیہ شہر میں شیخ متقی۔ نیک ابو عمران موسیٰ بن عمران مارتلی کے پاس حاضر ہوئے۔ میں نے ان کو ایک خوشی کی بات بتائی۔ انہوں نے مجھے مبارکباد دی، اور فرمایا اللہ نے تمہیں جنت کی بشارت دی ہے ٹھیک اسی طرح۔ جیسے مجھے دی۔ چند ہی دن گزرے تھے کہ میں نے اپنے ایک فوت شدہ ساتھی کو خواب میں دیکھا۔ میں نے اس کا حال دریافت کیا تو اس نے ایک طویل سلسلہ کلام میں اپنی بھلائی ذکر کی۔ پھر مجھے کہا کہ اللہ نے مجھے یہ خوشخبری بھی دی ہے کہ تو جنت میں میرا ساتھی ہوگا۔ میں نے کہا یہ تو خواب کی بات ہے اپنی بات پر کوئی دلیل لاؤ۔ کہنے لگا ٹھیک ہے۔ کل ظہر کے وقت بادشاہ تجھے قید کرنے کے لیے اپنے پاس بلا لے گا۔ پس اپنی فکر کر۔ میں صبح بیدار ہوا، تو اس وقت تک کوئی ایسا سبب نہ تھا کہ میرا بلاوا ہوتا۔ جب نماز سے فارغ ہوا تو بادشاہ کی طرف سے بلاوا آگیا۔ میں نے کہا خواب سچا ہوگیا۔ پندرہ دن تک میں روپوش رہا۔ یہاں تک کہ بلاوا ٹل گیا۔ یہ سب نیکیوں کی دعا سے ہے۔

بشارت

میں نے خواب میں دیکھا گویا اللہ تعالیٰ مجھے بلا رہا ہے اور فرماتا ہے، اے میرے بندے! اگر تو میرا مقرب، معزز اور انعام یافتہ ہونا چاہتا ہے تو کثرت سے پڑھا کر

رَبِّ اَرِنِیْ اَنْظُرْ اِلَیْکَ۔ ترجمہ: پروردگار مجھے اپنا دیدار عطا فرما! کہ میں تجھے دیکھوں۔

یہ بات مجھے بار بار فرمائی۔

قُرْءٌ کے متعلق خواب

میں نے خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، عرض کیا، یا رسول اللہ! اللہ

marfa.com
Marfat.com

کے فرمان :۔

وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ترجمہ: طلاق والیاں اپنے آپ کو تین قرء ثَلَاثَةَ قُرُوْءٍ ۔ تک روکے رکھیں"

میں قرء سے کیا مُراد ہے؟ حیض یا طہر؟ کیونکہ یہ لفظ دو متضاد معنوں میں استعمال ہوتا ہے، اور علما نے اس میں اختلاف کیا ہے اور اللہ نے جو کچھ آپ کی طرف اتارا، اس کی مُراد آپ بہتر جانتے ہیں تو نبی علیہ السلام نے فرمایا "جب اس کا جمع شُدہ مواد ختم ہو جائے تو پھر اس پر پانی انڈھیلو۔ اور اللہ کے دیئے رزق سے کھاؤ" میرے دل میں یہ بات آئی کہ آپ کی مُراد حیض ہے سو میں نے عرض کیا کہ پھر وہ حیض ہے؟ آپ نے پھر وہی بات دُہرائی جب اس کا جمع شُدہ مواد ختم ہو جائے تو پھر اس پر پانی انڈھیلو، اور اللہ کے دیئے رزق سے کھاؤ" جیسے پہلے فرمایا تھا۔ میں پھر پوچھتا اور آپ پھر وہی جواب دیتے تین مرتبہ ایسا ہی ہوا اور مسکرا مسکرائے اور مجھے یقین ہوتا گیا کہ آپ کی مُراد حیض ہے۔

بشارت

میں نے خواب و بیداری کے درمیان نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ کے ہاتھ میں دھوپ تاپنے کا آلہ تھا آپ نے یہ فرما کر پھینک دیا کہ یہ ملعون بدعت ہے (!) نماز اسی طرح پڑھو جیسے تمہارے لیے شریعت میں مقرر کی گئی ہے۔

بشارت

اس بشارت سے یہ معلوم ہوگا کہ جو شخص تین طلاقیں زبان سے دے، وہ ایک ہو سکتی ہیں یا نہیں؟ میں نے مکہ مکرمہ میں نبی علیہ السلام کو خواب میں باب اجیاد اور باب جزورہ کے درمیان دیکھا۔ محمد بن مالک صدفی تمسانی آپ کے سامنے صحیح بخاری پڑھ رہے ہیں۔ میں نے

marfa.com
Marfat.com

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے تجھے تین طلاقیں اور طلاق دینا نہیں چاہتا۔ یا دی نہیں۔ کیا یہ اس کے کہنے کے مطابق تین ہوں گی یا ایک؟ نبی علیہ السلام نے فرمایا یہ جیسے اس نے کہا تین ہیں۔ میں نے عرض کیا بعض علماء اسے ایک قرار دیتے ہیں؟ فرمایا انہوں نے وہ کہا جو ان تک پہنچا، اور انہوں نے اپنی دانست میں ٹھیک کہا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں اس مسئلہ میں اللہ کے نزدیک آپ کا صحیح فیصلہ معلوم کرنا چاہتا ہوں میں یہ اس کے کہنے کے مطابق تین طلاقیں ہیں، وہ عورت اس شخص کے لیے کسی اور شخص سے نکاح کرے۔ قربت کرے۔ پھر طلاق اور عدت کے بغیر حلال نہیں۔ گویا اس مجلس میں بار بار آپ کی بات رد کرنے والا ابلیس تھا اور گویا میں نبی علیہ السلام کی طرف دیکھ رہا ہوں اور گویا انار کا دانہ سرکار کے رخساروں پر نچوڑا گیا تھا۔ آپ بہت ناراض ہوئے اور آپ کے فرمان کو رد کرنے والے سے مخاطب ہو کر زوردار لہجہ میں فرمایا میشر مگاہوں کو حلال کرنا چاہتے ہو؟ یہ جملہ کئی بار فرمایا۔ جیسا اس نے کہا یہ تین ہیں جیسا اس نے کہا یہ تین ہیں۔ پھر پڑھنے والے نے کتاب صحیح بخاری پڑھی۔ جب مجلس کی کارروائی مکمل ہو گئی تو حضور علیہ السلام نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور رکنِ یمانی کی طرف رُخ کر کے یہ دعا مانگی "الٰہی! ہمیں اچھی بات سُنا۔ اور ہمیں اچھی بات کی اطلاع دے۔ اللہ ہمیں عافیت عطا فرمائے اور اسے ہمارے لیے دائمی کر دے۔ اور اللہ تعالیٰ ہمارے دلوں کو پرہیزگاری پر جمع کر دے اور ہمیں اس بات کی توفیق۔ بخشے جو اسے محبوب و پسند ہے۔ اور میرا خیال ہے کہ آپ نے سورہ بقرہ کی آخری آیتیں تلاوت فرمائیں۔

بشارت

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں یہ فرماتے ہوئے سُنا۔ بے شک تم قبروں میں فتنہ دجال کی طرح یا قریب آزمائے جاؤ گے۔ پھر قبلہ رُخ ہو کر آپ نے اپنی آستینیں چڑھائیں بازو مبارک عریاں ہوئے، مصلے بچھا کر دو رکعت نماز پڑھی، میں بھی آپ کی دائیں طرف کھڑا

marfa.com
Marfat.com

ہو گیا اور دوسری رکعت پالی۔

بشارت۔ طواف کے بعد دو رکعت

میں نے ۶۰۴ھ کو مکہ مکرمہ میں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا، فرماتے ہیں۔ اے اس گھر کے مالکو! یا ساکنو!، اس کا طواف کرنے والے سے کہو۔ جب بھی طواف کریں۔ بعد میں دو رکعت نماز ادا کر لیا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس کی اس نماز سے ایک فرشتہ قائم کرتا ہے جو قیامت تک اللہ کی بڑائی بولتا رہتا ہے۔ (اللہ اکبر) یا اس کی تسبیح (سُبْحَانَ اللّٰہ) کرتا رہے گا، شک مجھے ہو گیا ہے۔ (کہ دو میں کون سا لفظ آپ نے بتایا تھا)

بشارت

یہ خواب اس درخت کی وضاحت کرتا ہے۔ جس کا ذکر قرآن کریم کی سورہ نور میں اس طرح آیا ہے۔

لَا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ - ترجمہ: نہ مشرقی نہ مغربی"۔

میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ تو عرض کیا حضور! اللہ فرماتا ہے "وہ چراغ روشن کیا جاتا ہے ایک بابرکت درخت سے یعنی زیتون سے "آخر تک" یہ درخت کیا ہے؟ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کو کنایۃً درخت فرمایا ہے۔ اسی لیے اس سے جہتوں کی نفی فرمائی ہے۔ کیونکہ اللہ سبحانہٗ جہات سے مقید نہیں اور مشرق و مغرب کنایہ ہے اصل اور فرع سے۔ کہ اللہ تعالیٰ مادوں اور اصل کا خالق ہے۔ اگر اللہ کی ذات نہ ہوتی تو مادہ و اصل نہ ہوتے۔ یہ تمام تشریح ایک طویل سلسلہ کلام میں فرمائی۔ اس کلام سے پہلے مجھے فرمایا کرتے تھے۔ کہ تو اس درخت کی حقیقت جانتا ہے حالانکہ مجھے اس کا کوئی علم نہ تھا۔ جب آپ فرماتے تجھے اس کا علم ہے تو میں عرض کرتا، جی ہاں مجھے علم ہے اور میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ مبارک

marfa.com

Marfat.com

سے سُننا چاہتا ہُوں۔ تو آپ مذکورہ بات فرماتے اور میں بیدار ہو گیا یہ ہیں کچھ مشاہدات، جو میں نے دیکھے جو اس وقت میں نے بر سبیل تذکرہ بیان کر دیئے ہیں اور سب تعریف اللہ پروردگار جہان کے لیے اور درود و سلام اس کی مخلوق میں سے برگزیدہ ترین ہستی، ہمارے آقا محمدؐ پر اور آپ کی آل و اصحاب پر، ایسا سلام جو روز جزا تک نازل ہوتا رہے۔ شیخ اکبر کا رسالہ ختم ہوا۔

میں نے سیدی ابوالمواہب شاذلی کی ایک کتاب دیکھی ہے جو سب کی سب ان کی نبی علیہ السلام سے ہونے والی ملاقاتوں سے متعلق ہے اور میں نے ایک رسالہ دیکھا ہے جس میں ان پچاس مشاہداتِ نبویہ کا ذکر ہے جو سید محمد محفوظ مغربی بن بابا سس رضی اللہ عنہما سیدی محی الدین اور باقی اولیاء عارفین کو حاصل ہوئے۔

فصل چند مشاہداتِ نبویہ اور خواب جو مولف کتاب کو حاصل ہوئے

اس فقیر حقیر یُوسف نبہانی، مؤلف کتاب ہٰذا کو چند مشاہدات، اس نبی کریم کی خدمت کے طفیل حاصل ہُوئے ان پر فاضل تر درُود و سلام ہو اور اللہ کے فضل و احسان سے مزید کا خواہشگار ہوں۔

پہلا مشاہدہ

میں جب لاذقیہ میں وزیر انصاف تھا، یہ ۱۳۰۳ھ کا واقعہ ہے میں نے ان الفاظ سے درُود شریف پڑھا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ۔

marfa.com
Marfat.com

ترجمہ:۔ الٰہی روحوں میں سے ہمارے آقا محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی روح پر اور جسموں
میں سے آپ کے جسم پر اور قبروں میں سے آپ کی قبر پر درود و سلام بھیج
اور آپ کی آل و اصحاب پر"

میں اس وقت بستر پر لیٹا ہوا تھا یہاں تک کہ میں اسی وقت سو گیا۔ میں نے کامل چودھویں کا چاند زمین کے قریب دیکھا، میرے اور اس کے درمیان قریباً بیس ہاتھ کا فاصلہ تھا۔ اس میں میں نے ایک انتہائی خوبصورت چہرہ دیکھا تمام اعضا بالکل صاف، صریح۔ جو میری طرف خوشی خوشی دیکھ رہا تھا اور میں اس کی طرف دیکھ رہا تھا اور مجھے قطعی معلوم ہو گیا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اور مجھے یہ بھی معلوم تھا کہ ملاقات کا یہ وقت نہایت مختصر ہے۔ میں نے سوچا کوئی عزیز ترچیز آپ سے مانگوں۔ پھر میرے دل میں یہ کھٹک ہوئی کہ اچھا خاتمہ ہی عزیز ترچیز ہے۔ چنانچہ میں نے آغاز گفتگو کرتے ہوئے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! میں آپ سے ایمان پر خاتمہ مانگتا ہوں۔ یہ بات میں نے کئی بار دہرائی۔ آپ نے مجھے کوئی جواب نہ دیا، صرف یہ بات (اطمینان بخش) تھی کہ میری طرف آپ نظرِ کرم سے دیکھ رہے تھے۔ پھر چاند کی روشنی ذات اقدس کے چہرہ مبارک پر آہستہ آہستہ غالب آگئی۔ یہاں تک کہ ذاتِ اقدس بالکل غائب ہو گئی، اور حسبِ عادت بالکل چاند رہ گیا۔ پھر میں بیدار ہو گیا۔ سب تعریف اللہ پروردگار جہاں کے لیے ہے۔

دوسرا خواب

میں نے ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۱۶ھ کو خواب دیکھا گویا میں حیات ظاہری میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو رہا ہوں۔ میں اس جگہ داخل ہوا جہاں آپ تشریف فرما تھے۔ میں اس جگہ کو پہچانتا نہیں۔ شاید مدینہ منورہ ہے۔ میں نے دیکھا کہ نبی علیہ السلام سوئے ہوئے ہیں اور آپ کا چہرہ اقدس ننگا ہے۔ میں نے قریب ہی بیٹھ کر آپ کے

marfa.com
Marfat.com

طرف دیکھنا شروع کر دیا۔ اور آپ کے بیدار ہونے کا انتظار کرنے لگا۔ میرے پیچھے دو یا تین آدمی اور بھی۔ اسی نیت سے بیٹھے ہوئے تھے تھوڑی دیر بعد نبی علیہ السلام اٹھ کر ایک کرسی نما بلند جگہ پر جا کر بیٹھ گئے۔ جو اس مکان کے درمیان تھی۔ دیگر لوگوں سے پہلے میں حاضرِ خدمت اقدس ہوا۔ میں نے آپکے دایاں ہاتھ مبارک پکڑا اور ظاہری و باطنی طرف اسے بار بار بوسے دیئے پھر میں سرکار کے مقدس پاؤں کی طرف گیا اور کئی بار ان کے بھی بوسے لیے۔ پھر آپ نے مجھ سے فرمایا، تم جنت میں جاؤ گے۔ اور اس بات کو آپ نے کسی چیز سے مشروط فرمایا پس میں اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے اور اپنے دعاگوؤں کے لیے راحت و عافیت مانگتا ہوں پھر نبی علیہ السلام نے مجھے ایک شخص کی وجہ سے عتاب فرمایا جس نے مجھ سے کچھ رقم مانگی تھی۔ پس میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے معذرت کی کہ اس وقت میرے پاس اسے دینے کے لیے کچھ نہیں تھا۔ مجھ سے فرمایا۔ اللہ کے دوستوں نے اس بات یعنی اس شخص کو کچھ نہ دینے کو ناپسند کیا ہے۔ میں نے عرض کیا، سرکار! آپ تو نبیوں، ولیوں بلکہ تمام کائنات کے سردار ہیں اور میں چاہتا ہوں کہ وہ تمام حضرات آپ کے صدقے مجھ سے راضی ہو جائیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آدمی راضی نہ ہو اور پھر راضی ہو جائے اور میں نیند سے بیدار ہو گیا، اور میں اس قدر خوش و خرم تھا کہ کیفیت بیان سے باہر ہے اور یہ نیند سحری کے وقت بیداری کے قریب تھی اور میں نے نبی علیہ السلام کو خالص سفید رنگ میں دیکھا جس میں سرخی نہ تھی (؟) اور بعض روایات کے مطابق آپ ایسے ہی تھے۔ سو ظاہر یہ ہے کہ سرکار نرم و نازک جسم کی وجہ سے کبھی تو خالص سفید رنگ میں ظاہر ہوتے تھے اور کبھی عوارضات کی بنا پر اس میں سرخی نظر آتی تھی۔ مثلاً کبھی راحت و سکون ہے، کبھی تھکاوٹ، کبھی کبھی ٹھنڈک کبھی گرمی۔ جیسا کہ بہت سے لوگوں میں یہ احوال نظر آتے ہیں۔ اور باقی اوصاف جو میں نے دیکھے ہیں۔ وہ وہی ہیں جو باب شمائل میں آپ کے صحابہ کرام سے مروی ہیں۔ والحمد للہ رب العالمین سب تعریف اللہ پروردگار عالمیان کے لیے۔

marfa.com
Marfat.com

تیسرا مشاہدہ

دوسرے مشاہدے سے تقریباً پانچ ماہ بعد میں نے ایک اور مشاہدہ دیکھا۔ یہ بھی نمازِ فجر سے ذرا پہلے تھا۔ پہلے مشاہدے کی طرح خالص سفید رنگ، اور اس مشاہدے میں مَیں نے نبی علیہ السلام کے سامنے دو قلمیں دیکھیں۔ ایک صحیح و مکمل اور دوسری کچھ ٹوٹی ہوئی۔ جس کا اکثر حصہ بیکار تھا اور صرف پانچ قراط کے برابر صحیح۔ سیدھی بھی نہ تھی۔ ٹیڑھی تھی۔ میرے دل میں خیال آیا کہ یہ ٹوٹا ہوا قلم آپ کے کس کام کا؟ لہٰذا میں حاصل کر لوں تاکہ مرتے وقت اپنی قبر میں اسے رکھنے کی وصیت کر جاؤں اور میری نجات کا سامان ہو جائے۔ مگر شرم کے مارے میں کھل کر مانگ نہ سکا۔ میں نے تمہید گفتگو شروع کر دی تاکہ مناسب مواقع پر اسے حاصل کر سکوں تو میں نے عرض کیا، حضور! کیا میں آپ کی حیاتِ ظاہری میں آپ کا قلم تھا۔ جو اس زمانہ سے بچا چلا آرہا ہے۔ میرے دل میں یہ کھٹک تھی کہ یہ زمانہ وہ نہیں۔ اگرچہ آپ آج بھی زندہ ہیں۔ مُردہ نہیں۔ سرکار نے فرمایا ہاں! اس سے تمہارا مقصد کیا؟ میں نے عرض کیا حضور! میں چاہتا ہوں کہ آپ اپنا قلم مجھے عطا فرما دیں تاکہ قبر میں میرے ہمراہ دفن کیا جائے۔ آپ نے اس انداز سے مجھے فرمایا گویا قلم مجھے عنایت فرما دیا ہے کہ تم کو شیخ سعید میں دفن کیے جاؤ گے"۔ پھر میں خواب سے بیدار ہو گیا۔ والحمد للہ رب العالمین۔ خواب میں ہی میرے دل میں یہ بات آئی کہ ایک قبرستان ہے جسے شیخ سعید کا قبرستان کہتے ہیں۔ میں نے یہ قصہ اپنے ایک سچے دوست سے بیان کیا تو اس نے مجھ سے کہا شیخ سعید تم خود ہو اور نبی علیہ السلام کی طرف سے یہ اشارہ ہے۔ تمہارے اس شعر کی طرف جو نعلین شریف کی مدحیہ نظم کے آخر میں ہے۔

سَعِدَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ بِخِدْمَةِ نَعْلِهٖ

وَاَنَا السَّعِیْدُ بِخِدْمَتِیْ لِیشَابِهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود تو حضور کے جوتے مبارک کی خدمت کر کے سعادت مند

marfa.com

Marfat.com

ہو گئے، اور میں اس (نعل مبارک) کے نقشے کی خدمت کر کے سعادت مند ہوں"
میں اس تعبیر سے بہت خوش ہوا، اللہ اس کو سچ کر دے۔

چوتھا مشاہدہ

میں کچھ دنیوی اُمور کی خاطر کچھ غیر متقی اور غیر صالح بڑے لوگوں کے پاس آیا جایا کرتا تھا، اس بنا پر مجھے کچھ پریشانی رہتی تھی۔ اور میں ڈرتا تھا کہ یہ بات اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند نہیں۔ میں دل میں اس کے جائز ہونے کی اپنے طور پر یہ دلیل پکڑتا۔ کہ جب نبی علیہ السلام طائف سے واپس آئے۔ تو مکہ شہر میں مطعم بن عدی کے پاس ٹھہرتے تھے۔ یہ واقعہ سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا اور جناب ابو طالب کی وفات کے بعد پیش آیا تھا۔ آپ کے خاندان والوں نے آپ سے نامناسب سلوک کیا اور آپ غمزدہ واپس ہوئے۔ اب آپ کے لیے مکہ معظمہ میں کسی بڑے شخص کی پناہ و حمایت کے بغیر داخل ہونا ممکن نہ تھا۔ سو آپ نے مطعم بن عدی کی طرف پیغام بھیجا، جنہوں نے حامی بھر لی۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی ذمہ داری پر مکہ معظمہ میں داخل ہوئے اور طواف کعبہ کے بعد ان کے گھر تشریف لے گئے، اس سفر میں آپ کے غلام زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ میں نے جب اس واقعہ پر غور کیا تو بات آسان ہو گئی۔ سو ۱۳۱۷ھ میں مجھے اس خواب کا کچھ مشاہدہ حاصل ہوا۔ تو میں نے اسے غنیمت جانا، اور سو گیا دیکھتا کیا ہوں گویا میں مکہ معظمہ کے نواح میں ایک بلند جگہ پر ہوں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک بلند جگہ سے پاپیادہ شہر میں داخل ہو رہے ہیں۔ آگے آگے آپ اور آپ کے پیچھے ایک اور شخص چلا آ رہا ہے۔ آپ کے اور میرے درمیان تقریباً دو سو قدم کا فاصلہ ہے۔ میں پیچھے سے آپ کو اور آپ کے پیچھے چلنے والے شخص کو دیکھ رہا ہوں اور طواف کعبہ کے لیے مسجد حرام کی طرف جا رہے ہیں۔ مجھے نبی علیہ السلام کی اس جرأت پر تعجب ہو رہا تھا کہ اہل مکہ آپ کے شدید ترین مخالف ہیں اور آپ دیدہ دلیری سے جا رہے ہیں

marfa.com
Marfat.com

پھر میں بیدار ہو گیا، اور یہ بات یاد آئی کہ یہ حالت نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے زید کے ہمراہ مکہ میں داخلے کی ہے اور طائف سے آپ اسی حال میں مکہ کی طرف لوٹے تھے۔ اس سے مجھے بڑا اعتماد و اعتبار حاصل ہوا۔ والحمد للہ رب العالمین۔

پانچواں مشاہدہ

میری بیوی صفیہ بنت محمد بیگ البسطان الیروتیہ، سچی عورتوں میں سے ہے۔ آج تک میں نے اس سے جھوٹ نہیں سُنا۔ اس نے مجھے گذشتہ رمضان ۱۳۱۷ھ میں مجھے بتایا کہ وہ بروز بدھ ۲۳ رمضان، مکمل طہارت کی حالت میں سو گئی۔ سحری سے ذرا پہلے اس نے مجھے اس حالت میں دیکھا جہاں ہم سویا کرتے تھے۔ ایک ایسی مجلس میں جو ہمارے ہاں منعقد ہوا کرتی تھی۔ ہمارے پاس ذو عُمدہ جدید ترین چراغ تھے جن میں زیتون کا تیل استعمال ہوتا تھا۔ ان میں سے ایک تو میرے اس کمرے میں جہاں میں سویا کرتا اور دوسرا اس کمرے میں جس میں اس نے مجھے خواب میں بیٹھا ہوا دیکھا تھا۔ میں نے یہ چراغ جو حجرے میں تھا لے کر اس (بیوی) کو دے دیا۔ اس چراغ میں روشنی نہ تھی۔ میں نے اس سے کہا یہ لے لیجئے، اس (بیوی) نے وہ چراغ لے لیا۔ اور مجھ کہنے لگی۔ میں اسے روشن کروں؟ آپ کے حجرے والا تو روشن ہے۔ یعنی اس کو بھی روشن کرنا ضروری نہیں۔ میں نے اسے کوئی جواب نہ دیا۔ پھر میں نے جواب سُنا، ہاں! آواز میری آواز کی طرح بہت خوبصورت تھی۔ اس پر میں نے باریک نظر سے اپنے آپ کو دیکھا تو محسوس ہوا کہ میں، میں نہیں اور میری بیوی نے میری جگہ ایک اور انسان دیکھا۔ جس کے سر پر کڑھائی شدہ ٹوپی ہے جسے صوفیاء پہنتے ہیں۔ بڑی خوب صورت، خوشبودار، سُرخ ریشم سے کڑھائی کی ہوئی۔ اس پر شال۔ ٹوپی نے پیشانی اور آنکھوں کو چھپا رکھا ہے۔ اس نے باقی سُرخ رنگ کا چہرہ دیکھا: سیاہ داڑھی جس میں تھوڑے سے بال سیاہ۔ اچانک کوئی کہنے والا کہتا ہے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اس نے حجرہ مُبارکہ نور سے پُر دیکھا۔ جو چھت تک روشنی سے بھرا ہوا تھا۔ اس کی بیوی نے

marfa.com
Marfat.com

یہ معلوم کرنا چاہا کیا یہ روشنی رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے ہے۔ یا حجرے میں موجود دوسری چراغ کی ہے جو میں نے اسے نہیں دیا تھا! اس نے اس چراغ کو دیکھا، تو وہ روشن نہیں تھا، اب اسے یقین ہو گیا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نور ہے۔ اب اس پر نبی علیہ السلام کی ہیبت کی بنا پر عاجزی و انکساری کی کیفیت طاری ہو گئی۔ اور اسی حال میں بیدار ہو گئی۔ والحمد للہ رب العالمین۔ اللہ پروردگار عالمیان کا شکر ہے۔

چھٹا مشاہدہ

ادیب آفندی ابن محمد الحفا شامی مقیم بیروت کا

اس شخص (ادیب آفندی) نے متعدد لوگوں کو تین سال ہوئے یہ بات بتائی کہ اس نے اس دوران نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپ کے اردگرد لوگ جمع تھے۔ فرمایا شیخ یوسف نبہانی جنت میں موسیٰ بن عمران صلی اللہ علیہ وسلم کے دوستوں میں سے ہیں۔ پھر بیدار ہو گیا۔ مجھے یہ بات کسی اور کے ذریعے پہنچی ہے۔ پھر اس نے مجھے دیکھا اور لفظ بلفظ یہی بات میرے آمنے سامنے کہی۔ یہاں تک کہ میں نے لفظ شیخ کے بارے میں دوبارہ پوچھا تو اس نے تاکید سے کہا کہ یہی الفاظ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے خواب میں سنے ہیں۔ اللہ پروردگار عالمیان کا شکر ہے۔

ساتواں مشاہدہ

داؤد آفندی ابو غزالہ نابلسی کا

یہ ایک نیک، پارسا بزرگ ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بکثرت دیکھنے کیلیے مشہور ہیں۔ انہوں نے مجھے تقریباً ایک سال پہلے بتایا کہ انہوں نے جامع اموی دمشق، شام میں نبی علیہ السلام کو دیکھا۔ آپ کے آس پاس بہت سے لوگ تھے۔ انہوں نے تمام لوگوں سے

marfa.com
Marfat.com

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب تر مجھ دیکھا۔ والحمد للہ رب العالمین۔

آٹھواں مشاہدہ

تقریباً سات سال ہوئے میں نے خواب میں دیکھا کہ بیٹھا ہوا ہوں، اور میرے ارد گرد لوگ ہیں۔ میں ان سے کہہ رہا ہوں کہ تمام لوگ جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان بیان کرتے اور آپ کی مدح و ثنا میں مصروف ہیں۔ وہ تمام اس سلسلہ میں سرکار ہی سے مدد حاصل کرتے ہیں۔ پس درحقیقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم خود ہی اپنی حمد و ثنا کرتے ہیں اور وہی اپنے احوال و اوصاف پر کتابیں مرتب فرمانے والے ہیں۔ لگتا تھا کہ بعض لوگوں کو میری اس بات پر تعجب ہو رہا تھا لہٰذا میں نے اس کو پوری طاقت سے دہرانا شروع کر دیا یہاں تک کہ خواب سے بیدار ہو گیا۔ والحمد للہ رب العالمین۔

نواں مشاہدہ

جب میں نے نعلین شریفین کا نقشہ شائع کیا تو خواب میں دیکھتا کیا ہوں کہ منگل کے دن گیارہ شعبان ۱۳۱۵ھ بعد نماز فجر، بری راستے سے سفر حج پر چل پڑا ہوں۔ پھر میں نے پتھروں سے تعمیر شدہ ایک مزار دیکھا۔ اس کے اندر ایک پتھر پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نشانِ قدم تھا۔ جسے اسی لیے وہاں نصب کیا گیا تھا کہ لوگ اس کی زیارت کریں اور اس سے برکت حاصل کریں۔ میرے دل میں یہ خیال آیا کہ یہ مزار تو میں نے ہی تعمیر کیا ہے۔ پس میں اس کے سامنے کھڑا ہو گیا، اور عرض کیا۔ الٰہی! میں تیری بارگاہ میں اس نشان والے (آقا) صلے اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پکڑتا ہوں کہ مجھے حج مقبول نصیب فرما۔ پھر میں خواب سے بیدار ہو گیا۔ میں نے اس کی تعبیر یہ کی ہے کہ نعلین شریفین کا یہ نقشہ صحیح ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصلی نعلین شریفین کے مطابق ہے۔ والحمد للہ رب العالمین۔

marfa.com
Marfat.com

دسواں مشاہدہ

میں نے ۱۳۱۷ھ کو خواب میں دیکھا کہ ایک جماعت کے سامنے میں یہ مسئلہ بیان کر رہا ہوں۔ کہ ساری کائنات نبی علیہ السلام سے کس طرح تمام نیکیوں میں مدد حاصل کرتی ہے! میں اس کی مثال اس بڑے حوض سے دے رہا ہوں جو بیروت شہر کے باہر ہے جس میں نہر کا پانی جمع کیا جاتا ہے، اور اس سے لوہے کے چھوٹے بڑے بے شمار مکانوں وغیرہ کو پانیوں کے ذریعے شہر کے مختلف علاقوں میں سپلائی کیا جاتا ہے۔ میں نے ان سے کہا، بے شک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فضل و کرم ہی وہ بڑا حوض ہے جس میں نہر کا پانی جمع ہوتا ہے اور وہاں سے لوگوں میں تقسیم ہوتا ہے۔ پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم حق تعالیٰ اور مخلوق کے درمیان ہر نعمت کا واسطہ ہیں۔ کہ پہلے اللہ تعالیٰ اس کا فیضان آپ پر کرتا ہے اور پھر آپ کی طرف سے مخلوق کو حاصل ہوتا ہے۔ الحمد للہ رب العالمین کہ ان سب نے ان کی تصریح و تائید کی۔ میں نے اپنے قصیدہ ہمزیہ میں یہی مضمون بیان کیا ہے۔ ؎

مَصْدَرُ الْمَكْرُمَاتِ مُوْرِدُهَا الْعَذْ ۔۔۔ بُ تَمَامُ الْوَرٰى بِهٖ كَرَمَاءُ

آپ تمام خوبیوں کے منبع ہیں جن کا گھاٹ (پانی) میٹھا ہے۔ کائنات کے کریم آپ ہی کی وجہ سے کریم ہیں۔

اَفْرَغَ اللّٰهُ فِيْهِ كُلَّ الْعَطَايَا ۔۔۔ وَالْبَرَايَا مِنْهُ لَهَا اسْتِيْعَطَاءُ

اللہ نے آپ کی ذات میں تمام عطائیں جمع فرما دیں اور ساری کائنات اپنے اپنے لیے ظرف کے مطابق آپ سے عطائیں حاصل کرتی ہے۔

marfa.com
Marfat.com

احیاُ العلوم اور القاموس کے شارح متوفی ۱۲۰۵ھ۔ میرے گھر واقع بیروت میں بطور مہمان رہیں۔ اس رات میرے گھر میں شیخ عبداللہ بن ادریس سنوسی الفاسی محدث رحمہم اللہ اجمعین مہمان تھے۔ اللہ مجھے اور ان کو باعمل علماُ کے گروہ میں، رسولوں کے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے پرچم تلے قیامت کے دن اٹھائے۔ یہ حضرات تو حقیقتہً باعمل علماُ اور آئمہ دین تھے۔ رہ گیا میں تو اس خدا کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں اپنے آپ کو خوب جانتا ہوں کہ میں ویسا تو کیا اس کے قریب بھی نہیں۔ میرے اور ان کے درمیان کوئی مناسبت نہیں، ہاں مجھے ان سے محبت ہے اور ان جیسے باعمل علماُ اور آئمہ اہل اسلام سے پیار۔ اسی نسبت محبت سے میں سرکار صلی اللہ علیہ وسلم اور ان حضرات کی زیارت خواب میں کر لیتا ہوں۔ اس سے مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل اور رحمت سے انہی کی جماعت سے قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے اٹھائے گا۔ کیونکہ امام بخاری و مسلم نے اپنی صحیحین میں یہ صحیح حدیث نقل کی ہے۔

اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ ۔ ترجمہ: آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرے"

نیز امام بخاری و مسلم نے اپنی صحیحین میں اور دوسرے محدثین نے بھی ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث نقل کی ہے۔

بے شک اللہ تعالیٰ کے کچھ گشت لگانے والے (سیاحین) فرشتے ہیں۔ جو ذکر کی مجلسیں ڈھونڈھتے رہتے ہیں جو ان مجالس میں آتے ہیں تو آسمان تک ان کو اپنے پیروں سے ڈھانپ لیتے ہیں۔ جب لوگ اٹھ کر ادھر ادھر چل پڑتے ہیں تو فرشتے اپنے رب کے حضور حاضر ہوتے ہیں تو وہ ان سے پوچھتا ہے حالانکہ خوب جانتا ہے، تم کہاں سے آئے؟ وہ کہتے ہیں ہم تیرے ان بندوں کے ہاں سے ہو کر آئے ہیں جو تیری پاکی (تسبیح) بولتے حمد و ثنا کرتے (تحمید) اور بڑائی بولتے (تکبیر) اور لا الہ الا اللہ پڑھتے تجھ سے تیری جنت کا

marfa.com
Marfat.com

سوال کرتے اور تیری آگ سے پناہ مانگتے ہیں۔ اللہ فرماتا ہے کیا انہوں نے میری جنت دآگ دیکھی ہے؟ کہتے ہیں نہیں، فرماتا ہے اگر دیکھ لیں تو ان کا کیا حال ہو! میں تم کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے ان کو بخش دیا اور جو انہوں نے مانگا میں نے دیا۔ پھر کہا جاتا ہے ان میں ایک ایسا شخص بھی شامل ہو گیا جو ان میں سے نہیں تھا وہ کسی کام کے لیے آگیا تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وہ ایسے لوگ ہیں کہ ان کی وجہ سے ان کے پاس بیٹھنے والا بدبخت نہیں رہتا" الخ

تو دیکھو، کہ اللہ کی رحمت اس شخص کے کس طرح شامل حال ہو گئی۔ حالانکہ وہ ان لوگوں میں شامل نہ تھا۔ صرف وقتی طور پر ان کی مجلس میں شریک ہو گیا۔ یونہی اللہ کی رحمت میرے شامل حال ہو گئی کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، باعمل علماء اور ان اولیا عارفین سے محبت رکھتا ہوں، جو راہنما اور راہ شناس ہیں۔ یونہی تمام نیک اہل ایمان اور مسلم عوام سے بھی مجھے محبت ہے۔ سب تعریفیں اللہ پروردگار عالمیان کے لیے ہیں۔

ان مشاہدات کے بیان کرنے کی غرض

میں نے یہ خوبصورت مشاہدات محض اس لیے بیان کئے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی مجھ پر بہت بڑی عنایات میں سے ایک ہیں۔ مجھے ان سے بہت خوشی اور لازوال مسرت حاصل ہوئی ہے۔ میں بہت بڑا گناہ گار ہوں ایسے گناہ جن کے ہوتے ہوئے ان کرم گستریوں کا مستحق نہیں ہو سکتا تھا لیکن اللہ تعالیٰ ہی مستحق حمد وثنا ہے اور اسی کا احسان ہے، مخلوق میں مطلق تصرف اسی کے اختیار میں ہے۔ سو جس پر جو چاہے کرم فرمائے اس کی عطا کو کوئی رد کرنے والا نہیں اور وہ نہ دے تو کوئی دینے والا نہیں۔ وہ پاک و برتر ہے" تم فرماؤ اللہ کے فضل و رحمت ہی ایسی نعمت ہے جس پر انہیں خوشیاں منانی چاہئیں۔ یہ ان کے جمع کردہ مال و دولت

marfa.com
Marfat.com

سے بہتر ہے؟ میں اللہ برتر و معزز عرش کے مالک سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے معاف فرمادے۔ اور اپنے فضل و رحمت سے مجھے اپنے اور اپنے حبیب محمد سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے مقرب ترین دوستوں میں سے کر دے۔ اور یونہی ہر اس شخص کو یہ مقام عطا فرمائے جو کسی بھی وقت میرے لیے یہ دُعا مانگے۔ زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی۔ اپنے حبیبِ مکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی عزت و جاہ کا صدقہ۔

تتمہ

اِن فوائد کے بیان میں۔ جن سے خواب میں دیدارِ مُصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم حاصل ہوتا ہے

نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درُود و سلام کے فوائد و ثمرات کے باب میں عنقریب یہ بات آرہی ہے کہ جن کلمات کے ساتھ ہو، بکثرت درُود و سلام پڑھنے سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت حاصل ہوتی ہے اور جب اس کثرت میں شدت و مبالغہ آجائے تو درُود و سلام پڑھنے والے کو کبھی بیداری میں بھی دیدار اقدس نصیب ہو جاتا ہے جیسا کہ یہ بات اسی باب میں پہلے بھی بیان ہو چکی ہے۔ اس تتمہ میں، صرف ان فوائد کا ذکر کروں گا۔ جن سے خواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت حاصل ہو سکے۔ یہ کچھ کلمات، سورتیں، دعائیں اور مخصوص درُود ہیں۔ یہ چالیس فوائد ہیں اور جہاں تک مجھے معلوم ہے۔ اس کتاب کے علاوہ یہ مجموعہ کسی اور کتاب میں نہیں۔

پہلا فائدہ

ابوالقاسم سبکی نے اپنی کتاب الدر النظم فی المولد الاعظم میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

جس نے ارواح میں سے رُوح محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور جسموں میں سے آپ کے جسم اور قبروں میں سے آپ کی قبر انور پر درُود بھیجا مجھے خواب میں دیکھے گا۔ اور جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ مجھے خواب میں دیکھے گا۔ اور جس نے مجھے قیامت کے دن دیکھا میں اس کی شفاعت کروں گا، اور جس کی میں نے شفاعت کی وہ میرے حوض سے پیئے گا۔ اور اللہ نے اس کا جسم آگ پر حرام کیا "

شیخ شمس الدین عبد موسیٰ سے روایت کیا گیا ہے جس نے نماز عشاء کے بعد اپنی خواب گاہ میں یہ درُود پڑھا۔ اور قل ھو اللہ احد اور معوذتین تین تین بار پڑھیں۔ اس کے بعد کوئی بات نہ کی (اور سو گیا) وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھے گا۔ درُود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ اَبَدًا وَاَنْمٰی بَرَکَاتِكَ سَرْمَدًا وَاَزْکٰی تَحِیَّاتِكَ فَضْلًا وَّعَدَدًا عَلٰی اَشْرَفِ الْخَلَائِقِ الْاِنْسِیَّةِ وَالْجَانِیَّةِ وَمَجْمَعِ الْحَقَائِقِ الْاِیْمَانِیَّةِ وَمَظْهَرِ التَّجَلِّیَاتِ الْاِحْسَانِیَّةِ وَمَهْبَطِ الْاَسْرَارِ الرُّوْحَانِیَّةِ، وَاسِطَةِ عَقْدِ النَّبِیِّیْنَ وَمُقَدَّمِ جَیْشِ الْمُرْسَلِیْنَ وَقَائِدِ رَکْبِ الْاَنْبِیَاءِ الْمُکَرَّمِیْنَ اَفْضَلِ الْخَلْقِ اَجْمَعِیْنَ۔ حَامِلِ لِوَاءِ الْعِزِّ الْاَعْلٰی۔ وَمَالِكِ اَزِمَّةِ الْمَجْدِ الْاَسْنٰی، شَاهِدِ اَسْرَارِ الْاَزَلِ وَمُشَاهِدِ اَنْوَارِ السَّوَابِقِ الْاُوَلِ۔ وَتَرْجُمَانِ لِسَانِ الْقِدَمِ وَمَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِکَمِ مَظْهَرِ سِرِّ الْجُزْئِیِّ وَالْکُلِّیِّ وَاِنْسَانِ عَیْنِ الْوُجُوْدِ الْعَلَوِیِّ وَالسِّفْلِیِّ، رُوْحِ جَسَدِ الْکَوْنَیْنِ وَعَیْنِ حَیَاةِ الدَّارَیْنِ الْمُتَحَقِّقِ بِاَهْلِ رُتَبِ الْعُبُوْدِیَّةِ وَالْمُتَخَلِّقِ بِاَخْلَاقِ

marfa.com
Marfat.com

اَلْمَقَامَاتِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ۔ اَلْخَلِيْلِ الْاَعْظَمِ وَالْحَبِيْبِ الْاَكْرَمِ۔
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ وَعَلٰى
آلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ
الذَّاكِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ الْغَافِلُوْنَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا
وَّرَضِيَ اللّٰهُ عَنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَجْمَعِيْنَ"۔ الخ۔

ترجمہ: الٰہی ہمیشہ اپنا افضل تر درود اور دائمی طور پر اپنی روز افزوں برکتیں اور فضیلت و تعداد میں اپنے پاکیزہ تر تحائف ان پر نازل فرما جو جنوں اور انسانوں کی مخلوق میں بزرگ تر ہیں۔ ایمانی حقائق کا مجمع اور احسانی تجلیات کا مظہر ہیں۔ روحانی رازوں کی جائے نزول ہیں۔ سلسلۂ انبیاء کا واسطہ۔ اور رسولوں کے لشکر کے مقدمہ ہیں۔ معزز نبیوں کے سالار کارواں اور تمام مخلوق میں افضل ہیں۔ بلند تر عزت کے پرچم بردار۔ اور بلند تر بزرگیوں کی لگاموں کے مالک ہیں۔ ازلی رازوں کے گواہ، اور آگے جانے والی پہلی روشنیوں کا مشاہدہ فرمانے والے۔ زبان قدیم کے ترجمان اور علم۔ بردباری اور حکمتوں کے منبع۔ عطائے جزوی و کلی کے راز کے مظہر، اور موجودات بالا و پست کی آنکھ کی پتلی۔ دو جہاں کے جسم کی روح اور دو جہاں کی زندگی کا چشمہ۔ بلند تر مقاماتِ بندگی سے متصف۔ اور مقامات برگزیدہ کے اخلاق سے موصوف۔ بڑے دوست۔ معزز تر محبوب۔ ہمارے آقا حضرت عبدالمطلب کے صاحبزادے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما کے فرزند۔ محمد اور آپ کی آل اور اصحاب پر اپنی معلومات کے برابر۔ اور اپنے کلمات کی سیاہی (کے قطرات) کے برابر۔ جب تک ذکر کرنے والے تیرا ذکر کرتے رہیں اور جب تک غافل تیرے ذکر سے

marfa.com
Marfat.com

غافل رہیں۔ اور بہت بہت سلام نازل فرما۔ اور اللہ تعالیٰ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم کے تمام صحابہ کرام سے راضی ہو"۔ مسالک۔

میں کہتا ہوں میں نے یہ درود شریف اپنی کتاب "افضل الصلوٰت" میں تیئیسویں نمبر پر درج کیا ہے جیسے کہ یہی درود شریف سیدنا عبدالقادر کے مجموعہ اوراد میں سترویں نمبر پر مذکور ہے میں نے وہاں سیدی احمد صاوی کی یہ روایت بھی نقل کی ہے۔ کہ حجۃ الاسلام الغزالیؒ نے اسے قطب عیدروسی سے نقل کیا ہے۔ اس لفظ میں غلطی کی گئی ہے اصل لفظ عبدوسی ہے جیسا کہ مسالک الحنفاؒ وغیرہ میں ہے صاوی نے کہا اس کا نام شمس الکنز الاعظم (بڑے خزانے کا سورج) بھی ہے۔ جس نے اسے پڑھا اس کا دل شیطانی وسوسوں سے محفوظ ہو گیا۔ بعض نے کہا یہ درود شریف قطبِ ربانی سیدی عبدالقادر جیلانی کا ہے۔ جس نے نماز عشاؒ کے بعد سورہ اخلاص اور معوذتین، تین تین مرتبہ اور یہ درود شریف پڑھا، وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھے گا۔ پھر میں نے یہ درود شریف کتاب کنوز الاسرار میں کچھ اضافوں کے ساتھ لکھا دیکھا ہے اس میں مسالک الحنفاء کی عبارت بھی مذکور ہے۔

سیدی شیخ عبدالوہاب شعرانی کتاب "الطبقات الوسطیٰ" میں اپنے شیخ، شیخ نورالدین الشونی اللہ ان سے فائدہ دے کے حالات میں لکھتے ہیں کہ میں نے ان کو وفات کے کئی سال بعد خواب میں دیکھا مجھے کہنے لگے مجھے شیخ سیدی عبداللہ عبدوسی کا درود سکھا دے۔ میں نے آخرت میں دیکھا ہے کہ اس ایک کا ثواب دوسروں سے دس گنا زائد ہے۔ دنیا میں مجھے یہ حاصل نہ ہو سکا، میں نے اس سے یہ نتیجہ نکالا کہ شیخ دراصل مجھے اس درود شریف کے پڑھنے کی تعلیم دے رہے تھے۔ خود ان کے پڑھنے کا کوئی مطلب نہیں۔ (کیونکہ برزخ دارالعمل نہیں ہے)" الخ پھر فرمایا امام سیدی یحییٰ المقدسی نے اس کا نام الکنز الاعظم رکھا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

تیسرا فائدہ

جو کوئی خواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرنا چاہے وہ یہ پڑھے۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ "

ترجمہ: الٰہی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج، جیسے تُو نے ہمیں ان پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے۔ الٰہی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج، جیسے وہ اس کے قابل ہیں۔ الٰہی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج جیسے تو ان کے لیے چاہتا اور پسند فرماتا ہے۔"

جو کوئی طاق مرتبہ یہ درود شریف پڑھے گا وہ خواب میں آپ کو دیکھے گا۔ اور اس کے ساتھ ان کلمات کا اضافہ کرلے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ "

الٰہی روحوں میں، رُوح محمد پر درود بھیج۔ اے اللہ! جسموں میں جسم محمد پر درود بھیج۔ اے اللہ! قبروں میں، قبر محمد پر درود بھیج۔

چوتھا فائدہ

قسطلانی نے کہا، میں نے ایک مجموعہ میں دیکھا ہے کہ جو شخص ہمیشہ سورۂ مزمل اور سورۂ کوثر پڑھے، وہ آپ کی زیارت کرے گا۔

marfa.com
Marfat.com

پانچواں فائدہ

الیافعی نے کہا، جو کوئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار چاہے، وہ ہر مہینے کے پہلے جمعہ کی رات کو غسل کر کے نماز عشاء ادا کرے۔ پھر بارہ رکعت نوافل اس طرح ادا کرے، کہ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ مزمل پڑھے۔ پھر سلام کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک ہزار بار درود شریف پڑھے اور سو جائے۔ نبی علیہ السلام کی زیارت نصیب ہو گی۔ ایک نسخہ میں ہے کہ غسل کر کے وضو کرے۔ "ہر مہینے کی پہلی جمعرات" کے بعد لکھا ہے سفید ستھرے کپڑے پہنے اور ہر دو رکعت کے بعد سلام پھیرے۔ "ہزار بار درود شریف" کے بعد لکھا ہے ایک ہزار بار اللہ سے استغفار کرے۔ (اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ) پھر باوضو سو جائے۔ وہ خواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرے گا، اور اس کا تجربہ کیا گیا ہے۔ ایک نسخہ میں یہ بھی ہے کہ اس میں جو بھلائی حاصل ہو اسے بیان کر دے"۔ الخ کنوز الاسرار میں صاحب کتاب الحدائق بحوالہ صاحب احکام القرآن، بغیر اضافہ نقل کیا گیا ہے۔

چھٹا فائدہ

بعض حضرات سے منقول ہے کہ جمعہ کی رات چار نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ اور تین بار سورہ القدر۔ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور تین بار سورۃ الزلزلۃ تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ اور سورۃ الکافرون تین بار، چوتھی رکعت میں ایک بار سورۃ فاتحہ اور تین بار سورہ اخلاص، اور اس میں ایک ایک بار معوذتین کا اضافہ کرے۔ پھر سلام پھیر دے۔ قبلہ رُو ہو کر بیٹھ جائے اور ایک ہزار بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ان الفاظ سے درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ مُحَمَّدٍ۔

"الٰہی درود بھیج نبی اُمّی محمد پر"۔

marfa.com
Marfat.com

ایسا شخص خواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے انشاءاللہ مشرف ہوگا پہلے جمعہ کو یا دوسرے یا تیسرے کو۔ قسطلانی نے فرمایا، یہ آخری درود شریف میں نے شیخ بہاؤالدین حنفی امام "سلسلہ عینیہ" کے خط سے نقل کیا ہے۔ اللہ ان پر اپنی عنایت کی نظر فرمائے۔

ساتواں فائدہ

قسطلانی نے فرمایا اور میں نے ان کے ہاتھ کی لکھی ہوئی سورۃ الفیل کی خصوصیات میں یہ لکھا دیکھا کہ جو کوئی مذکورہ بالا درود شریف کسی بھی رات کو ایک ہزار بار پڑھے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر ایک ہزار بار درود شریف بھیجے اور سو جائے، اسے آپ کی زیارت خواب میں ہوگی اور جو کوئی اسے لکھ کر لٹکا لے (گلے میں یا بازو وغیرہ پر) تو یہ دشمن کے مقابلہ میں ایک بڑی حفاظت ہوگی۔ اور اللہ ان کے مقابلہ میں اس کی مدد فرمائے گا۔ (بشرطیکہ ظلم نہ کرے) مترجم۔ اور اسے کوئی پریشانی نہ ہوگی۔

آٹھواں فائدہ

تفسیر قرآن سے متعلق امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے فوائد میں سے ایک یہ ہے جو شخص جمعہ کی رات آدھی رات کو نماز (تہجد وغیرہ) کے بعد ایک ہزار بار یہ درود شریف پڑھے، وہ خواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھے گا۔ الخ۔ میں کہتا ہوں، صاحب کنوزالاسرار نے یہ فائدہ ان الفاظ میں ذکر کیا ہے، جو کوئی جمعرات بعد نماز عشاء ایک ہزار بار یہ درود شریف پڑھے اور اس کے بعد کوئی سا درود شریف ایک ہزار بار پڑھے اور اللہ سے نبی علیہ السلام کے دیدار کا سوال کرے، اللہ اسے دیدار نصیب کر دے گا۔ القسطلانی نے یہی فائدہ التمیمی کے حوالہ سے اس اضافے کے ساتھ ذکر کیا ہے "جو کنوزالاسرار" سے میں نے نقل کیا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

نواں فائدہ

بعض اکابر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا نماز مغرب کے بعد، دو نفل ادا کرے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیر کر، سر سجدے میں رکھ کر سات بار یہ پڑھے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اور سات بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ درود شریف بھیجے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمْ۔ پھر سات بار کہے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ۔ ہر دو رکعت میں یہی کرے یہاں تک کہ عشا کا وقت آجائے پس نماز عشا پڑھ کر کہے صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ۔ ایک ہزار بار۔ پھر دائیں پہلو پر لیٹ جائے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتے پڑھتے سو جائے، یقیناً نبی علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

دسواں فائدہ

الحسن کہتے ہیں جو کوئی خواب میں نبی علیہ السلام کی زیارت کرنا چاہے۔ وہ چار رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں ایک بار فاتحہ اور چار سورتیں (۱) الضحیٰ (۲) الم نشرح (۳) اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ (۴) اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ۔ یہی عمل ہر رکعت میں دُہرائے۔ آخری قعدہ میں تشہد کے بعد نبی علیہ السلام پر ستر بار درود شریف پڑھے۔ پھر سلام پھیرے۔ بات نہ کرے یہاں تک کہ نیند کا غلبہ ہو جائے۔ بے شک ایسا شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار کرے گا۔

گیارہواں فائدہ

دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد دس۱۰ بار قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ۔ پوری سورۃ اخلاص پڑھے۔ نماز سے فارغ ہو کر تین بار کہے یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ

marfa.com
Marfat.com

یَا مُحْسِنُ۔ یَا مُجْمِلُ۔ یَا مُنْعِمُ۔ یَا مُتَفَضِّلُ۔ (اے اللہ! ۔ اے رحم فرمانے والے اے احسان کرنے والے۔ اے خوبصورتی بخشنے والے۔ اے انعام کرنے والے۔ اے فضیلت کے مالک) ان کلمات کو کاغذ پر لکھ کر سوتے وقت سرہانے کے نیچے رکھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی" الخ۔ میں کہتا ہوں السنوسی نے اپنے مجربات میں اور الہاروشی نے "کنوز الاسرار" میں اور البکری نے شرح حزب النووی میں یہ بات ذکر کی ہے کہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ سو مرتبہ پڑھے اور یَا مُتَفَضِّلُ کے بعد یہ الفاظ زائد کرے۔ اَرِنِیْ وَجْهَ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ الٰہی! مجھے اپنے نبی محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ مبارک دکھا دے۔

بارہواں فائدہ

نماز مغرب پڑھ کر کھڑا ہو جا اور کسی سے بات کیے بغیر، عشاء کی نماز تک دو دو کر کے نفل پڑھ۔ ہر دو رکعت پر سلام پھیر۔ ہر رکعت میں تین بار فاتحہ کے بعد قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پوری سورۃ اخلاص تین بار پڑھ۔ نماز عشاء ادا کر کے واپس گھر لوٹ آ۔ کسی سے بات نہ کرنا۔ سونے لگو تو دو رکعت نفل اس طرح ادا کرو کہ سورۃ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں سات مرتبہ سورۂ اخلاص۔ سلام پھیر کر سجدے میں گر جاؤ اور سجدے میں سات مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ (استغفار کرو۔ اور سات بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجو، اور سات بار یہ کلمات پڑھو۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ پھر سجدے سے سر اٹھاؤ۔ سیدھے بیٹھ کر ہاتھ اٹھاؤ۔ اور کہو۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِیْمَهُمَا یَا اللّٰهُ یَا اِلٰهَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ۔ پھر کھڑے ہو جاؤ اور ہاتھ اٹھا کر ایک بار وہی کہو جو بیٹھ

marfa.com
Marfat.com

کر کہا تھا۔ اللہ بزرگ و برتر سے معافی مانگو اور جتنا چاہو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجو، پھر بستر پر آکر دائیں پہلو سو جائیں۔ انشاء اللہ تم کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار نصیب ہوگا۔

تیرہواں فائدہ

بعض بزرگوں نے فرمایا جو کوئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا جمال نبوت دیکھنا چاہے سوتے وقت غسل کر کے صاف ستھرے بستر پر بیٹھ کر سورۃ الشمس، سورۃ واللیل اور والتین پڑھے۔ ہر سورۃ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ سے شروع کرے۔ سات راتیں اس پر عمل کرے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر بکثرت درود و سلام بھیجے اور یہ دعا پابندی سے پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ الْبَلَدِ الْحَرَامِ وَالْحِلِّ وَالْحَرَامِ وَالرُّکْنِ وَالْمَقَامِ اِقْرَأْ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ مِنَّا السَّلَامَ۔ اے اللہ! حرمت والے شہر، حلال اور حرام، رکن اور مقام (مقام ابراہیم) کے مالک! ہماری طرف سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی روح کو سلام کہہ دیجیو۔

چودہواں فائدہ

بعض اہل نے فرمایا کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار کیا کرتا تھا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سولہ ہزار بار یہ درود شریف پڑھتا تھا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ حَقَّ قَدْرِہٖ وَمِقْدَارِہٖ۔

پندرہواں فائدہ

نماز جمعہ کا سلام پھیر کر سو بار یہ پڑھے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ۔ اور اسی دن نماز عصر کے بعد ایک ہزار بار یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ ﷺ اسے شیخ شہاب الدین امام عینیہ نے سیدی شیخ محمد زیتون مغربی فاسی سے روایت کیا جو ہمارے شیخ، شیخ احمد

marfa.com
Marfat.com

شہاب الدین زرقی کے شیخ تھے اور بے شک سیدی احمد الترجمان المغربی نے مدینہ شریف میں اس کا تجربہ کیا اور صحیح پایا الخ

میں نے یہ پندرہ فائدے کتاب "مسالک الحنفا الی مشارع الصلاۃ علی النبی المصطفےٰ" تالیف امام۔ علامہ شہاب الدین احمد القسطلانی" سے بعض اضافوں کے ساتھ نقل کیے ہیں۔ ان اضافوں پر مجھے (دورانِ مطالعہ) آگاہی ہوئی۔

سولھواں فائدہ

ہمارے شیخ، شیخ حسن العدوی رحمۃ اللہ علیہ نے "شرح دلائل الخیرات" میں بعض عارفین کے حوالہ سے عارف المرسی رضی اللہ عنہ کے قول نقل کیا ہے کہ جو کوئی دن رات میں پانچ سو بار یہ درود شریف پڑھے وہ مرنے سے پہلے بیداری میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا" الخ۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ "

ترجمہ: الٰہی! درود و سلام بھیج ہمارے آقا محمدؐ پر، جو تیرے بندے نبی اور رسول نبی اُمّی ہیں اور ان کے آل و اصحاب پر"

جب بیداری میں نبی علیہ السلام کی زیارت حاصل ہو سکتی ہے تو خواب میں تو بطریقِ اُولیٰ حاصل ہو سکتی ہے۔

سترھواں فائدہ

ہمارے شیخ نے اپنی شرح مذکور میں، امام یافعی کی کتاب بستان الفقرا کے حوالہ سے یہ بات نقل کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے جمعہ کے دن مجھ پر ایک ہزار بار یہ

marfa.com

Marfat.com

درود شریف پڑھا ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ "

وہ اس رات کو اپنے رب یا اپنے نبی یا جنت میں اپنا ٹھکانہ ضرور دیکھے گا" اگر نہ دیکھ سکے تو دو تین یا پانچ جمعے عمل کرے۔ ایک روایت میں یہ اضافہ بھی ہے۔ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ دالخ

پھر میں نے کتاب کنوز الاسرار۔ مولفہ شیخ عبداللہ الخیاظ۔ ابن محمد الہاروشی المغربی الفاسی، مقیم ٹیونس، میں مذکورہ بیان کے بعد ان کا اپنا مشاہدہ لکھا دیکھا، جس کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ انہوں نے ان مذکورہ کلمات اسی نیت سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا لیکن نظر کچھ نہ آیا۔ پھر اپنی طرف توجہ کی اور سخت محبت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا۔ پھر خواب میں اپنا ٹھکانہ دیکھ لیا۔ اور اس پر انہیں مبارک باد دی گئی۔ پھر انہوں نے روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی۔ فرمایا کہ اب میں کسی تعداد کی پابندی نہیں کرتا۔ جو بھائی اس پر التزام کرے اور سرکار کے دیدار سے بہرہ ور ہو۔ اللہ کا شکر کرے۔ جو پروردگار عالمیان ہے۔ فرمایا ہمارے ایک بھائی نے اس پر عمل کیا تو اس کو خواب میں سرکار کی زیارت بھی نصیب ہوئی اور دعا بھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا۔

جَعَلَکَ اللّٰہُ مِنَ الْمُھْتَدِیْنَ۔ ترجمہ: اللہ تجھے راہ پانے والوں میں سے کر دے۔

پھر جلد ہی ہدایت کے آثار اس پر ظاہر ہونے لگے۔ ایک اور بھائی نے بھی اس پر عمل کیا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار سے مشرف ہوا۔ اور آپ نے اسے دعائے خیر دی۔

اٹھارہواں فائدہ

قطب ربانی سیدی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب غنیۃ الطالبین میں من الاعرج عن ابی ھریرہ رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے۔ مَنْ صَلّٰی لَیْلَۃَ

marfa.com
Marfat.com

الْجُمُعَةِ رَكْعَتَيْنِ يَقْرَأُ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ وَآيَةَ الْكُرْسِيِّ مَرَّةً وَخَمْسَ عَشَرَةَ مَرَّةً قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ہوکوئی جمعہ کی رات دو رکعت نفل پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ اور آیۃ الکرسی ایک ایک بار، اور پندرہ بار قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ پوری سورۃ اخلاص) پڑھے۔ (نماز سے فارغ ہوکر) آخر میں ایک ہزار بار یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ۔ وہ مجھے دیکھے گا، اور اگلے جمعہ سے پہلے پہلے دیکھے گا۔ اور جس نے مجھے دیکھا، اس کے لیے جنت ہے اور اس کے اگلے پچھلے تمام گناہ معاف۔

اُنیسواں فائدہ

ابو موسیٰ المدینی نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے۔ جو مسلمان جمعہ کی رات دو نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد پچیس مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ الخ۔ پھر ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ۔ آئندہ ہفتہ مکمل ہونے سے پہلے خواب میں مجھے دیکھے گا۔ اور جس نے مجھے دیکھا، اللہ اس کے گناہ بخش دے گا۔

بیسواں فائدہ

شیخ محمد حقی آفندی نازلی نے اپنی کتاب خزینۃ الاسرار میں کہا مجھے میرے شیخ و سند، شیخ مصطفےٰ آفندی نے مدینہ منورہ۔ مدینہ محمودیہ میں اس کتاب کی اجازت ۱۲۶۱ھ میں عطا فرمائی۔ میں نے ان سے علم کی تشریح اللہ کی قربت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک رسائی کے لیے بعض مخصوص اذکار پوچھے تھے۔ سو انہوں نے مجھے آیۃ الکرسی اور یہ درود شریف بتایا۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفْسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ۔ اور فرمایا اگر تم ہمیشہ اس پر

marfa.com
Marfat.com

عمل کرتے رہے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے علوم و اسرار حاصل کرو گے۔ یہاں تک کہ رُوحانی طور پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تربیت میں آجاؤ گے اور فرمایا یہ مجرّب ہے۔ اسے فلاں فلاں نے آزمایا ہے۔ بہت سے بھائیوں کا نام لیا۔ پس میں نے پہلی رات اسے سَو بار پڑھا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپ نے فرمایا۔ تیرے لیے بھی۔ تیرے ماں باپ کے لیے بھی اور تیرے بھائیوں کے لیے بھی شفاعت ہے۔ پھر میں نے اللہ کے فضل و کرم سے شیخ کے فرمان کے مطابق پایا۔ سو میں نے بہت سے بھائیوں کو یہ دُرود شریف بتایا تو میں نے دیکھا کہ جنہوں نے اس پر ہمیشہ عمل کیا انہوں نے ایسے عجیب اسرار حاصل کیے جو مجھے بھی حاصل نہ ہوئے۔ اس میں بڑے اسرار ہیں۔ تیرے لیے یہی اشارہ کافی ہے۔

اکیسواں فائدہ

سیّد احمد دحلان مفتی مکہ مُعظّمہ رحمہ اللہ نے مجموعہ دُرود شریف، میں، جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھے جانے والے تمام دُرود شریف اور زیارت رسُول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مجرّب کلمات جمع فرمائے ہیں یہ دُرود شریف بھی لکھا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْجَامِعِ لِاَسْرَارِکَ وَالدَّالِّ عَلَیْکَ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ۔

ترجمہ: الٰہی ہمارے آقا محمد پر دُرود و سلام بھیج جو تیرے اسرار و رموز کے جامع اور تجھ پر دلالت کرنے والے ہیں، اور ان کی آل و اصحاب پر۔

ہر دن ایک ہزار بار۔ الخ۔

بائیسواں فائدہ

سیّد احمد دحلان نے مجموعہ مذکورہ میں یہ بات ذکر کی ہے کہ ان فضیلت والے

marfa.com
Marfat.com

کلمات میں سے، جن کے بارے بہت سے عارفین نے ذکر کیا ہے کہ جو شخص جمعہ کی رات خواہ ایک بار ہی کیوں نہ ہو، ہمیشہ پڑھتا رہے اس کی رُوح پر رُوح محمدی کی مثال ظاہر ہو گی۔ مرتے وقت بھی، اور قبر میں داخل ہونے کے وقت بھی۔ یہاں تک کہ آدمی محسوس کرے گا کہ خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُسے قبر میں اتار رہے ہیں فرمایا کہ بعض عارفین کا کہنا ہے کہ جو کوئی اسے ہمیشہ پڑھنا چاہے اسے ہر رات دس بار اور جمعہ کی رات سَو بار پڑھنا چاہیئے۔ انشاء اللہ اس عظیم فضیلت اور جسم بھلائی کو حاصل کر لے گا۔ دُرود شریف یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ۔ الخ۔ اسی طرح شیخ صاوی۔ اور شیخ امیر نے امام سیوطی سے نقل کیا ہے۔

تیئیسواں فائدہ

شیخ صاوی نے شرح دردالدریر کہا، بعض نے کہا، ایک ہزار بار دُرود ابراہیمی پڑھنے سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار نصیب ہوتا ہے۔ ہمارے شیخ عدوی کی عبارت شرح دلائل الخیرات میں یہ ہے یہ بعض عارفین سے مروی ہے تشہد میں درود شریف کے جو الفاظ امام بخاری نے نقل کئے ہیں، پیر کی رات یا جمعہ کی رات ایک ہزار بار پڑھنے سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوتی ہے۔

چوبیسواں فائدہ

شیخ صاوی نے اپنی شرح مذکور میں سیدی محمد بن ابوالحسن البکری کے درود موسومہ صلوٰۃ الفاتح کہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْفَاتِحِ

marfa.com
Marfat.com

لِمَا اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالنَّاصِرِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ وَالْهَادِیْ
اِلٰی صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِیْمِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ
حَقَّ قَدْرِهٖ وَمِقْدَارِهِ الْعَظِیْمِ "

ترجمہ: الٰہی درود وسلام وبرکت نازل فرما! ہمارے آقا محمدؐ پر جو بندشوں کو کھولنے والے۔ گزرے ہوؤں کے خاتم۔ حق کی حق کے ساتھ مدد کرنے والے اور تیرے سیدھے راستے کی راہنمائی فرمانے والے ہیں۔ اللہ آپ پر اور آپ کی آل واصحاب پر رحمت نازل فرمائے۔ ان کے مرتبہ اور شان بزرگ کے مطابق "

کہ جس کسی نے جمعرات کی رات، یا جمعہ کی رات یا پیر کی رات، ایک ہزار بار یہ درود شریف پڑھا، وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کرے گا۔ یہ درود شریف چار نفل اس طرح پڑھنے کے بعد پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۃ القدر۔ دوسری رکعت میں اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ، تیسری میں قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور چوتھی میں موذتین پڑھتے وقت اگر نبی کا جلد لے۔ اگر چاہے تو تجربہ کرلے" انتہی۔ یہ آخری نو فائدے میں نے اپنی کتاب افضل الصلوٰت علیٰ سید السادات سے نقل کئے ہیں۔

پچیسواں فائدہ

شیخ سنوسی نے اپنے مجربات میں فرمایا، جو شخص سفید ریشمی کپڑے پر اللہ تعالیٰ کا نام اَلْوَدُوْدُ لکھے اور اس کے ساتھ محمد رسول اللہ ۲۵ بار لکھے۔ اور الحمد للہ ۲۵ بار، اور یہ عمل نماز جمعہ کے بعد کرے، اللہ تعالیٰ اس کو طاعت دینی کی توفیق دے گا۔ اور شیطانی وسوسوں سے محفوظ کرے گا اور جو اس کو اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ مخلوق کے دلوں میں اس کی ہیبت پیدا کرے گا۔ اور اگر روزانہ طلوع آفتاب کے

marfa.com
Marfat.com

وقت، نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھتے ہوئے اسے دیکھا، اسے کثرت سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔ اور اللہ اس دن کے اسباب اس کے لیے مہیا فرمائے گا۔

چھبیسواں فائدہ

شیخ سنوسی نے بھی فرمایا کہ جو کوئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار کرنا چاہے، وہ سونے سے پہلے غسل کرے۔ دو رکعت نفل پڑھے۔ سلام پھیر کر یہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى عَظْمَتِكَ وَعَلٰى مُلْكِكَ وَمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ رِضْوَانِكَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا يَنْبَغِيْ لِكَرِيْمِ وَجْهِكَ وَعِزِّ جَلَالِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى مُدَّ وَمَةِ اِحْسَانِكَ وَحُسْنِ عَوَائِدِكَ الَّذِيْ اَشْرَقَتْ بِهِ الظُّلُمٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ تَتَنَزَّلُ بِهِ الْمَطَرُ وَالرَّحْمَةُ عَلٰى مَنْ تَشَاءُ مِنْ عِبَادِكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اِلٰهُنَا وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ مَا دَعَوْتُكَ بِهِ اَنْ تُرِيَنِيْ فِيْ مَنَامِيْ هٰذَا سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ۔

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع الٰہی تیرے لیے ہی سب تعریف، تیری عظمت اور ملک اور حدِ رحمت در تیری رضا سے، الٰہی تیری ہی

marfa.com
Marfat.com

حمد وثنا، جیسی تیری ذات کے کرم اور تیرے جلال کی عزت کے لائق ہے۔ الٰہی! تیرے دائمی احسان پر تیرا شکر اور تیرے حسن عبادت پر۔ الٰہی میں قرآن عظیم اور تیری ذات کریم کے نور، جس سے تو نے زمین و آسمان کو بزرگی بخشی، کے صدقے تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اور میں تیرے اسم گرامی کے صدقے تجھ سے سوال کرتا ہوں جس سے بارش اور رحمت نازل ہوتی ہے جس پر تو چاہے، اپنے بندوں میں سے۔ الٰہی تو ہی ہمارا معبود ہے اور تو ہی ہر چیز پر قادر ہے۔ الٰہی میں اپنی ان دعاؤں کے صدقے تجھ سے سوال کرتا ہوں جو میں نے تجھ سے کیں کہ مجھے اس خواب میں ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب فرما۔

ان تسرینی فی منامی ھذا سیدنا ومولانا محمد صلے اللہ علیہ و علیٰ آلہ وصحبہ وسلم عدد خلقہ ورضا نفسہ وزنۃ عرشہ و مداد کلماتہ۔

ستائیسواں فائدہ

یہ درود شریف سیدی ابوالعباس تیجانی کا ہے جو کہ "جوہرۃ الکمال" کہلاتا ہے۔ اور وہ یہ ہے۔

اللھم صل وسلم علی عین الرحمۃ الربانیۃ الخ

اس درود شریف کو میں اس کتاب کے آٹھویں باب میں پہلے لا چکا ہوں اور یہ تعداد درود کے لحاظ سے ۱۰۲ نمبر پر ہے اور میں نے وہاں بڑے اہم فائدے ذکر کیے ہیں منجملہ ایک وہ فائدہ ہے جو شیخ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جس شخص نے سوتے وقت باوضو ستھرے بستر پر سات دن تک ہمیشگی کی تو اسے

marfa.com
Marfat.com

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوگی ۔

اٹھائیسواں فائدہ

سیدنا احمد رفاعی رضی اللہ عنہ، کا درود شریف ہے جن کا ذکر پہلے باب میں ہو چکا ہے ۔ اور یہ ستر ہواں درود شریف ہے اور وہ یہ ہے ۔

اللّٰھُمَّ صل علی سیدنا محمد النبی الامی القرشی بحر الوارث ومعدن اسرارک الخ

"جس نے یہ درود شریف ہزار بار پڑھا وہ اپنی نیند میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا ۔" پہلے جہاں اس کا ذکر گزر چکا ہے وہاں اس پر گفتگو ہو چکی ہے ۔

انتیسواں فائدہ

یہ درود شریف سیدی محمد ابو شعر شامی "جن کا ذکر اس سے پہلے باب میں ہو چکا ہے" کا ہے ۔ اور یہ ایک سو گیارہواں درود شریف ہے وہ یہ ہے ۔

اللّٰھُمَّ انی اسئلک باسمک الاعظم المکتوب من نور وجہک الاعلی المؤید الدائم الباقی المخلد فی قلب نبیک ورسولک محمد الخ

یہ درود شریف بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا مقید ہے ۔ جیسا کہ پہلے اس کے فوائد میں ذکر آچکا ہے ۔

marfa.com
Marfat.com

تیسواں فائدہ

سیدی ابوالمواہب شاذلی کے ترجمہ میں امام شعرانی نے "طبقات" میں فرمایا کہ آپ رضی اللہ عنہ، نے فرمایا کہ میں نے نیند میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو آپ نے مجھ سے فرمایا کہ سوتے وقت پانچ دفعہ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہنے کے بعد پھر یوں کہا کر "اللھم بحق محمد ابنی وجدہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم حالا ۔ مآلا" پس جب تو یہ سوتے وقت کہے گا تو میں تیرے پاس آتا رہوں گا اور اس معاملہ میں تجھ سے اصلاً خلف نہ ہوگا۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ، نے فرمایا جو آپ پر ایمان لایا اسے آپ سے ملاقات کا کیا ہی عمدہ طریقہ ہے۔ یہ بعینہٖ (آپکی زبان سے) آپ کے لفظ سے منقول ہے۔

اکتیسواں فائدہ

نیز امام شعرانی قدس سرہٗ نے "طبقات" میں آپ ہی کے ترجمہ میں فرمایا کہ آپ رضی اللہ عنہ، فرمایا کرتے تھے کہ جس آدمی کا ارادہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دیکھنے کا ہو تو اسے چاہیئے کہ شب و روز محبت کے ساتھ اللہ کے برگزیدہ اولیاء میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کثرت سے کرتا رہے۔ ورنہ یہ رویت کا باب اس سے مسدود رہے گا۔ کیونکہ یہ لوگ جس طرح اولیاء کے سادات ہیں اسی طرح (عام) لوگوں کے بھی سادات ہیں۔ اور (ان کی ناراضگی سے) ہمارا پروردگار (جس طرح) ناراض ہوتا ہے اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ناراض ہوتے ہیں۔

marfa.com
Marfat.com

بتیسواں فائدہ

صلاۃِ یاقوتیہ ہے۔ یہ ہمارے استاذ عارف باللہ سیدی شیخ محمد فاسی قدس سرہٗ جن کا ذکر سابقہ باب میں پہلے ہو چکا ہے اور درود میں یہ ایک سو سترہواں درود ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ قطب عالم نے فرمایا کہ جس نے صبح و شام تین مرتبہ ہمیشہ ورد میں رکھا تو اُسے اکثر سوتے، جاگتے، ظاہراً باطناً نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوتی رہے گی۔

تنتیسواں فائدہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرنیکی کی بابت میں نے ایک مجموعہ میں لکھا ہوا دیکھا جس کی صورت یوں ہے کہ جو آدمی ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنا چاہے تو اسے چاہیے کہ دو رکعت نماز اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ والضحیٰ اور پچیس مرتبہ الم نشرح پڑھے پھر سونے تک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتا رہے۔ الخ

چونتیسواں فائدہ

الدمیری نے "حیاۃ الحیوان" میں شیخ شہاب الدین احمد البونی کی کتاب سرّ الاسرار کے حوالہ سے انسان پر کلام کرتے ہوئے فرمایا کہ جو کوئی جمعہ کے دن، نماز جمعہ کے بعد مکمل طہارت کے ساتھ ۲۵ بار کاغذ پر مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لکھ کر اپنے پاس رکھ لے، اللہ اس کو عبادت کی طاقت اور برکت دے گا اور شیطانی وسوسہ اندازیوں سے محفوظ رکھے گا اور اگر ہمیشہ کے لیے سورج نکلتے وقت، محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے ہوئے اس کاغذ کو دیکھے تو اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کثرت

marfa.com
Marfat.com

سے دیدار ہوگا۔ یہ ایک لطیف راز ہے جسے آزمایا جا چکا ہے"۔ الخ۔

پینتیسواں فائدہ

ایک سو اکیسواں درود شریف ایک ہزار بار پڑھنا جو اس کتاب میں گذر چکا ہے، یعنی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ قَدْرَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ آخر تک خواب میں نبی علیہ السلام کے دیدار کے لیے مفید ہے۔ اس کے اور بھی فائدے ہیں جو وہیں ذکر کر دیئے گئے ہیں۔

چھتیسواں فائدہ

عارف باللہ سیدی شیخ مصطفےٰ البکری نے حزب النووی پر لکھی گئی شرح کے آخر میں فرمایا۔ کہ اسم مبارک محمد کے فوائد میں سے ایک یہ ہے کہ جو کوئی ہر رات بائیس بار اس کا ورد کرے۔ اسے کثرت سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار ہوگا۔

سینتیسواں فائدہ

اس کتاب کے آٹھویں باب میں ساتویں نمبر پر مذکور درود شریف جس کی ابتدا اس طرح ہوتی ہے۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ ..... شیخ دیربی نے اپنے مجربات میں فرمایا۔ بعض نے کہا جو کوئی دس رات اس کو بلا ناغہ پڑھے اور ہر رات سوتے وقت سو بار پڑھے اور کامل طہارت کے ساتھ قبلہ رُخ دائیں پہلو پر لیٹ جائے۔ وہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا دیدار کرے گا۔

اڑتیسواں فائدہ

جو شخص نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنا چاہے بلکہ اس سے بڑھ کر بیداری میں

marfa.com
Marfat.com

دیکھنا چاہے جیسا کہ بعض عارفین کے کلام سے معلوم ہوتا ہے تو وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حکموں پر عمل کرے اور جن اُمور سے آنجناب نے منع فرمایا ہے۔ان سے پرہیز کرے اور محبت، شوق اور کثرتِ ذکر کے ساتھ ساتھ ہمیشہ آپ کی سُنّت پر کاربند رہے اور کثرت سے آپ پر درُود و سلام بھیجے اور ہمیشہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے محامد و محاسن کا ذکر کرتا رہے۔اور اگر پہلے کبھی خواب میں آپ کی زیارت نصیب ہوئی ہے تو آپ کی صورت مُبارک کو ذہن میں حاضر رکھے اور اگر زیارت نصیب نہیں ہوئی تو اس شکل و شباہت کو ذہن میں حاضر رکھے جو شمائل نبویہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ذکر میں کتب حدیث و سیرت میں مذکور ہیں اور اگر پہلے دیدار مُبارک ہو چکا ہے تو آپ کے حجرے مُبارک کو ذہن میں حاضر کرے۔گویا یہ سرکار کے حضور کھڑا ہے۔یہ بیان عنقریب سیّدی عبدالکریم جیلی کی کتاب الناموس الاعظم فی معرفۃ قدر النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے آئے گی یا تم ہمیشہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت اقدس اور شان برتر کا تصور سامنے رکھ کر درود شریف پڑھو۔اگر تمہیں اس ضروری سے تکلیف ہوتی ہے پھر بھی کچھ ہی عرصہ تک تمہاری روح اس سے مانوس ہو جائے گی پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے سامنے ہوں گے۔تم ان سے کلام و خطاب کرو گے۔سرکار تمہیں جواب دیں گے اور تم سے گفتگو و خطاب فرمائیں گے تمہیں ایک طرح سے صحابہ کا درجہ حاصل ہوگا۔ اور اللہ نے چاہا تو ان سے مل جاؤ گے۔

اُنتالیسواں فائدہ

خواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لیے سترہ مرتبہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھو اور سونے سے پہلے یہ دُعا مانگو:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ الْاَنْوَارِ الَّذِیْ ھُوَ عَیْنُکَ لَا غَیْرُکَ اَنْ تُرِیَنِیْ وَجْہَ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَمَا ھُوَ عِنْدَکَ ۔

marfa.com
Marfat.com

ترجمہ :- الٰہی میں تجھ سے سوال کرتا ہوں نوروں کے اس نور کے وسیلہ سے، جو تیرا عین ہے، غیر نہیں کہ مجھے اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ اس صورت میں دکھائے، جیسے وہ تیرے حضور ہیں - الٰہی ایسا ہی کر دے۔

جو سونے سے پہلے اسے پڑھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا۔ جیسا کہ یہ بات مجھے گذشتہ سال ۱۳۱۶ھ میں شیخ عبدالکریم القادری۔ قادری۔ دمشقی نے، بیروت میں اس وقت بتائی۔ جب وہ حج بیت اللہ کے لیے جا رہے تھے۔ یہ نیک خاندان کے ایک نیک نوجوان ہیں۔ اللہ ان سے اور ان کے آباؤ اجداد سے مجھے بہرہ مند فرمائے۔ آمین۔

چالیسواں فائدہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نعل مبارک کا نقش ہمیشہ اپنے پاس رکھنا بھی خواب میں زیارت نبوی کے لیے مفید ہے۔ جیسا کہ اس کو شہاب احمد المقری نے اپنی کتاب فتح المتعال فی مدح النعال میں ذکر کیا ہے۔ جس کی عبارت یہ ہے یہ نقش نعلین شریفین کے خواص میں سے ایک یہ بھی ہے۔ جیسا کہ بعض آئمہ نے فرمایا، اور جس کی برکت کا تجربہ کیا گیا ہے کہ جو شخص اس کو ہمیشہ اپنے پاس رکھے وہ مخلوق میں کامل طور پر مقبول ہوگا اور لازمی طور پر یا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بیداری میں کرے گا یا خواب میں۔ الخ میں کہتا ہوں کتاب مذکور سے میں نے نقش نعلین مبارک نکال کر چھپوایا ہے۔ اور میں نے اس کے خواص و فوائد کا خلاصہ نکال کر اس نقش کے ارد گرد شائع کروا دیئے ہیں۔ اس قطعہ کا طول و عرض تقریباً تین ہاتھ ہے۔ یہ بہت نفیس طبع ہوا ہے اور لوگ برکت حاصل کرنے کے لیے اسے گھروں میں آویزاں کرتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ ان فوائد کو اس کتاب میں بھی مختصراً ذکر کر دوں تاکہ محفوظ ہو جائیں۔ اس نقش کے اوپر یہ عبارت ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یہ بات صحیح ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نعلین شریفین چمڑے کے تلوے پر چمڑے کے تسمے لگے تھے جن پر بال نہ تھے تسمے دو تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک تسمہ

marfa.com
Marfat.com

پاؤں کے انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی کے درمیان رکھتے تھے اور دوسرا تسمہ درمیانی انگلی اور اس کے ساتھ والی (چھنگلی کے ساتھ والی) اور پاؤں کی پشت پر آکر یہ تسمے مل جاتے تھے۔ یہی شراک کہلاتے تھے۔ اور یہ تسمے دوہرے تھے اور گائے کے چمڑے کے تھے۔ کسی قدر ٹیڑھے، زبان کی طرح پچھلی طرف بھی باندھنے کے لیے تسمہ ہوتا تھا۔ کچھ حفاظ نے کہا زرد رنگ کے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے موزے بھی پہنے ہیں۔ ان پر مسح کیا کرتے تھے اور بعض نے تصریح کی ہے کہ نقش مبارک دائیں نعل مبارک کا ہے

marfa.com
Marfat.com

تنبیہ

قدیمی کتابوں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک نام مبارک تھا صاحب النعلین" کیونکہ جوتے پہننا عربوں کی عادت تھی۔ آپ کے دو نعلین اور آٹھ موزے تھے۔ آپ جوتوں میں بھی چلے ہیں اور تواضع وانکساری کے طور پر ننگے پاؤں بھی۔ خصوصاً عبادات کے لیے آپ نے جوتوں سمیت (اکثر) نماز ادا فرمائی ہے وہ دونوں پاک ہوتے تھے۔ کئی بار ان کو بائیں ہاتھ کی انگشت شہادت سے اٹھا لیتے۔ بسا اوقات آپ کے خادم ابن مسعود اتارنے کے وقت آپ کے نعلین شریفین اپنے ہاتھوں سے اٹھا لیتے۔ اور پہنتے وقت سامنے رکھ دیتے۔ پہنتے وقت دایاں جوتا مبارک پہلے پہنتے اور اتارتے وقت بایاں پہلے اتارتے۔ ابن الجوزی نے کہا جو ہمیشہ دائیں ہاتھ سے شروع کرے وہ سے محفوظ رہے گا۔ ایک اور بزرگ نے کہا جو سورۃ الممتحنہ لکھ کر اس شخص کو پانی میں حل کر کے پلائی جائے۔ اللہ کے حکم سے صحت یاب ہوگا۔

مسئلہ

درختوں اور دیگر اشیا کی تصویر بنانا، مثلاً نقش نعل شریف جائز ہے۔ رہ گئی انسان یا حیوان کی تصویر، جب کہ اس کی اہانت نہ ہو حرام ہے۔ (البتہ ضروری اور مفید تصویر بنانا، جس سے انسان و شرعی خرابی لازم نہ آتی ہو، نیک مقاصد کے لیے جائز ہے۔ خلاصہ یہ کہ نیک و بد مقاصد کے لحاظ سے جائز و ناجائز کا حکم معلوم ہوگا۔ مترجم)

فوائد

قسطلانی نے المواہب اللدنیہ اور المقری نے فتح المتعال، میں علماء کا یہ قول نقل کیا ہے کہ اس نقشہ نعلین مبارک کا جو تجزیہ کیا گیا ہے، اس میں سے ایک یہ ہے کہ جو کوئی اسے برکت کے لیے اپنے

marfa.com
Marfat.com

پاس رکھے اسے باغیوں کی بغاوت، دشمنوں کے غلبہ۔ ہر سرکش شیطان اور ہر حاسد کی نظر سے حفاظت ملے گی۔ اگر حاملہ عورت اسے اپنے دائیں بازو سے باندھے، چلنے میں تکلیف تھی تو اللہ کی قدرت و طاقت سے آسانی ہو گی۔ یہ نظر بد اور جادو سے امان ہے۔ جو اس پر ہمیشہ کاربند رہے۔ اسے مخلوق میں مکمل قبولیت حاصل ہو گی۔ اسے ضروری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کی زیارت نصیب ہو گی۔ اور خواب میں سرکار کی زیارت سے بہرہ ور ہو گا۔ جس لشکر میں یہ ہو، اسے شکست نہ ہو گی۔ جس قافلہ میں یہ ہو لوٹا نہ جائے۔ جس کشتی میں ہو غرق نہ ہو۔ جس گھر میں ہو جل نہ سکے۔ جس سامان میں ہو چوری نہ ہو۔ اور اس نعلین والے (صلی اللہ علیہ وسلم) سے جس حاجت میں توسل کیا جائے پوری ہو۔ تنگی دور ہو۔ بیماری سے شفا ہو۔ بشرطیکہ ایمان مضبوط ہو۔

نقش نعلین کے نیچے لکھی ہوئی عبارت یہ ہے: "مرتب کا کہنا ہے کہ یہ نقشہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نقوش نعلین میں سے صحیح تر ہے جو کیمرے کی مدد سے لیا گیا ہے، اور یہ صحیح تر نقش اس نقش کے مطابق ہے، جسے میں نے علامہ احمد المقری کی کتاب فتح المتعال فی مدح النعال سے لیا ہے جو کافی ضخیم جلد میں ہے اگرچہ یہ کتاب نایاب ہے مگر مجھے اللہ تعالیٰ نے اس کے تین صحیح ترین نسخے عطا فرمائے ہیں۔ ایک اس نسخے سے نقل کیا گیا ہے جس پر مصنف کے دستخط ہیں۔ میں نے یہ نقشہ تینوں میں ملتا جلتا دیکھا ہے۔ اور یہی وہ نقشہ ہے جسے چھ نقشوں میں سے منتخب کیا گیا ہے۔ فرمایا اسی پر اعتماد ہے۔ ابن العربی۔ ابن عساکر۔ ابن مرزوق۔ الفارقی۔ سیوطی۔ بخاری۔ ثنائی اور ایک سے زائد سے (المقری) نے ان سب کے ثبوت و اسناد بھی ذکر کیے ہیں۔ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نعل مبارک سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھا، پھر وہ برابر ایک سے دوسری نسل تک پہنچتا رہا۔ پھر اسی کی نقول تیار ہوتی رہیں یہاں تک کہ مشائخ نے اسے کتابوں کے اوراق پر منتقل کر دیا اور اس کے ثبوت میں سندیں ذکر کیں۔ یہاں تک کہ اس سلسلہ میں بعض حضرات نے کتابیں لکھیں۔ ان میں سے ابوالیمن بن عساکر ہیں جنہوں نے اسے اپنی کتاب میں نقل کیا۔ پھر ان کی کتاب سندوں کے ساتھ روایت کی گئی اور حفظ کی جانے لگی۔ یہاں تک کہ المقری تک پہنچی، انہوں نے ابن عساکر کے معتمد علیہ نسخہ سے اپنی کتاب فتح المتعال میں اسے

marfa.com
Marfat.com

نقل کیا۔ اس نسخہ پر علماء و حفاظ مثلاً السیوطی ۔ السخاوی اور الدیلمی رحمہم اللہ کی دستی تحریریں ہیں۔ میں نے اسے فتح المتعال سے تمام فوائد کے ساتھ نقل کیا ہے۔

خاتمہ

المناوی اور القاری نے شرح شمائل میں ابن العربی کا یہ قول نقل کیا ہے۔ جوتی نبیوں کا لباس ہے۔ لوگوں نے دوسری قسم کے جوتے صرف اس لیے استعمال کرنے شروع کر دیئے کہ ان کے علاقوں میں کیچڑ تھا۔ میں نے یہ گفتگو اپنے اس قول پر ختم کر دی۔

اِنِّیْ خَدَمْتُ مِثَالَ نَعْلِ الْمُصْطَفٰی
لِاَعِیْشَ فِی الدَّارَیْنِ تَحْتَ ظِلَالِهَا
سَعَدَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ بِخِدْمَتِ نَعْلِهٖ وَاَنَا السَّعِیْدُ بِخِدْمَتِیْ لِمِثَالِهَا

"میں نے نعلِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کی مثال (نقشہ) کی خدمت کی۔ تاکہ دونوں جہانوں میں اس کے زیر سایہ زندہ رہوں۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جوتے (مبارک) کی خدمت سے خوش قسمت ہو گئے اور میں اس کے نقشہ کی خدمت سے خوش بخت ہوئی۔"

میں نے مثال نعلین کی شان میں اور اشعار بھی کہے ہیں جس کو میں اس میں شامل کرنا چاہتا تھا۔ پھر میں نے اسے اس اضافہ سے الگ رکھنے کو ترجیح دی۔

مِثَالٌ حَکٰی نَعْلًا لِاَفْضَلِ مُرْسَلٍ تَمَّتْ مُقَامَ التُّرْبِ مِنْهُ الْفَرَائِدُ
ضَرَائِرُهَا التَّبْعُ کُلُّهَا غَیَارٰی وَتِیْجَانُ الْمُلُوْکِ حَوَاسِدُ

"جس نقشہ نے افضل الرسل (صلی اللہ علیہ وسلم) کے جوتے کا بیان کیا۔ اس کی وجہ سے ناقص زمین کی مٹی مکمل ہو گئی۔ تمام ساتویں آسمان اس کی غیرت مند سوکنیں ہیں۔ اور بادشاہوں کے تاج اس پر رشک کرتے ہیں۔"

میں نے یہ بھی عرض کیا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

عَلٰی رَأْسِ ھٰذَا الْکَوْنِ نَعْلُ مُحَمَّدٍ عَلَتْ فَجَمِیْعُ الْخَلْقِ تَحْتَ ظِلَالِہٖ

اس کائنات کے سر پر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نعل (جوتا مبارک) بلند ہوا پس تمام مخلوق اس کے زیر سایہ ہے"۔

لَدَی الطُّوْرِ مُوْسٰی نُوْدِیَ اِخْلَعْ وَاَحْمَدٌ عَلَی الْعَرْشِ لَمْ یُؤْذَنْ بِخَلْعِ نِعَالِہٖ

"کوہِ طور کے پاس موسیٰ کو آواز دی گئی کہ (جوتا) اتار دیجیے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو عرش پر اپنے جوتے اتارنے کا حکم نہ دیا گیا"۔

میں نے یہ بھی عرض کیا ہے۔

مِثَالٌ لِنَعْلِ الْمُصْطَفٰی مَالَہٗ مِثْلُ

لِرُوْحِیْ بِہٖ رَاحٌ، لِعَیْنِیْ بِہٖ کُحْلُ

"یہ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے جوتے کا نقش ہے، جس کی کوئی مثل نہیں۔ میری روح کو اسی سے راحت اور میری آنکھ کے لیے یہی سرمہ ہے"۔

فَاَکْرِمْ بِہٖ تِمْثَالَ نَعْلٍ کَرِیْمَۃٍ تَمَنَّی کُلُّ رَأْسٍ وَدَّ لَوْ اَنَّہٗ رِجْلُ

"سو یہ قابل تعظیم جوتے کا، کتنا قابلِ احترام نقش ہے، کہ ہر سر کی تمنا ہے، کاش وہ اس جوتے کا پاؤں ہوتا"۔

میں نے یہ بھی عرض کیا ہے۔

وَلَمَّا رَاَیْتُ الدَّھْرَ قَدْ حَارَبَ الْوَرٰی جَعَلْتُ لِنَفْسِیْ نَعْلَ سَیِّدِہٖ حِصْنًا

"اور جب میں نے زمانے کو ساری دنیا سے لڑتے دیکھا۔ تو اپنے لیے سید کائنات کے جوتے کو بچاؤ کا قلعہ بنا لیا"۔

تَحَصَّنْتُ مِنْہُ فِیْ بَدِیْعِ مِثَالِھَا بِسُوْرٍ مَتِیْنٍ نِلْتُ فِیْ ظِلِّہٖ اَمْنًا

"میں اس عجیب و غریب نقش نعلین کے ذریعے ایک ایسی مضبوط دیوار کی اوٹ میں قلعہ بند ہو گیا جس کے سائے تلے میں امن حاصل کر لیا"۔

marfa.com

Marfat.com

دسواں باب

نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام کے فوائد وثمرات کے بیان میں

میرا خیال تھا کہ اس باب کو ان فوائد کے ذکر سے شروع کروں، جنہیں علامہ شمس الدین ابن القیم نے اپنی کتاب "جلاء الافہام فی فضل الصلاۃ والسلام علیٰ محمد خیر الانام" میں بیان کیا ہے۔ اور جو سب کے سب یا ان میں سے بڑے بڑے ان احادیث میں آچکے ہیں جن کو مختصر طور پر باب دوم میں ذکر کر آیا ہوں لہٰذا یہاں اُن کے تکرار کی ضرورت نہیں۔ ان کا ذکر اس کتاب کے علاوہ مسالک الحنفاء اور الدر المنضود وغیرہ میں بھی ہوا ہے۔ میں نے جلاء الافہام کے فوائد ذکر کرتے وقت، ان پر کچھ اضافہ بھی کیا ہے۔

ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا - (درود وسلام کا)

پہلا فائدہ اللہ کے حکم پر عمل۔

دوسرا فائدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ صلاۃ میں موافقت اگرچہ دونوں کے مفہوم میں فرق ہے۔ ہماری صلوۃ آپ پر دعا اور سوال ہے اور اللہ کی آپ پر صلوۃ، ثناء وتشریف ہے جیسا کہ گزر چکا ہے۔

تیسرا فائدہ اس میں اللہ کے فرشتوں کی موافقت۔

چوتھا فائدہ درود شریف پڑھنے والے کے لیے اللہ کے دس درودوں کا حاصل ہونا۔

پانچواں فائدہ اس کے دس درجے بلند کیے جاتے ہیں۔

چھٹا فائدہ اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

ساتواں فائدہ اس کی دس برائیاں مٹا دی جاتی ہیں۔

آٹھواں فائدہ جب دعا سے پہلے درود شریف پڑھے تو قبولِ دعا کی اُمید ہوتی ہے۔ پس درود

marfa.com
Marfat.com

شریف، پروردگارِ عالم کے حضور دُعا کو پہنچانے والا ہے۔

نواں جب اس کو سوال وسیلہ کے ساتھ ملائے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کے حصول کا سبب ہے۔ یا سوال وسیلہ سے الگ بھی پڑھے۔ جیسا کہ اس بارے میں کی روایت گزر چکی ہے۔

دسواں گناہوں کی بخشش کا ذریعہ ہے جیسا کہ گذرا۔

گیارہواں یہ اللہ کے بندے کے لیے ہر غم سے کفایت ہے۔

الدر المنضود میں فرمایا ترمذی نے ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی کہ جب دو تہائی رات گذر جاتی تو آپ اُٹھ کھڑے ہوتے اور فرماتے لوگو! اللہ کا ذکر کرو۔ اللہ کا ذکر کرو۔ کپکپانے والی آگئی۔ اس کے پیچھے پیچھے آنے والی آگئی۔ موت اپنی تمام سختیوں کے ساتھ آگئی۔ موت اپنی سختیوں کے ساتھ آگئی۔ موت اپنی سختیوں کے ساتھ آگئی۔ ابی کہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا، یارسول اللہ! میں آپ پر بہت درُود شریف پڑھتا ہوں، پس (فرائض وضروریات بشریہ کی ادائیگی کے بعد کتنا وقت آپ پر درُود بھیجا کروں؟ فرمایا جتنا چاہو۔ میں نے کہا چوتھا مسکہ؟ فرمایا جو تمہاری مرضی؟ اور اگر زیادہ کرو تو تمہارے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا آدھا وقت؟ فرمایا جو چاہو، اور اگر زیادہ کرو تو تمہارے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا دو تہائی؟ فرمایا جتنا چاہو، اور اگر زیادہ کرو تو تمہارے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا، میں تمام وقت درود وسلام کے لیے وقف کرتا ہوں۔ فرمایا تو یہ تیرے غم دُور کرنے کے لیے کافی ہے، اور تیرے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔" حاکم نے مستدرک میں کہا اس کی سند صحیح ہے۔" ایک روایت میں ہے، جب چوتھائی رات گذر جائے۔" دوسری میں ہے وہ رات کے تیسرے حصے میں نکلا کرتے تھے۔" ایک روایت میں بہت درُود پڑھتا ہوں کی جگہ میں آپ پر درُود پڑھتا ہوں۔" کے الفاظ آئے ہیں۔ ایک اور روایت میں ہے کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا۔ میں اپنے دور میں، درود شریف کے لیے اتنا وقت مقرر کرتا ہوں، پوری حدیث۔" امام احمد۔ ابن ابی عاصم اور ابن ابی شیبہ کی روایت میں ہے کہ ایک

marfa.com
Marfat.com

شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ فرمائیں کہ اگر میں تمام وقت آپ پر درود وسلام پڑھنے میں صرف کر دوں؟ فرمایا تو پھر اللہ تبارک تعالیٰ تمہیں دنیا و آخرت کے غم والم سے بچائے گا۔ بیہقی نے یہی روایت عُمدہ سند کے ساتھ رمایت کی ہے مگر اس میں ارسال (راوی چھوٹ گیا) ہے۔ ایک اور روایت میں ہے ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں اپنے وظیفہ کے وقت کا تیسرا حصہ آپ پر دُرود شریف بھیجوں گا۔ فرمایا ہاں اگر چاہو۔ عرض کیا دو تہائی وقت۔ فرمایا ہاں۔ عرض کیا تمام وقت درود شریف کے لیے۔ فرمایا اللہ تمہارے دنیا و آخرت کے غم دُور فرمائے گا۔" اس روایت کے دو راوی ایسے ہیں جن کو جمہور نے ضعیف قرار دیا ہے۔ لیکن ہیثمی نے مُنذری کی طرح اسے حُسن قرار دیا ہے کیونکہ اس کے شواہد موجود ہیں۔ ایک اور روایت میں ہے، میں اپنا آدھا ورد آپ کی (بلندیٔ درجات) دُعا کے لیے مقرر کرتا ہُوں۔ فرمایا ٹھیک ہے۔ کہا، حضور! میں تمام وظیفہ آپ کے لیے دُعا قرار دیتا ہوں۔ فرمایا جب تو اللہ تعالیٰ تمہارے دنیا و آخرت کے تفکرات کے ازالہ کا اسے سبب بنا دے گا۔ ایک اور روایت میں ہے "میرے رب کے ہاں سے ایک آنے والا میرے پاس آیا۔ اس نے کہا جو بندہ آپ پر ایک بار دُرود بھیجے گا، اللہ اس پر اس کے بدلے دس بار رحمت نازل فرمائے گا۔ ایک شخص نے کھڑے ہو کر کہا یا رسول اللہ! میں آدھی دُعا آپ کے لیے مانگوں گا۔ فرمایا جیسے چاہو۔ اس نے کہا دو تہائی، فرمایا جیسے چاہو۔ اس نے کہا میں تمام دُعا آپ کے لیے مانگوں گا۔ فرمایا تو پھر اللہ تعالےٰ اس کے صدقے تیرے دنیا و آخرت کے غم دُور فرمائے گا۔ اس روایت سے خواہ مرسل قرار دی جائے یا مُتصل۔ یہ بات صراحۃً معلوم ہو گئی کہ گذشتہ احادیث میں لفظ صلوٰۃ کا معنیٰ دُعا ہے۔ لہٰذا کسی اور تاویل کی ضرورت نہیں۔ مطلب یہ کہ میں بہت دُعا مانگتا ہوں، پس اس میں آپ کے دُرود شریف کے لیے کتنا وقت صرف کروں؟ یعنی مجھے جو وقت میسر ہے میں اس میں اپنے لیے دُعا مانگتا ہُوں، پس اس میں سے آپ پر صلوٰۃ بھیجنے کے لیے کتنا وقت صرف کروں؟ سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لیے وقت مقرر کرنا مناسب نہ سمجھا۔ تاکہ اس پر اضافہ کا دروازہ بند نہ ہو جائے۔ پس آپ برابر اسے اختیار دیتے رہے اور ساتھ ہی ساتھ اضافہ کی ترغیب بھی

marfa.com
Marfat.com

دیتے رہے۔ یہاں تک کہ اس نے کہا۔ میں تمام وقت آپ پر درود شریف پڑھتا رہوں گا۔ یعنی جتنا وقت میں اپنے لیے دعائیں مانگتا ہوں، وہ تمام وقت بھی آپ کے لیے دُعائیں مانگتا رہوں گا۔ تو آپ نے فرمایا یہ تیرے غم کے ازالہ کے لیے کافی رہے گا۔ یعنی دنیا و آخرت کی ہر فکر سے تمہیں نجات مل جائے گی۔ کیونکہ یہ اللہ کے ذکر اور رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کو شامل ہے۔ یہ دراصل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کے لیے دُعا کرنے کا اشارہ ہے جیسا کہ حدیث قدسی میں آیا ہے۔ کہ "میرے ذکر نے جس کو مانگنے سے بے خبر رکھا۔ میں اسے مانگنے والوں سے زیادہ دیتا ہوں"۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر دُرود و سلام پڑھنے کو اپنی سب سے بڑی عبادت سمجھتا ہے، اللہ اسے دنیا و آخرت کے تفکرات سے آزاد کر دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق دے۔ آمین۔ فرمایا گیا ہے کہ حقیقی صلاۃ مراد ہے۔ یعنی اس کا ثواب۔ یا اس کے ثواب جیسا ثواب۔ لیکن مذکورہ بالا روایت اس کا رَد کرتی ہے۔

قرأت کے بعد دُعا

کہا گیا ہے کہ یہ حدیث بہت بڑی دلیل ہے ان لوگوں کے لیے جو قرآن پڑھ کر یہ کہتے ہیں کہ میں اس کا ثواب اپنے آقا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایصال کرتا ہوں، کیونکہ صحابی نے کہا تھا۔ میں اپنا تمام درود وظیفہ آپ کے لیے وقف کرتا ہوں"۔ تو آپ نے فرمایا۔ پھر یہ تیرے غم کے ازالہ کے لیے کافی ہوگا"۔ رہی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ و مقام کی ترقی کے لیے دعا مانگنا، سو بعض متاخرین نے اس کا انکار کیا ہے۔ میں نے اپنے فتاوٰی میں اس کے طویل و مختصر، دو خوب خوب رَد کیے ہیں۔ اور میں نے واضح کیا ہے کہ محققین نے اس کی مخالفت کی ہے۔ بلکہ امام مذہب النووی نے اسے اپنی کتابوں کے خطبوں میں استعمال کیا ہے۔ مثلاً الروضہ۔ المنہاج۔ شرح مسلم۔ نبی علیہ السلام کی بزرگی اگرچہ کامل تھی لیکن وہ زیادہ کمال قبول کرتی ہے کیونکہ آپ قربِ بارگاہ میں ہمیشہ ترقی کرتے رہتے ہیں۔ پس آپ کی ترقی کی کوئی حد نہیں۔ اور جو چیز زیادتی قبول کرے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے، اس کے حصول کی دعا کرنے سے کوئی چیز مانع نہیں۔ اور میں اس کے ثواب کی

marfa.com
Marfat.com

مثل سرکار کی خدمت پیش کرتا ہوں، اس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے شرف میں اضافہ ہوتا ہے۔ کہ اس ثواب کے مثل کے حصول کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دعا مانگی جا رہی ہے اور اس کے حصول سے آپ کا شرف بڑھے گا۔ اس لیے کہ یہ بات بالکل واضح ہے کہ اس کا حصول کمال ہے۔ پس جب یہ شرف سرکار کے اصل شرف سے ملے گا۔ تو اس میں مزید کمال پیدا کرے گا اور وہ ترقی آئے گی جو پہلے حاصل نہ تھی۔ یونہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھنے کے بارے میں بھی ہم کہیں گے کہ اس سے سرکار کو وہ زائد کمال و ترقی حاصل ہوتی ہے جو اس سے پہلے آپ کو حاصل نہ تھی۔ ایک روایت میں ہے کہ یہ گفتگو حضرت ابی کے علاوہ اور بزرگوں سے بھی ہوئی ہے اور وہ بزرگ ہیں ایوب بن بشیر کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا، کہ میں نے یہ تہیہ کر لیا ہے کہ اپنا تمام تر وظیفہ آپ کے لیے دعا مانگنا ہی رکھوں گا" الحدیث۔ اگر یہ روایت صحیح ہے تو ان دونوں کا آپ کے لیے مانگنا صحیح ہے اس میں کوئی مانع نہیں" الخ۔ ابن حجر کا کلام ختم ہوا۔

بارہواں۔ درود شریف، قیامت کے دن بندے کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے قریب ہونے کا سبب ہے۔ اس بارے میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث گزر چکی ہے۔

تیرہواں۔ غریب آدمی کے لیے درود شریف صدقہ دینے کے قائم مقام ہے۔

چودہواں۔ درود شریف حاجت روائی کا سبب ہے۔

پندرہواں۔ درود شریف پڑھنا۔ پڑھنے والے کے لیے اللہ اور اس کے فرشتوں کے درود کے حصول کا سبب ہے۔

سولہواں۔ درود شریف۔ پڑھنے والے کی صفائی و پاکیزگی کا سبب ہے۔

سترہواں۔ درود شریف۔ بندے کے لیے مرنے سے پہلے جنت کی خوشخبری کا سبب ہے۔ یہ بات حافظ ابو موسیٰ نے اپنی کتاب میں ذکر کی ہے اور اس سلسلہ میں ایک حدیث نقل کی ہے۔

اٹھارہواں یہ قیامت کی ہولناکیوں سے نجات کا سبب ہے یہ بات ابو موسیٰ نے ذکر کی۔ اور اس پر ایک حدیث بھی نقل کی۔

marfa.com
Marfat.com

انیسوں اس کے سبب نبی صلے اللہ علیہ وسلم، درود وسلام پڑھنے والے پر، جواباً درود وسلام بھیجتے ہیں۔

بیسواں اس کے سبب آدمی بھولی بسری باتیں یاد کر لیتا ہے جیسا کہ گزرا۔

اکیسواں یہ مجلس کی خوشی کا سبب ہے۔ اور یہ کہ اہل مجلس پر قیامت تک حسرت وافسوس کا اثر نہ ہوگا۔

بائیسواں یہ خرچی ومفلسی کے ازالہ کا سبب ہے۔ جیسا کہ گزرا۔

تئیسواں جب درود شریف پڑھنے والا، سرکار کے ذکر کے ساتھ درود پڑھتا ہے بخیل کا نام اس سے ختم ہو جاتا ہے۔

چوبیسواں درود شریف اپنے پڑھنے والے کو جنت کی راہ پر ڈال دیتا ہے اور نہ پڑھنے والے کو جنت کی راہ سے ہٹا دیتا ہے۔

پچیسواں درود شریف مجلس کو اس بدبو اور نحوست سے بچا لیتا ہے۔ جو اللہ ورسول کے ذکر نہ کرنے، اللہ کی حمد وثنا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام نہ بھیجنے کی وجہ سے کسی مجلس پر آتی ہے۔

چھبیسواں یہ اس کلام کے خاتمے کا سبب ہے جس کی ابتدا اللہ کی حمد وثنا اور اس کے رسول پر درود وسلام سے کی گئی۔

ستائیسواں یہ پُلصراط پر بندے کی روشنی میں اضافے کا سبب ہے۔ اس سلسلہ میں ایک حدیث ہے جسے ابو موسیٰ نے ذکر کیا۔

اٹھائیسواں اس سے انسان درستی وجفا سے نکل جاتا ہے۔

انتیسواں اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ درود وسلام پڑھنے والے کا ذکرِ خیر اہل زمین و آسمان میں پھیلا دیتا ہے۔ اس لیے کہ درود پڑھنے والا، اللہ تعالیٰ سے اس بات کا سوال کرتا ہے کہ وہ اپنے رسول مقدس کی ثنا کرے۔ آپ کو شرف وجزا سے نوازے۔ اور جزا بھی عمل کی جنس سے

marfa.com
Marfat.com

ہے، پس لامحالہ درُود شریف پڑھنے والے کو اس کا حصّہ ملے گا۔

تیسواں یہ درود شریف پڑھنے والے کی ذات، عمل، عمر اور اس کی بھلائی کے اسباب، میں برکت کا سبب ہے۔ کیونکہ درُود پڑھنے والا اپنے رب سے یہ دعا کرتا ہے کہ وہ سرکار پر اور آپ کی آل پر برکت نازل فرمائے۔ اور یہ دُعا قبول ہے اور اس کی جزا بھی ایسی ہی ہے۔

اکتیسواں یہ اللہ کی رحمت کے حصُول کا سبب ہے۔ کیونکہ یا تو رحمت بھی درُود ہے۔ جیسا کہ ایک جماعت نے کہا یا اس کے لوازم میں سے ہے جیسا قول صحیح ہے۔ پس ضروری ہے کہ درُود پڑھنے والا بھی اسے پائے۔

بتیسواں یہ سبب ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دائمی مُحبّت اور اس میں دو چند اضافے کا۔

اور یہ ایمان کے اصولوں میں سے ایک اصول ہے جس کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہو سکتا۔ اس لیے کہ آدمی جُوں جُوں محبُوب کا کثرت سے ذکر کرتا ہے اور دل میں اس کی ذات محاسن اور مُحبّت پیدا کرنے والی خوبیوں کو حاضر کرتا ہے، اس کی مُحبّت بڑھتی ہے۔ شوق میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور اس کے تمام دل پر اس کا تسلط ہو جاتا ہے، اور جب اس کے ذکر سے منہ موڑ لیتا ہے اور اس کی ذات اور اس کے محاسن کو دل سے نکال دیتا ہے، اس کے دل میں محبُوب کی محبت کم ہو جاتی ہے اور محب کی آنکھ میں محبُوب کے دیدار سے بڑھ کر کوئی شے لذیذ اور اس کے دل کے لیے یاد محبُوب اور اس کے محاسن کے ذکر سے بڑھ کر کوئی باعث قرار نہیں۔ جب یہ چیز اس کے دل میں جم جائے گی تو زبان پر محبُوب کی مدح وثنا اور اس کی خوبیوں کا تذکرہ جاری رہے گا۔ اور اس کی کمی وبیشی اس کے دل میں محبت کی کمی وبیشی سے ہوتی رہے گی۔ حواس اس کے گواہ ہیں۔ اسی لیے کسی شاعر نے کہا ہے۔ ؎

عَجِبْتُ لِمَنْ يَقُوْلُ ذَكَرْتُ حُبِّيْ
وَهَلْ اَنْسٰى فَاَذْكُرُ مَا نَسِيْتُ

marfa.com
Marfat.com

"مجھے اس شخص پر تعجب ہوتا ہے جو کہتا ہے کہ میں نے اپنے محبوب کا ذکر کیا۔ کیا میں
بھول جاتا ہوں کہ بھولی بات کو یاد کرتا ہوں"

پس اس آدمی نے اس آدمی پر تعجب کیا جو کہتا ہے، میں نے اپنے محبوب کو یاد کیا کیونکہ یاد تو بھولنے کے بعد کیا جاتا ہے اور اگر اس کی محبت کامل ہوتی تو ہرگز اپنے محبوب کو بھلاتا۔

ایک اور شاعر کہتا ہے۔

أُرِيْدُ لِأَنْسٰى ذِكْرَهَا فَكَأَنَّمَا ۔۔۔ تَمَثَّلُ لِيْ لَيْلٰى لِكُلِّ سَبِيْلِ

میں محبوبہ کی یاد بھلانا چاہتا ہوں تو گویا لیلیٰ کی صورت ہر راستے میں میرے
سامنے ظاہر ہوتی ہے۔

سو اس شاعر نے اپنی حالت بتائی، کہ محبوبہ سے اس کی محبت، اسے بھلانے میں رکاوٹ ہے۔

ایک اور شاعر نے کہا ہے۔

يُرَادُ عَنِ الْقَلْبِ نِسْيَانُكُمْ ۔۔۔ وَتَأْبَى الطِّبَاعُ عَلَى النَّاقِلِ

ترجمہ: دل سے تمہارے بھلا دینے کے ارادے کیے جاتے ہیں لیکن طبیعت نقل کرنے
والے کی بات نہیں مانتی"

شاعر نے بتایا کہ دوستوں کی محبت اور یاد اس کی طبیعت بن چکی ہے۔ اب جو اس کے خلاف ارادہ کرے طبیعت اس سے انکاری ہے اور مثل مشہور ہے جو کسی سے محبت کرتا ہے۔ اس کا ذکر بکثرت سے کرتا ہے، اور اس بارگاہِ معظم میں حق تو یہ ہے۔

جو شاعر حضرت حسانؓ نے فرمایا۔ ؎

لَوْ شُقَّ عَنْ قَلْبِيْ يُرٰى مِنْهُ ۔۔۔ ذِكْرُكَ وَالتَّوْحِيْدُ فِيْ سَطْرِ

اگر میرا دل چیرا جائے تو اس کے اندر تیری یاد اور، اللہ کی توحید، ایک ہی
سطر میں نظر آئے گی"

سو یہ ہے مومن کا دل جس میں اللہ کی توحید اور اس کے رسول کا ذکر لکھے ہوئے ہیں۔

marfa.com
Marfat.com

جو نہ مٹ سکیں نہ زائل ہو سکیں جب کسی چیز کا کثرت سے ذکر کرنا اس کی دائمی محبت کا سبب ہے۔ اور ذکر نہ کرنا محبت کے خاتمہ یا کمزوری کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ کا ہی حق ہے کہ بندے اس سے انتہائی محبت کریں اور اس کی عبادت و تعظیم کریں بلکہ وہ شرک جو بخشا نہیں جائے گا وہ بھی یہی ہے۔ کہ تو محبت و تعظیم میں کسی اور کو شریک کرے اور کسی مخلوق کی اس طرح تعظیم و محبت کرے جیسے اللہ کو تعظیم و محبت کرتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۔

ترجمہ: کچھ لوگ وہ ہیں اللہ کے سوا دوسرے شریکوں کو اختیار کر لیتے ہیں ان سے ایسی محبت کرتے ہیں جیسی اللہ کی محبت"

اور مومن کو ہر چیز سے بڑھ کر اللہ کی محبت ہوتی ہے جبکہ مشرک جہنم میں کہیں گے۔

تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ اِذْ نُسَوِّيْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

ترجمہ: بخدا ہمیں کھلی گمراہی میں تھے جب تمہیں پروردگار جہاں کے ساتھ برابر کرتے تھے"

اور معلوم ہے کہ مشرکین نے معبودان باطلہ کو اللہ کے ساتھ محبت، الوہیت و عبادت میں ہی برابر کر رکھا تھا۔ ورنہ ان میں سے کسی نے کبھی یہ تو نہیں کہا تھا کہ بت یا باقی شریک اللہ بھی رب العالمین کے ساتھ، صفات و افعال، آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے بندوں کے پیدا کرنے میں برابر ہیں ان کا برابر ٹھہرانا تو صرف محبت و عبادت میں تھا۔ مقصد یہ کہ جب دائمی ذکر، دائمی محبت کا سبب ہے۔ اور اللہ جل سبحانہ کامل محبت، عبودیت، اور تعظیم و اجلال کا سب سے بڑھ کر مستحق ہے تو اس کا ذکر بندے کے لیے سب سے زائد نفع بخش ہوگا۔ اور اس کا حقیقی دشمن وہ ہوگا۔ جو اسے رب کے ذکر اور اس کی بندگی سے منع کرے۔ اور اسی لیے قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے کثرت سے اپنا ذکر کرنے کا حکم دیا ہے۔ اور اس کو سبب فلاح قرار دیا ہے۔ فرمایا :۔

marfa.com
Marfat.com

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۔

ترجمہ: "اے ایمان والو! تمہاری مال تمہاری اولاد، تمہیں اللہ کے ذکر سے غافل کر دے، اور جو ایسا کریں وہی نقصان اٹھانے والے ہیں۔"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جن کو غذا دی گئی وہ آگے نکل گئے، صحابہ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! غذا کن کو دی گئی؟ وہ اللہ کا بہت ذکر کرنے والے اور والیاں۔"

ترمذی میں حضرت ابو دلؤ د رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "کیا میں تم کو سب سے بہتر اور تمہارے بادشاہ (اللہ) کے ہاں پاکیزہ تر اور تمہارے درجے بلند تر کرنے والا اور سونا چاندی خرچ کرنے سے نیک تر۔ اور اس سے بہتر کہ تم اس سے لڑو۔ تم ان کی اور وہ تمہاری گردنیں ماریں، صحابہ کرام نے کہا ہاں یا رسول اللہ! بتلائیں۔ فرمایا، "اللہ کا ذکر" موطا میں یہ حدیث ابو درداء پر موقوف ہے۔

اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا آدمی نے اللہ کے ذکر سے بڑھ کر کوئی ایسا عمل نہیں کیا، جس سے عذابِ خداوندی سے بچنے کی اُمید کی جا سکے۔ اور ذکرِ رسول ذکرِ خُدا کے تابع ہے۔ مقصد یہ کہ دائمی ذکر، دائمی محبت کا سبب ہے۔ پس ذکر کرنا دل کے لیے ایسے ہے جیسے کھیتی کے لیے پانی۔ اور جیسے مچھلی کے لیے پانی۔ کہ اس کی زندگی اس کے بغیر نہیں۔ اس کی کئی قسمیں ہیں۔ اللہ کا ذکر کرنا اس کے ناموں سے، اس کی صفات سے، اس کی تعریف کرنا، دوام اس کی تسبیح۔ تحمید۔ تکبیر۔ تہلیل اور تمجید کرنا، متاخرین کے نزدیک زیادہ تر لفظ ذکر کا استعمال انہی تین معنوں میں ہوتا ہے۔ اس کے احکام کا ذکر۔ اس کے اوامر و نواہی کا ذکر۔ یہ عالم کا ذکر ہے۔ اور اس افضل ترین ذکر اس کے کلام کا ذکر ہے۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ

ترجمہ: جس نے میرے ذکر سے مُنہ موڑا اس کی روزی تنگ ہو جائے گی اور اس

marfa.com
Marfat.com

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَعْمٰی۔ کو قیامت کے دن اندھا کر کے اٹھائیں گے۔

یہاں اللہ نے اپنا وہ کلام ذکر فرمایا ہے جو اس نے اپنے رسول پر نازل فرمایا ہے صلے اللہ علیہ وسلم۔

اور فرمایا ہ

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ ترجمہ: جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ

بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ کے ذکر سے مطمئن ہو گئے: سنو اللہ کے

تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔ ذکر سے ہی دل مطمئن ہو سکتے ہیں"

اور اس کے ذکر میں سے یہ بھی ہے کہ اس سے دعا۔ استغفار اور اس کی طرف گڑگڑائے۔ یہ اس کے ذکر کی پانچ قسمیں ہیں۔

تینتیسواں فائدہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا امتی کا اپنے نبی سے محبت کا سبب ہے۔ اور جب درود پڑھنے والے کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا سبب ہے تو اسی طرح یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی درود پڑھنے والے سے محبت کا سبب ہوگا۔ کہ سچی محبت کے بدلے محبت ہی ہوتی ہے۔

چونتیسواں فائدہ

یہ بندے کی ہدایت اور اس کے دل کی زندگی کا سبب ہے کیونکہ جوں جوں بندہ کثرت سے آپ کا ذکر کرتا اور آپ پر درود وسلام بھیجتا ہے۔ آپ کی محبت اس کے دل پر قبضہ کر لیتی ہے اور اس کے دل میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کے خلاف کوئی چیز نہیں رہتی اور جو کچھ آپ لائے اس میں کوئی شک باقی نہیں رہتا۔ بلکہ آپ کی لائی ہوئی ہدایت اس کے دل پر نقش ہو جاتی ہے۔ احوال کے ادلنے بدلنے سے وہ اس تحریر کو پڑھتا رہتا ہے۔ ہدایت، کامیابی اور طرح طرح کے علوم اس سے حاصل کرتا ہے۔ جوں جوں اس میں بصیرت، قوت اور معرفت بڑھتی ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اس کا درود وسلام بھی بڑھتا جاتا ہے۔ اسی اہل علم، جو آپ کی سنت وہدایت کے عارف اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروکار ہیں، ان کا درود وسلام ان عوام کے درود وسلام سے مختلف ہوتا ہے، جنہوں

marfa.com
Marfat.com

نے درود وسلام میں محض اپنے اعضا کو استعمال کیا اور آوازیں بلند کیں۔ رہ گئے آپ کے پیروکار جو آپ کی سُنّت کو پہچاننے والے اور آپ کی لائی ہوئی تعلیمات کو جاننے والے ہیں۔ سو آپ پر ان کا درود و سلام کچھ اور ہی نوعیت کا ہے تو جُوں جُوں آپ کی لائی ہُوئی تعلیمات کا ان کو زیادہ علم ہوتا جاتا ہے۔ ان کی آپ سے محبّت بڑھتی جاتی ہے اور آپ پر جو اللہ کی طرف سے دُرود وسلام مطلوب و مقصود ہے اس کی حقیقت بھی ان کی سمجھ میں آجاتی ہے۔ یونہی اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے۔ جُوں جُوں بندے کو اس کی زیادہ سے زیادہ حقیقی معرفت حاصل ہوتی ہے وہ اس کا زیادہ تابع فرمان اور اس سے زیادہ محبّت کرتا ہے، اس کا ذکر غافلوں کے ذکر سے مختلف ہوتا ہے۔ جو کھیل کُود میں مصروف رہتے ہیں۔ جو شخص اپنے اس محبوب کا ذکر کرتا ہے جس کی محبّت اس کے تمام دل پر مُستولی ہے۔ وہ اس کی مدح و ثنا کرتا ہے اس میں اور اس شخص میں بڑا فرق ہے۔ جو اشارہ یا لفظ سے محبُوب کا ذکر کرتا ہے لفظ بھی ایسا جس کا مفہوم جانتا ہی نہیں، ظاہر ہے کہ اس کی زبان و دل میں موافقت و مطابقت نہیں۔ جیسے بین کرنے والی اور دکھیاری کے رونے میں فرق ہے۔ پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے لائے ہُوئے دین کا ذکر اور اللہ سُبحانہٗ تعالیٰ کی حمد و ثنا اس انعام و اکرام پر جو اس نے ہم پر فرمایا ہے اور رسُول بھیج کر فرمایا ہے یہ وجود کی زندگی اور رُوح ہے۔ جیسا کہا گیا ہے۔

رُوْحُ الْمَجَالِسِ ذِكْرُهٗ وَحَدِيْثُهٗ
وَهُدًى لِكُلِّ مُلَدَّدٍ حَيْرَانٍ

محفلوں کی رُوح اس کا ذکر اور اس کی گفتگو ہے۔ اور ہر گم کردہ راہ کے لیے ہدایت ہے۔

وَاِذَا اُخِلَّ بِذِكْرِهٖ فِيْ مَجْلِسٍ
فَاُولٰٓئِكَ الْاَمْوَاتُ فِي الْاَحْيَآءِ

جب کسی محفل میں اس کے ذکر سے رُوگردانی کی جائے۔ تو وہ لوگ زندوں میں

marfa.com
Marfat.com

مُردہ ہیں۔"

پینتیسواں

اس کے سبب سے درُود شریف پڑھنے والے کا نام رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر پیش کیا جاتا ہے کیونکہ آپ کا فرمان ہے۔

اِنَّ صَلَاتَکُمْ مَعْرُوْضَۃٌ عَلَیَّ۔ ترجمہ: بے شک تمہارا درُود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔"

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ وَکَّلَ بِقَبْرِیْ مَلَائِکَۃً یُبَلِّغُوْنِیْ عَنْ اُمَّتِیَ السَّلَامَ۔ ترجمہ: بے شک اللہ نے میری قبر پر فرشتے مقرر کر دیتے ہیں جو میری اُمت کا سلام مجھے پہنچاتے ہیں۔

اور آدمی کی یہ بڑی سعادت ہے کہ اس کا نام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور نیکی کے ساتھ لیا جائے اسی مضمون میں کہا گیا ہے۔

وَمَنْ خَطَرَتْ مِنْہُ بِبَالِکَ خَطْرَۃٌ حَقِیْقٌ بِاَنْ یَّسْمُوْ وَاَنْ یَّتَقَدَّمَا

محبُوب تیرے دل میں جس کا ایک مرتبہ خیال آگیا۔ وہ اس قابل ہے کہ بلند مرتبہ کہلائے۔ اور سب سے آگے رہے۔"

کسی اور نے کہا۔

اَھْلًا بِمَا لَمْ اَکُنْ اَھْلًا لِتَوْقِیْفِہٖ قَوْلُ الْمُبَشِّرِ بَعْدَ الْیَاْسِ بِالْفَرَجِ

اس سے آشنائی کے بعد میرے اندر وہ اہلیت آگئی جو پہلے نہ تھی (یہ تو گویا) مایُوسی کے بعد خوشخبری دینے والے کی یہ بات ہو گئی۔"

لَکَ الْبِشَارَۃُ فَاخْلَعْ مَا عَلَیْکَ فَقَدْ ذُکِرْتَ ثُمَّ عَلٰی مَا فِیْکَ مِنْ عِوَجِ

کہ تجھے مُبارک ہو اب تُو اپنے اُوپر سے مایُوسی دُہ بوجھ اتار دے۔ کیونکہ وہاں (محبُوب کی محفل میں) تیرا ذکر ہوا ہے، باوجودیکہ تیرے "نصیب ٹیڑھے انداز" میں

marfa.com

Marfat.com

پڑھا پن ہے۔

سینتیسواں

یہ پل صراط پر قدم مضبوط رہنے اور اس کے عبور کا سبب ہے" عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے حدیث مروی ہے جو انہوں نے سعید بن مسیب سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار کے متعلق بیان کی ہے۔ اس میں یہ بھی ہے کہ میں نے اپنا ایک امتی پل صراط پر گرتا پڑتا، گھسٹتا دیکھا جو کبھی لڑھکتا ہے کبھی چمٹتا ہے پھر اس کے پاس وہ درود شریف آیا۔ جو اس نے مجھ پر بھیجا تھا۔ اس نے اس کو اس کے پاؤں پر سیدھا کھڑا کر دیا اور اس کو جہنم میں گرنے سے بچا لیا" اس کو ابو موسیٰ مدینی نے روایت کیا۔ اور ترہیب و ترغیب کے موضوع پر لکھی جانے والی اپنی کتاب کی اس پر بنیاد رکھی، اور کہا کہ یہ حدیث بہت اچھی ہے۔

اڑتیسواں

نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنا آپ کے حق کا بہت ہی کم احسان ادا کرنا ہے اور آپ کے انعام و اکرام کا ادنیٰ شکر ہے۔ کہ اللہ نے آپ کے بعثت کے سبب ہم پر بہت بڑا احسان فرمایا ہے، حالانکہ جس شکریہ کے آپ مستحق ہیں۔ نہ ہم اسے جان سکیں اور نہ شمار کر سکیں، نہ اس کی طاقت رکھیں، نہ ارادہ کر سکیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے بندوں کے تھوڑے سے شکر اور معمولی ادائے حق سے راضی ہو جاتا ہے۔

یہ اللہ کے ذکر، اس کے شکر، اور بندوں پر اس کے احسانِ عظیم کی معرفت کا ذریعہ ہے۔ جو بندوں میں اپنا محبوب رسول بھیج کر اس نے کیا ہے۔ پس حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف، اللہ کے ذکر، ذکر رسول، اور اس دعا پر مشتمل ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ اس درود شریف کے عوض ان کو وہ جزائے خیر عطا فرمائے۔ جس کے آپ مستحق ہیں۔ جیسے ہمارے پروردگار نے ہم کو اپنے اسماء و صفات کی معرفت عطا فرمائی اور اپنی رضامندی کی طرف ہماری راہنمائی فرمائی اور ہمیں یہ بتایا کہ اس کے وصول اور اس کی طرف قدم اٹھانے میں ہمیں کیا فوائد حاصل ہوں گے۔ پس یہ درود شریف تمام دین پر مشتمل ہے بلکہ یہ اس پروردگار کے وجود کو اقرار پر مشتمل ہے جس سے دعا کی جاتی ہے اور اس کے سمع و قدرت۔ ارادہ۔ حیات۔

marfa.com

Marfat.com

کلام کی بعثت، نبی کی خبروں کو سچا کرنا، یہ سب کمال محبت ہے، اور کچھ شک نہیں کہ یہی ایمان کے اصول ہیں۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھنے سے انسان کو ان تمام چیزوں کا علم ہوتا ہے۔ ان کی تصدیق ہوتی ہے اور اسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت ہو جاتی ہے۔ پس یہ تمام اعمال میں افضل ہوا۔

انتالیسواں

بندے کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا، دعا ہے، اور بندے کی اللہ سے دعا و سوال دو قسم کا ہے۔ ایک تو اپنی حاجات، مشکلات اور شب و روز پیش آنے والے مسائل کے حل کے لیے۔ سو یہ دعا و سوال اور ایثار ہے۔ بندے کے محبوب و مطلوب کے لیے۔ دوسرے یہ کہ بندہ اللہ سے سوال کرے کہ وہ اپنے حبیب و خلیل کی مدح و ثنا کرے۔ ان کی عزت و تکریم میں اضافہ فرمائے۔ ان کا ذکر پھیلائے اور بلند کرے۔ اور کچھ شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم اسے پسند فرماتے ہیں۔ سو جو شخص اپنی حاجات و ضروریات پر اس کو ترجیح دے اور یہ اس کا محبوب تر مقصد بن جائے اور وہ اسے ہر چیز پر ترجیح دے، سو اس نے یقیناً اللہ اور رسول کی محبوب چیز کو اپنی پسند پر ترجیح دی۔ اور جزا عمل کے مطابق ہوتی ہے، سو جو اللہ کو غیر پر ترجیح دے، اللہ بھی اس کو غیر پر ترجیح دیتا ہے۔ اس بات کو اس طرح سمجھو، کہ جن لوگوں کو اپنے بادشاہوں اور رئیسوں کے دربار میں اعتماد حاصل ہوتا ہے جب وہ ان کے حضور مزید قرب و منزلت چاہتے ہیں، تو وہ اپنے محسن سے ان لوگوں پر انعام و اکرام کی درخواست کرتے ہیں جو ان کی نظر میں بادشاہوں اور رئیسوں کے خیر خواہ ہوتے ہیں۔ وہ جوں جوں ان پر انعام و اکرام کا سوال کرتے ہیں۔ بادشاہوں کی نگاہ میں اس کی قدر و منزلت اور انعام و اکرام میں اضافہ ہوتا رہتا ہے کیونکہ ان لوگوں سے اپنے دوست کے لیے صلہ و ستائش کا مطالبہ کرتے ہیں۔ سو ان بڑے لوگوں سے وہی سوال کرتا ہے۔ جو زیادہ محبت کرتا ہے تاکہ اس پر مکمل انعام و اکرام و احسان ہوتا رہے۔ یہ عام مشاہدے کی بات ہے۔ پس بادشاہ کی نگاہ میں ان لوگوں کا مقام اور ان کا مقام جو ہمیشہ اپنی ضروریات و حاجات کا سوال کریں۔ ایک سا

marfa.com
Marfat.com

نہیں، پھر کیسے خیال کیا جا سکتا ہے۔ سب سے بڑے اور جلیل القدر محبت کرنے والے (خدا) کا معاملہ اس کے کریم تر اور محبوب تر محبوب کے ساتھ۔؟ اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھنے میں اس کے علاوہ کوئی اور فائدہ نہ بھی ہو، تو بندہ مومن کی اسی میں کافی عزت و عظمت موجود ہے۔"

ابن القیم کی عبارت کتاب مذکور سے ختم ہوئی۔ میں نے وہیں سے نقل کی ہے۔

الفاسی کا ارشاد "دلائل الخیرات" کے شارح الفاسی نے، مصنف کے قول

هِيَ مِنْ اَهَمِّ الْمُهِمَّاتِ لِمَنْ يُرِيْدُ الْقُرْبَ مِنْ رَبِّ الْاَرْبَابِ۔

ترجمہ: درود شریف ان لوگوں کے لیے اہم ترین ذریعہ ہے جو رب الارباب کا قرب چاہتے ہیں"

کی تشریح میں فرمایا: جو کوئی اپنے پروردگار کا قرب چاہے اس کے لیے درود شریف چند وجوہ سے بہت اہم ہے۔ ایک یہ کہ اس میں اللہ کی بارگاہ میں اس کے حبیب و مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ حاصل ہوتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ۔ ترجمہ: اس کی طرف وسیلہ ڈھونڈو۔

اور اللہ تعالیٰ کی طرف اس کے رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر بڑا اور قریب تر کوئی وسیلہ نہیں، دوسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس کا حکم دیا اور ترغیب دی۔ محض نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت، شرف اور فضیلت ظاہر کرنے کے لیے، اور اس پر عمل کرنے والے کو اچھے خاتمے اور ثوابِ جزیل کا وعدہ دیا۔ لہٰذا یہ تمام اعمال میں کامیاب تر، تمام اقوال میں لائق تر، تمام احوال میں پاکیزہ تر، تمام عبادات میں بابرکت تر، اور تمام برکتوں میں عام تر ہے۔ اسی سے ربِ رحمٰن کی رضا حاصل ہو سکتی ہے۔ اسی سے نیک بختی و رضامندی مل سکتی ہے۔ اسی سے برکتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ اسی سے دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ بلند ترین درجوں پر فائز ہو سکتا ہے۔ اسی سے دلوں کے زخم مندمل ہوئے اور بڑے گناہوں سے دل صاف ہوتے ہیں، ایک فائدہ یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے محبوب اور اس کی بارگاہ میں عظیم المرتبت ہیں۔ اللہ اور

marfa.com
Marfat.com

اس کے تمام فرشتے اس پر درُود و سلام بھیجتے ہیں اور اس نے اہلِ ایمان کو آپ پر درود و سلام بھیجنے کا حکم دیا ہے۔ پس اس محبُوب سے محبت کرنا، اور آپ کی محبّت، تعظیم اور آپ پر درُود و سلام اور اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی صلاۃ کی پیروی کرنا، واجب ہوا۔ ان میں سے ایک فائدہ یہ کہ درُود شریف پڑھنے کی فضیلت اور اس پر جزائے جزیل ملنے کا وعدہ۔ اپنا ذکر بلند ہونا، عمل کرنے والے کا اللہ کی رضا اور اپنی حاجات دنیا و آخرت کے حصول میں کامیاب ہونا۔ ایک یہ کہ اس سے اس واسطہ کا شکر ہے جو اللہ کی نعمتوں میں حصول میں ہمیں حاصل ہے۔ جس کے شکر کا حکم ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کوئی دنیا و آخرت کی پہلی پچھلی نعمت مثلاً ہمارا وجود اور اس کو ملنے والی ہر مدد ایسی نہیں جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم واسطہ نہ ہُوں۔ پس ہم ہر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نعمتیں، اللہ کی نعمتوں کے تابع ہیں اور اللہ کی نعمتوں کو اعداد و شمار میں نہیں لایا جا سکتا۔ جیسا کہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے :۔

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۔ ترجمہ اگر تم اللہ کی نعمتوں کا شمار کرنے لگو تو نہ کر سکو ؂

پس ہم پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حق لازم ہوا۔ اور آپ کے شکر کے واجب ہونے کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ ہم آپ پر درود و سلام بھیجنے میں ذرہ کوتاہی نہ کریں سانس آئے یا جائے کہ اس میں رسمِ عبُودیت کا قیام یعنی حکم باری تعالےٰ کی تعمیل ہے۔ ان میں سے ایک دو فائدے ہیں جن کا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ جن کا اثر اور نفع دیکھا گیا ہے۔ جیسے نُورانیت، رنج و الم کا ازالہ۔ یہاں تک کہا گیا ہے کہ درُود شریف، شیخِ طریقت کی جگہ کافی ہے اور اس کا قائم مقام ہے ان میں سے ایک یہ کہ اس میں کامل اعتدال پایا جاتا ہے جس سے بندے کا کمال تکمیل پذیر ہوتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درُود و سلام پڑھنے میں اللہ اور اس کے رسُول صلی اللہ علیہ وسلم دونوں کا ذکر آ جاتا ہے، جب کہ اللہ کے ذکر میں یہ بات نہیں ؂

پھر القناسی فرماتے ہیں۔ فرحون القرطبی کی کتاب میں ہے "جان لو کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

marfa.com
Marfat.com

پر درود شریف بھیجنے میں دس فضیلتیں ہیں۔ اوّل۔ جبّار بادشاہ (اللہ) کا درود۔ دوم۔ نبی مختار کی شفاعت۔ سوم۔ نیک بخت فرشتوں کی اقتدا۔ چہارم۔ منافقین و کفار کی مخالفت۔ پنجم۔ گناہوں اور خطاؤں کی بخشش۔ ششم۔ ضروریات و حاجات کا پورا ہونا۔ ہفتم۔ ظاہر و باطن کی روشنی۔ ہشتم۔ جہنم سے نجات۔ نہم۔ جنت میں داخل ہونا۔ دہم۔ خدائے رحیم و غفار کا سلام۔"

پھر مختصر طور پر ابن القیم الجوزی کا درج بالا کلام کتاب حدائق الانوار فی الصلاۃ والسلام علی النبی المختار کے حوالہ سے ذکر کیا۔ "شرح الدلائل" میں بھی فرمایا کہ امام ابن السبع نے اپنی شفا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام کے۔ دین۔ دنیا و آخرت میں ہونے والے تین سو تک فوائد بیان کیے ہیں۔ امام الساحلی نے اپنی کتاب بغیۃ السالک میں لکھا ہے کہ میں نے درود و سلام کے فوائد شمار کرنے کا ارادہ کیا تو سو سے اوپر تک تعداد جا پہنچی۔ پھر مجھ پر فوائد کا ایسا دروازہ کھولا گیا کہ اعداد و شمار سے باہر ہے۔ صاحب کنوز الاسرار اس بات کو نقل کر کے فرماتے ہیں۔ میں کہتا ہوں اللہ تعالیٰ کا مجھ پر یہ احسان فرمایا، اس بحرِ محیط کا ایک چھینٹا ڈالا جس کی موجیں بیان سے باہر ہیں سو مجھے وہ الفاظ نہیں ملتے جس سے تعبیر کر سکوں۔ مگر میں کہتا ہوں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنے میں اس دنیا میں اور آخرت میں وہ فوائد، اسرار، معارف اور انوار ہیں، جو کسی آنکھ نے نہ دیکھے۔ نہ کسی کان نے سنے اور نہ کسی انسان کے دل میں کھٹکے۔ اگر ہمتیں قاصر نہ ہوں اور اولیاء اللہ کے معارف کو سمجھنے سے دلوں کی روشنی بجھ نہ گئی ہوتی تو میں اس پر تفصیل سے گفتگو کرتا۔ ان حقائق کی رعایت کیسے نہ کروں جب کہ ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ادب سکھایا، اپنے اس فرمان سے

خَاطِبُوا النَّاسَ بِقَدْرِ مَا يَفْهَمُوْنَ۔ کلموا الناس علیٰ قدر عقولھم ترجمہ: لوگوں سے ان کی سمجھ کے مطابق بات کرو۔ اوکما قال۔ مترجم۔

سو پاک ہے وہ ذات جس نے چنا، جس کو چاہا اور اسے وسیع علم عطا فرمایا، یہ اللہ کا فضل ہے۔ اور جاننے کے لیے اللہ کافی ہے۔

marfa.com
Marfat.com

حافظ سخاوی کا ارشاد

حافظ سخاوی نے فرمایا جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ وجاہ کے وسیلہ سے شفاعت مانگی اور درود وسلام کا وسیلہ پکڑا، وہ اپنی مراد کو پہنچا۔ اور اپنے مقصد میں کامیاب ہوا۔ علماً نے اس موضوع پر الگ کتابیں تصنیف کی ہیں۔ ان میں سے ایک عثمان بن حنیف بھی ہے جس کا ذکر ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی ہیں۔ یہ (درود وسلام) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ان معجزات میں ہے، جو طویل عرصہ سال وصدیاں گزرنے کے باوجود باقی ہے۔ پس اگر یوں کہا جائے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت وسطوت کا وسیلہ پکڑنے والے اور ان کی قبولیتیں بہت سے وسیلوں معجزات اور بہت سی قبولیتوں کو شامل ہے تو یہ بہت اچھی بات ہوگی کہ اب سرکار کے معجزات کو شمار کرنے کی اُمید نہ رہے گی۔ شمار کرنے والا، جس عدد تک پہنچے حقیقی حد تک پہنچنے سے قاصر رہے گا۔ بعض بڑے علماً نے یہ کام شروع بھی کیا، لیکن صرف ہزار تک پہنچ سکے اور خدا کی قسم اگر دل کی نگاہ حاصل ہو تو اس پر ہزاروں کا اضافہ ہو سکتا ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم تسلیماً کثیراً۔ اور تیرے لیے اس مہاجر عورت کا قصہ کافی ہے جس کا بیٹا مر گیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اسے زندہ کر دیا۔ جب اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پکڑا۔ یہاں ابی بن کعب کی وہ حدیث پیش نظر رہے جو ذکر ہو چکی ہے۔ کہ سرکار صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ۔ پھر تو یہ تیرے غم کے ازالہ اور گناہ کی بخشش کے لیے کافی ہے"۔ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھنے کے فوائد میں سے ایک فائدہ یہ ہے۔ کہ درود وسلام پڑھنے والا عذابوں سے نجات پاتا۔ اور ان بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے، جو درود وسلام کے تارک کے لیے ہیں۔

ان میں سے ایک یہ کہ جس کے سامنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جائے اور وہ آپ پر درود شریف نہ بھیجے، بدبخت ہے۔ اس کی ناک گرد آلود ہوگی۔ (ذلیل ہوگا) دوزخ میں داخل ہونے کا مستحق ہوگا۔ اللہ اور اس کے رسول سے دور۔ اس پر جبریل علیہ السلام اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی بددعا پڑے گی اور رحمت سے دور ہوگا۔

marfa.com
Marfat.com

ان میں سے ایک یہ کہ جس آدمی کے سامنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جائے اور وہ آپ پر درود وسلام نہ بھیجے یقیناً وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

ان میں سے ایک یہ کہ جس کے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جائے اور وہ آپ پر درود شریف نہ بھیجے، اس نے یقیناً آپ پر ظلم کیا۔

ان میں سے ایک یہ کہ، سب سے بڑا بخیل وہ ہے جس کے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جائے اور وہ آپ پر درود شریف نہ پڑھے۔

ان میں سے ایک یہ کہ جو شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر سن کر درود شریف نہ پڑھے وہ لعنتی ہے۔

ان میں سے ایک یہ کہ جس کے سامنے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جائے اور وہ آپ پر درود نہ پڑھے وہ سب سے بڑا پاجی ہے۔

اور ان میں سے ایک یہ کہ جو مجلس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر سے خالی ہے وہ اہل مجلس کے لیے قیامت کے دن باعثِ حسرت وافسوس ہوگی۔ اور ان میں سے مُردار کی سی بُو آئے گی۔

ان میں سے ایک یہ کہ جس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف نہیں بھیجا وہ آپ کا چہرہ اقدس نہیں دیکھے گا۔

ان میں سے ایک یہ کہ جس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجا اس کا کوئی دین نہیں۔

ان میں سے ایک یہ کہ تارک درود وسلام ان بے حد وشمار فوائد سے محروم رہتا ہے۔ جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھنے والوں کو حاصل ہوتے ہیں۔ دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ یہ تمام باتیں اس سلسلہ میں وارد ہونے والی احادیث سے ثابت ہیں۔ یہ تمام "القول البدیع" وغیرہ کتب میں مذکور ہیں۔ سب سے اہم فائدہ یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے والوں کو آپ کی شفاعت نصیب ہوگی۔

"الدر المنضود" میں ہے: جان لیجیے کہ امام غزالی رحمہ اللہ نے مسئلہ شفاعت اور اس کے سبب پر بڑا نفیس کلام فرمایا ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ شفاعت ایک نور ہے جو بارگاہِ الٰہی سے

marfa.com
Marfat.com

جوہر نبوت پر چمکتا ہے اور اس سے ہر ایسے جوہر کی طرف منتقل ہوتا ہے جس کی ہر نبوت سے سخت مناسبت ہو، شدید محبت۔ سنتوں پر مداومت اور درود وسلام کی صورت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کثیر کی صورت میں۔ اس سے تمہیں یہ بھی معلوم ہوگا۔ کہ اس مناسبت سے نور نبوت کا منعکس ہونا اور شفاعت کا حقدار بنانے کے بارے میں جس قدر روایات وارد ہیں، وہ سب مشروط ہیں ان شرائط سے جو روایات میں مذکور ہیں، مثلاً سرکار پر بکثرت درود شریف پڑھنا۔ یا آپ کی قبر مبارک کی زیارت کرنا۔ یا اذان موذن کا جواب دینا، اور اذان کے بعد سرکار کے لیے دعا مانگنا، اور ایسے ہی دوسرے امور جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور تعلق پر دلالت کریں" خلاصہ عبارت ختم۔

ابن عطاؒ کا کلام

ابن عطاء اللہ نے کتاب مفتاح الفلاح میں کہا، انبیائے کرام صلی اللہ علیہم وسلم پر درود وسلام بھیجنے کے حکم میں یہ راز پنہاں ہے کہ انسانی روح کمزور ہے۔ انوار الٰہیہ کو قبول نہیں کر سکتی۔ جب درود وسلام پڑھنے والے کی روح کا رشتہ ارواح انبیاؑ کے ساتھ مضبوطی سے قائم ہو جاتا ہے، تو وہ انوار جو عالم غیب سے ارواح انبیاؑ پر فائض ہوتے ہیں، درود وسلام پڑھنے والوں پر ان کا عکس پڑتا ہے۔ کنوز الاسرار میں فرمایا، مواق نے کتاب سنن المہتدین میں علما کا یہ قول نقل کیا ہے۔ کہ ذکر مذکور کی محبت کو پختہ کرتا ہے اور محبت محبوب کی پیروی کو پختہ کرتی ہے۔ پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا ذکر سرکار کی محبت کا سبب ہے اور آپ کی محبت آپ کی غلامی کا سبب ہے۔ اور آپ کی غلامی فرض ہے۔ پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام کا حکم تاکیدی ہوا۔

ثمرات درود وسلام

اس کے ثمرات میں سے ایک یہ ہے جیسے کتاب مسالک الحنفا میں امام قسطلانی نے بیان کیا ہے۔ کہ ہمارے شیخ ابو المواہب الوفائی نے اپنی کتاب اخبار الاذکیا باخبا

marfa.com
Marfat.com

الاولیاؑ میں فرمایا، کہ جن چیزوں سے اخلاص اور خاص لوگوں کے بلند مقامات حاصل ہو سکتے ہیں۔ ان میں سے ایک اہلِ علم کی کتابوں کا مطالعہ ہے مثلاً - احیاؑ العلوم - القوت۔ الرعایہ الحلیہ۔ عوارف المعارف - التنویر۔ ورد و وظائف پر ہمیشگی۔ اور سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود و سلام بھیجنا۔ اور اس کے ثمرات میں سے ایک وہ ہے۔ جس کا امام قسطلانی نے بھی قول کیا ہے۔ امام عارف سیدی محمد بن عمر عمری واسطی نے اپنی کتاب "منح المنۃ فی تلبس بالسنۃ" میں فرمایا۔ جان لو کہ شب و روز پابندی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھنا سالک پر ابتدا میں ہی لازم ہے۔ اس سے اسے اس راستے پر چلنے اور رب الارباب کے قرب طلب کرنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔ دوسرے اذکار کی یہ بات نہیں، اس سے اللہ کی طرف جانے والا راستہ کھل جاتا ہے۔ کیونکہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہمارے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان واسطہ و وسیلہ ہیں۔ اور ہمارے لیے آپ ہی اللہ کی ذات پر دلیل اور اس کی پہچان ہیں۔ اور ذی واسطہ سے پہلے واسطہ سے تعلق ہوتا ہے کہ واسطہ ہی بادشاہِ معظم کی بارگاہ میں داخل ہونے اور مقامِ قرب حاصل کرنے کا سبب ہوتا ہے۔ پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم مخلوق اور ان کے رب تبارک و تعالےٰ کے درمیان واسطہ ہیں۔

تمام نبیوں اور ولیوں کو حضور ہی سے مدد ملتی ہے

جان لو کہ نبیوں ولیوں اور تمام مخلوق کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم ہی کی طرف سے مدد ملتی ہے۔ اور ان کے تمام اعمال آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر پیش کئے جاتے ہیں اور ہر اجر و ثواب کے حصول میں آپ ہی واسطہ ہیں سو آپ پر درود و سلام قرب خدا اور رسول کے لیے سب سے بڑی مدد ہے۔ اسی سے نور حاصل ہوتا ہے، اور ظلمت نور ہی سے زائل ہو سکتی ہے۔ ظلمت سے مراد ہے نفس کا میل، دل کا زنگ۔ جب نفس میل اور دل زنگ سے پاک ہو جاتا ہے، نیکی سے روکنے والی تمام بیماریاں ختم ہو جاتی ہیں۔ یہ سب آنحضرت کی برکت اور آپ پر بکثرت درود و سلام پڑھنے اور دل میں آپ کی محبت جاگزیں ہونے کی وجہ سے ہوا۔ اور

marfa.com
Marfat.com

جب ہمیں معلوم ہے کہ آپ کے افعال و اخلاق کی پیروی اس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک آپ کی طرف کامل توجہ مبذول نہ کی جائے اور کامل توجہ اس وقت تک ہو نہیں سکتی جب تک آپ کی محبت میں مبالغہ نہ کیا جائے اور محبت میں مبالغہ صرف اسی صورت میں ہو سکتا ہے۔ جب آپ پر کثرت سے درود و سلام بھیجا جائے، اور جو کسی چیز سے محبت کرتا ہے اس کا ذکر کثرت سے کرتا ہے۔ اسی لیے سالک (راہ حق پر چلنے والا) آپ پر درود و سلام سے ابتدا کرتا ہے۔ کہ اس سے باطن میں ایسی روشنی پیدا ہو جاتی ہے اور تزکیہ نفس کے سلسلہ میں ایسے امور عجیبہ ظاہر ہوتے ہیں، جن سے سالک ایسے اسرار و رموز فوائد اور لطف و لذت حاصل کرتا ہے جو گنتی و شمار میں نہیں آ سکتے۔ اب سالک سمجھ جاتا ہے کہ خالص اللہ کی رضا جوئی کی طرف اس کے نبی پر درود و سلام کے ذریعے ہی متوجہ ہوا جا سکتا ہے یہاں تک کہ اس کا پھل جتنا ہے اس کی برکت چمکتی ہے۔ اور یہی تو اس منزل و راہ کا چراغ ہے جس سے راہنمائی حاصل کی جا سکتی ہے اور یہی وہ نور ہے جس سے روشنی مل سکتی ہے۔ سو جس نے اپنے دل کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھ کر آباد کر لیا، وہ اس کے انوار سے توحید کے چھپے رازوں پر اطلاع پاتا ہے۔

اور اس کے ثمرات میں سے ایک امام عارف سیدی محمد غمری، کے قول کے مطابق یہ بھی ہے کہ نفس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحت کریمہ پختہ صورت میں منقش ہو جاتی ہے یوں کہ خلوص قلب اور تمام شرائط و آداب کے ساتھ ہمیشہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجتے رہنا اور معنے پر غور کرنا، یہاں تک کہ باطن میں آپ کی محبت خالص طور پر پختہ ہو جائے، جو درود شریف پڑھنے والے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پاک کے درمیان مقام قرب و صفا میں الفت و اتصال پیدا کر دے۔ ایسا اتصال جس سے نفس و روح میں محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم جاگزیں ہو جائے۔ اور جس سے کسی کو محبت ہو، وہ اسی کے ساتھ ہوتا ہے اور محبت محبوب کی پیروی کو جنم دیتی ہے۔ مسالک الحنفا"

marfa.com
Marfat.com

پھر میں نے یہی عبارت شرح دلائل الخیرات میں شیخ عبداللہ الساحلی رضی اللہ عنہ کی کتاب بغیۃ السالک کے حوالہ سے لکھی دیکھی۔ جہاں مصنف فرماتے ہیں "نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام کا سب سے بڑا فائدہ اور عمدہ ثمرہ جو حاصل کیا جا سکتا ہے وہ آپ کی صورت کریمہ کا منقش ہونا ہے" الخ" اور اپنے قول۔ محبت، محبوب کی پیروی پیدا کرتی ہے۔ کے بعد مزید فرمایا اور پیروی وصال کا اعلان کرتی ہے۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا۔

ترجمہ: "جو اللہ اور اس کے رسول کی پیروی کرے وہ ان کے ساتھ ہوگا جن پر اللہ نے انعام فرمایا۔ یعنی انبیاء۔ صدیقین۔ شہداء اور صالحین اور یہ بہترین ساتھی ہیں"

اور روح تو اکٹھے لشکر ہیں" سو جن میں پہچان ہو گئی ان سے محبت ہو گئی اور جن کو نہ پہچانا اس سے اختلاف کر دیا" الخ

عارف باللہ سیدی ابراہیم الرشید خلیفہ سیدی احمد بن ادریس نے علامہ شیخ علی عبدالرزاق کے پیش کردہ سوالات میں سے دسویں مسئلہ کے جواب میں فرمایا "یہ بات معلوم ہے کہ جس نے وصالِ مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کی لذت چکھ لی۔ کیونکہ دونوں کا بارگاہ ایک ہی ہے۔ جو وسیلے تک پہنچا وہ مقصد تک پہنچ گیا۔ جس نے دو وصالوں میں فرق کیا اس نے معرفت کا ذائقہ نہ چکھا۔ عارفوں نے اللہ اور رسول کی محبت میں باہمی رشک کیا ہے۔ کسی نے غزل کے وسیلہ سے وصال طلب کیا، جیسے بعلی اور بوصیری۔ کسی نے غزل کے ذریعے مقصد طلب کیا۔ جیسے ابن الفارض اور ان جیسے دوسرے۔ کچھ وہ ہیں جنہوں نے دونوں مقامات پر غزل سے کام لیا ہے جیسے سیدی علی وفا۔ مقصد سب کا ایک ہے۔ جب کہ سب سے بڑا ذریعہ وصال، صفات حبیب سے تعلق پیدا کرنا اور آپ پر بکثرت درود و سلام بھیجنا ہے یہاں تک کہ سرکار

marfa.com
Marfat.com

کا خیال اس کی آنکھوں میں رہے، جیسے صاحبِ "دلائل الخیرات" کا طریقہ، کہ روضۂ اقدس کی تصویر سامنے رکھ کر، دور والا شخص، نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھتے وقت اُسے دیکھے اس سے تصویر اس محبُوب کی طرف منتقل ہو جو اس روضہ کے اندر تشریف فرما ہے۔ جب بار بار درُود شریف پڑھتا اور اسے دیکھتا جائے گا تو جن کا خیال و تصوّر باندھا تھا وہ محسوس ہونے لگیں گے اور یہی اصل مقصود ہے۔ اسی کی طرف کسی شاعر نے اشارہ کیا ہے۔

فَرَوْضَتُكَ الْحُسْنٰى مُنَايَ وَبُغْيَتِيْ وَفِيْهَا شِفَاءُ قَلْبِيْ وَرَوْحِيْ وَرَاحَتِيْ

آپ کا خوبصورت روضۂ پاک، میرا تمنا اور مقصود ہے، اور اسی میں میرے دل و رُوح کی شفا اور آرام ہے"۔

فَاِنْ بَعُدَتْ عَنِّيْ وَشَطَّ مَزَارُهَا فَيُمْنَاهُمَا عِنْدِيْ بِاَحْسَنِ صُوْرَةٍ

پھر اگر وہ مجھ سے دُور ہے اور اس کی زیارت مشکل ہے، تو چلو اس کی شبیہ تو بہترین صُورت میں میرے پاس موجود ہے"۔

وَهَا اَنَا يَا خَيْرَ النَّبِيِّيْنَ كُلِّهِمْ اُقَبِّلُهَا شَوْقًا لِاِطْفَاءِ غُلَّتِيْ

اور ہاں، اے تمام نبیوں سے بہتر (نبی) میں اسے شوق سے، اپنی آگ بجھانے کے لیے چُوم رہا ہوں"۔

اسی مفہوم کو کسی دوسرے شاعر نے یوں بیان کیا ہے۔

فَلَمَّا الشَّوْقُ اَلْقَانِيْ اِلَيْهَا وَلَمْ اَظْفَرْ بِمَطْلُوْبِيْ لَدَيْهَا

جب شوق نے مجھے اس کی طرف بے تاب کیا۔ اور میں اس کے پاس اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو سکا"۔

نَقَشْتُ مِثَالَهَا فِي الْكَفِّ نَقْشًا وَقُلْتُ لِنَاظِرِيْ قَصْرًا عَلَيْهَا۔

(تو) میں نے ہتھیلی میں اس کی تصویر نقش کر لی اور اپنے دیکھنے والے کو کہا اس پر کم نظر ڈالیو (کہ محبُوب کی تصویر پر نظر کرنا عاشق کو ناگوار گزرتا ہے)۔

marfa.com

Marfat.com

عارفین نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر جو کثرت سے درود وسلام بھیجتے ہیں تو اس سے ان کا مقصود حصول ثواب یا اس سے نفع اندوزی نہیں ہوتا۔ اگرچہ یہ حقیقت میں یہ چیز بھی ان کو حاصل ہوتی ہے۔ بقول اقبالؒ مرحوم۔ ؎

سوداگری نہیں، یہ عبادت خدا کی ہے　　اے بے خبر جزا کی تمنا بھی چھوڑ دے

عارف باللہ الدمرداش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ ؎

لَيْسَ قَصْدِيْ مِنَ الْجِنَانِ نَعِيْمًا　　غَيْرَ اِنِّيْ اُرِيْدُهَا لِاَرَاكَا

جنتوں میں میرا مقصد نعمتیں (حاصل کرنا) نہیں۔ میرا مقصد صرف محبوب تیرا دیدار ہے۔ (جو جنت میں ہوگا۔)

بقول عارف رومی علیہ الرحمہ۔ ؎

بے تو جنت دوزخ ست اے دلربا
با تو دوزخ جنت ست اے جانفزا

(محبوب تیرے بغیر جنت، جہنم اور تیرے ہمراہ جہنم ہے۔ مترجم)

سیدی عمر بن الفارض نے، اللہ ان کے وجود سے ہمیں نفع دے، جنت اور اس میں تیار نعمتیں، عالم کشف میں دیکھیں تو فرمایا۔ ؎

اِنْ كَانَ مَنْزِلَتِيْ فِي الْحُبِّ عِنْدَكُمْ
مَا قَدْ رَأَيْتُ فَقَدْ ضَيَّعْتُ اَيَّامِيْ

اگر محبت میں تمہارے نزدیک میرا وہی مقام ہے، جو میں دیکھ چکا ہوں، تو یقیناً میں نے اپنی عمر ضائع کر دی الخ

عارف باللہ سیدی محمد عثمان المیرغنی، خلیفہ سیدی احمد بن ادریس نے بھی اپنے اوراد صغیٰ بہ باب الفیض والمدد من حضرۃ الرسول السند میں اپنے قول اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ تَبَارِكْ عَلَيَّ مِنْ اِتِّبَاعِهٖ وَمَحَبَّتِهٖ وَانْتِعَاشِيْ بِالصُّوْرِيْ

marfa.com
Marfat.com

وَالْمَعْنَوِیْ - الخ - الٰہی درُود وسلام اور برکت نازل فرما، مجھ پر، آپ کی پیروی، محبت اور آپ کا صوری ومعنوی مشاہدہ ....: کے بعد فرمایا، (درُود شریف عبارت ہے اسی سے ترقی کی اُمید، بڑا سلوک اور آپ سے تعلق حاصل ہوتا ہے اور اے بادشاہوں کے بادشاہ! یہی تیری طرف جانے والا قریب ترین راستہ ہے الٰہی یہ نعمت ہمیشہ عطا فرمانا اور ہمیں ان لوگوں میں شامل فرمالے جنہیں اس کا وافر حصہ ملا ہے۔ یہاں ایک لطیف نکتہ اور قیمتی موتی ہے۔

ایک لطیف نکتہ

میں یہاں اس کے بیان میں راستے کے راز اور مقاصد واضح کرنا چاہتا ہوں جو اللہ کے قریب تر اور اس کی نگاہ میں بزرگ تر ہے۔ میں نے اس آخری دور میں اس کی طرف اشارہ کر دیا ہے۔ اس کا سبب یہ ہوا کہ اتوار کی رات میں دیکھتا کیا ہوں کہ ایک عالیشان مکان میں حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور حاضر ہوں، آپ نے مجھے اس رات فرمایا، تم میرے محبوب ہو۔ تم میرے مطلوب ہو۔ تم میرے مرغوب ہو۔ تو اے لوگوں یہ کیا قسمت اور کتنا وافر حصہ ہے۔ اور آپ نے اشارۃً بتلایا کہ میرے پیروکار ہزاروں سے بڑھ کر ہوں گے، اور ہوں گے بھی بڑے بڑے مکرم ومقرب۔ اور میرے ان کے درمیان مُریدین کا واسطہ نہ ہوگا۔ پھر شیخ نے فرمایا، جان لے! کہ قریب ترین اور بزرگ ترین راستہ یہی (درُود شریف) ہے۔ بلکہ اس جیسا اور اس سے قریب تر کوئی اور راستہ ہے ہی نہیں۔ اس کے لیے جو اس کے مفہوم کو سمجھتا ہو۔ یہی ہمارے طریقہ بلکہ ہر طریقہ کا راز ہے جو ہمیں اپنا آقا جل جلالہ تک پہنچائے۔ اسی لیے اس نے تمام اذکار میں ہمیں اس کا حکم دیا ہے اور سُن لو کہ یہ ہماری رمز ہے یہ وہ ہے جو ہماری تمام کتابوں میں موجود ہے بلکہ اللہ اور رسُول پر دلالت کرنے والی تمام کتابوں میں ہے۔ یہ ہوئی خوشبو ہے۔ پس اس کے حاصل کرنے میں محنت کیجئے۔ جان لیجیے کہ کسی شیخ عارف کا ہونا ضروری ہے۔ (جاہل۔ شہوت پرست کا، بے عمل کا نہیں۔ مترجم) اگر مل جائے تو یہی مقصود ہے۔ پھر تو تمام وقت ذکر میں اور نفس کے مجاہدے میں صرف کر۔ اللہ سے

marfa.com
Marfat.com

مشغول اور ماسوا سے الگ ہو جا۔ کہ اُسی سے مانوس رہے۔ جانتا ہے کہ تمام مخلوق، بارگاہِ حبیب میں ہے۔ اور اے عقلمند! یہ مقصد بھی وہیں سے ملے گا، اور مقصد ہے آپ سے صُوری یا معنوی تعلق پیدا کرنا۔ صُوری کی دو قسمیں ہیں۔ اوّل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام حکموں کی پیروی کرنا۔ اور آپ کی منع کی ہوئی تمام باتوں سے پرہیز کرنا، اور یہ مقام آپ کی سُنّت و آثار پر ہمیشہ عمل پیرا ہونے اور آپ کے پیش کیے ہوئے احکام پر کاربند ہونے سے ملتا ہے تاکہ اسے آپ کے اسرار حاصل ہوں اور عزائم پر عمل کیا جائے تاکہ غنائم میسّر آئیں۔

دوم۔ آپ کی مُحبّت میں فنا ہونا، شِدّتِ شوق۔ اور آپ کی اُلفت میں سرگرمی، کثرت سے آپ کا ذکر کرنا۔ آپ پر درود بھیجنا اور ہمیشہ ان خوبیوں پر غور کرتے رہنا، جو آپ کی مُحبّت کی محرک ہے۔

تعلق معنوی کی بھی دو قسمیں ہیں۔

اوّل۔ آپ کی صورتِ مُبارکہ ذاتِ حقیقی، اور ہستی بابرکت کو ذہن میں حاضر کرنا۔ اس کا طریقہ یا تو یہ ہے کہ اس سے پہلے آپ کو خواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو چکی ہے۔ سو اس مکمل صورتِ مبارکہ کو حاضر کر لیں۔ اور کامل مُحبّت کے ساتھ فنا ہو جائیں۔ اگر یہ میسّر نہیں تو آپ کے مذکورہ اوصاف کا تصوّر کر لیجیے، اور تصوّر کریں کہ آپ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑے ہیں۔ ادب و انکسار اس تمام مرحلے پر لازم ہے تاکہ لذّت محسوس ہو۔ اگر پہلے آپ کی زیارت کر چکے ہو، تو آپ کے روضۂ اقدس اور حجرۂ مُبارکہ کا تصوّر جماؤ۔ اور یہ کہ تم سرکار کے سامنے کھڑے ہو۔ اگر یہ منظر سامنے نہ آئے تو مسجدِ نبوی، حجرۂ اقدس اور قابلِ قبر قبرِ مُنوّر کا تصوّر کرو، جس پر مسلسل انوار کی بارش ہو رہی ہے۔ یہ اسباب ذاتِ طیب و طاہر صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے قریب کرنے والے ہیں۔ خیال کرو کہ تم مواجہہ شریف کے سامنے کھڑے ہو۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری سُنتے اور تمہیں دیکھتے ہیں گو تم دُور ہو کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی تائید سے دیکھتے اور سُنتے ہیں۔ پس آپ پر نہ قریب والا پوشیدہ ہے نہ دُور والا۔

دوم۔ آپ کی عظیم حقیقت کو ذہن میں حاضر کرنا اور یہ اچھے احوال والوں کا مشاہدہ ہے۔

marfa.com
Marfat.com

اور تمام دنیا کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مدد مانگنا حق و ثابت ہے۔ خود ہمارے سامنے یہ حقیقت منکشف ہوئی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کائنات کی اساس کا نور ہیں۔ انہی سے کائنات قائم ہے۔

سنو آئیے میں آپ کو فاضل تر اور مختصر تر راستہ بتاؤں۔

قریب تر راستہ

سیدی عبدالکریم الجیلی نے کتاب الناموس الاعظم فی معرفۃ قدر النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں فرمایا۔ میں تجھے تاکید کرتا ہوں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت اور آپ کا مرتبہ ہمیشہ پیشِ نظر رکھو۔ اگرچہ ابتدا میں تکلف ہوگا۔ مگر عنقریب تیری رُوح مانوس ہو جائے گی، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم واضح طور پر تیرے سامنے ہوں گے، تو ان سے بات و خطاب کرے گا، حضور تجھے جواب دیں گے، تجھ سے بات کریں گے، خطاب فرمائیں گے۔ اور تجھے (ایک گونہ) صحابہ کا درجہ ملے گا اور انشاءُ اللہ ان سے ملے گا۔ جان لے! کہ عارفین خواہ کیسے ہی اعلیٰ مقام پر فائز ہو جائیں، مراقبے میں آقاؤں کے آقا صلے اللہ علیہ وسلم کو حاضر کرتے ہیں، یہاں تک کہ عین تجلی حق کے وقت بھی ان کی توجہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف رہتی ہے۔ اپنی قابلیت کے مطابق آپ سے سُنتے اور طاقت سے کئی گنا زیادہ پاتے ہیں جو کوئی جس صورت میں آپ کا دیدار کرتا ہے ایسی ہی خلعت حاصل کرتا ہے اور عظمت و ترقی پاتا ہے۔ نبی علیہ السلام کی عادت مُبارکہ ہے کہ ہر دیکھنے والے پر ایسا ہی کرم محمدی اور خُلق احمدی فرماتے ہیں۔ جان لے! کہ ایسے مقامات پر ان کلمات کو اس اُمید سے ذکر کرتا ہوں کہ تو جب یہ درود شریف پڑھے تو سوچے، عمل کرے اور کامیاب ہو۔

ہر کامل عقل والے کو سلام۔

سیّد محمد عثمان میر غنی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ختم ہوئی۔ اللہ ان کی برکتوں سے ہمیں نفع مند فرمائے۔

اس کے ثمرات میں سے ایک ثمرہ یہ ہے کہ یہ (درود شریف) صدقہ کے قائم مقام ہے جیسا کہ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی، کہ جس مسلمان

marfa.com
Marfat.com

کے پاس صدقہ کرنے کو کچھ نہ ہو وہ اپنی دعا میں یوں کہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

ترجمہ: الٰہی درود بھیج اپنے بندے اور اپنے رسول محمد پر اور درود بھیج ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں پر، مسلمان مرد اور مسلمان عورتوں پر۔"

یہی اس کی زکوٰۃ ہے" اس کو امام بخاری نے ادب المفرد میں ذکر کیا ہے۔

اس کے ثمرات میں سے ایک ثمرہ یہ ہے کہ یہ حصولِ مقاصد و مطالب کا سبب ہے اور زندگی میں اور مرنے کے بعد حاجات پوری کرنے کا ذریعہ ہے۔ چنانچہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے روزانہ مجھ پر سو بار درود شریف بھیجا، اللہ اس کی سو حاجتیں پوری کرے گا جن میں سے ستر آخرت کی اور تیس دنیا کی"۔ اس کو ابن مندہ نے روایت کیا۔

اور اس کے ثمرات میں سے ایک یہ ہے کہ حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔ امام قسطلانی نے مسالک الحنفا میں کہا جب کسی بات میں تمہیں مشکل پیش آئے تو اس ذات پاک پر کثرت سے درود و سلام بھیجو، جن پر بادل سائبان ہوتا تھا۔

ان کے ثمرات میں سے ایک یہ کہ جب دعا کی ابتدا و انتہا درود شریف سے کی جائے دعا قبول ہوتی ہے۔ ابو سلیمان دارنی نے کہا، اللہ تعالیٰ دونوں درود قبول فرماتا ہے وہ کریم ایسا نہیں کہ ان کے درمیانی حصہ (دعا) کو رد کر دے۔ اور حدیث میں ہے کہ دو درودوں کے درمیان والی دعا رد نہیں ہوتی۔ ایک اور حدیث میں ہے۔ ہر دعا زمین و آسمان کے درمیان رکی رہتی ہے، جب مجھ پر پڑھا ہوا درود آتا ہے دعا اوپر چڑھ جاتی ہے (قبول ہوتی ہے)

اس کے ثمرات میں سے ایک ہے حسنِ خاتمہ۔ سید محمود کردی "الباقیات الصالحات"

marfa.com
Marfat.com

میں فرمایا۔ علمائے امت کا اس پر اتفاق ہے کہ کثرت سے درود وسلام پڑھنا، حسن خاتمہ کی علامات میں سے ایک ہے۔

اس کے ثمرات میں سے ایک یہ، تربیت کرنے والا شیخ میسر نہ ہو تو یہ اس کے قائم مقام ہے۔ کنوز الاسرار میں فرمایا۔ عارف باللہ سیدی یوسف القاضی نے اپنے بعض ساتھیوں سے فرمایا، اس کی عبارت یہ ہے۔ الحمد للہ۔ جان لے کہ ہمیشہ پابندی سے اذکار و وظائف پڑھنے سے ایسی نورانیت حاصل ہوتی ہے، جو صفات کو جلا دیتی ہے اور طبیعتوں کو تازگی بخشتی ہے جس سے وہ حد اعتدال سے انحراف کی طرف تجاوز کر جاتی ہیں۔ پھر اگر وہ عقیدہ سے مل جائے اور اس پر غالب آ جائے تو خیر محض ہے۔ اور حالات سے مل جائے تو صرف ایک مجموعہ ہے اور اعمال سے مل جائے تو ان کی حقیقت کو ترجیح دیتی ہے اور عمدہ کر دیتی ہے۔ یا اقوال سے ملتی ہے تو بہترین وحدت پیدا کر دیتی ہے۔ اسی لیے مسلمانوں کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجنے کا حکم دیا گیا ہے۔ کہ یہ پانی کی طرح نفوس کو قوت دیتا اور طبیعتوں کی کدورت کو ختم کر دیتا ہے۔ اسی لیے بعض مشائخ نے کہا، جس کو تربیت دینے والا شیخ نہ ملے۔ وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجے، اور حقیقت یہ ہے کیونکہ اس میں اعتدال کا راز پوشیدہ ہے جو بندے کی تکمیل و کمال کا جامع ہے۔ پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنے میں، ذکر خدا و ذکر مصطفےٰ، دونوں موجود ہیں۔ اس کے برعکس نہیں، اسی لیے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجے بغیر اللہ کے ذکر سے گمراہی حاصل ہوتی ہے۔ اور یہ عجیب راز ہے"

سیدی ابو العباس التیجانی نے فرمایا جیسا کہ جواہر المعانی میں نقل ہے کہ شیخ سے ملنے سے پہلے مرید پر لازم ہے کہ سخت حضورِ قلب کے ساتھ ذکر اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام لازمی پڑھتا رہے۔ توفیق کے مطابق معانی پر غور کرے۔ یہ عقیدہ رکھے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیٹھا ہے اور جہاں تک ہو سکے خواہشات و اغراضِ نفس سے منہ پھیر لے اور جو

marfa.com
Marfat.com

اعمال اسے اللہ کا محبوب بنائیں ان پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کرے۔ اور یہ نوافل مختلف اوقات میں مشہور ہیں۔ مثلاً چاشت کے وقت، ظہر سے پہلے اور بعد، عصر سے پہلے مغرب کے بعد، عشاء کے بعد، سونے سے بیدار ہونے کے بعد، رات کے پچھلے پہر، ان میں کمی کرے اور اس کی جگہ نوافل کی جگہ ذکرِ خدا کرے اور رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام اہتمام و کثرت سے بیحتار ہے۔ اس لیے کہ اللہ کا ذکر اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام، ہر نیکی کی کنجی ہے۔ ذکر تنہائی میں ہو؟ کھانا پینا کم کر دے۔ کچھ روزے رکھے اور ان چیزوں سے پرہیز کرے جو اہل طریقت نے لکھی ہیں"۔ الخ۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے شیخ و مرشد کے اوصاف بیان کرنے کے بعد فرمایا۔ اس دور میں جو کوئی شیخ تک رسائی حاصل کرنا چاہے، اور اس کی پہچان نہ کر سکے اور جھوٹے دعویداروں کے دام فریب میں پھنس جانے کا ڈر ہو، اسے لازمی سچائی اور دل کی گہرائی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو جانا چاہیئے۔ کامل عاجزی و انکساری کرنی چاہیئے۔ تاکہ مرشد کامل کا پتہ چل سکے۔ جو اس پستی سے اسے نکالے اور خدا کی راہ بتائے اور حکم الٰہی کی تعمیل میں اس کی مدد کرے یہاں تک کہ اس کے سمندر کی گہرائی میں ڈوب جائے۔ اس کا یہی چارۂ کار ہے اس سے بڑا، اس سے اعلیٰ، زیادہ مفید، مراد تک زیادہ پہنچانے والا، بلند تر، اس آدمی کے لیے جو شیخ کامل کے حصول میں کامیاب نہ ہو سکے، انتہائی ادب و احترام، دلجمعی و توجہ سے بکثرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجنا ہے۔ اس یقین کے ساتھ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور بیٹھا ہے۔ اس پر ہمیشہ عمل پیرا رہے۔ کیونکہ جو کوئی اس پر ہمیشہ عمل پیرا رہے، اور اس کا اللہ تک رسائی کا پکا ارادہ ہو جیسے پیاسا پانی حاصل کرنا چاہے۔ اللہ اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنی طرف کھینچ لیتا ہے، یا تو ایسا شیخ کامل واصل عطا کرتا ہے جو اس کی دستگیری کرے۔ یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے رُوبرو کر دیتا ہے اور یا پردے اُٹھا کر باب وصول اس کے لیے کھول دیتا ہے کیونکہ وہ ہمیشہ اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجتا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

کہ اللہ تک پہنچنے میں یہی سب سے بڑا وسیلہ ہے۔ اور جس کسی نے بھی کسی سے یہ وسیلہ پکڑا، نامُراد نہ پھرا" الخ۔

ہمارے شیخ حسن العدوی نے اپنی "شرح دلائل الخیرات" میں فرمایا۔ بعض اہلِ حقیقت نے کہا ہے کہ وہ بغیر کسی شیخ و مرشد کے وسیلہ کے اللہ تک پہنچے ہیں لیکن قطب علوی نے کہا، یہ اس لیے کہ درود شریف کی دلوں کی روشنی میں عجیب تاثیر ہے۔ ورنہ اللہ تک پہنچنے کے لیے وسیلہ ضروری ہے"۔ سید احمد دحلان نے اپنی کتاب "تقریب الاصول لتسہیل الوصول" میں کہا، مُرید ان وظائف کو اپنائے جن کا شیخ نے اسے حکم دیا ہے۔ اگر شیخ و مُرشد نہ ملے تو وہ اذکار جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں اور آپ کا معمول رہے ہیں، دوسرے اوراد و وظائف سے افضل ہیں۔ ان میں قطب الحداد مرحوم کا رسالہ "الورد اللطیف" کافی ہے کیونکہ جو اوراد اس میں منقول ہیں، دراصل وہی اوراد ماثورہ ہیں۔ یونہی اس کے لیے تلاوت قرآن کریم اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھنا ہی کافی ہے۔

علامہ سیدی عبدالرحمٰن بن مُصطفےٰ العیدروس مقیم مصر نے سیدی احمد البدوی کے وظائف کی شرح میں اور اپنی کتاب "مرآۃ الشموس فی مناقب آل العیدروس" میں یہ بات ذکر کی ہے کہ آخری زمانہ میں تربیت کرنے والے ختم ہو جائیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ تک پہنچانے کا ذریعہ صرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام رہ جائے گا۔ حالتِ خواب میں بھی اور بیداری میں بھی" عبارت ختم۔

سید احمد دحلان نے بھی اپنی مکتاب مذکور میں ابوالمواہب الشاذلی رضی اللہ عنہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ اللہ کے کچھ بندے ایسے ہیں جن کی تربیت بلاواسطہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم خود فرماتے ہیں کیونکہ وہ سرکار صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود و سلام بھیجتے ہیں۔ "مسالک الحنفاء" میں شیخ شمس الدین البرشنبی کی کتاب "مفتاح الفلاح و

marfa.com
Marfat.com

مصباح الارواح کے حوالے سے فرمایا۔ سلوک میں کئی راستے ہیں، جن میں تجھے کجی نظر نہیں آئے گی اب تو اس طریقے سے ابتدا کر۔ یہ طریقہ امام ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ہے۔ میں نے بعض اہلِ تحقیق سے حاصل کیا ہے۔ وہ یہ کہ سالک دیگر اذکار کو چھوڑ کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام سے ابتدا کرے۔ کیونکہ ہمارے اور خدا کے درمیان نبی صلے اللہ علیہ وسلم ہی واسطہ ہیں۔ آپ ہی ہمارے لیے اللہ کی ذات پر دلیل ہیں۔ آپ ہی ہمارے لیے معرفت خدا کا ذریعہ ہیں۔ اور واسطہ و وسیلہ سے تعلق پہلے ہوتا ہے اور مقصود سے بعد میں۔ نیز مقام اخلاص دل ہے۔ اور کبھی وہ غیر خدا کی طرف متوجہ کرتا ہے، اور نفس، مخلوق کی طرف متوجہ ہوتا ہے، برائی کا بہت حکم دینے والا، خواہشاتِ نفسانیہ کی ترغیب دینے والا، اور غلط باتوں کی طرف مائل کرنے والا ہے۔ یہ تمام گندگیاں ہیں جو دل کو اخلاص سے محروم اور صحیح طور پر اللہ کی طرف متوجہ ہونے سے روکتی ہے۔ اور یہی شیطانی حکموں کو قبول کرتی ہیں۔ اگر یہ قبول نہ کرتیں۔ تو شیطان کو دل کی راہ نہ ملتی۔ ان کا قبول کرنا ان کی غفلت اور اللہ سے دوری کی دلیل ہے۔ اور اللہ سے غیبت و دوری بھاری پردہ ہے اور پردہ اندھیرا ہے۔ پس سالک اس اندھیرے کو دور کرنے اور اس گندگی کو ختم کرنے کا محتاج ہوا۔ اور اندھیرا روشنی سے دور ہوتا ہے۔ روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، مجھ پر درود پڑھنا روشنی پر روشنی ہے، اور گندگی صفائی سے زائل ہوتی ہے۔ اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ اہلِ ایمان کے دلوں کی پاکی اور میل سے دھونا مجھ پر درود بھیجنا ہے۔ اسی لیے سالک کو ابتدا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کا حکم دیا گیا ہے۔ تاکہ اخلاص کا مقام پاک ہو جائے۔ کیونکہ جب تک بیماری باقی ہے اخلاص پیدا نہیں ہو سکتا۔ اور خرابی حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر سے ختم ہوتی ہے اور آپ پر کثرت سے درود بھیجنے کا پھل آپ کی محبت کا دل میں پختہ ہونا ہے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا پختہ ہونے کا پھل آپ کی طرف اور آپ کی خصوصی صفات اور اخلاص کی طرف سخت متوجہ ہونا ہے جب ہمیں معلوم ہو گیا کہ آپ کے افعال و اخلاق

marfa.com
Marfat.com

کی پیروی صرف اس وقت نصیب ہو سکتی ہے کہ جب میرے نزدیک آپ کی از حد اہمیت ہو اور اس مقام پر صرف اس وقت پہنچا جا سکتا ہے، جب حد درجہ کی آپ سے محبت ہو اور آپ کی حد درجہ محبت حاصل کرنے کا صرف یہ طریقہ ہے کہ آپ پر کثرت سے درود و سلام بھیجا جائے۔ اور جس کو کسی سے محبت ہو، کثرت سے اس کا ذکر کرتا ہے۔ اسی لیے سالک نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنے سے ابتدا کرتا ہے اور یہ ذکر خدا ذکر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو جمع کرنے والا ہے۔ روایت ہے کہ رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ کا فرمان ہے: "اے محمدؐ! میں نے تجھے اپنے ذکر میں سے ذکر بنایا ہے، جس نے تیرا ذکر کیا اس نے میرا ذکر کیا، جس نے تجھ سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی، سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے میرا ذکر کیا، اس نے اللہ کا ذکر کیا۔ اور جس نے مجھ سے محبت کی اس نے اللہ سے محبت کی۔ اور درود بھیجنے والا اللہ کا ذکر کرتا ہے۔ پھر فرمایا، خبردار لفظ سیادت (سیدنا) نہ چھوڑنا۔ اس میں راز ہے جو اس عبادت پر ہمیشہ عمل کرنے والے پر ظاہر ہو جاتا ہے۔"

عارف شعرانی کا ارشاد

عارف باللہ سیدی عبدالوہاب شعرانی نے "العھود الکبریٰ مسمّٰی بہ لواقح الانوار القدسیہ" میں "محمدی وعدوں" کے عنوان کے تحت فرمایا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود و سلام بھیجنے کا وعدہ: "اے بھائی جان لے! کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ تک پہنچنے کا قریب تر راستہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنا ہے جو شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصی خدمت نہیں کرتا اور بارگاہ رب العزت میں داخل ہونا چاہتا ہے وہ امرِ محال کا ارادہ کرتا ہے۔ اس بارگاہ کے آگے جو پردے حائل ہیں وہ اسے داخل نہیں ہونے دیں گے۔ یہ سب اس لیے ہے کہ اسے بارگاہ خداوندی کے آداب کا پتہ نہیں۔ اس کی مثال ایسے ہی ہے جیسے حصول مقصد کے لیے بغیر کسی واسطہ کے بادشاہ کے حضور حاضر ہونے

marfa.com
Marfat.com

کی خواہش۔ اس بات کو سوچو! سو، اے میرے بھائی! نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود وسلام بھیجنا اپنے اوپر لازم کرلے۔ اگر تو خطاؤں سے محفوظ ہو۔ کیونکہ بادشاہ کا نوکر یا غلام نشے میں ہو تو اسے کوئی پوچھتا تک نہیں، بخلاف اس کے جو بادشاہ کا غلام نہ ہو اور اپنے آپ کو بادشاہ کے خدام اور غلاموں وغیرہ سے برتر سمجھے اور کسی وسائط و وسائل کے دائرہ میں داخل نہ ہو تو بلاشبہ دربار کے متعلقین اسے ماریں گے اور سزا دیں گے۔ سو وسائل کی حمایت کو دیکھو۔ ہم نے کبھی نہیں دیکھا کہ آقا والی کا غلام نشے میں ہو، اور کوئی اس سے باز پرس کر سکے۔ یہ سب آقا کی عزت ہے۔ یونہی قیامت کے دن فرشتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خادموں کو باز پرس نہیں کر سکیں گے۔ یہ سب عزت و تکریم ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ اس کوتاہی کے باوجود حمایت رسول صلی اللہ علیہ وسلم اسے وہ فائدہ دے گی۔ جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف خصوصی طور پر منسوب نہ ہونے والی کثیر نیکیاں نہ دے سکیں گے۔

ہمارے شیخ، شیخ نورالدین الشونی کے زمانے میں ایسے لوگ بھی تھے جو علم و عمل میں ان سے بڑھ کر تھے۔ لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اس کثرت سے درود نہیں بھیجتے تھے جیسے شیخ۔ تو ان کے علم و عمل نے ان کو وہ قبول عام اور مقام بلند نہ دیا جس پر شیخ نورالدین متمکن تھے۔ ان کی حاجات پوری ہوتیں۔ ان کے راستے پر چلا جاتا اور تمام علماء اور مجذوب ان سے محبت کرتے تھے۔ خدا کی قسم، اللہ کے پیچھے ذکر کرنے والوں کا مقصد صرف اللہ کی محبت و رضا ہوتی ہے۔ یونہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پر جمع ہونے والوں کا مقصد محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہوتی ہے۔ اس کو سمجھ لیجیے فرمایا، میں چاہتا ہوں۔ میرے بھائی! کہ تیرے سامنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھنے کے تمام فوائد ذکر کر دوں۔ تاکہ تیرے اندر شوق پیدا ہو۔ شاید اللہ تعالیٰ تجھے سرکار کی خالص محبت نصیب کر دے۔ اور اکثر اوقات سرکار پر درود وسلام بھیجتے رہنا ہی

marfa.com
Marfat.com

تیرا شغل ہو جائے۔ اور تیرے ہر نیک کام کا اجر و ثواب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اعمال نامے میں جمع ہو جائے۔ جیسا کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی حدیث اس کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ کہ یا رسول اللہ! میں اپنا تمام وقت آپ پر درود و سلام پڑھنے میں وقف کرتا ہوں"۔ یعنی اپنے تمام اعمال کا ثواب آپ کے لیے وقف کرتا ہوں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پھر تو اللہ تعالیٰ اسی کو تیرے دنیا و آخرت کے غم والم کا کافی مداوا کر دے گا"۔ اس سے بڑھ کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنے والے پر اللہ، اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں کا درود و سلام نازل ہوتا ہے۔

ان میں سے ایک فائدہ یہ ہے کہ خطائیں معاف ہوتی ہیں۔ اعمال پاکیزہ ہوتے ہیں۔ اور درجات بلند ہوتے ہیں۔

ان میں سے ایک گناہوں کی بخشش اور خود درود شریف کا، پڑھنے والے کے لیے استغفار کرنا۔

ان میں سے ایک یہ کہ درود شریف پڑھنے والے کے لیے دو قیراط اجر لکھا جاتا ہے، ہر قیراط کوہِ احد کے برابر ہے اور اس کو ناپ کر پورا پورا صلہ ملے گا۔

ان میں سے ایک یہ کہ جو کوئی درود و سلام کو ہی اپنا کل وظیفہ بنا لے، اس کے لیے دنیا و آخرت میں یہی کافی ہوگا، جیسا کہ گزرا۔

ان میں سے ایک یہ کہ خطائیں مٹ جاتی ہیں اور غلاموں کی گردنیں آزاد کرنے سے یہ عمل افضل ہے۔

ان میں سے ایک یہ کہ تمام پریشانیوں سے نجات اور قیامت کے دن اس کے حق میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی گواہی اور لازمی شفاعت۔

ان میں سے ایک یہ کہ اللہ کی رضا و رحمت اور اس کے غضب سے امان اور اس کے عرش کے سایہ میں قیامت کے دن پناہ ملے گی۔

marfa.com
Marfat.com

ان میں سے ایک یہ کہ آخرت میں نیکیوں کا پلڑا بھاری ہوگا۔ حوض کوثر پر پانی ملے گا۔ اور پیاس سے بچے گا۔

ان میں سے ایک یہ کہ جہنم سے آزادی پلصراط سے تیز بجلی کی طرح گزرنا اور جنت کے نزدیک، مرنے سے پہلے اپنا ٹھکانہ دیکھنا ہے۔

ان میں سے ایک جنت میں بہت بیویاں نصیب ہوں گے اور عزت کا ٹھکانہ ملے گا۔

ان میں سے ایک یہ کہ ایک بار کا درود شریف پڑھنا دس غزوات کی شمولیت سے افضل ہے۔

ان میں سے ایک یہ کہ درود وسلام زکوٰۃ ہے، جس کی برکت سے مال بڑھتا ہے۔

ان میں سے ایک یہ کہ ہر درود کے بدلے سو سے زائد حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔

ان میں سے ایک یہ کہ یہ عبادت ہے اور اللہ کو تمام اعمال میں سے محبوب تر۔

ان میں سے ایک یہ کہ درود وسلام سے معلوم ہوتا ہے کہ پڑھنے والا اہلِ سُنّت ہے۔

ان میں سے ایک یہ کہ جب تک درود شریف پڑھنے والا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتا ہے فرشتے اس پر درود بھیجتے ہیں۔

ان میں سے یہ کہ درود وسلام مجلسوں کی زینت ہے۔ غیبی تنگدستی دور کرتا ہے۔

ان میں سے ایک یہ کہ اس سے نیک نامی حاصل ہوتی ہے۔

ان میں سے ایک یہ کہ اس کا عامل قیامت کے دن، نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے قریب تر ہوگا۔

ان میں سے ایک یہ کہ، عامل اور اس کی اولاد اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔ یونہی

marfa.com
Marfat.com

جس کو اس کی توفیق ہوئی۔

ان میں سے ایک یہ کہ یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب کا ذریعہ ہے۔

ان میں سے ایک یہ کہ پڑھنے والے کے لیے یہ قبر، حشر اور پل صراط پر نور ہوگا۔

ان میں سے ایک یہ کہ پڑھنے کی دشمن کے مقابلہ میں مدد ہوگی۔ دل نفاق اور میل کچیل سے پاک ہوگا۔

ایک یہ کہ اس سے اہلِ ایمان سے محبت ہوتی ہے۔ لہٰذا درود وسلام پڑھنے والے کو صرف وہ منافق ناپسند کرے گا۔ جس کا نفاق ظاہر ہو۔

ان میں سے ایک یہ کہ خواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔ اور اگر اور کثرت کرے تو بیداری میں۔

ان میں سے ایک یہ کہ، درود وسلام اپنے عامل کی گمراہی میں کمی کرتا ہے۔ یہ تمام اعمال میں مبارک ترین، افضل ترین اور دنیا و آخرت میں مفید ترین عمل ہے۔

اس کے علاوہ اور اجر و ثواب ہیں جو اعداد و شمار سے باہر ہیں، میں نے اس کے کچھ اجر و فضائل بیان کر کے تجھے شوق دلایا ہے۔ سو میرے بھائی اس پر لازمی عمل کر کہ یہ تمام اعمال میں افضل ترین ذخیرہ ہے۔ مجھے بھی ابوالعباس خضر علیہ السلام نے اسی کا حکم دیا ہے۔ فرمایا کہ ہر روز نمازِ فجر سے طلوعِ آفتاب تک اس کو لازم کر لے۔ پھر اس کے بعد کچھ دیر تک اللہ کا ذکر کر۔ میں نے عرض کیا سنوں گا اور مانوں گا۔ اس سے مجھے اور میرے احباب کو دنیا و آخرت کی بڑی بھلائیاں حاصل ہوئیں۔ اور اس طرح رزق ملا کہ تمام اہل مصر میرے اہل و عیال ہوں، روزی کا غم نہیں۔ فالحمد للہ رب العالمین۔ (اللہ پروردگار جہان کا شکر ہے)" الخ۔

marfa.com
Marfat.com

ایک ثمرہ

اس کے ثمرات میں سے ایک جیسا کہ سیدی ابوالعباس التیجانی نے فرمایا اور یہ بات ان کے شاگرد ابن حزازم نے اپنی کتاب "جواھر المعانی" میں نقل کی ہے کہ جو مسلمان نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک درود بھیجے اللہ تعالیٰ اس کے عوض اس پر دس درود بھیجنے کا ضامن ہے۔ اس میں دو راز ہیں۔ ایک یہ کہ جو شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجے۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اس کا بدلہ دینا لازم ہو جاتا ہے۔ اس قاعدے کی رُو سے کہ کریم کرم کرتا ہی ہے۔ جب کوئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر متوجہ ہوتا ہے، تو اپنے نبی کی جگہ حق سبحانہٗ تعالیٰ اس پر دس درود بھیج کر توجہ فرماتا ہے۔ ایک کے بدلے دس۔ دوسرا راز یہ کہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کو اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت محبت اور عنایت ہے، پس جس کو اللہ تعالیٰ دیکھتا ہے کہ وہ اس کے محبوب پر درود وسلام بھیج کر اس کی طرف متوجہ ہوا ہے۔ اللہ اس کی رعایت اور اس سے محبت فرماتا ہے کیونکہ وہ ہمیشہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجتا ہے۔ محبت وعنایت اس درجہ ہو جاتی ہے کہ اگر وہ شخص روزِ اوّل سے روزِ آخر تک تمام اہل زمین کے گناہوں دونا دون گناہوں کا ارتکاب بھی کر لے، پھر اللہ سبحانہٗ تعالیٰ اسے اپنے فضل وعفو کے سمندر میں داخل فرمائے گا اور قیامت کے دن اس کو سامنے لاکر اتنا کچھ عطا فرمائے گا۔ جتنے کی اسے توقع ہو۔ کیونکہ اللہ نے اس کو اپنی رضامندی کے اعلیٰ ترین مقام پر پہنچا دیا ہے۔ اور غائبانہ اس کا یہ حال ہے کہ جب بھی فرشتے اس کا گناہوں سے پُر نامۂ اعمال لے کر اُوپر جاتے ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اس کو ہمارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت وعنایت ہے، سو اس کی خطائیں دوسروں کی طرح نہیں۔ اور دوسرے خطاواروں کی طرح اس کی خطاؤں پر گرفت نہیں ہو گی۔ جب تمہیں یہ حدیث معلوم ہو گئی تو یہ بھی معلوم ہو گا۔

marfa.com
Marfat.com

کہ اس زمانے کے لوگوں کے لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھنا تلاوت قرآن سے اس وجہ اور صرف اسی حیثیت سے افضل ہے۔ جیسا کہ تم سن چکے۔ یہ بات نہیں کہ درود شریف قرآن کریم سے افضل ہے۔ کیونکہ اللہ کے قرب کے لیے قرآن ہی افضل ہے۔ لیکن اس کے لیے جس کے اعمال واحوال اللہ کے ساتھ صاف ہوں، اس صورت میں قرآن کی تلاوت کرنے والا سب سے آگے اور سب سے بڑھ کر اللہ کی رضا حاصل کرنے والا ہوگا۔ اس وقت خاص میں کامیاب ہونے والوں کا اس کے برابر مرتبہ نہیں۔ تلاوت قرآن کو مطلقاً کم سمجھنے والوں پر اللہ کی وہ ناراضگی ہوگی جو عقل وخرد سے دور ہے۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ کو اپنی کتاب پر غیرت آتی ہے۔ کیونکہ یہ بارگاہِ قرب ہے جو کوئی اس کی کتاب میں خلط ملط کرے اور اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کی بے ادبی کرے اللہ اس کو دھتکار دیتا ہے اور اس پر ناراض ہوتا ہے کیونکہ اس نے اس بارگاہ کا حق ادا نہیں کیا۔ جس نے اسے سمجھ لیا تو قرآن اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام کی نسبت سمجھ لی۔

صلاۃ کا مفہوم

ہمارے شیخ، شیخ حسن العدوی نے شرح "دلائل الخیرات" میں فرمایا۔ قاضی ابو عبداللہ اسکاکی نے کہا جان لے کہ اللہ کی طرف سے صلاۃ کا مطلب رحمت ہے اور جس پر اللہ نے ایک بار رحمت کی، وہ اس کے لیے دنیا اور جو کچھ اس میں ہے، سے بہتر ہے۔ تو دس رحمتوں کے بارے میں کیا خیال ہے۔ ان سے اللہ تعالیٰ کتنی تکلیفیں اور مصیبتیں دور فرمائے گا اور اس کی برکتوں سے کیسی کیسی برکتیں حاصل ہوں گی۔ شیخ ابن عطا اللہ نے کہا۔ جو کوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک بار درود شریف بھیجتا ہے۔ وہی اس کے دنیا وآخرت کے غم والم کے لیے کافی ہے۔ پھر اس کا کیا کہنا جو دس بار آپ پر درود بھیجے الخ ابن شافع نے کہا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا درجہ کتنا بلند ہے۔ اور آپ کی خوشنودی کتنی بڑی نعمت ہے کہ درود شریف پڑھنے والا اس بڑے مقام پر فائز ہو جاتا ہے ورنہ تجھے یہ مقام کب ملتا کہ اللہ تعالیٰ تجھ پر صلاۃ بھیجے۔ اگر تو تمام عمر اللہ تعالیٰ

marfa.com
Marfat.com

کی تمام عبادات کرے پھر اللہ تعالیٰ تجھ پر ایک صلاۃ بھیج دے تو وہ ایک صلاۃ تیرے تمام عمر کی عبادات پر افضل و برتر ہے۔ کیونکہ تو اپنی توفیق کے مطابق درود بھیجتا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنی ربوبیت کے مطابق رحمت نازل کرتا ہے۔ یہ تو اس وقت ہے جب ایک صلاۃ ہو۔ پھر جب اللہ تعالیٰ تیرے ایک درود کے بدلے تجھ پر سو صلاتیں نازل فرمائے تو کیا کہنا۔ الخ

اس کے ثمرات میں سے ایک، بہترین خوشبو ہے۔ انطاسی نے شرح دلائل میں مصنف کے اس قول پر کہ بعض عارفین رضوان اللہ اجمعین، سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا، جس مجلس میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجا جائے۔ اس سے عمدہ خوشبو دار ہوا اٹھتی ہے۔ یہاں تک کہ آسمان تک پہنچ جاتی ہے، پھر فرشتے کہتے ہیں یہ وہ مجلس ہے جس میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجا گیا ہے۔

شیخ ابو جعفر بن وداعہ رحمہ اللہ نے کہا، حدیث میں بعض صحابہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ جس جگہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جائے یا آپ پر درود و سلام بھیجا جائے۔ وہاں سے ایسی خوشبو پھوٹتی ہے جو سات آسمانوں کو چیر کر عرش معلیٰ تک جا پہنچتی ہے۔ جنوں اور انسانوں کے سوا، اس خوشبو کو زمین میں اللہ کی ساری مخلوق محسوس کرتی ہے اگر یہ بھی اس کی خوشبو محسوس کرنے لگیں تو اس کی لذت میں مشغول ہو کر کاروبار زندگی سے غافل ہو جائیں اور اس خوشبو کو جو فرشتہ یا اللہ کی دیگر مخلوق محسوس کرتی ہے وہ اہل مجلس کے لیے استغفار کرتے ہیں اور ان کے لیے اس تمام تعداد کے برابر نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ اس کے برابر ان کے درجے بلند ہوتے ہیں، برابر ہے کہ مجلس میں ایک ہو یا ایک لاکھ ہر ایک کو یہ اجر بھی ملے گا۔ اور دیگر بھی بہت کچھ۔

ایک اور حدیث میں ہے جس مجلس میں بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجا جائے اس سے خوشبو اٹھتی ہے اور آسمان تک جاتی ہے اور فرشتے کہتے ہیں یہ خوشبو اس مجلس کی ہے جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا گیا ہے۔ فرمایا اس کے ساتھ ملتی

marfa.com
Marfat.com

جلتی وہ حکایت ہے۔

امام ابن ہشام کی حکایت

جسے ابن ہشام یعنی استاذ ابو محمد جبر نے محمد بن سعید بن معرف سے نقل کیا ہے جو ایک مرد صالح تھے۔ کہتے ہیں میں نے اپنے اوپر لازم کر رکھا تھا کہ جب بھی رات کو سونے کے لیے بستر بچھاتا۔ ایک معین تعداد میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجتا۔ ایک رات میں نے جونہی یہ تعداد پوری کی۔ میری آنکھ لگ گئی میں ایک بالاخانے میں مقیم تھا۔ دیکھتا کیا ہوں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بالاخانے کے دروازے سے اندر داخل ہوئے جس سے تمام کمرہ جگمگ کرنے لگا۔ پھر میری طرف رخ کر کے فرمایا، یہ منہ آگے کر جو مجھ پر کثرت سے درود وسلام پڑھتا ہے کہ میں اس پر بوسہ دوں۔ میں سرکار کی طرف اپنا منہ کرتے شرما سا گیا، سو میں نے اپنا چہرہ کسی قدر پھیر لیا، پھر آپ نے میرے رخسار پر بوسہ دیا۔ میں اسی وقت گھبرا کر بیدار ہو گیا، میں نے پاس لیٹی ہوئی اپنی بیوی کو جگایا۔ سارا مکان نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو سے مہک رہا تھا اور میرے رخسار پر تقریباً آٹھ دن تک کستوری کی خوشبو باقی رہی۔ جسے میری بیوی رات دن میرے رخسار پر محسوس کرتی رہی" الخ

ایسی ہی ایک حکایت استاذ جبر نے بغیر سند کے ذکر کی ہے۔ ابن مندیل نے کہا کہ اسے ابن بشکوال نے ذکر کیا ہے۔ اور کہا ہم سے محمد بن سعید خیاط نے بیان کیا جو مرد صالح تھے الخ پھر ابن وداعہ نے کہا، جب تم اس بات کی حقیقت معلوم کرنا چاہو تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان پر نظر کرو" جو لوگ کسی محفل میں بیٹھیں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجے بغیر منتشر ہو جائیں۔ وہ مردار سے زیادہ بدبو پر منتشر ہوئے" تیرے لیے ظاہر ہو جائیں گا کہ جن مجالس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا جائے یا آپ پر درود شریف بھیجا جائے ان میں عطر کی خوشبوئیں آئیں گی۔ اور کستوری کی مہک آئے گی۔ اور جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سب سے بڑھ کر پاک اور سب سے بڑھ کر ستھرے ہیں اور جلد ہی آپ کو اہل جنت کی خصوصیات سے نوازا گیا تھا تو آپ جس راہ سے گزرتے، جس مجلس میں بیٹھتے اور جس چیز

marfa.com
Marfat.com

کو اپنے دستِ مُبارک یا کسی عضو سے چھُو لیتے، اس میں کستوری جیسی خوشبُو باقی رہتی۔ یہاں تک کہ آپ کا صحابہ کرام اسی خوشبُو سے معلوم کرتے تھے کہ سرکار اس راہ سے گزرے ہیں۔ اللہ نے آپ کی یہ کرامت باقی رکھی ہے۔ سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر جس محفل میں کیا جائے، یا آپ پر درود و سلام پڑھا جائے، وہ جگہ آپ کے ذکرِ پاک سے معطر ہو جاتی ہے۔ اور وہاں سے مکمل خوشبُودار ہوائیں چلتی رہتی ہیں۔ سو اللہ تعالیٰ آپ پر اور آپ کی آل پر ایسا درود بھیجے، جس سے ذکر کی مجالس معطر ہُوں اور بڑے سے بڑے گناہ بخشے جائیں۔" فرمایا جس چیز کا ذکر کرنا یہاں مناسب ہے، وہ بات ہے جسے شیخ عبداللہ الساحلی رضی اللہ عنہُ نے بغیۃ السالک میں ذکر کیا ہے۔ کہا کہ مجھ سے میرے والد رضی اللہ عنہُ نے بیان کیا، کہ ہم سے شیخ ابوالقاسم المرید رضی اللہ عنہُ نے بیان کیا کہ جب شیخ ابوعمران البردعی مقامِ مالقہ تشریف لائے وہاں ان کی ملاقات شیخ ابو علی الحراز سے ہوئی۔ ایک دن میرے گھر کھانے کی دعوت پر ہم تینوں جمع ہو گئے، کھانا میں نے تیار کیا تھا۔ ابوالقاسم نے کہا جو میرے والد کے پاس موجود تھے، اور زکام کی بیماری ان سے جُدا نہیں ہوئی تھی۔ یہاں تک کہ اس نے حسِ شامہ کو معطل کر رکھا تھا، پس شیخ ابوعمران نے شیخ ابوعلی سے کہا اے ابوعلی! تمہیں آٹھ سال ہو گئے، حرارت نے تمہارے اندر اثر نہیں کیا۔ انہوں نے کہا آقا اس سے بھی زیادہ مُدت گذر چکی ہے۔ شیخ ابوعمران نے کہا، یہ چیز تو بچوں میں ظاہر ہوتی ہے۔ اس طرح تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر نہیں کیا جا سکتا۔ پھر فرمایا شیخ ابوالقاسم کے والد کے ہاتھ میں سانس لو۔ فرمایا، ابوعلی نے میرے والد کے ہاتھ میں سانس لیا، ان کے سانس سے کستوری کی خوشبُو آنے لگی۔ لیکن تھوڑی تھوڑی۔ پھر شیخ ابوعمران نے میرے والد ابوالقاسم کے ہاتھ میں سانس لیا (پھونک ماری)، تو اللہ کی قسم، کستوری کی خوشبُو نے میرے والد کے نتھنوں کو چیر کر رکھ دیا یہاں تک کہ فوراً ریشہ باہر نکلا۔ اور ناک سے خُون بہنے لگا۔ میرے مکان میں خوشبو پھیل گئی۔ یہاں تک کہ کستوری کی خوشبُو کے جھکے پڑوسیوں تک جا پہنچے۔ کہا کہ پھر شیخ ابوعمران نے کہا کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کا یہ خیال ہے کہ انہوں نے ہی سرکار سے

marfa.com
Marfat.com

فیض حاصل کیا ہے ؟ ہم نے نہیں کیا ؟ بخدا، اس بات پر ہم ان سے مزاحم ہوں گے۔ یہاں تک کہ انہیں معلوم ہو جائے گا کہ وہ اپنے پیچھے ایسے لوگ چھوڑ گئے ہیں جو سرکار صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں" الخ۔

قبر سے خوشبو

فرمایا اس کتاب کے مؤلف شیخ ابو عبداللہ الجزولی رضی اللہ عنہ کے متعلق یہ بات گذر چکی ہے، کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود و سلام بھیجنے کی وجہ سے، ان کی قبر سے کستوری کی خوشبو آتی ہے" شرح دلائل کی عبارت ختم۔

اور اس کے ثمرات میں سے جیسا کہ ہمارے شیخ العدوی نے شرح دلائل میں بعض عارفین کے حوالہ سے لکھا ہے کہ جس آدمی کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر بکثرت درود و سلام پڑھنے کی عادت ہو۔ اسے بہت بزرگی حاصل ہوتی ہے۔ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سکراتِ موت کے وقت اس کے پاس حاضر ہوتے ہیں، اور اسے ان نعمتوں کی زیارت نصیب ہوتی ہے، جو اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے تیار کی ہیں۔ مثلاً حوریں۔ محلات۔ ولدان۔ کثیر التعداد ازواج۔ اور غالب بخشنے والے خدا کی طرف سے سلام کا تحفہ۔ جیسے اللہ جل شانہٗ فرماتا ہے:۔

اَلَّذِیْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَیِّبِیْنَ یَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَیْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۔

ترجمہ:۔ جن کو فرشتے وفات دیتے ہیں۔ جب کہ وہ لوگ پاک ہوں تو فرشتے کہتے ہیں تم پر سلام ہو، جنت میں داخل ہو جاؤ، اپنے اعمال کے سبب" الخ

اس کے ثمرات میں سے ایک یہ ہے کہ گرمی وغیرہ میں جب سخت پیاس لگی ہو تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھنے سے ختم ہو جاتی ہے۔ عارف باللہ سیدی عبدالغنی نابلسی نے قصیدہ مضریہ پر اپنی لکھی گئی شرح میں فرمایا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر بار بار درود و سلام پڑھنے سے ہمیں ایک تجربہ یہ ہوا کہ گرمی وغیرہ کے موسم میں جب انسان کو سخت پیاس لگی ہو

marfa.com
Marfat.com

تو اس سے دور ہو جاتی ہے۔ بلاشبہ میں نے خود اس کا تجربہ کیا ہے اور اپنے بعض بھائیوں کو بتایا ہے جنہوں نے سفر حج میں پانی نہ ملنے کی صورت میں اسے آزمایا ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسے کلمات سے درود و سلام بھیجا جائے جن میں لفظ اللہ نہ ہو کیونکہ وہ گرم ہے پیاس بجھانے کے لیے اس قسم کے الفاظ استعمال کرے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْاَنَامِ۔
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمَبْعُوْثِ اِلَیْنَا
بِالْحَقِّ الْمُبِیْنِ، اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
الدُّنْیَ الْاُمِیْنِ اور اَفْضَلُ الصَّلَوٰتِ وَاَشْرَفُ التَّسْلِیْمَاتِ
عَلَی النَّبِیِّ الصَّادِقِ وَالرَّسُوْلِ الْمُؤَیَّدِ بِاَسْنَا یَا الْمُعْجِزَاتِ۔ وغیرہ۔

اور اس کے ثمرات میں سے ایک یہ کہ رزق آسانی سے ملتا ہے۔ سید احمد دحلان نے اپنی کتاب "تقویت الاصول فی تسہیل الوصول" میں فرمایا، آسانی سے رزق حاصل کرنے کے مجرب نسخوں میں سے، کثرت استغفار اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود و سلام بھیجنا ہے۔ الخ۔

اور اس کے ثمرات میں سے ایک طاعون کا خاتمہ ہے۔ شیخ الاسلام، شیخ ذکریا الانصاری نے اپنی کتاب "تحفۃ الراغبین فی بیان احکام الطواعین" کی فصل ششم کے آخر میں فرمایا، بعض عارفین سے مروی ہے کہ سب سے بڑی مصیبت ہے۔ ان کا سدباب نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

فصل

وہ احادیث و آثار جو درود شریف اور مخصوص دعاؤں کے بیان میں اور قضائے حاجات کے لیے مفید ہیں

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو شخص پیر کی رات چار رکعت نفل اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں الحمد للہ ایک بار۔ پہلی رکعت میں گیارہ بار قُلْ اَللّٰہُ اَحَدٌ دوسری رکعت میں اکیس بار تیسری میں تیرہ بار۔ اور چوتھی رکعت میں چالیس بار۔ پھر سلام پھیر کر پچھتر بار پڑھے۔ اپنے اور والدین کے لیے پچھتر بار استغفار کرے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر پچھتر بار درود و سلام بھیجے، پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے وہ اس بات کا حقدار ہے کہ اللہ اسے جو مانگے عطا فرمائے۔ اس کو صلوٰۃِ حاجت بھی کہتے ہیں، اس کو ابو موسیٰ المدینی نے کتاب وظائف اللیالی والایام اور امام غزالی نے احیاء العلوم میں، دونوں حضرات نے اعمش سے بلا سند ذکر کیا ہے۔ یونہی القول البدیع میں لکھا ہے۔ میں نے ادلۃ الخیرات مولفہ عارف باللہ جمال الدین ابو عمر سید محمود بن سید علی قادری کردی شیخانی۔ شافعی۔ مدنی کے حواشی میں لکھا دیکھا، یہ بزرگ عارف نابلسی کے ہم عصر ہیں، انہی سے نقل کرتے ہیں جس کی عبارت یہ ہے۔

یہ عظیم فائدہ ہے

ابن عباس رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث میں ہے کہ جس کی اللہ تعالیٰ کے حضور حاجت ہو، کسی ایسی جگہ کھڑا ہو، جہاں اسے کوئی دیکھتا نہ ہو، اچھی طرح وضو کرے۔ پھر چار رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں فاتحہ ایک بار قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ آخر تک، پہلی رکعت میں دس بار، دوسری رکعت میں بیس بار، تیسری رکعت میں تیس بار اور چوتھی میں چالیس بار، جب نماز سے فارغ ہو، پچاس بار قل ھو اللہ

marfa.com
Marfat.com

احد پڑھے۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ستر بار درود شریف بھیجے اور لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ستر بار۔ اگر اس پر قرض ہے تو اللہ ادا کرے گا۔ اگر مسافر ہے اللہ اسے وطن لوٹائے گا۔ اگر آسمان کے کناروں یعنی بادلوں تک گناہوں میں لتھڑا ہوا ہے پھر اپنے رب سے معافی مانگے، اللہ اسے بخش دے گا۔ اگر اس کی اولاد نہیں، اللہ اسے اولاد دے گا۔ اگر اس سے دعا مانگے قبول فرمائے گا۔ اگر بددعا نہ مانگے تو اس پر ناراض ہوگا۔ اللہ کی پناہ" اور اس کے نیچے یہ عبارت لکھی تھی "ہم نے قبولیتِ دعا کی مناسبت سے یہ لکھ دیا ہے تاکہ اسے دیکھنے والا اور اس سے واقفیت رکھنے والا اس سے فائدہ اٹھائے۔ اے فائدہ اٹھانے والے! میں تجھے اس خدا کی قسم دیتا ہوں جس نے آسمان بلند کیے اور زمینوں کا فرش بچھایا اور وہ سب سے بڑھ کر رحم وکرم فرمانے والا ہے، کہ تو یہ چیز صرف مستحق کو بتانا۔ بشرطیکہ وہ اس کے حصول میں لاچار ہو۔ کیونکہ یہ عظیم کام ہے، اور میں فقیر نے اسے ادائے قرض وغیرہ کے سلسلہ میں بارہا آزمایا ہے۔ میں نے جب بھی درود شریف ختم کیا، ابھی اس جگہ سے باہر نہیں نکلا کہ اللہ تعالیٰ نے میری حاجت اور مراد پوری فرما دی۔ اللہ ہی کے لیے ثنا وشکر ہے۔ عبارت ختم ہوئی۔

پھر میں نے معمولی لفظی اختلاف کے ساتھ یہی فائدہ شیخ ابوبکر کنامی کی کتاب "المنہج الحنیف فی تعریف اسمہ تعالیٰ لطیف" میں دیکھا۔ اس کی عبارت یہ ہے۔ کتاب فضائل الاعمال" میں بیان کیا گیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس آدمی کی کوئی حاجت ہو، وہ عمدہ وضو کرے، پھر ایسی جگہ کھڑا ہو، جہاں اسے کوئی دیکھتا نہ ہو۔ پھر چار رکعت نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں ایک بار فاتحہ، سورۂ اخلاص دس بار۔ دوسری رکعت میں فاتحہ ایک بار، اخلاص بیس بار۔ تیسری رکعت میں فاتحہ ایک بار، اخلاص تیس بار۔ چوتھی میں فاتحہ ایک بار، اخلاص چالیس بار۔ سلام پھیر کر سورۂ اخلاص پچاس بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ پچاس بار۔ پھر اللہ سے ستر بار استغفار

marfa.com
Marfat.com

کرے تو اگر اس پر قرض ہے تو اللہ تعالیٰ ادا کر دے گا۔ اگر غریب ہے تو اس کو غنی کر دے گا۔ اگر مسافر ہے تو اللہ اس کو اپنے گھر لوٹائے گا۔ اگر اس پر دنیا بھر کے گناہ ہوں۔ اللہ بخش دے گا۔ اگر بے اولاد ہے۔ اللہ سے اولاد مانگے، اللہ اولاد عطا فرمائے گا۔[۱]

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہ ایک نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا۔ جس کی اللہ سے یا کسی انسان سے حاجت ہو وہ اچھی طرح وضو کرے، دو رکعت نفل ادا کرے۔ پھر اللہ کی ثنا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ پھر یہ پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، جو بردبار کریم ہے۔ پاکی اللہ کے لیے جو عرش عظیم کا مالک ہے اور سب تعریف اللہ پروردگار جہاں کے لیے، میں تجھ سے تیری رحمت کے اسباب، تیری بخشش کے عزائم۔ ہر نیکی کی غنیمت اور ہر گناہ سے حفاظت کا سوال کرتا ہوں۔ میرا کوئی گناہ بخشے بغیر، کوئی غم دور کیے بغیر، اور کوئی حاجت، جس میں تیری رضا ہو، پوری کیے بغیر نہ چھوڑ۔ اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے۔

اسے ترمذی وغیرہ نے روایت کیا۔

اور محمد جبر نے کتاب "الملاذ والاعتصام" میں عبدالملک بن حبیب، عن ابی

marfa.com
Marfat.com

ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ یہ انہوں نے کہا جو رات کو اُٹھے اچھی طرح وضو کرے، پھر دس بار اللہ اکبر کہے دس بار سبحان اللہ اور لاحول ولا قوۃ اتنی ہی بار پڑھے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اچھی طرح درود وسلام بھیجے، دنیا و آخرت کی جو نعمت اللہ سے مانگے گا۔ عطا فرمائے گا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس کی اللہ سے حاجت ہو وہ اچھی طرح وضو کرے پھر دو نفل اس طرح ادا کرے کہ پہلی رکعت میں فاتحہ اور آیۃ الکرسی پڑھے، دوسری میں فاتحہ اور اٰمن الرسول بما انزل الیہ من ربہ والمومنون پڑھے۔ پھر تشہد اور درود شریف پڑھ کر سلام پھیرے پھر یہ دُعا مانگے۔ اے اللہ! اے ہر اکیلے کی جائے امن! ہر تنہا کے ساتھی! اے قریب! نہ بعید۔ اے حاضر! نہ غائب۔ اے غالب! نہ مغلوب۔ اے زندہ اے قائم رہنے والے! اے جلال و عزت والے! اے زمین و آسمان کو نو پیدا کرنے والے! میں تجھ سے تیرے اسم رحمٰن، رحیم، حیّ، قیّوم، جس کے آگے چہرے جھکے، آوازیں پست اور جس کی ہیبت کے سامنے دل لرزیدہ ہیں کے طفیل سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ اور آلِ محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام نازل فرما! اور میرے ساتھ یہ برتاؤ فرمائے۔ اس کی حاجت پوری ہوگی۔ اس کو دیلمی نے مسند الفردوس میں ذکر کیا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یہ روایت بھی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُمِّ ایمن رضی اللہ عنہا سے فرمایا۔ جب تجھے کوئی حاجت ہو اور تو اُسے پورا کرنا چاہے تو دو رکعت نفل اس طرح پڑھ کہ فاتحہ کے بعد سُبحان اللہ دس بار الحمد للہ دس بار اللہ اکبر دس بار۔ جب بھی تو ایک کلمہ ادا کرے گی۔ اللہ فرمائے گا میں نے قبول کیا۔ جب اس سے فارغ ہو تو تشہد پڑھ کے سلام پھیرنے سے پہلے سجدہ کر اور سجدے میں کہہ، اے اللہ! تو اللہ ہے۔ تیرا غیر نہیں۔ اے زندہ اے قائم رہنے والے! اے جلال و عزت والے! درود بھیج آپ پر اور آپ کی نیک و پاکیزہ آل پر اور میری یہ حاجت

marfa.com
Marfat.com

پوری فرما! اے رحمٰن! اور اس میں بھلائی پیدا فرما۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ اے اُمِ ایمن! جب بندہ تنہائی میں اللہ کا ذکر کرے اور مصیبت زدہ ہو تو فرشتے کہتے ہیں آواز مانوس ہے جانی پہچانی ہے اللہ عزوجل کے حضور اس کی شفاعت کرو! اور اس کی دعا پر آمین کہو! پھر اللہ اس کی تکلیف دُور اور حاجت پوری کر دیتا ہے" اس کو عبدالرزاق طبلسی نے روایت کیا۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہُ سے روایت ہے۔ ایک شخص رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور غریبی و تنگدستی کی شکایت کی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا۔ جب گھر جایا کرو تو سلام کہا کرو خواہ اندر کوئی ہو یا نہ۔ پھر مجھ پر سلام بھیجا کرو۔ پھر ایک بار قل ھو اللہ احد پڑھا کرو۔ اس نے اس پر عمل کیا۔ اللہ نے اس پر رزق کا دروازہ کھول دیا۔ یہاں تک کہ اس نے اپنے پڑوسیوں اور رشتہ داروں پر فیضان کیا" اس کو موسیٰ مدینی نے روایت کیا۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہُ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ رات یا دن میں بارہ نفل پڑھ۔ ہر دو رکعت میں تشہد پڑھ، آخر میں اللہ کی ثنا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر دُرود بھیج، پھر تکبیر کہہ کر سجدہ کر اور سجدے میں سات بار فاتحہ شریف۔ آیۃ الکرسی سات بار اور لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہٗ لہٗ الملک ولہ الحمد وھو علی کلِّ شئٍ قدیر۔ دس بار۔ پھر کہہ اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ تیرے عرش کے معزز پائیوں کا صدقہ۔ تیری کتاب رحمت کی آخری حد کا صدقہ تیرے بڑے نام بلند شان اور مکمل کلمات کا صدقہ" پھر اپنی حاجت کا سوال کر اور سر اُٹھا لے۔ پھر دائیں بائیں سلام پھیر۔ یہ بات بیوقوفوں کو نہ بتانا کہ وہ اس کے ذریعے (کوئی غلط) دُعا مانگیں گے۔ اور وہ قبول ہو جائے گی۔ اس کو بیہقی وغیرہ نے روایت کیا۔

marfa.com
Marfat.com

میں نے یہ فائدہ ذرہ تفصیلی اختلاف کے ساتھ المنہج الحنیف فی تعریف اسمہ تعالیٰ لطیف میں لکھا دیکھا ہے۔ عبارت یہ ہے ابن صلاح نے اپنی سند کے ساتھ واحدی سے ان کی سند کے ساتھ جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے رات یا دن کو بارہ رکعت نفل ادا کیے اس طرح کہ ہر رکعت میں ایک بار فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھے۔ سلام آخر میں پھیرے۔ پھر سر بسجود ہو کر سات بار فاتحہ اور سات بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ پڑھے۔ پھر کہے الٰہی! میں تجھ سے تیرے عرش کی بلندیوں اور تیری کتاب میں تیری رحمت کی حد کا اور تیرے بڑے نام، تیری بڑی شان اور تیرے مکمل کلمات کے صدقے سوال کرتا ہوں کہ درود و سلام بھیج ہمارے آقا محمد اور آل محمد پر" اور اپنی حاجت کا سوال کرے۔ بیوقوفوں کو اس کی تعلیم نہ کرنا۔ اس حدیث کے راوی احمد بن حرب نے کہا مجھے سنو سے زائد ایسے لوگوں نے بتایا جنہوں نے اس پر عمل کیا اور اللہ تعالیٰ نے ان کی امور دنیا و آخرت کی دعا قبول فرمائی۔

ابو ذکریا النجیری نے کہا میں نے اس کو آزمایا اور ایسا ہی پایا ہے۔ ابوبکر کتامی نے کہا عمل مذکور سے فارغ ہو کر قبلہ رُو ہو کر عاجز بندے کی طرح بیٹھ جائے۔ سر جھکائے دل حاضر کیے، قبولیت کا یقین کیے اللہ تعالیٰ کی حمد و ذکر کرتے۔ اس کی شایانِ شان ثنا کرتے اس کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو سفارشی بناتے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ سے نیکی حاصل کرتے اور تعوذ و تسمیہ پڑھتے (اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) اپنے لیے جو نیکی آگے بھیجو گے اسے اللہ کے ہاں بہتر اور بڑے اجر والی پاؤ گے۔ اور اللہ سے بخشش مانگتے رہو، بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اپنی زبان سے پکارے اے میرے آقا میں حاضر ہوں اور تیری سعادت میسر ہے، تمام بھلائی تیرے ہاتھوں میں ہے اور تیرا کمزور، ذلیل، بیکس بندہ ظاہر و باطن

marfa.com
Marfat.com

میں تیری طرف متوجہ ہے۔ تیری توفیق سے بولتا اور تیرے حکم کی تعمیل کرتا ہے تجھ سے مدد چاہتا ہے۔ الٰہی! تُو ہی میرا پالنے والا ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تُو نے ہی مجھے پیدا کیا ہے۔ میں تیرا بندہ اور تیرے عہد پیمان پر جہاں تک ہو سکے قائم ہُوں۔ میں تیری مخلوق کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ مجھ پر تیرے احسان کی بنا پر میں تیری طرف رجُوع کرتا ہوں اور میں اپنا گناہ دل پا ہوں تو مجھے بخش دے۔ کہ تیرے سوا کوئی گناہ بخشنے والا نہیں۔ کیونکہ نبی مختار صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ یہی سیدالاستغفار ہے دس بار یہی کہے۔ پھر کہے سب تعریف اللہ پروردگار جہان کے لیے، ایسی حمد جو اس کی نعمتوں کے برابر ہو اور اس کے احسان کے شایان ہو۔ میں تیری ایسی تعریف نہیں کر سکتا جیسی تُو نے خود اپنی تعریف کی ہے پس تیرے لیے تعریف، یہاں تک کہ تو راضی ہو جائے۔ اور راضی ہونے پر تیری حمد اور جب تو راضی ہو، تیرے لیے حمد و ثنا۔ دس بار۔ پھر کہے الٰہی! درُود و سلام بھیج ہمارے آقا محمدؐ اور ہمارے آقا محمدؐ کی آل پر، جیسے تُو نے درُود بھیجا۔ ہمارے آقا ابراہیمؑ اور ہمارے آقا ابراہیمؑ کی آل پر۔ اور برکت نازل فرما ہمارے آقا محمدؐ اور ہمارے آقا محمدؐ کی آل پر، جیسے تُو نے برکت نازل کی ہمارے آقا ابراہیمؑ اور ہمارے آقا ابراہیمؑ کی آل پر، جہانوں میں، بے شک تو ہی ستودہ، بزرگ ہے۔ اپنی مخلوق کی تعداد کے برابر۔ اپنی رضا کے برابر، اپنے عرش کے وزن کے برابر، اپنے کلمات کی سیاہی کے برابر۔ جب بھی ذکر کرنے والے تیرا ذکر کریں اور غافل تیرے ذکر سے غفلت برتیں۔ دس بار۔ ادب و خشوع سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مُبارکہ حاضر کرے۔ گویا تو سرکار کے سامنے ہے۔ آپ کی عزت کو حاضر کرے، اس لیے کہ آپ اللہ کا بڑا دروازہ ہیں۔ کہ دنیا و آخرت کی تمام بھلائی صرف آپ کی وابستگی سے مل سکتی ہے۔ بے شک آپ مخلوق کی خالق کی طرف دلیل ہیں۔ ابوسلیمان دارانی سے مروی ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت مانگنا چاہے اسے چاہیے کہ پہلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجے۔ پھر اپنی حاجت مانگے۔ پھر نبی صلی

marfa.com
Marfat.com

اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پر ختم کرے۔ بے شک اللہ تعالیٰ دونوں درود شریف قبول فرمائے گا۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ کریم درمیانی دعا چھوڑ دے۔ پھر کہے میرے آقا میں حاضر ہوں، تمام نیک بختی تیرے ہاتھ ہے، میں تیرا فقیر ہوں، میں تیری جناب کی حمایت حاصل کرتا ہوں۔ تیری طرف تیرے محبوب ترین دوست کا وسیلہ لایا ہوں۔ تقدیر میں بہاؤ میں تیرے لطف و کرم کا خواہشگار ہوں اور اپنے تمام معاملات میں تجھ سے مدد مانگتے ہوئے عرض گذار ہوں، اے لطف و کرم فرمانے والے! اس کو بار بار پڑھے۔ مشہور یہ ہے کہ اسے سولہ ہزار چھ سو اکتالیس بار پڑھے، جب یہ تعداد پوری ہو جائے۔ پھر کوئی ایک دعا سولہ بار پڑھے۔ پھر جیسا کہ گذرا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ اپنی دعا آمین اور والحمد للہ رب العالمین پر ختم کرے۔ پھر دو رکعت نفل ادا کرے۔ یہ طریقہ سب سے بہتر اور مکمل ہے۔

وہیب بن الورد کے الفاظ جن کے متعلق ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ ان الفاظ سے جو دعا مانگی جائے۔ رد نہیں ہوتی وہ یہ کہ بارہ رکعت نفل اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں ایک بار فاتحہ، آیۃ الکرسی، اور قل ھو اللہ احد پڑھے۔ جب فارغ ہو تو سجدے میں گر جائے اور کہے "پاکی اس خدا کو جو عزت کا مالک ہے اور کہے پاکی اس کو جو احسان و فضل والا ہے۔ پاکی اس کو جو عزت و کرم والا ہے۔ پاکی اس کو جو طاقت والا ہے۔ میں تجھ سے تیرے عرش کی عزت کے صدقے سوال کرتا ہوں۔ اور تیری کتاب کی حد درجہ رحمت اور تیرے بزرگ نام اور بلند تر شان، اور تیرے تمام مکمل کلمات، جن سے کوئی نیک و بد آگے بڑھ نہیں سکتا۔ ان سب کے صدقے کہ تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام نازل فرما۔ پھر اللہ سے ایسی چیز مانگے جو گناہ نہ ہو، وہیب کہا کرتے تھے ہمیں یہ ہدایت پہنچی ہے کہ یہ دعا اپنے بیوقوفوں کو نہ سکھانا۔ کہ وہ اللہ کی نافرمانی میں پڑ جائیں گے"۔ اس کو نسری اور ابن بشکوال نے روایت کیا ہے۔ الطبلسی نے مقاتل بن حیان سے روایت کی۔ کہ جو کوئی چاہے کہ اللہ اس کی مشکل حل کرے، غم دور کرے اور اسے بیوی بچوں تک

marfa.com
Marfat.com

پہنچائے اس کی حاجت پوری کرے اور اس کا قرض اتار دے۔ سینہ کھول دے۔ اسکو
ٹھنڈی کرے۔ وہ جب چاہے (اوقاتِ مکروہہ کے علاوہ) چار نفل ادا کرے، اگر آدھی
رات یا چاشت کے وقت پڑھے تو افضل ہے۔ ہر رکعت میں فاتحہ اور اس کے ساتھ پہلی
رکعت میں سورۂ یٰسٓ۔ دوسری میں الٓمٓ السجدہ۔ تیسری میں الدخان چوتھی میں
تَبَارَكَ (ملک)، جب فارغ ہو سلام پھیر کر قبلہ رُو ہو کر سو بار یہ دُعا مانگے۔ بیچ میں
کلام نہ کرے۔ جب فارغ ہو ایک سجدہ کرے پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اہل
بیت پر بار بار درود بھیجے، پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے، ان شاء اللہ عنقریب
ہی اُسے اپنی حاجت نظر آجائے گی۔ پھر وہی دُعا بیان کی جو وہیب کے حوالہ سے گزر چکی
ہے۔ زبیدی نے کہا یہ مشہور دُعا، دُعائے مقاتل بن حیان کے نام سے مشہور ہے اور کہا
جاتا ہے کہ اس میں اسم اعظم ہے۔

علامہ یُوسف نبہانی کا مشاہدہ و تجربہ

اس کتاب کا جامع یُوسف بن اسماعیل نبہانی کہتا ہے میں خود اتنا سخت بیمار ہو گیا تھا کہ زندگی سے مایوس ہو چلا تھا، پھر میں نے وہ سب کچھ کہا جو اس حدیث میں مذکور ہے، اسی طرح سے سو اللہ تعالیٰ نے مجھے شفا دی اسی کا شکر اور احسان ہے اور اللہ ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام نازل فرمائے۔ اور آپ کی آل و اصحاب پر۔

امام غزالی کا ارشاد

احیاء العلوم میں امام غزالی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ مرفوع حدیث نقل کی ہے کہ آپ نے فرمایا۔ جب اللہ سے کوئی حاجت مانگو تو مجھ پر درود و سلام سے ابتدا کرو، اللہ کی شانِ کریمی کے خلاف ہے کہ اس سے دو دعائیں کی جائیں ایک منظور کی جائے اور دوسری رد کر دے۔"

علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا مجھے یہ روایت نہیں ملی۔ دراصل ابو درداء، اور عبداللہ بن عمرو رضی

marfa.com
Marfat.com

اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا "جس کو اللہ سے کوئی حاجت ہو، وہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھے۔ جمعہ کے دن خوب صاف ستھرا ہو کر مسجد میں جائے، پھر تھوڑا بہت صدقہ کرے جمعہ پڑھ کر یہ دعا مانگے۔" الٰہی میں تجھ سے تیرے نام کا سوال کرتا ہوں۔ اللہ کے نام سے شروع جو رحمٰن و رحیم ہے۔ جس کے بغیر کوئی سچا معبود نہیں۔ غیب و شہادت کو جاننے والا ہے۔ رحمٰن و رحیم ہے۔ میں تجھ سے تیرے نام کا سوال کرتا ہوں، اللہ کے نام سے شروع جو رحمٰن و رحیم ہے جس کے بغیر کوئی معبودِ برحق نہیں۔ ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے والا۔ نہ اسے اونگھ آئے نہ نیند۔ جس کی زمین سے زمین و آسمان بھرے پڑے ہیں۔ اور میں تجھ سے تیرے نام کا سوال کرتا ہوں، اللہ کے نام سے شروع جو رحمٰن و رحیم ہے۔ جس کے سوا کوئی معبود نہیں، جس کے آگے چہرے جھکے، نگاہیں نیچی اور اس کے ڈر سے دل کانپ رہے ہیں۔ کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور ہمارے آقا محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی آل پر درود و سلام بھیج، اور مجھے میرا سوال عطا فرما، اور میری فلاں فلاں حاجت پوری فرما، انشاء اللہ اس کی دعا قبول ہوگی۔ فرمایا کرتے اپنے نادانوں کو نہ سکھلانا۔ کہیں گناہ یا قطع رحمی کی دعا نہ مانگا کریں۔" اس کو ابو موسیٰ مدینی نے اسی طرح موقوفاً روایت کیا ہے۔ یونہی نمیری نے بھی موقوفاً بیان کی۔ جیسا کہ القول البدیع میں لکھا ہے۔ یہ فائدہ الدمیری نے حیاۃ الحیوان میں البونی کی کتاب سر الاسرار کے حوالہ سے ذکر کیا ہے۔ اور آخر میں کہا یہ ایک لطیف راز ہے اور مجرب ہے۔

ابو امامہ بن سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ ایک شخص کسی کام کی غرض سے حضرت عثمان بن عفان کی خدمت میں آیا رہا مگر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ (بوجوہ) اس کی طرف توجہ نہ فرماتے اور نہ اس کی حاجت کی

حضرت عثمان غنی کی توجہ

طرف نظر کرتے۔ اس نے حضرت عثمان بن حنیف سے ملاقات کی اور ان سے اس بات کی شکایت کی۔ انہوں نے فرمایا پانی لو اور وضو کرو پھر

marfa.com
Marfat.com

مسجد میں جاکر دو رکعت نفل ادا کرے۔ پھر یہ کہے "الٰہی میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے متوجہ ہوتا ہوں، جو نبی رحمت ہیں۔ یا محمد بے شک میں آپ کے وسیلہ سے اپنے رب کی طرف متوجہ ہوتا ہوں کہ آپ میری حاجت پوری کریں۔ یہاں اپنی حاجت کا نام لے۔ پھر جاؤ، کہ میں بھی جاؤں۔ وہ شخص چلا گیا اور ایسا ہی کیا، پھر حضرت عثمان بن عفان کے دروازے پر آیا۔ دربان آیا اور ہاتھ پکڑ کر اُسے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس لے گیا اور مسند پر ان کے پاس بٹھا دیا۔ آپ نے فرمایا۔ تمہاری حاجت؟ اس نے بتائی۔ آپ نے پوری کر دی۔ پھر فرمایا۔ آج تک میں تیری حاجت سمجھ ہی نہیں سکا۔ جب بھی کوئی حاجت ہو مانگ لیا کرو۔ وہاں سے نکل کر وہ شخص حضرت عثمان بن حنیف سے ملا، اور کہا، جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا اللہ تمہیں جزائے خیر دے۔ جب تک میں نے ان سے بیان نہیں کیا، نہ وہ میری حاجت کی طرف دیکھتے تھے نہ توجہ فرماتے۔ عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ نے فرمایا، نہ میں نے ان سے بات کی نہ انہوں نے مجھ سے لیکن میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا، کہ آپ کی خدمت میں ایک نابینا آیا۔ اس نے حضور سے بینائی چلے جانے کی شکایت کی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا۔ جاؤ لوٹا لے کر وضو کرو، پھر مسجد میں جاکر دو نفل پڑھو، پھر کہو الٰہی! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں، تیری نبی، نبیٔ رحمت کے وسیلہ سے، اے محمد بے شک میں آپ کے ذریعے متوجہ ہوتا ہوں اپنے رب کی طرف کہ وہ میری نگاہ روشن کر دے۔ الٰہی ان کی شفاعت مجھے نصیب کر۔ اور میرے متعلق ان کی شفاعت قبول فرما۔ عثمان کہتے ہیں خدا کی قسم ہم وہاں سے الگ نہ ہوئے نہ زیادہ باتیں کیں کہ وہ شخص آیا گویا کبھی نابینا تھا ہی نہیں"۔ اس کو بیہقی وغیرہ نے ذکر کیا ہے۔ حافظ سخاوی نے کہا بعض کے نزدیک یہ الفاظ ہیں "کہ ایک نابینا شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا، اللہ سے دعا کرو کہ مجھے شفا یاب فرمائے۔ فرمایا اگر چاہو تو اس کے بدلے آخرت میں تجھے درجہ مل جائے یہ تمہارے لیے بہتر ہے۔ اگر چاہو

marfa.com
Marfat.com

سے محفوظ فرمائے گا۔ اور اس کے عامل کا رعب اللہ تعالیٰ بندوں کے دل میں پیدا کرے گا۔ اور جو کوئی سورج نکلتے وقت ہر روز اس پر نظر کرے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھے، اسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار بار بار حاصل ہوتا رہے گا۔ اور اس کے اسباب اسی دن سے میسر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ اس کتاب میں فرمایا کہ جو شخص یہ چاہے کہ اس کی بیوی کے ہاں بیٹا پیدا ہو، جب اس کی بیوی سو رہی ہو اپنا دایاں ہاتھ اس کے سینہ پر رکھے اور حمل کے ابتدائی دنوں میں اس کی ناف پر ہاتھ رکھ کر تین بار پڑھے۔

بیٹا پیدا ہونے کے لیے عمل

اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ خَلَقْتَ خَلْقًا فِیْ بَطْنِ ھٰذِہِ الْمَرْاَۃِ فَکَوِّنْہُ ذَکَرًا وَّاسْمُہٗ اَحْمَدُ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ "

(ترجمہ) الٰہی اگر تو نے اس عورت کے پیٹ میں کوئی شے پیدا فرمائی ہے، تو اسے بیٹا کیجیو! اور اس کا نام احمد ہوگا۔ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے برحق ہونے کا صدقہ، پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہتر وارث ہے "

الدمیری نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی، کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا، جو کوئی ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے۔ اس کی روح صرف اللہ تعالیٰ ہی قبض فرمائے گا۔

امام بیہقی نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول نقل کیا، کہ فرمان باری تعالیٰ اُدْعُوا اللّٰہَ اَوِادْعُوا الرَّحْمٰنَ پوری آیت، چوری سے محفوظ رہنے کی ضمانت ہے۔

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے سوتے وقت اسے پڑھا چور اندر آ گھسا

marfa.com
Marfat.com

اور گھر کا تمام سامان سمیٹ کر اٹھا لیا وہ صاحب جاگ رہے تھے، چور دروازے پر پہنچا تو اُسے بند پایا۔ گٹھڑی زمین پر رکھی تو دروازہ کھل گیا۔ تین بار ایسا ہی ہوا۔ گٹھڑی اٹھاتا تو دروازہ بند ہو جاتا نیچے رکھتا تو کھل جاتا) صاحب خانہ کی ہنسی نکل گئی اور کہا میں نے مکان کا قلعہ مضبوط بنایا ہے۔

الدارمی نے مغیرہ بن سبیع سے روایت کی جو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں میں سے تھے کہ جو کوئی سوتے وقت سورۂ بقرہ کی دس آیتیں پڑھے، قرآن کریم نہیں بھولے گا۔ چار پہلی۔ دو آیۃ الکرسی، دو آیتیں اس کے بعد والی اور تین آخری۔

اور الدارمی وغیرہ نے عبداللہ بن ابی امامہ سے زرّ ابن حبیش کی یہ روایت نقل کی کہ جو کوئی رات کے کسی خاص حصّے میں اُٹھنے کے لیے سورۂ الکہف کا آخری حصہ پڑھے۔ بیدار ہو گا۔ ایک ساتھی کا کہنا ہے کہ ہم چند ساتھیوں نے اس کا تجربہ کیا۔ جیسا سنا، ویسا پایا۔" یہ بات سیوطی نے الخصائص الکبری میں ذکر کی ہے۔

سیدی عبدالعزیز الدباغ کا ارشاد

کتاب الابریز میں سیدی عبدالعزیز الدباغ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جو کوئی یہ آیت کریمہ پڑھے، وہ صبح صادق سے ذرہ پہلے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے وقت بیدار ہو جایا کرے گا۔

امام یافعی نے اپنی کتاب "الدر النظیم فی خواص القرآن العظیم" میں لکھا ہے۔ کہ جو کوئی "سورۃ محمد" لکھ کر زمزم کے پانی سے دھو کر پی لے، لوگوں میں محبوب ہو گا۔ اس کی بات سُنی جائے گی۔ جو سُنے گا یاد رکھے گا۔ لکھ کر پانی میں گھول لے اور جو بیماری ہو اس پانی سے دھوئے اللہ کے حکم سے دُور ہو گی۔

"الدر النظیم" ہی میں ہے کہ جو کوئی فرمان باری تعالیٰ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ آخر سورۃ تک، اللہ کی توفیق سے لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ عجیب قبولیت و غلبہ دیکھے گا۔

marfa.com
Marfat.com

تو اللہ سے دُعا کروں۔ کہنے لگا دعا فرما دیں۔ آپ نے اُسے اچھی طرح وضو کرنے کا حکم دیا اور فرمایا دو رکعت نفل پڑھ کر یہ دُعا پڑھو، الٰہی! میں تجھ سے سوال کرتا اور تیری طرف تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے متوجہ ہوتا ہوں جو نبیِ رحمت ہیں۔ اے محمد! بے شک میں آپ کے وسیلہ سے اپنے رب کی طرف اپنی اس حاجت میں متوجہ ہوتا ہوں، کہ وہ میرے لیے اسے پوری فرما دے۔ الٰہی ان کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما، اور میرے حق میں میری شفاعت قبول فرما۔" ابن ابی الدنیا نے اپنی سند کے ساتھ یہ بات ذکر کی ہے کہ ایک شخص عبدالملک بن سعید بن حیان بن ابجر کے پاس آیا۔ اس کو پیٹ کی تکلیف ہو گئی۔ عبدالملک نے کہا تجھے ایسی بیماری لگی ہے جو ٹھیک نہیں ہو سکتی۔ اس نے کہا کون سی بیماری؟ کہا اس شخص نے منہ پھیر لیا اور کہا الٰہی! تو میرا رب ہے میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔ اے اللہ! میں تیری طرف تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے متوجہ ہوتا ہوں۔ جو نبیِ رحمت ہیں۔ اے محمد! میں آپ کے وسیلہ سے آپ کے اور اپنے رب کی طرف متوجہ ہوتا ہوں کہ جو بیماری مجھے ہے اس کے متعلق مجھ پر رحم فرمائے۔ ایسی رحمت جس سے میں تیرے غیروں کی رحمت سے بے نیاز ہو جاؤں۔ تین بار۔ پھر وہ شخص ابن ابجر کے پاس آیا اس نے اس کا پیٹ ملاحظہ کر کے کہا۔ تم ٹھیک ہو۔ تمہیں کوئی بیماری نہیں اور اللہ ہی توفیق دینے والا ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے۔ کہنے لگے میرے ماں باپ آپ پر قربان! یا رسول اللہ! یہ قرآن میرے سینے سے نکلا جا رہا ہے، میرے قابو نہیں آ رہا، نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ابوالحسن! میں تمہیں ایسے کلمات نہ سکھا دوں، جن سے اللہ تمہیں بھی فائدہ دے اور جن کو تم سکھاؤ اُن کو بھی، اور جو سیکھو تمہارے دل میں محفوظ ہو جائے۔ عرض کیا، جی ہاں یا رسول اللہ! سکھائیں۔ فرمایا جمعہ کی رات ایک تہائی حصہ باقی ہو تو قیام

marfa.com
Marfat.com

کرو۔ اگر ہو سکے۔ وہ حاضری کا وقت ہے اس میں دُعا قبول ہوتی ہے۔ میرے بھائی حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں سے فرمایا تھا "سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ" "میں عنقریب تمہارے لیے اللہ سے معافی مانگوں گا" یعنی جمعہ کی رات آجائے تو نہیں ہو سکتا تو درمیانے حصہ میں اُٹھو، یہ بھی نہیں تو رات کے پہلے پہر اُٹھو، چار رکعت نفل اس طرح ادا کرو کہ پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسٓ، دوسری میں فاتحہ کے بعد سورۂ حٰمٓ الدخان۔ تیسری رکعت میں فاتحہ اور الٓمٓ تنزیل السجدۃ اور چوتھی رکعت میں فاتحہ اور سورۂ الملک تشہد سے فارغ ہو کر اللہ کی بہترین حمد و ثنا کرو اور مجھ پر بہترین درود و سلام بھیجو۔ اور تمام نبیوں پر بہترین درود و سلام بھیجو مسلمانوں مَردوں، عورتوں اور اپنے ان بھائیوں کے لیے دُعائے مغفرت کرو جو ایمان کے ساتھ تم سے پہلے گزر چکے ہیں۔ آخر میں یُوں دُعا مانگو۔ الٰہی مجھ پر ضرور رحم فرما کہ جب تک مجھے باقی رکھے میں گناہوں سے کنارہ کش رہوں۔ اور مجھ پر ضرور رحم فرما کہ میں فضول کاموں میں مصروف نہ ہوں اور جو اُمور میں تیری رضا ہے۔ ان میں حُسنِ نظر نصیب فرما۔ اے اللہ! زمین و آسمان کو نو پیدا کرنے والے، جلال و عزت و احترام والے۔ جس کا ارادہ نہیں کیا جا سکتا۔ اے اللہ! اے رحمٰن! میں تجھ سے تیرے جلال اور تیرے ذاتی نور کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں، کہ جیسے تو نے مجھے اپنی کتاب کا علم عنایت فرمایا ہے۔ ویسے ہی، میرے دل کو اپنی کتاب کا حصہ عطا فرما۔ اور مجھے اس طرح تلاوت نصیب فرما کہ تو مجھ سے راضی ہو جائے۔ اے اللہ! زمین و آسمان کے نو پیدا کرنے والے۔ اس جلال، عظمت اور عزت کے مالک، جس کا ارادہ نہیں کیا جا سکتا، اے اللہ! اے رحمٰن! میں تیرے جلال اور تیری نورانی ذات کے واسطہ سے، تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ اپنی کتاب سے میری بینائی روشن، زبان چالو اور دل سے رنج و غم دور فرما دے۔ سینہ کھول دے اور میرا بدن دھو دے۔ بے شک تیرے بغیر راہ حق میں کوئی میرا مددگار نہیں۔ اور تیرے سوا کوئی دیتا نہیں۔ بدی سے پھرنے اور نیکی کرنے کی طاقت اللہ

marfa.com
Marfat.com

ہی سے ملتی ہے، جو بلند و برتر ہے:" اے ابوالحسن! اس پر تین، پانچ یا سات بار عمل کر، اللہ کے حکم سے دعا قبول ہوگی۔ اس اللہ کی قسم، جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے، مؤمن کو کبھی مایوس نہیں کرے گی۔" حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا۔ خدا کی قسم حضرت علی رضی اللہ عنہ پر پانچ سات دن گذرے ہوں گے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسی قسم کی مجلس میں تشریف لائے، انہوں نے کہا، یا رسول اللہ! پہلے مجھے صرف چار آیتیں یاد تھیں۔ جب ان کی تلاوت کرتا تو تھک جاتا۔ آج میں چالیس آیتیں یاد کر چکا ہوں۔ جب اپنے طور پر ان کی تلاوت کرتا ہوں تو گویا اللہ تعالیٰ کی کتاب میری آنکھوں کے سامنے ہوتی ہے اور میں حدیثیں سنا کرتا تھا۔ جب میں ان کو دہرانا چاہتا تو زبان سے اتر جاتیں اور اب حدیثیں سنتا ہوں، جب ان کو بیان کرتا ہوں ایک حرف بھی چھوٹتا نہیں۔ اس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا "ربِ کعبہ کی قسم ابوالحسن تم مومن ہو۔" اس کو ترمذی نے اپنی جامع میں اور طبرانی وغیرہ نے بھی روایت کیا ہے۔ المنذری نے کہا، اس حدیث کے طرق یعنی سندیں عمدہ ہیں اور متن بہت غریب ہے۔ ایسا ہی عماد ابن کثیر نے کہا۔ حافظ سخاوی نے کہا، حق یہ ہے کہ اس میں صرف کمزوری یہ ہے کہ اس کو ابن جریج نے عطا سے عنعنہ کے ساتھ نقل کیا ہے۔ یہ فائدہ ہمارے شیخ ابن حجر کا ہے۔ کہا کہ مجھے ایک سے زائد حضرات نے بتایا کہ انہوں نے اس دعا کو آزمایا اور حق پایا ہے۔ سید مرتضیٰ زبیدی نے احیاء العلوم کی شرح میں فرمایا۔ ابوالعباس شرجی نے اپنی کتاب "الفوائد" میں ہمارے متاخرین علماء حنفیہ میں سے بعض کا یہ قول نقل کیا ہے۔ کہ جس کی اللہ تعالیٰ کے ہاں کوئی حاجت ہو۔ وہ چار رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس بار سورۂ اخلاص، دوسری میں سورۂ فاتحہ کے بعد بیس مرتبہ سورۂ اخلاص، تیسری میں سورۂ فاتحہ کے بعد تیس مرتبہ سورۂ اخلاص۔ چوتھی میں سورۂ فاتحہ کے بعد چالیس بار سورۂ اخلاص۔ فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھے۔ اے اللہ! تیری ذات پُر نور اور جلال کا واسطہ اور اس اسمِ اعظم

marfa.com
Marfat.com

اور تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطہ، میرا تجھ سے سوال ہے کہ میری حاجت پوری ہو، اور میری مراد و امید تک پہنچا دے اور یہ دعا مانگے قبول ہوگی۔ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ - اَللّٰهُ - اَللّٰهُ - اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ، اَللّٰهُ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

ترجمہ: "اللہ ہے۔ اللہ ہے۔ اللہ ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ ایک ہے۔ بے نیاز۔ اللہ ہے۔ اللہ ہے۔ اللہ ہے اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، زمین و آسمان کو نو پیدا کرنے والا۔ جلال و عزت کا مالک۔"

میں تجھ سے تیرے پاکیزہ، مشہور، معزز، بابرکت، پاک ناموں کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں، ایسے نام جو نور پر نور وہ نور جو نور کے اوپر ہے۔ ایسا نور جو نور پر ہے۔ ایسا نور جو نور کے نیچے ہے۔ آسمانوں و زمین کا نور، عرش عظیم کا نور، تیری پر نور ذات کا سوال ہے، اور تیری کھلی سلطنت اور مضبوط طاقت و قوت کا سوال ہے۔ سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، زمین و آسمانوں کا نو پیدا کرنے والا۔ جلال و عزت والا، اے اللہ! اے اللہ! اے اللہ! اے پروردگار! اے پروردگار! اے پروردگار! یا ربنا! یا ربنا! یا ربنا! میرے گناہ بخش دے، میرے دشمن کے مقابلہ میں میری مدد فرما، میری حاجت پوری فرما، دنیا و آخرت میں اور اللہ درود و سلام نازل فرمائے ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر۔

الشرجی نے کہا محمد بن دستوریہ سے مروی ہے کہ میں نے امام شافعی رحمۃ اللہ کی کتاب میں ان کے ہاتھ سے لکھی ہوئی نماز حاجت دیکھی ہے، جو ہزار حاجت کے لیے ہے۔ جو حضرت خضر علیہ السلام نے ان کو بعض بندوں کے لیے سکھائی۔ دو رکعت نفل اس

marfa.com
Marfat.com

طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد دس بار سورۂ کافرون، دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد دس بار سورۂ اخلاص، پھر سلام کے بعد سجدہ کرے اور سجدے میں دس بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے اور دس بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھے، اور دس بار رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ پڑھے۔ پھر اللہ سے اپنی حاجت مانگے انشاءاللہ پوری ہوگی۔

شیخ ابوالقاسم حکیم نے کہا میں نے ایک عبادت گذار کے پاس قاصد بھیجا کہ وہ یہ وظیفہ مجھے بتا دے۔ پھر اس نے مجھے اس کی تعلیم دی، میں نے اس پر عمل کیا اور اللہ سے حکمت کا سوال کیا۔ اس نے مجھے عطا فرمائی اور میری ایک ہزار حاجت پوری فرمائی۔ حکم کہتے ہیں۔ جو کوئی اس پر عمل کرنا چاہے وہ جمعرات کو غسل کر کے صاف کپڑے پہنے۔ اور سحری کے وقت اس پر عمل کرے اور قضائے حاجت کی نیت کرے۔ انشاءاللہ حاجت پوری ہوگی۔ طبرانی نے باب الدعا میں محمد بن جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن ابوطالب رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے کہ میرے والد کو جب کوئی پریشانی لاحق ہوتی، وضو کر کے دو نفل ادا کرتے۔ نماز کے بعد کہتے، الٰہی! ہر مصیبت میں تو میرا سہارا ہے، اور ہر سختی میں تو میری اُمید ہے اور ہر مشکل میں جو مجھ پر پڑے تو ہی میرا آسرا و بھروسہ ہے۔ کتنی ہی مصیبتیں ہیں جن سے دل کمزور ہو جاتا ہے۔ چارہ نہیں چلتا۔ دوست منہ موڑ لیتا ہے۔ دشمن خوش ہوتا ہے میں نے اسے تیری بارگاہ میں پیش کیا اور تجھ سے اس کا شکوہ کیا تو نے اسے ختم کیا اور مشکل حل فرما دی۔ تو ہی ہر حاجت پوری کرنے والا ہے۔ ہر نعمت عطا فرمانے والا ہے۔ تو نے ہی لڑکے کو اس کے والدین کی نیکی کے صدقے بچایا۔ مجھے بھی اسی طرح بچا لے، جس طرح تو نے اسے بچایا۔ اور مجھے ظالم لوگوں کے لیے آزمائش نہ بنا۔ الٰہی! میں تیرے ہر نام کے واسطہ سے سوال کرتا ہوں جسے تو نے اپنی کتاب میں ذکر کیا۔ یا اپنی کسی مخلوق کو سکھایا۔

marfa.com
Marfat.com

یا تیرے علمِ غیب میں وہ محفوظ ہے اور میں تجھ سے سوال کرتا ہے۔ تیرے بزرگ بزرگ بزرگ نام کا صدقہ۔ جس کے وسیلہ سے جب بھی تجھ سے سوال کیا جائے تو لازمی طور پر اپنے فضل و کرم سے عطا فرماتا ہے۔ کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر درود وسلام نازل فرما۔ اور میرا تجھ سے سوال ہے کہ میری حاجت پوری فرما۔ اور جو حاجت ہے مانگے۔

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جو کوئی قرآن کریم کی سو آیتیں پڑھ کر ہاتھ اٹھائے اور کہے۔ سبحان اللہ۔ سبحان اللہ سبحان اللہ ولعا سبحانہ وھو العلی العظیم۔ وہ اپنی زمین اور آسمانوں میں پاک ہے، نیچے والی زمینوں میں اسی کی پاکی بولی جاتی ہے۔ عرشِ عظیم پر اسی کی پاکی بولی جاتی ہے۔ وہ پاک ہے، اسی کے لیے حمد وثنا ہے۔ ایسی جو ختم نہ ہو۔ بوسیدہ نہ ہو۔ ایسی حمد جو اس کی رضا تک پہنچے۔ اس کی انتہا تک نہ پہنچے۔ ایسی حمد وثنا جو لامحدود ہو۔ بے انتہا ہو، جس کا بیان معلوم نہ ہو سکے۔ اسے پاکی، اس کے قلم کے شمار کے برابر، اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔ اللہ کے سوا کوئی مستحق عبادت نہیں۔ انصاف قائم فرمانے والا۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی غالب حکمت والا ہے۔ ایک تنہا۔ بے نیاز۔ نہ کسی کو جنا، نہ خود جنا گیا۔ نہ اس کے برابر کوئی۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے۔ بہت بڑا۔ جلیل القدر۔ عظیم۔ علم والا۔ جرأت والا۔ کبریائی والا۔ بلندی والا۔ نعمتوں والا۔ اور سب تعریف اللہ پروردگار جہان کے لیے۔

الٰہی! تو نے مجھے پیدا کیا، جب کہ میں کوئی قابلِ ذکر چیز نہ تھا۔ سو تیرا شکریہ۔ تو نے مجھے صحیح مرد بنایا، سو تیرا شکر ہے۔ تو نے مجھے ایسا بنایا کہ میں تیری جلدی میں تاخیر اور تیری تاخیر میں جلدی نہیں چاہتا۔ میں تجھ سے تمام بھلائی مانگتا ہوں، فوری بھی اور میعادی بھی۔ جسے جانتا ہوں اور جسے نہیں جانتا۔ الٰہی! مجھے کان و آنکھ سے فائدہ نصیب فرما، اور ان دونوں کو میرا وارث بنا دے۔ الٰہی! میں تیرا بندہ اور تیرے بندے بندی کا بیٹا ہوں۔ تیرے حکم پر چلنے والا ہوں۔ مجھ پر انصاف سے اپنا حکم چلا۔ میں تجھ سے تیرے ان ناموں کا صدقہ

marfa.com
Marfat.com

مانگتا ہوں جو تُو نے خود مقرر کیے ہیں اور اپنی کسی کتاب میں نازل کیے ہیں یا اپنی کسی مخلوق کو سکھائے ہیں، یا اپنے پاس اپنے غیبی علم میں مخصوص کر رکھے ہیں۔ کہ محمد اور آلِ محمد پر درود بھیج اور قرآن کو میرے سینے کا نور کر دے۔ دل کی بہار، غم کا ازالہ، اور رنج کا خاتمہ کر دے۔ پھر جو چاہے دعا مانگے۔ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ قبول فرمائے گا۔" اس کو النمیری نے روایت کیا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ جس کو بھول جانے کا ڈر ہو، وہ کثرت سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے"۔ اس کو ابن بشکوال نے منقطع سند کے ساتھ روایت کیا۔

حضرت حسن بصری نے کہا غم والم دور کرنے کی دعا یہ ہے: اے ابراھیم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ روکنے والے، بیٹے کے ذبح کرنے سے۔ اے ویرانے اور اندھے کنوئیں میں یوسف صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قافلہ بھیجنے والے! اور ان کو غلامی کے بعد بادشاہ نبی بنانے والے۔! اے ذوالنون (یونس علیہ السلام) کی دعا تین اندھیروں میں سننے والے! ایک گہرے سمندر کا اندھیرا، دوسرا رات اور تیسرا مچھلی کا پیٹ کا اندھیرا۔ اے یعقوب کا غم ختم کرنے والے! اور اے داؤد کے آنسوؤں پر ترس کھانے والے! اور اے ایوب کی تکلیف دور فرمانے والے! اے سبوں کی دعائیں سننے والے! اے غمزدوں کے غم دور کرنے والے! محمد اور آل محمد پر درود بھیج! اور تجھ سے میرا سوال ہے کہ میرے ساتھ ایسا ایسا کر"۔ اس کو الدینوری نے "المجالسۃ" میں بیان کیا۔

علامہ زمخشری کا فرمان

علامہ زمخشری نے اپنی کتاب "ربیع الابرار" میں بیان کیا کہ ایک شخص عبدالملک بن مروان سے کسی وجہ سے ڈر گیا۔ یہاں تک کہ کسی جگہ ٹھہرتا نہ تھا۔ اثنائے سفر میں ایک وادی میں اسے ہاتف غیبی نے آواز دی، درندوں سے بچ کر کہاں جاؤ گے؟ اس نے کہا، کون سے درندے؟ اللہ تجھ پر رحم کرے۔ اس نے یہ کلمات پڑھے "پاکی اس یکتا کو جس

marfa.com
Marfat.com

کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس دائم کو پاکی جو ختم نہ ہوگا۔ اس قدیم کو پاکی جس کی ابتدا نہیں۔ پاکی اس کو جو زندہ کرے اور مارے، پاکی اُسے جو ہر دن کی نئی شان میں ہوتا ہے۔ پاکی اسے جو نظر آنے والی اور نظر نہ آنے والی اشیا کو پیدا کرتا ہے۔ پاکی اسے جو ہر شے کو بغیر تعلیم سکھلایا۔ الٰہی ان کلمات اور ان کی حُرمت کے صدقے میرا تجھ سے سوال ہے کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج! اور میرے ساتھ یہ سلوک کر۔ اس نے یہ کلمات کہے تو اللہ نے اس کے دل میں اطمینان پیدا کر دیا۔ وہ فوراً باہر نکلا اور عبدالملک سے جا ملا۔ اس نے اسے امن و صلہ عطا کیا۔

مقتول با محفوظ؟

ابن الطحان نے احمد بن الطبرانی سے روایت کی کہ میرے باپ نے مجھے یہ بات بتائی کہ میں احمد بن طولون کے پاس ایک دن بیٹھا تھا۔ اس نے ایک شخص کو مناظرہ کرنے کے لیے منگوایا۔ اس نے مناظرہ کیا اور اپنے حاجب کو اسے قتل کرنے کا حکم دیا، اور کہا کہ اس کا سر کاٹ کر میرے پاس لاؤ۔ اس نے اسے پکڑا اور لے گیا۔ کافی وقت گزار کر واپس خالی ہاتھ آ گیا۔ اس نے پوچھا کہ رحم کے ساتھ کیا کیا گیا ہے؟ حاجب نے کہا اے امیر! جان کی امان پاؤں تو عرض کروں۔ امیر نے امان دے دی۔ کہا میں اس شخص کو آپ کے حکم کے مطابق قتل کرنے کے لیے لے جا رہا تھا، ایک خالی مکان میں لے کر گیا۔ اس نے مکان کے اندر جا کر مجھ سے دو نفل ادا کرنے کی اجازت مانگی۔ مجھے اللہ سے شرم آئی کہ اسے اس سے منع کروں۔ لہٰذا میں نے اجازت دے دی۔ وہ مکان کے اندر چلا گیا۔ جب زیادہ وقت گذر گیا، تو میں مکان میں داخل ہو گیا لیکن مجھے وہاں کوئی انسان نہ ملا۔ اس میں کوئی کھڑکی وغیرہ نہ تھی۔ امیر نے پوچھا تم نے اس سے کوئی بات سُنی تھی۔ کہا کہ ہاں، ہاتھ اٹھائے انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے کہہ رہا تھا، اے لطیف! جو تو چاہے۔ اے جو چاہے کر گزرنے والے! محمد اور ان کی آل پر درود بھیج اور اسی وقت مجھ پر لطف فرما۔ اور اس کے ہاتھوں سے مجھے چھڑا لے۔ احمد نے اس سے

marfa.com
Marfat.com

مانگتا ہوں جو تُو نے خود مقرر کیے ہیں اور اپنی کسی کتاب میں نازل کیے ہیں یا اپنی کسی مخلوق کو سکھائے ہیں، یا اپنے پاس اپنے غیبی علم میں مخصوص کر رکھے ہیں۔ کہ محمد اور آلِ محمد پر درود بھیج اور قرآن کو میرے سینے کا نور کر دے۔ دل کی بہار، غم کا ازالہ، اور رنج کا خاتمہ کر دے۔ پھر جو چاہے دعا مانگے۔ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ قبول فرمائے گا۔" اس کو النمیری نے روایت کیا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ جس کو بھول جانے کا ڈر ہو، وہ کثرت سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے"۔ اس کو ابن سنی کوال نے منقطع سند کے ساتھ روایت کیا۔

حضرت حسن بصری نے کہا غم والم دور کرنے کی دعا یہ ہے: اے ابراھیم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ روکنے والے، بیٹے کے ذبح کرنے سے۔ اے ویرانے اور اندھے کنوئیں میں یوسف صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قافلہ بھیجنے والے! اور ان کو غلامی کے بعد بادشاہ نبی بنانے والے۔! اے ذوالنون (یونس علیہ السلام) کی دعا تین اندھیروں میں سننے والے! ایک گہرے سمندر کا اندھیرا، دوسرا رات اور تیسرا مچھلی کا پیٹ کا اندھیرا۔ اے یعقوب کا غم ختم کرنے والے! اور اے داؤد کے آنسوؤں پر ترس کھانے والے! اور اے ایوب کی تکلیف دور فرمانے والے! اے سبوں کی دعائیں سننے والے! اے عمزدوں کے غم دور کرنے والے! محمد اور آل محمد پر درود بھیج! اور تجھ سے میرا سوال ہے کہ میرے ساتھ ایسا ایسا کر"۔ اس کو الدینوری نے "المجالسۃ" میں بیان کیا۔

علامہ زمخشری کا فرمان

علامہ زمخشری نے اپنی کتاب "ربیع الابرار" میں بیان کیا کہ ایک شخص عبدالملک بن مروان سے کسی وجہ سے ڈر گیا۔ یہاں تک کہ کسی جگہ ٹھہرتا نہ تھا۔ اثنائے سفر میں ایک وادی میں اسے ہاتف غیبی نے آواز دی، درندوں سے بچ کر کہاں جاؤ گے؟ اس نے کہا، کون سے درندے؟ اللہ تجھ پر رحم کرے۔ اس نے یہ کلمات پڑھے "پاکی اس یکتا کو جس

marfa.com
Marfat.com

کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس دائم کو پاکی جو ختم نہ ہوگا۔ اس قدیم کو پاکی جس کی ابتدا نہیں۔ پاکی اس کو جو زندہ کرے اور مارے، پاکی اُسے جو ہر دن کی نئی شان میں ہوتا ہے۔ پاکی اسے جو نظر آنے والی اور نظر نہ آنے والی اشیا کو پیدا کرتا ہے۔ پاکی اسے جو ہر شے کو بغیر تعلیم سکھلایا۔ الٰہی ان کلمات اور ان کی حُرمت کے صدقے میرا تجھ سے سوال ہے کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج! اور میرے ساتھ یہ سلوک کر۔ اس نے یہ کلمات کہے تو اللہ نے اس کے دل میں اطمینان پیدا کر دیا۔ وہ فوراً باہر نکلا اور عبدالملک سے جا ملا۔ اس نے اسے امن و صلہ عطا کیا۔

مقتول با محفوظ؟

ابن الطحان نے احمد بن الطبرانی سے روایت کی کہ میرے باپ نے مجھے یہ بات بتائی کہ میں احمد بن طولون کے پاس ایک دن بیٹھا تھا۔ اس نے ایک شخص کو مناظرہ کرنے کے لیے منگوایا۔ اس نے مناظرہ کیا اور اپنے حاجب کو اسے قتل کرنے کا حکم دیا، اور کہا کہ اس کا سر کاٹ کر میرے پاس لاؤ۔ اس نے اسے پکڑا اور لے گیا۔ کافی وقت گزار کر واپس خالی ہاتھ آ گیا۔ اس نے پوچھا کہ رحم کے ساتھ کیا کیا گیا ہے؟ حاجب نے کہا اے امیر! جان کی امان پاؤں تو عرض کروں۔ امیر نے امان دے دی۔ کہا میں اس شخص کو آپ کے حکم کے مطابق قتل کرنے کے لیے لے جا رہا تھا، ایک خالی مکان میں لے کر گیا۔ اس نے مکان کے اندر جا کر مجھ سے دو نفل ادا کرنے کی اجازت مانگی۔ مجھے اللہ سے شرم آئی کہ اُسے اس سے منع کروں۔ لہٰذا میں نے اجازت دے دی۔ وہ مکان کے اندر چلا گیا۔ جب زیادہ وقت گذر گیا، تو میں مکان میں داخل ہو گیا۔ لیکن مجھے وہاں کوئی انسان نہ ملا۔ اس میں کوئی کھڑکی وغیرہ نہ تھی۔ امیر نے پوچھا تم نے اس سے کوئی بات سُنی تھی۔ کہا کہ ہاں، ہاتھ اٹھائے انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے کہہ رہا تھا، اے لطیف! جو تو چاہے۔ اے جو چاہے کر گزرنے والے! محمد اور ان کی آل پر درود بھیج اور اسی وقت مجھ پر لطف فرما۔ اور اس کے ہاتھوں سے مجھے چھڑا لے۔ احمد نے اس سے

marfa.com
Marfat.com

کہا، تُو نے سچ کہا، یہ دعا مقبول ہے۔

امام قُرطبی کا ارشاد

امام قرطبی نے اپنی تفسیر (الجامع لاحکام القرآن۔ المعروف بہ تفسیر قرطبی) میں فرمایا، جو کوئی زمین میں بیج ڈالے اس کے لیے مستحب ہے کہ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ——— آیت کے بعد کہے بلکہ اللہ ہی کھیتی اُگانے اور کمال تک پہنچانے والا ہے۔ الٰہی! محمدؐ اور آل محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر درُود بھیج اور اس کا پھل ہم کو نصیب کر، اور اس کے ضرر سے ہم کو بچا اور ہم کو ان کی نعمتوں کا شکر گذار کر دے۔ فرمایا کہا گیا ہے۔ کہ یہ بات اس کھیتی کے لیے تمام آفات سے امان ہے۔ مثلاً کیڑا مکوڑی وغیرہ سے یہ بات ہم نے قابلِ اعتماد لوگوں سے سُنی ہے۔ تجربہ کیا گیا اور ویسا ہی پایا گیا ہے۔" یہ بات قسطلانی نے کہی اور ابن بشکوال نے عبدالقدوس رازی سے نقل کیا، کہ وہ ایک شخص کی تعریف کرتے تھے کہ وہ بہت کم سوتا تھا، فرمایا جب سونا چاہو تو پڑھو۔ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔ "بینگن پر لکھا جائے اور دھو کر پیا جائے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ فَهِّمْنِيْ عِلْمَ الشَّرِيْعَةِ وَالطَّرِيْقَةِ وَالْحَقِيْقَةِ وَاسْتَعْمِلْنِيْ بِهَا بِحَقِّ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ"۔ الخ

ترجمہ: "اللہ کے نام سے شروع جو رحم فرمانے والا مہربان ہے۔ الٰہی! مجھے علمِ شریعت، علمِ طریقت اور علمِ حقیقت سکھا، سمجھا دے اور اس پر عمل پیرا کر دے۔ صدقہ ہمارے آقا محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا اور آپ کی آل و اصحاب، سب کا۔"

علامہ نورالدین علی سمہودی نے اپنی کتاب "جواھر العقدین فی فضل الشرفین"،

marfa.com
Marfat.com

میں حافظ ابو عبداللہ محمد مظفر الزرمذی المدنی کی کتاب "نظم درر السمطین" کے حوالہ سے امام جعفر بن محمد الباقر عن ابیہ عن جدہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ سرکار نے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے فرمایا، جب کسی ہولناک واقعہ سے دوچار ہو تو کہو اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ، الٰہی محمدؐ اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نازل فرما۔ الٰہی محمدؐ اور آل محمد صلی اللہ علیہ وعلیہم وسلم کے حق ہونے کے وسیلہ سے سوال ہے کہ جس چیز سے میں ڈرتا ہوں اور بچنا چاہتا ہوں، اس میں میری مدد فرما۔ کہ تو ہی میری مشکل حل کر سکتا ہے" الخ میں نے بعض مجموعوں میں یہ عبارت لکھی دیکھی ہے، کہ شیخ ابوالعباس احمد بن محمد بن حسن اللوانی نے ہمیں خبر دی، کہا کہ ہمیں ابوالحسین یحییٰ بن محمد المعروف بہ ابن الصائغ خبر دی۔ کہا خبر دی ہم کو ابوالقاسم بن خلف بن عبدالملک بن مسعود بن بشکوال نے کہا ہمیں خبر دی ابوالحسن بن عبدالرحمٰن ہمارے ساتھی نے، تحریر میں نے ان کے سامنے پڑھی کہ خبر دی ہم کو ابوالقاسم بن صواب نے سن کر، خبر دی ہم کو ابومروان عبدالملک بن زیادۃ اللہ الطبنی نے، ہم کو خبر دی ابوالقاسم بن بزار نے، ہم کو خبر دی محمد بن علی بن محمد بن صخر ازدی ابوالحسن نے، بیان کیا ہم سے ابوالحسن نے، بیان کیا ہم سے ابوعیاض احمد بن محمد ابن الحسین بن احمد القطان المحتسب بلخی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ میں۔ وہ بہت سچا تھا۔ ہم کو خبر دی محمد بن ہارون ہاشمی نے ہم سے بیان کیا محمد یحییٰ المازنی نے، ہمیں بتایا موسیٰ بن سہل نے ربیع سے روایت کیا کہ۔

امام جعفر صادق اور منصور

جب ابوجعفر منصور تخت خلافت پر متمکن ہوا، مجھے کہا ربیع! جعفر بن محمد کو میرے پاس لاؤ۔ کہا میں اس کے سامنے سے اٹھ گیا، میں نے (دل میں) کہا اسے کس مصیبت میں ڈالنا چاہتا ہے؟ ویسے میں نے اس کے سامنے ظاہر یہی کیا کہ اس کے حکم پر عمل کر رہا ہوں۔ تھوڑی دیر بعد میں حاضر ہوا (ابوجعفر نے) کہا میں نے تجھے کہا نہیں، کہ جعفر

marfa.com
Marfat.com

بن محمدؐ کو میرے پاس لاؤ ؟ یا اسے لاؤں، یا میں تمہیں بُری طرح قتل کر دُوں گا۔ کہا میں اس کے پاس گیا، اور کہا اے ابوعبداللہ! امیرالمومنین کے پاس تشریف لائیے۔ وہ میرے ہمراہ اُٹھ کھڑے ہوئے۔ پھر جب ہم دروازے کے قریب پہنچے۔ کھڑے ہو گئے اور ہونٹوں کو حرکت دی۔ پھر اندر داخل ہوئے اور (منصور) کو سلام کیا۔ لیکن اس نے جواب نہیں دیا۔ آپ کھڑے رہے اس نے بٹھایا نہیں، پھر سر اُٹھا کر کہنے لگا، جعفر! تم ہو جنہوں نے افتراق و انتشار پھیلا رکھا ہے حالانکہ مجھے میرے باپ نے اپنے باپ اور انہوں نے دادے سے یہ روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن غدار کے لیے جھنڈا نصب کیا جائے گا جس سے وہ پہچانا جائے گا۔ جعفر نے کہا میرے باپ نے اپنے باپ اور انہوں نے دادے سے یہ روایت نقل کی۔ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن عرش کے اندر سے منادی اعلان کرے گا۔ خبردار جس کا اجر اللہ کے ذمے ہے وہ کھڑا ہو جائے، سو اللہ کے بندوں میں سے صرف وہ کھڑے ہوں گے جو فضل و کرم کرنے والے ہوں گے۔ برابر یہی کلام دہراتے رہے یہاں تک کہ اس کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا، اور نرم ہو گیا کہنے لگا ابوعبداللہ! بیٹھیے۔ ابوعبداللہ! اُونچی جگہ پر بیٹھیے۔ پھر اس نے تیل کی ایک قیمتی شیشی منگوائی، اور اپنے ہاتھ سے ان کو تیل لگانا شروع کیا۔ تیل کے قطرے امیرالمومنین کے آگے گرتے تھے۔ پھر کہا ابوعبداللہ! اللہ کی حفاظت میں تشریف لیجائیے۔ اور مجھے کہا ربیع! ابوعبداللہ کے پیچھے جاؤ اور ان کو دُونا دُون انعام دو۔ کہا میں باہر نکلا اور عرض کیا، ابوعبداللہ! آپ کو معلوم ہے کہ مجھے آپ کے ساتھ کتنی محبت ہے۔ فرمایا تم تو میرے ہو۔ مجھ سے میرے والد نے انہوں نے اپنے والد اور انہوں نے اپنے دادا سے روایت بیان کی۔ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قوم کا مولیٰ انہی میں سے ہوتا ہے۔ میں نے کہا اے ابوعبداللہ! میں وہاں حاضر تھا جہاں آپ نہیں تھے اور میں نے وہ کچھ سُنا جو آپ نہیں سُنا۔ جب آپ آئے تو میں نے دیکھا کہ آپ کے ہونٹ حرکت کر

marfa.com
Marfat.com

رہے تھے۔ فرمایا ہاں میں دعا کر رہا تھا، کہا آپ نے منصور کے پاس آتے وقت اپنی طرف سے کوئی دُعا پڑھی، یا اپنے پاکیزہ آباؑ سے حاصل کی؟ فرمایا نہیں بلکہ مجھ سے میرے والد ان سے ان کے والد اور انہوں نے اپنے دادا سے یہ روایت کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر جب کوئی مشکل وقت آتا تو یہ دُعا کرتے اور فرماتے، یہ دُعا مشکل کشا ہے۔ دُعا یہ ہے۔ "یا اللہ میری حفاظت فرما، اپنی اس آنکھ سے جو سوتی نہیں۔ اور مجھے اپنی اس پناہ میں رکھنا، جس کا ارادہ نہیں کیا جا سکتا۔ اور اپنی قدرت سے مجھ پر رحم فرما۔ تُو ہی میری پناہ و اُمید۔ کتنی ہی نعمتیں تو نے مجھ پر کیں جن کے عوض میں نے تیرا کم شکر کیا۔ اور کتنی آزمائشوں میں تُو نے مجھے ڈالا، جن پر میں نے کم صبر کیا۔ سوائے وہ ذات، جس کی نعمت کے بدلے میرا شکر کم ہے پھر بھی مجھے محروم نہ رکھا۔ اور اے وہ ذات! جس کے امتحان کے آگے میرا صبر کم ہے پھر بھی مجھے بے آسرا نہ چھوڑا۔ اور اے وہ کہ مجھے خطاوار دیکھ کر بھی رسوا نہ کیا۔ میرا تجھ سے سوال ہے کہ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر درُود بھیج جیسے تُو نے درُود و رحمت برکت نازل فرمائی ابراھیم پر، بے شک تو ستودہ بزُرگ ہے۔ الٰہی! دنیا کے بدلے میرے دین میں میری مدد فرما! اور تقویٰ سے میری آخرت کی مدد فرما اور جو کچھ مجھ سے غائب ہے اس سے میری حفاظت فرما۔ اور جو کچھ میرے سامنے ہے اس کے بارے میں مجھے میرے نفس کے سپُرد نہ فرما۔ اے وہ کہ گناہ جس کا کچھ نہ بگاڑ سکیں اور بخشش جس کا نقصان نہ کر سکے مجھے وہ کچھ بخش دے جو تیرا نقصان نہ کرے۔ اور میرے وہ گناہ بخش دے جو تیرا کچھ نہ بگاڑ سکیں۔ الٰہی! کہ لوگوں سے مجھے بے پرواہ کر دے۔ نیکی کرنے اور بُرائی سے بچنے کی توفیق صرف اللہ بزُرگ و برتر کی مدد و حمایت سے ہے"۔

ربیع نے کہا میں نے اسے جعفر بن محمدؐ سے لکھا ہے اور وہ تحریر میرے جیب میں موجود ہے۔ مُوسیٰ بن سہل نے کہا میں نے اسے ربیع سے لکھا ہے اور تحریر میرے جیب میں ہے، محمدؐ بن یحییٰ نے کہا میں نے اسے مُوسیٰ سے نقل کیا ہے اور وہ میرے جیب میں ہے۔

marfa.com
Marfat.com

ابوالحسن علی بن حسین نے کہا میں نے اسے محمد بن ہارون سے لکھا ہے جو میرے جیب میں ہے۔ احمد بن منصور نے کہا میں نے اسے علی بن حسین سے لکھا جو میرے جیب میں ہے۔ ابوعیاض احمد بن محمد الہروی نے کہا میں نے اسے احمد بن منصور سے لکھا ہے، جو میرے جیب میں ہے۔ محمد بن علی بن صخر نے کہا میں نے اسے ابوعیاض سے لکھا، اور اس کا نسخہ میں نے اپنے جیب میں رکھا ہے۔ ابوالقاسم بن بندار نے کہا قاضی بن صخر ابوالحسن کے ہاتھ سے لکھا ہوا نسخہ میرے پاس ہے۔ ابومروان نے کہا مجھے دے دیں، پھر میں نے اسے ابن بندار ابوالقاسم سے نقل کیا، اور وہ میرے پاس موجود ہے۔ ابوالقاسم بن صواب نے کہا، میں نے اسے ابومروان عبدالملک الطینی سے لکھا ہے۔ اور وہ میرے پاس ہے۔ ابوالحسن محمد بن عبدالرحمٰن نے کہا میں نے اسے ابوالقاسم بن صواب سے لکھا اور اب میرے پاس ہے۔ ابوالقاسم بن بشکوال نے کہا میں نے اسے ابوالحسن محمد بن عبدالرحمٰن سے لکھا جو میرے پاس موجود ہے۔ شیخ ابوالحسین بن الصائغ نے کہا میں نے اسے ابوالقاسم بن بشکوال سے لکھا جو میرے پاس ہے۔ اور ہمیں وہ نسخہ دکھایا۔

ہمارے شیخ ابوالعباس اللہ ان کی مدد فرمائے، نے فرمایا میں نے اسے ابوالحسین سے لکھا، اور وہ میرے پاس ہے اور ہمیں وہ نسخہ دکھایا۔ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

مذکورہ تحریرات سے یہ تمام دعا پڑھے اور اس کو جیسا کہ اس میں تصریح ہے۔ علی بن ابراھیم بن سوار بوسیری سے ملائے اور اس کو ابن نعمان المزالی نے مذکورہ وجوہ سے پڑھا ہے۔ اور تمام سلسلہ بیان کیا ہے۔ اور ہمارے شیخ الاسلام برکت الانام محمد سبھائی خادم سنت سے علاقہ دمیاط کی سرحد پر متصل سند ذکر کی۔ ان کو شیخ ابراہیم کورانی مدنی سے اجازت تھی۔ ان کو شیخ احمد قشاشی مدنی سے، ان کو شمس محمد بلی سے، ان کو شیخ الاسلام زکریا انصاری سے ان کو حافظ ابوالفضل احمد بن علی بن حجر عسقلانی سے

marfa.com
Marfat.com

ان کو ابن النعمان کے اصحاب سے۔

پھر میں نے اس کو علامہ شیخ محمد عابد بن احمد علی انصاری خزرجی سندی پھر مدنی کے رسالہ مسمّٰی بہ "حصر الشارد من اسانید محمد عابد" میں ایک اور سند کے ساتھ لکھا دیکھا۔ جو پہلی سند کے ساتھ ابوالحسن محمد بن علی ازدی پر جا کر مل جاتی ہے۔ شیخ محمد عابد مذکور جنہوں نے یہ تمام سلسلہ ذکر کیا ہے، نے کہا میں نے جتنے راویوں کے نام لکھے ہیں، سب میرے جیب میں محفوظ ہیں۔ میں اسے سید عبدالرحمٰن بن سلمان بن یحییٰ بن عمر مقبول الاہدل عن سید ابی بکر بن علی البطاح عن سید یوسف بن محمد البطاح الاہدل عن السید طاہر بن حسین الاہدل عن الحافظ عبدالرحمٰن ابن الدیبغ عن الشمس محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی، کہا ہم کو خبر دی دو شیخوں ابوالسحاق ابراھیم بن علی البصادی اور کاتبہ مریم بنت علی بن عبدالرحمٰن نے۔ دوسری نے کہا ہمیں خبر دی محب محمد بن احمد الطبری نے سن کر۔ اور عبداللہ بن سلیمان مکی نے اجازت دے کر اگرچہ سن کر نہیں دی۔ پہلی نے کہا ہم کو خبر دی ابوالسادۃ عبداللہ بن اسعد الیافعی نے اس نے اور مکی نے کہا ہم کو خبر دی الرضی ابواسحاق طبری نے کہا، ہم کو بتایا محب احمد بن عبداللہ الطبری نے۔ ہم کو خبر دی تقی ابوالحسن علی بن بکر طبری نے، کہا ہم کو خبر دی تقی ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بن ابی الصیف فقیہ نے، ہم کو خبر دی حافظ ابوالحسن علی بن مفضل مقدسی نے۔ میرے پہلے شیخ جو سب سے زیادہ عالم ہیں، نے کہا ہم کو خبر دی امام محمد ابوطاہر فیروز آبادی نے، اوپر چل کر عبدالرحمٰن بن عمر نے بھی کہا۔ ہم کو خبر دی شریف ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن دیباجی نے، ہم کو بتایا ابوعبداللہ محمد بن حسین بن صدقہ بن سلیمان اسکندری نے ہم سے بیان کیا ابوالحسین علی بن ابراہیم عاقولی شافعی نے، ہم سے بیان کیا قاضی ابوالحسن محمد بن علی بن صحرا ردی نے۔ پہلی سند کے آخر تک۔ ان تمام راویوں نے کہا میں نے اسے فلاں سے لکھا اور اب وہ میرے جیب میں ہے۔ یہاں تک کہ محمد

marfa.com
Marfat.com

عابد صاحب ثبت مذکور نے کہا میں نے اسے اپنے شیخ سیّد عبدالرحمٰن بن سلیمان سے لکھا اور انہوں نے مجھے اس کی اجازت دی۔ کہا اس حدیث کو دیلمی نے الفردوس میں ان الفاظ سے نقل کیا ہے۔ اے علی! جب کوئی مسئلہ پیش آجائے تو کہنا اے اللہ میری حفاظت فرما اپنی اس آنکھ سے جو سوتی نہیں آخر تک۔ اس کو ابن ابی الدنیا نے کتاب "الفرج بعد الشدۃ" میں بھی ذکر کیا ہے۔" الخ

علامہ ابن الحاج کا ارشاد

ابن الحاج نے کتاب "المدخل" میں فرمایا کہ لوگ ایک بڑی مصیبت میں پڑ گئے آپ (ابن الحاج) نے اس کی شکایت اپنے شیخ عارف باللہ ابن ابی جمرہ مولّف مختصر البخاری سے کی۔ انہوں نے خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپ نے ایک شخص کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ یہ سو بار سبحان اللہ، سو بار الحمد للہ۔ اور سو بار اللہ اکبر۔ پڑھیں۔ اور کہیں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ سو بار۔ اور سو بار پڑھیں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ۔ پھر بارہ رکعت نفل پڑھے اور جو چاہے دعا مانگے۔ پھر دو رکعت نفل ادا کرے پھر آخر میں پچاس آیتیں اور سورہ بقرہ کی آخری آیتیں پڑھے۔ پھر چوبیس ۲۴ رکعت نفل ادا کر کے یہ دعا مانگے۔ الٰہی! کھولنا تو بس تیرا کھولنا ہے، سو ہم سے ہر مشکل و سختی کھول دے، اے وہ کہ جس کے ہاتھ میں کھولنے کی کنجیاں ہیں۔ اور جو جن و انسان ہمیں برائی پہنچانا چاہے اس کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما اور اپنے مضبوط دستِ قدرت و اذن سے، اس کو ہم سے دور فرما دے۔ بے شک تو ہر چاہے پر قادر ہے۔" اس نے اس پر عمل کیا تو اس شخص کی مشکل جاتی رہی، اور ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مذکورہ خواب میں جس میں آپ نے مذکورہ تسبیح و نماز و دعا کا فرمایا، یہ بھی فرمایا کہ جو کوئی صدق دل سے اس پر عمل کرے گا۔ اللہ اسی دن اس کی کوئی اور کیسی ہی مشکل کیوں نہ ہو دور فرمائے گا۔" الخ

marfa.com
Marfat.com

فصل

دین و آخرت کی حاجات طلب کرنے کے لیے درود وغیرہ کے ذریعے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فریاد کرنا اور مدد مانگنا

عارف باللہ سیدی عبدالوہاب شعرانی نے "الیواقیت الکبریٰ" میں فرمایا۔ میں نے سیدی علی الخواص رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا، خبردار وفات یافتہ اولیاء اللہ سے اپنی حاجتیں نہ مانگنا۔ ان میں اکثر قبروں میں تصرف نہیں کر سکتے۔ رہے کچھ دوسرے مثلاً امام شافعی رضی اللہ عنہ یا ان جیسے، سو بسا اوقات زائرین کے صدق و خلوص کے مطابق ان کو اللہ تعالیٰ تصرفات کی قدرت عطا فرماتا ہے۔ علی الخواص رضی اللہ عنہ نے فرمایا، تمام اولیاء کے دروازے ان پر بند ہیں۔ اب صرف رسولوں کے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا دروازہ کھلا ہے۔ جو اللہ کے ہاں بہت عزت و شرف والا ہے۔ اب جس کی کوئی حاجت ہو وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کامل توجہ سے ایک ہزار بار درود شریف پڑھے۔ پھر آپ سے اپنی حاجت مانگے، انشاء اللہ ضرور پوری ہو گی۔ الخ

آپ رضی اللہ عنہ (شعرانی) نے اپنی کتاب "العہود الکبریٰ" میں فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہم سے عام وعدہ لیا گیا ہے کہ ہم اس وقت تک اللہ تعالیٰ سے کسی چیز کا سوال نہ کریں۔ جب تک اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیج لیں۔ یہ گویا حاجت مانگنے سے پہلے ہدیہ پیش کرنا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: "قضائے حاجت کی کنجی، اس سے پہلے ہدیہ پیش کرنا ہے۔ جب ہم اللہ تعالیٰ سے حمد و ثنا کرتے ہیں وہ ہم سے راضی ہو جاتا ہے اور جب

marfa.com
Marfat.com

ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجتے ہیں، تو آپ اس قضائے حاجت میں ہمارے لیے اللہ کے ہاں شفاعت فرماتے ہیں اور اللہ فرماتا ہے، اللہ کی طرف وسیلہ طلب کرو" اور حکمرانوں کے آستانے دیکھ، محسوس ہوگا کہ تمہیں کسی ایسے واسطے کی ضرورت ہے جسے حاکم کا قرب و نیازمندی حاصل ہو، تاکہ وہ تیری حاجت برداری کے لیے تیرے ہمراہ چلے، اور اگر بلا واسطہ ان کے دربار تک پہنچنا چاہو نہ پہنچ سکو گے۔

وسیلہ کی وضاحت

اس کی وضاحت یہ ہے کہ جو بادشاہ کا قریبی ہو وہ ان الفاظ کو بہتر جانتا ہے، جن سے بادشاہ کو مخاطب کیا جائے۔ اور حاجات برداری کے اوقات بھی بہتر جانتا ہے۔ سو ہمارا وسائل طلب کرنا، اس کے ساتھ راہِ ادب اختیار کرنا ہے اور اس سے ہماری حاجات جلد پوری ہو جاتی ہیں۔ ہم جیسے اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہونے کا ادب کیا جانیں؟ میں نے سیدی علی الخواص کو یہ فرماتے سنا، جب تم اللہ سے حاجت مانگو، تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے مانگو۔ اور کہو الٰہی! میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق ہونے کے صدقہ تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ ہمارے فلاں فلاں کام کر دے۔ بے شک اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے جو اس دعا کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تک پہنچاتا ہے اور آپ سے عرض کرتا ہے۔ کہ فلاں شخص نے آپ کے حق کے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ سے فلاں حاجت مانگی ہے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس حاجت کو پورا فرمانے کا اللہ تعالےٰ سے سوال کرتے ہیں سو وہ قبول ہو جاتی ہے کیونکہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دُعا رد نہیں ہوتی۔ فرمایا یہی حال ہے جب تم اولیاء اللہ کے وسیلہ سے دعا مانگتے ہو کہ فرشتہ ان کو پہنچاتا ہے۔ اور وہ اس قضائے حاجت کے لیے شفاعت کرتے ہیں اور اللہ علم و حکمت والا ہے"۔ الخ

علامہ ابن حجر ہیتمی کا ارشاد

علامہ ابن حجر ہیتمی نے امام نووی کی کتاب "المناسک" پر لکھے گئے اپنے حاشیہ کے چھٹے

marfa.com
Marfat.com

باب میں ایک فائدہ کے ذیل میں لکھتے ہیں۔ اس بات کی دلیل کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پکڑنا، سلف صالحین، انبیاؑ اولیاؑ وغیرہ کا طریقہ ہے، وہ حدیث ہے جس کو حاکم نے نقل کیا اور اسے صحیح بتایا ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب آدم علیہ السلام سے خطا سرزد ہوئی، عرض کی، پروردگار! میں تجھ سے محمد کا صدقہ سوال کرتا ہوں کہ میری بخشش فرما، فرمایا آدم تو نے مجھ کو کیسے پہچان لیا۔ حالانکہ ابھی میں نے ان کو پیدا (ظاہر) نہیں کیا۔ عرض کی پروردگار! جب تُو نے مجھے اپنے ہاتھ سے بنایا اور اپنی روح میرے اندر پھونکی، میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو عرش کے پایوں پر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لکھا دیکھا۔ میں سمجھ گیا کہ تُو نے اپنے نام کے ساتھ اسی کو ملایا ہے جو ساری مخلوق میں تیرا محبوب تر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا، آدم تُو نے سچ کہا، بے شک وہ تمام مخلوق سے بڑھ کر میرے پیارے ہیں اور جب تُو نے ان کے وسیلہ سے دعا مانگی تو میں نے تجھے معاف کر دیا۔ اگر محمد نہ ہوتے میں تجھے پیدا نہ کرتا۔ نسائی اور ترمذی نے حدیث نقل کی اور اسے صحیح قرار دیا۔ کہ

ایک نابینا شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا، اور عرض کی اللہ سے میری بینائی بحال ہونے کی دُعا کریں۔ فرمایا چاہو تو دُعا کروں اور چاہو تو صبر کرو۔ کہ یہ تمہارے لیے بہتر ہے۔ عرض کی دعا فرمائیں آپ نے اسے اچھی طرح وضو کرنے کا حکم دیا اور فرمایا یہ دُعا پڑھو۔

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ لِتُقْضٰی لِیْ اَللّٰھُمَّ شَفِّعْہُ فِیَّ"

الٰہی! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں، اور تیری طرف توجہ کرتا ہوں، تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے جو نبی رحمت ہیں۔ اے محمد بیشک

marfa.com
Marfat.com

میں آپ کے وسیلہ سے اپنے رب کی طرف متوجہ ہوتا ہوں، اپنی حاجت میں، کہ آپ اسے پوری فرمائیں۔ الٰہی! حضورؐ کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما۔"

امام بیہقی نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور اتنا اضافہ فرمایا ہے۔ کہ وہ صاحب اٹھے تو بینائی بحال تھی۔

بیہقی نے سند جید سے یہ روایت نقل کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دعا میں یہ کلمات بھی فرمائے تھے۔

"بِنَبِیِّکَ وَالْاَنْبِیَاءِ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِیْ" ترجمہ: اپنے نبی کا صدقہ اور مجھ سے پہلے نبیوں کا صدقہ۔

امام سبکی کے نزدیک توسل۔ استغاثہ۔ تشفع۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور باقی انبیاؑ و اولیاؑ سے توجہ کے سوال کرنے میں کوئی فرق نہیں۔ اگرچہ عبدالسلام نے اسے منع کیا ہے۔

توسّل کی دلیل

اس لیے کہ تو اعمال کو وسیلہ بنانا ثابت ہے۔ (ذوات قدسیہ کو بنانا بھی دلائل سے ثابت ہے۔ مترجم) حالانکہ وہ اعراض ہیں (جو ذوات سے قائم ہوتے ہیں۔) پس فضیلت والی ذاتیں بطریق اولیٰ وسیلہ ہو سکتی ہیں۔ اور اس لیے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بارش کی دعا میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو وسیلہ بنایا تھا اور اس پر انکار نہیں کیا گیا۔ اور کبھی حضورؐ کے وسیلہ بنانے کا مطلب ہوتا ہے آپ سے دعا کرنا کیونکہ آپ زندہ ہیں، سوال کرنے والے کے سوال کو جانتے ہیں۔ ایک طویل صحیح حدیث میں آیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں لوگ قحط سالی میں مبتلا ہو گئے ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک پر آیا اور کہا یا رسول اللہ! اپنی امت کے لیے پانی مانگیں۔ خواب میں اسے نبی کریم صلی اللہ

marfa.com
Marfat.com

علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی، آپ نے اسے بتایا کہ بارش ہوگی۔ ایسا ہی ہوا۔" ابن حجر کا کلام ختم ہوا۔"

ایک لطیف واقعہ وہ ہے جسے شہاب مقری نے اپنی کتاب "نفح الطیب" میں اندلس کے ادیب ابوبحر صفوان بن ادریس کے حوالہ سے نقل کی ہے کہ وہ یعنی صفوان بن ادریس اپنی بیٹی کے نکاح کی تیاری کے لیے عازمِ مراکش ہوئے۔ جو بالغ ہوگئی تھی اور حکمران کی مدح و ستائش کے قصیدے لے کر دارالخلافہ پہنچے۔ مگر مقصد میں کوئی کامیابی نہ ہوئی۔ اپنی ناکامی مقصد پر غور کیا اور کہا اگر اللہ سبحانہ سے امید رکھتا اور اس کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور سرکار کے پاکیزہ گھر والوں کی مدح وثنا کرتا تو اپنے اس نیک عمل کے طفیل حصولِ مقصد میں کامیاب ہوتا۔ پھر اپنے پہلے اعتماد و بھروسہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے معافی مانگی۔ اور یقین ہوگیا کہ کسی دوسرے پر بھروسہ نہیں کیا جاسکتا۔ پس اتنی سی بات کہ ارادہ درست کیا، اور عزمِ مصمم سے اس طرف منہمک ہوگیا۔ معلوم ہوا کہ اس کی طرف توجہ ہونے لگی ہے اسے خلیفہ کے پاس حاضر کیا گیا۔ خلیفہ نے مقصد پوچھا، انہوں نے تفصیل سے اپنا مدعا کہہ سنایا۔ خلیفہ نے نقدی اور سامان سے اس کی مدد کی، اور یہ بھی بتایا کہ یہ سب اس خواب کی تعمیل میں ہو رہا ہے، جس میں اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی، اور سرکار نے اسے ان کی حاجت برداری کا حکم دیا، اپنا دامن مقصد سے بھر کر واپس ہوا، اور ہمیشہ سرکار اور آپ کے اہلِ بیت کی مدح وثنا میں مصروف رہا یہاں تک کہ اس سلسلہ میں خوب شہرت پائی۔ الخ۔

اور امام ابوعبداللہ بن نعمان کی کتاب ہے جس کا نام ہے "مصباح الظلام فی المستغیثین بخیر الانام فی الیقظة والمنام"، اس میں انہوں نے کثرت سے ایسے واقعات لکھے ہیں، جن میں لوگوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فریاد کی اور ان کی حاجتیں پوری ہوئیں۔ اس موضوع سے متعلق تمام واقعات میں نے اپنی کتاب حجۃ اللہ

marfa.com
Marfat.com

علی العالمین فی معجزات سید المرسلین"۔ صلی اللہ علیہ وسلم میں مکررات اور اسناد کو حذف کر کے صرف بڑے بڑے واقعات مختصراً ذکر کر دیئے ہیں۔ حالانکہ ایسے واقعات سرکار کے زمانہ میں کثرت سے واقع ہوئے ہیں اور اس دور سے آج تک کے ہر زمانے میں وقوع پذیر ہونے والے واقعات کو جمع کیا جائے تو ضخامت کئی جلدوں پر پھیل جائے۔ الحمدللہ مجھے ایسے واقعات پیش آئے جو صبح صادق کی طرح صاف اور سچے ہیں۔ بلکہ اس سے واضح و صریح تر۔ ان میں سے ایک یہ کہ گذشتہ سال ۱۳۱۶ھ، ایک مُدّاح ترس شخص نے مجھ پر افترا کیا، جس کے نتیجہ میں بادشاہ نے میری دُور دراز علاقے میں جلاوطنی کا حکم دیا۔ مجھے جب اس کا پتہ چلا تو بہت متفکر ہوا۔ جمعرات کا دن تھا۔ میں نے جمعہ کی رات ایک ہزار بار استغفار کیا اور ساڑھے تین سو ۳۵۰ بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ان الفاظ سے درود و سلام عرض کیا۔

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ"

"الٰہی! درود بھیج ہمارے آقا محمدؐ اور ہمارے آقا محمدؐ کی آل پر، میرا حیلہ تنگ ہو گیا ہے، یا رسول اللہ! مجھے سنبھالا دیجیے"

مجھ پر نیند کا غلبہ ہو گیا، پھر پچھلے پہر بیدار ہو گیا اور ان الفاظ سے میں نے ایک ہزار بار درود شریف پڑھا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مدد مانگی۔ اسی جمعہ کے دن شام کے وقت ٹیلیگرام کے ذریعے بادشاہ کی طرف سے میری بحالی کا حکم آگیا، اللہ اس کی مدد فرمائے اور افترا باندھنے والے کو ذلیل کرے۔ اور سب تعریف اللہ پروردگار جہاں کے لیے ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بہترین استغاثے جو پیش کئے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک قصیدہ سیدی محمد بن ابوالحسن البکری مصری رضی اللہ عنہ کا ہے جو یہ ہے:۔

marfa.com
Marfat.com

مَا اَرْسَلَ الرَّحْمٰنُ اَوْ يُرْسِلُ مِنْ رَّحْمَةٍ تَصْعَدُ اَوْ تَنْزِلُ

۱- اللہ رحمٰن نے جو رحمت بھیجی یا بھیجے گا، اوپر جاتی ہے یا نیچے آتی ہے۔

۲- اللہ کے بڑے اور چھوٹے ملک میں ہر قسم کی خاص و عام۔

۳- مگر طہٰ ، برگزیدہ، اس کا بندہ، اس کا نبی، اس کا مختار بھیجا ہوا۔

۴- اس میں واسطہ اور اس کی اصل ہے اس عبارت کو ہر عقلمند جانتا ہے۔

۵- سو جس چیز کا ڈر ہو ان کی پناہ لے کہ وہی مرجع اور اُمید گاہ ہیں۔

۶- اُمید کے بوجھ ان کے پاس اتار دے۔ وہی ہمیشہ شفاعت کرنے والا جو قبول ہوتی ہے۔

۷- اور ہر کھٹک میں انہی کی پناہ حاصل کر کہ وہی امن و عقل کی جا ہیں۔

۸- اور ان کو آواز دے کہ مصائب نے اپنے ناخن گاڑ دیئے ہیں اور مشکل شدید ہو گئی۔

۹- اے اپنے رب کے حضور بزرگ ترین خلق، اور جن میں رہتے ہیں ان پر بہترین، جن کے وسیلہ سے سوال ہوتا ہے۔

۱۰- مجھے تکلیف پہنچی ہے اور کئی بار۔ آپ نے ایسی تکالیف دُور فرمائیں، جن میں سے بعض مہلک ہوتی ہیں۔

۱۱- سو اس خُدا کی قسم جس نے آپ کو مخلوق میں اس مقامِ مخصوص پر فائز کیا۔ جس سے تمام بلندیاں نیچے آتی ہیں۔

۱۲- میری تکلیف جلد دور فرمائیے اگر آپ نے توجہ نہ فرمائی، میں کس سے سوال کروں گا۔

۱۳- سو میرا حیلہ تنگ اور صبر ختم ہو چکا، سمجھ میں نہیں آتا میں کیا کروں۔

۱۴- مجھ سے زیادہ عاجز آپ کو نظر نہیں آئے گا نہ تکلیف برداشت کرنے

marfa.com
Marfat.com

کی طاقت۔ نہ اٹھانے کی۔

۱۵۔ سو آپ ہی اللہ (کی رحمت) کا دروازہ ہیں جو اس کی بارگاہ میں آپ کے بغیر آیا، داخل نہ ہوا۔

۱۶۔ اللہ آپ پر درود بھیجے، جب تک، کھلتی کلیوں سے بادِ صبا اٹھکیلیاں کرے۔

میں نے ایک مجموعہ میں دیکھا کہ جس کی کوئی حاجت ہو وہ رات کے تیسرے پہر اٹھ کھڑا ہو، پھر جس قدر اللہ چاہے نماز پڑھے، پھر یہ استغاثہ پڑھے اور اس مصرع کو ستر بار دُہرائے۔ عَجِّلْ بِاِذْهَابِ الَّذِیْ اِشْتَکَیْ۔ اللہ کے حکم سے اس کی حاجت پوری ہو گی، اور سیدی محمد ابکر نے بھی فرمایا ہے جسے میں نے ان کے دیوان سے نقل کیا ہے۔

۱۔ اے پروردگار! اے رازوں کے جاننے والے۔ اے کہ تُو ہے، تیرے سوا کوئی نہیں۔ باریک بین، لطف فرمانے والا۔

۲۔ سنبھالا دے سنبھالا دے، ذلیل و حقیر غلام کو جو پناہ مانگتا ہے اور تیرے سوا کوئی پناہ دینے والا نہیں۔

۳۔ پروردگار! جیسے تو دیکھ رہا ہے، میں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوں تو ہی میری تلافی کرنے والا اور تو ہی بہترین مددگار ہے۔

۴۔ خدا کی پناہ کہ میں نامراد رہوں، جب کہ جس چیز کا ڈر ہو اس سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

۵۔ الٰہی! میں آہ و زاری کرتا ہوں، مجھے تو کافی ہے۔ تو میری پناہ، تیرے سوا میرا مددگار کون ہے؟

۶۔ اگر تُو نے گناہ کی وجہ سے مجھ پر گرفت کی (تو تعجب ہو گا۔) میرے کتنے ہی گناہ

marfa.com
Marfat.com

ہوں تُو تو ربِّ غفور ہے۔

۷۔ میں مشکل میں ہُوں، حل فرما، حل فرما۔ میں اس مُشکل میں ذلیل واسیر ہوں۔

۸۔ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ پکڑ لیا ہے اور وہی مجھے کافی ہے۔
بے شک وہ مُصطفےٰ بشارت دینے والے اور ڈر سنانے والے ہیں۔

۹۔ پروردگار! ان پر دُرود وسلام نازل فرما جس سے اندھیرا اور پردے
ختم ہو جائیں گے۔

شہاب الخفاجی نے اپنے رسالہ الریحانہ میں اپنے والد ابوالمواہب کے استغاثوں میں سے، ایک منتخب استغاثہ نقل کیا ہے جس میں یہ اشعار بھی ہیں۔

۱۰۔ ہم پیاس میں کہاں جائیں جب کہ یہ چشمہ شیریں موجود ہے۔

۲۔ یہ عام چشمہ ہے شیریں تر۔ اور یہ شُتر کے پانی کا گھاٹ ہے۔

۳۔ یہ ہمارے آقا کا دروازہ ہے اور یہ ان کا پیارا گھر ہے۔

۴۔ یہ ان کا بلند مرتبہ رُوح ہے اور یہ اس کا قریب تر کھلنا ہے۔

۵۔ یہی سوال، اُمید گاہ، مقصود اور مُدّعا ہے۔

۶۔ حبیب خُدا، نورالانوار۔ راز ومطلب کا خزانہ۔

۷۔ یہ وہ ہیں جن کے رُوحانی کی لوح محفوظ میں لکھے ہوئے ہیں۔

۸۔ یہ وہ ہیں جن کے بلند تر رتبہ میں، عقل سرگردان، بول رہی ہے۔

۹۔ قابلِ احترام رسولوں کا جمال، سنہرے جامے والے۔

۱۰۔ اے بہترین مبعوث ہونے والے آقا، جسے اس کے آقا نے اپنا قرب بخشا۔

۱۱۔ اے وہ، جن کو آنکھ سے دیکھتا، سو ان سے کبھی پردہ نہیں ہوتا۔

۱۲۔ اے وہ کہ جن کی پوری تعریف کوئی نہیں کر سکتا خواہ کتنی طویل ہو۔

۱۳۔ میری بڑی لغزش معاف کر دیں کہ میرے لیے چلنا دشوار ہو گیا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

۱۴ - مجھے ایسا خالص کر دیجیے، مجھے ایسا مخصوص کر دیجیے، ان کی رُوحانیت سے، جو سلب نہ ہو۔

۱۵ - آقا! مشکل میں میری فریاد رسی کیجیے، ورنہ کس کے پاس جاؤں۔؟

۱۶ - اور مجھے فرما دیں تو میری پناہ میں ہے، سو نہ ڈر، نہ تھک۔

۱۷ - میں نے آپ سے مدد مانگی ہے، سو میری مدد فرمائیے کہ جس کی آپ مدد فرمائیں۔ کبھی مغلوب نہ ہو گا۔

۱۸ - میں نے آپ کی شفاعت طلب کی ہے سو آپ میری شفاعت فرمائیے، کہ میرے گناہ کے بھاگنے کی جگہ آپ ہیں۔

اور کسی فاضل نے کہا ہے۔

۱ - جب میں نے دیکھا کہ تمام حکم ایک اللہ کے لیے ہے، اور یہ کہ رسُول اللہ تمام مخلوق میں بہترین ہیں۔

۲ - تو میں نے اپنے کام اور مشکل حل کرانے کے لیے وسیلہ پکڑا معزز ترین مخلوق کا، معزز ترین خالق کے حضور۔

امام ابن الوردی نے اپنی تاریخ میں ۷۴۲ھ کے حالات و حوادث میں لکھا ہے کہ شہر حلب میں، لشکرِ طرابلس کے امیر صلاح الدین یُوسف دوادار نے امام شافعی علیہ الرحمہ کے یہ دو شعر سنائے۔ جن کے بارے میں کہا گیا ہے کہ حفظِ بصارت کے لیے مفید ہیں۔

۱ - اے میری آنکھو! میں تمہیں یعقوب علیہ السلام کی حفاظت میں دیتا ہوں۔ یعنی جب نظر نے ان سے بیوفائی کی تو انہوں نے اسے پناہ میں دے دیا۔

۲ - قمیص یوسف کی۔ جسے یُوسف علیہ السلام کے خوشخبری سنانے والے قاصد نے میری آنکھ پر ڈالا ہے۔ سوائے تکلیف چلی جا!"

فرمایا کہ میں نے بھی دو شعر کہے ہیں جو انشاء اللہ تعالیٰ حفظِ نفس، حفظِ دین، و حفظِ

marfa.com
Marfat.com

مال واہل کے لیے مفید ہیں۔ شعر یہ ہیں۔

۱۔ میں نے اس ہتھیلی کو گذار لیا ہے۔ جس میں کنکروں نے تسبیح پڑھی، اور لشکر کو تیز پانی سے سیراب کیا۔

۲۔ اپنی روزی، اپنی آخرت، اپنی اولاد، اپنے ظاہر و باطن پر۔

ابن الوردی کے کلام میں سے یہ بھی ہے۔

۱۔ اے رب! اس ہادی، بشیر محمد کا صدقہ، اور ان کے اس دین کا جو تمام دینوں سے برتر ہے۔

۲۔ کہ میرے دل کو اسلام پر ثابت رکھ۔ اور مجھے حق کی راہنمائی فرما، اور شیطان کے مقابل میری مدد فرما۔

المحب الطبری نے "خلاصۃ الاثر فی اعیان القرن الحادی عشر" میں امام علامہ شیخ ابراہیم لقانی کے حالاتِ زندگی میں لکھا ہے کہ انہوں نے الجوھرۃ میں لکھی گئی اپنی شرح میں فرمایا۔ شدید رنج والم میں گرفتار آدمی کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وسیلہ جس قدر مجرب ہے کوئی اور چیز اس جیسی نہیں۔ اللقانی نے کہا، اس سلسلہ میں جن چیزوں کو آزمایا گیا ہے ان میں میرا قصیدہ بھی ہے۔ جس کا نام ہے "کشف الکروب بملاحاۃ الحبیب والتوسل بالمحبوب" یہ جو شدید مصیبت کے وقت قدرتی طور پر میرے دل میں پیدا اور زبان پر جاری ہو گیا جس کے صدقے وہ تمام تکالیف اس خالقِ ارض وسما کے حکم سے ختم ہو گئی جو تکالیف کو دُور فرماتا ہے جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔ اور جس کی بھلائی کے بغیر کوئی بھلائی نہیں۔ قصیدہ یہ ہے۔

۱۔ اے تمام مخلوق میں بزرگ تر! میرے راستے تنگ ہو گئے ہڈی ٹوٹ گئی اور حیلے وسیلے غائب ہو گئے۔

۲۔ کوئی ایسا طاقت ور نہیں جس کی پناہ لوں۔ اس رحیم کے سوا جس کی سفارش

marfa.com
Marfat.com

رسول ڈھونڈتے ہیں۔

۳- جو ان کی پناہ لے وہ اس کی مدد پر کمربستہ ہو جاتے ہیں مصیبت کے دن جب کوئی سہارا نہ ہوگا۔

۴- جب لوگوں پر مشکل آپڑے تو وہی محتاجوں کے فریاد رس ہیں۔ جب کمزوروں پر خوف مسلط ہو تو وہی ان کی پناہ گاہ ہیں۔

۵- جس بیچارے کی مدد سے سب ہاتھ کھینچ لیں، آپ ہی اس کی اُمید گاہ ہیں۔ اور جب اس کی ذات پر ندامت مسلط ہو، اس وقت عزت پاتا ہے۔

۶- فقیر کا خزانہ۔ سخاوت کی عزت۔ جن کے آگے بادشاہ جھکیں اور اُمتیں دوڑتی آئیں۔

۷- جو یتیموں کی بے بسی کے دن، ان کا سہارا بنیں، اور بیواؤں کی عزت و عظمت کا پردہ۔

۸- جب میدان کارزار گرم ہو، تمام لشکروں میں شیر نر تیز تلوار اور نیزہ۔

۹- وہ کہ مشکل وقت میں، جن کی مدد کی اُمید ہوتی ہے اور جن کی وجہ سے اندھاپن اور بیماریاں دُور ہوتی ہیں۔

۱۰- ہمارا ٹھکانہ محمد ابن عبداللہ۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ورضی اللہ عنہُ ہیں۔ اس طویل دن میں جب عام پریشانی ہوگی

۱۱- (سلسلہ کائنات کی) ابتدا کرنے والے۔ سلسلہ نبوت کو ختم کرنے والے۔ بخشش بخت عطا کا سمندر۔ اور ایسا خزانہ جس کا فیضان عام ہے۔

۱۲- اللہ سب سے بڑا ہے۔ مدد آئی اور ہمارے غم جاتے رہے تنگی و مشکل کے مددگار۔

۱۳- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحیح پتے عزم و ہمت سے بڑے ہوشیار

marfa.com
Marfat.com

بہادر شکست کھا گئے۔

۱۴- فریاد کو پہنچیے ! اے سردار دو جہاں ! ہم پر مشکلات آپڑیں۔ اور دوستی یاری غائب ہو گئی۔

۱۵- میرا بڑھاپا ظاہر ہو گیا اور گناہ کے لشکر کے مقابلہ میں عمر شکست کھا کر پیٹھ دے گئی۔ کہ مڑ کر نہیں دیکھتی جلدی کیجیے۔

۱۶- تنہائی میں مصیبت زدہ کی فریاد رسی کیجیے اور قدم لرزیں تو اس کی شفاعت کیجیے

۱۷- خلاصہ کلام یہ کہ میں ڈرتا ہوں۔ اور جس کے ذرائع محدود ہوں آپ اس کے فریاد رس ہیں۔

۱۸- میرا رب آپ پر ہمیشہ ہمیشہ درود بھیجے۔ جب تک گردش شب و روز جاری ہے۔

۱۹- اور آپ کی نورانی آل اور معزز صحابہ پر جو روشن فضیلت والے ہیں اور عمدہ سلام۔

شیخ مصطفٰے البابی الحلبی کا عجیب استغاثہ

۱- شعور و ادراک۔ تیری کبریائی کی منزلوں میں گم ہیں۔

۲- اے زندہ ! اے ہمیشہ قائم ! تیری ذات کی تجلی میں عقلیں سرگردان ہیں۔

۳- میں تیری اتنی ہی حمد و ثنا کر سکتا ہوں، جو جانتا ہوں۔ کہاں میرا علم کہاں تیری ثنا۔

۴- تیرے سخت غیب سے پردے میں ہوں۔ تیرے رابطوں سے محروم۔

۵- تو آثار اور امیدوں اور اپنی بزرگیوں میں ظاہر ہے۔

۶- تعجب ہے کہ تیری پوشیدگی تیرے ظہور سے ہے یا تیرا ظہور تیری پوشیدگی سے۔

۷- کائنات کیا ہے ؟ اندھیرا جس نے تیری روشنی سے نور حاصل کیا۔

marfa.com
Marfat.com

۸۔ دنیا میں جو ہے ذفانی ہے۔ تیری لقا سے مدد لینے والا۔
۹۔ بلکہ اس میں ہر شے محتاج اور تیری عطا کی آس لگائے ہے۔
۱۰۔ تمام دنیا میں، زمین و آسمان کے کونے کونے میں جو کچھ ہے۔
۱۱۔ محتاجی سے سب کا رُخ تیری غنا کی طرف ہے۔
۱۲۔ میں نے تجھ سے سوال کیا، ان کے وسیلہ سے، جنہوں نے دلوں کو تیری محبت پر جمع کیا۔
۱۳۔ نورِ کائنات، دو جہاں کا خلاصہ۔ تیرے نبیوں میں برگزیدہ۔
۱۴۔ تو نے اس فریادی کی نہ سُنی، جو تیری آزمائش سے تیری پناہ مانگتا ہے۔
۱۵۔ امتحان و آزمائش کے ہاتھوں نے اسے بلند چوٹی سے پھینکا۔
۱۶۔ اور اسے عناصرِ طبائع کے اندھیروں میں ڈالا۔
۱۷۔ پھر اس کے آگے لوازمِ دنیا آڑے آئے اور تیری ثنا سے ہٹا دیا۔
۱۸۔ پھر جب ہوش آیا یا آنے لگا بیڑیاں اسے تجھ سے دُور لے گئیں۔
۱۹ تیرے فیصلے سے جو گزری سو گزری۔ اب لطف و کرم فرما دے۔

ان میں سے وہ نظم ہے جسے امام سیوطی علیہ الرحمہ نے اپنی کتاب "انفلاک الشحون" میں ایک فاضل کی طرف منسوب کیا ہے۔ یہ واقعہ ۸۵۳ھ کا ہے جب انہیں سیدنا و مولانا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔

۱۔ اے نفس! تجھے مبارک ہو یہ رسولوں کے سردار ہیں۔ تو ان کی حمایت میں آگیا، سو پکار طلب کر اور سوال کر۔
۲۔ تجھے مبارک ہو، مبارک ہو۔ سختی ختم ہو گئی۔ سو صاف، خالص شیریں چشمہ پر آجا۔
۳۔ ادب و انکساری سے دروازے پر آجا ان کی دہلیز پر آنسو بہا کر کہہ!

marfa.com
Marfat.com

۴۔ اے رسولوں کے سردار! پاکیزہ تر، افضل تر، اے مخلوق میں معزز تر، ننگے پاؤں والی مخلوق ہو یا جوتے والی۔

۵۔ اے اللہ کے برگزیدہ! اے سخی تر ہاتھ والے! اے بیچارے غمزدہ خوفزدہ کی مایوسی میں پناہ گاہ۔

۶۔ اے مرتبہ والے! حدیثیں گواہ ہیں کہ مخلوق میں سے جس کسی نے آپ کو پایا، وہ قابلِ مبارک ہے۔

۷۔ اے وہ کہ جب عارفوں نے آپ کی بارگاہ کا قصد کیا۔

۸۔ غنی کیا ہر نعمت خرچ کی عطا کی یہاں تک کہ ہر آنے والا خوشحال ہو گیا۔

۹۔ اے وہ کہ، جن کی حمایت میں، میں حاضر ہوا اور فریاد کی، اللہ کے لیے ہر دکھ درد کا ازالہ کیجیے۔

۱۰۔ آپ کریم ہیں اور جس محتاج نے آپ سے رابطہ کیا۔ نیک بخت ہے کہ اس نے اپنا سوال و اُمید پا لیے۔

۱۱۔ بخدا، آپ نے، اپنے مانگنے والے کو کبھی "نہیں" نہیں فرمایا، اللہ آپ کو رد کرنے اور بخل کرنے سے بچائے۔

۱۲۔ میں آپ سے ان قرضوں کی شکایت کرتا ہوں جن میں مبتلا ہوں۔ اللہ سے سفارش کیجیے کہ جلد ادا فرمائے۔

۱۳۔ آقا! اس سے سوال فرمائیں کہ مجھے رزقِ حلال وسیع عطا فرمائیں جس میں مشکوک کی آمیزش نہ ہو۔

۱۴۔ آقا! میرے لیے اس سے پناہ گاہ مانگیے، جہاں رات بسر کر سکوں۔ اپنے دشمنوں کے شر سے مشکلات سے بچاؤ۔

۱۵۔ اور اس سے میرے لیے دل کا آرام مانگیے کہ دل میں ایسا درد ہے کہ رات

marfa.com
Marfat.com

بھرا آنکھ کھلی رہتی ہے۔

اور بہترین استغاثہ ایک وہ ہے جو کسی نے کیا۔ اور جس کے تکرار سے دُکھ دُور ہونے کا تجربہ کیا گیا ہے۔

؎ اے منزل تک پہنچانے والے نبی! دنیا میں میرا حال تنگ ہے اور آپ اس قابل ہیں کہ آپ سے اُمید کی جائے۔ میرے خالق سے میرا درد دُور کرنے کا سوال کیجیے۔ کہ بے شک مخلوق نہیں، وہی میرا درد دُور کرنے پر قادر ہے۔

بعض افاضل نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فریاد کرتے ہوئے کہا۔ ؎

؎ میں صرف آپ کے آگے حالِ دل سناؤں گا اور "بلند مرتبہ نگہبان" کے رسُول۔

؎ میں نے جب بھی آپ کے دروازے کا رُخ کیا، آرام پایا، بخدا اپنے سوال میں کامیاب ہوا۔

؎ اور جب آپ کے دروازے کی پناہ نہ لوں، تو حال و استقبال میں تنگدستی میں میرا کون ہے؟

؎ آدم نے آپ کی پناہ لی اور اپنے رب ذوالجلال سے چند کلمے سیکھے۔

؎ اور اسی طرح گزشتہ ادوار میں جتنے نبی و رسُول آئے۔

؎ حقیقت میں وہ آپ سے مدد مانگتے تھے۔ حالت جلال میں اور حالت جمال میں۔

؎ اگر ان کے پاس وہ غم آیا جو تمام دنیا پر عام ہے تو مجھ جیسے پر کیسے محدود ہوگا۔

؎ یا رسُول اللہ! میں آپ کا ادنیٰ غلام ہوں۔ میں نے اپنے بڑے گناہوں میں آپ کی پناہ لی ہے۔

پس آپ ایک نظرِ کرم سے میری فریاد رسی فرمائیں، میرے مقصد اور تمام احوال میں مجھے یہی کافی ہے۔

marfa.com
Marfat.com

ت میں آپ پر اس وقت تک درود بھیجتا رہوں گا۔ جب تک قافلے آپ کا رُخ کریں۔
اور پہاڑوں کی چوٹیوں سے لبیک کہیں۔

ت اور آپ کی تمام آل اور صحابہ کرام پر۔ جو بلندیوں کی بڑی چوٹی پر چڑھ گئے۔
پھر میں ہدیہ سلام پیش کرتا ہوں، جب تک دعا مانگنے والا، صبح و شام ہاتھ پھیلائے رکھے۔ عارف باللہ ابن العریف نے اپنی کتاب "مطالع الانوار" میں فرمایا، جیسا "نفح الطیب" میں ہے۔

ت اے میری طلب کے سلسلہ میں، طعنہ دینے والے! مجھے طعنہ زنی سے چھوڑ،
مجھے چھوڑ دے۔

ت میں شوق سے سفر کروں گا پورے عزم کے ساتھ، سُستی سے نہیں۔

ت رسول اللہ کے روضے کی طرف، اپنے حُسنِ ظن کی تصدیق کرتے ہوئے۔

ت ہر راستے میں دوڑوں گا۔ جب کبوتر گاتا ہوگا۔

ت اے پاکیزہ ترین خلق، میں ذلیل بھاگا ہوا انسان ہوں۔

ت آج میری غلامی ختم کر دیجیے، اور محبت سے میری طرف دیکھ۔

ت سو آپ اور صرف آپ ہی میری پناہ گاہ ہیں۔ میری مُراد آپ ہیں آپ ہیں۔

ت اگر آپ میری جسمانی آنکھ سے غائب بھی ہوں (پرواہ نہیں) میری ذہنی آنکھ سے پوشیدہ نہیں۔

ت اگر آپ نہ ہوتے تو ہم لوگ شیطانوں سے بدتر ہوتے۔

ت جب آپ کو رسُول بنا کر بھیجا گیا تو یہ بہترین فضل و احسان ہے۔

ت آپ میری شفاعت فرمائیں کہ میری تکلیف دُور ہو۔

ت میں بُرا بندہ ہوں۔ میں نے ڈھال کی پیٹھ پھیر دی ہے۔

ابو عبداللہ بن حیان اندلسی نے فرمایا جیسا کہ "نفح الطیب" میں ہے۔

marfa.com
Marfat.com

؎ اگر محمدؐ نبی نہ ہوتے، تو مخلوق بدترین حال میں تباہ ہو جاتی۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

؎ ساری مخلوق میں اعلیٰ مرتبے والے، کریم تر اور ظاہر ترین راہنمائی فرمانے والے۔

؎ ان پر اللہ نے نبوت، بشارت، اور رسالت ختم فرما دی۔

؎ مخلوق میں ان کو مرتبہ و جلال میں مخصوص فرمایا۔

؎ آپ رسالت کے چاند اور صحابہ کرام اس کے گرد ہالے ہیں۔

؎ کافروں کی آنکھوں میں کنکر پھینکے، جو بجائے مقابلہ کرنے کے گردش پکڑ کر رہ گئے۔

؎ آپ کی شجاعت کے ظاہر ہونے پر انہوں پر تھکاوٹ و تکلیف کی قمیص پہن لی۔

؎ ان کی خبروں کی طرف کان لگا معلوم ہوگا کہ انجام کار ان کا ہے۔

؎ جب تم نے وسیلہ ڈھونڈ لیا اس کی تعریف کی اور خدا کی تعریف کی۔

؎ تو یقین جانو کہ تم قیامت کے دن یقیناً محفوظ ہوں گے۔

؎ یہ بھی ابن حیان نے کہا ہے :-

؎ جمع ہونے اور ندامت اٹھانے کے دن مخلوق پر سب سے زیادہ رحم فرمانے والے۔

؎ اپنے کم ترین غلام پر رحم فرما، اے طاقت و نعمتوں والے۔

؎ بے شک میں نے اپنے آقا، برگزیدہ، پاک اور تمام قوموں میں سے منتخب کا وسیلہ پکڑا ہے۔

؎ تیری طرف اپنے بڑی خطاؤں سے اے تنہا، جو ہمیشہ ایک رہے گا۔ اور نہ سوئے گا۔

؎ تیری طرف سے ان پر درود ہو۔ جب کبھی سورج طلوع ہو اور جب تک اوراق میں قلم سے لکھا جائے۔

marfa.com
Marfat.com

وہی شفاعت کرنے والے ہیں جن کے ذریعے مجھے نجات کی اُمید ہے۔ دوزخ سے جب کفار کو نکلے کی طرح ہوں گے۔

یہ بھی ابن حیان نے کہا ہے۔

۱۔ دل اس کی بات پر لبیک کہتے ہیں، جو مخلوق میں قابلِ اعتماد ہے۔ ابوالقاسم۔ نبی، شفاعت کرنے والا۔

۲۔ میں نے اپنے گناہوں کے لیے شفیع بنایا، اس کی بارگاہ میں جو لکھنے والے فرشتوں کا مالک۔ ایک بلند مرتبہ بننے والا ہے۔

۳۔ سو شفاعت کیجیے۔ شفاعت کیجیے قیامت کے دن۔ اے خاتم الرسل۔ جو بڑی شہادت گاہ اور ڈراؤنا منظر ہوگا۔

۴۔ اس کی جو اپنے نفس پر ظلم کرنے والا ہے۔ جو خطاؤں اور ہر غلط کام میں حد درجہ بڑھا ہوا ہے۔

۵۔ جب گناہ یاد کرتا ہے، آنکھیں بہنے لگتی ہیں اور ندامت سے چہرہ چمکنے لگتا ہے۔

۶۔ اس کی امید نامُراد نہیں ہو سکتی کیونکہ وہ اپنے رب سے ڈرتا اور عاجزی کرتا ہے۔

۷۔ آپ پر اوّل و آخر درُود ہو جب تک طلوع کے وقت روشنی ہو۔

کئی دیوانوں کا مُصنّف شہاب محمود حلبی ملک شام میں عرض گزار ہے۔

۱۰۔ اے وہ جس کی عزت کے صدقے میں شفاعت کا طلب گار ہوں۔ اور اپنی ذِلّت کے سبب شرماتا و انکساری کرتا ہوں۔

۲۰۔ اے ڈوبتوں کو تیرانے والے! اور وہ جس کا بندہ اُسے گھُپ اندھیروں میں پکارتا ہے تو وہ سُنتا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

۳۔ اے ان تکلیفوں کو دُور کرنے والے! جن کی تدبیریں عاجز ہو جائیں تو اسی کی طرف ان کے حل میں رجُوع کیا جاتا ہے۔

۴۔ اے پوشیدہ لطف فرمانے والے! جن کی قدریں نظر نہیں آتیں اور اچھا کام ہوتا رہتا ہے۔

۵۔ اے بڑی تکلیف دُور کرنے والے، اور ان مصائب کا ازالہ کرنے والے جنہیں کوئی نہ کر سکے۔

۶۔ اے میری تنگی کے سہارے! اے میری تنہائیوں کی عزت۔ جس کے غیر کی طرف میں زاری نہ کروں۔

۷۔ اے ہر خوف سے بچانے والے۔ کسی اور سے فضول پکارنے کے سوا مجھے کوئی توقع نہیں۔

۸۔ تیرے سوا میرا کوئی نہیں، تُو ہی میری رغبت کی جگہ، تُو ہی شکایت کی۔ جہاں ڈروں یا اُمید رکھوں۔

۹۔ کیا تیرے سوا کسی سے ڈروں یا اُمید رکھوں، حالانکہ کائنات میں نہ کوئی نفع دے نہ نقصان۔ (تیری اجازت کے بغیر)

۱۰۔ تو غنی ہے باقی تمام مخلوق محتاج، تیرے فضل کی طرف لپکے ہیں۔

۱۱۔ اے کریم! تیرے سوا کوئی کامل نہیں سو مجھے غنی کر دے اور بچا لے کر نہ اُمید رکھوں نہ ڈروں۔

۱۲۔ اے وہ کہ جسے میں اپنی تکلیف میں پکارتا ہُوں۔ بے صبری سے۔ پھر جس تکلیف کا شکوہ کرتا ہوں ختم ہو جاتی اور لوٹ جاتی ہے۔

۱۳۔ اے وہ کہ خیر کی اُمید جسے پکارتا ہوں اور قبولیت کا قطعی یقین کرتا ہوں۔

۱۴۔ تُو وہ ہے جس کے دروازے کے سوا کوئی دروازہ نہیں۔ اگر بڑے حیلے تنگ

marfa.com
Marfat.com

ہو جائیں، تو دروازہ کھٹکھٹایا جاتا ہے۔

۱۵- تُو ہی وہ ہے جس کی حفاظت کے سوا کوئی قلعہ نہیں، اس کے سوا کمزور طاقت ور عاجز ہیں۔

۱۶- تُو وہ ہے کہ جس کے سوا میرا کوئی مددگار نہیں۔ خواہ میرے خلاف تمام دشمن جمع کیے جائیں اور جمع ہو جائیں۔

۱۷ اے وہ کہ زمانہ اپنی دانست میں خواہ اپنی معرفتیں ختم کر دے۔ تیری معرفتیں ختم نہ ہوں گی۔

۱۸- اے میری وحشت کے دوست جب میرا غمخوار دُور ہو اور رُوئے زمین تو ایک ویرانہ ہے۔

۱۹- اے میرے اس وقت کے ساتھی، جب کوئی میرا ساتھی نہ ہو جسے پکاروں تو وہ سُنے، یا اس کا ارادہ کروں تو وہ میری طرف آئے۔

۲۰- یہ میرا ہاتھ اندھیروں میں تجھ سے دعا کر رہا ہے۔ اور ساری مخلوق میں کون ہے جو تیرے دَر پہ ہجوم نہیں کرتا۔

۲۱- میں تجھ سے اس پناہ گیر کی دُعا مانگتا ہوں، جس کی تیرے در پر نظر کیے عمر گزر گئی۔

۲۲- تیرے سوا تمام ذرائع ختم ہو گئے۔ اور تجھ سے ملانے کے لیے اسے یہی کافی ہے۔ کہ تیرے سوا سب کٹ جائیں گے۔

۲۳- شرمندگی سے زمین پر سر رکھے ہُوئے۔ کیونکہ گناہوں کی شرمندگی کی بنا پر اس کا سر اُٹھ نہیں سکتا۔

۲۴- اس مُصطفےٰ ہادی صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت پیش کرتا ہے۔ جن کی قیامت کے دن گنہگاروں کے حق میں شفاعت قبول ہو گی۔

marfa.com
Marfat.com

۲۵- مخلوق میں بہترین، جلیل ترین مبعوث ہونے والے۔ جن کی ہدایت سے گمراہی کی بیڑیاں کٹ گئیں۔

۲۶- اللہ کا سایۂ رحمت، اس کی رحمت کا راز، جسے دنیا میں شفاعت کے لیے ودیعت رکھا گیا ہے۔

۲۷- وہ گنہگاروں کو میدانِ حشر میں صرف ان کا جاہ و جلال قیامت کی ہولناکی سے نجات دے گا۔

۲۸- وہی ایسے شفیع ہیں جن سے اُمیدیں وابستہ ہیں کیونکہ بلا اجازت وہاں کوئی شفاعت کر سکے گا۔

۲۹- میدانِ محشر میں انہی کا وسیلہ اور انہی کا جھنڈا ہوگا۔ ان کے علاوہ سب ڈر رہے ہوں گے۔

۳۰- جسے چاہیں حوضِ کوثر سے سیراب کریں گے جب کہ پیاس و خوف سے زبانیں باہر نکلی ہوں گی۔

۳۱- تمام لوگوں پر شدت و تکلیف کا دور دورہ ہوگا۔ وہاں یہ نظر نہیں آئے گا کہ مال و اولاد کسی کو فائدہ دے۔

۳۲- تمام مخلوق کو پیاس و تکلیف کا سامنا ہوگا۔ ہر ایک ان کے گرد گھومتا ہوگا۔

۳۳- آپ آکر اپنے رب کے آگے سجدہ ریز ہوں گے۔ اور ایسی حمد و ثنا کریں گے۔ جو پہلے کسی نے نہ سُنی ہوگی۔

۳۴- پھر کہا جائے گا مانگ جو مانگے گا ملے گا۔ دنیا کی شفاعت کر قبول ہوگی۔ سر اُٹھا۔ میں اٹھاؤں گا۔

۳۵- فرمائیں گے میری اُمت، جنہیں میں نے تیرا راستہ بنایا اور انہوں نے اختیار کیا۔ کہا جائے گا وہ سب تیرے۔

marfa.com
Marfat.com

۳۶- میرے خالق! ان کے حق ہونے کا صدقہ تو میرا ہو جا، جب جان گلے میں اٹکے اور ہول طاری ہو۔

۳۷- اور قیامت کے دن ان کو میرا شفیع بنا دے تاکہ جنت میں تھوڑی سی جگہ مجھے بھی مل جائے۔

۳۸- انہی کی ذات میں تیری طرف میرا وسیلہ اور پہنچ ہے۔ اور میری خطا سے تیری عطا بڑی وسیع ہے۔

۳۹- اگر مجھے گناہ کی معافی کا یقین نہ ہو، تو غرور کے میدان میں نہ ڈروں اور بیٹھ جاؤں۔

۴۰- لیکن میری اُمید اور حُسنِ ظن نے خوف کم دیا جس نے میری کمر توڑ دی تھی۔

۴۱- میں تجھے پکارنے سے پناہ مانگتا ہوں کیونکہ میں نے ان کا دامن مضبوطی سے پکڑ رکھا ہے۔ کہ گناہوں سے ڈروں اور بے صبری کروں۔

۴۲- میں صرف تیری پناہ میں آیا ہوں۔ اور تمام روئے زمین والوں کو اگر تو جوڑے تو ٹوٹ نہیں سکتے۔

۴۳- ایسے اسباب پیدا نہ فرما کہ میں تیرے غیر سے ڈروں، یا اللہ کے سوا کسی سے دبوں۔

۴۴- رزق تو تیرا ہے لوگ وسیلہ ہیں۔ سو میں کس کے آگے آہ و زاری کروں۔

۴۵- میں نے قسم کھالی ہے کہ تیرے سوا کسی امیر سے اُمید نہ رکھوں گا۔ خواہ وہ اپنے مال خرچ کریں یا نہ کریں۔

اور شیخ فتح اللہ النحاس حلبی نے کہا

۱ اے وہ ذات جو پکارنے والے کی سُنتی ہے اور اس کا حکم اس سے اُسی کی

marfa.com
Marfat.com

طرف لوٹتا ہے۔

؎ پروردگار! میری پیشانی تیری مٹی ہے۔ تُو نے جو لکھ دیا وہی ہوگا۔

؎ پروردگار! تیرا بندہ یا تیری مٹی۔ وسیع معافی میں اُمیدوار ہے۔

؎ اپنی مٹی پر رحم فرما، اے معافی دینے والے، تیرے آگے نالہ وکناں ہے۔

؎ میں تیرا بوڑھا بندہ، گنہگار تیری معافی کے دروازے کو کھٹکھٹانے آیا ہوں۔

؎ میرے ہاتھ میں اور میرے پاس وسائل وذرائع نہیں۔

؎ سوائے کریموں کے پڑوس کے جو آنے والے حاجت مندوں کے فریادرس ہیں۔

؎ پروردگار، روشن چہروں کا اور تیری بارگاہ میں چمکتے تاروں کا صدقہ۔

؎ اس نُور کے طلوع کا صدقہ، جس کے طلوع سے تمام مطالع روشن ہوئے۔

؎ بڑی رحمت جس کی آمد سے اندھیرے کافور ہوئے۔

؎ سچا بھیجا گیا۔ آیات (معجزات) اور جامع کلمات کے ساتھ۔

؎ جن کی تمشیرِ دعوت، رگِ شرک کو ہمیشہ کاٹتی رہے گی۔

؎ اخلاق میں تمام مخلوق سے بہتر، پرہیزگار، کریم تر فطرت والے۔

؎ تمام نبیوں میں بہتر وافضل جن کی شریعت نے تمام شریعتیں منسوخ کردیں۔

؎ اور ان کے دوساتھیوں کا صدقہ جو ان کے ساتھ لپٹے ہیں، یہ کتنی اچھی خوابگاہ ہے۔

؎ میری بداعمالیوں کی بنا پر، نظرِ کرم کردے، کہ خاتمہ بخیر ہو۔

؎ میرے نامۂ اعمال نے میرا چہرہ سیاہ کردیا۔ بوڑھا، سن رسیدہ کھوسٹ۔

؎ یہاں تک کہ چمکتی صبح کے باوجود میرے راستے مجھ پر پوشیدہ رہے۔

؎ میں بہت ڈرتا ہوں اور اس خوف کو تیرے سوا کوئی دُور نہیں کرسکتا۔ اے معاف فرمانے والے۔

؎ افسوس، جب اپنے کیے پر غور کرتا ہوں، شرمندگی ہوتی ہے۔

marfa.com
Marfat.com

ے نہ گزرے فعل سے خوشی ہوتی ہے، نہ اپنے حال سے، نہ مستقبل سے۔
ے میرے گناہوں کی وجہ سے جب آنسو گریں تو مجھ پر رحم فرمانا۔
ے اور اپنی معافی سے میرے گناہوں کا بوجھ ہلکا فرما دے اور میرا ہاتھ پکڑ کر چلا۔
ے تیری خالص زندگی کی قسم، جس کے آگے قبر میں رہنے والا رکوع و سجود کرتا ہے۔
ے میری زندگی اس قبر پر قربان جس پر ہمیشہ نورِ نبوت چمکتا رہتا ہے۔
ے الٰہی! ان کا ڈر تیرا ڈر ہے، میری تجھ سے اُمید اور ان سے طمع ہے۔
ے کبھی میں رب، رب پکارتا ہوں، اور کبھی، اے بہترین شفاعت فرمانے والے۔
ے میرا حادثہ دیکھیے اور سہارا دیجیے کہ میں گھبرایا ہوا آیا ہوں۔
ے اے جود و سخا کے منبع! جس کی ہتھیلیوں سے پانی اُبلتا ہے۔
ے یہ عید کی راتیں ہیں، جن میں کریم عطائیں کرتے ہیں۔
ے گناہ بخشے جاتے ہیں، خطائیں دھل جاتی ہیں اور احسان ہوتا ہے۔
ے میں آپ کی حمایت میں ہوں، اور آپ اللہ کا وہ دروازہ ہیں، جس پر دھتکارا نہیں جاتا۔
ے آپ پر وہ اللہ درود و سلام بھیجے، جس نے شریعتیں مقرر فرمائیں۔
ے اس آل و اصحاب پر، جنہوں نے کروٹیں بستروں سے دُور رکھیں۔
ے جب تک سُورج چمکتا اور چاند افق پر طلوع ہوتا رہے۔

شیخ عروسی مغربی رحمۃ اللہ نے فرمایا

ے میرے پاس تکلیف دُور کرنے کا بجز اس کے کوئی ذریعہ نہیں، کہ سُننے قبول کرنے والے (رب) سے شکوہ کروں۔
ے جو سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا، کائنات کا مالک، تکلیف دُور کرنے

marfa.com
Marfat.com

والا، عیوب کو چھپانے والا ہے۔

؎ وہ جس نے ایوب علیہ السلام کو اس وقت بچایا، جب ان پر مصیبتیں نازل ہوئیں۔

؎ اور یعقوب علیہ السلام کی نگاہ زائل ہونے کے بعد پھیر دی جب کہ سخت صدمے اُٹھا چکے تھے۔

؎ اسی کی طرف ہاتھ اٹھائے غائبانہ دعا کرتا ہوں، کیے پشیمان، آنسو بہاتے۔

؎ عنقریب اس کا پوشیدہ لطف آکر مصیبت زدہ پریشان حال کا دَرد دُور کرے گا۔

؎ آج ان کی خدمت میں، گناہوں سے بھاگ کر، ہاتھ پھیلائے حاضر ہو گیا ہوں۔

؎ چودہویں کے رات بہترین مخلوق، ظہ کے پاس، اپنا دکھ دور کرنے کی شفاعت کروانے آیا ہوں۔

؎ احمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم، میرا سہارا، میرا ذخیرہ، حوض والے، جھنڈے والے، ٹہنیوں والے (جن کے ہاتھ لگنے سے ٹہنیاں روشن ہو گئیں)

؎ اے میری دُلہن، خوشی مناکر میں مقام بلند پر آپہنچا۔ ان کی تعریف کے صدقے جو دلوں کی غذا ہیں۔

؎ رسُولوں کے سردار، تمام مخلوق میں عظیم المرتبت، قصد کی انتہا، مقصود و مطلوب کی آخری حد۔

؎ جن کے لیے چاند شق ہوا، اور سُورج واپس آیا۔ بغیر کسی تردد کے بغرُوب ہونے کے بعد۔

؎ سو کھا تن ان کے فراق میں رویا، اور بغیر قدموں کے درخت ان کی خدمت میں، قریب آکر سلامی ہوئے۔

؎ ایسے لاٹھی ان کے ہاتھوں میں برگ بار ہوئی اور شاخ کی طرح دوبارہ ہری

marfa.com
Marfat.com

بھری ہوگئی۔

- بحری کی دستی نے عجیب راز کھول دیا (کہ میرے اندر زہر ملایا گیا ہے) اور پتھروں نے حجرے کو سلام کیا۔
- اے اہلِ ایمان کے لیے شفیق و رحیم۔ اور بڑے بڑے گناہوں کے ازالہ کرنے والے شفیع (شفاعت کرنے والے)
- میں اپنے پروردگار کے حضور آپ کے وسیلہ سے فریاد کناں آیا ہوں۔ اے سخت پریشانی کے دن کے ٹھکانے!۔

"کتاب سعادت الدارین کا خاتمہ"

اسمائے الٰہیہ آیاتِ قرآنیہ اور اذکارِ نبویہ وغیرہ کی خصوصیات کے بیان میں

جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے، اس کتاب کا "دسواں باب" نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام کے ان فوائد پر مشتمل ہے کہ اتنے عمدہ اور زیادہ فوائد اس سے پہلے کسی کتاب میں درج نہیں کیے گئے۔ سو میں نے اسی مناسبت سے، اس کے ساتھ کچھ آیاتِ قرآنیہ، اسمائے الٰہیہ" اور "اذکارِ نبویہ" کے فوائد و خواص بیان کرنے کا ارادہ کیا۔ یہ "فوائد و خواص" علمائے عارفین اور آئمہ دین نے بیان کیے ہیں۔ سو اس خاتمہ میں، میں نے وہ کچھ نقل کیا جس سے عقل مندوں کی آنکھیں ٹھنڈی، اور اس کتاب کا خاتمہ سعادت پر ہوا اور جب کہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ بہت خواص و فوائد والے ہیں، بڑے نفع بخش ہیں۔ سو میری رائے میں پہلے ان ناموں کی شرح اور ان سے مناسبت پیدا کرنے کو بیان کروں گا۔ اور اس کے مفید خواص لکھوں گا۔ پھر ان فوائد کو ذکر کروں گا، جن کا وعدہ شریعت میں کیا گیا ہے، تاکہ زیادہ مفید ہو، اور تہہ

marfa.com
Marfat.com

روشنی پھیلی چلی جائے۔ اور یہ ایک عظیم المرتبت کتاب کو بڑی بڑی کتابوں سے مستغنی کر دے، یہ مطلب اور مناسبت میں نے امام غزالی سے نقل کی ہے، بجز ان باتوں کے جو انہوں نے ذکر نہیں کیں۔ وہ میں نے دوسروں سے لے لیں۔ اگرچہ ان کی تعداد کم ہے، اور خواص میں نے عارفِ باللہ شیخ احمد زروق کی شرح سے نقل کیے ہیں۔ اللہ توفیق دینے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے یہ مُبارک نام "اسماءُ حسنیٰ" امام ترمذی نے حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہُ کی رُوایت سے اپنی کتاب سنن ترمذی میں ذکر کیے ہیں۔ ان پر علماءِ کرام نے کئی شرحیں لکھی ہیں۔ ابوہریرہؓ رضی اللہ عنہُ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ کے ننانوے[۹۹] نام ہیں۔ جس نے ان کو یاد کر لیا۔ جنّت میں جائے گا۔ جو یہ ہیں۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ ، الرَّحِیْمُ ، اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ اَلْمُؤْمِنُ ، اَلْمُهَیْمِنُ اَلْعَزِیْزُ ، اَلْجَبَّارُ اَلْمُتَكَبِّرُ - اَلْخَالِقُ - اَلْبَارِئُ - اَلْمُصَوِّرُ - اَلْغَفَّارُ - اَلْقَهَّارُ - اَلْوَهَّابُ - اَلرَّزَّاقُ - اَلْفَتَّاحُ - اَلْعَلِیْمُ - اَلْقَابِضُ - اَلْبَاسِطُ - اَلْخَافِضُ - اَلرَّافِعُ - اَلْمُعِزُّ - اَلْمُذِلُّ - اَلسَّمِیْعُ اَلْبَصِیْرُ - اَلْحَكَمُ - اَلْعَدْلُ - اَللَّطِیْفُ - اَلْخَبِیْرُ - اَلْحَلِیْمُ - اَلْعَظِیْمُ - اَلْغَفُوْرُ - اَلشَّكُوْرُ - اَلْعَلِیُّ ، اَلْكَبِیْرُ - اَلْحَفِیْظُ - اَلْمُقِیْتُ - اَلْحَسِیْبُ - اَلْجَلِیْلُ - اَلْكَرِیْمُ - اَلرَّقِیْبُ - اَلْمُجِیْبُ - اَلْوَاسِعُ - اَلْحَكِیْمُ - اَلْوَدُوْدُ - اَلْمَجِیْدُ - اَلْبَاعِثُ - اَلشَّهِیْدُ - اَلْحَقُّ - اَلْوَكِیْلُ - اَلْقَوِیُّ - اَلْمَتِیْنُ - اَلْوَلِیُّ - اَلْحَمِیْدُ - اَلْمُحْصِیْ - اَلْمُبْدِئُ - اَلْمُعِیْدُ - اَلْمُحْیِیْ - اَلْمُمِیْتُ - اَلْحَیُّ - اَلْقَیُّوْمُ - اَلْوَاجِدُ - اَلْمَاجِدُ - اَلْوَاحِدُ - اَلْاَحَدُ - اَلصَّمَدُ - اَلْقَادِرُ - اَلْمُقْتَدِرُ - اَلْمُقَدِّمُ - اَلْمُؤَخِّرُ - اَلْاَوَّلُ - اَلْاٰخِرُ - اَلظَّاهِرُ -

marfa.com
Marfat.com

اَلبَاطِنُ - اَلوَالِيُ - اَلمُتَعَالِيُ - اَلبَرُّ - اَلتَّوَّابُ - اَلمُنْتَقِمُ - اَلعَفُوُّ - اَلرَّؤُفُ - مَالِكُ المُلْكِ - ذُوالجَلَالِ - وَالاِكْرَامِ - اَلمُقْسِطُ - اَلجَامِعُ - اَلغَنِيُّ - اَلمُغْنِيُ - اَلمَانِعُ - اَلضَّارُّ - اَلنَّافِعُ - اَلنُّوْرُ - اَلهَادِيُ - اَلبَدِيْعُ - اَلبَاقِيُ - اَلوَارِثُ - اَلرَّشِيْدُ - اَلصَّبُوْرُ"

ترجمہ:- وہ اللہ ہے جس کے بغیر کوئی سچا معبود نہیں۔ رحم کرنے والا۔ مہربان۔ بادشاہ۔ بہت پاک، سلامتی دینے والا۔ امن دینے والا۔ نگہبان۔ غالب۔ قابو کرنے والا۔ بڑائی کا اظہار کرنے والا۔ پیدا کرنے والا۔ بنانے والا۔ صورتیں بنانے والا۔ بہت بخشنے والا۔ قہر والا۔ بہت بخشنے والا۔ بہت رزق دینے والا۔ بہت کھولنے والا۔ علم والا۔ تنگی کرنے والا۔ فراخی کرنے والا۔ پست کرنے والا۔ بلند کرنے والا۔ عزت دینے والا۔ ذلیل کرنے والا۔ سننے والا۔ دیکھنے والا۔ فیصلہ کرنے والا۔ انصاف کرنے والا۔ لطف کرنے والا۔ خبردار کرنے والا۔ برداشت کرنے والا۔ عظمت والا۔ بخشنے والا۔ قدردان۔ بلند مرتبت۔ بڑا۔ حفاظت کرنے والا۔ بدلہ لینے والا۔ حساب لینے والا۔ جلالت والا۔ کرم کرنے والا۔ نگران۔ قبول کرنے والا۔ فراخی والا۔ حکمت والا۔ محبت والا۔ بزرگ۔ اٹھانے والا۔ گواہ۔ حق۔ کارساز۔ طاقت والا۔ مضبوط۔ قرب والا۔ تعریف کیا ہوا۔ شمار کرنے والا۔ ابتدا کرنے والا۔ دوبارہ لوٹانے والا۔ زندہ کرنے والا، مارنے والا۔ ہمیشہ زندہ۔ قائم رہنے والا۔ پالنے والا۔ بزرگی والا۔ تنہا۔ بے نیاز۔ قدرت والا۔ اقتدار والا۔ پہلے لانے والا۔ پیچھے لانے والا۔ اوّل۔ آخر۔ ظاہر۔ باطن۔ والی۔

marfa.com
Marfat.com

بلندیوں والا - نیکوکار - بہت توبہ قبول کرنے والا - بدلہ لینے والا - بہت معافی دینے والا - شفقت کرنے والا - ملک کا مالک - جلال و عزت والا - انصاف پر ور - جمع کرنے والا - بے پرواہ - بے پرواہ کرنے والا - روکنے والا - نقصان دینے والا - نفع دینے والا - نور - راہنما - نو پیدا کرنے والا - باقی - وارث - سیدھی راہ والا - حوصلے والا -

ان اسمائے گرامی کے معانی و توضیحات

اللہ یہ نام ہے موجود حق کا - جو تمام خدائی صفات کا جامع ہے صفات ربوبیت سے جسے موصوف مانا جاتا ہے - جو وجود حقیقی اسی سے مخصوص ہے اس کے علاوہ کوئی مخلوق وجود ذاتی کی مستحق نہیں، اسی سے وجود حاصل کرتی ہے - سوا اپنی ذات کے لحاظ سے معدوم اور اللہ سے قریب ہونے کی وجہ سے موجود - اور اس کی ذات کے سوا ہر موجود کے لیے ہلاکت ہے - صحیح تر یہ ہے کہ یہ لفظ اس معنیٰ پر اسی لیے دلالت کرتا ہے، جس طرح حکم اس کے مشتق ہونے میں، اور اس کے مادوں کے سلسلہ میں جو کچھ بیان کیا جاتا ہے تکلف و تصنع ہے - یہ ننانوے ناموں میں سب سے بڑا ہے - کیونکہ یہ اس ذات پر دلالت کرتا ہے - جو تمام صفاتِ خداوندی کو جامع ہے - یہاں تک کہ کوئی صفت باہر نہیں رہتی - اور اس لیے کہ یہ تمام ناموں میں مخصوص تر ہے، کیونکہ کوئی اس کو اللہ کے سوا کسی کے لیے نہ حقیقی معنی میں بولتا ہے - نہ مجازی میں - اور بندے کا اس معنی سے متصف ہونے کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا - بخلاف دوسرے اسماء کے، کہ ہر نام کسی ایک معنی پر دلالت کرتا ہے - اور دوسروں کو بھی اس سے موسوم کیا جا سکتا ہے - مثلاً قادر - علیم - رحیم - کہ بندہ ان سے موصوف ہو سکتا ہے -

اس سے متخلق ہونا بندے کا اس میں یہ حصہ ہے کہ وہ اس سے متخلق ہو، جس سے میری مراد یہ ہے کہ وہ اپنے ارادے اور دل سے

marfa.com
Marfat.com

اللہ کی ذات میں مستغرق ہو جائے۔ اس کے سوا نہ کسی کو دیکھے نہ کسی کی طرف توجہ دے۔ صرف اسی سے اُمید رکھے اور اُسی سے ڈرے۔ ایسا کیوں نہ ہو؟ وہ اس اسم مُبارک سے سمجھ گیا ہے کہ موجود حقیقی حق وہی ہے۔ اس کے سوا سب فانی۔ ہلاکت والا اور باطل ہے (تینوں سے مُراد ایک ہی ہے یعنی فانی) بقا ہے تو اس کے ساتھ۔ سو اپنے آپ کو ہلاک، باطل اور فانی سمجھے۔

روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "سب سے سچی بات جو عربوں نے کہی ہے۔ وہ بسید شاعر کا یہ قول ہے۔ اَلَا کُلُّ شَیْئٍ مَاخَلَا اللّٰہَ بَاطِلُ "سُن لو اللہ کے سوا ہر چیز فانی ہے"

خصوصیات اس کی خاصیت یہ ہے کہ یقین مضبوط ہوتا ہے۔ ذات و صفات اور افعال میں اچھے مقاصد بآسانی حاصل ہوتے ہیں۔ علما نے کہا ہے کہ جو شخص روزانہ اس کو ایک ہزار بار اس طرح پڑھے "یَا اللّٰہُ یَا ھُوَ" اللہ اس کو کامل یقین نصیب فرمائے گا۔ "اربعین ادریسیہ" میں لکھا ہے کہ یَا اللّٰہُ اَلْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ بِجَالِیْہِ کے متعلق سہروردی نے کہا، جو کوئی جمعہ کے دن نماز جمعہ سے پہلے غسل کر کے صاف لباس پہن کر تنہائی میں، دو سو بار اسے پڑھے اس کے لیے حصولِ مقصد آسان ہو جائے گا۔ خواہ کچھ بھی ہو۔ اور اگر ایسا مریض اسے پڑھے جس سے طبیب مایوس ہو چکے ہوں، اگر اس کا وقت پورا نہیں ہوا تو صحت یاب ہو گا۔

اَلرَّحْمٰنُ ۔ اَلرَّحِیْمُ

یہ دونوں اسم رَحْمَۃٌ سے مشتق ہیں۔ اور رحمت کسی مرحوم کو چاہتی ہے، اور جو مرحوم ہے محتاج ہے۔ کامل رحمت یہ ہے کہ محتاجوں پر خیر و برکت کی بارش ہو۔ ان کے لیے اس کا ارادہ کرنا عنایت ہے۔ اور کامل رحمت وہ ہے جو مستحق و غیر مستحق سب کے لیے ہو۔ اور اللہ کی رحمت کامل و عام ہے۔

marfa.com
Marfat.com

فائدہ الرحمن الرحیم سے خاص ہے، اسی لیے اللہ کے سوا کسی اور کا یہ نام نہیں رکھا جا سکتا۔ جب کہ الرحیم کا نام دوسروں کے لیے ہو سکتا ہے۔ اس لحاظ سے الرحمن، اسم علم کا قائم مقام ہے۔ اگرچہ یہ بات یقینی ہے کہ رحمۃ سے مشتق ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے دونوں کو جمع کیا ہے فرمایا :-

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ۔ ترجمہ: تم فرماؤ اللہ کو پکارو یا رحمٰن کو۔

پس جو رحمت لفظ رحمٰن سے مفہوم ہوتی ہے اس کا تصور بندوں کے ذہن سے بلند تر ہے۔ اس کا تعلق آخرت کی سعادت سے ہے۔ پس رحمٰن وہ ہے جس نے وجود عطا فرما کر بندوں پر پہلی مہربانی فرمائی۔ ایمان کی راہنمائی اور سعادت کے اسباب عطا فرما کر دوسری مہربانی فرمائی، اور آخرت میں کرم فرما کر تیسری مہربانی فرمائی۔ اور اپنی ذات کریم کا دیدار نصیب فرما کر چوتھی مہربانی فرمائی۔

اس کے ساتھ متصف اور متخلق ہونے کا مطلب

اسم پاک الرحمٰن میں بندے کا حصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے غافل بندوں پر ترس کھائے۔ سو ان کو سختی سے نہیں نرمی کے ساتھ وعظ و نصیحت کے ذریعے غفلت کے راستے سے ہٹا کر، اللہ کی طرف پھیر دے۔ اور گنہگاروں کی طرف بنظرِ حقارت نہیں، رحم و کرم کی نظر سے دیکھے۔

اور اسم پاک الرحیم میں اس کا حصہ یہ ہے کہ جہاں تک ممکن ہو بھوکے کی بھوک ختم کیے بغیر نہ رہے۔ اور اپنے گرد و پیش اور شہر میں جو فقیر نظر آئے اس پر نظر رکھے اور اس کا فقر و فاقہ ختم کرے۔ یا تو اپنے مال و جاہ کے ذریعے یا کسی اور سے اس کی حق رسی کی سفارش کر کے۔ اگر ان تمام صورتوں سے عاجز ہے تو اس کے لیے دعا اور اظہارِ غم کر کے اس کی مدد کرے۔

خصائص

الرحمٰن کی معنیٰ کے لحاظ سے یہ خاصیت

marfa.com
Marfat.com

ہے کہ جو کوئی اس کا ورد کرے اور اس پر عمل کرے اس سے پریشانی دور ہو جاتی ہے۔ تنہائی میں نماز کے بعد دلجمعی کے ساتھ سو بار اس کا ذکر کرے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کے دل سے غفلت و نسیان (بھولنا) نکل جائیں گے۔ "اربعین ادریسیہ" میں لکھا ہے یا رَحْمٰنَ کُلِّ شَیْءٍ وَرَاحِمَہٗ "سہروردی نے کہا اسے زعفران اور مشک کے ساتھ لکھ کر اس آدمی کے گھر دفن کیا جائے جو بداخلاق اور تنگ دل ہے۔ اس کی طبیعت بدل جائے گی۔ اور اس میں حیا، رحمت مہربانی اور مسکینی جیسی صفات پیدا ہوں گی۔" اللہ بہتر جانتا ہے۔

الرَّحِیْم کی خاصیت ہے نرم دلی۔ اور مخلوق پر ترس کھانا۔ جو ہر روز سو بار اسے پڑھے، اس میں یہ صفت پیدا ہو جائے گی۔ جسے کسی برائی کا خوف ہو، اس کو پہلے والے الرَّحْمٰن سے ملا کر پڑھے اور اسے معمول بنائے۔ "اربعین ادریسیہ" میں ہے۔ یَا رَحِیْمَ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَکْرُوْبٍ وَّغَایَتَہٗ وَمَعَاذَہٗ "سہروردی نے کہا، جب لکھ کر اسے پانی میں حل کر کے درخت کی جڑوں میں ڈال دے تو اس کے پھل میں برکت ہو گی۔ اور جو اسے پیئے، لکھنے والے سے محبت کرے گا۔ یونہی اگر اس کے ہمراہ طالب مطلوب اور اس کی ماں کا نام لکھے، تو وہ اس سے محبت کرے گا اور ایسی محبت و ولولہ حاصل ہو گا، جس سے محبوب ٹھہر نہ سکے گا۔ بشرطیکہ محبت جائز صورت میں ہو۔ ورنہ الٹا اثر ہو گا۔ واللہ اعلم۔

اَلْمَلِکُ

اس کا مطلب ہے وہ ذات جو ذات و صفات میں تمام مخلوق سے بے پرواہ ہو، اور تمام مخلوق اپنی ذات صفات، وجود اور بقا میں اس کی محتاج ہو، ہر چیز اپنی ذات و صفات میں اس کی مملوک ہو۔ اور وہ ہر چیز سے مستغنی ہو۔ یہی مطلق بادشاہ ہوتا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

التخلق بندے کا بادشاہ مطلق ہونے کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن جب یہ تصور کیا جائے کہ وہ بعض چیزوں سے مستغنی ہے اور بعض چیزیں اس سے مستغنی نہیں (محتاج ہیں)، تو اس کے لیے ایک طرح کی بادشاہی حاصل ہے۔ سو وہ اپنی مملکت کا بادشاہ ہوتا ہے۔ کہ اس مُلک کی رعایا اور فوج اس کی اطاعت کرتی ہے، انسان کی خاص مملکت اس کا دل اور جسم ہے۔ اس کا لشکر اس کی شہوت و غضب و خواہش ہے، اس کی رعایا اس کی زبان، آنکھیں، دونوں ہاتھ، اور باقی اعضا ہیں۔

خصائص اس کی خاصیت دل کی صفائی۔ حصولِ غنا و جرأت وغیرہ ہے۔ جو کوئی روزانہ زوال کے وقت سو بار پڑھے اس کا دل صاف اور کدورت ختم ہو جائے گی۔ اور جو کوئی فجر کے بعد ایک سو اکیس ۱۲۱ بار پڑھے اللہ اپنے فضل سے اسے غنی کرے گا۔ اسباب سے یا دروازوں سے یا اپنی خصوصی عطا سے۔ کتاب "اربعین اور لیسیہ" میں ہے "اے کامل ذات، جس کے کامل جلال و ملک کو زبانیں بیان نہ کر سکیں"۔ یَا نَامُّ فَلَا تَصِفُ الْاَلْسُنُ کُلَّ جَلَالِ مُلْکِہٖ وَعِزَّتِہٖ۔ جو شخص روزانہ پچیس ۲۵ بار اسے پڑھے اور بارہ ۱۲ دن تک عمل کرے۔ دل کی صفائی اور شکوک و شبہات سے بچتے ہوئے، اس کے اعمال اس کے پاس آئیں گے۔ مناصب میں ترقی ہو گی۔ اور اس کا حال بہتر ہو گا، جو کوئی روزانہ ننانوے ۹۹ بار اسے پڑھے۔ اُسے علمِ معرفت نصیب ہوں گے۔ واللہ اعلم۔

اَلْقُدُّوْسُ

اس کا معنیٰ ہے کہ اللہ تعالےٰ اُن تمام اوصاف کمال سے پاک ہے جنہیں اکثر لوگ اوصاف کمال سمجھتے ہیں۔ مثلاً ان کا علم۔ ان کی قدرت ان کے سمع و بصر (سُننا۔ دیکھنا)، ان کا کلام، اُن کا ارادہ، سو اللہ تعالیٰ ان کے اوصاف کمال سے پاک ہے۔ بالکل اسی طرح جس طرح ان کے اوصافِ نقص سے پاک ہے۔ بلکہ ہر وہ صفت جس کا تصور مخلوق کے لیے

marfa.com
Marfat.com

کیا جا سکتا ہے۔ اللہ اس سے پاک ہے، یونہی اس کے مشابہ و مماثل ہے۔

التخلق انسان کی پاکی یہ ہے کہ اس کا ارادہ و علم پاک ہو۔ علم کو تخیلات محسوس اور واہمیات اور ہر اس صفت سے پاک کرے۔ جس میں حیوان اس کے شریک ہوں۔ جیسے ادراکات بلکہ اس کی نظر اور علم امور ازلیہ، الٰہیہ پر جمی رہے۔ رہا ارادہ سو اس کی پاکی یہ ہے کہ وہ انسانی ضروریات اور وہ لذتیں جن تک صرف حواس و جسم کے واسطہ سے پہنچا جا سکتا ہے، ان سے صرف نظر کرے بلکہ اس کی مراد صرف اللہ تعالیٰ کی رضا ہو اور اسے صرف اس میں لذت حاصل ہو۔

الخواص اس کی خاصیت یہ ہے کہ نماز جمعہ کے بعد روٹی کے ٹکڑے پر لکھے سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ۔ جو کوئی اس ٹکڑے کو کھائے گا۔ اللہ عبادت میں اس کا شوق پیدا کرے گا۔ آفات سے محفوظ رہے گا۔ یہ اثر تب ہوگا جب مذکورہ تعداد مکمل ہوگی۔ واللہ اعلم۔ اربعین ادریسیہ میں ہے "یَا قُدُّوسُ الْمُطَهِّرُ مِنْ كُلِّ آفَةٍ فَلَا شَيْءَ يُعَادِلُكَ مِنْ خَلِيقَتِهِ" سہروردی نے کہا جو تنہائی میں چالیس دن ایک ہزار بار روزانہ کے حساب سے پڑھے، اس کی مراد پوری ہوگی اور دنیا میں اس کی قوت تاثیر ظاہر ہوگی۔ واللہ اعلم۔

اَلسَّلَامُ

اس کا معنیٰ ہے جس کی ذات عیبوں سے پاک، جس کی صفات نقص سے اور افعال شر سے مبرا ہوں۔

تخلق جس بندے کا دل کھوٹ، کینہ، حسد، اور برے ارادے سے بچ گیا، گناہوں اور ممنوعات سے اعضا بچ گئے۔ بدی و خرابی سے صفات بچ گئیں: یہی اپنے رب کے پاس قلب سلیم لے کر آیا۔

marfa.com
Marfat.com

الخواص اس کی خاصیت ہے رنج و تکلیف کا رُخ موڑ دینا۔ یہاں تک کہ اگر مریض پر اس کو ایک سو اکیس بار پڑھ کر دم کیا جائے۔ ان شاء اللہ شفایاب ہوگا، بشرطیکہ وقت پورا نہیں ہوا۔ آرام پائے گا۔ کتاب "اربعین اور لسیہ" میں ہے: "اے وہ ذات جو ہر عیب سے پاک ہے اور جس کے افعال سے ناپسندیدگی ملی نہیں۔ جب ظلم و مصیبت وغیرہ میں مبتلا شخص اسے کثرت سے پڑھے گا۔ اللہ کے فضل و کرم سے نجات پائے گا۔

اَلْمُؤْمِنُ

وہ ذات جس کی طرف امن و امان کی نسبت ہو کہ وہ ایسے اسباب کرتا اور خوف کے دروازے بند کرتا ہے۔ مؤمن مطلق وہ ہے جس کے بغیر امن و امان حاصل نہ ہو سکے اور وہ اللہ تعالےٰ ہے۔

تخلّق اس وصف سے بندے کا حصہ یہ ہے کہ تمام مخلوق اس کے پاس محفوظ و مامون ہے۔ بلکہ ہر خوف زدہ شخص دنیا و دین کی بربادی سے بچنے کی اس طرح اُمید رکھے۔

خواص اس کی خاصیت ہے امن ملنا، صدق و تصدیق کا حاصل ہونا۔ اور ذاکر کے لیے عموماً قوتِ ایمانی کا حصول۔ لہٰذا ڈرنے والا چھتیس ۳۶ بار اسے پڑھے اس کو جان و مال کی امان ملے گی۔ اس میں قوت و ضعف کے مطابق کمی بیشی آسکتی ہے۔ اللہ سچ فرماتا اور سیدھی راہ دکھاتا ہے۔

اَلْمُهَيْمِنُ

اللہ کے بارے میں، اس کا معنی ہے جو بندوں کے اعمال، رزق اور اجل کی نگرانی کرے۔ نگرانی کا مطلب ہے، باخبر ہے محافظ ہے۔ جو ذات ان تین معانی کی جامع ہو اُسے

marfa.com
Marfat.com

مہیمن کہتے ہیں اور کامل و مطلق طور پر اللہ کے بغیر کسی اور کے لیے یہ تینوں اوصاف ثابت نہیں ہو سکتے۔ اسی لیے کہا جاتا ہے کہ قدیمی کتابوں میں بھی اللہ کا یہ نام موجود ہے۔

تخلّق جو آدمی اپنے دل کی نگرانی کرتا رہا یہاں تک کہ اس کی گہرائی اور رازوں پر جھانک لیا اور ساتھ ساتھ اپنے تمام اعمال و اوصاف پر اسے مقدم جانا اور ہمیشہ اس کی حفاظت صحیح طور پر کرتا رہا وہ اپنے دل کے لیے مہیمن ہے۔

خواص اس کی خاصیت ہے باطنی شرف کا حصول، اور بلند ہمتی سے عزت حاصل کرنا۔ غسل کر کے تنہائی میں نماز کے بعد ستّر بار پڑھے۔ پوری دل جمعی سے حصولِ مُراد کی دُعا مانگے۔ واللہ اعلم۔ غور کریں تو اس کی نسبت معنوی ہے۔ عَلَّامُ الْغُیُوْب۔ "اربعین اور یسیہ" میں لکھا ہے کہ یَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ فَلَا یَعْزُبُ عَنْہُ شَیْءٌ مِنْ عِلْمِہٖ وَلَا یَسْؤُدُہٗ۔ ——— (اے مخلوق سے چھپے حقائق کو جاننے والے! جس کے علم سے کوئی شے باہر نہیں نہ اسے تھکاتی ہے" سہروردی نے کہا، جو کوئی اس پر ہمیشگی کرے اس کا حافظہ قوی اور نسیان جاتا رہے گا۔ واللہ اعلم۔ الخ۔

اَلْعَزِیْزُ

اس کا معنیٰ ہے وہ عظیم ذات جس کی مثال کم ہو اور جس کی طرف سخت حاجت ہو اور جس کی طرف پہنچنا مُشکل ہو، جس میں یہ تین معانی نہ پائے جائیں، اس پر اسم عزیز کا اطلاق نہیں کیا جاتا۔ اور ان اوصاف سے کامل طور پر صرف اللہ تعالیٰ کی ذات متصف ہے۔

تخلّق بندوں میں عزیز وہ ہوتے ہیں، جن کی طرف بندگانِ خدا اہم اُمور میں محتاج ہوں۔ اور یہ ہیں حیاتِ اُخروی۔ ابدی سعادت اس کا وجود بہر حال کمتر اور اس تک پہنچ مُشکل تر ہے۔

اس کے خواص غنیٰ و عزت کا صورت حقیقت اور معنی تینوں لحاظ

marfa.com
Marfat.com

سے حاصل ہونا۔ جو کوئی چالیس دن تک، چالیس بار روزانہ کے حساب سے اس کا ذکر کرے اللہ اس کی مدد فرمائے گا۔ اور اسے عزت دے گا۔ سو اسے مخلوق میں کسی کا محتاج نہیں کرے گا۔ "اربعین اور یسیہ" میں لکھا ہے یَا عَزِیْزُ، اَلْمَالِغُ، اَلْغَالِبُ عَلٰی اَمْرِہٖ فَلَا شَیْئٌ یُعَادِلُہٗ "اے غالب اپنچانے والے! اپنے حکم پر غالب، کہ کوئی چیز جس کے برابر نہیں" سہروردی نے کہا، جو اسے متواتر سات دن ایک ہزار بار یومیہ کے حساب سے پڑھے۔ اس نے اپنا دشمن ہلاک کر دیا۔ اور اگر لشکر کے سامنے اشارہ کر کے سو بار پڑھے۔ دشمن شکست کھائے گا۔

اَلْجَبَّارُ

اس کا مفہوم ہے وہ ذات جس کا ارادہ ہر ایک کو اپنی گرفت میں لے لے، اور اس میں کسی کا بس نہ چلے۔ پس جبّار مطلق اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔

تخلّق بندوں میں جبّار وہ ہیں جو درجہ اطاعت سے بلند ہو کر درجہ مُطاع پر فائز ہو جائیں اور اپنے مقام میں ایسی یکتائی کے حامل ہوں کہ اپنی شکل و ہیئت سے مخلوق کو اپنی اقتدا پر مجبور کر دیں۔ اپنی عادات و اطوار کی پیروی کرائیں۔ کہ مخلوق کو فائدہ ہو اور اس پر اثر ہو۔ فائدہ حاصل نہ کریں نہ متاثر ہوں اپنی اتباع کروائیں۔ کسی کے پیچھے نہ چلیں۔

خواص اس کی خاصیت یہ ہے سفر و حضر میں جابروں کے ظلم سے حفاظت، سات دس آیتوں والی سورۃ پڑھنے کے بعد صبح و شام اکیس ۲۱ بار اسے پڑھے۔ واللہ اعلم۔

اَلْمُتَکَبِّرُ

اس کا معنے ہے وہ ذات جو اپنے سامنے تمام مخلوق کو حقیر سمجھے، عظمت و کبریائی

marfa.com
Marfat.com

صرف اپنے لیے مانے۔ دوسروں کو اس طرح دیکھے جیسے بادشاہ اپنے غلاموں کو، مطلق و کامل طور پر اس کا تصور صرف اللہ تعالیٰ کے لیے ہی کیا جاسکتا ہے۔

تخلق بندوں میں متکبر وہ ہے جو زاہد و عارف ہو، عارف کے زاہد ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جو چیز اس کی توجہ اللہ سے ہٹائے، اس سے پاک ہو جائے۔ اور حق تعالیٰ کے سوا ہر چیز سے تکبر آئے۔ دنیا و آخرت اس کے سامنے ہوں گے۔ غیر عارف کا زہد ہے معاملہ و معاوضہ۔

خواص اس کی خاصیت ہے جلالت اور خیر و خوبی و برکت کا ظہور، یہاں تک کہ جو کوئی رات کو بیوی کی قربت سے پہلے دس بار اسے پڑھے اس کو ذکر کرنے والا بیٹا ملے گا۔ واللہ اعلم۔

"اربعین ادریسیہ" میں ہے۔ یَاجَلِیْلُ، اَلْمُتَکَبِّرُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُہٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُہٗ ۔ ——— "اے جلیل القدر ہر چیز پر بڑائی کا اظہار فرمانے والے! عدل و مساوات اس کا حکم، اور سچائی اس کا وعدہ۔" سہروردی نے کہا جو شخص بلا ناغہ اس پر عمل کرتا رہا، اس کا رتبہ بلند ہوگا۔ عزت ملے گی، کوئی کسی حال میں کسی طرح اس کا مقابلہ نہیں کر سکے گا۔

اَلْخَالِقُ۔ اَلْبَارِئُ۔ اَلْمُصَوِّرُ۔

معنے کبھی خیال کیا جاتا ہے کہ یہ اسمائے مترادفہ ہیں اور سب معنی خلق و اختراع کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ خیال صحیح نہیں بلکہ جو عدم سے وجود کی طرف آتا ہے وہ پہلے تقدیر (مناسب اندازہ) کا محتاج ہوتا ہے۔ دوسرے اس تقدیر کے مطابق ایجاد کا۔ تیسرے ایجاد کے بعد تصویر کا۔ اللہ تعالیٰ تقدیر کے لحاظ سے خالق، ایجاد کے لحاظ سے بارئ۔ اور اس لحاظ سے کہ موجودات کی بہترین صورتیں بناتا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

مُصَوِّر ہے۔ سو اللہ تعالیٰ کے لیے مُصوّر کا نام اس وجہ سے ہے کہ اس نے مخلوق کی بہترین صورتیں مرتب فرمائیں۔ یہ فعل کی صفات میں سے ایک صفت ہے۔ اس کی حقیقت صرف وہ ہی جانتا ہے۔ جو کائنات کی تمام صورتوں کو جانتا ہو۔ اجمالاً بھی تفصیلاً بھی۔ کیونکہ تمام کائنات ایک شخص کی طرح ہے۔ جو مختلف اجزاء و اعضا سے مرکب ہے، جن کے اپنے اپنے اغراض و مقاصد ہیں۔ کائنات کے اجزاء آسمان۔ ستارے۔ زمینیں ہوا اور جو کچھ ان میں ہے۔ مثلاً پانی۔ ہوا۔ وغیرہ ہیں۔ جن کو اس نے ایک مضبوط ترتیب پر مرتب فرمایا ہے کہ وہ ترتیب بدل جائے تو نظام کائنات تباہ ہو جائے اور اجزائے کائنات خواہ کتنے ہی چھوٹے ہوں ان کی تصویر موجود ہے۔ یہاں تک کہ چیونٹی اور ذرہ میں بھی۔ بلکہ کائنات کے ہر ہر جزء میں۔ یہی بات ہر حیوان و نباتات کی ہے۔ بلکہ ہر حیوان و نبات کے ایک ایک جز کی۔ کہ جن کی شرح و تفسیر کسی کتاب میں نہیں کی جا سکتی۔

تخلّق

بندے کا اس اسم مُصوّر سے اتنا حصّہ ہے کہ اس کے ذہن میں تمام کائنات کا وجود اپنی اصلی ہیئت و ترتیب کے ساتھ موجود ہو۔ یہاں تک کہ تمام کائنات کی تصویر اس کے سامنے اس طرح آجائے گویا وہ اسے دیکھ رہا ہے۔ پھر کُل سے تفصیل کی طرف آئے۔ پس انسانی صورت پر اس کے بدن و اعضا کے اعتبار سے غور کرے۔ پھر اس کی قسموں، تعداد، ترتیب اور اس کی تخلیق و ترتیب کی حکمت معلوم کرے۔ پھر اس کی صفات معنویہ اور ان معانی شریف پر غور کرے جن سے اس کے معلومات و ارادہ کا تعلق ہے۔ یونہی جہاں تک ہو سکے ظاہری و باطنی طور پر حیوانات و نباتات کی صورتیں پہچانے۔ یہاں تک کہ تمام صورتیں اس کے دل میں حاصل ہو جائیں۔ یہ تمام معلومات اس کی صورتِ جسمانیہ کے معلوم کرنے کا ذریعہ بنیں گی جو ترکیبِ رُوحانی سے مختصر ہے اور اس میں فرشتوں کی معرفت، ان کے مراتب۔ آسمانوں اور ستاروں میں جو کام ان کے سپرد ہیں اور جو راہیں ان کے لیے مقرر ہیں۔ ان کی معرفت

marfa.com
Marfat.com

پھر انسانی دلوں میں ہدایت و ارشاد کا تصرف، پھر حیوانات میں ان اُمور کی راہنمائی کا تصرف، جو ان کی حاجت براری کا وسیلہ بن سکیں۔ یہ ہے اس اسم مقدس میں بندے کا حصہ۔ اس سے بندہ اسم مُصوّر کا علم حاصل کر سکتا ہے۔ اگرچہ بطورِ مجاز ہی کیوں نہ ہو۔ کیونکہ یہ علمی صورتیں، تحقیق یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے سے ہی پیدا ہوتی ہیں۔ رہا اَلْخَالِقُ الْبَارِئُ سو اس اسم مقدس میں بھی بندے کا محض دُور کا مجازی تعلق ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ خلق و ایجاد کا دار و مدار علم کے مطابق قدرت کے استعمال پر ہے۔ اور بندے کے لیے اللہ نے علم و قدرت پیدا کیے ہیں۔ اور وہ اپنی مقدورات حاصل کر سکتا ہے مثلاً صنعتیں۔ سیاسیات، عبادات، مجاہدات، لہٰذا ان اُمور میں بندہ مُوجِد کی طرح ہے۔ جن کا پہلے وجود نہ تھا کیونکہ سب سے پہلے شطرنج کی ایجاد کرنے والے کو یہی کہا جائے گا کہ وہ اس کا موجد ہے۔ یہی حال ریاضتوں اور مجاہدوں کا ہے۔ یہاں تک کہ یہ نام وضع کرنے والے پر مجازاً بولا جائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کے کچھ نام وہ ہیں جو بندے کی طرف مجازاً منقول ہیں۔ ان کی کافی تعداد ہے۔ کچھ نام ایسے ہیں جو بندے کے لیے حقیقی اور اللہ کے حق میں مجازاً بولے جاتے ہیں۔ مثلاً۔ صَبُوْرٌ۔ شَکُوْرٌ۔ وغیرہ۔ یہ مناسب نہیں کہ نام کی مشارکت دیکھ کر اس بڑے فرق کو نظر انداز کر دیا جائے۔

خواص

اس (خالق) کی خاصیت یہ ہے کہ آدمی رات کو کچھ وقت اس کا ذکر کیا جائے تو ذاکر کا دل اور چہرہ نورانی ہو جائے گا۔ "اربعین اربیسیہ" میں ہے یَاخَالِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ وَکُلٌّ اِلَیْہِ مَعَادُھُمْ "سُہروردی نے کہا گم شدہ اور عرصہ دراز تک غائب رہنے والے کو واپس لانے کے لیے پانچ ہزار بار اس کا ذکر کیا جائے۔

اَلْبَارِئُ

اس کی خاصیت یہ ہے کہ آفات سے بچنے کے لیے روزانہ سَو بار سات دن مسلسل

marfa.com
Marfat.com

پڑھے۔ یہاں تک کہ قبر میں مٹی کے اثرات سے بھی محفوظ رہے" واللہ اعلم۔

"اربعین ادریسیہ" میں ہے۔ یَا بَارِیَ النَّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَّا مِنْ غَیْرِہٖ۔

سہروردی نے کہا، اس کے ذکر سے امیری، عزت اور آفات سے بچاؤ کے دروازے کھل جاتے ہیں اور اگر سختی سے رکھ کر پاگل کے اوپر لٹکایا جائے اسے فائدہ دے۔ اسی طرح خطرناک بیماریوں کے لیے بھی۔

اَلْمُصَوِّرُ

اس کی خاصیت ہے اُمورِ عجیبہ میں مدد دینا اور پھل ظاہر ہونا وغیرہ (فصل کی اچھی انگوری ظاہر ہونا) یہاں تک کہ بانجھ عورت اگر سات دن روزہ رکھے اور غروبِ آفتاب کے بعد روزہ افطار کرنے سے پہلے اکیس بار پڑھے، بانجھ پن جاتا رہے گا اور اللہ کے حکم سے اس کے رحم میں بچے کی تصویر بننا شروع ہو جائے گی۔

اَلْغَفَّارُ

اس کا معنیٰ ہے وہ ذات جو اچھائی کو ظاہر کرے اور برائی کو چھپائے، مثلاً گناہ وغیرہ۔ بندے کی پہلی ستر پوشی یہ ہے کہ اس کے ان اعضا کو، جن کا نظر آنا بُرا سمجھا جاتا ہے۔ اللہ نے اس کے باطن میں چھپا دیا جو ظاہری حسن میں چھپے ہوئے ہیں، سوچیے کہ بندے کی ظاہری نفاست اور اندر کی کثافت میں خوبصورتی و بدصورتی میں کتنا فرق ہے۔ اب ظاہر کو بھی دیکھو اور باطن کو بھی۔ دوسری یہ کہ اگر بُری اور قبیح باتیں دل میں ہیں تو ان کو پوشیدہ کر دیا۔ تاکہ کوئی اس کے قلبی رجحانات کو نہ دیکھے۔ اس کے دل میں جو بُرے وسوسے، دھوکہ بازی، خیانت اور خیالات باطلہ آتے ہیں، اگر وہ لوگوں کو معلوم ہو جائیں تو لوگ اس کے دشمن بن جائیں بلکہ اس کی جان کے درپے ہو جائیں اور ہلاک کر ڈالیں۔ تیسری پردہ پوشی یہ کہ اس

marfa.com
Marfat.com

کے وہ گناہ بخش دیئے، جن کی بنا پر وہ لوگوں کے سامنے ذلیل ہو سکتا تھا۔

تخلق۔ متصف ہونا اس اسم مقدس کا بندے کے لیے یہ حصہ ہے کہ قابلِ ستر چیزوں کو دوسرے سے چھپائے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو کسی مؤمن کی ستر پوشی کرے اللہ قیامت کے دن اس کی ستر پوشی فرمائے گا" غیبت کرنے والا۔ دوسروں کے حالات کی ٹوہ میں رہنے والا اور بُرائی سے بدلہ لینے والا، اس میں شامل نہیں۔

خاصیت غفار کی خاصیت بخشش کرنا۔ جو کوئی نماز جمعہ کے بعد سَو بار اس کا ذکر کرے اس کے لیے بخشش کی علامتیں ظاہر ہوں گی۔

اَلْقَهَّارُ

اس کا مطلب ہے جو اپنے ظالم و جابر دشمنوں کا غلبہ توڑے۔ ان کو ذلیل کرے۔ بلکہ وہ جس کے قہر و غضب اور قدرت کے سامنے ہر موجود شے بے بس ہو، اس کے قبضہ میں عاجز ہو۔

تخلق بندوں میں قہار وہ ہے، جو اپنے دشمنوں کو دبا کر رکھے اور انسان کے دشمن سے دشمنی کرے یعنی وہ نفس جو اس کے دو پہلوؤں میں موجود ہے جو اس شیطان سے بڑھ کر اس کا دشمن ہے۔ جس کی دشمنی سے وہ ڈرتا ہے۔ کیونکہ شیطان نفس کا تابع ہے جُوں جُوں خواہشاتِ نفس کو دبائے گا۔ یقیناً شیطان کو گرفت میں کرلے گا۔

خواص اس کا خاصہ یہ ہے کہ دل سے دنیا کی محبت، غیر اللہ کی عظمت اور تعلقاتِ نفس کی کمزوری ختم ہو جاتی ہے۔ جو کثرت سے اس کا ذکر کرے گا۔ اسے یہ چیز ملے گی اور دشمن پر اس کے غلبے کا اثر ظاہر ہوگا۔ سورج کے طلوع کے وقت اور آدھی رات کو ظالم کی بربادی کے لیے سَو بار یہ پڑھے۔ یَا قَهَّارُ۔ یَا جَبَّارُ۔ یَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ۔ پھر کہے۔ خُذْ حَقِّيْ مِمَّنْ ظَلَمَنِيْ وَعَدَا

marfa.com
Marfat.com

عَلَیَّ "اے سخت گرفت کرنے والے! میرا حق اس سے لے جس نے مجھ پر ظلم و زیادتی کی ہے" "اربعین ادریسیہ" میں ہے۔ یَا قَاهِرُ یَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ انْتِقَامُهٗ "اے سخت گرفت کرنے والے! تُو وہ ہے جس کے انتقام کی کسی کو طاقت نہیں" حلِ مشکلات کے لیے اسے چینی کی پیالی پر اور دشمن کے دباؤ سے بچنے کے لیے جنگی کپڑے (وردی) وغیرہ پر لکھ لے۔ واللہ اعلم۔

اَلْوَهَّابُ

معنیٰ ہبہ، عطیہ جو عوض و غرض سے خالی ہو۔ جب کوئی کثرت سے ایسی عطائیں کرے، وہ جوّاد و وہّاب کہلاتا ہے۔ اور حقیقی جُود، ہبہ اور عطا کا تصور اللہ تعالےٰ ہی سے کیا جا سکتا ہے۔

تخلّق بندے سے جُود و ہبہ کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ کیونکہ وہ جب تک کام کرنا نہ کرنے سے بہتر نہ ہو، نہیں کرتا۔ لہٰذا اس کا یہ اقدام غرضِ نفس کے لیے ہے۔ ہاں جو کوئی اپنی تمام ملکیت یہاں تک کہ جان بھی اللہ کی رضا جوئی میں خرچ کر دے۔ جنّت کی نعمتیں حاصل کرنے یا جہنّم میں عذاب سے بچنے کے لیے نہیں، دنیا و آخرت میں انسان جو حصّے وصول کرنا چاہتا ہے، ان کے لیے بھی نہیں۔ وہی جوّاد و وہّاب کہلانے کا حقدار ہے۔

خواص جو کوئی نمازِ چاشت کے بعد ہمیشہ سربسجود ہو کر اس کا ورد کرے اللہ اسے غنا عطا فرمائے گا اور دلوں میں اس کا رُعب پیدا فرمائے گا۔ اور اللہ عالم الغیوب کے حضور قبولیت حاصل ہو گی۔ پہلی بات (حصُول غنا) کی ایک دلیل وہ ہے جو شبلی سے منقول ہے کہ انہوں نے ابو علی ثقفی کے ایک دوست سے اللہ تعالیٰ کا کوئی ایسا اسم مقدس دریافت کیا، جو ہمیشہ ورد زبان رکھ سکیں۔ اس دوست نے

marfa.com
Marfat.com

کہا۔ اَلْوَھَّابُ شبلی نے کہا اسی لیے وہ بہت مالدار ہو گیا۔ اور جس کا تجربہ کیا گیا ہے وہ یہ کہ بندہ چھ بار کہے۔ اَللّٰھُمَّ ھَبْ لِیْ مِنْ رَحْمَتِکَ مَالَا یُمْسِکُہٗ اَحَدٌ غَیْرُکَ "الٰہی اپنی رحمت سے وہ عطا فرما جسے کوئی دوسرا روک نہ سکے"۔ ایمان کی حفاظت کے لیے اس آیت کریمہ کی ہر نماز کے بعد سات بار تلاوت کرے۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ ۝

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! راہ دکھانے کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ فرمانا اور ہمیں اپنے ہاں سے رحمت عنایت فرما، بے شک تو بہت بخشنے والا ہے۔

اَلرَّزَّاقُ

معنے۔ وہ ذات جس نے رزق اور مرزُوق (جس کو رزق دیا جائے) دونوں کو پیدا کیا۔ ان تک رزق پہنچایا، اور استفادہ کے اسباب پیدا فرمائے۔ رزق دو طرح کا ہے، ظاہری، جو ظاہری بدنوں کی نشوونما کے لیے ہے جیسے کھانے غذائیں وغیرہ۔ باطنی۔ جو دلوں اور ذہنوں کے لیے ہے۔ جیسے معارف، مکاشفات وغیرہ۔ دو میں سے یہ قسم افضل ہے۔ اللہ جس کے لیے چاہے تنگ کر دے۔

تخلّق

اس چیز سے انسان جو انتہائی حصہ وصول کر سکتا ہے۔ یہ دو چیزیں ہیں۔ اوّل یہ کہ اس کی حقیقت کو سمجھے۔ اور یہ کہ اس کا حقیقی موصوف صرف اللہ تعالےٰ ہے۔ لہٰذا رزق اسی کی طرف سے جانے۔ اور اس بارے میں صرف اسی پر بھروسہ رکھے۔

دوسرا یہ کہ اللہ اسے رہنمائی کرنے والا علم۔ راہ دکھانے والی زبان اور نفع بخش عقل عطا فرماتا ہے۔ اس سبب سے وہ اپنے اقوال و افعال کے ذریعے دل کے بہترین

marfa.com
Marfat.com

رزق حاصل کر سکتا ہے۔

خواص فراخیٔ رزق کے لیے اس کی خاصیت یہ ہے کہ نماز فجر سے پہلے، گھر کے ہر کونے میں، اس کو دس بار پڑھے قبلہ رخ ہو کر دائیں کونے سے شروع کرے اور ہو سکے تو قبلہ رُخ ہی رہے۔ "اربعین ادریسیہ" میں ہے۔ "سُبْحَانَكَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّوَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ" سہروردی نے کہا، اس پر ہمیشگی سے بادشاہوں اور دوسرے احکام سے کام نکلیں گے۔ جب اس کا ارادہ ہو۔ مطلوب کا قصد کر کے کھڑا ہو جائے اور سترہ بار اسے پڑھے، اور ذہنی کمزوری دور کرنے کے لیے بیس مرتبہ پڑھے۔ ایسا ذہن نصیب ہوگا، جس سے باریکیاں سمجھنے لگے گا۔ اور جو کوئی نماز جمعہ کے بعد سو بار پڑھے اس کا سینہ کھل جائے گا۔ بیمار شفایاب ہوگا، یونہی تنگ دست کی تنگدستی دور ہوگی۔

اَلْفَتَّاحُ

اس کا معنی ہے وہ ذات جس کی مہربانی سے ہر بندش کھل جاتی ہے، جس کی رہنمائی سے ہر مشکل حل ہو جاتی ہے کبھی تو ممالک کو دشمنوں کے ہاتھ سے آزاد فرماتا ہے۔ اور کبھی عارفوں کے دلوں سے پردے ہٹا کر زمین و آسمان اور غیب کی کنجیاں ان کے سامنے رکھ دیتا ہے۔

تخلق بندے کو محنت کر کے ایسا ہو جانا چاہیے کہ اس کی زبان سے خدا سے متعلق مشکل مسائل حل ہوں اور دین و دنیا کے جو مسائل دوسروں کے لیے مشکل ہوں۔ اللہ کی مدد سے اس کے لیے آسان ہو جائیں تاکہ اسم فتاح کا فیض اسے بھی حاصل ہو۔

خواص اس کی خاصیت یہ ہے کہ کام آسان ہوتے ہیں، دل روشن ہوتے

marfa.com
Marfat.com

ہیں۔ فتح کے اسباب میسر ہوتے ہیں۔ جو کوئی نماز فجر کے بعد سینے پر ہاتھ رکھ کر اکہتر بار پڑھے، اس کا دل پاک، باطن روشن اور کام آسان ہو جائے گا۔ رزق وغیرہ کی کشائش ہوگی۔

اَلْعَلِیْمُ

اس کا معنیٰ ہے ظاہر۔ اور اس کا کمال یہ ہے کہ ہر شے اس کے احاطہ علم میں ہو۔ یہ بات کثرت معلومات سے ہوتی ہے، جس کی کوئی حد نہ ہو۔ علم کی صفت اس ذات میں اس طرح واضح ہو کہ اس سے بڑھ کر کسی مشاہدہ وکشف کا تصور نہ ہو سکے۔ وہ معلومات سے حاصل نہ ہو بلکہ معلومات اس سے حاصل ہو۔

تخلّق بندے کو وصفِ علیم سے حصہ ملتا ہے، جو پوشیدہ نہیں۔ لیکن اس کے علم اور اللہ کے علم میں تین طرح کا فرق ہے۔

خاصیت اس سے علم ومعرفت حاصل ہوتے ہیں جو اس پر لازمی عمل پیرا ہو وہ اللہ کی صحیح معرفت حاصل کرے گا۔ جیسے اس کا حق ہے۔ کتاب "کشف المعارف" میں ہے جس پر اللہ کے اسرار میں سے کوئی سرِ مُبہم ہو اس پر ہمیشہ عمل کرے جو مانگے گا میسر ہو گا۔ جس چیز کی حکمت چاہے گا معلوم کر لے گا اگر صفت خداوندی کا دروازہ کھولنا چاہے۔ اس پر علم وعمل کا دروازہ کھل جائے گا۔ اور اللہ کے ناموں میں "عَلَّامُ الْغُیُوْبِ" بھی مذکور ہے جو کوئی صیغۂ ندا سے اس کا ذکر اس طرح کرے۔ یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ، یہاں تک کہ اس پر اس کا اثر غالب آجائے، وہ عینی باتیں بتائے گا۔ اس پر دلوں کے راز ظاہر ہوں گے۔ اور اس کی رُوح عالم بالا کی طرف ترقی کرے گی۔ کائنات کے معاملات وحوادثات بیان کرے گا۔ الحاتمی کی کتاب "کیمیائے سعادت" میں لکھا ہے "یَا عَالِمَ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ" پر جو کوئی ہمیشگی کرے اور ہر نماز کے بعد تو بار پڑھے۔ صاحب کشف ہو جائے گا۔ اربعین اور یسینہ میں لکھا ہے "یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ فَلَا شَیْءَ یَفُوْتُهٗ مِنْ عِلْمِهٖ

marfa.com
Marfat.com

وَلَا یَوُدُّ ؛ - ہمیشہ قوت حافظہ برقرار رہے گی نسیان دُور ہوگا - واللہ اعلم۔

اَلْقَابِضُ، اَلْبَاسِطُ

معنے وہ ذات جو موت کے وقت جسموں سے روحوں کو قبض کرے۔ اور زندگی دیتے وقت رُوحوں کو جسموں میں چھوڑ دے۔ امیروں سے صدقات وصول کرے اور کمزوروں کا رزق فراخ کرے، امیروں پر اتنا رزق فراخ کرے کہ فقر و فاقہ نہ رہے اور غریبوں پر اتنا تنگ کرے کہ ان میں طاقت نہ رہے۔ دلوں سے اپنی نظر کرم ہٹا کر انہیں سکیڑ دے اور اپنے لطف و کرم سے ان کو نیکی کی طاقت و توفیق دے کر وسیع کر دے۔

تخلق بندوں میں قابض و باسط وہ ہیں جن کو عجیب و غریب حکمتیں اور جامع کمالات عطا ہوں۔ سو کبھی تو بندوں کے دل ایسے کھل جاتے ہیں کہ انہیں اس کی نعمتیں و عطائیں یاد دلاتے ہیں اور کبھی ان کو سکیڑ دیا جاتا ہے کہ وہ اس کے جلال کبریائی اور طرح طرح کے امتحان و عذاب سے ڈرنے لگتے ہیں۔

خواص قابض کی خاصیت ہے نفوس، ارواح اور اجسام کو سکیڑنا یہاں تک کہ جس آدمی کے لیے چالیس دن کے چالیس لقمے غذا کے دے اور وہ ہر دن ایک لقمہ کھائے اسے بھوک کی تکلیف محسوس نہ ہوگی۔

اَلْبَاسِطُ اس کی خاصیت ہے ہر چیز فراخی۔ خصوصاً رزق میں، جو کوئی چاشت کی نماز ادا کر کے دس بار اس کا ورد کرے، اسے فراخی حاصل ہوگی۔ اور جو کوئی آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر دس بار پڑھے اور چہرے پر ہاتھ پھیر لے۔ اس کے لیے غنا کا دروازہ کھول دیا جائے گا۔ واللہ اعلم۔

اَلْخَافِضُ اَلرَّافِعُ

ان کا مطلب ہے وہ ذات جو کفار کو بدبختی کے ذریعے پست اور مسلمانوں کو سعادت

marfa.com
Marfat.com

کے ذریعے بلند فرمائے۔ اولیا کو قربت کے ذریعے بلند اور اپنے دشمنوں کو دوری کے ذریعے پست فرمائے۔

تخلّق اس میں بندے کا حصہ یہ ہے کہ حق کو بلند اور باطل کو پست کرے۔ اس طرح کہ اہل حق کی مدد اور اہل باطل کی سرزنش فرمائے۔

خواص خافض کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی اسے پانچ سو بار پڑھے اس کی حاجت پوری اور غم دور ہوگا۔

رافع کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی اسے ستر بار پڑھے ظالموں، سرکشوں سے محفوظ ہو۔

اَلْمُعِزُّ — اَلْمُذِلُّ

معنیٰ۔ وہ ذات جو جسے چاہے ملک دے دے اور جس سے چاہے چھین لے جیتی ملک محتاجی کی ذلت، غلبہ شہوت اور جہالت کے داغ سے نجات پایا اور محفوظ ہونا ہے۔

تخلّق جس آدمی کے دستِ اختیار سے اسبابِ عزت مہیا کر دیئے جائیں وہ اس وصف میں حصے دار ہے۔ بعض عارفوں نے کہا، بندے کا اس وصف میں یہ حصہ ہے کہ وہ حق اور اہل حق کی عزت کرے۔ فرماں بردار رہے، نافرمانی سے بچے۔ اس لیے کہ یہ اطاعت کے ہمراہ عزت اور ہر معصیت کے ساتھ ذلت ہے۔ تو اس کی نافرمانی کرے اور وہ تیری عزت کرے، ہرگز نہیں۔ عزت اطاعت سے مربوط ہے یہی فرمانبرداری ہے۔ نور ہے۔ عزت ہے۔ کشفِ حجاب ہے۔ ذلت نافرمانی سے مربوط ہے۔ یہی نافرمانی ہے۔ ذلت ہے، اندھیرا ہے۔ تیرے اور اس کے درمیان پردہ ہے۔ اللہ نے کسی انسان کی اس سے بڑھ کر عزت نہیں کی کہ اسے اپنے نفس کی ذلت بنائے۔ اور کسی کی اس سے بڑھ کر تذلیل نہیں کی کہ اسے عزتِ نفس کے غرور سے ذلتِ نفس سے

marfa.com
Marfat.com

غافل کر دے۔ بندے کا حصہ، اللہ کے اسمِ گرامی اَلْمُذِلُّ میں یہ ہے کہ وہ باطل اور اہلِ باطل کو ذلیل کرے۔

خواص اَلْمُعِزُّ کی خاصیت یہ ہے کہ لوگوں کے دلوں میں عزت و ہیبت پیدا ہوتی ہے۔ جو کوئی پیر یا جمعرات کو نماز مغرب کے بعد چالیس بار اسے پڑھے، اللہ تعالیٰ مخلوق کے دل میں اس کی ہیبت پیدا فرما دیتا ہے۔ اَلْمُذِلُّ کی خاصیت ہے ظالم و حاسد سے محفوظ رہنا اسے پچھتر بار پڑھے پھر سر بسجود ہو کر دعا مانگے، اسی وقت نجات پائے گا۔ اربعین اور یسینہ میں ہے۔ یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ یَقْهَرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ "سہروردی نے کہا ہتھیار پر لکھے اور لڑنے والا اس کا ورد کرے۔ غالب آئے گا۔ جو ہزار بار روزانہ، سات دن مسلسل اس پر عمل کرے۔ وہ دشمن سے محفوظ جس نے مالی اُمور میں کسی سے شرکت کی، وہ اس کا حق مارتا ہے، اس وظیفہ کو کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ انصاف کرے گا۔

اَلسَّمِیْعُ

معنے ہے وہ ذات جس کے علم سے کوئی سُنی جانے والی خبر پوشیدہ نہ رہے۔ خواہ کیسی ہی پوشیدہ کیوں نہ ہو۔ کانوں سے یا کسی ذریعہ، آلہ کی مدد سے سُننے سے پاک ہے۔ (بغیر اسباب کے سُنتا ہے)

تخلق آدمی کے لیے بذریعہ حس، وصف سمع کا حصہ ہے۔ لیکن وہ قاصر ہے تمام سُننے کی چیزیں سُن نہیں سکتا۔ پھر اعضاء و آلات سے اس کی قوتِ سماعت آفات کا شکار رہتی ہے اس میں دینی حصہ یہ ہے کہ یقین جانے کہ اللہ تعالیٰ سُننے والا ہے، اپنی زبان کی حفاظت کرے، اُسے قوتِ سماع محض اس لیے دی گئی ہے کہ اللہ کا کلام اور اس کی کتاب سُنے۔

marfa.com
Marfat.com

خواص اس کی خاصیت دُعا کی قبولیت ہے، جو کوئی جمعرات کے دن، نمازِ چاشت کے بعد اسے پانچ سو بار پڑھے۔ مقبول دُعا ہو جائے گا۔

اَلْبَصِیْرُ

معنیٰ۔ وہ جو مشاہدہ کرے اور دیکھے، زمین کے نیچے بھی کوئی چیز اس سے اوجھل نہ رہ سکے۔ اس کا دیکھنا بھی آلہ اسباب کے ذریعے منتقش ہونے سے منزّہ ہے۔

تخلق آنکھوں سے دیکھنا اور محسوس کرنا، بندے کے لیے یہ حصہ تو واضح ہے۔ لیکن آدمی کا دیکھنا کمزور و قاصر ہے۔ دینی حصہ یہ ہے کہ اسے معلوم ہو کہ نگاہ اس کے لیے اس لیے پیدا کی گئی ہے کہ وہ زمین و آسمان میں قدرت کی عجیب و غریب چیزیں دیکھے اور اس کا دیکھنا صرف عبرت کی خاطر ہو، اور یقین جانے کہ وہ اللہ کی قوتِ سمع و بصر کے سامنے ہے۔ پس وہ اللہ کی نظر سے چھپ نہیں سکتا۔ جس نے غیر اللہ سے ایسی چیز چھپائی جسے وہ اللہ سے نہیں چھپا سکتا۔ وہ اللہ کی نظر میں ذلیل ہو گیا۔

خواص اس کی خاصیت ہے توفیق ملنا جس نے نمازِ جمعہ سے پہلے اسے سو بار پڑھا، اللہ اس کی بصیرت کھول دے گا، اور اسے قول و عمل کی توفیق دے گا۔

اَلْحَکِیْمُ

اس کا معنیٰ ہے پکا فیصلہ کرنے والا۔ جس کا فیصلہ کوئی رد نہ کر سکے اور نہ کوئی اس کے حکم پر گرفت کر سکے۔ بندوں کے لیے اس کا حکم یہ ہے۔ کہ بندے کا حق صرف اس پر ہے جس کی اس نے کوشش کی، اور یہ کہ اس کی کوشش کو عنقریب دیکھا جائے گا۔ اور بے شک نیک نعمتوں میں ہوں گے اور بے شک مجرم جہنم رسید ہوں گے۔ اور نیک بد

marfa.com
Marfat.com

کے لیے۔ نیک بختی و بدبختی کے فیصلے کا مطلب ہے کہ نیکی، بدی کو اپنانے والے کے لیے نیک بختی یا بدبختی تک پہنچنے کا سبب بنایا۔ نیکی نیک آدمی کو سعادت کی طرف، اور بدی بدکار کو شقاوت کی طرف ہانکتی ہے۔ جیسے دوائیں اور زہر کہ اپنے عامل کو شفا و ہلاکت تک پہنچاتی ہیں۔ جب کہ حکمت کا مطلب ہو، اسباب کو ترتیب دے کر مسببات کی طرف موڑنا، تو اللہ تعالیٰ کا حکم مطلق ہوا، کیونکہ تمام تفصیلی و اجمالی اسباب کا مسبب وہی ہے۔ اور حکم سے فیصلہ و تقدیر پیدا ہوتے ہیں۔ سو اس کی تدبیر ہی دراصل اسباب کا رُخ مُسببات کی طرف موڑتی ہے۔ اس کا حکم اور اسباب کُلّیہ۔ اصلیہ۔ ثابتہ۔ موجودہ ایسے ہیں جو نہ ٹل سکیں، نہ پھریں مثلاً زمین سات آسمان، ستارے، افلاک اور ان کی دائمی مناسب حرکات جو نہ بدلیں، نہ ختم ہوں تاوقتیکہ اللہ کا لکھا فیصلہ اپنی مدت کو پہنچے۔ جیسا کہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے۔ فَقَضٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا۔ اور ان اسباب کو حرکات مناسبہ محدودہ، مقدرہ، محسوبہ سے مسببات حادثہ کی طرف لحہ بہ لحہ موڑنے والے باری تعالیٰ نے ان کا اندازہ مقرر فرمایا ہے سو حکم تدبیر اوّل۔ کلی۔ امر ازلی ہے، جو پلک جھپکنے کی طرح ہے۔ اور قضائے اسباب کُلّیہ دائمہ کو ترتیب دینا ہے۔ اور قدر اسباب کُلّیہ کو ان کی حرکات مقررہ محسوبہ سے ان کے مسببات کی طرف موڑنا ہے۔ جو معدود اور ایک حد تک محدود ہیں۔ نہ بڑھیں نہ کم ہوں۔ اسی لیئے کوئی چیز اس کی قضا و قدر سے باہر نہیں ہوتی۔

تخلق اس صفت سے موصوف ہونا تو ظاہر ہے اور اللہ کے اس وقت سے دینی مشاہدہ یہ ہے کہ اللہ کی طرف سے ہر کام کا فیصلہ ہو چکا ہے کوئی نیا کام نہیں ہوتا۔ جو ہونا تھا اس کی تحریر کر کے قلم ہو گئی۔ اسباب اپنے مسببات کی طرف متوجہ ہو گئے۔ اور وہ انہیں زندہ کرنے کے مُشتاق ہیں۔ ان کی مدتیں قطعی لازمی ہیں۔ جس نے عالم وجود میں آنا ہے، لازمی آنا ہے۔ خواہ اصل ذات میں واجب نہ ہو لیکن اس ازلی فیصلے سے واجب ہو گیا جس نے ٹلنا نہیں۔ سو

marfa.com
Marfat.com

معلوم ہُوا کہ جس کا فیصلہ ہو چکا وہ ہوگا اور فکرمندی فضول ہے۔ شدنی ٹل نہیں سکتی۔ اس پر فکرمند ہونے کا کوئی فائدہ نہیں، ہونے والی پر مغموم ہونا جہالت ہے، کیونکہ جب کسی چیز کا ہونا مقدر ہو چکا تو اس سے ڈرنا، اُسے ٹال نہیں سکتا۔ بلکہ ایک طرح سے غم والم کو جلد بُلانا ہے، اور اگر اس کا ہونا مقدر نہیں تو پھر اس پر خوف زدہ ہونا بے معنی ہے۔ اس وجہ سے مغموم ہونے کی بھی کوئی وجہ نہیں۔

مسئلہ تقدیر پر سوال وجواب

اگر تم کہو جب تقدیر کا مسئلہ طے ہو چکا تو عمل کی کیا ضرورت ہے؟ کہ سبب سعادت و شقاوت تو گزر چکا ہے تو اس کا جواب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے: "اِعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهٗ" (بخاری ومسلم وغیرہما) جس کا مطلب ہے جس کے لیے سعادت مقدر کی گئی ہے، کسی سبب کے ساتھ کی گئی ہے سو اس کے لیے اس کے اسباب میسر ہوں گے۔ یعنی اطاعت۔ اور جس کے لیے بدبختی مقدر کی گئی ہے۔ اسے اس کے اسباب سے متعلق کیا گیا ہے اور وہ ہے اسباب سعادت ان کا معمول نہ بنانا۔ کبھی اس کی بطالت کا سبب یہ ہوتا ہے۔ کہ اس کے دل میں یہ بات بیٹھ جاتی ہے کہ اگر میں سعادت مند ہُوں تو عمل کی کوئی ضرورت نہیں، اور اگر بدبخت ہُوں تو عمل مجھے کوئی فائدہ نہیں دے سکتا۔ حالانکہ یہی جہالت ہے۔ اسے معلوم نہیں کہ اگر سعید ہے تو اسی لیے تو سعید ہے کہ اس پر سعادت کے اسباب جاری ہیں یعنی علم اور عمل، اور اگر یہ میسر نہیں اور پر جاری نہیں تو یہی اس کی بدبختی کی علامت ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ جو شخص فقیہ اور درجہ مجتہد تک پہنچنے کی تمنا کرے تو اسے کہا جائے گا کوشش کر، علم حاصل کر، اور مسلسل محنت کر۔ اس پر وہ کہے اگر ازل میں اللہ نے میری امامت کا فیصلہ کر دیا ہے تو مجھے محنت وکوشش کی کوئی ضرورت نہیں۔ اور اگر اللہ نے میرے جاہل ہونے کا فیصلہ کر دیا ہے تو جد وجہد سے مجھے کوئی فائدہ نہ ہوگا تو اسے کہا جائے گا اگر تجھ پر یہی سوچ مسلط رہی تو یہ اس بات کی دلیل ہوگی کہ اللہ

marfa.com
Marfat.com

نے تیرے جاہل ہونے کا فیصلہ کر دیا ہے، کیونکہ ازل میں جس کی امامت کا فیصلہ ہو چکا، اسباب امامت کے ساتھ ہوا۔ وہ اسباب اس پر جاری ہوں گے۔ اور وہ ان اسباب کو اس امامت کے لیے استعمال کرے گا۔ اور اس سے ایسی سوچ، جو سستی اور سہل پسندی کا خوگر کرے، دور کی جائے گی۔ تو جو شخص جدّ و جہد نہ کرے قطعاً وجہ امامت پر فائز نہیں ہو سکتا، اور جو محنت کرے گا اس کے لیے وسائل مہیا کر دیئے جائیں گے کہ اس کی مقصد تک پہنچنے کی اُمید سچی ہے۔ بشرطیکہ آخر دم تک محنت و کوشش میں مصروف رہا اور رکاوٹ ڈالنے والا کوئی حادثہ پیش نہ آیا۔ اسی طرح یہ بات بھی سمجھنی چاہیئے۔ کہ سعادت صرف وہ حاصل کر سکتا ہے، جو اللہ کے حضور قلبِ سلیم لے کر حاضر ہوا۔ اور دل کی سلامتی ایسی صفت ہے۔ جو محنت سے حاصل ہوتی ہے، بالکل صفت امامت کی طرح، اُوپر سے نہیں آتی۔ ہاں مشاہدہ حکم میں بندوں کے کئی درجے ہیں۔ کچھ خاتمہ دیکھتے ہیں کہ خاتمہ کیسا ہوا۔ اور کچھ گزشتہ اعمال پر نظر رکھتا ہے۔ کہ ازل میں کیا فیصلہ ہوا ہے۔ یہ شخص پہلے سے افضل ہے کیونکہ خاتمہ گزشتہ اعمال کے تابع ہوتا ہے۔ کچھ وہ ہیں جو ماضی و مستقبل، دونوں کو چھوڑ دیتے ہیں۔ یہ ابن الوقت ہیں۔ اپنے وقت کو دیکھتے ہیں۔ اللہ کی قدرت کے فیصلوں پر راضی رہتے ہیں کہ دیکھیں کیا ظاہر ہوتا ہے۔ یہ لوگ پہلے گروہ سے اعلیٰ ہیں۔ کچھ وہ ہیں جو ماضی، مستقبل، حال کو چھوڑ کر، حکم الٰہی پر دل میں مصروف رہتے ہیں۔ ہمیشہ مشاہدے میں رہتے ہیں، اور یہی بلند درجہ ہے۔

خواص اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی باوضو ہو کر مدت تک آدھی رات اس کا جذبۂ وعقیدت سے ورد کرے، یہاں تک کہ حال طاری ہو جائے، اللہ اس کے باطن کو رازوں کی کان بنا دے گا۔

اَلْعَدْلُ

معنے۔ عادل وہ ذات ہے جس سے فعل عدل صادر ہو۔ جو جَور و ظلم کی ضد ہے جو

marfa.com
Marfat.com

عدل کی پہچان نہیں رکھتا، وہ عادل کو پہچان نہیں سکتا۔ جو کسی کے فعل کو نہیں جانتا وہ اس کے عدل کو نہیں جان سکتا۔ سو جو کوئی اس صفت کو جاننا چاہے اُسے اللہ کے افعال کا پورا علم حاصل کرنا چاہیے عالمِ بالا سے لے کر تحت الثریٰ تک۔ اور انسان کو اپنے بدن کی طرف دیکھنا چاہیے کہ وہ مختلف اجزا سے مرکب ہے بالکل اسی طرح جیسے بدن کائنات، مختلف اجسام سے۔ اور جو چیز جس جگہ پیدا کی گئی صرف اس لیے پیدا کی گئی۔ کہ وہ جگہ اس کے لیے متعین کی گئی۔ اگر اس ترتیب کو اُلٹ دیا جائے تو نظام کائنات درہم برہم ہو جائے۔ قسم قسم کے موجودات پیدا فرمائے۔ جسم بھی رُوح بھی۔ کامل بھی۔ ناقص بھی۔ ہر شے کو تخلیق کیا۔ جود و عطا سے کام لیا۔ ہر شے کو اس کے موقع محل پر مرتب فرمایا پس وہ عدل ہے۔ یہ ایک اسم مقدس (عدل) ہے۔ جس کی شرح کئی جلدوں میں ہو سکتی ہے۔ یہی حال ہے اس کے باقی اسمائے حُسنیٰ کا۔ کیونکہ وہ اسم جو افعال (مصادر) سے مشتق ہیں۔ اس وقت تک سمجھ میں نہیں آ سکتے۔ جب تک ان افعال (مصادر) کو اور خالق میں اللہ کے ہونے والے افعال کو سمجھا نہ جائے۔ اب جس شخص کو ان تمام کا تفصیلی علم نہیں وہ صرف تفسیر اور لُغت کی وضاحت ہی کر سکتا ہے۔

تخلّق

عدل میں انسان کا حصہ پوشیدہ نہیں۔ اور سب سے پہلے اس پر جو عدل لازم ہے، وہ صفات نفس کے متعلق ہے۔ یوں کہ شہوت و غصہ کو دین و عقل کے اشارے کے تحت قید میں رکھے اس کی تفصیل یُوں ہے کہ تمام حدودِ شرعیہ کا لحاظ رکھے۔ ہر عضو سے انصاف یہ ہے کہ اُسے اس موقع و محل پر استعمال کرے جس کا شرع نے حکم دیا ہے۔ پھر اہل و عیال، رشتہ دار اور رعیت سے اس کا عدل پوشیدہ نہیں۔ سو ہر چیز کو اس کے محل پر رکھے۔ دینی لحاظ سے اس میں بندے کا حصہ یہ ہے کہ اللہ کے عدل پر ایمان رکھے۔ تمام حالات میں اس کے حکم و تدبیر پر اعتراض نہ کرے، خواہ اس کی مُراد کے موافق ہوں یا نہ ہوں، کیونکہ یہ سب عدل ہے۔

marfat.com
Marfat.com

خواص جو کوئی اسے جمعہ کی رات روٹی کے بیس ٹکڑوں پر لکھے اور ان کو کھالے، تمام مخلوق اس کے تابع فرمان ہو گی۔ کیونکہ تسخیر قلوب اس کا خاصہ ہے۔ (؟)

"اربعین ادریسیہ" میں ہے "یَا کَرِیْمَ الْعَفْوِ ذَا الْعَدْلِ قَدْ مَلَأَ کُلَّ شَیْءٍ عَدْلُہٗ" سہروردی نے کہا جو حکمران اس کو ہمیشہ پڑھتا رہے، اس کا عدل و ذکر پھیل جائے گا یونہی عالم ہے تو اس کا علم۔

اَللَّطِیْفُ

اس نام کی مستحق صرف وہ ذات ہے، جو مصلحتوں کی باریکیاں اور گہرائیاں اور نکتہ سنجیاں جانے، پھر نرمی سے ان کے حاصل کرنے میں راہنمائی فرمائے۔ سختی سے نہیں اور علم و عمل میں کامل طور پر اس صفت کا صرف اللہ تعالیٰ کے لیے تصور ہو سکتا ہے۔ اس کی پوری شرح کئی جلدوں میں نہیں سما سکتی۔ ہاں اس کے بعض گوشوں کی طرف اشارہ کیا جا سکتا ہے۔ سو اللہ تعالیٰ کا ایک لطف جنین کو شکم مادر کے تین اندھیروں میں پیدا کرنا ہے۔ پھر ناف کے ذریعے اس کی حفاظت اور غذا کا بندوبست کرنا یہاں تک کہ وہ اس سے جدا ہوتا ہے، پھر مستقل طور پر منہ کا استعمال کرتا ہے۔ پھر پیدائش کے بعد اللہ کے الہام سے ماں کا پستان منہ میں ڈالنا اور چوسنا، بغیر تعلیم و مشاہدہ کے۔ خواہ رات کے اندھیرے ہوں۔ پھر جب تک دودھ سے کام چلتا ہے۔ دانتوں کی پیدائش میں تاخیر کرنا، پھر کھانا چبانے کے لیے دانت پیدا فرمانا۔ پھر دانتوں میں یہ تقسیم کہ چوڑے چبانے کے لیے۔ داڑھیں توڑنے کے لیے اور سامنے کے تیز دھار کاٹنے کے لیے۔ پھر زبان کو جس کی ظاہر غرض و غایت بولنا ہے کھانا چبانے میں استعمال کرنا وغیرہ۔ اور اللہ تعالیٰ کا بندوں پر ایک لطف یہ ہے کہ ان کو ضرورت سے زیادہ دیا اور طاقت سے کم تکلیف دی۔ اس کا ایک لطف یہ ہے کہ تھوڑے عرصہ میں یعنی عمر طبعی معمولی محنت سے، ہمیشہ کی سعادت

marfa.com
Marfat.com

کامرانی تک پہنچنا بندوں کے لیے آسان فرمایا۔ اس کا ایک لطف خون وگوبر کے درمیان سے خالص دُودھ، مکھی سے شہد، کیڑے سے ریشم اور سیپی سے موتی نکالنا ہے۔ اس سبب سے عجیب تر یہ کہ گندے نطفے سے، اپنی معرفت کا امین، اپنی امانت کا حامل اور کائنات ارضی وسماوی کا شاہد بنایا۔ یہ بھی ایسا فن ہے جس کا شمار ممکن نہیں۔

تخلّق اس وصف سے بندے کا حصّہ، اللہ کے بندوں سے لطف ونرمی سے پیش آنا، پیار سے ان کو اللہ کی طرف بُلانا اور اُخروی سعادت کی راہنمائی کرنا ہے۔ نہ عیب لگانا نہ طعن وطنز سے کام لینا۔ اس کا بہترین طریقہ یہ ہے۔ کہ اچھے اخلاق پسندیدہ طرزِ عمل اور نیکی کے ذریعے قبولِ حق کی طرف ان کو مائل کیا جائے۔ چوری چپڑی باتوں سے یہ طریق بہت بہتر ہے۔

خواص اس کی خاصیت یہ ہے جو کوئی اسے اپنے نام کے اعداد کے برابر پڑھے اس سے دُکھ درد دُور ہوتے ہیں جو کوئی اسے سَو بار یا ایک سَو تیئس بار ۱۲۳ پڑھے اس کی تنگی فراخی سے بدل جاتی ہے۔ اور ہر کام میں اس سے لطف وکرم کا برتاؤ کیا جائے گا۔

اَلْخَبِیْرُ

اس کا معنٰے ہے وہ ذات جس پر پوشیدہ خبریں، پوشیدہ نہ رہیں۔ (یعنی جو مخلوق سے پوشیدہ ہیں۔) یہ علیم کے معنی میں ہے۔ لیکن جب علم کی نسبت باطنی پوشیدہ اُمور کی طرف کی جائے اسے خبر، اور اس کے موصوف کو خبیر کہا جاتا ہے۔

تخلّق اس میں بندے کا حصّہ یہ ہے کہ اسے اپنی کائنات میں ہونے والے حالات کی خبر ہو اور اس کی کائنات اس کا بدن اور دل ہے اور جن پوشیدہ اوصاف سے دل متصف ہوتا ہے ان سے بھی باخبر ہو۔ مثلاً دھوکہ بازی، خیانت، نفس کا فریب،

marfat.com
Marfat.com

کھوٹ، سچ و جھوٹ کو گڈمڈ کرنا۔ ان سے پرہیز کرے اور ان کے مقابلہ کے لیے تیار رہے۔

خواص اس کا خاصہ ہر چیز کی خبر دینا ہے جو کوئی سات دن اس کا ورد کرے اسے حسبِ منشا ہر خبر پر اطلاع ہو جائے گی۔ مثلاً گزشتہ زمانے کی خبریں، بادشاہوں کے حالات وغیرہ۔ کتاب شمس المعارف میں یونہی لکھا ہے جو کسی کے ہاتھ سے تکلیف برداشت کرتا ہے کثرت سے اس کا ذکر کرے اس کی حالت بہتر ہو جائے گی۔ واللہ اعلم

اَلْحَلِیْمُ

اس کا مطلب ہے وہ ذات جو مجرموں کے جرائم اور اپنے حکم کی خلاف ورزی دیکھے پھر بھی مغلوب الغضب نہ ہو، آپے سے باہر نہ ہو اور یہ چیز اسے قدرت ہونے کے باوجود جلدی انتقام لینے پر برانگیختہ نہ کرے (صبر سے برداشت کرے)

تخلق بندے کا حصہ وصفِ حلم میں واضح ہے۔ حلم و بردباری، انسان کی ان اخلاقی خوبیوں میں سے ہے۔ جو لمبی چوڑی تفصیل سے مستغنی ہے۔

خواص اس کی خاصیت ہے ریاست و راحت حاصل ہونا۔ جب زمیں اس کا ذکر اختیار کرے اسے یہ چیز حاصل ہو گی۔ جو اسے کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھوئے پھر تپھلے یا آلۂ کار پر دو پانی مل لے، اس میں برکت ظاہر ہو گی۔ اور کشتی پر ملے تو ڈوبنے سے محفوظ رہے۔ چوپائے پر لگائے تو ہر خطرے سے بچا رہے۔ "اربعین ادریسیہ میں" ہے

سہروردی نے کہا، جو اس کا ذکر کرے اس کی بات قبول ہو گی، عزت بڑھے گی۔ طاقت میں اضافہ ہو گا کہ درندہ اس کا مقابلہ نہ کر سکے، نہ کوئی اور۔ جو کوئی اسے کاغذ پر لکھے اور اس میں اپنے محبوب کو کھلائے وہ اس سے محبت کرے گا۔ جو اس کو سیب پر لکھ کر محبوب کو دے دے، ایسا ہی اثر کرے۔ ناجائز مقاصد کے لیے اس کا استعمال جائز نہیں۔

marfa.com
Marfat.com

اَلْعَظِیْمُ

اس کا معنی ہے وہ ذات جس کی اصل حقیقت عقل کی دسترس میں نہ آجائے۔ یہی وہ عظیم مطلق ہے۔ جو تمام حدودِ عقل سے ورا ہو، اور وہ ذات صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔

تخلق بندوں میں عظیم وہ انبیاء و اولیاء ہیں، جن کی کسی صفت کو جب عقلمند پہچان لے۔ تو اس کا سینہ ہیبت سے بھر جائے اور دل پوری طرح ہیبت زدہ ہو جائے پس ہی اُمتی کے لیے، شیخ مُرید کے لیے اور استاذ شاگرد کے لیے عظیم ہے۔ چونکہ عقل اللہ کی صفات کی کُنہ سے قاصر ہے (پس اللہ عظیم ہے)

خواص اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو کثرت سے اس کا ذکر کرے۔ وہ عزت اور ہر تکلیف دہ چیز سے شفا پائے گا۔ "اربعین ادریسیہ" میں لکھا ہے۔ یَا عَظِیْمُ وَالثَّنَاءِ الْفَاخِرِ وَالْعِزِّ وَالْمَجْدِ وَالْکِبْرِیَاءِ فَلَا نَذِلُّ عِزَّہٗ۔ سہروردی نے کہا، جو شخص بادشاہ سے ڈرے وہ اسے بارہ ۱۲ مرتبہ پڑھے اور اپنے اوپر دم کر لے۔ محفوظ ہو جائے۔ ۱۱۔ یونہی گناہوں کی بنا پر مایوس آدمی پڑھے، لطف و کرم پائے گا۔

اَلْغَفُوْرُ

معنی غفار کے معنی میں ہے لیکن اس میں جو مبالغہ پایا جاتا ہے۔ وہ غفار میں نہیں پایا جاتا۔ غفار میں مغفرت کا معنی مبالغہ کے ساتھ پایا جاتا ہے۔ اس مفہوم میں کہ بخشنے والا ہے بعد دیگرے جرائم کو بخشتا ہے۔ پس فَعَّالٌ کثرتِ فعل کی خبر دیتا ہے اور فَعُوْلٌ زندگی، کمال اور جامعیت کی۔ سو وہ اس معنی میں غَفُوْرٌ ہے۔ کہ اس کی مغفرت تام و مکمل ہے

تخلق بندے کا اس صفت میں یہ حصہ ہے۔ کہ جن اُمور میں اپنی پردہ پوشی پسند کرتا ہے اپنے بھائی کے لیے بھی کرے اور صرف خوبیوں کا ذکر کرے اور

marfat.com
Marfat.com

اَلْکَبِیْرُ

اس کا معنے کبریائی والا۔ اور کبریائی کا مفہوم ہے "کمالِ ذات" کمال ذات سے میری مراد کمالِ وجود ہے جس میں دو باتیں ہیں۔ اوّل۔ اس کا ازل و ابد (ہمیشہ) دائم رہنا۔ دوم باری تعالیٰ کا وجود ہی وہ وجود ہے جس سے ہر موجود کا وجود پیدا ہوتا ہے۔

تخلق بندوں میں کبیر وہ کامل ہے جس کی صفات کمال میں کوتاہی نہ ہو۔ بلکہ دوسروں تک پہنچے بندے کا کمال، اس کے عقل۔ علم اور پرہیزگاری میں ہے۔ سو کبیر وہ پرہیزگار، عالم ہے جو حق کی رہنمائی کرے۔

خاصیت اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی کثرت سے اسے پڑھتا رہے اس پر علم و معرفت کا دروازہ کھل جاتا ہے۔ اگر کھانے پر پڑھ کر میاں بیوی مل کر کھائیں۔ تو ان میں موافقت، محبت پیدا ہو۔ "اربعین ادریسیہ" میں ہے۔ "یَا کَبِیْرُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا تَهْتَدِیْ الْعُقُوْلُ بِوَصْفِ عَظَمَتِهٖ"۔ سہروردی نے کہا اگر قرض دار اسے کثرت سے پڑھے اس کا قرض ادا ہو اور رزق میں فراخی ہو اور اگر اپنے عہدے سے معزول شخص روزہ رکھ کر ایک ہزار بار روزانہ کے حساب سے سات دن پڑھے، اپنے مقام پر بحال ہوگا۔ اگرچہ بادشاہ ہو۔

اَلْحَفِیْظُ

بہت حفاظت کرنے والا، جب تک لفظ کا معنے نہ سمجھ لیا جائے، حفیظ کا معنے نہیں سمجھا جا سکتا۔ حفاظت کے دو مطلب ہیں۔ ایک موجودات کا دائمی وجود اور اس کی بقاء، اس کی ضد ہے عدم۔ دوسرا جو زیادہ واضح ہے متضاد و متناقض چیزوں کو ایک دوسری سے بچانا۔ (مثلاً آگ کو پانی سے۔ گرمی کو سردی سے۔ کمزوری کو قوت

marfa.com
Marfat.com

سے اصحت کو بیماری ۔)

تخلق | بندوں میں غیظ و د ہے جو اپنے دل اور اعضا کو غضب و غصہ، شہوت کی خرابی اور نفس شیطان کے دھوکے سے بچائے۔

خواص | جو بھی اسے اپنے ہمراہ رکھے اور احتمال کی اس کا ذکر کرے، اسی وقت اس کی برکت محسوس کرے گا۔ یہاں تک کہ جو کوئی اس کا نقش اپنے پاس رکھے، اور درندوں کے درمیان سو جائے، وہ اس کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے۔ واللہ اعلم۔

اَلْمُقِیْتُ

اس کا مطلب ہے غذائیں پیدا کر کے بدنوں تک پہنچانا۔ اور دلوں تک پہنچانا۔ اور دلوں کی غذا معرفت ہے۔ پس یہ رزاق سے ہم معنیٰ ہے، البتہ اس سے خاص ہے، کیونکہ رزق غذا اور دوسری ضروریات کو شامل ہے۔

تخلق | بندے کا اس میں یہ حصہ ہے کہ کھانا کھلائے۔ نفس کو کنٹرول کرے اور غافل کی راہنمائی کرے۔

خواص | اس کی خاصیت ہے سیر ہونا اور کرنا اگر روزے دار اسے لکھ لے یا مٹی پر پڑھ کر پانی سے تر کر لے۔ پھر اسے سونگھ لے، اسے بھوک و پیاس کے برداشت کی طاقت حاصل ہو۔ جو کوزے پر اسے سات بار پڑھے، پھر اس پر اسے لکھ لے اور سفر میں اس سے پانی پیئے، سفر کی گھبراہٹ سے محفوظ ہو۔ خصوصاً اگر صبح و شام اس کے ساتھ سورۂ یاسین بھی ملا لے۔ یہ بات صحیح اور مجرب ہے، اور اس میں امن ہے۔

اَلْحَسِیْبُ

اس کا معنیٰ ہے کافی۔ ایسی ذات جس کے پاس ہو وہ اسے کافی ہوگی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ ہر ایک کے لیے حسیب اور کافی ہے اور حقیقت میں یہ صفت کسی اور کے لیے متصور بھی نہیں۔ کیونکہ کفایت میں ضروری ہے کہ کافی ہمیشہ موجود رہے اور اس کا وجود کامل ہے اور عالمِ ایجاد میں اللہ کے سوا کوئی ایسا معبود نہیں۔

تخلق بندے کا اس وصف میں محض مجازاً تھوڑا سا حصہ ہے اب اگر وہ اپنے بیٹے کی تربیت یا اپنے شاگرد کی تعلیم کا ذمہ اٹھاتا ہے تو یہ بھی کفایت میں ایک واسطہ ہے، لیکن کافی نہیں کیونکہ کافی اللہ ہی ہے۔

خواص اس کی خاصیت ہے نسب اور رشتوں وغیرہ میں امن و امان کا قیام۔ لہٰذا رشتہ داروں کے دھوکہ فریب سے ڈرنے والا طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب کے بعد ہر روز ستتر بار اس کا ورد کرے، ہفتہ بھر سے پہلے محفوظ ہو جائے گا جمعرات کے دن سے شروع کرے۔ واللہ اعلم۔

اَلْجَلِیْلُ

معنیٰ وہ ذات جس میں جلالی صفات پائی جائیں جو کہ غنا، ملک، تقدیس، علم اور قدرت وغیرہ صفات کمال ہیں۔ پس جلیل مطلق صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ گویا کبیر کا تعلق کمال ذات جلیل کا تعلق کمال صفات اور ادراک بصیرت کی طرف منسوب کرتے ہوئے عظیم کا تعلق کمال ذات و صفات سب سے ہے۔ اور صفات جلال کو جب بصیرتِ مدرکہ کی طرف منسوب کیا جائے اسے جمال کہتے ہیں۔ اگرچہ لغت میں لفظ جمال صورت ظاہری کے لیے وضع کیا گیا ہے، جو آنکھ سے نظر آتی ہے۔ لیکن اسے صورت باطنہ کی طرف نقل کیا گیا ہے جو بصیرت سے دیکھی جا سکتی ہے۔ سو جب اس کا جلیل ہونا ثابت ہو گیا۔ تو وہ جمیل ہے اور ہر جمیل کا جمال جب معلوم و محسوس ہو تو وہ محبوب و معشوق ہوتا ہے۔

تخلق بندوں میں جلیل و جمال وہ ہے، جس کی باطنی صفات خوبصورت ہوں، جن

marfa.com
Marfat.com

سے دل اور بصیرت لذت یاب ہوں۔ رہا جمال ظاہری، سو اس کا مقام نسبتاً کم تر ہے۔

خواص اس کی خاصیت ہے ظاہر ہونا اور اپنے عامل ذاکر کے لیے جلالت شان پیدا کرنا، خصوصاً جب اسے مشک و زعفران وغیرہ سے لکھے۔

اَلْکَرِیْمُ

اس کا مطلب ہے وہ ذات جو انتقام پر قدرت رکھتے ہوئے معاف کر دے۔ وعدہ پورا کرے۔ اور دیتے وقت امید سے بڑھ کر دے۔ یہ پرواہ نہ کرے کہ کتنا دیا کسے دیا، حساب نہ کرے۔ یہ پسند نہ کرے کہ حاجت مند اپنی حاجت کسی اور کے پاس لے جائے۔ پس کریم مطلق اللہ تعالیٰ ہی ہے۔

تخلق یہ خصلت کبھی بندے میں آجاتی ہے لیکن بعض امور میں، اور کسی قدر تکلف سے لہٰذا ناقص ہے۔

خواص اس کی خاصیت ہے کریم ہونا اور کرم کرنا، جو سوتے وقت ہمیشہ کثرت سے اس کا ذکر کرے، اللہ دلوں میں اس کی عزت بٹھائے گا۔ اور جب اللہ تعالیٰ کا اسم گرامی "اَلْکَرِیْمُ ذُو الطَّوْلِ الْوَهَّابُ" کا ہمیشہ ورد کرے اس کے ذرائع، وسائل اور بھائیوں میں اللہ تعالیٰ برکت ڈالے گا۔

اَلرَّقِیْبُ

اس کا معنی ہے علم و حفاظت والا۔ جو کسی چیز کی پوری پوری نگرانی کرے اور ہمیشہ اس پر نظر رکھے، اسے رقیب کہتے ہیں۔ یہ بھی علم و حفظ کا معنی دیتا ہے۔ بشرطیکہ لازمی و دائمی ہو۔

تحقق بندے کے لیے وصفِ مراقبہ صرف اس وقت قابلِ ستائش ہوتا ہے جب

marfat.com
Marfat.com

اپنے رب اور قلب کے لیے کرے۔ یقین جانے کہ اللہ تعالیٰ ہر بات میں اس کا نگران و گواہ ہے۔

خواص اس کی خاصیت یہ ہے کہ گمشدہ چیز واپس ملتی ہے۔ مال و اہل کی حفاظت سوجس کی کوئی شے گم ہو جائے وہ اسے کثرت سے پڑھے مل جائے گی۔ پیٹ میں بچے کا خطرہ ہو تو سات بار پڑھے۔ یونہی اگر سفر پہ جانا چاہے تو اہل و عیال میں سے جس کا خطرہ ہو اس کی گردن پہ ہاتھ رکھ کر اس کو سات بار پڑھے۔ ان شاءاللہ خوف و خطر جاتا رہے گا۔

اَلْمُجِیْبُ

اس کا مطلب ہے وہ ذات جو سائل کے سوال کا قبولیت سے ذکر کرے۔ اور مانگنے والوں کی دعائیں قبول کرے بے بسوں کی حاجت براری کرے۔ بلکہ دعا سے پہلے عطا فرمائے اور ایسی ذات صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔

تخلق بندے کو چاہیے کہ اللہ کے حکموں پر عمل پیرا ہو۔ منع کرے تو باز آجائے بلائے تو حاضر ہو۔ پھر اللہ تعالیٰ کی عطا شدہ قدرت سے ہر سائل کو عطا کرنے کی عادت اختیار کر لے۔ اگر اختیار میں نہیں تو لطف و کرم سے جواب دے۔ کتنے ہی متکبر کینے ہر ہدایت قبول کرنے سے گریزاں رہتے اور کوئی دعوت دی جائے حاضر نہیں ہوتے بلکہ اپنی شان و بڑائی کی حفاظت کرتے اور دعوت دینے والے سائل کے دل کی پروا نہیں کرتے۔ اگر ان اسباب پر غور کرے اور اس اسم مبارک کو دیکھے تو پتہ چلے۔

خواص اس کی خاصیت دعا کا جلد قبول ہونا ہے۔ بایں طور کہ دعا کے ساتھ اس کا ذکر کرے خصوصاً اللہ کے اسم گرامی اَلسَّرِیْعُ کے ساتھ۔ اربعین اور "یہ" میں ہے "یَا قَرِیْبُ اَلْمُجِیْبُ اَلْمُتَدَانِیْ، کُلُّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" سہروردی نے

marfa.com
Marfat.com

کہا جو کوئی ہمیشہ اس کا ورد کرے، معاندین کی زبانیں بند ہو جائیں گی۔ اس کے لیے اسے تینتیس ۳۳ دن روزے رکھنا پڑیں گے۔

اَلْوَاسِعُ

معنیٰ سِعَۃٌ سے بنا ہے اور سعت کبھی علم کی طرف منسوب ہوتی ہے، جب معلومات کثیرہ کا احاطہ کرے اور کبھی احسان اور وسیع نعمتوں کی طرف۔ سو واسع مطلق اللہ سبحانہٗ تعالیٰ ہے۔

تخلق بندے کی وسعت اس کے معارف و اخلاق میں ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ غربت کا ڈر، غلبہ حرص اور حاسدین کا غیظ و غضب بھی اسے تنگ کر سکتا۔

خواص اس کی خصوصیت حصول وسعت و جاہ ہے اور سینے کی وسعت اس کا دھوکہ بازی اور حرص سے بچنا ہے۔ اس کا ذکر کرنے والا قناعت شعار ہے۔

اَلْحَکِیْمُ

اس کا معنی ہے حکمت والا۔ حکمت کا مفہوم ہے افضل ترین چیز کو افضل ترین علم سے پہچاننا۔ سو حکیم مطلق اللہ تعالیٰ ہی ہے کیونکہ وہ بزرگ تر اشیا کو بزرگ تر علم سے جانتا ہے۔ اور بزرگ ترین علم وہ ہے جو ازلی، دائمی ہے، جس کے زوال کا تصور بھی نہ کیا جا سکے۔ کبھی حکیم اس کو کہا جاتا ہے جو بہترین صناعی باریکیاں ایجاد کرے اور اس صنعت کو پختہ کرے۔

تخلق جو تمام اشیا کو جانتا ہو اور اللہ کی پہچان نہ رکھتا ہو وہ حکیم کہلانے کا مستحق نہیں۔ کیونکہ اس نے بزرگ تر اور افضل تر ذات کو بزرگ تر علم سے نہیں پہچانا۔ علم کی عظمت، معلوم کی عظمت، سے ہے جس نے اللہ کو پہچان لیا، اس کی

marfat.com
Marfat.com

بات نہ پہچاننے والے کی بات سے مختلف ہوگی۔ وہ جزیات سے کم ہی بحث کرے گا۔ اس کی باتیں کلی ہوں گی۔ کئی لوگوں نے حکمت کا اطلاق انہی کلمات کلیہ پر کیا ہے۔ جیسے سید الانبیاؐ صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے۔

رَأْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللهِ، ترجمہ: اصل دانائی اللہ تعالےٰ کا خوف ہے۔

اَلصَّمْتُ حِكْمَةٌ وَقَلِيْلٌ فَاعِلُهٗ۔ ترجمہ: خاموشی دانائی ہے اور اس پر عمل کرنے والا کم ہی کوئی ہوتا ہے۔

اَلصَّبْرُ نِصْفُ الْاِيْمَانِ۔ ترجمہ: صبر نصف ایمان ہے۔ وغیرہ۔

خواص اس کی خاصیت ہے جہالت کو ختم کرنا اور حکمت کھول دینا۔ جو کثرت سے اس کا ذکر کرے اس سے خطرناک قسم کی جہالتیں ختم کی جائیں گی اور حکمت کا دروازہ اس کے لیے کھول دیا جائے گا۔

اَلْوَدُوْدُ

اس کا معنیٰ ہے وہ ذات جو تمام مخلوق کی بھلائی چاہے، اس سے احسان کرے اور سب کی تعریف کرے۔ یہ الرحیم کے معنےٰ کے قریب ہے۔ ہاں اتنا فرق ہے الرحیم کے افعال کسی کمزور مرحوم کے متقاضی ہیں اور الودُود کے افعال اس کے متقاضی نہیں بلکہ ودّ کا نتیجہ ہی ابتدائً انعام واکرام کرنا ہے۔

تخلّق اللہ کے بندوں میں الودُود وہ ہیں جو مخلوق خدُا کے لیے وہی کچھ پسند کریں جو اپنے لیے کرتے ہیں اس سے بڑھ کر یہ کہ اپنے اوپر دوسروں کو ترجیح دیں۔ اس کا کمال یہ ہے کہ اسے غضب، کینہ اور کسی سے پہنچنے والی گزند، احسان کرنے سے منع نہ کرے۔

marfa.com
Marfat.com

خواص اس کی خاصیت ہے ثبوت محبت. خصوصاً میاں بیوی کے درمیان جو کوئی کھانے پر ایک ہزار بار پڑھ کر بیوی کے ساتھ کھائے۔ بیوی پر اس کی محبت غالب آئے گی۔ اور سوائے اطاعت کے کچھ نہیں کر سکے گی. یہ بھی روایت کیا جاتا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے، جو اس تاجر کی دعا میں موجود ہے جس میں اس نے کہا تھا۔

يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ اَسْاَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ مَلَاَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَبِقُدْرَتِكَ الَّتِيْ قَدَّرْتَ بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِيْ۔

تین بار۔ اس حدیث کو ایک سے زائد آئمہ نے ذکر کیا ہے۔ اسے دیکھ لیجیو۔

اَلْمَجِيْدُ

اس کا معنےٰ ہے، جس کی ذات شریف، افعال خوبصورت اور جود و عطا وسیع ہو. گویا شرف ذات کے ساتھ، جب حسن افعال مل جائے۔ اسے مجد اور ماجد بھی کہہ لیتے ہیں

تخلق اس میں بندے کا حصہ یہ ہے کہ لوگوں سے کرم اور حسن اخلاق سے معاملات کرے تاکہ بزرگ کہلائے۔

خواص اس کی خاصیت ہے جلالت، بزرگی اور ظاہری و باطنی صفائی حاصل ہونا۔ یہاں تک کہ اجسام و نقوش کی دنیا میں بھی۔ علماء نے کہا کہ اگر برص کا مریض ایام بیض چمکتے دن۔ چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ میں روزہ رکھے اور ہر رات افطار کے وقت اس کو کثرت سے پڑھے۔ اللہ تعالیٰ شفایات کرے گا۔ خواہ بغیر سبب یا اس کے لیے اللہ کوئی سبب پیدا فرما دے گا۔

marfat.com
Marfat.com

اَلْبَاعِثُ

معنیٰ وہ ذات جو اٹھنے کے دن مخلوق کو پیدا کرے گی اور قبروں سے مردوں کو اٹھائے گی اور سینوں کے چھپے راز ظاہر کرے گی۔ بعث کا معنیٰ ہے آخرت میں اٹھانا۔ اس اسم پاک کی معرفت موقوف ہے۔ حقیقت بعث کی معرفت پر۔ اور یہ باریک ترین معرفت ہے۔ اکثر لوگ مبہم توہمات اور مجمل تخیلات کا شکار ہیں لیکن باطنی مشاہدے نے اربابِ بصیرت پر واضح کیا ہے کہ انسان ہمیشہ کے لیے پیدا کیا گیا ہے اور یہ کہ اس پر عدم نہیں، ہاں کبھی جسم سے اس کا تصرف ختم ہو جاتا ہے تو کہا جاتا ہے مر گیا۔ اور کبھی دوبارہ شروع ہو جاتا ہے تو کہا جاتا ہے زندہ ہو گیا اور اُٹھایا گیا۔ یعنی جیسے پہلے تھا اسی طرح اس کا جسم زندہ کر دیا گیا۔ اس کی تفصیل کی اس کتاب میں گنجائش نہیں۔

تخلق حقیقت بعث مُردوں کے زندہ کرنے کی طرف لوٹتی ہے یعنی ان کو دوبارہ زندہ کرنا اگر بندے کا مخلوق کو تعلیم دینے سے کوئی تعلق اور ان کو اللہ کی طرف بُلاتا رہا ہے۔ تو یہ بھی ایک قسم کی زندگی ہے۔ یہ انبیاء کرام اور ان کے وارث علماء کرام کا مرتبہ ہے۔ جو شخص سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر اسے پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے دل کو منور و روشن کریگا۔ اور اسے علم و حکمت عطا فرمائے گا۔

اَلشَّهِيْدُ

اس کا معنیٰ خصوصی اضافت کے ساتھ علیم کی طرف رجوع کرتا ہے۔ جب مطلق علم کا اعتبار کیا جائے تو عَلِيْمٌ ہے۔ اور جب اس کو غیب اور اُمورِ باطنہ کی طرف منسوب کیا جائے تو خَبِيْرٌ ہے اور جب اس کو اُمورِ ظاہرہ کی طرف منسوب کیا جائے، شہید ہے۔

تخلق بندے کا اس میں یہ حصہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی اس طرح عبادت کرے جیسے

marfa.com
Marfat.com

اسے دیکھ رہا ہے اور معلوم کر کے بات کرے۔

خواص اس کی خاصیت باطل سے حق کی طرف رجوع کرنا ہے، یہاں تک کہ اپنے نافرمانی بیٹے کو پیشانی سے پکڑ کر یہ دَم کرے یا نافرمان بیوی ہے اس پر دَم کرے، ان کا حال بہتر ہو جائے گا۔ واللہ اعلم۔

اَلْحَقُّ

اس کا معنےٰ ہے باطل کا مقابل۔ جس چیز کی خبر دی جا سکتی ہے یا مطلقاً باطل ہے۔ یا مطلقاً حق، یا من وجہ حق اور من وجہ باطل۔ پس "جو ممتنع بذاتہ ہے وہ مطلقاً باطل ہے۔" واجب بذاتہ مطلقاً حق ہے۔ کیونکہ حقیقت میں موجود بذاتہ وہی ہے۔ جس سے ہر حقیقت اپنا وجود پاتی ہے اور جو اپنی ذات میں ممکن اور غیر کی وجہ سے واجب ہے، وہ ایک وجہ سے حق اور دوسری وجہ سے باطل ہے۔ اپنی ذات کے لحاظ سے اس کا کوئی وجود نہیں لہٰذا باطل ہے اور غیر کی وجہ سے اس کا وجود ہے لہٰذا اس لحاظ سے حق ہے، اور کبھی عقل میں آنے والی چیز جو عقل کے مطابق ہو، حق کہلاتی ہے۔ اس کا ذاتی نام موجود اور اسی کو جب اس عقل کی طرف منسوب کریں، جس نے اس کی حقیقت کو جانا، اسے حق کہا جاتا ہے۔ صفت حق اقوال پر بھی بولی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے قولِ حق۔ قولِ باطل۔

تخلق بندے کا اس اسم میں یہ حصہ ہے کہ اپنے آپ کو باطل (فانی) سمجھے۔ اور اللہ کے سوا کسی کو حق (باقی) نہ سمجھے کیونکہ بندہ اپنی ذات میں حق (دائمی) نہیں بلکہ اللہ کے وجود سے موجود ہے۔ اپنی ذات سے نہیں، اور اہل تصوف پر جب کہ اپنی ذاتی فنا غالب ہوتی ہے، تو ان کی زبانوں پر اکثر حالات میں اسمائے باری تعالیٰ میں سے حق جاری رہتا ہے کیونکہ وہ فانی کے بجائے ذاتِ حقیقی کا لحاظ کرتے ہیں اور متکلمین چونکہ ابھی تک افعال سے دلیل پکڑتے ہیں لہٰذا ان کی زبان پر اکثر اسم البارئ جاری رہتا ہے۔ جو خالق کا ہم معنی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

خواص اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی مربع شکل کے کاغذ کے ہر کونے پر اسے لکھ کر سحری کے وقت ہاتھ میں پکڑ کر آسمان کی طرف اُٹھائے، اللہ اس کی پریشانی دُور فرمائے گا اور جو شخص لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ - روزانہ سَو بار پڑھے وہ غربت سے نجات پائے گا، اور اسے اپنے مقاصد کے حصول میں آسانی ہوگی، اور جو کوئی دن میں ہزار بار پڑھے اس کے اخلاق سنور جائیں گے۔ اور طبیعت دُرست ہو گی۔

اَلْوَکِیْلُ

اس کا مطلب ہے وہ ذات جس کے سپرد کام کیے جائیں۔ پھر وکیل کی دو قسمیں ہیں۔ اوّل وہ جس کے سپرد بعض کام کیے جائیں یہ ناقص ہے۔ دوسرا وہ جس کے سپرد تمام معاملات کر دیئے جائیں اور اپنی ذات کے لحاظ سے، اس قابل ہو کہ تمام اُمور اسے سونپ دیئے جائیں۔ اور وہ صرف اللہ تعالیٰ ہے وہی وکیل مطلق ہے۔

تخلق بندے کا اس میں یہ حصہ ہے کہ اپنے ایماندار بھائی کی حاجت روائی کی کوشش کرے اور عمل کے بعد نتیجہ سپرد خدا کر دے۔ اسی پر بھروسہ رکھے۔ کسی اور سے مدد مانگنے کے بجائے اس سے نجات طلبی کو کافی سمجھے۔

خواص اس کی خاصیت ہے حاجتیں پوری کرنا اور مصائب سے بچانا۔ جسے آندھی یا گرج چمک سے ڈر محسوس ہو۔ وہ کثرت سے اس کا ورد کرے مصائب کا اس سے رُخ پھر جائے گا اور اس کے لیے رزق اور بہتری کا دروازہ کھل جائے گا۔ واللہ اعلم۔

اَلْقَوِیُّ ——— اَلْمَتِیْنُ

لفظِ قوت، کامل طاقت پر اور متانت اس قوت کی شدت پر دلالت کرتی ہے، پس اللہ تعالیٰ اس حیثیت سے کہ کامل طاقت کا مالک ہے قَوِیٌّ ہے اور بحیثیت، سخت قوت کے

marfa.com
Marfat.com

متین ہے اور یہ بھی معنی قدرت کی طرف رجوع کرتا ہے۔

تخلق جس کو اللہ تعالیٰ کے قوی ہونے کا یقین ہے وہ ہر چیز میں اس کی قوت و طاقت کی طرف رجوع کرے گا۔ اور اس کی طاقت و قدرت سے، ہر دوسری قوت و طاقت سے غائب ہو جائے گا کیونکہ ہر شے کی طاقت اسی سے ہے اس اسم پاک سے قربت حاصل کرنے سے ایسا تعلق پیدا ہو جاتا ہے کہ تدبیر و تقدیر کے بکھیڑوں سے جان چھوٹ جاتی ہے۔ دعویٰ ختم ہو جاتا ہے اللہ کا احسان نظر آتا ہے۔ مخلوق کا ڈر اور دنیا کے غم و الم ختم ہو جاتے ہیں۔ اللہ کی ذات سے تعلق مضبوط ہو جاتا ہے۔ یہاں تک اس سلسلہ میں تم کسی ملامت گر کی ملامت سے ڈرتے نہیں۔ اور کسی صورت اس تعلق میں کمزوری نہیں آتی۔ جو اس کی عظیم قوت اور اس کی مضبوطی کو پہچان لے، وہ نہ کسی سے ڈرتا ہے اور نہ اس کے سوا کسی کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ اسی پر اعتماد و یقین رکھتا ہے اس اسم سے قربت حاصل کرنا، اس کے تعلق و تخلق سے اعلیٰ ہے۔ کیونکہ اس میں تاکید معنوی پائی جاتی ہے۔

خواص قوی کی خاصیت وجود میں قوت کا ظہور ہے جو کمزور ہمت اسے پڑھے، قوت محسوس کرے گا۔ کمزور جسم والا جسمانی طاقت پائے گا۔ مظلوم، ظالم کی ہلاکت کے لیے ہزار بار پڑھنے کامیاب ہوگا۔ اسے یہی کافی ہوگا۔ متین کی خاصیت یہ ہے کہ جو اللہ تعالیٰ کے اسم گرامی اَلْقَوِیّ کے ہمراہ اس کا ذکر کرے۔ اس کے لیے طاقت کا ظہور ہوگا۔ اگر بدکردار نوجوان مرد یا عورت پر دم کیا۔ پڑھ کر دم کرے وہ اپنی بدکرداری سے باز آجائے گا۔ واللہ اعلم

اَلْوَلِیُّ

اس کا معنیٰ ہے محبت کرنے والا، مدد کرنے والا۔ مدد کرنے کا مفہوم ظاہر ہے کہ وہ دین کے دشمنوں کا قلع قمع کرتا، اور اپنے دوستوں کی مدد فرماتا ہے۔

تخلق بندوں میں ولی وہ ہے جو اللہ اور اس کے ولیوں سے محبت کرے۔ اس کی اور

marfat.com
Marfat.com

اس کے اولیا کی مدد کرے۔ اس کے دشمنوں سے دشمنی رکھے۔ اور اس کے دشمنوں میں سے نفس اور شیطان بھی ہیں۔ پس جو ان دونوں کو ذلیل کرے، اللہ کے دین کی مدد کرے، اللہ کے ولیوں سے محبت اور اس کے دشمنوں سے دشمنی کرے۔ بندوں میں وہی ولی ہے۔

خواص جو اس پر ہمیشہ عمل کرے، اس کے لیے ولایت کا ثبوت اس کی خاصیت ہے۔ یہاں تک کہ اس کا حساب کتاب آسان ہوگا، اور جو کوئی ہر جمعہ کی رات ایک ہزار بار پڑھے اسے اس کا مقصد حاصل ہوگا۔

اَلْحَمِیْدُ

وہ جس کی صفت و ثنا بیان کی جائے۔ اللہ تعالیٰ ہی حمید ہے۔ کیونکہ ازل سے ابد تک اپنی صفت و ثنا کر رہا ہے اور کرتا رہے گا۔ اور اس کے بندے بھی ہمیشہ ثنا گو ہیں۔ اور اس کا تعلق ان صفاتِ جلال۔ بلندی اور کمال سے ہے جو ذکر کرنے والوں کے ذکر کی طرف منسوب ہوتی ہیں۔ کیونکہ حمد کا مفہوم ہے، صفات کمال کا صفاتِ کمال کی حیثیت سے ذکر کرنا۔

تخلق بندوں میں حمید وہ ہے، جس کے عقائد، اخلاق اور اعمال سب پسندیدہ ہوں۔

خواص اس کی خاصیت اخلاق۔ افعال اور اقوال میں اچھا نام پیدا کرنا ہے۔ "اربعین اور رسیہ" میں ہے۔

یَاحَمِیْدَ الْفِعَالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ۔

"اے اچھے کاموں والے، اپنی مہربانی سے اپنی تمام مخلوق پر احسان فرمانے والے!"

سہروردی نے کہا اس کا ہمیشہ ورد کرنے والا، بے حساب مال پائے گا اس میں یہ بھی ہے۔

"یَا مَحْمُوْدُ فَلَا تَبْلُغُ الْاَوْهَامُ کُنْهَ جَلَالِ ثَنَآءِ عِزِّہٖ وَمَجْدِہٖ"۔

marfa.com
Marfat.com

اے محمود (ستودہ) جس کی عزت و بزرگی کی عظیم تعریف کی حقیقت کو وہم و گمان نہ پہنچ سکیں۔

کہا جو صحیح طور پر اس کا ہمیشہ ورد کرے، لوگوں سے پرہیز کرے، ان کی عیش کوشی سے نفرت کرے، ان کی محفلوں سے دُور رہے، اس کے بعد چالیس دن مکمل گوشہ نشینی اختیار کرے، ہر روز جس قدر ہو سکے پڑھے، درجہ ولایت پر ترقی پائے گا۔ واللہ اعلم۔

اَلْمُحْصِیُ

اس کا معنٰے ہے عالم۔ لیکن جب علم کو معلومات کی طرف اس طرح منسوب کریں کہ تمام معلومات کو شامل ہو، اور شمار کرے اور ان کا احاطہ کرے اسے احصا کہا جاتا ہے اور محصی مطلق وہ ذات ہے جس کے علم میں ہر چیز کی حقیقی تعریف اس کی تعداد اور حد واضح ہو۔

تخلق اس وصف میں بندے کا حصہ یہ ہے کہ اپنی حرکات و سکنات کا شمار کرتا رہے۔ اور ظاہر و باطن میں اللہ کو نگران جانے۔

خواص اس کی خاصیت دلوں کی تسخیر ہے۔ جو کوئی روٹی کے بیس ٹکڑے لے، اور ہر ٹکڑے پر بیس مرتبہ اسے پڑھے، مخلوق اس کے تابع فرمان ہو گی۔ ایک عبارت میں ہے وہ ٹکڑے اسے کھلاتے، جسے مسخر کرنا چاہتا ہے۔ اللہ کے حکم سے مسخر ہو گا۔

اَلْمُبْدِیُ ـــــ اَلْمُعِیْدُ

اَلْمُبْدِیُ کا معنٰے ہے مُوجد لیکن اگر ایجاد کی پہلی کوئی مثال نہ ہو تو اسے کہا جاتا ہے اور اگر پہلے سے اس کی مثال ہے تو اسے (اعادہ) پھیرنا کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے بغیر کسی مثال سابق کے، لوگوں کو پیدا فرمایا، پھر وہی ان کو دوبارہ زندہ کر کے اکٹھا کرے گا۔

marfat.com
Marfat.com

تخلق یہ ہے کہ بندہ ابتدا کی طرف لوٹے۔ اور نفس کو ابتدا سے انتہا کی طرف پھیر دے پھر بلا کم و کاست انتہا کو ابتدا سے بدلے اور ابتدا کو انتہا سے۔

خواص اس کی خاصیت یہ ہے کہ سحری کے وقت حاملہ کے پیٹ پر انتیس بار پڑھ کر دم کرے، اس کے پیٹ میں جو حمل ہے وہ محفوظ رہے گا۔ ضائع نہیں ہوگا اَلْمُبْدِیُ اَلْمُعِیْدُ کی خاصیت یہ بھی ہے کہ ذہن میں محفوظ چیز جب بھول جائے تو اس کو یاد کرنے کے لیے اس کا ورد کرے۔ خصوصاً جب اس کی نسبت اَلْمُبْدِیُ کی طرف کرے۔

اربعین اور یہ یہ ہیں ہے۔

"یَا مُبْدِئُ اَلْبَدَائِعِ لَمْ یَبْغِ فِیْ اِنْشَآءِ هَا عَوْنًا مِّنْ خَلْقِهٖ"

اے عجیب مخلوق پیدا کرنے والے، جس نے اس کی پیدائش میں مخلوق سے مدد نہیں مانگی۔

سُہروردی نے کہا اس پر ہمیشہ عمل کرنے والا اپنی عزت بڑھائے گا۔ اور جو کوئی ایک ہزار بار اس کا ورد کرے۔ اس کی حیرانی دُور ہوگی اور جس چیز میں اس کی بہتری ہے۔ اس کی راہنمائی حاصل ہوگی۔

اَلْمُحْیِیُ ——— اَلْمُمِیْتُ

اس کا معنے بھی ایجاد کی طرف لوٹتا ہے۔ لیکن موجود اگر زندگی ہے تو اسے احیاً کہا جاتا ہے اور موت ہے تو اس کو اِمَاتَتْ کہا جاتا ہے۔ اور موت و حیات کا خالق صرف اللہ تعالیٰ ہے۔

تخلق یہ کہ بندہ اپنی معلومات کو اللہ کی اطاعت کے لیے زندہ رکھے اور ان کو اللہ کی نافرمانیوں سے مار دے، معدوم کرے۔

marfa.com
Marfat.com

خصوصیات اَلْمُعِیْدُ کی خاصیت اُلفت و مُحبت پانا۔ جو کسی جابر سے ڈرے یا قید کا خطرہ ہو تو جس کا ڈر ہے اس کے ابجد کے لحاظ سے اعداد نکالے اور روٹی کے اُتنے ٹکڑوں پر اسے پڑھ کر کھائے۔ مُمِیْتُ کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص اپنے اوپر جرائم کا ارتکاب کر کے ظلم کرتا ہے۔ اور نفس مائل بہ اطاعت نہیں ہو رہا۔ اطاعت گذار ہو جائے گا۔

اَلْحَیُّ

اس کا معنٰے ہے وہ ذات جو فاعل اور بہت علم والی ہو۔ یہاں تک کہ جس میں فعل و علم بالکل نہ ہو وہ مُردہ ہے۔ اور ظلم و ادراک کا کمتر درجہ یہ ہے کہ صاحبِ علم اپنے آپ کو جانتا ہو۔ اور جو اپنا شعور بھی نہ رکھے وہ جماد ہے، مُردہ ہے۔ پس کامل و مطلق زندہ وہ ذات ہے۔ جس کے علم میں تمام معلومات اور جس کے فعل میں تمام موجُودات ہوں۔ اور وہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ ہے۔

تخلق بندے کا اس میں یہ حصّہ ہے کہ درجۂ شہادت حاصل کرنے کی کوشش کرے۔ کیونکہ شہداؑ اپنے رب کے ہاں زندہ اور رزق پاتے ہیں۔

خصائص اس کی خاصیت ہے ہر چیز میں زندگی کا ثبوت۔ "اربعین اور لسیہ" میں ہے۔

"یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمِیَّتِہٖ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ"

"اے ہمیشہ زندہ رہنے والے! جس کے دائمی ملک اور بقاؑ میں کوئی اور دائمی زندہ نہیں"

سُہروردی نے کہا جو کوئی اسے تین لاکھ مرتبہ پڑھے، کبھی بیمار نہ ہو۔ اور جو کوئی اسے چینی کے برتن میں کستوری اور عرقِ گلاب سے لکھ کر مصری کے شربت میں حل کر کے تین دن پیئے انشاؑ اللہ بیماری سے شفا پائے گا۔

اَلْقَیُّوْمُ

معنٰے۔ جان لیجیے، کہ جوہر اگرچہ خود بخود قائم ہوتا ہے اور کسی ایسے محل سے

marfat.com

Marfat.com

بے پرواہ ہوتا ہے جو اسے قائم رکھے بخلاف اغراض و اوصاف کے۔ (کہ وہ اپنے قیام و وجود میں کسی جوہر کے تابع ہوتے ہیں) لیکن ان امور سے مستغنی نہیں ہوتا، جو اس کے وجود کے لیے ضروری ہیں۔ پس وہ امور اس کے وجود کے لیے شرط ہیں، سو جوہر بھی خود بخود قائم نہ ہوا: کیونکہ وہ اپنے قیام میں دوسرے کے وجود کا محتاج ہے۔ اگرچہ کسی مکان و محل کا محتاج نہیں۔ اب اگر وجود میں ایسا موجود ہے جس کی ذات ہی اس کے وجود کے لیے کافی ہے اور اس کا قیام کسی غیر سے نہیں، اور اس کے دائمی وجود کے لیے کسی اور کا وجود شرط نہیں، تو یہ مطلقاً قائم بنفسہٖ ہے، پھر اس کے ساتھ ساتھ اگر ہر موجود اس کے ساتھ اس طرح قائم ہے کہ اشیاء کا وجود اور دوام وجود اس کے بغیر متصور ہی نہیں، وہ قیوم ہے کیونکہ اس کا قیام اس کی ذات سے ہے اور باقی تمام چیزوں کا قیام اس سے وابستہ ہے، اور وہ صرف اللہ تعالیٰ ہے۔

تخلق بندے کا دخل اس وصف میں اتنا ہی ہے جتنا وہ اللہ کے ماسوا سے مستغنی ہے۔

خواص اس کی خاصیت ذات و صفات میں قیام و قیومیت کا حصول ہے، قول کے لحاظ سے اور فعل کے لحاظ سے۔ جو تنہائی میں اس کو پڑھے۔ اس کی نیند اڑ جائے گی۔ اربعین اور یسیہ میں ہے۔

"یَا قَیُّوْمُ فَلَا یَفُوْتُہٗ شَیْءٌ مِنْ عِلْمِہٖ"

"اے قیوم، جس کے علم سے کوئی شے غائب نہیں"

سہروردی نے جو کوئی اسے گھر آکر پڑھے وہ حملے سے محفوظ رہے گا۔ اگر کمزور ذہن والا، تنہائی میں اسے روزانہ سو بار پڑھے اللہ تعالیٰ اسے نسیان کی مرض سے محفوظ فرمائے گا۔ اس کا حافظہ قوی اور دل روشن فرمائے گا۔ ترکیب سے پڑھنا چاہیے۔ تو صبح صادق اور طلوعِ فجر کے درمیان پڑھے۔ ذاکر اپنے دل میں بے اندازہ خیر و توفیق محسوس کرے گا۔ رسالہ قشیریہ میں ابو علی کتانی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے

marfa.com
Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا تو عرض کیا، یا رسول اللہ! اللہ سے دعا فرمائیں کہ میرا دل مُردہ نہ فرمائے۔ فرمایا اگر چاہتے ہو کہ تمہارا دل زندہ رہے اور کبھی نہ مرے تو روزانہ چالیس بار پڑھا کرو۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ ۔

اَلْوَاجِدُ

معنیٰ یہ لفظ فَاقِدُ کے مقابلہ میں ہے۔ وَاجِدُ پانے والا۔ فَاقِدُ نہ پانے والا۔ گم کرنے والا۔ واجد وہ ذات جس کے پاس ہر لازمی چیز موجود ہو، اور اللہ تعالیٰ کی جتنی صفات کمال لازمی ہیں، وہ ذات باری تعالیٰ میں موجود ہیں۔ اس اعتبار سے وہ واجد ہے۔ وہی واجدِ مطلق ہے۔ اس کے سوا دوسرے اگرچہ کچھ صفات کمال اور ان کے اسباب رکھتے ہیں، لیکن دیگر سے محرُوم ہیں۔

تخلق بندہ وہ تمام صفاتِ کمال اپنی ذات میں جمع کرے۔ جو اللہ نے اسے دکھائی ہیں تاکہ نہ شرمندہ ہو اور نہ کسی حال میں سُست ہو۔

خواص اس کی خاصیت دل کو قوت دینا ہے اور یہ صفت اسے ملتی ہے جو کھانے کے ہر لقمہ پر اسے پڑھے۔ واللہ اعلم۔

اَلْمَاجِدُ

معنیٰ یہ مجید کے معنے میں ہے، بمعنی بزرگ۔ جیسے عالِم بمعنی علیم۔ لیکن فعیل میں زیادہ تر مبالغہ پایا جاتا ہے۔

تخلق بندے کا اس میں یہ حصہ ہے کہ مخلوق سے ارادہ اٹھا کر خالق سے رابطہ قائم کرے۔ اس طرح بلند ہمتی اور اچھے حال سے وہ بزرگ ہوگا۔

خواص اس کی خاصیت دل کو روشن کرنا ہے۔ سو جو کوئی اس کا اتنا ذکر کرے کہ اس

marfat.com
Marfat.com

پر اس کا حال غالب آجائے، اس کا دل روشن ہوگا۔

اَلْوَاحِدُ

معنٰے وہ ذات جو تقسیم نہ ہو۔ جیسے جوہر (ذرّہ) اور جس کی طرح دوسرا نہ ہو، یعنی اس کی نظیر نہ ہو۔ جیسے سُورج۔ سو کہا جاتا ہے کہ جوہر اور نقطہ تقسیم نہیں ہوتے۔ ان کا جُزنہیں۔ اللہ تعالیٰ واحد ہے، اس معنٰے میں کہ اس کی ذات میں تقسیم ہونے کی صفت محال ہے سُورج کی اگرچہ نظیر نہیں لیکن اس کی نظیر ممکن ہے۔ پس واحد مطلق ازل سے ابد تک یعنی ہمیشہ اللہ تعالیٰ ہی ہے، اور بندہ اس وقت واحد (یکتا) ہوتا ہے، جب اس کی نوع سے کوئی فرد اس کی نیک عادات میں سے کسی ایک (یا زائد) خصلت و عادت میں اس کی نظیر نہ ہو اور یہ صفت اس کی نسبت سے ہوگی۔

تخلق یہ کہ بندہ اللہ کی عبادت و عبُودیت میں اشکال و امثال سے اس طرح یکتا ہو، جیسے اس کے لائق ہے۔

خواص اس کی خاصیت، دل سے تھکن دُور کرنا ہے، جو کوئی صدقِ دل سے اسے ہزار بار پڑھے اس کے دل سے تھکن دُور ہو جائے گی۔ مخلوق کے ڈر کو دُور کرنے کے لیے یہ کافی ہے۔ جو دنیا و آخرت کی ہر مصیبت کی اصل ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دُعا کرتے ہوئے سُنا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

ترجمہ: "الٰہی میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تُو اللہ ہے۔ ایک، یکتا، بے نیاز جس کی نہ کوئی اولاد، نہ وہ کسی کی اولاد، اور جس کی برابری کا کوئی نہیں۔"

marfa.com
Marfat.com

آپ نے فرمایا اس نے اللہ سے اس کے اسم اعظم کے ذریعے سوال کیا۔ جس کے ذریعے دُعا کی جائے تو قبول ہوتی ہے اور سوال کیا جائے تو ملتا ہے۔ "اربعین اور رسیہ" میں ہے۔

یَا وَاحِدُ، اَلْبَاقِیْ اَوَّلَ کُلِّ شَیْءٍ وَّ آخِرَہٗ۔

اے تنہا، باقی ہر شے سے پہلے اور آخر"۔

سُہروردی نے کہا، جس آدمی کو مسلسل پریشان کُن خیالات آئیں وہ اس کا ورد کرے، دور ہوں گے۔ جس کو بادشاہ کا ڈر ہو وہ نمازِ ظہر کے بعد پانچسو بار اسے پڑھے، محفوظ ہوگا، غم دور ہوگا، دشمن دوست ہوں گے۔ واللہ اعلم۔

تنبیہ ترمذی کی روایت میں اَلْاَحَدُ موجود نہیں اور تعداد صرف اس صورت میں صحیح ہے جب اس کا ذکر نہ کیا جائے۔ اس میں اور واحد میں فرق یہ ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ واحد ہے۔ اس حیثیت سے کہ ترکیت و مقادیر سے پاک ہے۔ تجزیہ و انقسام قبول نہیں کرتا۔ واحد ہے اس حیثیت سے کہ مثل سے برتر ہے کہ اس کی ذات کی طرف تعدد و اشتراک راہ پائے۔ شیخ زرروق نے کہا اس کی یعنی احد کی خاصیت عالمِ قدرت اور اس کے آثار کا ظہور ہے۔ یہاں تک کہ اگر باوضو ہو کر تنہائی میں اسے ایک ہزار بار پڑھے تو اس کے لیے قوت و ضعف کے مطابق عجائب و غرائب ظاہر ہوں گے۔ واللہ اعلم۔

اَلصَّمَدُ

معنے حمد وہ ہے جس کی طرف حاجتوں میں رجوع اور مرغوبات میں قصد کیا جائے۔ اور جس ذات کو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی دینی و دنیاوی مشکلات کے حل کا مرکز بنائے۔ اور اس کے ہاتھ و زبان سے مخلوق کی حاجت براری فرمائے۔ یقیناً اس کو اس وصف کا فیضان نصیب ہوا۔ لیکن حمد مطلق وہی ہے جس کی طرف تمام حاجات میں رجوع کرے۔

marfat.com

Marfat.com

اور وہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ ہے۔

تخلق اس وصف سے موصوف ہونا یہ ہے کہ بندہ، بندوں کی حاجات میں مدد کرے اور ان کی پناہ گاہ بنے۔

خواص اس کی خاصیت حصول خیر وصلاح ہے۔ جو کوئی سحری کے وقت اس کو ۱۲۵ بار پڑھے اس پر صدق وسچائی کے آثار ظاہر ہوں گے۔ اور ذکر کرنے والا جب تک اس کا ذکر کرے بھوک کی تکلیف سے دوچار نہیں ہوگا۔ اربعین ادریسیہ میں ہے۔

یَا صَمَدُ بِعِلْمِهٖ مِنْ غَیْرِ شَبِیْهٍ وَّلَا شَیْءَ کَمِثْلِهٖ،

"اے وہ ذات جو اپنے علم کے ساتھ بلا مثیل، بے نیاز ہے، اور جس کی مثل کوئی شے نہیں"

سہروردی نے کہا جس پر فسق وفجور کا غلبہ ہو، اور اس سے جان نہ چھڑا سکے وہ جمعرات، جمعہ اور ہفتہ کو روزہ رکھے اور دنوں لذیذ چیزوں کے کھانے سے پرہیز کرے۔ اور ہر روز سو بار اس کا ورد کرے اس سے صلاح کا اثر ظاہر ہوگا۔

اگر چینی کے برتن پر اسے لکھ لے اور خاوند کو پلائے اس کی محبت مضبوط ہو۔ اب اچھے مقصد کے لیے اس سے مدد لے، بھوک کی تکلیف کبھی محسوس نہ ہوگی (رزق ملے گا)، میں کچھ حضرات کو ایسی تلقین کی ہے اور اس کی برکت دیکھی ہے۔ واللہ اعلم

اَلْقَادِرُ ——— اَلْمُقْتَدِرُ

ان دونوں کا معنٰے ہے قدرت والا۔ لیکن مقتدر میں زیادہ مبالغہ ہے۔ قدرت کا مفہوم ہے وہ چیز جس سے کوئی ملے شدہ شے، طے شدہ ارادہ وعلم سے، ان کے موافق واقع ہو۔ قادر وہ ہے کہ چاہے کرے اور چاہے نہ کرے۔ یہ شرط نہیں کہ ضرور چاہے اور قادر مطلق وہی ہے جو ہر موجود کو ایک نئی شان سے وجود میں لائے اور کسی اور کی مدد کا محتاج

marfa.com
Marfat.com

نہ ہو۔ اور وہ اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ رہا بندہ، سو اس میں کچھ نہ کچھ قدرت ہے مگر ناقص جس میں اپنے آپ پیدا کرنے کی صلاحیت نہیں۔

تخلق بندہ اللہ کی مُراد و مرغوب پر عمل کرنے سے معذوری کا اظہار نہ کرے اور جہاں تک ہو سکے کوشش کرتا رہے اور اس کی اطاعت میں ہر ممکن قدرت کھپا دے۔

خصائص قادر کی خاصیت ہے، قدرت کو اُبھارنا۔ جب عبادت میں ظاہری یا باطنی کمزوری محسوس کرے تو دو نفل ادا کر کے سو بار اس کا ورد کرے، اور اگر وضو کرے تو اسے پڑھے دشمن پر غلبہ پائے اور ان کے مقابلے میں کامران رہے۔ المقتدر کی خاصیت ہے اس کی تدبیر مولیٰ تعالیٰ کی طرف سے ہو گی۔ جو کوئی نیند سے بیدار ہو کر اس کا ورد کرے، اس کی مُراد کی اللہ تعالیٰ خود تدبیر کرے گا۔ یہاں تک کہ اسے خود تدبیر کرنے کی ضرورت ہی نہ رہے گی۔

اَلْمُقَدِّمُ ——— اَلْمُؤَخِّرُ

اس کا معنٰے ہے وہ ذات جو قریب کرے اور دُور کرے جس کو اس نے قریب کیا اسے آگے کیا، جس کو دُور کیا اسے پیچھے کر دیا۔ اس میں ایک مقصود و مرکز لازمی ہے، جو غایت ہو، اسی کی نسبت آگے ہونے والا آگے ہو، اور پیچھے ہونے والا پیچھے ہو۔ وہ مقصد اللہ تعالیٰ ہے۔ اور اللہ کے نزدیک مُقدّم وہ ہے جو اس کے قریب ہے، ہر پیچھے والا، اپنے سے آگے والے کی بہ نسبت پیچھے اور اپنے سے پیچھے والے کی بہ نسبت آگے ہوتا ہے۔ اور آگے پیچھے کرنے والا اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ مراد یہ کہ وہ مرتبہ میں کسی کو آگے اور کسی کو پیچھے کرنے والا ہے۔

تخلق بندے کا اس میں یہ حصّہ ہے کہ اللہ کی پسند کو مُقدّم رکھے اور اپنے نفس کو اللہ کی ناپسند سے پیچھے رکھے۔

marfat.com
Marfat.com

خواص مقدم کی خاصیت ہے جنگ میں قوت کا اظہار اور اپنا بچاؤ۔ میدان جنگ میں جاتے وقت اس کا ورد کرے۔ مؤخر کی خاصیت ہے ہر قبیح سے پیچھے ہٹ جانا۔ جو کثرت سے اس کا ذکر کرے اس پر توبہ و پرہیزگاری کا دروازہ کھل جائے گا۔ واللہ اعلم۔

اَلْاَوَّلُ — اَلْآخِرُ

معنے جان لیجیے کہ اوّل کسی کی نسبت سے اوّل ہوتا ہے اور یہ دونوں (اوّل، آخر) آپس میں متناقض ہیں۔ پس ایک چیز، ایک نسبت سے، کسی ایک کی بہ نسبت بیک وقت اوّل و آخر نہیں ہو سکتا۔ سو بیک وقت دونوں صفتیں دو مختلف جہتوں سے ہی جمع ہو سکتی ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ، مرتب سلسلۂ موجودات کی نسبت اوّل ہے اس لیے کہ تمام موجودات نے اسی ذات باری تعالیٰ سے وجود حاصل کیا ہے اور باری تعالیٰ کی طرف چلنے والوں کے مقامات و منازل کی نسبت آخر ہے۔ کیونکہ عارفین کے ارتقائی مراحل میں آخری مرحلہ وہی ہے۔ اور آخری منزل اللہ کی معرفت ہی ہے۔

تخلق اس صفت میں بندے کا حق یہ ہے کہ فانی سے رُخ موڑ کر باقی کی طرف متوجہ ہو۔

خواص الاوّل کی خصوصیت سب کو جمع کرنا۔ جب مسافر اس پر دائمی عمل پیرا ہو، اس کے پراگندہ حالات جمع ہوں گے۔ الآخر کی خاصیت ہے، دل کا اللہ کے ماسوی سے صاف ہونا۔ جب کوئی انسان ہر روز سو بار اسے پڑھتا رہے۔ اس کے دل سے حق تعالیٰ کے سوا سب کچھ نکل جائے گا۔

اَلظَّاهِرُ — اَلْبَاطِنُ

معنے یہ دونوں وصف بھی اضافی ہیں۔ کیونکہ ظاہر کسی کے لیے ظاہر ہوتا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

یونہی باطن کسی کے لیے باطن ہوتا ہے ایک ہی پہلو سے کوئی ظاہر و باطن نہیں ہوتا بلکہ ایک پہلو سے ظاہر اور کسی دوسرے پہلو سے باطن ہوتا ہے۔ کیونکہ ظاہر و باطن معلومات کی نسبت سے ہوتا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ کو خزانۂ حواس و خیال سے طلب کیا جائے تو باطن ہے۔ اور خزانۂ عقل سے بطور استدلال طلب کیا جائے تو ظاہر ہے۔ پوشیدہ صرف لوگوں سے ہے کہ انہوں نے اس کے معلوم کرنے میں اختلاف کیا ہے۔ حالانکہ ظاہر ہے۔ شدتِ ظہور کی وجہ سے، اور اس کا ظاہر ہونا، اس کے پوشیدہ ہونے کا سبب ہے۔ اس لیے کہ جب تمام اشیا گواہی دینے میں متفق ہیں، اور تمام احوال ایک ترتیب پر مرتب ہیں اور زمین و آسمان کا ذرہ ذرہ اپنی ذات میں کسی مدبر کی تدبیر، کسی اندازہ کرنے والے کے اندازہ اور مخصوص صفات سے موصوف کرنے والے کے وجود پر گواہی دیتا ہے۔ اور یہی بات اس کے پوشیدہ ہونے کا سبب ہے اگر تمام چیزیں گواہی میں مختلف ہوتیں۔ کچھ گواہی دیتیں کچھ نہ دیتیں۔ تو سب کو یقین حاصل ہو جاتا، جیسے اس چیز کی معرفت، کہ نور ایک موجود چیز ہے۔ سورج کے طلوع و غروب کے وقت یہ نور رنگین چیزوں کے مختلف رنگوں سے زائد اور الگ ہے حالانکہ رنگ مختلف ہوتے ہیں گویا نور ایک جنسِ کلی ہے اور اس کے مختلف رنگ مختلف انواع، اب اگر اتفاق سے سورج کا نور تمام ظاہری چیزوں پر ایک شخص کے سامنے آئے اور سورج غروب نہ ہو (بلکہ سامنے ہو) تو اس شخص کے لیے یہ معلوم کرنا دشوار تر ہو جائے گا کہ سورج کی اصل رنگت ان تمام رنگوں سے الگ ہے۔ حالانکہ نور واضح ترین چیز ہے۔

تنخلق اس سے صفات باری تعالیٰ میں کسی قسم کا تعجب نہ ہونا چاہیئے۔ کیونکہ جس چیز سے انسان، انسان ہے وہ ظاہر بھی ہے۔ اور باطن بھی۔ بے شک وہ ظاہر ہے۔ اگر اس پر اس کے مرتب و مضبوط افعال سے استدلال کیا جائے۔ سو یہ ہے تیری ہیئت (حقیقت)، جس پر اس کے آثار و احوال دلالت کرتے ہیں۔ اور باطن ہے۔ اگر اس کی حقیقت اور ادراکِ حس سے معلوم کی جائے۔ کیونکہ جس کا تعلق صرف ظاہری چہرہ مہرہ سے

marfat.com
Marfat.com

ہے حالانکہ انسان صرف نظر آنے والے جسم سے انسان نہیں، ظاہری بدن تو ہر آن بدلتا رہتا ہے۔ بلکہ اس کے تمام اجزا کا یہی حال ہے۔ کبھی چھوٹا، کبھی بڑا، پھر بھی انسان انسان ہی رہتا ہے۔

خواص اس کی ظاہری خصوصیت، جب پڑھنے والا اشراق کے وقت پڑھے، دل پر نورِ ولایت کا ظہور ہے۔ الباطن کی خصوصیت یہ ہے کہ جو کوئی روزانہ اسے تین بار پڑھے اُنس و محبت پائے۔ واللہ اعلم۔

زروق نے کہا ہمارے شیخ ابوالعباس حضرمی رضی اللہ عنہ کی تحریرات میں لکھا ہے۔

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ۔

وہی اول و آخر، ظاہر و باطن ہے، اور وہی ہر چیز کو جاننے والا ہے۔"

دو رکعت نفل ادا کرکے جو ۱۲۵ بار ۱ سے پڑھے، تمام مقاصد کے حصول میں فائدہ ہو۔

اَلْوَالِیْ

معنے۔ وہ ذات جو مخلوق کے اُمور کی تدبیر اور نگرانی کرے اور کُلّی اختیار رکھے۔ ولایت کا لفظ تدبیر۔ قدرت اور فعل سے عبارت ہے۔ جب تک یہ اوصاف جمع نہ ہوں والی نہیں کہلا سکتا۔ اور تمام اُمور کا والی صرف اللہ تعالیٰ ہے۔

تخلق یہ کہ بندہ اللہ کے لیے اپنے اُوپر والی ہو۔ سو اس سے ایسا کوئی فعل، کسی طرح اور کسی حال میں صادر نہ ہو جو اسے پسند نہیں۔

خواص اس کا خاصہ بجلی، کرمک وغیرہ آفات سے بچانا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

اَلْمُتَعَالِیْ

معنے کسی قدر مبالغہ کے ساتھ اس کا مفہوم وہی ہے جو عَلِیٌّ کا ہے۔ اس کی وضاحت گذر چکی ہے۔

تخلق اس میں بندے کا حصہ عالی ہمتی ہے۔ اس طرح کہ کوئی مخلوق اس کی مالک نہ بننے پائے۔

خواص جو اس کا ذکر کرے اسے بلندی اور خوشحالی حاصل ہوگی۔ یہاں تک کہ حیض والی عورت، ایام حیض میں اگر پابندی سے اس کا ورد کرے، اللہ اس کا ٹھیک کرے گا۔

"اربعین ادریسیہ" میں ہے۔

یَا قَرِیْبُ الْمُتَعَالِیْ فَوْقَ کُلِّ شَیْئٍ اِرْتِفَاعُہٗ۔

اے قریب، بلند تر۔ جو ہر چیز سے بلند ہے۔

سہروردی نے کہا ایک ہزار ایک بار روزانہ کے حساب سے ہفتہ بھر پڑھے دشمن ہلاک ہوگا۔ واللہ اعلم۔

اَلْبَرُّ ——— اَلْمُحْسِنُ

معنے اَلْبَرُّ اور مُحْسِنِ مطلق وہ ہے، جس سے ہر نیکی اور بھلائی حاصل ہو۔

تخلق بندہ صرف نیکی و احسان کے برابر ہی برتر ہو سکتا ہے۔ خصوصاً اپنے والدین سے۔ اساتذہ اور شیوخ سے۔

خواص اس کی خاصیت، وجود میں نیکی کا حصول ہے۔ اگر بچے پر پڑھ کر دم کیا جائے، تو اللہ تعالےٰ اسے پوری عمر تک بخیر و عافیت پہنچائے گا۔

marfat.com
Marfat.com

اربعین اور یسیہ میں ہے۔

"یَا بَاسِطُ فَلَا شَیْءَ کُفْءٌ وَلَا اِمْکَانَ لِوَصْفِہٖ"۔

سُہروردی نے کہا اسے جھاؤ کی تختی پر لکھ کر مچھلی کے پیٹ میں رکھ دیا جائے اور مچھلی کو پانی میں پھینک دیا جائے، جس کی خاطر یہ عمل کیا جائے اس سے زبانیں رُک جائیں گی۔

اَلتَّوَّابُ

معنے وہ ذات جو اپنے بندوں کے لیے یکے بعد دیگرے توبہ کے اسباب پیدا فرمائے جس سے اس کی نشانیاں اُن پر ظاہر ہوں اور اپنی تنبیہات سے ان کو ان اسباب کی طرف ہانکے اور ان کو اُمور پر ہیز سے خبردار کرے، یہاں تک کہ جب گناہوں کی چٹیلیں ان کو نظر آئیں، تو خوفِ الٰہی ان کے دامن گیر ہو، پھر وہ توبہ کی طرف آئیں اور اللہ کے فضل و کرم سے ان کی توبہ قبول ہو۔

تخلق جو کوئی اپنی جُرم رعایا، مجرم دوتوں اور مجرم واقف کاروں سے بار بار معذرتیں قبول کرے وہ اس صفت سے موصوف ہے اور اس نے اپنا حصہ پالیا۔

خواص اس کی خاصیت ظلم کا خاتمہ اور سچی توبہ کرنا ہے۔ جو کوئی نماز چاشت کے بعد تین سو ساٹھ ۳۶۰ بار پڑھے، اس کی توبہ سچی ہو گی۔ اور جو کسی ظالم پر اسے دس بار پڑھے، انشاءاللہ اس کے ظلم سے نجات پائے گا۔

اَلْمُنْتَقِمُ

اس کا معنے ہے وہ ذات جو سرکشوں کا زور توڑ دے، جرائم پہ سزا دے۔ نافرمانوں کو سخت ترین عذاب دے۔ یہ سب معذرتوں تنبیہات، مُہلت اور قدرت کے بعد ہوتا ہے۔ جلد سزا دینے سے یہ سخت ترین سزا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

تخلق بندے کا بہترین بدلہ یہ ہے کہ اللہ کے دشمنوں سے بدلہ لے اور سب سے بڑا دشمن اس کا نفس ہے۔ اس کا حق یہ ہے کہ غیب بھی نفس اللہ کی بندگی میں خلل ڈالے اور گناہ کی ترغیب دے، اس سے بدلہ لے۔

اس کا خاصہ یہ ہے کہ جو کوئی اپنے دشمن سے بدلہ نہ لے سکے وہ اس کا ورد کرے۔ اللہ اس سے بدلہ لے گا۔

اَلْعَفُوُّ

وہ ذات جو برائیوں کو معاف کرے اور نافرمانیوں سے درگذر کرے۔ یہ عفو سے قریب تر ہے۔ لیکن اس سے زیادہ بلیغ ہے کیونکہ غفران میں پردہ پوشی یعنی چھپانے کا معنی پایا جاتا ہے اور عَفُوْ میں گناہ مٹانے کا مفہوم پایا جاتا ہے اور مٹانا، چھپانے سے زیادہ بلیغ ہے۔

تخلق بندے کا اس میں جو حصہ ہے وہ پوشیدہ نہیں، یعنی جو اس پر ظلم کرے، اسے معاف کر دے۔ بلکہ اس سے احسان کرے۔

خواص اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو کثرت سے اس کا ورد کرے اس کے لیے رضا کا دروازہ کھل جائے گا۔

اَلرَّءُوْفُ

اس کا معنی ہے رَأْفَتْ والا۔ رَأْفَتْ کا مطلب ہے، سخت رحمت۔ سو یہ رحیم کے معنی میں ہے۔ مبالغہ کے ساتھ۔

تخلق بندے کا اس صفت میں یہ حصہ ہے۔ کہ جو اس پر ظلم کرے، اسے معاف کرے اور اس سے پہنچنے والی تکلیف کی بنا پر اس سے اچھا برتاؤ ختم نہ کرے۔

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :۔

وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔

ترجمہ: اور معاف کر دیں اور درگذر کریں کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تمہیں بخش دے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

جو ایسا کرے گا اللہ زیادہ حق رکھتا ہے کہ اس سے ایسا برتاؤ کرے کیونکہ کریم سے بڑھ کر کریم اور مہربانوں سے بڑھ کر مہربان ہے۔

خواص جو کوئی غصے کے وقت اسے دس بار پڑھے اور اسی قدر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے، غصہ جاتا رہے گا۔ یونہی اگر اس کے سامنے کوئی اور پڑھے۔

مَالِكُ الْمُلْكِ

معنے وہ ذات جو اپنے ملک میں اپنی مرضی سے جو چاہے، جیسے چاہے نافذ کرے۔ ایجاد کرے، معدوم کرے، باقی رکھے، فنا کرے۔ یہاں ملک سے مراد مملکت ہے۔ اور مالک کا معنے ہے قدرت والا۔ تمام موجودات ایک ہی مملکت ہے اگر زیادہ ہوں تو بھی وہی ان کا مالک و قادر ہے کہ تمام کائنات ایک شخص کی طرح ہے کائنات کے اجزا اس ایک شخص کے اعضا کی طرح ہیں اس کی مثال انسانی بدن ہے۔

تخلق ہر بندے کی خصوصی مملکت اس کا بدن ہے۔ جب اس کی صفات قلبی اور اعضا میں اس کی مرضی چلے تو وہ اپنی مملکت کا مالک ہے۔

خواص اس کی خصوصیت عزت پانا ہے جو اس پر عمل پیرا رہے، اللہ اس کو اپنے فضل سے مال و غنا عطا فرمائے گا۔

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام

معنے وہ ذات جو تمام عزت و جاہ کی مالک ہو۔ جو عزت و تکریم صادر ہو، اس

marfa.com
Marfat.com

سے ہو۔ پس جلال تو اس کی ذات میں ہے اور کرامت کا فیضان اس کی طرف سے مخلوق پر ہوتا ہے۔

تخلق اس میں بندے کا حصّہ یہ ہے کہ کمزوری سے پاک اور باوقار رہے۔ بایں طور کے اس کے بندوں سے عزّت، وقار اور نرمی کا برتاؤ کرے۔

خواص اس کی خاصیّت عزت وعظمت پانا اور وقار کا اظہار کرنا ہے۔ یہاں تک کہ حدیث پاک میں ہے۔ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام سے وقار حاصل کرو، اور کہا گیا ہے یہ اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم ہے۔

اَلْمُقْسِطُ

اس کا معنےٰ ہے وہ ذات جو ظالم سے مظلوم کا حق دلائے، اور اس کا کمال صرف اللہ کی ذات میں ہے۔

تخلق بندے کا اس میں پہلا حصّہ یہ ہے کہ اپنے آپ سے دوسرے کا حق دلائے۔ دوسرا یہ کہ دوسرے سے، دوسرے کا حق دلائے۔ اور تیسرا یہ کہ دوسرے سے اپنا حق نہ لے (معاف کر دے اگر ممکن ہو)

خواص اس کی خصوصیّت عبادت میں وسوسے ختم کرنا ہے۔ جو ہمیشہ اس کا ورد کرے کامیاب ہوگا۔

اَلْجَامِعُ

معنےٰ وہ ذات جو مماثلات، متبائنات اور متضاد کو جوڑ دے۔ اب اللہ کا مماثلات کو جمع کرنا دیکھنا ہو تو اس کی مثال، بہت سے انسانوں کو زمین پر جمع کرنا ہے اور جیسے قیامت کے دن ان سب کو ایک میدان میں اکٹھا کرنا۔ متبائنات کے

marfat.com
Marfat.com

ملانے اور جمع کرنے کی مثال، آسمانوں ستاروں، ہوا، زمین، سمندر، حیوانات، نباتات اور زمین میں پائی جانے والی مختلف معدنیات کو جمع کرنا۔ ان سب کو کائنات میں جمع کر دیا۔ اسی طرح اس کا ہڈی، پٹھے۔ رگ، بوٹی، مغز، دم، (خون) اور دیگر آمیزوں کا بدنِ حیوان میں جمع کرنا۔ متضادات کی مثال، جیسے گرمی، سردی، تری اور خشکی، کو حیوانی مزاجوں میں جمع کرنا۔ دنیا و آخرت میں ان مجموعوں کی تفاصیل و تشریح بہت طویل ہو سکتی ہے۔

تخلق بندوں میں آداب ظاہری کو اعضا میں اور حقائق باطنی کو دلوں میں، جمع کرنے والے، سو جس کی معرفت کامل اور اخلاق اچھے ہیں وہ جامع ہے۔

خواص اس کی خاصیت جمع کرنا ہے جو شخص اس کو ہمیشہ پڑھتا رہے اس کے مقاصد اور احباب جمع ہوں گے۔ اور گمشدہ افراد و اموال کے متعلقین کے لیے اس کا پڑھنا بہتر ہے۔

اَلْغَنِیُّ — اَلْمُغْنِیُ

معنیٰ وہ ذات جس کا دوسروں سے کوئی تعلق نہ ہو، نہ ذات کے لحاظ سے، نہ صفات۔ بلکہ غیروں کے تعلق سے پاک ہو۔ حقیقی غنی وہی ہے، جس کی کسی سے قطعاً کوئی حاجت نہ ہو۔ اور اللہ تعالیٰ مغنی بھی ہے، لیکن جس کو اللہ نے غنی کیا، اس کے متعلق یہ خیال نہ کیا جائے۔ اس کی طرح وہ بھی غنی مطلق ہو گیا ہے۔

تخلق اسمِ غنی سے بندے کا حصہ یہ ہے کہ اللہ کے ماسوا سب سے استغنا کرے۔ اور اسم مغنی سے اس کا حصہ یہ ہے کہ جو اس کے ہاتھ میں ہے اس میں سخاوت کرے۔ اس طرح کہ جسے دے وہ بھی غنی ہو جائے۔

خواص اَلْمُغْنِیُ کی خاصیت ہے ہر چیز میں عافیت پیدا کرنا جو اسے بیماری یا مصیبت

marfa.com
Marfat.com

پر پڑھے، اللہ اسے دور فرماتا ہے اسی میں غنا کا راز اور جو قابل ہو اس کے لیے اسم اعظم کا مفہوم پوشیدہ ہے۔ اللہ کی توفیق سے۔ اَلْمُغْنِیُ اس کی خاصیت ہے غنا پیدا کرنا۔ جو مخلوق سے مایوس ہو جائے وہ اسے روزانہ ایک ہزار بار پڑھے۔ اللہ اسے غنی کرے گا۔ اگر دس جمعے اس طرح پڑھے کہ ہر جمعہ کی رات دس ہزار ہو جائے تو اثر محسوس ہو گا۔ واللہ اعلم۔

اَلْمَانِعُ

معنے وہ ذات جو دین و بدن کی ہلاکت و نقصان کے اسباب کو رد کرے۔ ان اسباب کو مہیا فرما کر جو حفاظت کا کام دیں۔ حفیظ کا معنی گذر چکا ہے۔ ہر حفاظت میں منع اور دفع کا مفہوم لازمی ہے منع کی نسبت سبب مہلک اور حفاظت کی نسبت ہلاکت سے محفوظ چیز کی طرف ہوتی ہے اور منع کا مقصد و غایت یہی ہے۔

تخلق اس اسم مقدس میں بندے کا حصہ یہ ہے کہ حکمت صرف نااہل سے روکے، اور ممنوع چیز سے باز رہے۔

خواص اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو اس پر توجہ کرے اس سے ڈر و تکلیف دور ہو جاتے ہیں۔

اَلضَّآرُّ ـــــ اَلنَّافِعُ

معنے وہ ذات جس سے اچھائی برائی اور نفع و ضرر صادر ہوں اور یہ سب اللہ تعالےٰ کی طرف منسوب ہیں۔ خواہ فرشتوں، انسانوں اور جمادات کے واسطہ سے خواہ بلا واسطہ۔ سو ہرگز یہ خیال نہ کرنا کہ زہر خود بخود ضرر دیتی اور مارتی ہے۔ اور کھانا خود بخود سیر کرنا اور فائدہ دیتا ہے یا کوئی فلک ستارہ وغیرہ خیر و شر اور نفع و نقصان

marfat.com
Marfat.com

کے خود بخود قدرت رکھتے ہیں، بلکہ یہ سب حکم کے بندے ہیں۔ ان سے وہی اثر ظاہر ہوتا ہے، جو اس نے رکھا ہے۔ اور یہ سب قدرت ازلی کی طرف منسوب ہیں۔

تخلق بندے کا اسم الضار میں یہ حصہ ہے کہ جو اسے نقصان پہنچائے، یہ اُسے پہنچائے مثلاً نفس، خواہش اور اللہ کے دشمن کافر۔ اور اسم النافع میں اس کا حصہ یہ ہے۔ کہ اللہ کے حکم سے اس کے دیئے ہوئے نفع سے دوسروں کو نفع پہنچائے۔ اور اس کا مستحق تر اس کا وہ نفس ہے جو اس کے دو پہلوؤں میں ہے کہ اس (نفس) کی خیر اس (شخص) کے لیے ہے اور اس کا شر اس کے لیے۔

خواص الضار اس کی خاصیت، جو کوئی اسے ہر جمعرات کو سو بار پڑھے اسے مخلوق کا قرب حاصل ہوگا۔ النافع کی خاصیت یہ ہے کہ جو بیوی سے قربت کے وقت (زبان سے نہیں) دل میں پڑھے، بیوی اس سے محبت کرے۔ واللہ

اَلنُّوْرُ

اس کا معنے ہے وہ ظاہر جس سے سب کا ظہور ہو۔ کیونکہ جو خود ظاہر اور دوسروں کو ظاہر کرنے والا ہو۔ نور کہلاتا ہے، اور جب بھی وجود کا عدم کے مقابلہ میں ذکر ہوگا لامحالہ ظہور وجود کے ساتھ ہی ہوگا۔ اور عدم سے بڑھ کر کوئی اندھیرا نہیں۔ وجود نور ہے، جو ذاتی رب تعالیٰ کے نور کا ہر شے پر فیضان کرتا ہے۔ تو زمین و آسمان کو منور کرنے والا وہی ہے۔

تخلق بندے کا اس اسم سے یہ حصہ ہے۔ کہ وہ نور ہو جہاں تک ہو سکے ہر خیر و ہدایت کو ظاہر کرنے والا ہو۔

خواص اس کی خاصیت، اپنے ذاکر کے قلب و اعضا کو روشن کرنا ہے۔

اربعین ادریسیہ میں ہے۔

marfa.com
Marfat.com

یَانُوْرَ کُلِّ شَیْءٍ وَھٰدَا ؛ اَنْتَ الَّذِیْ خَلَقَ الظُّلْمَۃَ بِنُوْرِکَ۔

ترجمہ "اے ہر چیز کو منور کرنے اور راہنمائی فرمانے والے تُو نے ہی اپنے نُور سے ظلمت کو چیرا"

اَلْھَادِیْ

معنے وہ ذات جس نے اپنے خاص بندوں کو اپنی معرفتِ ذات کی راہ دکھائی۔ یہاں تک کہ اس سے انہوں نے مخلوق پر گواہی حاصل کی۔ اور اس کے عام بندوں کو اس کی مخلوقات کی راہ بتائی۔ یہاں تک کہ انہوں نے مخلوق کے مشاہدہ سے ذات باری پر شہادت حاصل کی۔ اور تمام مخلوق کو اپنی حاجات براری کی ضروری راہنمائی فراہم کی۔ سوئے کو منہ میں پستان لینے کی ہدایت فرمائی۔ چوزے کو دانہ چگنے اور شہد کی مکھی کو چھتا بنانے کی تعلیم دی۔ اس کی شرح طویل ہے۔ اسی مفہوم کو اس فرمانِ باری تعالیٰ میں تعبیر فرمایا گیا ہے "اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَہٗ ثُمَّ ھَدٰی" ہر شے کو اس کا وجود بخشا پھر راہ دکھایا"

تخلق یہ کہ بندہ بندگانِ خدا کی دینی و دنیاوی بھلائی کی طرف راہنمائی کرے۔

خواص اس کی خاصیت، ذاکر و عامل کے دل کی راہنمائی کرنا ہے اور یہ کہ اس کے عامل و ذاکر کو علاقے کی کسی سطح کی، حکمرانی نصیب ہو گی۔

اَلْبَدِیْعُ

وہ ذات جس کی مثال نہ ہو، اگر اس کی ذات، صفات، افعال اور دیگر متعلقہ امور میں اس کی کوئی مثال نہیں وہ بدیع مطلق ہے۔ اگر ان میں سے کسی کی کوئی مثال

marfat.com
Marfat.com

پہلے سے موجود ہو تو وہ بدیع مطلق نہیں، جس بندے کو نبوت، ولایت یا علم میں اس خصوصیت سے مختص کیا گیا، اور اس کی پہلے سے کوئی مثال نہ تھی، خواہ تمام اوقات میں یا اس کے اپنے دور میں، تو وہ ان دیگر اُمور کی بہ نسبت بدیع ہے جنہیں یہ اوصاف نہیں ملے۔

تخلق اس اسمِ مقدس میں بندے کا حصہ یہ ہے کہ بُری بدعت سے بچے اور بُری بدعت وہ ہے جس کی اصل کتاب اللہ، سنتِ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اجماع اُمت میں نہ ہو۔ (نہ ہی ان تینوں سے قیاس مستنبط ہو)

خصوصیات اس کی خاصیت، حاجتیں پوری کرنا اور ضرر و ضرورت کو ختم کرنا۔ جو کوئی اسے ستر ہزار بار پڑھے، کامیاب ہوگا۔

اربعین اور لسیہ میں ہے۔

"یَا عَجِیْبَ الشَّانِ فَلَا تَنْطِقُ الْاَلْسُنُ بِکُلِّ آلَائِہٖ وَثَنَائِہٖ"

"اے عجیب شان والے! جس کی تمام نعمتوں کا ذکر اور ساری تعریف کرنے سے زبانیں قاصر ہیں"

سُہروردی نے کہا اس پر ہمیشگی سے عمل کرنے سے رزق وسیع اور لوگوں میں عزت و وجاہت اور زندگی میں خوشحالی نصیب ہوتی ہے اور توفیق دینے والا اللہ ہے۔

اَلْبَاقِیْ

معنے وہ ذات جو واجب الوجود ہے یعنی اس کی ذات خود بخود ہے لیکن جب اس کی نسبت زمانہ استقبال کی طرف کی جائے تو باقی اور زمانہ ماضی کی طرف کی جائے تو قدیم ازلی کہلاتا ہے۔ باقی وہ جس کے وجود کی مستقبل میں کوئی حد نہ ہو۔ اسی کو ابدی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اور قدیم مطلق وہی ہے جس کا وجود ماضی کی طرف کسی ابتدا پر

marfa.com
Marfat.com

جاکر ختم نہ ہو۔ اسی کو ازلی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اور تمہارا کہنا واجب الوجود بذاتہٖ۔ اس تمام مفہوم کو شامل ہے۔

تخلق جب بندہ یقین جانے کہ اللہ باقی ہے تو اپنے تمام کاموں میں اس کے سوا کسی کا اعتبار نہیں کرے گا۔ اور اس کی فرمانبرداری سے منہ نہیں موڑے گا۔ بلکہ ہر حال میں اس پر قائم رہے گا۔

خواص اس کی خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی ایک ہزار بار اسے پڑھے، وہم کی تکلیف سے چھٹکارا پائے گا۔

اَلْوَارِثُ

معنے وہ ذات کہ بادشاہوں اور مالکوں کی ہلاکت کے بعد، جس کی طرف تمام حکومتیں اور ملکیتیں لوٹ آئیں اور وہ اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ کیونکہ مخلوق کی فنا کے بعد وہی باقی رہے گا۔ ہر شے لوٹ پلٹ کر اسی کی طرف جائے گی۔ وہی اس وقت فرمائے گا لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ آج کس کی حکومت ہے؟ خود جواب دے گا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ، ایک زبردست اللہ کی۔ یہ اکثر حضرات کا خیال ہے۔ رہ گئے اہلِ نظر، سو وہ اس ندا کا ہمیشہ مشاہدہ کرتے ہیں۔ کہ کس کی ہے؟ انہیں یقین ہے اور رہے گا۔ کہ تمام تر سلطنت و حکومت ایک ہی زبردست خدا ہے۔ ازل میں بھی اور ابد میں بھی۔ ایک ایک دن، ایک ایک ساعت ایک ایک لحظہ و لمحہ۔

تخلق بندے کا اس اسم گرامی میں یہ حصہ ہے کہ صالحین و علماء کے طرزِ عمل کے وارث ہوں۔ دونوں فریقوں کے اوصاف سے مزین۔ احوال میں اعمال میں اور اقوال میں۔

خواص اس کی خصوصیت ہے حیرت کا خاتمہ، جب حیران و پریشان شخص، مغرب و عشاء کے درمیان ایک ہزار اسے پڑھے۔ اس کی حیرت جاتی رہے گی۔

marfat.com
Marfat.com

اَلرَّشِیْدُ

معنے وہ ذات جو صحیح طور پر، اپنی تدابیر کو ان کے نتائج و مقاصد کی طرف چلائے، بغیر کسی مشیر کے اشارہ، راہنما کی راہنمائی، اور مُرشد کے ارشاد کے، اور وہ اللہ تعالیٰ ہی ہے۔

تخلق ہر بندے کی رشد، اس کی ان تدبیرات کے موافق ہے جو اسباب و علل کو اس کے دینی و دنیاوی مقاصد سے ہم آہنگ کریں۔

خواص اس کی خاصیت قبول عمل ہے۔ اس مقصد کے لیے عشاء کے بعد سو بار پڑھے۔ واللہ اعلم

اَلصَّبُوْرُ

معنے وہ ذات جس کے جذبات اسے کسی کام کے سلسلہ میں، وقت سے پہلے جلد بازی پر آمادہ نہ کریں۔ بلکہ تمام اُمور وقت مقررہ پر متعین طریقوں سے، آہستہ آہستہ ظہور پذیر ہوں۔ نہ تو مقررہ مدت سے، کاہلی کی بنا پر متاخر ہوں۔ نہ اوقاتِ مقررہ سے جلد بازی کی وجہ سے پہلے کر دے، بلکہ ہر چیز کو اس کے مناسب وقت میں رُو بہ عمل لائے۔ جس طرح اسے ہونا چاہیئے۔ اور یہ سب کچھ اس کے ارادہ و منشاء کے موافق ہو۔ اس میں کوئی رکاوٹ نہ بن سکے۔ رہا بندے کا صبر، سو یہ رکاوٹوں اور مزاحمتوں سے خالی نہیں۔ کیونکہ اس کے صبر کا مطلب ہے شہوت و غضب کے مقابلہ میں دین پر ثابت قدمی۔ لہٰذا جب دو متضاد و مخالف قوتیں اسے اپنی اپنی طرف کھینچتی ہیں تو وہ غلط بات کو جھٹک کر نیکی کی طرف قدم بڑھاتا ہے اور جُرم سے باز رہنے کی قوت کی طرف مائل ہوتا ہے تو اس وقت اسے صبور کہا جاتا ہے۔ کہ وہ جلد بازی کے سبب پر قابو پاتا ہے۔ اللہ کے لیے جلد بازی کا کوئی سبب نہیں۔ لہٰذا وہ اس سے دُور تر ہے۔

تخلق اس اسم مبارک میں بندے کا حصہ یہ ہے کہ طاعت پر صبر کرے اور نافرمانی سے

marfa.com
Marfat.com

پرہیز کرے۔

خاصیت اس کی خاصیت بلاؤں کو دُور کرنا ہے، جو سُورج کے طلوع سے پہلے، تین بار پڑھے اسے کوئی تکلیف نہ ہوگی۔ توفیق اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ وہی ہمیں کافی ہے اور بہترین کارساز۔

ایک اہم وضاحت

یہ تمام اسمائے حُسنیٰ قرآن کریم میں اسی مذکورہ ترتیب سے مذکور ہیں۔ جیسا کہ امام یافعی کی کتاب "اللہ العظیم" میں فرمانِ باری تعالیٰ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا۔ تمام اچھے نام اللہ ہی کے ہیں، سو اسے ان سے پکارو کے تحت لکھا ہے۔ سورۂ بقرہ میں یہ چھبیس اسمائے مبارکہ ہیں۔ مُحِیْطٌ۔ قَدِیْرٌ۔ عَلِیْمٌ۔ حَکِیْمٌ۔ تَوَّابٌ۔ بَصِیْرٌ۔ وَاسِعٌ۔ بَدِیْعٌ۔ سَمِیْعٌ۔ کَافٍ۔ رَءُوْفٌ۔ شَاکِرٌ۔ اللّٰہُ۔ وَاحِدٌ۔ غَفُوْرٌ۔ حَلِیْمٌ۔ قَابِضٌ۔ بَاسِطٌ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔ حَیٌّ۔ قَیُّوْمٌ۔ عَلِیٌّ۔ عَظِیْمٌ۔ وَلِیٌّ۔ غَنِیٌّ۔ حَمِیْدٌ۔ ایک نسخہ میں تَوَّابٌ کی بجگہ وَارِثٌ اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ کی جگہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ہے۔ آلِ عمران میں تین ہیں۔ قَآئِمٌ۔ وَهَّابٌ۔ سَرِیْعٌ۔ سورۂ النسآ میں سات ہیں۔ رَقِیْبٌ۔ حَسِیْبٌ۔ شَهِیْدٌ۔ غَافِرٌ۔ غَفُوْرٌ۔ مُغِیْثٌ۔ وَکِیْلٌ۔ سورۂ الانعام میں پانچ ہیں۔ فَاطِرٌ۔ قَاهِرٌ۔ قَادِرٌ۔ لَطِیْفٌ۔ خَبِیْرٌ۔ سورۂ الاعراف میں دو ہیں۔ مُحْیِیٌ۔ مُمِیْتٌ۔ سورۂ الانفال میں دو ہیں۔ نِعْمَ الْمَوْلٰى۔ نِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ سورۂ ہود میں سات نام ہیں۔ حَفِیْظٌ۔ قَرِیْبٌ۔ مُجِیْبٌ۔ وَدُوْدٌ۔ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ۔ سورۂ الرعد میں دو اسمائے مبارکہ ہیں۔ کَبِیْرٌ۔ مُتَعَالٍ۔ سورۂ ابراہیم میں ایک مَنَّانٌ۔ سورۂ الحجر میں ایک اسم مبارک خَلَّاقٌ۔ سورۂ مریم میں دو۔ صَادِقٌ۔ وَارِثٌ۔ سورۂ الحج میں ایک اسم مبارک بَاعِثٌ۔ سورۂ المومنون

marfat.com
Marfat.com

میں ایک اسم مُبارک کَرِیْمٌ - سورۂ نُور میں تین ہیں - نُوْرٌ - حَقٌّ - مُبِیْنٌ -
سورۂ الفرقان میں ایک اسم گرامی هَادٍ - سورۂ سبآء میں ایک اسم گرامی - فَتَّاحُ -
سورۂ الفاطر میں ایک - شَکُوْرٌ - المؤمن میں چار - غَافِرِ - قَابِلِ - شَدِیْد - ذُوالطَّوْل -
سورۂ الذاریات میں تین حَیٌّ - رَزَّاقٌ - ذُوالْقُوَّةِ الْمَتِیْن سورۂ الطور میں ایک
بَرٌّ - سورۂ اقتربت السَّاعة میں دو مَلِیْكٌ - مُقْتَدِرٌ - سورۂ الرحمٰن میں تین - رَبُّ
الشرقین، رَبُّ المغربین - ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام (دو مشرقوں اور دو مغربوں کا پروردگار،
شوکت وعزت والا -) سورۂ الحدید میں چار ظَاهِرٌ - بَاطِنٌ - اَوَّلٌ - آخِرٌ -
سورۂ حشر میں دس ہیں - قُدُّوْسٌ - سَلَامٌ - مُؤْمِنٌ - مُهَیْمِنٌ - عَزِیْزٌ - جَبَّارٌ -
مُتَکَبِّرٌ - خَالِقٌ - بَارِئٌ - مُصَوِّرٌ - سورۂ البروج میں دو مُبْدِئٌ
مُعِیْدٌ - سورۂ اخلاص میں دو - اَحَدٌ - صَمَدٌ سورۂ فاتحہ میں پانچ - اَللّٰهُ - رَبٌّ
رَحْمٰنٌ - رَحِیْمٌ - مَالِكٌ - یہ بات پوشیدہ نہ رہے کہ ان میں سے بعض اسمأ مُبارکہ
ترمذی کی روایت میں موجود نہیں - جیسا کہ اس میں موجود بعض اسمأ ان میں نہیں مثلاً اَلْوَالِیْ
واللہ اعلم -

اللہ کے اسم اعظم پر گفتگو

حضرت اسمأ بنت یزید رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا، اللہ کا اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے - وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ، اور سورۂ آل عمران کے شروع
میں الٓمّٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ - اس روایت کو امام احمد، ابو
داؤد، ترمذی اور ابن ماجہ نے ذکر کیا ہے - حلمی نے اسے صحیح اور مناوی نے حسن قرار
دیا ہے - عارف حنفی نے اپنے حاشیہ جامع صغیر میں کہا - یعنی یہ دو آیتیں جس پر مشتمل ہیں

marfa.com
Marfat.com

اور وہ ہیں۔ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ" ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ تعالیٰ کا وہ اسم اعظم جس سے مانگی جانے والی دُعا قبول ہوتی ہے اس آیت میں ہے۔ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ۔ پوری آیت۔ اس کو طبرانی نے بیان کیا۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ روایت نقل فرمائی ہے کہ آپ نے فرمایا اللہ کا اسم اعظم، جس سے جب دُعا مانگی جائے قبول ہو اور جب سوال کیا جائے عطا ہو۔ وہ حضرت یُونس بن متی علیہ السلام کی دُعا ہے۔ اس کو ابن جریر طبری نے ذکر کیا ہے۔ علامہ عزیزی نے فرمایا، حضرت یُونس بن متی صلے اللہ علیہ وسلم کی وہ دُعا جو آپ نے مچھلی کے پیٹ میں مانگی تھی۔ آیت کریمہ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ ہے۔ تیرے بغیر کوئی سچا معبود ہے ہی نہیں، تو پاک ہے۔ بے شک میں ہی زیادتی کرنے والوں میں سے ہوں۔ جب بھی کسی مُسلم نے ان کلمات سے کوئی مدد مانگی، اللہ نے قبول فرمائی۔ جیسا کہ حدیث شریف میں ہے۔ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مچھلی کے پیٹ میں۔ ہنے والے علیہ الصلوۃ والسلام کی وہ دُعا جو انہوں نے شکم ماہی میں مانگی۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ" جب مسلمان کسی مقصد کے لیے جب بھی مانگے اللہ قبول فرمائے۔ اس کو امام احمد، ترمذی، نسائی، حاکم، بیہقی اور ضیا نے سعد رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔ دیلمی نے مسند الفردوس میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل فرمایا۔ اللہ کا اسم اعظم سورۂ حشر کی آخری چھ آیات میں ہے۔ جیسا کہ جامع صغیر میں ہے۔ اس کے علاوہ باقی مذکورہ احادیث بھی میں نے جامع صغیر سے نقل کیں۔ مثلاً نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان اللہ کا اسم اعظم جس کے ذریعے مانگی گئی دُعا قبول ہوتی ہے۔ قرآن کی تین سورتوں میں ہے۔ البقرۃ۔ آل عمران۔ طٰہٰ۔ اس کو ابن ماجہ، حاکم اور طبرانی نے حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ اس کی اسناد حسن ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اس حدیث کی شرح میں علامہ عزیزی نے کہا العلقمی نے کہا، علماء نے اسم اعظم میں اختلاف کیا ہے ان کے کئی اقوال ہیں۔ جن کا خلاصہ ہمارے شیخ سیوطی نے اپنی کتاب "الدر المنظوم" علقمی نے کہا، میں کہتا ہوں ان اقوال کا خلاصہ، ذکر دلائل کے بغیر ذکر کر دیتا ہوں ہاں کچھ ضروری دلائل اختصار سے مذکور ہوں گے۔

پہلا قول تو یہ ہے کہ اسم اعظم کا الگ کوئی وجود ہی نہیں۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے تمام اسماء عظیم ہیں۔ کسی ایک کو دوسروں پر فضیلت دینا جائز نہیں۔ اس بات کی طرف ایک قوم کا رجحان ہے۔ جن میں ابو جعفر طبری، ابو الحسن اشعری، ابو حاتم بن حبان اور قاضی ابو بکر باقلانی، اور انہی سے ملتا جلتا امام مالک رحمہ اللہ وغیرہ کا قول ہے کہ قرآن کے ایک حصہ کو دوسرے پر فضیلت دینے کو جائز نہیں سمجھتے۔ اور اللہ کے اسم اعظم کے ذکر کا جو روایات میں آیا ہے۔ اس کو یہ حضرات عظیم پر محمول کرتے ہیں۔ یعنی اعظم بمعنی عظیم۔ طبری کی عبارت یہ ہے۔ "اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم کی تعیین میں آثار و روایات مختلف ہیں۔ میری دانست میں تمام اقوال صحیح ہیں۔ اس لیے کسی خبر میں، کسی اسم مبارک کو اسم اعظم متعین نہیں فرمایا گیا۔ کہ یہ اسم اعظم ہے۔ اور اس سے کوئی دوسرا بڑا نہیں۔ فرماتے ہیں اللہ کے اسماء میں سے ہر اسم مبارک کو دوسرے سے اعظم کہہ سکتے ہیں۔ اور یہ بات "عظیم" کی لوٹ آئے گی۔ ابن حبان نے فرمایا، حدیثوں میں جو بڑائی آتی ہے اس سے مراد یہ ہے کہ اس اسم مبارک کے ذریعے دعا مانگنے والے کو زیادہ اجر و ثواب ملے گا جیسا کہ قرآن کے بارے میں یہی بات آئی ہے (کہ فلاں آیت افضل و اعلیٰ ہے) اور مراد یہ کہ اس کی تلاوت پر قاری کو اجر زیادہ ملے گا۔

دوسرا قول یہ ہے کہ اس کو اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے اور اس نے اپنی کسی مخلوق کو اطلاع نہیں دی۔ جیسا کہ "لیلۃ القدر" قبولیت کی ساعت" اور نماز وسطیٰ۔

تیسرا قول یہ کہ اسم اعظم ہے۔ اسے امام فخر الدین نے بعض اہل کشف سے نقل

marfa.com
Marfat.com

کیا ہے۔

چوتھا قول یہ کہ اسم اعظم اللہ ہے۔ کیونکہ یہ اسم مبارک کسی اور پر نہیں بولا جاتا ہے۔

پانچواں قول یہ کہ اسم اعظم "اللہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم" ہے۔

چھٹا قول یہ کہ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے کہ حدیث شریف میں ہے، اللہ کا اسم اعظم دو آیتوں میں ہے۔ (۱) وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ (۲) اور سورۂ آل عمران کے شروع میں۔ الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔

ساتواں الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ کیونکہ حدیث میں آتا ہے، اسم اعظم تین سورتوں میں ہے۔ البقرہ۔ آل عمران و طٰہٰ یہ قول امام رازی کا ہے۔

آٹھواں اَلْمَنَّانُ اَلْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ——— مہربان۔ بہت احسان کرنے والا۔ بغیر کسی مثال سابق کے زمین و آسمان کو پیدا کرنے والا۔ دبدبے اور عزت والا۔

نواں قول بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

دسواں قول ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

گیارہواں قول اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔ اللہ ہے اس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔ ایک۔ بے نیاز۔ جس کی کوئی اولاد نہیں۔ نہ وہ کسی کی اولاد، نہ اس کی برابری کا کوئی۔ حافظ ابن حجر نے کہا، سند کے لحاظ سے یہ تمام روایات سے راجح تر ہے۔

بارہواں قول رَبٌّ، رَبٌّ۔ (پروردگار۔)

تیرہواں مَالِکُ الْمُلْکِ۔ (ملک کا مالک)

marfat.com
Marfat.com

چودھواں قول مچھلی والے یونس علیہ السلام کی دعا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔ تجھے پاکی ہے بے شک میں ہی زیادتی کرنے والوں میں سے ہوں۔"

پندرھواں قول کلمہ توحید۔ اسے قاضی عیاض نے نقل کیا ہے۔

سولھواں قول امام رازی نے امام زین العابدین سے نقل کیا کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے اسم اعظم دکھانے کا سوال کیا، پھر خواب میں دیکھا ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ وہ اللہ ہی کی ذات ہے جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں، عرش عظیم کا مالک۔

سترھواں قول اسم اعظم اسماء حسنیٰ میں ہی پوشیدہ ہے۔

اٹھارھواں قول اللہ تعالیٰ کا ہر اسم گرامی جس میں محو ہو کر اس طرح دعا مانگی جائے۔ کہ اس حالت میں اللہ کا غیر نہ ہو۔ جو بھی اس طرح دعا مانگے قبول ہوگی۔ یہ بات امام جعفر صادق، جنید بغدادی وغیرہما نے فرمائی۔ رضی اللہ عنہم اجمعین۔

انیسواں قول اَللّٰھُمَّ اے اللہ۔ الزرکشی نے کہا۔

بیسواں قول الٓمٓ ہے۔ خلاصہ عبارت "شرح عزیزی" علی الجامع الصغیر۔

اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم پہ امام علامہ عارف باللہ سید عبداللہ بن اسعد الیافعی الیمنی الشافعی رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب "الدر النظیم فی خواص القرآن العظیم" میں تفصیلی گفتگو کی ہے۔ اس کے لیے سورۂ آل عمران پہلی آیت "الٓمٓ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ" کے بعد ایک خاص فصل مقرر فرمائی۔ فرمایا۔

فصل۔ اللہ کے اسم اعظم کے بیان میں

حافظ ابوالقاسم سہیلی نے کہا، اس مسئلہ میں علماء کا اختلاف ہے۔ ایک جماعت

marfa.com
Marfat.com

اس طرف گئی ہے کہ اللہ کے ناموں میں فضیلت کی بحث نہیں کرنی چاہیئے۔ ان کا کہنا ہے۔ کہ اللہ کے ناموں میں کوئی دوسرے سے بڑا نہیں۔ اور جہاں کبھی اسمِ اعظم کا لفظ آئے۔ اس کا معنے عظیم و اکبر بمعنی کبیر ہے۔ جیسے اَھْوَنُ بمعنی ھَیِّنٌ ۔ یہ بات ابوالحسن بن بطال نے نقل کی، اور اس کی نسبت ایک جماعت کی طرف کی۔ جن میں ابو محمد بن ابو زید القاسبی۔ وغیرہ شامل ہیں۔ ان کی دلیل بھی یہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس اسم مبارک کی قطعی تعین نہیں فرمائی۔ حالانکہ آپ سے کمتر شان والے بھی اسے جانتے تھے۔ مثلاً آصف بن برخیا، بلعام باعوراء، عبداللہ بن التامر۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب انتہائی تضرع و انکساری سے اپنی اُمت کی باہمی سر پٹھول سے بچنے کی دعا فرمائی تھی تو یقیناً اسم اعظم سے ہی دُعا مانگی ہوگی۔ تاکہ قبول ہو، کہ آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم ان پر شفیق تھے۔ اور اُمت کی تکلیف آپ پر شاق گزرتی تھی۔ پھر جب آپ نے ایسا نہیں کیا۔ تو ہمیں معلوم ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ہر نام کی فضیلت اور حکم دوسرے کی طرح ہے۔ جس نام سے دعا مانگی جائے چاہے تو قبول فرمائے، اور چاہے تو رد فرمائے۔ اللہ کا فرمان ہے۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۔ ترجمہ: تم فرماؤ اللہ کو پکارو یا رحمان کو پکارو۔ جس کو پکارو تمام اچھے نام اسی کے ہیں ۔

اس کلام سے ظاہری طور پر تو اللہ تعالےٰ کے تمام اسمائے حسنیٰ برابر معلوم ہوتے ہیں۔ اسی لیے یہ اور دوسرے علما اس طرف گئے ہیں کہ اللہ کا کوئی کلام دوسرے سے افضل نہیں۔ کیونکہ ایک رب کا، ایک کلام ہے۔ پس ایک کی دوسرے پر فضیلت محال ہے ۔

شیخ ابوالقاسم کا قول

شیخ ابوالقاسم، اللہ ان کو معاف کرے۔ نے فرمایا (قرآن مجید) کا ان ناموں سے (اللہ رحمٰن، رحیم) شروع کرنے کا سبب یوں بیان کیا جا سکتا ہے۔ کہ اس طرح ابتدا کرنا عقلاً محال ہے یا

marfat.com
Marfat.com

شرعاً ؛ عقلاً تو یہ محال نہیں، کہ اللہ تعالیٰ ایک کار خیر کو دوسرے پر یا ایک کلمہ ذکر کو دوسرے پر فضیلت بخشے۔ کیونکہ فضیلت کا دارومدار اجر و ثواب کی کمی بیشی پر ہے۔ فرائض کو نوافل پر بالاتفاق فضیلت حاصل ہے۔ نماز اور جہاد بہت سے نیک اعمال سے افضل ہیں۔ دعا و ذکر بھی اعمال میں سے دو عمل ہیں، تو بعض کا بعض سے قبولیت سے قریب تر ہونا، اور آخرت میں بعض کا بعض سے زیادہ اجر و ثواب کا باعث ہونا بعید نہیں۔ اسماء حسنیٰ کی تعبیریں اور وہ اللہ کے کلامِ قدیم میں شامل ہیں، اور ہم کلام اللہ میں یہ نہیں کہتے کہ وہ عین ہے یا غیر۔ اسی طرح ہم اس کے اسماء کے متعلق بھی، جو اس کے کلام میں ہیں، یہ نہیں کہتے کہ وہ ذات باری کا عین یا غیر ہیں۔ پھر اگر ہم اپنی مخلوق زبانوں اور حادث الفاظ سے کلام کریں تو ہمارا کلام ہمارے اعمال میں سے ایک عمل ہے حالانکہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ۔ اللہ نے تمہیں بھی پیدا کیا ہے۔ اور تمہارے اعمال کو بھی "جب یہ بات ثابت ہو گئی اور اسماء میں فضیلت جائز ہو گئی، جب بھی ان سے پکاریں تو اسی طرح سورتوں اور آیتوں کا ایک دوسرے سے افضل ہونا ثابت ہوتا ہے۔ کہ اس کا دارومدار اس تلاوت پر ہے۔ جو ہمارا عمل ہے۔ اس متلو پر نہیں، جو ہمارے رب کا کلام اور اس کی قدیمی صفات میں سے ایک صفت ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا تیرے پاس کتاب اللہ کی کونسی بڑی آیت ہے ؟ انہوں نے عرض کیا، اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ فرمایا ابو المنذر! علم مبارک ہو۔ یہ محال ہے کہ وہ اعظم سے مراد عظیم لیں۔ اس لیے کہ قرآن سب کا سب عظیم ہے تو کیسے فرما سکتے ہیں کہ قرآن کی ایک آیت عظیم ہے جبکہ اس کی ہر آیت عظیم ہے۔ یونہی اس سلسلہ میں اہل زبان کے تمام استشہاد موجود ہیں۔ مثلاً وہ کہتے ہیں اَکْبَرُ بمعنی کَبِیْرٌ بمعنی اَعْظَمُ بمعنی عَظِیْمٌ۔

شیخ ابوبکر فہری کا قول

اگر یہ سوال کیا جائے کہ اللہ کے اسم اعظم کے متعلق ہمارا کیا قول ہے ؟ اور کیا اللہ کے اسما

marfa.com
Marfat.com

میں ایک دوسرے پر فضیلت کا اصول جاری ہوتا ہے؟ بلکہ باہمی فضیلت۔ نفرت اور مغائیرت۔ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں کس طرح متصور ہو سکتی ہے؟ جب کہ اسم مسمّٰی کا عین ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ ہمارا کہنا "اِسْمُ اللّٰہِ الاعظم" اس سے مُراد وہ اسم ہے، جو اجابت کے قریب تر ہو اور جب اس کے ذریعہ دعا مانگیں قبول ہو۔

سوال کیا وجہ ہے کہ انسان اس کے ذریعہ دعا مانگتا ہے۔ پھر بھی قبول نہیں ہوتی؟ ہم جواب میں اوّل تو یہ کہتے ہیں۔

جواب کہ ہم اسم اعظم کی قطعی تعیین نہیں کرتے۔ یہ شکوک وظنون کا محل ہے کہ اس میں مختلف اقوال ہیں متعدد الفاظ ہیں۔ اب اگر ان میں سے کسی ایک کو دُعا مانگنے والے کے لیے متعین نہ کیا جائے تو قبولیت سے قریب تر کا کیسے پتہ چلے؟

سوال اگر کوئی شخص ان تمام الفاظ کو اپنی دُعا میں جمع کر لے، پھر بھی اس کی حاجت پوری نہ ہو تو کیا جواب دو گے۔؟

جواب اب تک تو کسی نے اس کا تجربہ نہیں کیا کہ نامُراد رہا ہو کہ ہم جواب دیں۔

سہیلی کا قول اگر کہا جائے کہ جس اسم اعظم کا علماء نے ذکر کیا ہے۔ وہ کہاں ہے؟ کہ اس کے ذریعے جو کوئی اللہ سے دُعا کرے قبول فرماتا ہے اور جو مانگے عطا فرماتا ہے۔ ہم اس کے دو جواب دیتے ہیں۔

اول یہ اسم مُبارک ہم سے پہلے لوگوں کے پاس تھا جب انہوں نے اس کو جانا، حفاظت کی۔ کثرت سے استعمال نہ کیا، اس کی تعظیم کی۔ بغیر طہارت کے ہاتھ نہ لگایا پہچاننے والے نے اس کے تقاضوں پر عمل کیا، پوشیدہ رکھا تو اس کے ذریعے مسمّٰی (ذات) کی عظمت سے اس کا دل پُر ہو گیا۔ کسی غیر کی طرف توجہ نہ کی اور نہ کسی غیر کا ڈر رہا۔ لیکن جب انہوں نے اسے دنیا مقاصد کے لیے، استعمال کیا، غلط اور مذاق کے طور پر اسے بولنا شروع کیا، اس کے مقتضا پر عمل کیا تو دلوں سے اس کی ہیبت جاتی رہی، پھر فوری قبولیت

marfat.com
Marfat.com

اور حاجت براری کی وہ بات نہ رہی جو پہلے تھی، تم دیکھتے نہیں ایوب علیہ السلام کے اس فرمان کی طرف کہ میں ایسے دو آدمیوں کے پاس سے گزرا کرتا جو لڑتے جاتے اور اپنی لڑائی میں اللہ کا ذکر بھی کرتے جاتے تھے۔ میں ان کے پاس سے بھاگ جاتا۔ مجھے یہ بات ناپسند تھی کہ اللہ کا ذکر غلط انداز سے کیا جائے۔" حدیث شریف میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھے پاکی کے بغیر اللہ کا ذکر کرنا پسند نہیں۔" اب تیرے لیے تعظیم واضح ہو گئی۔

دوم

جب دل سے دعا مانگی جائے، صرف زبان سے نہیں۔ تو بندے کی دعا قبول ہوتی ہے۔ ہاں قبولیت کی قسمیں ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، یا تو مانگنے والے کو جلدی مدعا مل جاتا ہے یا اس کے لیے دعا ذخیرہ کر دی جاتی ہے اور یہ اس کے مطالبہ سے بہتر ہے۔ یا جتنی اس نے بھلائی مانگی، اس کے بدلے اتنی برائی اور تکلیف اس سے پھیر دی جاتی ہے۔ رہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اپنی اُمت کے لیے یہ دعا کہ اللہ تعالیٰ ان میں باہمی لڑائی نہ کرے۔ سو اللہ تعالیٰ نے اس سے آپ کو منع فرما دیا اور اس کے بدلے آخرت میں آپ کو منصب شفاعت عطا کیا۔" نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

اُمَّتِیْ هٰذِهٖ اُمَّةٌ مَّرْحُوْمَةٌ لَیْسَ عَلَیْهَا فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ، عَذَابُهُمْ فِی الدُّنْیَا الزَّلَازِلُ وَالْفِتَنُ"

ترجمہ: میری یہ اُمت مرحوم ہے (اس پر اللہ کی رحمت ہے) ان کو آخرت میں عذاب نہیں ہوگا۔ ان کا عذاب دنیا میں زلزلے اور فتنے ہیں۔"

اس کو ابو داؤد نے روایت کیا۔

جب دُنیا کے فتنے، اُمت سے آخروی عذاب پھیرنے کا سبب ہیں، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ان کے لیے مانگی گئی دعا نامراد نہ رہتی۔ علاوہ ازیں میں نے اس حدیث پر اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک اور حدیث پر غور کیا کہ جب آیت:

قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓی اَنْ یَّبْعَثَ ترجمہ: تم فرماؤ وہ اس پر قادر ہے۔

marfa.com
Marfat.com

عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ ۔ کہ تم پر اوپر سے عذاب بھیجے۔
تو آپ نے فرمایا، میں تیری ذات کی پناہ چاہتا ہوں۔ پھر جب آپ نے یہ آیت سُنی۔
وَيُذِيقَ بَعْضَكُمْ بَأْسَ بَعْضٍ ۔ ترجمہ: تمہیں ایک دوسرے کی سختی چکھائے۔
فرمایا یہ دو نسبتاً، آسان ہے۔ اسی لیے آپ کی اُمت پہلے اور دوسرے عذاب سے محفوظ کر دی گئی۔ اور تیسری دُعا سے آپ کو منع فرمایا گیا۔ واللہ اعلم۔ میں نے یہ بات ایک عارف پر پیش کی تو انہوں نے فرمایا، یہ توضیح بہت اچھی ہے۔ لیکن یہ معلوم نہیں کہ آپ کا سوال آیت کے نزول سے پہلے تھا یا بعد۔ اگر نزول آیت کے بعد تھا۔ تو میرے خیال میں یہ سوچ صحیح ہے۔ میں نے کہا، کیا مؤطا میں موجود نہیں کہ آپ نے یہ دُعا مسجد بنی معاویہ میں مانگی تھی جو مدینہ منورہ میں تھی۔؟ اور اس میں اختلاف نہیں۔ کہ سورۃ الانعام مکیہ ہے۔ کہنے لگے ٹھیک ہے۔ انھوں نے حق کا یقین کیا اور اس کا اقرار کیا۔

سوال شیخ ابوبکر فہری کہتے ہیں اگر یہ سوال کیا جائے۔ کیا تم اسے جائز سمجھتے ہو کہ بندہ کسی حاجت میں اپنے رب سے دُعا مانگے اور اس کی دُعا قبول نہ ہو۔؟

جواب ہم کہتے ہیں، اگر اس نے اپنے رب سے وہ سوال کیا، جو علم باری تعالیٰ میں ہونا تھا تو بندے کی دُعا قبول ہوگی۔ کیونکہ دُعا اللہ کے علم کے برعکس بھی نہیں ہو سکتی۔ اور اس کے اٹل فیصلے کو بدل بھی نہیں سکتی۔

سوال پھر اسم اعظم کا کیا فائدہ ہوا؟

جواب اس کا فائدہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اللہ سبحانہ تعالیٰ اپنے بندے کی زبان پر صرف وہ دُعا لاتا ہے اور اس کے دل میں صرف وہ خیال ڈالتا ہے۔ جس کے بارے میں اس کے علم میں پہلے سے موجود تھا کہ جو مانگے گا ملے گا۔
اگر اس کے علم میں اس کی حاجت برآری نہیں، تو ایسی دُعا بندے کی زبان پر لاتا ہی نہیں۔

marfat.com
Marfat.com

سوال کیا تمام دعاؤں کے مدارج یہی ہوتے ہیں ؟

جواب ایسا نہیں۔ بلکہ تمام دعائیں ایسی زبان پر جاری ہوتی ہیں، جس کی قبولیت کا فیصلہ ہو چکا ہوتا ہے اور کبھی ایسی زبان پر جاری ہوتی ہیں جن کی نا قبولیت کا فیصلہ ہو چکا ہوتا ہے۔ ہم ان شاء اللہ سورۂ اعراف ، کے تحت عنقریب قبولیتِ دعا، اور قبولیت میں آنے والی رکاوٹوں کو بیان کریں گے۔ سو جانز ہے کہ قبولیت کی شرائط میں سے کسی شرط کے نہ ہونے سے تمام دعاؤں میں خلل آجائے اور دوسرے مقام پر وہی شرط کام کر جائے۔ تو جب اللہ کسی دعا کرنے والے کی زبان پر اسم اعظم جاری کرتا ہے قبولیت کی شرطیں حاصل ہو جاتی ہیں اور موانع ختم ہو جاتے ہیں۔ اسمِ اعظم کا یہی مطلب ہے۔ اس بنا پر قرآن کی سورتوں اور آیتوں میں فضیلت کا حکم جاری ہوگا۔ لہٰذا ایک آیت و سورۃ کے قاری کو وہ اجر و ثواب مل سکتا ہے۔ جو باقی آیات و سورتوں کی تلاوت سے نہ ملے۔ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کو نہیں دیکھتے۔ سورۂ تبارک (الملک) اپنے عامل سے جھگڑے گی۔ اور "قل ھو اللہ احد" ایک تہائی قرآن کے برابر ہے" وغیرہ۔ اور دوسری آیات کی یہ خصوصیتیں بیان نہیں کرتے۔ رہا اسم اعظم میں تغایر و تعدد کا سوال تو ایک مسمّٰی کے کئی نام ہو سکتے ہیں۔ اور ماہر نحویوں کے نزدیک ہر نام مستقل ہوتا ہے۔ ہم اپنے موضوع سے باہر ہو جائیں گے ورنہ، اس قول کا ایسا واضح بطلان کرتے کہ انہیں بھاگنے کا راستہ نہ ملتا۔ اگر عربی زبان میں یہ اصول صحیح ہوتا تو اس پر حضور کا یہ فرمان کہ تیرے پاس قرآن کی کون سی بڑی آیت ہے ؟ قیاس نہیں کیا جا سکتا، اس لیے کہ تمام قرآن عظیم ہے ان کا سوال عظیم تر کے متعلق تھا جو ثواب تلاوت میں افضل اور قبولیت کے قریب تر ہو اور اس فرمان میں ثبوتِ اسم اعظم کی دلیل ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ کا ایک نام اس کے باقی ناموں سے عظیم تر ہے۔ اور اس اسم سے قرآن کا خالی ہونا محال ہے۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے

مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِنْ شَيْءٍ۔ ترجمہ: ہم نے قرآن میں کوئی چیز اٹھا نہ رکھی۔

marfa.com
Marfat.com

تو لامحالہ یہ قرآن میں ہے۔ اللہ تعالےٰ کی شان سے بعید ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نبیوں پر اور آپ کی اُمت کو، اُمتوں کو فضیلت بھی دے اور محرُوم بھی کرے۔

سوال پھر اسمِ اعظم قرآن میں کہاں ہے؟

جواب کہا گیا ہے اسے اسی طرح پوشیدہ رکھا گیا ہے جس طرح جمعہ کے دن میں خاص قبولیت کی ساعت اور رمضان کے مہینے میں لیلۃ القدر: تاکہ لوگ محنت کریں۔ تو تل کر کے نہ بیٹھ جائیں، شیخ ابوبکر فہری نے کہا، اُمت نے اس سے فیض حاصل کیا۔ اور اہل قرآن و اہل کتاب میں مشہور ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ایک ایسا اسم اعظم ہے۔ جس کے ذریعے جب بھی اس سے دُعا کرے قبول ہوتی ہے اور جب مانگا جائے ملتا ہے۔ اب میں آپ کے سامنے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام اور سلف صالح کی اس سے متعلق روایات بیان کرتا ہوں۔ ان میں سے ایک اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان :۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِيْ اٰتَيْنٰهُ ترجمہ:۔ ان پر اس شخص کا حال بیان کیجیے،
اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا۔ جس کو ہم نے اپنی نشانیاں دیں، پھر وہ
ان سے تجاوز کر گیا"

ابن عباس۔ السُدی اور مقاتل وغیرہ نے کہا یہ شخص بنی اسرائیل سے متعلق تھا اس کا نام بلعام بن باعورا تھا۔ اس کے پاس اسمِ اعظم تھا۔ بادشاہ نے اسے تلاش کیا: وہ روپوش ہو گیا۔ پھر بادشاہ اسے پکڑنے میں کامیاب ہو گیا۔ اور کہا اسمِ اعظم والا ہے۔ اس نے انکار کیا۔ ایسا بیل اور جس سے کام نہ لیا گیا ہو۔ ایک سُرخ رنگ کا بیل لایا گیا، کوئی اس کے قریب نہیں آسکتا تھا۔ یہ اُٹھا اور اس کے کان میں کوئی بات کی۔ بیل پتھر بن کر گرا، اس نے بادشاہ سے کہا۔ یا تو بنی اسرائیل پر مظالم بند کر دے یا تجھ پر بھی وہی نازل ہوگا جو بیل پر ہوا ہے۔ اب وہ بادشاہ بنی اسرائیل پر مظالم ڈھانے سے باز آگیا۔ ان میں سے دوسرا اللہ کا فرمان یہ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

قَالَ الَّذِی عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْکِتٰبِ اَنَا اٰتِیْکَ بِہٖ۔

ترجمہ: جس کے پاس کتاب کا کچھ علم تھا۔ اس نے کہا میں تیرے پاس تخت کو لاتا ہوں۔

قتادہ وغیرہ اکثر مفسرین نے کہا وہ آصف بن برخیا تھے۔ جن کے پاس اللہ تعالیٰ کا وہ اسم اعظم تھا جس کے ذریعے جب بھی دعا کی جائے قبول ہوتی ہے۔ اور جب مانگا جائے ملتا ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں، جب آصف بن برخیا نے نماز پڑھ کر اللہ سبحانہٗ سے دعا مانگی، سلیمان علیہ السلام سے کہا آنکھ جھپکنے تک آنکھیں بند کر دیجیے۔ تو سلیمان علیہ السلام نے جیسے قسم پوری کرنی ہو، آنکھیں موند لیں، آصف نے دعا مانگی، اللہ نے فرشتوں کو مقرر کیا، یہاں تک کہ انہوں نے تخت اٹھایا اور زمین چیرتے ہوئے سلیمان علیہ السلام کے سامنے لا کھڑا کیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ اسم اعظم جس کے ذریعے آصف نے دعا مانگی یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ تھا۔ الزہری نے کہا ان کے پاس خاص دعا تھی جو انہوں نے مانگی۔

یَا اِلٰھَنَا وَاِلٰہَ کُلِّ شَیْءٍ اِلٰھًا وَّاحِدًا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ اِئْتِنِیْ بِعَرْشِ بِلْقِیْسَ۔

ترجمہ: اے ہمارے اور ہر شے کے واحد معبود! تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں، بلقیس کا تخت میرے پاس لا دے۔

تو ان کے سامنے اس جیسا تخت بنا دیا گیا۔ اور کہا وہ اسم اعظم جس سے مانگی گئی دعا قبول اور کہا گیا سوال ملتا ہے یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ہے۔

تیسرا اللہ کا فرمان:

وَمَآ اُنْزِلَ عَلَی الْمَلَکَیْنِ بِبَابِلَ ھَارُوْتَ وَمَارُوْتَ۔

ترجمہ: "جو کچھ بابل میں دو فرشتوں پر اتارا گیا"

marfa.com
Marfat.com

ابن عباس علی بن ابی طالب، قتادہ، السدی اور الکلبی رضی اللہ عنہم نے فرمایا، ہاروت و ماروت دن بھر لوگوں میں فیصلے کرتے۔ شام ہوتی تو اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم پڑھ کر آسمان پر چڑھ جاتے۔ ایک دن زہرا ان کے پاس کسی جھگڑے کے سلسلے میں آئی۔ جو اس ملک کی خوبصورت ترین عورت تھی۔ اور بادشاہانِ فارس میں سے ایک بادشاہ کی ملکہ تھی۔ یہ دونوں اس سے مانوس ہو گئے اور بہلانے پھسلانے لگے۔ اس نے ان کی خواہش پوری کرنے سے اس وقت تک انکار کیا، جب تک وہ اسے اسم اعظم نہ بتائیں۔ جس کے ذریعے آسمان پر چڑھتے ہیں۔ انہوں نے کہا اللہ کے بڑے نام سے۔ انہوں نے اسے اسم اعظم بتا دیا۔ اس نے اس کا ورد کیا اور آسمان پر ستارہ بن کر چمکنے لگی۔ قاضی ابوبکر بن طیب نے اپنی کتاب المنع میں لکھا ہے۔ بہت سے اہلِ علم نے یہ بات ذکر کی۔ کہ بابل میں دو فرشتوں پر جو نازل کیا گیا تھا، وہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم تھا۔ جس کی مدد سے زہرا آسمان پر چڑھ گئی۔ پھر وہیں ستارے کا روپ دھار گئی۔ قاضی ابوبکر کہتے ہیں، عقل اس میں سے کسی کو محال قرار نہیں دیتا۔ اسے سمجھ لو۔ حدیث میں آیا ہے۔ کہ موت کا فرشتہ دعا اور اللہ کے مخصوص اسم اعظم کے ذریعے روحیں قبض کرتا ہے۔ یہ روایت ان لوگوں کا رد کرتی ہے جو کہتے ہیں اتنے دور سے روحیں کیسے قبض کر لیتا ہے۔ اور دور دراز مقامات سے بیک وقت متعدد روحیں کیسے گرفت میں لے لیتا ہے۔ مذکورہ آیات کے متعلق صحابہ و تابعین کے اور بھی اقوال ہیں۔ جو ہمارے محولہ بالا اقوال سے مختلف ہیں۔ ان سے استدلال دو طرح سے کیا جا سکتا ہے۔ اوّل یہ کہ بڑے بڑے صحابہ اور بعد کے مسلمان بزرگوں کی زبان پر اسم اعظم کا ذکر ہمیشہ رہا ہے۔ اور کسی نے اس کا انکار نہیں کیا۔ ہاں آیت کی تفسیر میں ان کا اختلاف ہے۔ کچھ کہتے ہیں آیت میں اللہ کا اسم اعظم مراد نہیں اس سے مراد کچھ اور ہے۔ ان حضرات نے اسم اعظم کا انکار نہیں کیا۔ دوسرے جب کسی آیت کی تعبیر میں صحابہ کرام مختلف ہوں، اجلۂ محققین کے نزدیک

marfat.com

Marfat.com

ابن عباس رضی اللہ عنہ کے قول کو ترجیح دی جائے گی، دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سینہ مُبارک پر ہاتھ مار کر کہا تھا۔ اَللّٰھُمَّ عَلِّمْہُ التَّاْوِیْلَ۔ الٰہی اس کو قرآن کی صحیح تاویل بتا دے" اور ابن عباس نے اس کو یقیناً بیان فرما دیا ہے۔ اور اسمِ اعظم کی طرف اشارہ کر کے اسے افضل نہیں فرمایا، اشارۃً بتلا دیا کہ کسی صورت میں اسمِ اعظم نہ ہو۔ اور وہ سب سے افضل قرار پائے اس کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ افضلیت و عظمت کا دارو مدار تو ہے ہی اسمِ اعظم پر۔ دیکھتے نہیں، کس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابی بن کعب کو خُدا داد علم پر مبارک باد دی۔ اور مبارک باد عظیم شے پر ہی دی جا سکتی ہے۔ اس طرح کہ اسمِ اعظم کو بھی جانتے ہو۔ اور جس آیت میں وہ ہے اسے بھی۔ ہم سے پہلی امتوں میں صرف چند افراد کو اس کا علم تھا مثلاً عبداللہ بن الٰہامرآصف بن برخیا اور بلعام باعور جب تک شیطان نے اسے گمراہ نہیں کیا تھا۔ حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت، جسے ترمذی اور ابو داؤد نے اسمأ بنت یزید جن کی کُنیت ام سلمہ ہے رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے۔ ھُوَ الْحَیُّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَادْعُوْہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ۔ سوا سے اس سے پکارو، پھر فرمایا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ ہمیں اللہ کی حمد و شکر و تنبیہ کرتے ہوئے کہ اس نے ہمیں یہ اسم سکھایا، جس کا ہمیں علم نہ تھا، میں کہتا ہوں ابو داؤد نے یہ روایت نقل کی ہے۔ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یہ کہتے ہوئے سُنا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کرتا ہوں۔ فرمایا اس نے اللہ سے اس کے اسم اعظم سے دُعا مانگی، اس کو المنّان، اور ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اور اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ پر ختم فرمایا۔ یہی اسمِ اعظم ہے کیونکہ کسی اور اسم کا نام نہیں لیا گیا۔ اور یہ اسم اللہ کے بغیر کسی اور کا رکھا نہیں گیا" یہ شخص حضرت زید بن عیاش الزرقی تھے، جن کا نام حارث بن اسامہ نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

ابو جعفر نے کہا، جو ابو حفص نے سورۂ طٰہٰ سے جو کچھ نکالا یعنی اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ، تو ان سے کہا جائے ہمیں اس میں اللہ کا اسم مل گیا ہے۔ اور وہ ہے اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ، تو حدیثیں متفق ہو گئیں اور جو کچھ سورۂ طٰہٰ میں ہے وہ اس کے موافق ہے جو سورۂ بقرہ اور آلِ عمران میں ہے۔ بعض علما کا یہی مذہب ہے محمد بن حسن ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ آپ نے فرمایا اللہ کا اسم اعظم "اللّٰہ" ہے۔ دیکھتے نہیں کہ رحمٰن رحمت سے اور رب ربوبیت سے مشتق ہے اور اللہ کسی سے مشتق نہیں "

امام ابو حنیفہ کا فرمان

ابو بکر بن العلاء کہتے ہیں میں نے سہل بن عبد اللہ سے اللہ کے اسمِ اعظم کے متعلق سوال کیا۔ انہوں نے کہا اللّٰہ ، میں نے ان سے کہا، کہا گیا ہے کہ جب اس کے ذریعے سوال کیا جائے ملتا ہے، ہم تو اس سے سوال کرتے ہیں، وہ ہمیں دیتا ہی نہیں، فرمایا اگر دل کو اس کی مناجات کے سوا ہر چیز سے فارغ کر کے سوال کرتے تو اسی وقت مل جاتا، پھر انہوں نے یہ آیت پڑھی :

"وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰی فَارِغًا" ترجمہ: موسیٰ کی ماں کا دل ہر چیز سے خالی ہو گیا۔ صرف موسیٰ کا سوال تھا "

ابن مبارک کہتے ہیں، اللہ کا اسم اعظم اللّٰہ ہے، کیونکہ تمام اسمآ اس کی طرف منسوب ہوتے ہیں، یہ ان کی طرف منسوب نہیں ہوتا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں وہ یَا ظَاھِرُ ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ مروی ہے۔ استاذ ابو اسحاق کہتے ہیں، جو اللہ کے جس نام کو جانتا ہے اسی کو زبان سے ادا کرے وہی اسم اعظم ہے یہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کی دو میں سے ایک روایت ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی یہ روایت ہے کہ اللہ کا اسم اعظم گناہوں سے بچنا ہے۔

حافظ ابو القاسم عباس نے کہا، رہی حدیث شریف، سو ابو داؤد نے اپنی سند سے

marfat.com
Marfat.com

حضرت ابو بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یہ کہتے ہوئے سنا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ اَلْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔ تو فرمایا تو نے اللہ سے اس کے اسم اعظم کے ساتھ سوال کیا کہ جب بھی اس کے ذریعے اس سے سوال کیا جائے ملتا ہے اور جب بھی دعا کی جائے قبول ہوتی ہے۔ ایک اور حدیث شریف میں ہے۔ یقیناً تو نے اللہ سے اسم اعظم کے ذریعے سوال کیا ہے۔ حضرت اسما بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے۔ وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ۔ اور سورۂ آل عمران کے شروع میں الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ حضرت ابو بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو اس طرح دعا کرتے ہوئے سنا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنَّکَ اَحَدٌ صَمَدٌ لَمْ تَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا۔

ترجمہ: "الٰہی! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بے شک تو یکتا و بے نیاز ہے، نہ بیوی بنائے نہ بیٹا"

سرکار نے فرمایا تو نے اللہ کے اس اسم اعظم کے ذریعے سوال کیا، جس کے ذریعے مانگی گئی دعا قبول ہوتی ہے۔ اور مانگا گیا سوال ملتا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم ایک شخص کے پاس سے گزرے، جو نماز میں کہہ رہا تھا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھ والے صحابہ کرام سے فرمایا، تمہیں معلوم ہے کہ اس شخص نے کیا دعا مانگی ہے؟ انھوں نے عرض کیا، اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا اس نے اپنے پروردگار کے اس اسم اعظم سے دعا مانگی، جس سے جب دعا کی جائے قبول فرماتا ہے اور جب مانگا جائے ملتا ہے۔

marfa.com
Marfat.com

حضرت ابوامامہ نے اپنی مرفوع حدیث میں فرمایا، اللہ کا وہ اسم اعظم جس سے مانگی گئی دعا قبول، اور مانگا گیا سوال ملتا ہے، تین سورتوں میں ہے، البقرہ، آل عمران اور طٰہٰ۔ جعفر الدمشقی نے کہا، میں نے ان تین سورتوں میں ایسی چیز دیکھی، جس کی مثال پورے قرآن کریم میں نہیں۔ آیۃ الکرسی اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ - آل عمران میں اَلٓمّٓ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اور سورۂ طٰہٰ میں۔ وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ۔ ابوجعفر مذکور نے کہا، میرے نزدیک صحیح یہ ہے۔ کہ اللہ کا اسم اعظم اللّٰہ ہی ہے۔ حضرت اسمائ بنت یزید رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں، میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ اللہ کا اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے۔ وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ، اَلٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ حالانکہ ان میں سے صرف ایک میں اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ کا ذکر ہے۔ میں کہتا ہوں بلکہ اس کا تقاضا تو یہ ہے۔ کہ اللہ کا اسم اعظم لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ہو۔ دیکھتے نہیں امام مالک نے المؤطا میں کیا روایت ذکر کی۔ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو میں نے اور مجھ سے پہلے نبیوں نے کہا اس میں افضل لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے۔ ابوداؤد میں ہے۔ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ کی کتاب میں سب سے بڑی آیت کون سی ہے؟ انہوں نے کہا۔ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ تو سرکار نے ان کے سینے پر ہاتھ مار کر فرمایا، ابوالمنذر علم مبارک ہو۔ استاذ ابوالقاسم قشیری نے اس حدیث اَیُّ آیَۃٍ اَعْظَمُ۔ سہیلی نے کہا اللہ کے ننانوے نام اسم اعظم اللہ کے تابع ہیں اور اس سے پورے ہو جاتے ہیں۔ یہ درجات جنت کی تعداد کے برابر ہیں۔ ہر دو درجوں میں سو سال کی مسافت ہے اور فرمایا جو ان اسمائے حسنیٰ کو یاد کر لے۔ جنت میں داخل ہوگا۔ یہ جنت کے درجوں کے مساوی ہیں۔ ورنہ اللہ کے نام بے شمار ہیں۔ ہاں ان اسمائے مبارکہ کو دوسروں پر یہ فضیلت حاصل ہے کہ ان کا ذکر قرآن کریم میں آیا ہے۔ اس پر سرکار علیہ السلام کا یہ قول دلالت کرتا ہے۔ جو المؤطا میں موجود ہے۔ میں تجھ سے تیرے

marfat.com
Marfat.com

ان اسمآ حسنیٰ کے ذریعے سوال کرتا ہوں، جو میرے علم میں ہے اور جو میرے علم میں نہیں"۔ الحاج الابن الوہب میں ہے سُبْحَانَكَ لَا أُحْصِيْ ثَنَاءً لَكَ۔ میں تیری پاکی بولتا ہوں" تیرے نام شمار نہیں کر سکتا"۔ اس بات کی دلیل کہ یہی اسم اعظم ہے، یہ ہے کہ تمام اسمآ کو اس کی طرف منسوب کرتے ہو۔ مثلاً العزیز اللہ کے اسمآ میں سے ایک اسم ہے۔ (العلیم السمیع۔ البصیر۔ القدیر وغیرہ مترجم) یہ نہیں کہتے اللہ العزیز کے اسمآ میں سے ایک اسم ہے۔

شیخ ابوبکر فہری کہتے ہیں فرمان باری تعالےٰ ہے:۔

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ترجمہ: تمام اچھے نام اللہ ہی کے ہیں، سو

فَادْعُوْهُ بِهَا۔ اس کو ان سے پکارو"

تو یہ آیت تمام اسمآ کو عام و شامل ہے۔ پھر فرمایا:۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ترجمہ: تم فرماؤ اللہ کو پکارو یا رحمٰن کو پکارو۔

یہاں اپنے تمام ناموں میں بزرگتر سے ابتدا فرمائی اور مخلوق کو فرمایا کہ وہ اس نام سے اس کو پکارے۔ اللہ تعالےٰ نے اپنی ذات کا یہی نام رکھا ہے، اور کسی اور کو یہ نام رکھنے سے منع فرما دیا ہے۔ اور مخلوق کی اس طرف سے توجہ پھیر دی کہ کوئی ظالم و جابر سرکش اور شیطان سرد و دکا یہ نام رکھتا ظاہری یا باطنی۔ یہ ہے فرعون سرکش، جس پر اللہ نے لعنت کی۔ اپنی سرکشی و شان و شوکت کے باوجود کہ مصری قبطیوں کو کہتا ہے۔ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى۔ میں تمہارا بلند تر خدا ہوں"۔ جس کی وجہ سے اس پر اور اس کی قوم پر عذاب نازل ہوا۔ یہ جرأت نہ کر سکا کہ میں اللہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے شریر دل کو یہ نام رکھنے سے باز رکھا۔ فرماتا ہے۔ هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا۔ کیا تمہارے علم میں اللہ کے سوا کسی نے اللہ کہلوایا ہے۔؟ یہ نام کسی اور نے رکھا ہے۔ یہی وہ اسم گرامی ہے۔ جو مخلوق کی تمام زبانوں میں بولا جاتا ہے اور اسی سے تعلق پیدا کرنے کے اسباب کثرت سے پائے جاتے

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ ایمانی حقوق اسی سے متعلق ہیں۔ اسی کو فریادیوں کا فریادرس، مظلوموں کا ٹھکانہ، در ماندے والوں کا سہارا۔ عبادت گذاروں کی عبادت اور پناہ مانگنے والوں کے لیے ڈھال بنایا گیا ہے۔ جو بھی کسی مصیبت میں گرفتار ہوتا یا تکلیف سے ڈرتا ہے اس کی پکار یا اللہ ہی ہوتی ہے۔ دار دنیا میں مکلف کا یہی پہلا حصہ ہے۔ جب رحم اندر کی تاریکی سے، اسے سرسبز و شاداب وسیع دنیا میں پھینکتے ہیں۔ لینے والیاں اسے ہاتھوں میں لیتی ہیں اور بآواز بلند کہتے ہیں اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ دنیا سے آخری جدائی پر یہی آخری کلمہ لب پر آتا ہے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَمُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ) لوگ کثرت سے اپنے روزمرہ محاوروں اور لین دین میں استعمال کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ انہیں اس سے منع کیا گیا۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے :۔

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰہَ عُرْضَۃً لِّاَیْمَانِکُمْ۔ ترجمہ:۔ اللہ کو اپنی قسموں کا نشانہ نہ بناؤ۔

یہی وہ اسم اقدس ہے جو حیرانی میں تیرے تمام غم دُور کرتا، شہوتوں اور شرارتوں سے بچاتا ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے مخلوق کے لیے دُعا میں وسعت فرمائی کہ جو ان کے دلوں کے موافق اور جس میں قبولیت کی زیادہ اُمید ہو۔ اسی اسم گرامی سے دُعا کریں۔ فرمایا

اُدْعُوا اللّٰہَ اَوِادْعُوا الرَّحْمٰنَ۔ ترجمہ:۔ اللہ سے دُعا کرو یا رحمٰن سے۔ گویا اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے۔ اگر مجھے میرے نام سے نہیں پکارتے، تو میرے فضل و رحمت کے حوالہ سے پکارو۔" اسی لیے الواسطی نے کہا جس نے اللہ کے ناموں میں سے کسی نام سے دُعا کی اس میں اس کے نفس کا حصہ ضرور ہوتا ہے، ماسوا اللہ کے۔ کہ یہ اسم گرامی اسے ایسی وحدانیت کی طرف بلاتا ہے جس میں نفس کا کوئی حصہ نہیں۔ اسی لیے علماء نے کہا ہے کہ یہ اسم گرامی تخلق کے لیے تعلق کے لیے ہے۔ اور اس لیے کہ الوہیت کا دارومدار ذوات کے پیدا کرنے کی قدرت پر ہے۔ اور صفاتِ جلال و کمال کی یہی آخری حد ہے۔ ابو سعید نے کہا سب سے پہلے جس کلمہ کی طرف اس نے بندوں کو بلوایا، وہ ایک ہی کلمہ ہے۔ جس نے اسے سمجھ لیا، دوسروں

marfat.com
Marfat.com

کو سمجھ لیا۔ اور وہ ہے اللہ ۔ دیکھتے نہیں کہ فرماتا ہے۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۔ ترجمہ: تم فرماؤ اللہ ایک ہے۔

حقیقت شناسوں کے لیے بات پوری ہوگئی۔ پھر خاص لوگوں کے لیے اضافہ فرمایا۔

اَحَدٌ ۔ ترجمہ: ایک ہے۔

پھر اولیاؑ کے لیے اضافہ کیا،

اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۔ ترجمہ: اللہ بے نیاز ہے۔

پھر عوام کے لیے مزید وضاحت فرمائی۔

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۔ ترجمہ: نہ اس کی اولاد ہے، نہ وہ کسی کی اولاد، اور نہ اس کی برابری کا کوئی دعویدار

ہشام نے محمد بن حسن شیبانی سے روایت کیا کہ میں نے ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا، اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم اللہ ہے یا اِلٰہٌ ۔ اکثر صوفیا و عارفین کا یہی عقیدہ ہے۔ کہ ان کے ہاں کسی مقام والے کے لیے خالی اسمِ گرامی اللہ کے ذکر کرنے والے سے بلند تر کوئی مقام نہیں۔ اللہ تعالےٰ نے اپنے نبی محمد صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا۔

قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ ۔ ترجمہ: تم فرماؤ اللہ، پھر ان کو چھوڑ دو۔

اسی لیے شبلی رحمۃ اللہ علیہ ذکر کرتے وقت فرماتے آہ اللہ ۔ بعض صوفیا کا یہی مذہب ہے۔ حجۃ الاسلام (غزالی) نے بعض اہلِ علم کا یہ قول نقل کیا ہے کہ یہی اسمِ گرامی ہے اس کا خاص نام ہے، مخلوق کو کسی کو اس سے موسوم نہیں کیا گیا۔

ابوجعفر طحاوی نے اپنی کتاب "المشکل" میں کہا اللہ ہی اسمِ اعظم ہے۔ اور حضرت اسماؓ رضی اللہ عنہا کی مذکورہ حدیث سے استدلال کیا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ اللہ کے اسمِ اعظم الٓمٓ کہیعٓصٓ، حٰمٓ عسٓقٓ اور اس سے ملتے جلتے کلمات ہیں جو کہ ان حروف کی ترتیب و ترکیب اچھی طرح

marfat.com
Marfat.com

سمجھ لے، اسے اللہ کا اسم اعظم معلوم ہو جائے گا۔ آپ کی مُراد ہے حروف مقطعہ جو سورتوں کے شروع میں آتے ہیں، اور جن میں تکرار ہے۔ اور یہ چودہ حروف ہیں۔ ا۔ ح۔ ر۔ س ص۔ ط، ع۔ ق۔ ک۔ ل۔ م۔ ن۔ ی" اور بعض علمأ نے کہا، وہ اَلْاَحَدُ، اَلصَّمَدُ ہے۔ بعض نے کہا وہ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام اور بعض نے کہا وہ رَبَّنَا ہے۔ دلیل اللہ کا یہ فرمان ہے۔ اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّ قُعُوْدًا۔ سے تا فَاسْتَجَابَ لَھُمْ رَبُّھُمْ پوری آیت۔ کہ قبولیت اللہ کے اسم اعظم کی دلیل ہے۔ جو رَبَّنَا کے بعد پانچ بار آ رہا ہے۔ اس بات کو اس شخص کے قول سے رَد نہیں کیا جا سکتا کہ اسم اعظم اللہ ہے۔ شروع کی آیات میں فرمایا۔ اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّ قُعُوْدًا۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسم اعظم اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ ہے۔ دلیل حضرت ایوب علیہ السلام کا یہ فرمان ہے۔

اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔

ترجمہ: مجھے تکلیف پہنچی ہے اور تو سب سے بڑا رحم فرمانے والا ہے"

اللہ فرماتا ہے:

فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ۔

ترجمہ: ہم نے اس کی دُعا قبول فرمائی۔

ایک ایمان افروز واقعہ

لیث، کہتے ہیں مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے ایک شخص سے طائف تک کچھ کرایہ پر لی۔ کرایے میں یہ شرط لگائی کہ جہاں وہ چاہے گا لے جائے گا۔ وہ ان کو ایک ویرانہ کی طرف لے گیا۔ اور کہا اُترو۔ دیکھتے کیا ہیں کہ اس ویرانے میں کئی مقتولوں کی لاشیں پڑی ہیں۔ جب اس شخص نے آپ کو قتل کرنے کا ارادہ کیا، تو آپ نے فرمایا مجھے دو رکعت نفل پڑھنے دے، اس نے کہا پڑھو۔ تجھ سے پہلے یہ لوگ بھی نماز پڑھ چکے ہیں۔ مگر ان کی نماز نے انہیں کوئی فائدہ نہ دیا۔ فرمایا جب میں نماز سے فارغ ہوا، وہ مجھے قتل کرنے کے لیے آگے بڑھا میں نے کہا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ آواز آئی اسے مت قتل کرنا۔ وہ باز رہ گیا ادھر

marfat.com
Marfat.com

اُدھر دیکھا کچھ نظر نہ آیا۔ پھر میری طرف قتل کی نیت سے بڑھا۔ اچانک ایک شاہسوار نمودار ہوا۔ جس کے ہاتھ میں نیزہ تھا اس نے اُسے چوکا لگا کر قتل کر دیا۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسمِ اعظم لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ ہے۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ نے یُونس علیہ السلام کی حکایت بیان فرمائی:۔

فَنَادٰی فِی الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ۔

ترجمہ: انہوں نے اندھیروں میں پکارا کہ تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں، تو پاک ہے بے شک میں ہی زیادتی کرنے والوں میں سے ہُوں۔

ترجمہ: ہم نے ان کی دُعا قبول کر لی۔

ابن السنی نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہُ سے روایت کیا۔ کہ میں نے رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سُنا، مجھے ایک ایسا کلمہ معلوم ہے کہ جو مصیبت زدہ اسے کہے اللہ اس کی مصیبت دُور فرمائے اور وہ کلمہ میرے بھائی یُونس علیہ السلام کا ہے۔ جو اندھیروں میں آپ نے کہا۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

اور ترمذی نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے کہ مچھلی والے کی وہ دُعا جو شکمِ ماہی میں انہوں نے اپنے رب سے کی، لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ ہے۔ کوئی بھی کسی مقصد کے لیے یہ دُعا مانگے، اللہ قبول فرماتا ہے "یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ اَلْوَھَّابُ ہے۔ کہ سلیمان علیہ السلام نے اس سے دُعا مانگی تھی۔ یہ بھی کہا گیا ہے وَخَیْرُ الْوَارِثِیْنَ ہے۔ کہ زکریا علیہ السلام کی دُعا ہے۔ کہا گیا ہے کہ وَحَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ہے۔ اور ایک قول یہ ہے کہ وہ اَلْغَفَّارُ ہے۔ کہا کہ میں نے بعض عارفین کو کہتے سُنا ہے۔ دعا کرنے والے کے نزدیک جو اسم اسمِ اعظم ہے۔ وہ اسی سے دعا مانگے، وہ اس کے حسبِ حال اسمِ اعظم ہے اسی طرح جس مقصود و مطلوب

marfat.com
Marfat.com

کے لیے دُعا مانگی جا رہی ہے۔ اس کی مناسبت بھی ملحوظ رکھی جائے گی۔ یہ قول معنی کے قریب ہے۔ ہمارے جمہور صُوفیا اور مشائخ اور محققین کا یہی قول ہے۔ کہا کہ میں نے شیخ عارف محب الدین طبری کو فرماتے سُنا، میں نے بعض عارفین کو حرم مکہ میں، اللہ اس کو بہرہ ور عطا فرمائے، ۶۶۶ھ میں یہ فرماتے سُنا۔ کہ جس کسی نے اللہ تعالیٰ کو اس کے نام سے پہچانا جو اس کے حال و مقام میں مؤثر ہے، اس نے اپنا مخصوص اسم اعظم پہچان لیا۔ اور کہا گیا ہے کہ اسم اعظم اَلْقَرِیْبُ ہے اور کہا گیا ہے وہ سَمِیْعُ الدُّعَاءُ ہے، اور کہا گیا وہ اَلسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ہے اور توفیق الٰہی شاملِ حال ہو تو عارف کے لیے ان تمام اسما کو جمع کرنا ممکن ہے جنہیں دُعا میں ہم ذکر کر آئے ہیں، جب اسے یہ توفیق ہو گئی، چھپے راز تک پہنچنے میں کامیاب ہو جائے گا۔ پوشیدہ خزانے کا دروازہ اس لیے کھولا جائے گا۔ فرمایا میں نے اس دُعا میں وہ مختلف اسما گرامی جمع کر دیئے ہیں، جن کا پہلے ذکر ہو چکا ہے۔ وہ دُعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَا مَنَّانُ یَا حَنَّانُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا خَیْرَ الْوَارِثِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا سَمِیْعَ الدُّعَاءِ یَا اَللّٰہُ یَا اِلٰہُ۔ یَا اَللّٰہُ۔ یَا اَللّٰہُ۔ یَا عَلِیْمُ یَا عَالِمُ یَا سَمِیْعُ۔ یَا عَلِیْمُ۔ یَا حَکِیْمُ۔ یَا مَالِکُ۔ یَا مَلِکُ۔ یَا سَلَامُ۔ یَا حَقُّ۔ یَا قَائِمُ۔ یَا عَلِیُّ۔ یَا مُحِیْطُ۔ یَا حَکَمُ۔ یَا قَھَّارُ۔ یَا قَاھِرُ۔ یَا رَحْمٰنُ۔ یَا رَحِیْمُ۔ یَا حَلِیْمُ۔ یَا سَرِیْعُ۔ یَا کَرِیْمُ۔ یَا مُحْصِیُ۔ یَا مُعْطِیُ۔ یَا مَانِعُ۔ یَا مُحْیِیُ۔ یَا مُقْسِطُ۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔ یَا اَحَدُ۔ یَا صَمَدُ۔ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ۔ یَا وَھَّابُ یَا غَفَّارُ۔ یَا قَرِیْبُ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اَنْتَ

marfat.com
Marfat.com

سُبْحَانَكَ اَنْتَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ "

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، جب اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم سے دُعا مانگنا چاہے تو چھ آیتیں سورۂ الحدید اور سورۂ حشر کے آخر سے، جب ان کی قرأت سے فارغ ہو جائے۔ تو یہ کہہ "اے ایسی صفات والے خدا میرے لیے ایسا ہی کر دے۔ اللہ کی قسم، بدبخت یہ دُعا مانگے تو نیک بخت ہو جائے۔

شیخ امام علامہ ابوالثنا محمود، استاذ قشیری سے بعض اولیاؒ کا یہ قول نقل کرتے ہیں۔ اللہ کا اسم اعظم وہی ہے جس کے ذریعے تو تعظیم اور دلی توجہ کے ساتھ اس سے دعا مانگے۔ اس حال میں جو مانگے ملے گا۔ خواہ کسی نام سے ہو۔ اس میں اللہ کا وہ ایفاؒ عہد ہے

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ۔ ترجمہ: بے بس کی دُعا کون سُنتا ہے؟

کہا گیا ہے وہ مخصوص نام ہے۔ جسے اللہ اپنے خاص بندوں میں سے جسے چاہتا ہے بتاتا ہے۔ جس کو معلوم ہو جائے وہ صرف مناسب مقام پر ہی اس سے دعا مانگے۔

بعض نے کہا اسم اعظم سورۂ آلِ عمران میں ہے۔

یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا مُنْزِلَ التَّوْرَاۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ یَا مَنْ لَّا یَخْفٰی عَلَیْہِ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ یَا رَبِّ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ یَا مَنْ لَّا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ یَا مَنْ شَھِدَ بِنَفْسِہٖ وَشَھِدَتْ لَہُ الْمَلٰٓئِکَۃُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا عَلٰی خَلْقِہٖ وَھُوَ الْقَآئِمُ بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ یَا اَللّٰہُ یَا مَالِکَ الْمُلْکِ یَا مَنْ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ

marfat.com

Marfat.com

قَدِیْرٌ یَا مَنْ یُّوْلِجُ اللَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَیُوْلِجُ النَّهَارَ فِی اللَّیْلِ وَیُخْرِجُ الْحَیَّ الْمَیِّتِ وَ یُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ "

ترجمہ:۔ اے ہمیشہ زندہ رہنے والے، قائم رکھنے والے۔ اے توریت و انجیل اور قرآنِ عظیم کو نازل فرمانے والے! اے وہ کہ جس پر زمین و آسمان میں کوئی چیز پوشیدہ نہیں۔ اس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔ غالب حکمت کا مالک۔ اے رب۔ اے لوگوں کو اس دن کے لیے جمع کرنے والے، جس میں کوئی شک نہیں۔ اے وہ جو وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ اے وہ جس نے اپنی گواہی خود دی۔ اور جس کی گواہی فرشتوں اور علما نے دی، جو اپنی مخلوق پر نگران ہے۔ انصاف قائم کرنے والا، جس کے بغیر کوئی معبود برحق نہیں۔ غالب حکمت والا۔ اے اللہ، اے مُلک کے مالک، اے وہ کہ جسے چاہے مُلک دے اور جس سے چاہے ملک چھین لے۔ جسے چاہے عزت دے، جسے چاہے ذلیل کرے۔ تمام بھلائی تیرے ہاتھ ہے۔ بے شک تو ہر چاہے پر قادر ہے۔ اے وہ کہ رات کو دن میں داخل کرے اور دن کو رات میں، اور زندہ کو مُردہ سے نکالے اور مُردہ کو زندہ سے۔ اور جسے چاہے بے حساب رزق دے۔"

اور کہا گیا وہ اسم جس سے آصف بن برخیا نے دُعا کی۔ "یَا اِلٰهَنَا وَاِلٰهَ کُلِّ شَیْءٍ اِلٰهًا وَّاحِدًا لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِئْتِنِیْ بِعَرْشِهَا۔

اور کہا گیا ہے وہ اسم جس سے العلا بن الحضرمی نے اس وقت دُعا مانگی جب وہ سمندر میں ڈوبا۔ دو رکعت نفل پڑھنے کے بعد کہا، یَا حَلِیْمُ۔ یَا عَلِیْمُ۔ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ۔ اَجِرْنَا "۔ بعض فضلا عارفین نے کہا "جان لو کہ اولیٰ کے راز دو طرح کے

marfat.com

Marfat.com

قَدِیْرٌ یَا مَنْ یُّوْلِجُ اللَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَیُوْلِجُ النَّهَارَ فِی اللَّیْلِ وَیُخْرِجُ الْحَیَّ الْمَیِّتِ وَ یُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ "

ترجمہ:۔ اے ہمیشہ زندہ رہنے والے، قائم رکھنے والے۔ اے توریت و انجیل اور قرآنِ عظیم کو نازل فرمانے والے! اے وہ کہ جس پر زمین و آسمان میں کوئی چیز پوشیدہ نہیں۔ اس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔ غالب حکمت کا مالک۔ اے رب۔ اے لوگوں کو اس دن کے لیے جمع کرنے والے، جس میں کوئی شک نہیں۔ اے وہ جو وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ اے وہ جس نے اپنی گواہی خود دی۔ اور جس کی گواہی فرشتوں اور علما نے دی، جو اپنی مخلوق پر نگران ہے۔ انصاف قائم کرنے والا، جس کے بغیر کوئی معبود برحق نہیں۔ غالب حکمت والا۔ اے اللہ، اے مُلک کے مالک، اے وہ کہ جسے چاہے مُلک دے اور جس سے چاہے ملک چھین لے۔ جسے چاہے عزت دے، جسے چاہے ذلیل کرے۔ تمام بھلائی تیرے ہاتھ ہے۔ بے شک تو ہر چاہے پر قادر ہے۔ اے وہ کہ رات کو دن میں داخل کرے اور دن کو رات میں، اور زندہ کو مُردہ سے نکالے اور مُردہ کو زندہ سے۔ اور جسے چاہے بے حساب رزق دے۔"

اور کہا گیا وہ اسم جس سے آصف بن برخیا نے دُعا کی۔ "یَا اِلٰهَنَا وَاِلٰهَ کُلِّ شَیْءٍ اِلٰهًا وَّاحِدًا لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِئْتِنِیْ بِعَرْشِهَا۔

اور کہا گیا ہے وہ اسم جس سے العلا بن الحضرمی نے اس وقت دُعا مانگی جب وہ سمندر میں ڈوبا۔ دو رکعت نفل پڑھنے کے بعد کہا، یَا حَلِیْمُ۔ یَا عَلِیْمُ۔ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ۔ اَجِرْنَا "۔ بعض فضلا عارفین نے کہا "جان لو کہ اولیٰ کے راز دو طرح کے

marfat.com

Marfat.com

ہیں یا تو مسلمان جن کے واسطے سے اثر لینا یہ عوام کا بیان ہے۔ یا اللہ سے بغیر واسطہ فیض لینا۔ یہ خواص کا مقام ہے یہ ایسا ہی ہے۔ جیسے اللہ کا کسی چیز کو فرمانا ہو جا اور وہ ہو جاتی ہے۔ ان دونوں درجوں کو صرف مجتہدِ مخلص پہنچ سکتا ہے۔ جب مجتہد (محنت کرنے والا) پہلے درجے تک پہنچتا ہے اس کے لیے مومن جن کے رازِ ظاہر ہو جاتے ہیں تو خبردار پہلے درجے پر راضی نہ ہو جانا۔ وہ عوام سالکوں کا درجہ ہے۔ جان لو کہ دوسرے درجے تک صرف پہلا درجہ حاصل کرنے کے بعد ہی پہنچا جا سکتا ہے۔ پھر اس پر مغرور نہ ہونا۔ جب غرور کرے گا تو یقیناً یہ تعصب تیرے نفس کو خراب کرے گا۔ یہ سب کچھ صرف اللہ تعالیٰ کے نام سے حاصل ہوتا ہے، بڑی بھوک برداشت کرنے کے بعد اور یہی وہ پوشیدہ نام ہے جسے صرف اولیا پہچانتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اللہ کا اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے۔ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ اور فرمان باری تعالیٰ الٓمّٓ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ اور نبی علیہ السلام نے فرمایا، اللہ کا اسم اعظم تین سورتوں میں ہے۔ سورۃ البقرہ۔ آل عمران اور طٰہٰ۔

ذوالنون مصری نے کہا، اللہ کا وہ اسم اعظم جس کے ذریعے مانگی گئی دعا جلد قبول ہوتی ہے اور وہ سات حروف سے مرکب ہے۔ پھر الیافعی نے کہا میں نے شیخ ابوالعباس المرسی کا ایک خط دیکھا جو انہوں نے شیخ عبدالنور کی خانقاہ میں بعض مشائخ کے نام لکھا۔ اس میں لکھتے ہیں، میں تجھے اسم اعظم کا تحفہ بھیج رہا ہوں، نماز فجر کے بعد اس کے ساتھ ستر بار دعا مانگو اس طرح۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔ یَا قَدِیْمُ، یَا دَائِمُ یَا صَمَدُ یَا وَدُوْدُ یَا وِتْرُ۔ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامُ۔ یہ سات اسما ہیں جیسے میں نے ایک عارف شیخ ابوالحجاج کے خط سے نقل کیا ہے۔ یہ بزرگ الاقصر شہر میں مدفون ہیں"۔ الخ۔ الیافعی کا مختصر کلام۔

marfat.com

Marfat.com

شعرانی کا ارشاد

سیدی عبدالوہاب شعرانی رضی اللہ عنہ "المنن الکبریٰ" کے سولہویں باب میں فرمایا، اللہ کے احسانات میں سے ایک مجھ پر یہ ہے، مجھے اللہ کا وہ اسم اعلیٰ معلوم ہے جس سے مانگی گئی دُعا قبول ہوتی ہے۔ مگر میرے علم میں اس سے دُعا اسی نے مانگی، جس کی دینداری خوفِ خُدا اور مخلوقِ خُدا پر شفقت کا مجھے یقین ہے۔ مجھے اس بات کا ڈر ہے کہ آدمی جس پر ناراض ہو یا جس نے اسے ستایا ہو، اس کے خلاف اس سے دعا کرے اور اس شخص کو اللہ ہلاک کر دے۔ جیسے بلعام بن باعورا کو پیش آیا۔ اگر مجھ سے پہلے اولیاء کرام اسے نہ چھپاتے، تو میرے بھائی! میں اس کتاب میں متعین کر کے تیرے سامنے ذکر کر دیتا، لیکن کتاب اہل و نا اہل ہر ایک کے ہاتھ میں جاتی ہے۔ خیر، میرے بھائی! کوئی حرج نہیں اگر اسمِ اعظم سے متعلق تمام اقوال کا خلاصہ تیرے سامنے ذکر کر دُوں اگرچہ اس سے اس کی معرفت یقینی طور پر حاصل کرنے کا جزم نہیں ہو سکتا۔ بہرحال میں اللہ کی توفیق سے عرض کرتا ہُوں۔ ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ اسمِ اعظم کا کوئی وجود نہیں۔ کیونکہ اللہ کے تمام نام اعظم ہیں کوئی ایسا اسم گرامی نہیں جو اعظم نہ ہو۔ ان حضرات میں ابوجعفر طبری۔ شیخ ابوالحسن الاشعری ابن حبان اور الباقلانی وغیرہ شامل ہیں۔ امام مالک وغیرہ کا بھی یہی قول ہے بعض اس طرف گئے ہیں کہ اسمِ اعظم اللہ کا نام ہے۔ بعض کے نزدیک وہ ھُوَ ہے۔ الشعبی اس طرف گئے ہیں کہ وہ تیرا قول یَا اَللّٰہُ ہے۔ بعض نے کہا وہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ ہے۔ مستدرک میں اس کے متعلق حدیث ہے اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ بعض نے کہا وہ صرف اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے۔ وغیرہ، جیسا کہ ہم نے اسے سُنن الوسطیٰ میں ذکر کیا ہے۔

فوائد

ایک شخص پر تقریباً تین ہزار دینار قرض تھا۔ اس نے کہا اے اللہ، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! اے اللہ۔ اے اللہ۔ ہاں خُدا کی قسم

marfat.com
Marfat.com

تو ہی وہ اللہ ہے کہ تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں اللہ - اللہ و اللہ - تو ہی اللہ ہے۔ تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔ اے زندہ۔ قائم رکھنے والے! پھر سو گیا۔ بیدار ہوا تو سرہانے کے پاس تین ہزار دینار پائے۔ پھر اسے خواب میں کہا گیا، تو نے اللہ سے اس کے اس اسم اعظم سے سوال کیا ہے جو پانی پر پڑھا جائے تو جم جائے۔ خلاصہ کلام یہ کہ ان باتوں پر کسی کو اطلاع ہو سکتی ہے تو بذریعہ کشف ہی ہو سکتی ہے، اسے جان لے راہِ راست پائے گا۔ اور سب تعریف اللہ پروردگار عالمیاں کے لیے ہے۔ امام شعرانی کا کلام ختم ہوا۔

علامہ الفاسی نے شرح دلائل میں مصنف کے قول وَبِحَقِّ اِسْمِكَ الْمَكْنُوْنِ الَّذِیْ سَمَّیْتَ بِهٖ نَفْسَكَ وَاَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ وَاسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَكَ - تیرے پوشیدہ اسم کے حق ہونے کا واسطہ۔ جو تو نے اپنی ذات کا رکھا ہے اور جسے تو نے اپنی کتاب میں نازل کیا اور اپنے ہاں خصوصی علم غیب میں اسے محفوظ کیا ہے" کے تحت فرمایا، ظاہر یہی ہے کہ وہ اسم جو چھپا کر خزانہ مغیب میں رکھا گیا ہے۔ ان سو ناموں میں شامل ہے جو قرآن کریم میں نازل کئے گئے ہیں اور وہی اسم اعظم ہے۔ اور یہ اسم اعظم ہے اللہ نے اپنا رکھا ہے باوجودیکہ اسے اپنی کتاب میں نازل فرمایا۔ چھپا دیا، یعنی نہ اس کے اسم اعظم ہونے کی وضاحت فرمائی نہ اسے معین فرمایا۔ واللہ اعلم۔

اس میں اختلاف کیا گیا ہے کہ اسم اعظم کیا ہے، کہا گیا ہے کہ وہ غیر معین ہے، تعظیم اور ہر طرف سے دل کو فارغ کر کے جس نام سے پکارو، وہی اسم اعظم ہے۔ اس طرح اس سے جو دعا مانگو قبول ہو گی کہ فرمانِ باری تعالیٰ سے بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے۔

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ - ترجمہ: بے بس جب دعا کرتا ہے تو اس کی کون سنتا ہے؟

مشہور یہی ہے کہ وہ اسم معین ہے جسے اللہ جانتا ہے اور اپنے خاص بندوں میں سے

marfat.com

Marfat.com

جسے چاہے الہام کرے۔ پھر جو اس کی تعیین کے قائل ہیں۔ ان میں غور و فکر آثار سے حاصل کرنے اور کشف و الہام کے ذریعے اسے پانے میں اختلاف ہے۔ سو کہا گیا ہے کہ وہ اللہ ہے۔ بعض نے اسے اکثر اہلِ علم کی طرف منسوب کیا ہے اور کہا گیا ہے وہ ھُوَ ہے۔ اور کہا گیا ہے اَللّٰھُمَّ اور کہا گیا ہے وہ اَلْحَیُّ وَالْقَیُّوْمُ ہے۔ اور کہا گیا ہے وہ اَلْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ الْعَلِیْمُ۔ یعنی ان چار کا مجموعہ ہے۔ اور کہا گیا ہے وہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ہے۔ کہا گیا ہے۔ اَلْحَقُّ کہا گیا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اور کہا گیا۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ یہ بھی آیا ہے کہ وہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ہے۔ یہ بھی آیا ہے کہ وہ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْمَنَّانُ اَوِ الْحَنَّانُ اَلْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ یہ بھی آیا ہے کہ وہ اللہ کے اس فرمان میں ہے۔ قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ۔ آخر تک۔ کہا گیا ہے۔ اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ہے۔ کہا گیا رَبَّنَا۔ کہا گیا ہے اَلْوَھَّابُ کہا گیا اَلْغَفَّارُ کہا گیا ہے اَلْقَرِیْبُ کہا گیا ہے اَلسَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ کہا گیا ہے سَمِیْعُ الدُّعَآءِ کہا گیا خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ۔ ہے۔ کہا گیا حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ہے۔ واللہ اعلم واحکم۔ الفاسی رحمہ اللہ علیہ کا کلام ختم۔

سلسلہ تیجانیہ کے بانی عارف باللہ سیدی احمد محمد تیجانی کے خلیفہ شیخ محمد غسالی کے خلیفہ شیخ عمر بن سعید الفوتی نے اسم اعظم کے لیے اپنی کتاب "الرماح" کی تیسویں فصل مقرر کی ہے۔ جس میں شرح العزیزی علی الجامع الصغیر کے حوالہ سے مذکورہ بیس اقوال نقل کئے ہیں۔ اور سیدی عبدالعزیز الدباغ کے حوالہ سے اتنا اضافہ کیا ہے کہ وہ ستر واں نام ہے۔ اور یہ کہ اس کے اکثر معانی ننانوے اسمائ میں موجود ہیں۔ کچھ اور اقوال بھی اس سلسلہ

marfat.com
Marfat.com

میں نقل کئے ہیں۔ وہ ہے اللہ حمید قہار، اور کہا امام نووی نے اَلْحَیُّ الْقَیُّوْم کو اختیار کیا ہے کیونکہ حدیث میں ہے اسم اعظم تین سورتوں میں ہے البقرۃ، آلِ عمران اور طٰہٰ۔ اور سیدی عبدالقادر کا مختار قول یہ ہے کہ وہ اَللّٰہ ہے۔ فرمایا کہ یہی مذہب مختار ہے یہاں تک کہ اس پر قریب قریب اجماع ہو چکا ہے۔ اور عارف تیجانی رضی اللہ عنہ جو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے بیداری میں ملاقات کیا کرتے تھے کا قول ہے کہ مجھے سید الوجود صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسم اعظم پر پردہ ڈالا گیا ہے۔ اور اس پر اللہ تعالیٰ صرف اپنے مخصوص محبوب بندوں کو اطلاع دیتا ہے۔ کہا کہ تیجانی رضی اللہ عنہ نے یہ بھی فرمایا۔ جان لیجیے کہ اسم اعظم کا اجر و ثواب بہت زیادہ ہے کوئی عمل اس کے برابر نہیں۔ پھر اس کو شاذ و نادر ہی معلوم کر سکتا ہے مثلاً انبیائے کرام اور اقطاب۔ ان کے علاوہ کوئی نادر ہی اس تک رسائی حاصل کی سکتا ہے۔ اور ان شاذ و نادر افراد میں سے زیادہ تر صدیقین میں سے ہوتے ہیں۔ ہاں کبھی کبھار وہ اولیا بھی جو مرتبہ صدیقین پر نہیں پہنچتے۔ اس سے بہرہ ور ہو جاتے ہیں"۔ الخ

شیخ عمر مذکور نے کہا اس پر دلیل کہ اسم اعظم پر پردہ ڈالا گیا ہے۔ علما کا اس کے وجود اور تعین میں کثرت اختلاف ہے۔ یہاں تک کہ یہی اختلاف عدم معرفت کا سبب بن گیا ہے کیونکہ کسی چیز میں کثرتِ اختلاف اسے زیادہ گہرائی میں لے جاتا ہے۔ پھر کہا، کہ شیخ تیجانی رضی اللہ عنہ نے فرمایا، مجھے سید الوجود صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اسم اعظم پر پردہ ڈالا گیا ہے اور اس کی اللہ تعالیٰ صرف ان حضرات کو اطلاع دیتا ہے جنہیں اپنی محبت کے لیے خاص کر لیتا ہے۔ اگر لوگوں کو اس کا پتہ چل جائے۔ اسی میں مصروف ہو جائیں اور باقی سب کچھ چھوڑ دیں۔ جو اسے پہچان لے اور قرآن اور مجھ پر درود و سلام پڑھنا چھوڑ دے، کیونکہ اس میں اسے زیادہ فضیلت نظر آئے۔ تو اس کی جان کو خطرہ لاحق ہو جائے۔ شیخ عمر نے کہا جب تم اسے سمجھ گئے تو جان لیجیے

marfat.com

Marfat.com

کہ اسمِ اعظم دیتا اور طالبِ دنیا کے لائق نہیں جس نے اسے جانا اور طلبِ دنیا کے لیے صرف کیا، وہ دنیا و آخرت میں زیان کار رہا۔

الدمیری نے اپنی کتاب "حیات الحیوان الکبریٰ" میں، ابن عدی، عبدالرحمٰن القرشی محمد بن زیاد بن معروف۔ کے حوالہ سے لکھا، کہ ہم نے جعفر بن حسن، انہوں نے اپنے والد انہوں نے ثابت بنانی اور انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اللہ تعالےٰ سے اسم اعظم کا سوال کیا، تو جبریل علیہ السلام نے اُسے لپیٹ کر مہر لگی ہوئی میرے پاس لائے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان، یا نبی اللہ! مجھے بتادیں۔ فرمایا عائشہ! عورتوں کو، بچوں اور بیوقوفوں کو اس کے بتانے سے ہمیں منع کیا گیا ہے۔

ابن ماجہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی، میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سُنا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الطَّاھِرِ الْمُبَارِکِ الْاَحَبِّ اِلَیْکَ الَّذِیْ اِذَا دُعِیْتَ بِہٖ اَجَبْتَ وَاِذَا سُئِلْتَ بِہٖ اَعْطَیْتَ وَاِذَا اسْتُرْحِمْتَ بِہٖ رَحِمْتَ وَاِذَا اسْتُفْرِجْتَ بِہٖ فَرَّجْتَ "

ترجمہ: فرماتی ہیں، ایک دن فرمایا، عائشہ جانتی ہو، اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ اسم اعظم بتایا ہے کہ جب اس کے ذریعے دُعا مانگی جائے قبول ہوتی ہے فرماتی ہیں میں نے کہا یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان مجھے بھی وہ سکھا دیجیے فرمایا عائشہ تیرے لیے وہ مناسب نہیں۔ فرماتی ہیں میں الگ ہو کر کچھ وقت بیٹھی رہی، پھر اٹھی اور آپ کے سرِ مُبارک پر بوسہ دیا پھر عرض کیا یا

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے سکھا دیجئے
فرمایا عائشہ تیرے لیے اس کا سیکھنا
مناسب نہیں اور نہ تیرے شایانِ شان
ہے۔ کہ اس کے سبب مجھ سے دنیا
کی کوئی چیز مانگے۔ الخ۔

شرح قشیری علی الاسما الحسنیٰ میں الحَیُّ القَیُّوم کے تحت لکھا ہے۔ یوسف بن الحسن نے کہا مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ ذوالنون مصری اللہ کا اسمِ اعظم جانتے تھے۔ میں مکہ معظمہ سے ان کی ملاقات کے لیے چل پڑا۔ تو پہلی نظر میں جوان کو نظر آیا، یہ کہ میری لمبی ڈاڑھی تھی، میرے ہاتھ میں ایک بڑا تھیلا تھا، جس کا منہ رسّی سے بندھا ہوا تھا رسی کا سرا میرے کندھے پر لٹک رہا تھا۔ آپ نے سیر ہو کر مجھے دیکھا، جب میں نے سلام عرض کیا، گویا انہوں نے بُرا محسوس کیا۔ دو تین دن آن کے پاس ایک متکلم آیا جو آئمہ متکلمین میں سے تھا۔ اس نے ذوالنون سے علمِ کلام کے کسی مسئلہ پر مناظرہ کیا اور ذوالنون پر غالب رہا مجھے اس کا صدمہ ہوا۔ میں آگے بڑھا اور دونوں کے سامنے بیٹھ گیا اس متکلم کو اپنی طرف متوجہ کیا اور مناظرہ کیا، یہاں تک کہ اُسے لاجواب کر دیا۔ پھر میں نے اس پر دقیق کلام پیش کیا جسے وہ سمجھ نہ سکا۔ اس پر ذوالنون بہت متعجب اور خوش ہوئے۔ وہ بوڑھے اور میں جوان تھا۔ اپنی جگہ سے اُٹھے اور میرے سامنے آکر بیٹھ گئے اور معذرت کرنے لگے کہ مجھے تمہارا علمی رتبہ معلوم نہ تھا۔ میرے نزدیک تم نیک تر آدمی ہو اس کے بعد ہمیشہ اپنے دوستوں پر مجھے فضیلت و عزت دیتے۔ یہاں تک کہ اسی طرح مجھ پر پورا سال بیت گیا میں نے کہا استاذ! میں مسافر آدمی ہوں بچوں کی یاد آرہی ہے۔ میں نے سال بھر آپ کی خدمت کی ہے، اور آپ پر میرا حق واجب ہو گیا ہے، مجھے بتایا گیا ہے کہ آپ اللہ کا اسم

marfat.com
Marfat.com

اعظم جانتے ہیں، آپ نے مجھے آزمالیا اور معلوم کرلیا کہ میں اس کے قابل ہوں، اگر آپ اسے جانتے ہیں تو مجھے بتا دیجیے۔ آپ خاموش ہو گئے اور مجھے کوئی جواب نہ دیا۔ مجھے خیال گذرا شاید مجھے بتا چکے ہیں۔ پھر چھ ماہ تک خاموش رہے۔ پھر ایک فرمایا۔ ابو یعقوب! تم فسطاط شہر میں میرے فلاں دوست کو نہیں جانتے؟ آپ نے اس کا نام لیا، میں نے کہا جی جانتا ہوں کہا کہ ایک تھال باہر لائے جس پر ڈھکن تھا، جو رومال سے کس کر باندھا ہوا تھا۔ فرمایا فسطاط میں جس آدمی کا میں نے ابھی نام لیا تھا۔ یہ اس کے پاس لے چلو، کہتے ہیں میں نے تھال لیا تو وہ ہلکا پھلکا تھا گویا اس میں کوئی شے ہے ہی نہیں۔ جب میں فسطاط شہر پہنچا، میں نے دل میں کہا، ذوالنون ایک شخص کے پاس ایسا تھال بھیج رہے ہیں، جس میں کچھ نہیں۔ میں ضرور دیکھوں گا اس میں کہا ہے کہا میں نے رومال کھولا ڈھکن اٹھایا، تو دیکھتا کیا ہوں، کہ ایک چوہا چھلانگ لگا کر چلتا بنا، کہتے ہیں میں پریشان ہو گیا، اور میں نے کہا ذوالنون نے میرے ساتھ مذاق کیا ہے، اور اس وقت میرا ذہن ان کے مقصد کی طرف نہ گیا۔ کہا میں غصے میں بھرا واپس آ گیا، جب مجھے دیکھا تو مسکرائے اور تمام بات سمجھ گئے۔ فرمایا پاگل! میں نے ایک چوہے کی امانت تیرے سپرد کی تو نے اس میں خیانت کر دی۔ پھر میں تیرے پاس اللہ کے اسم اعظم کی امانت کیسے رکھوں؟ اٹھ، چل، اس کے بعد میں تجھے کبھی نہ دیکھوں، سو میں لوٹ آیا۔

اللہ کے اسم گرامی اَللَّطِیفُ سے متعلقہ فوائد

گیارہویں صدی ہجری کے علمائے شوافع میں سے شیخ ابوبکر کتامی شافعی شامی نے ایک نفیس کتاب "المنہج الحنیف فی تصریف اسمہ تعالیٰ اللطیف" کی ہے میں

marfat.com
Marfat.com

اس سے چند چمکتے ہوئے فوائد اور کچھ اس پر اپنی طرف سے اضافہ ذکر کروں گا، سو میں کہتا ہوں، مصنف علیہ الرحمہ نے فرمایا اس اسمِ گرامی میں ایک ساعت مشغول رہنا، فوری غم دُور کرتا اور خوشی لاتا ہے۔ نازل ہونے والی بلا ٹالتا اور مُشکلات حل کرتا ہے۔ ابجد کے لحاظ سے اس کے اعداد و شمار کو اتنے ہی اعداد سے ضرب دی جائے اور اس حاصل ضرب کو ورد کیا جائے، تو اس کے جواز میں سلف و خلف میں سے کسی نے انکار نہیں کیا۔ نتائج مجرب اور صحیح علاج اور جلد عروج حاصل ہوتا ہے۔ البتہ طالبوں کے مطابق اثرات مختلف ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ کبھی اس کا عامل اپنے اندر یہ صفت پیدا کرنا چاہتا ہے اور کبھی قضائے حاجت کے لیے اپناتا ہے، اور کبھی قبولیتِ عامہ چاہتا ہے۔ ہر کیفیت کے لیے تحریری نہیں، قلبی تلقین درکار ہے۔ اللہ سچ فرماتا اور وہی راہنمائی فرماتا ہے۔

خصوصیّت اس کی خاصیت ہے تمام دردوں دکھوں سے نجات اور فوری نجات۔ بطور دوا اس کی ترکیب استعمال یہ ہے۔ کہ صاف ستھرے برتن میں اس کے ہر حرف کا عدد لکھا جائے الف کو ایک سو گیارہ بار دو لاموں کو ایک سو بیالیس[۱۴۲] بار، طا دس[۱۰] بار، با گیارہ[۱۱] بار، اور فا اکیاسی[۸۱] بار، پھر اس پر ایک سو ساٹھ[۱۶۰] بار اسم اقدس اَللَّطِیْفُ پڑھو۔ یہی اس کی تعداد ہے۔ بیمار گھول کر پی لے۔ اللہ کے حکم سے شفایاب ہو گا۔

بعض مشائخ، صاحبِ اسرار نے کہا جو کوئی صاف ستھرے برتن میں سولہ[۱۶] بار لکھے، اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ اور اس پر آیاتِ شفا پڑھے اور دریائے نیل کے پانی میں گھول کر مریض کو پلا دے، اگر اللہ کی تقدیر یعنی علم میں اس کی زندگی ہے۔ تو فوری شفا ہو گی اور اگر موت کا وقت آ پہنچا ہے۔ تو سکون سے موت آئے گی۔ کئی بار اس کا تجربہ کیا گیا ہے۔ اور صحیح رہا ہے۔ آیاتِ شفا چھ ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

(۱) وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ۔

(۲) وَشِفَآءٌ لِّلنَّاسِ فِيْ صُدُوْرِ۔

(۳) يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ۔

(۴) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

(۵) وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ۔

(۶) قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ۔

حضرت انس بن مالکؓ حجاج کے سامنے

کہا گیا ہے کہ جب انس بن مالک رضی اللہ عنہ حجاج بن یوسف کے پاس آئے اس وقت اللہ تعالےٰ سے ان کلمات کے ذریعے دُعا مانگ رہے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَالُكَ يَالَطِيْفًا قَبْلَ كُلِّ لَطِيْفٍ يَالَطِيْفًا بَعْدَ كُلِّ لَطِيْفٍ يَالَطِيْفًا لُطْفٌ يَخْلُقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَسْئَالُكَ بِمَا لَطُفْتَ بِهٖ بِخَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْ تَلْطُفَ بِيْ فِيْ خَفِيِّ لُطْفِكَ الْخَفِيِّ مِنْ خَفِيِّ لُطْفِكَ الْخَفِيِّ اِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ لَقَوِيٌّ الْعَزِيْزُ اِنَّكَ لَطِيْفٌ لَطِيْفٌ۔

دسویں بار جب دربار میں آتے وقت آپ نے دس بار یہ دعا مانگی، حجاج اُٹھ کھڑا ہوا۔ استقبال کیا، تعظیم کی اور آپ کو اپنے پہلو میں بٹھایا اور انعام واکرام کیا حالانکہ وہ آپ کو قتل کی دھمکی دے چکا تھا۔

جو شخص اپنی پسند دیکھنا چاہے وضو کر کے نماز عشاء ادا کرے، نمازِ عشاء کے

marfat.com
Marfat.com

بعد دو نفل پڑھے اور جس قدر ہو سکے اللہ کا ذکر کرے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجے۔ پھر ۱۲۹ بار یَالَطِیْفُ پڑھے۔ پھر پڑھے اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ۔ یَا ھَادِیُ۔ یَا لَطِیْفُ۔ یَاخَبِیْرُ۔ اِھْدِنِیْ وَ اَعِنِّیْ وَخَبِّرْنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا یَکُوْنُ مِنْ اَمْرِ کَذَا وَکَذَا۔ یہاں اپنی حاجت ذکر کرے بِحَقِّ سِیْنَ الْمَکْنُوْنِ، وَمِنْ اٰیَاتِہٖ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِہٖ ثُمَّ اِذَا دَعَاکُمْ دَعْوَۃً مِنَ الْاَرْضِ اِذَا اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ۔ ——— اور سو جائے، جو چاہتا ہے، خواب میں دیکھ لے گا۔ پہلی یا دوسری یا تیسری رات۔ اور جو کوئی اس کا زیادہ ذکر کرے، اللہ اس کے باطن کو نورِ معرفت سے زندہ فرمائے گا اور ظاہر کو روح لطائف سے، اس کی جان، اہل اور مال کی حفاظت فرمائے گا اور جس چیز سے وہ ڈرتا ہے۔ اللہ اس کی مدد فرمائے گا۔ جو کوئی آسانی سے روزی میں فراخی چاہے وہ ہر دن ۱۲۹ بار اس کا ورد کرے، رزق و مال میں برکت دیکھے گا۔ جو تنگی یا قید سے رہائی چاہتا ہے وہ مذکور تعداد میں اس کا ورد کرے اور یہ پڑھے۔ اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ اِنَّہٗ ھُوَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ اس کا ورد اپنا لے، جلد چھوٹ جائے گا۔ جو دشمنوں سے چھپنا چاہے وہ مذکورہ تعداد سے اس کا ذکر کر کے پڑھے لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ وَھُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ۔ ——— اور چار بار یَا لَطِیْفًا فَوْقَ کُلِّ لَطِیْفٍ اَسْئَلُکَ بِاللَّطَافَۃِ الَّتِیْ اِسْتَوَیْتَ بِھَا عَلَی الْعَرْشِ فَلَمْ یَعْلَمِ الْعَرْشُ اَیْنَ مُسْتَقَرُّکَ مِنْہُ اُلْطُفْ بِیْ لُطْفًا خَفِیًّا مِنْ دَقَائِقِ لُطْفِکَ الْخَفِیِّ الَّذِیْ اِذَا لَطَفْتَ بِہٖ فِیْ اَحَدٍ کَفٰی۔ اور جو کوئی اپنی حاجت براری چاہے، اس اسم مقدس کو سات ہزار بار پڑھے پھر یہ پڑھے فَکُلْ مَنْ یُّنَجِّیْکُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ الْبَحْرِ تَدْعُوْنَہٗ

marfat.com

Marfat.com

تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ" ۲۷ بار، اور اس اثنا میں کسی سے بات نہ کرے۔ اللہ تعالےٰ اس کی حاجت اسی وقت پوری فرمائے گا۔

روایت ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حبشہ کی طرف روانہ فرمایا، تو فرمایا میں تجھے چند کلمات زادِ راہ کے طور پر نہ دے دوں، انہوں نے عرض کیا کیوں نہیں یارسول اللہ! فرمایا یہ پڑھا کرو۔

اَللّٰهُمَّ الْطُفْ بِیْ فِیْ تَیْسِیْرِ کُلِّ عَسِیْرٍ فَاِنَّ تَیْسِیْرَ الْعَسِیْرِ عَلَیْکَ یَسِیْرٌ فَاَسْئَلُکَ التَّیْسِیْرَ وَالْمُعَافَاةَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ۔

اس کے ہمیشہ ذکر کرنے کی خاصیت یہ ہے کہ روح کو قوت اور دل کو شجاعت حاصل ہوتی ہے دشمن کے دل میں ہیبت اور تمام لوگوں میں آدمی مقبول ہو جاتا ہے۔ غریب ہے تو غنی ہو جاتا ہے مقروض ہے تو اللہ اُسے بارِ قرض سے نجات دیتا ہے۔ ڈرتا ہے یا قید میں ہے تو خلاصی ہوتی ہے مغموم ہے تو اللہ اس کا غم دُور فرما دیتا ہے، سفر میں ہے تو بخیر و عافیت اپنے گھر واپس آئے گا۔ کسی سے جھگڑا ہے تو کامیاب ہو گا۔ اگر جابر حکمرانوں سے مقابلہ ہے تو وہ اس کی عزت و توقیر کریں گے اور اس کی حاجات براری میں مدد دیں گے۔ اس میں عجیب تاثیر ہے جابروں کے خاتمہ اور ظالموں کی جڑ کاٹنے کی۔ اگر ظالم غصے میں ہے، اس کے سامنے سے پڑھے اس کا غصہ و غضب ٹھنڈا پڑ جائے۔ جو اپنے اُوپر پڑنے والی مصیبت پر ۱۲۳ بار سے پڑھے جو اسم گرامی لَطِیْفٌ کے اعداد ہیں، اللہ اس کی تنگی وسعت سے بدل دے گا۔ اور ہر کام میں اس پر لطف و کرم کا نزول رہے گا۔

کہا گیا ہے کہ جب یوسف علیہ السلام نے فرمایا اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ۔ اللہ نے ان کو کنویں سے نجات بخشی اور ملک مصر کی حکومت عطا فرمائی۔ جیسے اللہ تعالیٰ

marfat.com
Marfat.com

نے اپنی کتاب عزیز میں اس کی خبر دی۔
امید ہے کہ جو شخص اس پر عمل کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو بھی وہی عطا فرمائے گا جو اس نے یوسف علیہ السلام کو عطا فرمایا۔

امام غزالیؒ کی حکایت

امام غزالی علیہ الرحمہ نے بیان کیا ہے کہ ایک شخص مدت تک قید رہا۔ اس دوران اس کے ورد زبان یُوسف علیہ السلام کا یہ قول رہا اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ، ایک رات اس کے پاس ایک نوجوان آیا اس نے کہا اُٹھ اور نکل جا۔ اس نے کہا دروازے بند ہیں، کیسے نکلوں؟ اس نے کہا تمہارا بُرا ہو، اُٹھ اور نکل جا۔ اس نے کہا دروازے ہیں کیسے نکلوں۔ اللہ کے حکم سے کھُل جاتا، یہاں تک کہ تمام دروازوں سے باہر آگیا۔ اس شخص نے نوجوان کی طرف دیکھ کر کہا، تم کون ہو؟ جس کے سبب اللہ نے مجھ پر احسان فرمایا، نوجوان نے کہا میں لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ کا بندہ ہُوں۔

بعض عارفین نے جس کی معیشت تنگ ہو۔ اور دنیا کی کوئی چیز اس کے پاس نہ ہو، انتہائی غریب ہو، دل کسی عورت سے لگ گیا، نکاح کرنا چاہتا ہے، لیکن طاقت نہیں۔ یا تو اس کی غریبی کی وجہ سے یا اسے پسند نہیں یا بیمار ہے اور حکما اس کے علاج سے عاجز آچکے ہیں، وضو کر کے دو نفل پڑھے۔ صدق نیت سے ۱۲۹ بار اس کا ورد کرے اللہ کے حکم سے مُراد پوری ہو گی۔ کہا کہ یہ اسم لطیف مُشکلات و مصائب کے وقت جتنا جلدی تکالیف دُور کرتا ہے، کسی اور کی طرف اس کی نسبت نہیں کی جا سکتی۔ اس کے عجیب و غریب اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ جس کے رُوح یا بدن میں تکلیف ہو وہ اس کا ورد کرے۔ اثنائے ورد میں ہی اللہ ازالہ فرمائے گا۔ اور کسی ڈرانے ہیبت ناک واقعے پر جو دل میں اس کا ورد کرے اور خوف کی کیفیت نگاہوں میں رکھے، اسے اس کیفیت کے کمزور کرنے اور اسے ختم کر دینے کا

marfat.com
Marfat.com

مشاہدہ کروایا جائے گا۔ اپنی جگہ سے کھڑا ہونے سے پہلے اس سے خوف و ڈر ختم ہو جائے گا۔ اس میں عجیب اسرار ہیں۔

امام الیافعی کی حکایت

الیافعی نے بیان کیا ہے کہ ایک بادشاہ ایک فقیر پر غضب ناک ہو گیا۔ اس کے لیے ایک قید تیار کیا۔ اس میں اس کو بند کر دیا کھانا پینا بند کر دیا۔ تین دن کے بعد فقیر قید کے باہر خوش خوشحال پایا گیا۔ بادشاہ کو اس کی خبر دی گئی، کہا اسے میرے حضور حاضر کرو جب اسے سامنے لایا گیا۔ بادشاہ نے کہا، اس سختی اور قید سے تجھے کیسے نجات ملی؟ فقیر نے کہا ایک دُعا سے جو میں نے مانگی تھی۔ بادشاہ نے کہا کون سی دُعا، فقیر نے کہا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَالُکَ یَا لَطِیْفُ یَا لَطِیْفُ یَا لَطِیْفُ یَا مَنْ وَسِعَ لُطْفُہٗ اَھْلَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَسْئَالُکَ اَنْ تَلْطُفَ بِیْ مِنْ حَیْثُ خَفِیَ لُطْفُکَ الْخَفِیُّ الْخَفِیُّ الْخَفِیُّ اِذَا لَطُفْتَ بِہٖ فِیْ اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ وَقِیَ اِنَّکَ قُلْتَ وَقَوْلُکَ الْحَقُّ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ "

بعض عارفین کا کہنا ہے کہ جو شخص ہر روز نو بار پڑھے اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔ اللہ اس کے معاملات میں لطف فرمائے گا اور اس کے لیے اچھی روزی مہیا کرے گا یہی حال اس شخص کا ہو گا جو کثرت سے اَللَّطِیْفُ کا ورد کرے۔ یہ بات مجرب ہے۔ کہ جس کی روزی تنگ ہو۔ زمانے کی تکالیف و مصائب اس پر آن پڑیں، وہ اس اسم مقدس کو ۱۲۹ بار پڑھے یا ایک ہزار بار اس تکلیف کے خاتمہ کے لیے، اللہ ضرور اس سلسلہ میں اس پر لطف و کرم فرمائے گا۔

طریقہ عمل

اس کا طریقہ یہ ہے کہ نماز عصر کے بعد کوئی وظیفہ معمول ہے۔

marfat.com
Marfat.com

تو پڑھے پھر اسم مبارک کا مذکور تعداد میں ورد کرے پھر سربسجود ہو کر کہے یَا لَطِیْفُ اللُّطَفَاءِ یَا رَحِیْمَ الرُّحَمَاءِ پھر سر اٹھا کر یہی دعا سولہ بار پڑھے۔ الربیع نے کہا امام شافعی رحمہ اللہ کی دعاؤں میں سے ایک مقبول دعا یہ تھی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اللُّطْفَ فِیْمَا جَرَتْ بِہٖ الْمَقَادِیْرُ ——— جو کوئی ہر روز ۱۲۹ بار اس کو پڑھے، اللہ اس کو بدترین حادثات سے محفوظ فرمائے گا۔ اور ہر حال میں اس پر لطف و کرم فرمائے گا۔

امام سہیلی کا فرمان

السہیلی رحمہ اللہ نے فرمایا، جب یعقوب علیہ السلام کے پاس ان کے بڑے بیٹے یہودا یوسف علیہ السلام کی قمیص اور خوشخبری لے کر آئے اور وہ قمیص آپ کے چہرۂ اقدس پر ڈالی اور آپ کی بینائی لوٹ آئی تو بشارت سنانے والے یہودا کو آپ نے چند کلمات سکھائے جس کو آپ اپنے والد اور دادا علیہم الصلوٰت والتسلیمات سے نقل فرمایا کہ وہ حضرات بھی سختیوں اور تکلیفوں میں ان کلمات سے دعائیں مانگا کرتے تھے۔ وہ کلمات یہ ہیں

یَا لَطِیْفًا فَوْقَ کُلِّ لَطِیْفٍ اُلْطُفْ بِیْ فِیْ اُمُوْرِیْ کُلِّھَا کَمَا تُحِبُّ وَارْضَنِیْ فِیْ دُنْیَایَ وَآخِرَتِیْ۔

بعض بزرگوں سے حکایت ہے کہ مجھے تنگی و خوف لاحق ہوئے میں ڈر کے مارے گھر سے نکل کھڑا ہوا اور مکہ معظمہ کی راہ لی۔ نہ زادِ راہ نہ سواری تین دن تک پھرتا رہا۔ چوتھا دن ہوا تو مجھے سخت پیاس اور گرمی محسوس ہوئی اور ہلاکت کا خوف دامنگیر ہوا۔ صحرا میں کوئی درخت نظر نہ آیا جس کے سائے میں آرام کرتا قبلہ رُخ ہو کر بیٹھ گیا۔ بیٹھے بیٹھے نیند کا غلبہ ہوا اور سو گیا۔ خواب میں ایک شخص کو دیکھا جس نے اپنا ہاتھ میری طرف بڑھایا اور مصافحہ کیا اور کہا مبارک ہو، محفوظ رہو گے اور خانہ خدا کی زیارت سے مشرف ہو گے قبرِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بھی نصیب ہو گی۔ میں نے کہا آپ کون ہیں؟ فرمایا میں خضر علیہ السلام میں نے کہا اللہ سے میرے حق

marfat.com
Marfat.com

میں دعا فرمائیے، فرمایا یہ پڑھو یَا لَطِیْفًا بِخَلْقِہٖ یَا عَلِیْمًا بِخَلْقِہٖ یَا خَبِیْرًا بِخَلْقِہٖ اُلْطُفْ بِیْ یَا لَطِیْفُ یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ۔

تین بار زبان سے پڑھے۔ مجھے فرمایا یہ تحفہ ہے اس کے ذریعے ہمیشہ کی غنا ملتی ہے۔ جب بھی تنگی یا دشواری آئے اسے پڑھا کرو کافی مدد اور شفا ملے گی۔ پھر غائب ہو گئے۔ میں بیدار ہوا تو لب پر یہی کلمات تھے خلوت کی قسم جب بھی کوئی تنگی یا دشواری آئی اور میں نے ان کلمات کا ورد کیا مجھے وہ لطف ملا جس کے بیان سے عاجز و قاصر ہوں۔ یہ وہ فوائد ہیں جو میں نے کتاب "منہج الحنیف من فوائد اسمہ لطیف" سے نقل کئے ہیں۔ اس کتاب میں اللہ کے اسم لطیف سے متعلق سو اوراد عامل بھی مذکور ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے جو شیخ شہاب الدین احمد طیونی قدس سرہٗ سے مروی ہے جو اسم "لطیف" سولہ ہزار بار، چھ سو اکتالیس بار پڑھ کر پڑھے، یہ تعداد اسم لطیف کے اعداد کی اپنے مثل میں ضرب دینے سے یہ تعداد بنتی ہے۔

یَا لَطِیْفُ یَا لَطِیْفُ یَا لَطِیْفُ یَا وَسِیْعَ لُطْفَہٗ اَھْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَسْئَلُکَ بِخَفِیِّ لُطْفِکَ الْخَفِیِّ الْخَفِیِّ اَنْ تُخَفِّیَنِیْ فِیْ خُفِّیٰ خُفِّیٰ لُطْفِکَ الْخَفِیِّ اِنَّکَ قُلْتَ اللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ"

الٰہی! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اے قوت و عزت و مدد والے تیری قوت، تیری عزت کے وسیلہ سے اے طاقت والے۔ کہ تو میری مدد ہو جا۔ مددگار ہو جا۔ میرے تمام احوال۔ اقوال۔ افعال اور جتنے اچھے کاموں میں، میں مصروف ہوں، اور یہ کہ دور فرما مجھ سے ہر تنگی۔ ناراضگی اور تکلیف جو میری غفلت اور گناہوں کا نتیجہ ہے بے شک تو ہی بخشنے والا مہربان ہے۔ تو نے فرمایا اور

marfat.com
Marfat.com

تیری بات حق ہے وَتَعْفُوْ عَنْ كَثِيْرٍ۔ اللہ بہت کچھ معاف فرماتا ہے۔ الٰہی! جن پر تیرا لطف ہوا اور جو تیرے حضور صاحب عزت ہیں، اور تو نے پوشیدہ لطف جن کے تابع فرمایا، کہ جدھر ان کا رُخ ادھر ہی تیرا لطف، میرا تجھ سے سوال ہے کہ مجھے اپنے حضور عزت بخش۔ اور مجھ سے بوجھ ہلکا فرما، اپنے پوشیدہ لطف سے، بے شک تو ہر چاہے پر قادر ہے۔

فرمایا، اللہ کے اسم مبارک لطیف سے متعلق جو دعائیں شیخ ابوالعباس العربی، جو قطب شعرانی کے بھائی تھے، سے منقول ہیں ان میں سے ایک یہ ہے۔ الٰہی! تو نے لطف فرمایا اور ہر مشکل آسان فرمائی۔ تو نے انعام فرمایا، ہر ٹوٹا ہوا ٹھیک کر دیا۔ سو میرے آقا۔ تو نے مجھ پر پہلے لطف فرمایا اور ابتدا کی توفیق بخشی، سو انجام کار بھی میرے معاملات میں لطف فرما۔ میری تکلیف تیرے لطف سے دور ہو گی، نہ کہ میری طاقت سے اور تیرا انعام کفایت سے بالا ہے، اے بغیر مرشد دلیل باریکیاں جاننے والے! اور میرے اور اپنے لطف کے درمیان کوئی رکاوٹ نہ چھوڑ۔ الٰہی! تو نے دیکھا پردہ پوشی فرمائی۔ دیا تو بہت دیا، انعام و اکرام سے نوازا۔ معاملہ کیا تو خوب۔ سو تو ہی جسموں پر اپنا خاص لطف فرمانے والا اور روحوں پر اپنی یکتائی کے حقائق کھولنے والا ہے میرے آقا! اگر میں تیری اطاعت کروں تو تیرے فضل سے۔ اور نافرمانی کروں تو اپنی جہالت سے۔ تیرا احسان ہمیشہ سے مجھ پر ہے۔ اور حجت میرے خلاف قائم ہو چکی، اے وہ کہ آنکھوں کی خیانت اور سینوں کے راز جانتا ہے۔ تمام معاملات میں مجھ پر اپنا لطف و کرم فرما۔ الٰہی! میں تیرے حضور جس کو وسیلہ بناتا اور تیرے حضور تیری قسم کھاتا ہوں، جیسے تو نے اپنے اوپر میری دلیل ہے، تو اپنی بارگاہ میں تو ہی میرا شفیع ہے۔ میرے لیے یہ اسم آسان فرما اور ان پوشیدہ خزانوں اور ظاہری ہونے والے لطائف کو جن پر یہ مشتمل ہے، مجھے کامل معیتیں، عام حفاظت، جامع رحمت، تمام عافیت، کامل شفقت عطا فرما۔ تکلیفیں دور فرما۔ فراخ روزی، اچھے کام، مکمل توفیق، عام احسان، وسیع تر

marfat.com
Marfat.com

معانی، مفید تر لطف، مال حلال، بزرگ تر علم عنایت فرما۔ بے شک تو صاحب حیا، کریم، سننے اور جاننے والا ہے۔"

دعائے خضر علیہ السلام

سیدنا خضر علیہ السلام کی مشہور و مفید تر دعاؤں میں سے ایک یہ ہے۔ "الٰہی جس طرح دوسرے لطف کرنے والوں سے الگ تو لطف میں عظیم ہے اور بڑے بڑوں سے اپنی عظمت کے لحاظ سے بلند تر ہے اور اپنی زمین کے نیچے کے حقائق کو بھی اسی طرح جانتا ہے جیسے اپنے عرش کے اوپر والے کو۔ دلوں کے وسوسے تیرے آگے ظاہر اور علانیہ بات تیرے علم میں جیسے راز۔ ہر چیز تیری عظمت کے آگے سر خم کیے ہوئے ہیں اور ہر بادشاہ تیری بادشاہی کے آگے جھکا ہوا۔ دنیا و آخرت کا ہر کام تیرے ہاتھ ہے۔ مجھے تمام غموں سے نجات بخش۔ الٰہی! میرے گناہوں کو تیرے معاف کرنے، میری اور میری خطاؤں سے تیرے درگذر کرنے اور میری بداعمالیوں پر تیری پردہ پوشی نے مجھے یہ امید دلائی کہ تجھ سے وہ کچھ مانگوں جس کا میں مستحق نہیں، اپنی کوتاہیوں کے باوجود تجھ سے دعا کروں قبولیت کے یقین سے۔ اور مانوس ہو کر تجھ سے سوال کروں۔ بے شک تو میرا محسن اور میں اپنے تیرے تعلقات کے سلسلہ میں خود اپنے ساتھ برائی کرنے والا ہوں، تو صحبت سے مجھ پر نعمتیں نازل کرتا رہا اور میں نافرمانی سے تجھے ناراض کرتا رہا۔ لیکن تیرے سہارے نے تیرے حضور مجھے یہ جرأت بخشی تو اپنے فضل و احسان سے مجھ پر کرم فرما۔ بے شک تو بہت توبہ قبول فرمانے والا، رحم کرنے والا ہے۔" امام غزالیؒ نے یہ دعا "الاحیا" کی کتاب "الامر بالمعروف" میں ذکر کی ہے اور اس کے متعلق ایک واقعہ بھی لکھا ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ ابو جعفر منصور بادشاہ رات کو گشت پر تھا

خلیفہ ابو جعفر منصور

اچانک ایک شخص کی آواز اس کے کانوں میں پہنچی۔ الٰہی! ظلم و فساد کا دور دورہ ہے، میں اس کی فریاد تجھی سے

marfat.com
Marfat.com

کرتا ہوں۔ منصور نے اس شخص کو اپنی بارگاہ میں حاضر کرنے کا حکم دیا، اُسے پیش کر دیا گیا۔ وہ شخص اس کے سامنے پیش ہوا۔ اس کے مظالم کا ذکر کیا، اور مؤثر نصیحت کی۔ منصور رو پڑا۔ پھر اس شخص کے متعلق دریافت کیا۔ لیکن وہ نظر نہ آیا۔ لوگوں نے اسے تلاش کرنا شروع کیا، بادشاہ کے ایک خاص درباری کو مل گیا۔ لیکن اس نے ہمراہ خلیفہ کے پاس جانے سے انکار کر دیا، درباری نے کہا اگر تم میرے ہمراہ نہ گئے۔ خلیفہ مجھے قتل کر دے گا اُس نے کہا خلیفہ ایسا نہیں کر سکتا۔ ایک ورق نکالا جس پر یہ دُعا رکھی تھی۔ کہا اسے لو اور اپنے جیب میں رکھ لو، اس میں مُشکل حل کرنے والی دُعا ہے۔ کہا کون سی مُشکل حل کرنے والی دُعا، کہا یہ صرف شہیدوں کو نصیب ہوتی ہے۔ جو کوئی صُبح و شام یہ دُعا مانگے، اس کے گناہ ختم ہوں گے۔ ہمیشہ خُوشی حاصل ہو گی، خطائیں مٹائی جائیں گی۔ دُعا قبول، رزق وسیع، اور اُمید پوری ہو گی۔ دشمن پر مدد ہو گی، اللہ کے ہاں سچا لکھا جائے گا اور شہادت کی موت نصیب ہو گی۔ کہو اَللّٰھُمَّ کَمَا لَطَفْتَ فِیْ عَظْمَتِکَ دُوْنَ اللُّطَفَاءِ۔ آخر تک۔ کہا میں نے اسے لے کر اپنے جیب میں رکھ لیا۔ پھر میں سیدھا امیر المومنین کے پاس گیا، سلام کیا، اس نے سر اُٹھا کر میری طرف دیکھا اور مُسکرایا۔ پھر کہا تیرا بُرا ہو، بہت اچھا جادُوگر ہے، میں نے کہا نہیں، بخدا۔ پھر میں نے شیخ کے ساتھ ہونے والا سارا معاملہ اسے سُنایا، کہا لاؤ ان کا رقعہ۔ اس کی نقل کا حکم دیا۔ اور مجھے دس ہزار۔ درہم دیئے۔ پھر کہا اس شخص کو پہچانتے ہو؟ میں نے کہا نہیں۔ کہا وہ خضر علیہ السلام تھے"۔ الخ۔ احیاء العلوم کی عبارت کا خلاصہ ختم ہوا۔ یہی قصہ کتاب "منہج الحنیف" میں بمع دُعا ذکر کیا گیا ہے۔ اس کے آخر میں اتنا اضافہ ہے "بے شک تُو نے فرمایا اور تیری بات حق ہے۔ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ۔ یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ۔ الزبیدی نے شرح احیاء میں فرمایا، اگر اس کے بعد اتنا اضافہ اور کر دیا جائے تو کوئی حرج نہیں (بہتر ہے) وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَسَلَّمَ۔

marfat.com

Marfat.com

حیاۃ الحیوان وحلیۃ الاولیاء کے حوالہ سے سانپ کا واقعہ

الدمیری نے حیاۃ الحیوان میں سانپ پر گفتگو کرتے ہوئے "حلیۃ الاولیا" لابی نعیم" کے حوالہ سے سفیان بن عیینہ کے حالات میں یحییٰ بن عبدالحمید کی یہ روایت نقل کی ہے کہ میں سفیان بن عیینہ کی مجلس میں تھا۔ اس وقت ان کے پاس کم وبیش ایک ہزار آدمی حاضر تھے انہوں نے اپنی مجلس میں دائیں طرف آخر میں بیٹھے ہوئے ایک شخص سے فرمایا، اٹھو اور لوگوں کو سانپ کی بات سناؤ تو اس شخص نے لوگوں کو سانپ کی بات بتائی۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک سانپ نے دشمن سے بچنے کے لیے ایک شخص سے پناہ مانگی۔ اس نے اسے پناہ دے دی۔ سانپ نے تقاضا کیا کہ مجھے اپنے پیٹ میں پناہ دے۔ جب اس کو پیٹ میں امان مل گئی تو اب اس نے باہر نکلنے سے انکار کر دیا۔ اور اس شخص کو قتل کرنے کا ارادہ کر لیا۔ اس شخص نے آسمان کی طرف منہ کر کے پڑھا۔

يَالَطِيْفُ يَالَطِيْفُ الْطُفْ بِيْ بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ يَا لَطِيْفُ يَا قَدِيْرُ
اَسْئَالُكَ بِالْقُدْرَةِ الَّتِيْ اِسْتَوَيْتَ بِهَا عَلَى الْعَرْشِ
فَلَمْ يَعْلَمِ الْعَرْشُ اَيْنَ مُسْتَقَرُّكَ مِنْهُ يَاحَلِيْمُ يَاحَلِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ
يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا اَللّٰهُ اِلَّا مَا كَفَيْتَنِيْ شَرَّ هٰذِهِ الْحَيَّةِ .

ترجمہ: اے لطف فرمانے والے، اے لطف فرمانے والے! مجھ پر اپنا پوشیدہ لطف فرما، اے لطف فرمانے والے۔ اے قدرت والے! میں تجھ سے تیری اس قدرت کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں، جس پر تخت کائنات قائم ہوا۔ خود عرش کو بھی معلوم نہ ہو سکا کہ اس کے کس حصہ میں تیرا قرار ہے۔ اے بردبار، اے بلند تر، عظیم، ہمیشہ سے زندہ سب کو قائم رکھنے والے! اے اللہ! مجھ سے اس سانپ کی برائی کو دور فرما۔"

marfat.com
Marfat.com

اب انسانی شکل میں ایک فرشتہ اس کے سامنے آیا اور اس کے مُنہ پر زیتون کے سبز پتے کی طرح کوئی شے رکھی۔ تھوڑی ہی دیر میں اس کے پیٹ میں حرکت سی ہوئی اور سانپ جسم کے نچلے حصّے سے ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکل گیا" الخ۔ مختصراً۔ یہ قصّہ "حیوٰۃ الحیوٰن" وغیرہ کتابوں میں مفصّل ذکر کیا گیا ہے۔

الدمیری کا ایک اور نسخہ

الدمیری نے حیواۃ الحیوان میں انسان پر کلام کرتے ہوئے یہ بھی فرمایا، فوائد مجربہ میں سے ایک جو بڑا بابرکت اور خیرِ کثیر کا سبب، قضائے حاجات اور غم والم کے ازالہ کے لیے آزمایا ہوا نسخہ ہے، اور ہمارے شیخ الیافعی کے قول کے مطابق یہ اسرار و رموز کا ایک انمول خزانہ ہے۔ وہ یہ کہ نمازِ عشاء کے بعد پوری طہارت کے ساتھ، ایک ہی نشست میں اللہ کا نام "لَطِیْفٌ" ۱۶۶۴۱ بار پڑھے خبردار کمی بیشی نہ ہونے پائے کہ اثر جاتا رہے گا۔ اس تعداد کو حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ ۱۲۹ دانوں والی تسبیح لے، اور یہ اسم اس پر ۱۲۹ بار پڑھے مقصد حاصل ہو جائے گا (گویا ۱۲۹ × ۱۲۹ = ۱۶۶۴۱ مترجم) اس کی معرفت کا یہی طریقہ بہتر ہے۔ کیونکہ اس (لطیف) کے حروف چار ہیں۔ ل۔ ط ی۔ ف۔ ابجد کے لحاظ سے ان کا کل عدد ۱۲۹ ہے۔ اب اس کو اس کے برابر میں ضرب دو۔ تو حاصل ضرب ۱۶۶۴۱ ہوا۔ اب اپنی حاجت کا ذکر کر۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرورت پوری ہو گی۔ جب بھی ۱۲۹ تک پہنچے ایک بار پڑھے لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ وَھُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ؛ آنکھیں اس کا احاطہ نہیں کر سکتیں، وہ آنکھوں کا احاطہ کرتا ہے۔ اور وہی باریک بین، خبردار ہے" حیوٰۃ الحیوان میں حصولِ بھلائی۔ رزق و برکت کے لیے ایک فائدہ یہ بھی لکھا ہے۔ کہ ہر نماز کے بعد ۱۲۹ بار پڑھے۔ پھر کہے، اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ۔ اللہ اپنے بندوں پر لطف و کرم فرمانے والا ہے، جسے چاہے رزق

marfat.com
Marfat.com

دے، اور وہ قوت والا غالب ہے"۔ اسم مبارک کی تمام قرأت کے بعد یہ دعا مانگے،

اَللّٰھُمَّ وَسِّعْ عَلَیَّ رِزْقِیْ اَللّٰھُمَّ عَطِّفْ عَلَیَّ خَلْقَکَ اَللّٰھُمَّ کَمَا صُنْتَ وَجْھِیْ عَنِ السُّجُوْدِ لِغَیْرِکَ فَصُنْہُ عَنْ ذُلِّ السُّؤَالِ لِغَیْرِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ"۔

الٰہی! مجھ پر میرا رزق کشادہ فرما دے۔ الٰہی! اپنی مخلوق کو مجھ پر مہربان فرما دے۔ الٰہی! جس طرح تو نے میرا چہرہ اپنے سوا کسی اور کے آگے جھکنے سے بچایا ہے، اپنے سوا دوسروں سے مانگنے کی ذات سے اسے محفوظ فرما دے۔ اپنی رحمت سے، اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے!" عبارت ختم۔

فاضل شہیر شیخ احمد الدمیری نے اپنے مجربات میں فرمایا۔ جان لے، اللہ مجھے اور تجھے توفیق بخشے، کہ یہ اسم جلیل القدر ہے۔ اس کی برکت ظاہر اور اس کی فضیلت مشہور ہے۔ جلد قبول ہونے والا ہے اس کا بڑا راز اور عجیب خصوصیات ہیں۔ حصول رزق قضائے حاجات، تکلیف دور کرنے، ظالموں کی فریب کاری اور ان کی ہلاکت میں۔ وغیرہ بعض علماء و اولیاء نے اس کے بعض متعلقات سے اپنے حال و مقام کے مطابق کلام فرمایا۔ ہے اور فرمایا، جب اسے درد و الم کے ازالہ۔ حصول رزق اور قضائے حاجت کے لیے معمول بنانا چاہو، تو نماز فجر کے بعد ۱۲۹ بار اس کا ذکر کرو۔ اور اس کے بعد یہ دعا مانگو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔ اس آیت کو سات بار پڑھے اور پھر کہے۔ اَللّٰھُمَّ یَا مُسَخِّرَ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَالْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَمَنْ فِیْھِنَّ وَمَنْ عَلَیْھِنَّ سَخِّرْ لِیْ کُلَّ شَیْءٍ مِّنْ عِبَادِکَ مِمَّا فِیْ بَرِّکَ وَبَحْرِکَ حَتّٰی لَا یَکُوْنَ فِی الْکَوْنِ شَیْءٌ مُتَحَرِّکٌ اَوْ سَاکِنٌ صَامِتٌ اَوْ نَاطِقٌ ظَاھِرٌ اَوْ بَاطِنٌ اِلَّا سَخَّرْتَہٗ لِیْ بِبَرَکَۃِ

marfat.com
Marfat.com

بِاسْمِكَ اللَّطِيْفِ الْكُنْوْنِ، يَا اللّٰهُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ، اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ، اِلٰهِيْ جُوْدُكَ دَلَّنِيْ عَلَيْكَ وَاِحْسَانُكَ قَرَّبَنِيْ اِلَيْكَ اَشْكُوْ اِلَيْكَ مَالَا يَخْفٰى عَلَيْكَ وَاَسْاَلُكَ مَالَا يَعْسِيْرُ عَلَيْكَ، اِذْ عِلْمُكَ بِحَالِيْ يُغْنِيْ عَنْ سُؤَالِيْ يَا مُعَرِّجًا عَنِ الْكُرُوْبِ كُرُبَهٗ، فَرِّجْ عَنِّيْ مَا اَنَا فِيْهِ يَا مَنْ لَيْسَ بِغَائِبٍ فَيُنْتَظَرَ وَلَا بِنَائِمٍ فَيُوْقَظَ وَلَا بِغَافِلٍ فَيُذَكَّرَ وَلَا بِعَاجِزٍ فَيُمْهِلَ يَا عَالِمًا بِالْجُمْلَةِ وَغَنِيًّا عَنِ التَّفْصِيْلِ كَفٰى عِلْمُكَ عَنِ الْمَقَالِ وَانْقَطَعَ الرَّجَاءُ اِلَّا مِنْكَ وَخَابَتِ الْاٰمَالُ اِلَّا فِيْكَ وَانْسَدَّتِ الطُّرُقُ اِلَّا اِلَيْكَ يَا اللّٰهُ يَا سَمِيْعُ يَا قَرِيْبُ يَا بَصِيْرُ يَا مُجِيْبُ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَيَسِّرْلِيْ رِزْقِيْ وَسَخِّرْلِيْ جَمِيْعَ خَلْقِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

ترجمہ: اللہ کے نام سے جو رحم فرمانے والا مہربان ہے اللہ اپنے بندوں پر لطف فرمانے والا ہے، جسے چاہے رزق دے اور وہ قوت و عزت والا ہے۔ الٰہی! اے سات آسمانوں اور سات آسمانوں اور جو کچھ ان میں ہے کو تابع فرمان بنانے والے! اپنے تمام بندوں کو میرا تابع فرمان کر دے (جو بس کو ہے نشاط کار کیا کیا)۔ جو تیری خشکی اور تیرے سمندر میں ہے۔ یہاں تک کہ دنیا میں جو چیز ساکن و متحرک ہے خاموش اور بولنے والی ہے۔ ظاہر ہے یا باطن ہے اسے میرے تابع فرمان کر دے۔ اپنے اسم لطیف کی برکت سے۔ جو چھپایا گیا ہے۔ اے اللہ! اے زندہ! قائم رہنے والے! جس

marfat.com
Marfat.com

کا معاملہ آسان ہے کہ جب کسی چیز سے فرمائے ہو جا وہ ہو جاتی ہے" الٰہی تیری بخشش نے مجھے تیری راہ دکھائی۔ تیرے احسان نے مجھے تیرے قریب آکر شکوہ کرنے کا حوصلہ بخشا۔ ایسی چیز کا جو تجھ پر پوشیدہ نہیں، اور کہ تجھ سے وہ مانگو جو تجھ پر دشوار نہیں، کیونکہ میرے حال کو تیرا جاننا مجھے سوال کرنے سے مستغنی کر رہا ہے۔ اور مصیبت زدہ سے مصیبت دور کرنے والے! مجھ سے وہ مصیبت دور فرما، جس میں مبتلا ہوں۔ اے وہ کہ غائب نہیں، جس کا انتظار کروں، نہ سویا ہے کہ جگاؤں۔ نہ غافل کہ میں یاد دلاؤں، نہ تو عاجز کہ مہلت دوں اور سب کچھ جاننے والے اور تفصیل سے بے پرواہ! بات کرنے کے مقابلے میں تیرا علم کافی ہے۔ تیرے سوا ہر طرف سے امید ختم ہو گئی۔ تیری ذات کے بغیر آرزوئیں نامراد ہو گئیں۔ تیری راہوں کے سوا تمام راہیں بند ہو گئیں۔ اے اللہ! اے سننے والے! اے نزدیک تر! اے دیکھنے والے! اے قبول فرمانے والے! مجھے بخش دے اور اپنی رحمت سے مجھ پر رحم فرما۔ اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے! اور میرا رزق عطا فرما اور تمام مخلوق کو میرے تابع فرمان کر دے (ہوس کو ہے نشاط کار کیا کیا) بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ اور اللہ درود بھیجے ہمارے آقا محمد آپ کی آل اور آپ کے صحابہ پر، اور سلام"

آپ رحمۃ اللہ نے فرمایا، جان لیجیے کہ یہ استغاثہ غم والم کے ستائے، مصیبت زدہ وظالم حکمرانوں یا دوسروں سے ڈرنے والوں کو فائدہ دیتا ہے۔ جو چاہے ہماری ذکر کردہ شرائط کے ساتھ اس کا ذکر کرے، اللہ تعالیٰ کے حکم سے اسی وقت دعا قبول ہو گی۔ بعض ملوت نشینوں سے منقول ہے کہ جب تم حاجت براری مقصود ہو تو حرف ندا کے ساتھ۔

marfat.com

Marfat.com

اپنی حاجت کا تصور کر کے اس کے اعداد کبیر کے مطابق ۱۶۶۴۱ بار یَا لَطِیْفُ کہے۔ حاجت نگاہ و تصور میں رہے پھر فارغ ہو کر سات بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر نبی صلے اللہ علیہ وسلم تمام اقطاب، اغیاث، اولیاً، نجبا، اوتاد اور نیکوکاروں کو اس کا ثواب ہدیہ کرے پھر سات بار یہ دُعا پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔ اللہ کے حکم سے مُراد پُوری ہو گی۔ دعائے مُبارک یہ ہے۔ اے اللہ! اور پالنے والوں کے پالنے والے! سب کو اپنی لطیف ربُوبیّت سے پالنے والے! بلا محنت، اپنے پوشیدہ جاری و ساری لطف سے مجھے جلد کامیاب فرما۔ اور اپنے لُطف کی انگلیوں میں مجھے بدل دے۔ یہاں تک کہ میں تیرا لطیف لُطف ہر طرف دیکھوں۔ خواہ اس کی طرف اشارہ ہو سکے یا نہ۔ یہاں تک کہ خُوشی خوشی، مزے لوٹتے لوٹتے تیرے بحرِ لُطف میں ڈوب جاؤں۔ وہ مٹھاس جو تیرے اسرار پانے والوں کی ارواح کی غذا ہے۔ مجھے اپنے اسمائے پاک سے ایک اسم اور اپنے انوار میں سے ایک نور عطا فرما۔ جسے اپنانے والا زمین میں داخل مخلوق اور اس سے نکلنے والی، اور آسمان سے اُترنے والی اور اس میں چڑھنے والی کے شر سے محفوظ ہو جاتا ہے بے شک تُو ہی لُطف فرمانے والا خبردار ہے۔ اور اللہ درُود و سلام بھیجے ہمارے آقا محمدؐ، اور آپ کی آل و اصحاب پر۔ الخ۔

البسونی کی کتاب "المنہج الحنیف" میں یہ دُعا کچھ لفظی تبدیلی کے ساتھ ذکر کی گئی ہے کہ اس میں اِنَّکَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ حَفِیْظٌ۔ کی جگہ یَا خَبِیْرُ یَا لَطِیْفُ یَا حَفِیْظُ۔ ہے۔ بہتر یہ ہے کہ درُود شریف میں ان دونوں کو جمع کر دیا جائے۔

الدیربی نے کہا، بعض علماً نے کہا کہ جب اس کو حاجت برآری اور مشکل کشائی کے لیے استعمال کرنا چاہو تو صحیح طریقے سے باوضو ہو کر دو نفل ادا کر کے قبلہ رُو ہو کر قضائے حاجت کے ارادے سے مذکورہ تعداد میں اس دُعا کو پڑھو۔ اللہ تعالےٰ یقیناً تمہاری حاجت پوری فرمائے گا۔ تکلف دُور کرے گا اگر حالت میں اضافہ

marfat.com
Marfat.com

ہو تو کہو یَا لَطِیْفُ مَا اَسْرَعَکَ لِتَفْرِیْجِ الْکَرْبِ فِیْ اَوْقَاتِ الشَّدَآئِدِ۔
اے مہربان مشکل اوقات میں تو کتنا جلد تکلیف دُور فرماتا ہے"۔ دُعا یہ ہے "اے اللہ! اے مہربان! جیسے تُو نے لُطف و کرم سے زمین و آسمان پیدا فرمائے، اپنی قضاؤ قدر میں، جو تُو نے میرے بارے میں طے کر دی ہے۔ لُطف و کرم فرما، اور جس مشکل میں گرفتار ہُوں اُسے دُور فرما۔ الٰہی تُو مقصود ہے میں اور کس کا قصد کروں تو رب کریم ہے اور کون دینے والا ہے۔؟ تو معبُود، پروردگار، اس بات کا حقدار کہ میں تیرے سوا کسی پر بھروسہ نہ کروں۔ مجھ پر لازم ہے کہ تیرے سوا کسی کی پناہ نہ ڈھونڈوں۔ اے وہ، جس پر بھروسہ رکھنے والے بھروسہ رکھتے ہیں اے وہ کہ جس کی طرف ڈرنے والے امان پاتے ہیں۔ اے وہ کہ تمام اُمیدوار جس کے کرم و انعام سے آس لگائے ہُوئے ہیں۔ اے وہ کہ اپنی زبردست حکومت اور عظیم رحمت سے لاچاروں کی فریاد رسی فرماتا ہے۔ اے لُطف فرمانے والے مُشکل اوقات میں، کتنی جلد تکالیف دُور فرماتا ہے۔ اپنی قُوت و طاقت اور فضل و کرم سے میرے متعلق اپنے حکم و فیصلہ کے نافذ کرنے میں مجھ پر مہربان فرما کیونکہ نیکی کرنے اور بدی سے بچنے کی طاقت اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے۔ اے اللہ! اے علم والے! اے عظمت والے! (اہل ایمان وہ ہیں۔) جن کو لوگوں نے کہا کہ دشمن تمہارے گھات میں جمع ہیں، تو ان کے ایمان میں جوش پیدا ہُوا۔ اور بول اُٹھے، ہمیں اللہ کافی ہے، اور بہترین کارساز"۔ اگر وُہ مُنہ موڑیں، تو حبیب تم فرماؤ، مجھے اللہ کافی ہے۔ اس کے بغیر کوئی سچا معبود نہیں میرا اسی پر بھروسہ اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے"۔

میں نے بعض علماؑ کی تحریر دیکھی، کہ اللہ تعالیٰ کے اسم مُبارک لَطِیْفُ میں چار تصرفات ہیں۔ (۱) حصُولِ رزق۔ (۲) قضائے حاجات۔ (۳) قیدی کی رہائی۔ (۴) ظالموں کی نگاہوں سے بچنا" اگر اس پر عمل کرنا ہے تو کپڑے اور بیٹھنے کی جگہ صاف کر۔ اور ۱۷۶۴۱ بار یَا لَطِیْفُ پڑھ اور ہر ۱۲۹ کے بعد مذکورہ آیت کریمہ پڑھ

marfat.com
Marfat.com

چار بار ایسا کرے۔ حصولِ رزق کے لیے اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تَرْزُقَنِیْ رِزْقًا وَّاسِعًا طَیِّبًا مِّنْ غَیْرِ تَعَبٍ وَّلَا نَصَبٍ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ اللہ اپنے بندوں پر مہربان ہے۔ جسے چاہے رزق دے اور وہ قوت والا عزت والا ہے۔ الٰہی میرا تجھ سے سوال ہے کہ کھلا بے شمار رزق عطا فرما۔ بغیر کسی سختی و تکلیف کے۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

قضائے حاجت کی آیت

اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ۔ اَللّٰھُمَّ اقْضِ حَاجَتِیْ مِنْ فُلَانٍ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

کیا وہ اپنی مخلوق کو نہیں جانتا، حالانکہ باریک بین خبردار ہے۔ الٰہی فلاں شخص سے میری حاجت پوری کر، بے شک تو ہر چاہے پر قادر ہے۔"

قید سے رہائی کی آیت

اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ اِنَّہٗ ھُوَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ۔

"بے شک میرا رب جس پر چاہے لطف فرمانے والا ہے۔ بے شک وہی علم والا حکمت والا ہے۔"

ظالموں کی نگاہوں سے پوشیدہ رہنے کی آیت

لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ وَھُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ۔

آنکھیں اس کو کلی طور پر نہیں دیکھ سکتیں اور وہ آنکھوں کو کلی طور پر دیکھتا ہے۔

marfat.com

Marfat.com

اور وہ باریک بین خبردار ہے۔"

علامہ شیخ احمد بن محمد بن عباد شاذلی نے اپنی کتاب "المفاخر العلیہ فی المآثر الشاذلیہ" میں سیدی ابوالحسن شاذلی کے وظائف میں "حزب اللطف" بھی ذکر کیا ہے۔ اور کہا تنگیوں، سختیوں میں اس کے ساتھ دعا کرے کہ تکالیف و مصائب کے ازالہ کے لیے عجیب نسخہ ہے۔ ہر ظاہری و باطنی تکلیف کے ازالہ میں معاون۔ اور اس کے اسم گرامی "لطیف" کی دعا یہ ہو سکتی ہے "میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں، راندے ہوئے شیطان سے۔ اللہ کے نام سے شروع جو رحم فرمانے والا مہربان ہے۔ سب تعریف اللہ کیلئے جو پالنے والا ہے تمام جہانوں کو۔" آخر تک۔ الٰہی افضل ترین درود، فزوں ترین برکتیں۔ پاکیزہ ترین سلام، تمام اوقات میں، اشرف مخلوق، ہمارے آقا و مولیٰ محمد پر جو زمین و آسمان والوں میں کامل ترین ہیں، اور اُن پر، پروردگار کا پاکیزہ ترین سلام، تمام بارگاہوں اور لمحات میں نازل فرما۔ الٰہی، اے وہ کہ جس کا لطف تمام مخلوق کو شامل ہے اور جس کی بھلائی بندے تک پہنچی ہوئی ہے۔ اور جس کا دامن تمام بندوں کا پردہ پوش ہے۔ ہمیں اپنی عنایات کے دائرے سے نہ نکال اور ہر ڈر سے ہمیں محفوظ فرما، اور اپنے پوشیدہ لطف کے ساتھ ہمارے لیے ظاہر ہو۔ اے باطن! اے ظاہر! اے لطیف! ہم قضا میں تیرے لطف کا بچاؤ مانگتے ہیں۔ اور جب کوئی فیصلہ ہمارے خلاف ہو جائے تو ہم سلامتی و رضا کے ساتھ اس کے آگے جھکنا مانگتے ہیں۔ الٰہی! تو ہی علم والا ہے جو ازل میں ہو چکا۔ پس اے ہمیشہ لطیف! جو مصیبت نازل ہو ہمیں اپنے لطف میں چھپا لے۔ اور اے اوّل! ہمیں اپنی حفاظت کے قلعے میں پناہ دے۔ اے وہ جس کی طرف التجا اور پناہ ہے۔ اے وہ کہ اپنی بحر قضا میں سے مخلوق کو بچانے والا اور ان پر اپنے زبردست حکم اور امتحان کو نازل کرنے والے ہمیں سفینۂ نجات کے سواروں میں شامل فرما دے، اور ساری زندگی آفات سے محفوظ فرما۔ بار الٰہا! جس پر تیری نظرِ کرم پڑ گئی۔

marfat.com

Marfat.com

اس کی قسمت پر لطف و کرم ہو گیا۔ تیری رعایت سے اسے تدبیر وہ محفوظ و ملحوظ ہو گیا۔
اے سننے دیکھنے والے۔ اے قریب۔ اے دعا سننے والے۔ اور بہترین رعایت کرنے
والے، ہم پر نظر عنایت رکھیو! الٰہی تیرا پوشیدہ لطف دیکھنے سے لطیف تر ہے اور تو وہ
لطیف ہے جس کا لطف تمام کائنات میں جاری و ساری ہے۔ تیرا راز و اسرار کائنات
میں چھپے پڑے ہیں، جنہیں صرف اہل معرفت اور اہلِ نظر ہی دیکھ سکتے ہیں۔ جب انہوں
نے تیرے اس لطف کے راز کو دیکھا تو ہکے بکے رہ گئے۔ جب تک تیرا دائمی لطف ہے۔
ہمارے معبود! بندوں میں تیری مشیت کے فیصلے چلتے ہیں۔ جن کو نہ عارف پھیر سکتا ہے۔
نہ مرید۔ لیکن ہمارے لیے تو تو نے پوشیدہ لطف و کرم کے دروازے کھول دیئے۔
جن کے قلعے ہر مصیبت سے بچانے والے ہیں۔ پھر ہم تیری مہربانی سے ان قلعوں میں
داخل ہو گئے۔ اے وہ کہ جس شے سے فرمائے ہو جا وہ ہو جاتی ہے۔ ہمارے معبود!
بندوں میں تیری ہے اپنے بندوں پر۔ خصوصاً اہل محبت و مودت پر تو اہل محبت و
مودت کا صدقہ۔ اے سخی ہم پر خصوصی لطف فرما۔ ہمارے معبود! لطف تیری صفت
ہے، مہربانی کرنا تیری عادت ہے۔ اور مخلوق میں اپنا حکم جاری رکھنا تیرا حق ہے اور
مخلوق پر لطف و رافت فرماتا ہے۔ دنیا میں تیرا حق پورا ہونا محال ہے۔ بار الٰہا! تیرا
لطف ہمارے وجود سے پہلے ہے۔ جب کہ ہم محتاج لطف نہ تھے تو کیا اب جب کہ
ہم تیرے لطف کے حاجتمند ہیں تو دریغ فرمائے گا۔ حالانکہ تو سب سے بڑھ کر رحم
فرمانے والا ہے۔ ہو نہیں سکتا ہے۔ کہ تیرا کافی و وافی لطف، ہمیں محروم کرے۔ جب کہ
تو شافی ہے۔ بار الٰہا! تیرا لطف تیری حفاظت ہے جب تو رعایت فرمائے۔ اور تیری
حفاظت تیرا لطف ہے جب تو بچائے۔ ہمیں اپنے لطف کے سر پردوں میں داخل فرما۔
اور ہم پر اپنی حفاظت کے پردے ڈال دے۔ اے لطیف! ہمارا ہمیشہ تجھ سے لطف
کا سوال ہے۔ اے حفاظت فرمانے والے! ہمیں برائی اور عداوت کی شر سے بچا۔ یا لطیف

marfat.com
Marfat.com

تین بار۔ تیرے عاجز، ڈرپوک، کمزور بندے کا کون ہے؟ الٰہی! جس طرح تُو نے میرے وجود اور میرے سوال سے پہلے لُطف فرمایا، میرا حامی ہو، میرے خلاف نہ ہو۔ اے غنا دینے والے، اے امان دینے والے! تُو ہی برائیاں مٹانے والی طاقت۔ تُو ہی بھلائیوں میں مدد کرنے والی اعانت اور تُو ہی میری نُصرت۔ اللہ اپنے بندوں پر مہربان ہے۔ جسے چاہے رزق دے اور وہ قوت والا غلبے والا ہے۔ مجھے اپنے لُطف سے مانوس کر دے۔ اے لُطف کرنے والے! ڈرنے والے کو حال خوف میں انس عطا فرما۔ کہ میں تیرے لُطف سے مانوس ہو جاؤں۔ اے لطیف! تُو اپنے چھوٹے سے لُطف سے مجھے خطرات سے بچا سکتا ہے۔ اور میں تیرے لُطف سے اے لطیف! دشمنوں سے چھُپا رہا۔ اللہ ان کو پیچھے سے گھیرے ہوئے ہے بلکہ وہ بزرگ قرآن ہے محفوظ تختی ہے۔ تو ہر بڑے خطرے سے بچ گیا۔ میرا رب فرماتا ہے "زمین و آسمان کی حفاظت اُسے تھکاتی نہیں اور وہ بلند تر عظمت کا مالک ہے" تو ہر شیطان اور حاسد سے بچ جائے گا۔ میرا رب فرماتا ہے "ہر شیطان سرکش سے حفاظت" تو ہر راستے کے ہر غم سے محفوظ ہو گیا۔ فرمایا حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ مجھے اللہ کافی ہے اور بہترین کارساز۔ اللہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہمیشہ زندہ قائم رہنے والا" آیت الکرسی آخر تک۔ یقیناً تمہارے پاس تمہیں میں سے رسول تشریف لائے" آخر سورۂ توبہ تک۔ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ..... آخر تک۔ کافی ہے۔ کٓہٰیٰعٓصٓ، حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ کی جگہ قَوْلُہُ الْحَقُّ وَلَہُ الْمُلْکُ "سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ" الٰہی! ان اسماء و اسرار کا صدقہ۔ ہمیں شر از شریروں سے بچائیو۔ اور جتنی گندی چیزیں تُو نے پیدا کیں۔ تم فرماؤ رات دن تمہارا ضامن کون ہے۔؟" اپنی رحمانیت کی ضمانت کا صدقہ ہمارا ضامن بن۔ کسی دوسرے کے ذمے ہمیں نہ ڈال" الٰہی یہ تیرے دروازے پر میرے سوال کی ذلت ہے۔ میری طاقت تیری وجہ سے ہے۔ الٰہی درُود و سلام اور برکت نازل فرما، اُن پر جن پر تُو

marfat.com
Marfat.com

نے تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ ہمارے آقا و مولیٰ محمدؐ جو رسولوں کے خاتم اور نبیوں کے امام ہیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ان کو عزت و خلعت بخش۔ شرف و کرم سے نواز۔ میرے آقا مجھے رحمت و امان سے محروم نہ رکھیو۔ اے مہربان۔ اے احسان فرما۔ اے رحمٰن۔ اے رحیم۔ اور تمام نبیوں رسولوں پر سلام نازل فرما اور ان کے تمام آل و اصحاب پر۔ اور سب تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے۔

کتاب "المنہج الحنیف" میں کہا، اللہ تعالیٰ کے اسم گرامی "لَطِیْفٌ" سے متعلق جو دعائیں شیخ ابو العباس المرسی سے منقول ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے "الٰہی بندوں تک تیرا لطف کس قدر ہے۔ اور تو جسے چاہے اپنا لطف کیسے پہنچاتا ہے تو نے اپنے پیغمبر یکے بعد دیگرے بھیجے۔ دنیا کو آخرت سے ملایا۔ تیرا نام بڑی برکت والا ہے۔ لطف فرمانے والا۔ اچھے کام کرنے والا۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، بچھڑوں کو ملانے والا۔ مختلف طبقات کو جوڑنے والا۔ چہرے تیری طرف اٹھے ہیں۔ آنکھیں تیرے سامنے جھکی ہوئی ہیں۔ زبانیں تیری اسی قدر پاکی بولتی ہیں، جتنی دلوں کو معرفت ہے۔ تو ہر بولنے والے کے بولنے سے ورا ہے غیروں سے پردے ہیں۔ بھلائی پہچاننے میں مہربان۔ چلنے کے لیے راستے بنانے والا۔ الٰہی! تو نے غافلوں کو جگایا۔ طبیعت کے غلاموں کو آزاد کیا۔ مدہوشوں کو ہوشیار کیا۔ شہوات کے اسیروں کو آزاد کیا۔ مانگنے والوں کی دعائیں قبول کیں۔ دور والوں کے مرغے اذانیں دینے لگے، سو حمد و مدح کا سزاوار تو ہی ہے۔ فتح و کامرانی تیرے ہی ہاتھ ہے۔ میں تجھ سے شوق مانگتا ہوں، جو تجھ تک مجھے پہنچا دے۔ اور ایسی روشنی جو تجھ تک میری راہنمائی کرے، اور ایسا پاک روح جو میرے جسم میں ہر ایسی بات بٹھا دے جس کا سمجھنا دشوار ہے یا جس کا علم مجھ سے غائب ہے۔ اور اپنی طرف کی روح سے میری مدد فرما اور اپنے نور سے مجھے منور فرما کہ اس میں مسافروں کے لیے ہدایت کے راستے کھول دوں۔ اور قصد کرنے والوں کے لیے

marfat.com
Marfat.com

ملانے والی شاہرہ واضح کر دُوں، اور میرے لیے اُفق اعلیٰ اور اُفق مبین کا دروازہ کھول دے اور علیین میں میرا رُتبہ بلند فرما۔ اور علمِ یقین سے مجھے لُطف کی چادر اُڑا دے۔ بے شک تو سب سے بڑھ کر لُطف فرمانے والا۔ اور سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا ہے۔

"المنہج الحنیف" میں کہا، شیخ عارف باللہ ابوالغیث یمنی سے اسم اقدس لطیف کی جو دعائیں منقول ہیں۔ اُن میں سے ایک یہ ہے۔ الٰہی بے شک تیرے لطیف جھونکے ہیں، جو مریض پر چلیں تو اُسے شفا دیں، اور بے شک تیری مہربانی کی ہوائیں ہیں۔ کہ جب کسی قیدی کی طرف چلیں اُسے آزاد کر دیں۔ اور تیری نگاہِ کرم ہے کہ جب سمندر کے سمندر میں ڈوبنے والے پر پڑے اُسے بچا لے۔ اور بے شک تیری رحمت، جب بدبخت کا ہاتھ پکڑے اُسے نیک بخت کر دے اور بے شک تیرا لُطف و کرم ہے۔ جب کسی غریب پر وسائل تنگ ہو جائیں تو وہ انھیں وسیع کر دیتا ہے، سو بار الٰہا مجھ پر اپنے لُطف کی نسیم چلا دے، اور ایسی خوشبو بھیج جو میرے دل کو روگ اور غفلت کو ختم کر دے۔ اور مجھ پر اپنی مہربانی کی پھونک مار دے۔ ایسی پھونک جس سے میری خواہش اور لغزش کی زنجیریں کھل جائیں۔ اور مجھ پر اپنی ایک ایسی نظرِ عنایت فرما۔ جو مجھے گمراہی کے سمندر سے بچا لے اور مجھے اپنی طرف سے ایسی رحمت عطا فرما، جس سے میری بدبختی، نیک بختی سے بدل جائے۔ اور اپنے کرم سے مجھے اپنی طرف لوٹ آنا۔ اور سچی توبہ نصیب فرما۔ اور مجھے دُعا کے ذریعے اپنی سخاوت کا دروازہ کھٹکھٹانا نصیب فرما۔ یہاں تک کہ میرا دل تیری عطا سے مل جائے۔ اور میرا دستِ سوال تیرے شکر و ثنا کے لیے اُٹھ جائے اور میری زبان تیری دُعا اور تیری معرفت کی زاری میں چلنے لگے۔ یہاں تک کہ میں اُسے تیری بارگاہ میں ایک سیڑھی بنا کر اپنی حاجت تجھ تک پہنچا دُں۔ اور اپنی تمام کلی و جزئی حاجات میں تجھ پر اعتماد کر دں۔ تیری رحمت سے، اے سب سے بڑھ کر فرمانے والے، تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں، تجھے پاکی ہے۔ بے شک میں ہی زیادتی

marfat.com
Marfat.com

کرنے والوں میں سے ہوں"

قرآنی آیات اور اذکار نبویہ کے

خواص و فوائد نافعہ

اس موضوع کو شروع کرنے سے پہلے، میں عارف باللہ سیدی شیخ احمد زروق کی وہ تحریر نقل کرنا چاہتا ہوں، جو حزب البحر پر لکھی گئی ان کی شرح سے لی گئی ہے۔ پھر اس کے بعد وہ فوائد و خواص لاؤں گا، جن کے اضافے کا وہاں مصنف نے وعدہ کیا ہے۔ سو میں کہتا ہوں" شیخ زروق رحمۃ اللہ نے کہا جان لے کہ مطالب کے ہر باب میں شارع کا افادہ اور اس میں اولیاء کا اضافہ ہے تو جو کوئی شارع کا فائدہ اور اولیاء کا اضافہ جمع کر لے وہ ہدایت اقتداء پر ہوگا، اور جو کوئی ایک کو حاصل کرے گا، اس میں اتنی کمی رہ جائے گی۔ البتہ حصول ہدایت کی کمی فائدے کی مانع ہے اور اقتداء کی کمی کبھی ضرر نہیں دیتی، کبھی دیتی ہے، کیونکہ وہ صرف قوت دینے والی ہے اور احکام شرع کو چھوڑ کر صرف اس پر موقوف رہنا، دنیا و آخرت میں ضرر رساں ہے۔ میں تیرے سامنے اس کی سات مثالیں ذکر کروں گا۔

اوّل: جب حزب البحر کو اس کی ہلاکت سے بچتے ہوئے، صرف سلامتی کے لیے استعمال کرنا چاہے تو اس کو شروع کرنے سے پہلے یہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ قَبْضَتُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌۢ بِیَمِیْنِهٖ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰی عَمَّا یُشْرِكُوْنَ۔

marfat.com

Marfat.com

ترجمہ: اللہ کے نام سے ہے، اس کا چلنا اور ٹھہرنا، بے شک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے" اور انہوں نے اللہ کی قدر نہ جانی جیسا جاننے کا حق ہے۔ حالانکہ تمام زمین قیامت کے دن اس کے قبضہ میں ہو گی۔ اور تمام آسمان اس کے دائیں ہاتھ میں سمٹے ہوئے ہیں، وہ پاک و برتر ہے ان کے شرک سے۔"

کیونکہ حدیث میں آیا ہے کہ یہ ڈوبنے سے بچاؤ ہے

دوم جب تنگی سے فراخی کی طرف نکلنا چاہے تو وہ کچھ بجا لائے جس کی تسبیح اپنے ساتھیوں کو تعلیم دیتے تھے۔

يَا وَاسِعُ يَا عَلِيمُ۔ يَا ذَا الْفَضْلِ الْعَظِيمِ اَنْتَ رَبِّيْ وَعِلْمُكَ حَسْبِيْ اِنْ تَمْنَعْنِيْ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗ اِلَّا اَنْتَ وَاِنْ تُرِدْنِيْ بِخَيْرٍ فَلَا رَادَّ لِفَضْلِكَ تُصِيْبُ بِهٖ مَنْ تَشَآءُ مِنْ عِبَادِكَ وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔

ترجمہ: اے وسعت والے! اے علم والے! اے بڑے فضل والے۔ تو میرا پروردگار ہے، اور تیرا علم مجھے کافی ہے اگر تو مجھے تکلیف پہنچائے تو کوئی اسے دور کرنے والا نہیں، اور اگر تو میرے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرے تو تیرے فضل کو کوئی پھیرنے والا نہیں تو اسے اپنے بندوں میں سے جسے چاہے پہنچائے اور تو بخشنے والا مہربان ہے۔"

پہلے لازمی طور پر استغفار کر کہ حدیث میں آیا ہے جو اس کو لازمی اپنائے اللہ اس کا ہر غم دور اور ہر تنگی میں کوئی راہ نکال دیتا ہے اور جہاں سے اسے وہم و گمان بھی نہ ہو، رزق دیتا ہے۔ اور ازالہ تکلیف کی وہ دعا استعمال کر جو بخاری شریف میں مروی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ

اور وہ جو سُنن ابو داؤد میں حضرت ابی امامہ رضی اللہ عنہ کی روایت، کہ ایک شخص نے غم و الم اور قرض کا شکوہ کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے یہ دُعا تعلیم فرمائی۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ "

ترجمہ: الٰہی! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں فکر و غم سے اور تجھ سے پناہ مانگتا ہوں عاجزی و سستی سے، اور تجھ سے پناہ مانگتا ہوں بزدلی اور بخل سے، اور تجھ سے پناہ مانگتا ہوں قرض کے غلبے اور لوگوں کے دباؤ سے"

اور فرمایا اسے صبح اور مغرب کے بعد پڑھا کر۔

سوم اگر تو دشمنوں پر مدد حاصل کرنا چاہے اس عمل کے ذریعے جو شیخ اپنے ساتھیوں کو سکھایا کرتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ، اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ کَیْدَھُمْ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَاکْفِنَا شُرُوْرَھُمْ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَکَفٰی سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ دَعَا لَیْسَ وَرَاءَ اللّٰہِ مُنْتَھٰی حَسْبُنَا اللّٰہِ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ "

ترجمہ:۔ اللہ پر ایمان والے بھروسہ رکھیں۔ الٰہی کی غلط تدبیر انہی پر الٹا دے۔ اور ان کی برائیوں میں ہماری کفایت فرما۔ مجھے اللہ کافی ہے، اللہ نے دعا کرنے والے کی سُن لی۔ اللہ کے علاوہ کوئی کنارہ نہیں، ہمیں اللہ کافی ہے اور بہترین کارساز۔

marfat.com
Marfat.com

فرمایا ہر نماز کے بعد سات بار اس کا ورد کرے۔ اس سے پہلے وہ دُعا بھی کر لے جو خوف کے وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم مانگا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ وَنَدْرَءُبِکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم دشمن کے خوف کے وقت فرماتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اِکْفِنَا بِمَا شِئْتَ۔

الٰہی جیسے چاہے ہماری کفایت فرما۔

چہارم اور جب ظالم سے بچنا چاہے تو اس کے پاس جاتے وقت اس طرح عمل کر جیسے شیخ نے ارشاد فرمایا۔ وَقَالَ مُوْسٰی اِنِّیْ عُذْتُ بِرَبِّیْ وَ رَبِّکُمْ مِّنْ کُلِّ مُتَکَبِّرٍ لَّا یُؤْمِنُ بِیَوْمِ الْحِسَابِ۔ اور موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا بے شک میں اپنے اور تمہارے رب کی پناہ چاہتا ہوں ہر مغرور سے جو حساب کے دن پر ایمان نہیں رکھتا۔ اور جو حاکم سے ڈرے وہ اس سے پہلے وہ دُعا پڑھے جو حدیث میں آتی ہے۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ مِنْ خَلْقِہٖ جَمِیْعًا، اَللّٰہُ اَعَزُّ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ، اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اُمْسِکُ السَّمَآءِ اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِہٖ مِنْ شَرِّ عَبْدِکَ فُلَانٍ وَّجُنُوْدِہٖ وَاَتْبَاعِہٖ وَ اَشْیَاعِہٖ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ، اَللّٰھُمَّ کُنْ لِیْ جَارًا مِّنْ شَرِّھِمْ جَلَّ ثَنَآؤُکَ وَعَزَّ جَارُکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ۔

ترجمہ: اللہ اپنی تمام مخلوق سے بڑا ہے جس سے میں ڈرتا ہوں اللہ اس پر غالب تر اور محفوظ تر ہے۔ میں اس اللہ کی پناہ میں آتا ہوں جس

marfat.com
Marfat.com

کے سوا کوئی اور سچا معبود نہیں، آسمان کو زمین پر اپنے حکم کے بغیر گرنے سے روکنے والا ہے تیرے فلاں بندے، اس کے شر، اس کے پیروکاروں اور اس کے ساتھیوں کے شر سے۔ خواہ انسان ہوں یا جن۔ الٰہی! ان کے شر سے تو میری پناہ ہو جا۔ تیری تعریف بلند تر اور تیری پناہ غالب ہے۔ اور تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔"

یہ دعائیں تین بار پڑھے جیسا کہ طبرانی وغیرہ نے روایت کیا ہے۔

پنجم

شیخ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، جب تو چاہے کہ تیرا دل ٹیڑھا نہ ہو تجھے غم والم سے سابقہ نہ پڑے اور تجھ پر کوئی گناہ نہ رہے تو کثرت سے پڑھ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ اور مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا اضافہ کر لے۔ صلے اللہ علیہ وسلم۔ الٰہی! اس کا علم میرے دل میں جما دے، اور میرا گناہ بخش دے۔ اور تمام ایمان والے مردوں، عورتوں کو بخش دے۔ اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے۔ اور سلام ہو اللہ کے چیدہ بندوں پر جو چاہے اس کے ہمراہ اس کے ہمراہ اس کو بھی معمول بنا لے"۔ بے شک میں تیرا بندہ، تیرے بندے اور تیری کنیز کا بیٹا ہوں۔ میری پیشانی تیرے ہاتھ ہے"۔ آخر تک دعا۔ جو تکلیف دور کرنے کے فوائد میں آ رہی ہے۔ جس نے بھی اسے پڑھا، اللہ نے اس کا غم کافور کیا۔ اور غم کے بدلے اسے خوشی نصیب ہوئی جیسا کہ حدیث میں آیا ہے۔

ششم حزب البحر والحفیظۃ

جس کے شروع میں اَلْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ آتا ہے دونوں کو حصولِ فائدہ اور دفع ضرر کے لیے بنایا گیا ہے۔ حدیث میں آتا ہے۔

"اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ"

ترجمہ: پناہ مانگتا ہوں، اللہ کے مکمل کلمات کے ذریعے اس کی مخلوق کے شر سے"

marfat.com

Marfat.com

تین بار سفر کے دوران کسی منزل پر ٹھہرے تو یہ ایمان ہے جب تک وہاں سے کوچ نہ کرے۔ سورۃ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ۔ وحشت دور کرنے قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اور معوذتان، صبح و شام تین بار، ہر خطرے کے لیے کافی ہے۔ یونہی بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اللہ کے نام سے شروع جس کے نام کے ساتھ زمین و آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہ سُننے جاننے والا ہے" جو صبح کے وقت اسے تین بار پڑھے، شام تک ناگہانی مصیبت سے محفوظ رہے گا۔ یونہی شام کو پڑھے۔ صبح تک۔

ہفتم مشائخ نے خوشحالی طلب کرنے کے کئی طریقے اور اذکار بیان کیے ہیں ایک یہ کہ صبح صادق اور نماز فجر کے درمیان ایک بار پڑھے۔

سُبْحَانَ مَنْ یَّمُنُّ وَلَا یُمَنُّ عَلَیْہِ سُبْحَانَ مَنْ یُّجِیْرُ وَلَا یُجَارُ عَلَیْہِ سُبْحَانَ مَنْ یُّبْرِءُ مِنَ الْحَوْلِ وَالْقُوَّۃِ اِلَّا بِہٖ، سُبْحَانَ مَنِ التَّسْبِیْحُ مِنْہُ مِنْہُ عَلٰی مَنِ اعْتَمَدَ عَلَیْہِ سُبْحَانَ مَنْ یُّسَبِّحُ کُلُّ شَیْءٍ بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا مَنْ یُّسَبِّحُ لَہُ الْجَمِیْعُ تَدَارِکْنِیْ بِعَفْوِکَ فَاِنِّیْ جَزُوْعٌ۔

پھر اللہ سے سو بار استغفار کرے۔ پس چالیس دن کے اندر اندر دولت دنیا اس کے قدموں میں ہوگی۔ یہ مجرب ہے۔

حاصلِ کلام اس تمام بحث کا حاصل یہ ہے کہ اسرار کا اثر اسرار شرع سے مفید ہے سو جو کوئی اپنے مقصد میں کامرانی چاہے، پہلے احکامِ شرع کو اپنائے، پھر ان امداد کو اپنائے۔ اسی بات کی طرف شیخ ابوالعباس البونی نے اپنی کتاب "قبس الاھتداء" میں اشارہ کیا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

تنبیہ جان لیجیے کہ ذکر و دُعا و خیرہ قضا و قدر کو بدلتے نہیں، یہ بندگی ہے۔ خلاصہ یہ کہ مقصد کے حصُول، اور قضاؤ قدر میں لطُف و کرم کا فائدہ دیتے ہیں اور بات کو نفس کے لیے آسان کر دیتے ہیں۔ یہاں تک کہ آدمی کسی کا محتاج نہیں رہتا، اور طلب کا مقصود یہی ہے۔ سو نتائج سپرد خُدا کر کے اور اس کے فیصلے کے آگے سر تسلیم خم کر کے اور اللہ سے حُسنِ ظن رکھ کے طلب کیجیے۔ تسلیم و رضا کی پیروی کیجیے۔ تمہارا رب مشکلات کو بڑا حل کرنے والا، جاننے والا ہے۔ الخ۔

شیخ زروق کا کلام ختم ہوا۔ مختلف و منتشر فوائد کے ذکر سے پہلے قرآنی آیات و سور کے منظوم فوائد ذکر کرتا ہوں تاکہ جو حفظ کرنا چاہے وہ آسانی سے حفظ کر سکے۔

قرآنی سُورتوں اور آیتوں کے فوائد

محبُ طبری نے اپنی کتاب "خلاصۃ الاثر فی اعیان القرن الحادی عشر" میں امام شیخ ابراہیم اللقانی کے حالات میں لکھا ہے "ان کے پاس بہت فوائد تھے بہُت سے فوائد نقل بھی کیے ہیں۔ ان میں سے ایک یہ کہ بچے کی پیدائش پر نومولود کے سر پر ہاتھ رکھ کر سورۂ قدر پڑھے وہ بچہ کبھی زنا نہیں کرے گا۔ یُونہی انہوں نے مفید باتیں اس طرح نظم کیں۔ ؎

یٰسٓ تُنْجِیْ مِنْ دُخَانِ الْوَاقِعَہ وَالْمُلْکُ وَالْاِنْسَانُ یَعْمُ الشَّافِعَہ

یاسین قیامت کے دھوئیں سے نجات دے گی۔ سورہ ملک اور سورہ دہر بہترین شفاعت کرنے والی ہیں۔

ثُمَّ الْبُرُوْجُ لَھَا انْشَرَاحُ ھٰذِہٖ سَبْعٌ وَّھُنَّ الْمُنْجِیَاتُ النَّافِعَہ

پھر بروج، جو مُشکل کھولنے والی ہے یہ سات ہیں، جو نجات و نفع دینے والی ہے۔"

marfat.com
Marfat.com

دوسرے الفاظ میں۔

زُمَرٌ یٰسٓ الَّتِیْ قَدْ فُصِّلَتْ تُنْجِی الْمُوَحِّدَ مِنْ دُخَانِ الْوَاقِعَه

زمر۔ یاسین۔ جو مفصل ہے توحیدی کو وقوع قیامت کے دھوئیں سے نجات دے گی۔

وَتَمَامُ سَبْعِ الْمُنْجِیَاتِ بِحَشْرِهَا وَالْمُلْکُ فَاحْفَظْهَا فَنِعْمَ الشَّافِعَه

پوری سات نجات دینے والی، قیامت میں (سورۂ حشر) اور سورۂ ملک، اسے یاد کرلے کہ بہترین شفاعت کرنے والی ہے۔

وَالْمُنْقِذَاتُ السَّبْعُ سُوْرَةُ کَوْثَرٍ مُتَتَالِیَاتٌ ثُمَّ سِتٌّ تَابِعَه

اور سات بچانے والی ہیں جن میں پہلی سورۂ کوثر اور پھر اس کے مسلسل چھ۔

وَالْمُهْلِکَاتُ السَّبْعُ قُلْ مُزَّمِّلٌ ثُمَّ الْبُرُوْجَ وَطَارِقٌ هِیَ قَاطِعَه

سات ہلاک کرنے والیاں، کہو مزمل۔ پھر بروج اور طارق جو کاٹنے والی ہے۔

ثُمَّ الضُّحٰی وَالشَّرْحُ مَعْ قَدْرٍ لِاِیْلَفٍ لِاِهْلَاکِ الْعُدُوِّ سَارِعَه

پھر ضحیٰ، انشراح، مع القدر، القریش۔ دشمن کی جلد ہلاکت کے لیے۔

عارف باللہ سیدی شیخ علوان الحموی نے اپنی کتاب "مصباح الہدایۃ" میں (۱) میں نے متاخرین میں محب الدین الدسوقی کی ایک طویل نظم دیکھی جو ان کے طویل قصیدہ ہے اس میں سورتوں اور آیتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ چند اشعار کا ترجمہ پیش کیا جارہا ہے

(۱) اور سورۂ واقعہ کو عشاء کے وقت ہمیشہ ترتیل سے پڑھ اس کے ذریعے بہت رزق حاصل کرے گا۔

(۲) اور مغرب کے بعد سورۂ ملک پڑھ، یہ عذاب قبر اور فتنہ قبر سے نجات دیتی ہے۔

(۳) اگر یاجوج ماجوج اور دجال سے بچنے کے لیے ہر جمعہ کو سورۂ کہف

marfat.com

Marfat.com

پڑھے۔(کیا اچھا ہے۔)

(۴) اگر نفع حاصل کرنا اور ضرر کا دفاع چاہے تو فرض نماز کے بعد دس بار سورۂ فاتحہ پڑھ۔

(۵) تکالیف دور کرنے کے لیے اپنے اوپر سورۂ یاسین لازم کرلے۔ یونہی آیۃ الکرسی، اور آخری سورت۔

(۶) یاسین تین چار بار پڑھ۔ یونہی سورۂ ملک۔ میرے فائدے کا لحاظ کر۔

(۷) جو مصیبت پڑے اُسے، آیۃ الکرسی کے بار بار پڑھنے سے دور کر۔

(۸) رات کے وقت غمگین ہوکر، قبولیت کی اُمید سے اور اس کی تعداد کے برابر قٓ ھٰآ۔ کٓ ۱۲۵ بار سورۂ سجدہ کا آخر۔

(۹) آیۃ الکرسی اور سورۂ آل عمران میں حصول مطلب ہے اور سورۂ طٰہٰ سے غفلت نہ کر۔

(۱۰) سورۂ شوریٰ کی پہلی پانچ آیتیں پھر سورۂ مریم کی پانچ آیتیں۔ جمع کرکے

(۱۱) پہلے سورۂ مریم کی پانچ اور آخر میں سورۂ شوریٰ کی پانچ پڑھ کر ختم کرے۔

(۱۲) جب چاہے انہیں پڑھ اور ان کا لحاظ کر اور خبردار یہ بات جاہلوں کو نہ بتلانا۔

(۱۳) پھر تیرا ارادہ ہو، سورۂ حشر کی آخری آیتوں کا اور سورۂ حدید کی ابتدائی آیتوں کا جہاں صحابہ کرام سے خطاب شروع ہوتا ہے۔

(۱۴) اس سے بھلائی پائے گا اور اس کی ضد سے دُور ہوگا اور ان کی تعداد ۶۵ ہے۔

(۱۵) اور سورۂ والشمس، صبح سویرے۔ حاجتوں کے لیے۔ یونہی سورۂ اعلیٰ خوشحالی قریب لانے کے لیے۔

marfat.com

Marfat.com

(۱۶) ظلم سے نجات اور تکالیف سے چھٹکارا پانے کے لیے ایوب علیہ السلام کی دعا سجدے میں گر کر۔

(۱۷) الس کو لازم کر لے کہ مجرب ہے، ایک نہیں کئی بار، الس کو ۹۹ بار پڑھ۔

(۱۸) سورۂ قدر امن و رحمت کی سورت ہے۔ اسے بھی لازم کر لے اور جب باوضو ہو، پڑھ لے۔

(۱۹) اور "سورۂ کافرین" لیٹ کر پڑھ۔ یہ تجھے شرک اور رات کی برائی سے بچائے گی۔

(۲۰) سورۂ اخلاص، سورہ الناس، سورۂ الفلق میں پرہیزگاروں کے لیے نور اور پردہ پوشی ہے۔

(۲۱) ان تمام سے پہلے بسم اللہ پڑھ لینا، جس کے پڑھنے کی تعداد ایک ہزار چھیانوے ہے۔

(۲۲) شرط یہ ہے کہ باوضو ہو کر تشہد میں بیٹھے، نفل سے فارغ ہو کر اپنے اوپر خدا کا خوف طاری کر۔

(۲۳) اور جو مانگتا ہے یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ ایک ہزار بار پڑھ زیادہ نہیں۔

شیخ علوان رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے اس پر کچھ فوائد کا اضافہ کیا ہے میں نے کہا۔

(۱) اور شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰـهَ آخر تک۔ آیت میں کفایت ہے، اور عافیت ہے، اے خطرناک بیماری والے۔

(۲) اور سورۂ فاتحہ کا دم کر دو ہر بیمار کو، جس کا منہ کڑوا، حلق سے نیچے کچھ نہیں جاتا۔ کسی جانور کے ڈنگ مارنے سے۔

(۳) سورۂ دخان کا بڑا اجر ہے۔ خصوصاً جمعہ کی رات اُسے حاصل کر سکتے ہو۔

marfat.com

Marfat.com

(۴) لِاِیْلٰفِ کو لازم کر لے۔ اس سے ڈر سے امن اور کھانے کے بعد اس کی فضیلت پہچان!۔

(۵) اِذَا زُلْزِلَتْ کو بار بار پڑھ اس میں فائدے ہیں بلاشبہ یہ نصف قرآن کے برابر ہے۔

(۶) اور آل عمران میں حرف مرکب (ابتدائی حروف مقطعات) کے قریب اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ کو ملحوظ رکھ۔

۷۔ بھول جانے کا ڈر ہو تو وہ کہہ جو اللہ کے فرشتوں نے حیرت میں کہا تھا۔

(۸) یہ اس وقت کی بات ہے جب میرے ربِ قدیر نے فرمایا، مجھے ان کے نام بتاؤ تو انہوں نے کہا سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا۔ اور ثابت قدم

(۹) فَسُبْحَانَ سَبِّیْ۔ صبح و شام سورۂ روم سے پڑھ۔ ترک نہ کرنا، نقصان ہوگا۔

(۱۰) اس سے انسان وہ بھلائیاں حاصل کر سکتا ہے۔ جو شب و روز اس سے رُکیں۔

(۱۱) سجستانی نے ایک عالم سے یہ روایت کی کہ تُخْزُوْنِ تک عاجزی و انکساری سے پڑھ۔

(۱۲) مصیبت کے وقت آیت استرجاع پڑھ (اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ) ہمارا رب خسارہ پورا کرے گا۔

(۱۳) کوئی کام شروع کرنا ہو تو سورۂ کہف کی دُعا اور رَبِّ اشْرَحْ لِیْ سے کر وجہ سورۂ روشن، سورۂ طٰہٰ میں ہے۔

(۱۴) اور خوف کے وقت حَسْبُنَا اللّٰہُ پڑھ، جو اسے پڑھے اللہ کے فضل و احسان سے خوف پھر جائے گا۔

(۱۵) برائیوں سے نجات دیتی ہے اللہ کی توفیق سے اسے یاد کر لے اُفَوِّضُ اَمْرِیْ الخ اسے مخلوق کے فریب برتے۔

marfat.com
Marfat.com

(۱۶) روزوں وغیرہ سے فارغ ہو کر، وہ دُعا پڑھ جو بیت اللہ کے بانی علیہ السلام نے پڑھی تھی، کبھی نقصان نہ اٹھائے گا۔ (ربنا تقبل)

(۱۷) وہ اپنے رب سے قبولیت کی دُعا مانگ رہے، تو بھی ان کی اقتدا کر۔ وہ کتنے عظیم اور بہتر نمونہ تھے۔

(۱۸) میت کے پاس، موت کے وقت سورۂ رعد اور یٰسین پڑھ۔ شب قبر کی تنہائی میں کام آئے گی۔

(۱۹) توفیق ہو تو نورانی دن، یعنی جمعہ کے دن نماز جمعہ سے فارغ ہو کر۔

(۲۰) اسی جگہ وقار سے بیٹھ کر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ۔

(۲۱) اور سورۂ اخلاص بھی اس کے بعد کہو اے غنی! مخلوق کو پہلی بار پیدا کرنے والے۔

(۲۲) اور دوبارہ لوٹانے والے! غنی پروردگار! مشکل حل فرما اور اپنے فضل سے مجھے کفایت کر۔ تمام مخلوق سے۔

(۲۳) یونہی سات بار اس میں فوائد ہیں، ہر جمعہ اس پر ہمیشہ کے لیے عمل کرتا رہ۔

(۳۴) اور سورۂ کہف میں جہاں رَقُوْدٌ (سونا) کا ذکر ہے پڑھ جاگتے ہوتے۔ آئندہ کی خبر اور وقت معلوم کر لے گا۔

(۲۵) اور آیۃ الکرسی میں مُردوں کے لیے رحمت اور عام نور۔ پھر ان کی لغزشوں کی بخشش ہے۔

(۲۶) اور سورۂ یٰسین میں بزدلوں کے لیے فائدے ہیں۔ اور سورۂ ملک کو کبھی نہ چھوڑنا۔

(۲۷) سورۂ اخلاص گیارہ بار مردوں کے لیے پڑھ۔ اے اچھے اخلاق والے ساتھی۔

marfat.com

Marfat.com

(۲۸) یونسی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر خصوصی درود وسلام پڑھنے سے بھی ہر میت
سے عذاب اٹھا لیا جاتا ہے۔

(۲۹) سورۂ ہود پھر آلِ عمران، کی تلاوت کے بڑے پھل ہیں۔ ہر عبادت سے
پہلے ان پر عمل کر۔

(۳۰) اور قیام کے وقت سُبْحَانَ رَبِّنَا اور مخلوق کے معبود کی تسبیح پڑھ۔

(۳۱) اس کے بعد سورۂ صافات پڑھ۔ اس کے بعد خیر اُمت کے والی ومختار
صلے اللہ علیہ وسلم پر درُود وسلام بھیج!۔

(۳۲) کہو، دُعا مانگو۔ سُبحان سے۔ تم پر اس کا ذکر لازم ہے۔ اس میں چوری
کے خطرات سے امان ہے۔

(۳۳) اس کو ابن عباس نے روایت کیا، اور تجھے ان کی مرفوع حدیث کافی
ہے۔ جو خیر خلق صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے۔

(۳۴) اللہ رحمٰن کے ناموں کے درمیان دعا مانگ قبول ہو گی، سورۂ الانعام
میں، اور من پسند مُراد حاصل کر۔

(۳۵) مال ومنال پر غرور آئے تو پڑھ جو باغ والے کے ساتھی نے اسے سکھائی
تھی (مَا شَآءَ اللّٰہ)

(۳۶) پیشاب بند ہو تو سورۂ الم نشرح پڑھ۔ ہر چھینٹا مارتے وقت۔

(۳۷) اگلی طرف (پیشاب گاہ پر) لیکن اسے ساتھی پورا عمل کرنے سے پہلے
ٹھہر جا۔ تلاوت آرام سے کر۔

(۳۸) اور یہ مبتلا شخص چھینٹوں کے درمیان لٹا دیا جائے۔ بندش کھُل جائے
گی۔ یہ مجرب اور صحیح ہے۔

(۳۹) جلاب سخت لگ جائیں تو کاغذ پر بسم اللہ کے بعد حٰمٓ تنزیل الکتاب لکھ کر

marfat.com
Marfat.com

پیٹ پر رکھ دے۔

(۴۰) سورۂ احقاف کی آخری آیت اور "النازعات" کی آخری آیت کسی ورق پر تحریر کر کے فوراً زچہ کے گلے میں ڈال دو۔ اللہ کے حکم سے بچہ آرام سے پیدا ہوگا۔

(۴۱) کوئی گم ہو جائے تو سورۂ ضحیٰ، اغنیٰ تک پڑھ۔ جو محکم آیت ہے۔

(۴۲) اور کہہ اے اللہ! تمام لوگوں کو اس دن کے لیے جمع فرمانے والے جس میں کوئی شک نہیں، میری حاجت پوری فرما۔

(۴۳) سورۂ طٰہٰ کے متن میں لوگ سوال کرتے ہیں، شفا کے لیے۔ ابو کعب! لکھ دے۔ اس کا لوگوں نے کثرت سے تجربہ کیا ہے۔

(۴۴) آمَنَّا تک سبحان ربنا۔ لہ حمٰم ۔ ہر حرف و کلمہ میں۔

(۴۵) اس کے بعد میں نے کچھ فوائد چھوڑ دیئے، جو کتاب اللہ میں یقیناً موجود ہیں۔

(۴۶) تو ان کو حاصل کر، یہ حقیقت چھپی نہیں کہ ان میں شفا ہے۔ اور ان کے ضمن میں ہر آفت کا تریاق ہے۔

(۴۷) سو مبارک ہو اس کو جو اس کے جمال کا ساتھی ہوا۔ جو کے بعد دیگرے حسن کی تازگی دیکھتا ہے۔

علامہ سید مرتضیٰ زبیدی نے شرح احیاء العلوم کے شروع میں امام غزالیؒ کے سوانح حیات کے ضمن میں فرمایا۔ اسرار فاتحہ کے متعلق یہ اشعار بھی آپ سے منسوب ہیں۔ رحمہ اللہ۔

(۱) جب تو رزق کی تلاش میں ہو، اور غلام و آزاد سے مقصد براری چاہے۔

(۲) اور جس کی اُمید سے جلد حاصل کرنا چاہے، اور مخالفت بیوفائی سے محفوظ رہنا چاہے۔

(۳) تو فاتحہ کتاب کا دامن تھام لے۔ بے شک اس میں تیری اُمید کا راز پوشیدہ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

(۴) تو ہمیشہ۔ صبح وشام ظہر وعصر اس کا ذکر کرتا رہ۔
(۵) ہر رات تو سے تک پڑھ۔ اس کے بعد دس اور دس کی تعداد پوری کر۔
(۶) ہو عزت و مرتبہ، دبدبہ اور عالی قدری چاہے گا، پائے گا۔
(۷) اور وہ پردہ پائے گا، جو راتوں میں کبھی پامال نہ ہو۔ کوئی حادثہ اس میں کمی نہ کر سکے۔
(۸) وقار، خوشی دائمی۔ اور ہر شر کے خوف سے محفوظ رہو۔
(۹) تنگ، بھوک اور قطع تعلقی سے، اور حکمرانوں کی دستبرد سے بچ جائے۔

بیماریوں سے شفا اور تکالیف کے خاتمہ سے متعلق

فوائد

سیوطی نے اتقان میں کہا ابن السنی نے کہا معوذتین وغیرہ، اسمائے خداوندی سے جھاڑ پھونک ہی دراصل طب روحانی ہے، جب نیک لوگوں کی زبان سے ہو، اللہ کے حکم سے شفا حاصل ہوتی ہے۔ جب یہ قسم ناپید ہونے لگی تو لوگ طب جسمانی کی طرف دوڑنے لگے۔ سیوطیؒ نے کہا اس حقیقت کی طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان اشارہ کیا ہے۔ کہ اگر اللہ کا نام لیتین والا پہاڑ پر پڑھے تو وہ ٹل جائے۔ القرطبی نے کہا اللہ کے کلام اور اسما سے جھاڑ پھونک جائز ہے۔ اگر ماثور ہے تو بہتر ہے۔ الربیع نے کہا میں نے امام شافعی سے دم درود کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا اگر اللہ کے کلام اور اللہ کے ذکر جو مشہور ہے اس سے دم کیا جائے تو کوئی حرج نہیں۔ ابن بطال نے کہا معوذتین میں جو راز و اثر ہے وہ قرآن کے دیگر حصوں میں نہیں کیونکہ یہ جامع دعا پر مشتمل ہے جو اکثر ناروا بیماریوں کے لیے عام ہے مثلاً جادو، حسد، شر

marfat.com
Marfat.com

شیطان، وسوسہ شیطان وغیرہ اسی لیے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم اکثر اس پر اکتفا فرماتے تھے۔ پھر "الاتقان" میں فضیلت قرآن و فاتحہ کے متعلق ابن القیم کے اقوال جو عنقریب نقل کیے جائیں گے، ان میں سے بعض نقل کرنے کے بعد کہا،

مسئلہ امام نووی نے "شرح المہذب" میں کہا اگر قرآن (جتنا ہو) کسی برتن میں لکھا جائے۔ پھر اسے دھو کر مریض کو پلایا جائے تو حسن بصری۔ مجاہد، ابو قلابہ اور اوزاعی نے کہا اس میں کوئی حرج نہیں۔ النخعی نے اسے مکروہ کہا ہے۔ فرمایا ہمارے مذہب کے مطابق یہ جائز ہے۔ قاضی حسین اور بغوی وغیرہ نے کہا اگر قرآن مٹھائی یا کھانے پر لکھا جائے تو اسے کھانا جائز ہے۔" الخ

الزرکشی نے کہا برتن والے مسئلے کو جن علماء نے جائز کہا ان میں العمادالنبہی بھی ہیں انہوں نے یہ وضاحت بھی ساتھ کر دی ہے۔ کہ جس ورق پر قرآن لکھا ہو اسے نگلنا جائز نہیں۔ لیکن ابن عبدالسلام نے پانی پینے سے بھی منع کا فتوٰی دیا ہے۔ لیکن وہ اندر کی نجاست سے جا ملے گا۔ اس میں بحث و نظر کی گنجائش ہے۔"

ابن الحاج رحمہ اللہ نے کہا دم کرنے کے بعد تھوکنا مستحب ہے۔ قاضی عیاض رحمہ اللہ نے کہا، دم کے بعد مریض پر تھوکنے سے فائدہ حصول برکت ہے۔ اس رطوبت سے۔ ہوا سے یا اس سانس سے جو دم سے ملی ہے۔ اور یا اچھے ذکر سے۔ جیسے ذکریا اسمائے حسنٰی کے عنسالہ سے برکت حاصل کی جاتی ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ جب اپنے اوپر دم کرتے تو پھونک مارتے اور لوہے نمک جس پر گرہ لگائی جائے اور سلیمانی انگوٹھی لکھی ہو یا گرہ لگائی جائے، یہ صورتیں انہیں سخت ناپسند تھیں کہ اس میں جادو کی مشابہت ہے۔ الخ

علامہ ابن القیم نے اپنی کتاب "زاد المعاد فی ہدی خیر العباد" میں المروزی کے حوالہ سے ابو عبداللہ یعنی امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ کا یہ عمل نقل کیا، المروزی کہتے ہیں مجھے بخار ہو گیا، امام احمد کو پتہ چلا تو آپ نے میرے لیے ایک پرزے پر لکھا بسم اللہ

marfat.com
Marfat.com

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ، مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ، یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَاَرَادُوْا بِہٖ کَیْدًا فَجَعَلْنٰھُمُ الْاَخْسَرِیْنَ، اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ اِشْفِ صَاحِبَ ھٰذَا الْکِتَابِ بِحَوْلِکَ وَقُوَّتِکَ وَجَبَرُوْتِکَ، اِلٰہَ الْحَقِّ۔ آمین۔ المروزی کہتے ہیں۔ ابوالمنذر عمرو بن مجمع نے ابوعبداللہ پر یہ حدیث پڑھی تو میں سن رہا تھا۔ یونس بن حبان کہتے ہیں، میں نے ابوجعفر محمد بن علی (زین العابدین) رضی اللہ عنہ سے تعویذ لٹکانے کے بارے میں پوچھا۔ انہوں نے فرمایا اگر کتاب اللہ یا کلام رسول صلے اللہ علیہ وسلم سے ہے تو لٹکائے اور جہاں تک ہو سکے شفا حاصل کر، میں نے کہا جو تجھے کے بخار کے لیے لکھ لوں بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَمُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ آخر تک۔ فرمایا، ہاں۔ امام احمد نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا وغیرہ سے نقل کیا ہے۔ کہ ان حضرات نے اس سلسلہ میں نرمی سے کام لیا ہے۔ امام احمد سے پوچھا گیا کہ تکالیف کے ازالہ کے لیے جو تعویذات گلے وغیرہ میں لٹکائے جائیں ان کے بارے میں کیا خیال ہے؟ آپ نے کہا مجھے امید ہے۔ کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔ عبداللہ بن احمد کہتے ہیں میں نے اپنے والد کو دانت نے والے اور بخار وغیرہ میں مبتلا شخص کے لیے تعویذ لکھتے دیکھا ہے۔ فرمایا اس سلسلہ میں امام بخاری و مسلم نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی یہ روایت نقل کی۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے تین صحابہ ایک سفر میں جا رہے تھے یہاں تک کہ وہ عرب قبائل میں سے ایک قبیلہ کے پاس جا ٹھہرے، انہوں نے ان سے مہمانی کا مطالبہ کیا، لیکن ان لوگوں نے ان کی مہمانی سے انکار کر دیا، اتنے میں قبیلہ کے سردار کو کسی کیڑے نے ڈس لیا۔ انہوں نے بڑی تگ و دو کی مگر درد دور نہ ہوا۔ ان میں سے کسی نے کہا، یہ لوگ جو یہاں ٹھہرے ہوئے ہیں اگر ان کے پاس جاؤ تو شائد ان کے پاس کوئی علاج ہو، یہ لوگ ان صحابہ کرام کے پاس آئے اور کہنے لگے، حضرات ہمارے سردار صاحب

marfat.com
Marfat.com

ڈسے گئے ہیں، ہم نے ہر طرح سے کوشش کر دیکھی مگر کسی چیز سے انہیں کوئی فائدہ نہ ہوا۔ آپ میں سے کسی کے پاس کوئی چیز ہے؟ ایک صاحب نے فرمایا ہاں۔ میں بخدا میں جھاڑ پھونک کرتا ہوں، مگر ہم نے تم سے مہمانی مانگی، تم نے ہماری مہمانی نہ کی۔ لہٰذا جب تک معاوضہ طے نہ کرو، دم نہیں کروں گا۔ اس پر ان لوگوں نے ایک ریوڑ بکریاں دینے پر مصالحت کر لی۔ وہ صاحب گئے فاتحہ پڑھتے گئے اور دم کرتے گئے، ایسے محسوس ہوا گویا اسی کی گرہ کھول دی گئی۔ وہ شخص بھلا چنگا چلنے پھرنے لگا۔ کوئی تکلیف نہ رہی فرمایا کہ ان لوگوں نے جو معاوضہ طے پایا تھا وہ ان کے حوالے کیا۔ ان حضرات میں سے کسی نے کہا تقسیم کر لو۔ جنہوں نے دم کیا تھا انہوں نے کہا ایسا نہ کرو، جب تک نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچ کر سب کچھ ذکر نہ کر دیں۔ پھر دیکھیں آپ کیا حکم دیں گے۔ یہ حضرات نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور واقعہ بیان کیا فرمایا: تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ یہ دم ہے پھر فرمایا تم نے ٹھیک کیا، تقسیم کرو اور اپنے ساتھ میرا حصہ بھی نکالو۔" ایک اور مقام پر فرمایا فاتحۃ الکتاب "اُمّ القرآن" ہے۔ سبع مثانی ہے۔ مکمل شفا، نفع مند دوا، مکمل جھاڑ پھونک۔ غنا و فلاح کی کنجی۔ قوت کی محافظ، غم والم اور خوف وحزن اس آدمی سے دُور کرنے والی ہے۔ جو اس کی قدر و منزلت پہچانے، اسے اس کا حق دے۔ اچھی طرح بیماری میں استعمال کرے۔ اس سے شفایابی کا طریقہ جانتا ہو اور وہ بھید بھی جانتا ہوں، جس کی وجہ سے اس میں یہ خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ جب بعض صحابہ اس مقام پر فائز تھے۔ موذی جانور کے کاٹے پر دم کیا۔ وہ اسی وقت ٹھیک ہو گیا۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا، تجھے کیسے پتہ چل گیا۔ کہ یہ دَم ہے۔ توفیق الٰہی جس کا ساتھ دے، اور چشم بصیرت حاصل ہو جائے۔ یہاں تک کہ اس سورۃ کے اسرار پر واقف ہو جائے اور جن حقائق پر مشتمل ہے۔ ان سے واقفیت ہو جائے مثلاً توحید، معرفتِ ذات، اسماء وصفات و افعال،

marfat.com
Marfat.com

شریعت پر ثابت قدم ہو۔ تقدیر، قیامت، تجرید، توحید و ربوبیت، الوہیت، کمال توکل ہر معاملہ مالک کے سپرد کرنا، جو ہر تعریف کا مالک ہے۔ جس کے ہاتھ تمام خیر ہے، جس کی طرف ہر معاملہ لوٹتا ہے۔ اور طلب ہدایت میں اس کی محتاجی، جو سعادت دارین کی اصل ہے، ہو۔ معانی کا حصول بھلائی اور دفع مفاسد سے جو تعلق ہے اسے جانتا ہو۔ اور یہ کہ عافیت مطلقہ۔ کاملہ اور نعمت تامہ۔ اسی سے متعلق ہے اور اسی کے وجود پر موقوف ہے تو یہ یقین اسے کئی دوائیوں اور دموں سے مستغنی کر دے۔ اس پر بھلائی کے دروازے کھل جائیں اور شر کے اسباب ختم ہو جائیں۔ یہ چیز کسی اور فطرت، کسی دوسرے عقل و ایمان کے پیدا ہونے کی محتاج ہے۔ خدا کی قسم کوئی غلط بات، کوئی باطل بات بدعت ہو، فاتحہ شریف اس کے رد و ابطال پر مشتمل ہے۔ قریب ترین اور واضح ترین طریقے سے، معارف الٰہیہ کا کوئی دروازہ۔ دلوں کے اعمال اور ان کی بیماریاں اور ان سے بچنے کی دوائیں، ان سب کی کنجی اور اس کا تمام دلالت فاتحہ میں ہے، اور رب العالمین کی طرف چلنے والوں کی جو بھی منزل ہے۔ اس کی ابتدا و انتہا اس میں ہے۔ اللہ کی بقا کی قسم اس کی شان اس سے بڑھ کر اور بلند تر ہے جو کچھ بندے نے کیا، جس کا سہارا لیا اور جو سوچا سمجھا اور زبان سے کہا، اس سب سے برتر ہے۔ اللہ نے اسے کامل شفا بنا کر نازل کیا، مکمل حفاظت۔ واضح نور اس کا اور اس کے لوازم کا کما حقہٗ سمجھنا عین سعادت ہے۔ بدعت، شرک اور دل کے باقی امراض معمولی حد تک پیدا ہوں تو ہوں۔ وہ بھی برقرار نہیں رہ سکتے۔ زمین کے خزانوں کی یہی بڑی چابی ہے۔ جیسے جنت کی چابی ہے۔ ہر آدمی اس چابی سے صحیح طور پر کھول نہیں سکتا۔ اگر خزانوں کے طالب اس سورہ کے اسرار پر واقف ہو جائیں اور اس کے معانی سمجھ جائیں اور اس چابی کے حصول میں کئی سال سفر کرنا پڑے، کریں اور صحیح طریق سے کھول سکیں۔ تو یہ خزانے بلا روک ٹوک حاصل کر لیں، ہم یہ بات مجاز و استعارہ کے طور پر نہیں بطور حقیقت

marfat.com
Marfat.com

عرض کر رہے ہیں لیکن اکثر علماء سے اس راز کے پوشیدہ رکھنے میں، اللہ کی حکمتِ بالغہ کارفرما ہے۔ جیسے زمین کے خزانوں کی ان سے پوشیدگی میں حکمت بالغہ ہے۔ ابن ماجہ نے اپنے سنن میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "خَيْرُ الدَّوَاءِ الْقُرْآنُ" "بہترین دوا قرآن ہے"۔ یہ تو سب کو معلوم ہے۔ کہ بعض کلام کے خواص و منافع مجرب ہیں۔ پھر اللہ کے کلام کے متعلق کیا خیال ہے جس کی فضیلت ہر کلام پر ایسی ہے جیسی اللہ کی فضیلت اپنی مخلوق پر، جو مکمل شفا، منافع بخش حفاظت نافعہ۔ نور، رہنما، رحمت عامہ۔ وہ کہ اگر پہاڑ پر اتارا جاتا، تو اس کی عظمت و جلال سے پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جاتا فرمانِ باری تعالےٰ ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ	ترجمہ: ہم قرآن سے وہ نازل کرتے
شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔	ہیں جو ایمان والوں کے لیے شفاء و رحمت ہے"

تو فاتحہ کے متعلق کیا خیال ہے۔ جس کی مثل نہ قرآن میں، نہ تورات میں، نہ انجیل و زبور میں۔ جو کتاب اللہ کے تمام مقاصد پر مشتمل ہے۔ جو اسمائے باری تعالیٰ کے اصول و مجامع کو متضمن ہے۔ یعنی اللہ، رب، رحمٰن، رحیم۔ جس میں قیامت کا اثبات، توحید الوہیت کا اثبات ہے۔ جس میں مدد مانگنے کے لیے اللہ کی طرف احتیاج، طلبِ ہدایت اور خاص اسی سے طلب کا ذکر ہے۔ سب سے افضل اور نافع تر دعا کا ذکر ہے۔ اور اس چیز کا ذکر ہے جس کی بندوں کو سب سے زیادہ احتیاج ہے اور وہ ہے سیدھے راستے کی ہدایت، جو کمالِ معرفت، توحید، عبادت کہ جو اس نے حکم دیا اس پر عمل کیا جائے اور جس سے اس نے منع فرمایا اس سے بچا جائے۔ اور تا مرگ اس پر قائم رہنے کی دعا کو متضمن ہے۔ اور اس سورۂ مبارکہ میں مخلوق کی دو قسمیں کی گئی ہیں۔ ایک قسم ان لوگوں کی ہے جو حق کو پہچانتے، اس پر عمل کرتے، اس سے محبت اور ایثار

marfat.com

Marfat.com

کا برتاؤ کرتے ہیں۔ دوسری قسم ان لوگوں کی جو حق پہچان کر اس سے منہ موڑتے اور کچھ حق شناسی کی وجہ سے گمراہ ہیں۔ یہ ہیں مخلوق کی قسمیں۔ ساتھ ہی ساتھ یہ سورۂ قضاؤ قدر شرع اسماؤ صفات۔ معاد، نبوّات، تزکیۂ نفوس۔ اصلاح قلوب۔ اللہ کے عدل و احسان کے ذکر اور تمام اہل باطل و بدعت کے رَدّ پر مشتمل ہے۔ جیسا کہ یہ تمام امور ہم نے اس کی عظیم و ضخیم شرح میں ذکر کئے ہیں۔ لہٰذا یہ سورت بجا طور پر اس شان کی ہے کہ اس کے ذریعے بیماریوں سے شفا حاصل کی جائے۔ ڈسے ہوئے پر اس کا دم کیا جائے۔

خلاصہ یہ کہ فاتحہ ان اُمور کو شامل ہے۔ خالص بندگی، اللہ کی ثنا، ہر کام اس کے سپرد کرنا۔ اس سے مدد مانگنا، اس پر بھروسہ رکھنا۔ تمام نعمتیں اس سے مانگنا تمام نعمتوں کا مجموعہ ہدایت ہے۔ جس کے ذریعے نعمتوں کا حصول اور تکالیف کا دفاع ہوتا ہے۔ سب سے بڑی دوا ہے، شافیہ کافیہ ہے۔

ایک اور قول

کبھی یہ کہا جاتا ہے کہ سورۂ فاتحہ میں جھاڑ پھونک کا مقام اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ ہے۔ اور اس میں شک نہیں کہ یہ دو کلمے اس دوا کے مضبوط ترین حصے ہیں کیونکہ ان میں عام خود سپردگی، توکل، التجا، استعاذہ، افتقار۔ طلب اور ان سب کے ساتھ اعلیٰ ترین مقصد جمع ہے۔ اور وہ ہے۔ صرف ایک پالنے والے کی عبادت۔ اور بزرگ ترین وسیلہ ہے اور وہ ہے عبادت میں ایسی مدد مانگنا جو کسی اور سورہ میں نہیں مانگی گئی۔

آپ رحمہ اللہ علیہ نے فرمایا، مکہ معظمہ میں ایک ایسا وقت مجھ پر گذرا۔ کہ میں بیمار ہوا۔ نہ طبیب ملا نہ دوا۔ اس پر میں نے فاتحہ سے علاج شروع کیا۔ زمزم کا پانی لیا اور اس پر کئی بار فاتحہ پڑھی۔ پھر وہ پانی پی لیا۔ اور اسی سے صحت کاملہ پائی۔ پھر میں نے بہت ساری تکالیف میں اس پر اعتماد کیا اور بے انتہا فائدہ اٹھایا اسی کتاب میں ایک اور مقام پر فرمایا۔ اللہ فرماتا ہے۔ ہم قرآن میں وہ کچھ نازل کرتے ہیں جس میں شفا اور اہل

marfat.com

Marfat.com

ایمان کے لیے رحمت ہے" صحیح یہ ہے کہ لفظ مِنْ یہاں تبعیض کے لیے نہیں، بیان جنس کے لیے ہے اور اللہ فرماتا ہے "اے لوگو! تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس نصیحت اور سینوں میں پائی جانے والی بیماریوں کے لیے شفا آچکی ہے" سو قرآن کریم قلب وجسم کی تمام بیماریوں کے لیے شفا آچکی ہے" دُنیا کی بیماریاں ہوں یا آخرت کی۔ لیکن اس سے شفا حاصل کرنے کی نہ ہر آدمی میں قابلیت ہے نہ موافقت۔ اور جب بیمار اچھی طرح اس سے علاج کرے۔ اور اپنی بیماری پر صدق و ایمان، قبول تام، پختہ یقین اور مکمل شرائط کے ساتھ، اس کا استعمال کرے، بیماری کبھی اس کا مقابلہ نہ کر سکے گی۔ اور زمین و آسمان کے مالک کے اس کلام کا مقابلہ بیماری کرے بھی کس طرح جسے پہاڑوں پر اُتارا جاتا، تو ان کو ریزہ ریزہ کر دیتا۔ زمین پر اتارا جاتا تو اسے کاٹ کے رکھ دیتا۔ پس دلوں اور جسموں کی کوئی بیماری ایسی نہیں، جس کی بیماری قرآن نہ بتائے۔ جس کی پرہیز نہ کرے۔ ہاں یہ سب کچھ اس کے لیے ہے جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن فہمی نصیب کی۔ فرمایا کُتب طِب کے شروع میں، قرآن طبی قواعد و اصول مذکور ہیں یعنی صحت کی حفاظت اور پرہیز اور ایذا دہ چیزوں سے بچنا۔ اسی دلیل سے آپ اس قسم کی باقی مباحث کو سمجھ سکتے ہیں۔ رہیں دلی بیماریاں تو قرآن ان بیماریوں کو ان کے اسباب اور ان کے علاج کو تفصیل سے بیان کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "کیا انہیں کافی نہیں کہ ہم نے تم پر کتاب اتاری جو ان پر پڑھی جاتی ہے" سو جس کو قرآن سے شفا نہیں ملتی، اُسے اللہ شفا نہ دے۔ فرمایا معوذتین کی خرابیوں کے واقع ہونے سے پہلے ہی ختم کر دینے اور ان سے حفاظت وصیانت سے متعلق بڑی شان ہے۔ اسی لیے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کو ہر نماز کے بعد ان کے پڑھنے کا حکم دیا" اس کو ترمذی نے اپنی جامع میں ذکر کیا ہے۔ اس روایت میں ایک بڑا راز پوشیدہ ہے۔ گویا ایک نماز سے دوسری نماز تک ہر قسم کے شر دُور رہتے ہیں۔ اور فرمایا پناہ

marfat.com

Marfat.com

مانگنے والوں نے اس جیسے وسیلہ سے کبھی پناہ نہیں مانگی" اور یہ بھی مذکور ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم پر گیارہ گرہوں سے جادو کیا گیا تو جبریل علیہ السلام یہ دونوں سورتیں لے کر حاضرِ خدمت ہوئے۔ تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم جونہی ایک آیت پڑھتے ایک گرہ کھل جاتی۔ یہاں تک کہ تمام گرہیں کھل گئیں تو گویا آپ کا جسم اقدس رسی میں بندھا ہوا تھا۔ جیسے کھول دیا گیا۔

دَرد کا علاج جھاڑ پھونک سے

صحیح بخاری و مسلم میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب کسی انسان کو تکلیف ہوتی یا زخم و پھنسی ہوتی، تو آپ اپنی شہادت کی انگلی اس طرح کرتے راوی حدیث حضرت سفیان نے اپنی شہادت کی انگلی زمین پر رکھی، پھر اٹھائی اور یہ کلمات پڑھے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا لِیَشْفِیْ سَقِیْمَنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔"

ترجمہ:۔ اللہ کے نام سے، ہماری زمین کی مٹی ہمارے کسی کے لعاب کے ساتھ کہ ہمارے بیمار کو شفا دے، ہمارے رب کے حکم سے"

پھوڑے یا زخم کا دم

امام مسلم نے اپنی صحیح میں، عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اپنے جسم میں دَرد کی شکایت کی اور کہا جب سے اسلام قبول کیا یہ تکلیف ہے۔ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جسم کے جس حصے میں دَرد ہے۔ اس پہ اپنا ہاتھ رکھو۔ پھر آپ نے فرمایا یہ کلمات پڑھو، تین بار بِسْمِ

marfat.com
Marfat.com

اللہ اور سات بار اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَ اُحَاذِرُ "... میں اللہ کی عزت و قدرت کی پناہ چاہتا ہوں، اس کے شر سے جو محسوس کرتا ہوں اور جس سے ڈرتا ہوں"۔

صحیح بخاری و مسلم میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بعض اہل خانہ کو اس طرح اللہ کی پناہ میں دیتے تھے کہ اس پر اپنا دایاں دستِ اقدس پھیرتے اور فرماتے:۔

"اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْھِبِ الْبَاْسَ وَاشْفِ، اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُکَ شِفَاءً لَّا یُغَادِرُ سَقَمًا"

ترجمہ: اے اللہ! لوگوں کے پروردگار تکالیف دُور فرما دے، اور شفا دے۔ تو ہی شفا دینے والا ہے۔ شفا تو بس تیری شفا ہے۔ ایسی شفا جو بیماری کو نہ چھوڑے"

خوف و مُصیبت کا علاج

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

"اور ان صبر کرنے والوں کو خوشخبری سُناؤ جن کو کوئی مصیبت پہنچے تو کہیں بے شک ہم اللہ کے لیے ہیں اور بے شک ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ ان لوگوں پر، ان کے پروردگار کی طرف سے برکتیں اور رحمت ہے اور وہی راہ پانے والے ہیں"۔

اور مسند میں آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا فرمان منقول ہے۔ جس کو مُصیبت پہنچے۔ اور وہ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ پڑھے۔ اور یہ کہے اَللّٰھُمَّ اْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاخْلُفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا "الٰہی! میری مُصیبت میں مجھے پناہ دے اور اس کی جگہ بہتر عطا فرما" تو اللہ اس کی مُصیبت سے اسے پناہ دے گا، اور اس کی جگہ اُسے

marfat.com
Marfat.com

بہتری دے گا۔" پھر ابن القیم نے زاد المعاد میں ایک اور جگہ کہا، فرمانِ باری تعالیٰ ہے۔

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ترجمہ: نماز اور صبر کے ذریعے مدد چاہو

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ؛ بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے

ساتھ ہے"

اور فرمایا :-

وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَ ترجمہ: اپنوں کو نماز کا حکم کرو، اور خود

اصْطَبِرْ عَلَيْهَا لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا بھی اس پر کاربند رہو۔ ہم تم سے

نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ رزق نہیں مانگتے، ہم تمہیں رزق دیں

لِلتَّقْوٰى" گے اور انجام کار پرہیزگاری کا ہے"۔

سُنن میں ہے کہ جب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کوئی بڑا واقعہ آپڑتا۔ تو آپ نماز کی طرف دوڑتے"۔ نماز سند ق دیتی ہے۔ صحت کی ضامن ہے۔ تکلیف دُور کرنے والی، بیماریوں کو ہٹانے والی، دل کو طاقت دینے والی۔ چہرے کو چمک، طبیعت کو سرور، سُستی دُور، اعضا کو چستی اور طاقت بڑھانے والی ہے۔ سینہ کھولنے والی، رُوح کو غذا دینے والی اور دل کو منوّر کرنے والی ہے، نعمت کی محافظ اور بدبختی دور کرنے والی ہے۔ حصُول برکت کا ذریعہ، شیطان سے دُور اور رحمٰن سے قریب کرنے والی ہے۔ مختصر یہ کہ صحت، بدن اور دل کی صحت اور قوت دینے میں۔ اور جسم و رُوح کے ردی مواد کو ختم کرنے میں اس کی عجیب تاثیر ہے۔ جب کبھی دو شخص کسی آفت و بیماری میں مبتلا ہُوں، نمازی کے حصّے میں نسبتاً کم آئے گی اور انجام کار وہ محفوظ تر رہے گا اور دنیاوی خرابیوں کو دُور کرنے میں نماز کی عجیب تاثیر ہے۔ خصوصاً جب نماز کی ظاہری و باطنی شرائط کا لحاظ کرتے ہُوئے اس کا حق ادا کیا جائے اور کامل ادا کی جائے تو پھر نماز کی طرح دنیا و آخرت کے شر کوئی اور شے دُور نہیں کر سکتی اور نہ دُنیا و آخرت

marfat.com
Marfat.com

کی بھلائیاں اس کی طرح کوئی عبادت حاصل کر سکتی ہے۔ اس میں راز یہ ہے کہ نماز اللہ تعالیٰ سے ملنے کا ذریعہ ہے۔ اور جس قدر بندہ اللہ تعالیٰ سے قریب تر ہوگا اُسی قدر

نماز کے اسرار

اس پر خیر و برکت کے دروازے کھُلیں گے اور شر کے اسباب ختم ہوں گے۔ اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس پر توفیق، عافیت، صحت، غنیمت، آرام۔ نعمتوں اور تمام خوشیوں کا فیضان ہوگا۔ ان کے اسباب مُہیا ہوں گے۔ سب کچھ ملے گا اور جلد ملے گا" فرمایا اس سے پہلے نماز کے ذریعے تمام دردوں سے شفا حاصل ہونے کا ذکر ہو چکا ہے۔ بشرطیکہ ابتدا میں اس کے ذریعے ان کا علاج کیا جائے۔ ایک اور جگہ فرمایا۔

بچے کی پیدائش میں تکلیف دُور کرنے کے لیے

بچے کی پیدائش کی سختی دُور کرنے کی تحریر۔ حلاّل کہتے ہیں۔ مجھے عبداللہ بن احمد بن حنبل نے بتایا کہ میں نے اپنے والد کو دیکھا، کہ جب کسی عورت پر زچگی کی تکلیف ہوتی تو سفید پیالے یا کسی ستھری چیز پر ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث لکھتے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ، سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ کَاَنَّھُمْ یَوْمَ یَرَوْنَھَا مَا یُوْعَدُوْنَ لَمْ یَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَۃً مِّنْ نَّھَارٍ بَلَاغٌ کَاَنَّھُمْ یَوْمَ یَرَوْنَھَا لَمْ یَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِیَّۃً اَوْ ضُحٰھَا"

ترجمہ:۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، حکمت و کرم والا۔ اللہ پاک ہے عرشِ عظیم کا مالک۔ سب تعریفیں اللہ پروردگارِ جہاں کے لیے ہیں۔ جس دن دیکھیں گے وہ وعدے وعید جو ان سے کئے گئے تھے تو محسوس ہوگا کہ وہ تو

marfat.com
Marfat.com

دُنیا میں دن کا کچھ حصہ گزار کر آئے ہیں۔ ان کو اللہ کے احکام پہنچاؤ۔
جس دن قیامت کو سامنے دیکھیں گے تو محسوس ہوگا گویا دنیا میں ایک شام
یا دوپہر گزار کر آئے ہیں"

الخلال نے کہا، ہمیں ابوبکر مروزی نے خبر دی کہ ابو عبداللہ یعنی امام احمد بن حنبل کے پاس ایک شخص آیا، اور کہا اے ابوعبداللہ! جو عورت دو دن سے زچگی کی تکلیف میں مبتلا ہے آپ اس کے لیے کچھ لکھ کر دیں گے؟ آپ نے اُسے ایک بڑا پیالہ اور زعفران لانے کو کہا، میں نے بے شمار لوگوں کے لیے انہیں تعویز لکھ کر دیتے دیکھا۔

اور عکرمہ عن ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالہ سے ذکر کیا جاتا ہے کہ حضرت عیسٰے علیہ السلام کا ایک گائے پر گذر ہوا جس

دم عیسٰے علیہ السلام

کا بچہ ہونے والا تھا۔ گائے نے عرض کیا، اے کلمۃ اللہ! میرے لیے اللہ سے دُعا کریں کہ اس تکلیف سے نجات بخش دے۔ آپ نے فرمایا۔ اے نفس کو نفس سے پیدا کرنے والے اور اے نفس کو نفس سے چھڑانے والے! اور اے نفس کو نفس سے نکالنے والے۔ اسے خلاصی عطا فرما! بس اسی وقت بچہ باہر آ گیا اور گائے اسے اُٹھ کر سُونگھنے چاٹنے لگی۔ فرمایا جب بھی کسی عورت کو بچے کی پیدائش پر تکلیف ہو۔ اس کے لیے اسے لکھو۔ فرمایا جتنے دم پھُونک بیان ہوئے ان کی تحریر مفید ہے اور سلف کی ایک جماعت نے قرآنی کلمات کو لکھنے اور گھول کر پینے کی رخصت دی ہے اور اسے وہ شفا قرار دیا جو قرآن میں ہے۔

اس مقصد کیلیے ایک اور تحریر

صاف ستھرے برتن میں لکھا جائے۔

إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ..... پھر اسے پانی میں حل کر کے حاملہ کو پلایا جائے اور اس کے پیٹ پر اس کے چھینٹے مارے جائیں۔

marfat.com
Marfat.com

نکسیر کے لیے ابن تیمیہ کا نسخہ

فرمایا کہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نکسیر والے کی پیشانی پر لکھتے

وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ "

اے زمین اپنا پانی نگل جا۔ اور اے آسمان تھم جا۔ اور پانی اُتر گیا۔ اور کام تمام ہو گیا "

میں نے انہیں کہتے ہوئے سُنا کہ میں نے یہ آیت کئی مریضوں کے لیے لکھی اور وہ ٹھیک ہو گئے۔ اور فرمایا اسے نکسیر کے خون سے نہ لکھے جیسے جاہل لوگ کرتے ہیں کیونکہ خون پلید ہے اس سے اللہ کا کلام لکھنا ناجائز ہے۔

سر کی سکری اور گنجے پن کے لیے تعویذ

اس پر لکھے۔

فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ فِيهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ۔ اس کھیتی کو بگولہ پہنچا جس میں آگ ہے۔ سو وہ جل گئی "

باری کے بخار کیلئے

تین ہلکے پھلکے ورقوں پر لکھے بِسْمِ اللّٰهِ فَرَّتْ۔ بِسْمِ اللّٰهِ مَرَّتْ۔ بِسْمِ اللّٰهِ قَلَّتْ۔ اللہ کے نام سے بھاگ گیا۔ اللہ کے نام سے گزر گیا۔ اللہ کے نام سے کم ہو گیا " ہر روز ایک ورق پانی میں حل کر کے نگل لے۔

عِرْقُ النِّسَاء کے لیے

(ایک قسم کا درد جو ران سے گھٹنے یا پاؤں تک ہوتا ہے) (المنجد)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ، اَللّٰهُمَّ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكَ كُلِّ شَيْءٍ وَخَالِقَ كُلِّ شَيْءٍ أَنْتَ خَلَقْتَنِي وَأَنْتَ خَلَقْتَ

marfat.com
Marfat.com

النِّسَاءَ فِيَّ فَلَا تُسَلِّطْهُ عَلٰى بَدَنِيْ وَلَا تُسَلِّطْنِيْ عَلَيْهِ بِقَطْعٍ وَاشْفِنِيْ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا لَا شَافِيَ اِلَّا اَنْتَ"

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو رحم کرنے والا مہربان ہے۔ اے اللہ! ہر چیز کے پروردگار! ہر شے کے مالک! ہر چیز کے پیدا کرنے والے، تو نے ہی مجھے پیدا کیا۔ اور تو نے ہی میرے وجود میں عرق النسا پیدا کیا۔ سو میرے بدن پر اسے مسلط نہ فرما۔ اور نہ ہرگز مجھے اس پر مسلط فرما، اور مجھے ایسی شفا عطا فرما جو بیماری کا نام تک نہ چھوڑے تیرے سوا کوئی شفا بخشنے والا نہیں"

جسم میں درد ہو یا آنکھ پھڑکے

ترمذی نے اپنی جامع میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بخار اور تمام دردوں سے شفایاب ہونے کے لیے یہ دعا سکھاتے تھے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ عَرْقٍ نَعَّارٍ وَّ مِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ"

ترجمہ:۔ اللہ بزرگ کے نام سے، میں عظمت والے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔ ہر بہنے والی رگ کے شر اور آگ کی گرمی کے شر سے"

داڑھ میں درد ہے

درد والی داڑھ کے ساتھ والے رخسار پر (انگلی سے) لکھے۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ هُوَ الَّذِيْ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ"

marfat.com
Marfat.com

اللہ کے نام سے شروع جو رحم کرنے والا مہربان ہے۔ تم فرماؤ وہی تو ہے
جس نے تم کو پیدا کیا، اور تمھارے لیے کان اور آنکھیں اور دل بنائے۔
بہت کم شکر کرتے ہو۔

اگر چاہے تو یہ لکھے۔

"وَلَهٗ سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ"

رات اور دن میں جو سکونت پذیر ہے، اسی کا ہے اور وہی سُننے جاننے
والا ہے"۔

پھوڑا پھنسی کے لیے

پھوڑے پر ہاتھ سے لکھے۔

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا فَيَذَرُهَا
قَاعًا صَفْصَفًا لَا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَا اَمْتًا"

اور تم سے پہاڑوں کے بارے میں پوچھتے ہیں، تو تم فرماؤ میرا رب ان
کو دھول بنا کر اڑا دے گا۔ اور زمین کو ہموار چٹیل میدان بنائے گا جس
میں تم بل کج نہ دیکھو گے" (طٰہٰ ۱۰۵ تا ۱۰۷)

ابن القیم کی کتاب زاد المعاد سے میرا انتخاب ختم ہوا۔

بچے کی پیدائش میں آسانی کے لیے

ابن الحاج نے "المدخل" میں کہا، بچے کی ولادت میں آسانی کے لیے میرے
شیخ ابن ابی جمرہ رحمہ اللہ نے بتایا کہ نئے برتن میں لکھے:
بیٹے تنگ پیٹ سے اور وسیع دنیا کی طرف نکل آ، اس خدا کی قدرت

marfat.com
Marfat.com

سے نکل جس نے تجھے محفوظ رکھنے میں، مقررہ مدت تک رکھا؟
اُخْرُجْ اَیَّتُھَا الْوَلَدُ مِنْ بَطْنِ ضَیِّقٍ وَمِنْ تَحْتِ ضَیِّقٍ اِلٰی سَعَۃِ
ھٰذِہِ الدُّنْیَا اُخْرُجْ بِقُدْرَۃِ الَّذِیْ جَعَلَکَ فِیْ قَرَارٍ
مَکِیْنٍ اِلٰی قَدْرٍ مَّعْلُوْمٍ لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ۔
آخر سورہ تک ..... وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ
شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ "اور ہم قرآن سے وہ کچھ نازل کرتے
ہیں جو اہل ایمان کے لیے شفا و رحمت ہے"

اس دم کیے ہوئے پانی کو زچہ پئے بھی، اور اپنے چہرے پر اس کے چھینٹے بھی مارے۔
فرمایا میں نے یہ نسخہ بعض بابرکت حضرات سے لیا اور جسے لکھ کر دیا فوری فائدہ ہوا" الخ

امام سیوطی کا فرمان - جھاڑ پھونک

حافظ سیوطی نے "خصائص الکبریٰ" میں فرمایا۔ امام بیہقی نے خارجہ بن الصلت تمیمی سے، انہوں نے اپنے چچا سے یہ روایت نقل کی ہے۔ کہ وہ کچھ لوگوں کے پاس سے گزرے، جن کے ہمراہ زنجیروں سے جکڑا ہوا پاگل تھا۔ ان میں سے ایک نے ان سے کہا آپ کے پاس اس کے لیے کوئی دوا ہے۔؟ کیونکہ تمہارے ساتھی (رسول اللہ) بھلائی لے کر آتے ہیں۔ انہوں نے صبح و شام اس پر تین دن تک فاتحہ سے جھاڑ پھونک کی۔ وہ مریض ٹھیک ہو گیا۔ اس شخص نے اسے سو بکریاں دیں۔ وہ صاحب نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں آئے۔ اور سرکار کے سامنے یہ قصہ بیان کیا۔ فرمایا کھاؤ۔ لوگ غلط جھاڑ پھونک پر نذرانے لیتے ہیں، تم نے تو صحیح دم کیا ہے۔

امام بیہقی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کی۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ کے اس فرمان۔ اُدْعُوا اللّٰہَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ۔۔۔

marfat.com
Marfat.com

.....پوری آیت ،
اللہ کو پکارو یا رحمٰن کو پکارو۔

کے سلسلہ میں فرمایا یہ آیت چوری سے حفاظت ہے۔

چوری سے امان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے رات سوتے وقت اسے پڑھا اس کے گھر میں چور گھس آیا۔ گھر میں موجود سب کچھ سمیٹا اور اُٹھا کر چلتا بنا۔ وہ صحابی جاگ رہے تھے یہاں تک کہ چور دروازے تک جا پہنچا۔ دیکھا دروازہ بند ہے۔ گٹھڑی اتاری تو دروازہ کھلا تھا۔ تین بار ایسا ہی ہوا کہ گٹھڑی اٹھاتا تو دروازہ بند ہو جاتا، اُتارتا تو کھل جاتا) صاحب خانہ ہنس پڑے۔ فرمایا میں نے اپنا گھر مضبوط بنایا ہے۔

ایک نیوکار شخص نے کہا مجھے بہت سخت درد ہوا۔ خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار نصیب ہوا۔ آپ نے اپنا دستِ مبارک میرے سر پر رکھا اور پڑھا۔

"بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّیَ اللّٰہُ حَسْبِیَ اللّٰہُ۔ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ اِعْتَصَمْتُ بِاللّٰہِ، فَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ، مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ"

اللہ کے نام سے۔ میرا پالنے والا اللہ ہے، مجھے اللہ کافی ہے۔ میں نے اللہ پر بھروسہ کیا۔ میں نے اللہ کا سہارا لے لیا۔ میں نے اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کیا۔ جو اللہ چاہے، اللہ کے سوا کوئی طاقت نہیں"

فرمایا ان کلمات کو کثرت سے پڑھو، ان میں ہر بیماری کی شفا، ہر تکلیف سے رہائی اور دشمنوں پر مدت ہے"

سیّدی احمد زروق رحمہ اللہ نے حزب البحر میں لکھی گئی اپنی شرح میں کہا حدیث میں آیا ہے کہ جو کوئی نماز فجر کے بعد سات بار پڑھے۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ۔

marfat.com
Marfat.com

پوری آیت۔ اللہ اس کے لیے دن بھر کے لیے اسے کافی کر دے گا۔ اگرچہ توکل میں سچا نہ ہو۔ اگر شام کو پڑھے تو صبح تک یہی اثر رہے گا۔

رحمی فوجی شیخ حبب الحموی المعروف ابن اسحاق نے اپنی کتاب "روض الازھار فی فضائل القرآن ومنافع الاذکار" میں فرمایا کہ فوجی دستہ رومی علاقے میں گیا۔ ان میں سے ایک شخص گر پڑا، اس کی ران ٹوٹ گئی۔ ساتھیوں نے اٹھا کر ایک درخت کے نیچے رکھ دیا اور اس کا گھوڑا برابر میں باندھ دیا۔ کچھ پانی اور کھانا اس کے پاس رکھ کر چلے گئے۔ رات کو آنے والا آیا اور اس سے کہا جہاں تکلیف ہے وہاں ہاتھ رکھو اور پڑھو۔

"فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ"

"پھر اگر پھر جائیں تو تم فرماؤ، مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، میرا اسی پر بھروسہ ہے اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے"

سات بار اس نے پڑھا ران ٹھیک ہو گئی۔ گھوڑے پر سوار ہو کر اپنے ساتھیوں سے جا ملا۔

امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں مذکور حدیث اتنے اضافے کے ساتھ نقل کی "کَفَاہُ اللّٰہُ مَا اَھَمَّہٗ مِنْ اَمْرِ الدُّنْیَا وَاٰخِرَتِہٖ"

"دنیا و آخرت کی ہر پریشانی کے لیے اللہ ہی اسے کافی ہو گا"

پھر فرمایا، اس نعمت پر واقف ہو اور خوشی منا، کیونکہ اکثر اذکار صدق دل، اور حضور قلب پر موقوف ہوتے ہیں جب کہ اس ذکر میں تمام ذاکرین کے لیے عام رحمت ہے۔ اور دنیا و آخرت کے تمام دکھوں کا مداوا، یہ سب اس کے لیے ہے جس کو پڑھنے کی توفیق اللہ نے دی۔ اگرچہ توکل میں وہ کچھ بلند مقام نہ رکھتا ہو، اس

marfat.com

Marfat.com

نعمت کی قدر و منزلت کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا اور نہ شکر ادا ہو سکتا ہے۔ پس اوّل و آخر، ظاہر و باطن اسی کا شکر ہے، یہ بھی ذکر کیا گیا ہے کہ اس کا ایک فائدہ نرم دلی زہریلے مادوں کا اثر ہونا، اور لمبی عمر پانا ہے۔ چنانچہ ابنِ ماجہ وغیرہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "عَلَیْکُمْ بِالشِّفَاءَیْنِ اَلْعَسَلُ وَالْقُرْآنُ" دو چیزوں سے ضرور شفا حاصل کرو، شہد سے اور قرآن سے"۔ ابن ماجہ نے ہی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی۔ ایک شخص سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خَیْرُ الدَّوَاءِ الْقُرْآنُ "بہترین دوا قرآن ہے"۔ بیہقی نے شعب میں واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حلق میں درد کی شکایت کی۔ فرمایا۔ عَلَیْکَ بِقِرَاءَۃِ الْقُرْآنِ "قرآن لازمی پڑھا کرو"۔ ابن مردویہ نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں درد سینہ کی شکایت کی۔ فرمایا قرآن پڑھ! اللہ فرماتا ہے۔ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ "سینوں کی ہر بیماری کی شفا ہے"۔ ابوعبید نے طلحہ بن مصرف سے روایت کی، کہا جاتا ہے مریض کے پاس قرآن پڑھا جائے تو فرق محسوس کرتا ہے"۔ بیہقی وغیرہ نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ فَاتِحَۃُ الْکِتَابِ شِفَاءٌ مِّنْ کُلِّ دَآءٍ ..... "قرآن کی فاتحہ ہر بیماری سے شفا ہے"۔ الخلعی نے اسی کو ذرا لفظی تبدیلی سے روایت کیا۔ فَاتِحَۃُ الْکِتَابِ شِفَاءٌ مِّنْ کُلِّ شَیْءٍ اِلَّا السَّامَ وَالسَّامُ الْمَوْتُ۔ فاتحہ کتاب ہر بیماری سے شفا ہے"۔ بجز سام کے اور سام موت ہے"۔ امام بیہقی اور سعید بن منصور وغیرہ نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے، اور انہوں نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی۔ فَاتِحَۃُ الْکِتَابِ شِفَاءٌ مِّنَ السَّمِّ۔ "فاتحہ زہر سے شفا ہے"۔ امام بخاری نے

marfat.com

Marfat.com

اپنی صحیح میں ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہی یہ روایت نقل کی، فرمایا ہم ایک سفر میں تھے۔ ایک جگہ ٹھہرے۔ ایک جماعت نے آکر کہا، ہمارا سردار ڈسا گیا ہے۔ کیا تمہارے ہمراہ کوئی جھاڑ پھونک کرنے والا ہے؟ ایک صاحب اُٹھ کر اس کے ہمراہ گئے اور فاتحہ القرآن سے اسے جھاڑا، وہ شخص ٹھیک ہو گیا۔ اس بات کا ذکر رسولِ پاک صلے اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا، فرمایا اسے کیسے معلوم ہو گیا کہ فاتحہ جھاڑ ہے۔ طبرانی نے اوسط میں سائب بن یزید رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فاتحہ پڑھ کر مجھ پر دم کیا اور لعاب ڈالا۔

عبداللہ بن امام احمد نے زوائد المسند میں، سند حسن کے ساتھ ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ سے، روایت نقل کی، کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا۔ ایک اعرابی آیا اور کہا یا نبی اللہ! میرے بھائی کو تکلیف ہے؟ فرمایا کیا تکلیف ہے؟ فرمایا جنون، فرمایا میرے پاس لاؤ۔ انہوں نے لاکر سرکار کے سامنے رکھ دیا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس پر فاتحہ، سورہ بقرہ کی ابتدائی چار آیتیں۔ اور یہ دو آیتیں ایک تو وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ..... آخر تک اور دوسری آیۃ الکرسی۔ سورۂ بقرہ کی آخر تین آیتیں۔ ایک آیت سورۂ آلِ عمران کی۔ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ..... آخر تک اور آیت سورۂ اعراف کی اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ ... آخر تک۔ سورۂ مومنون کے آخر سے فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ..... آخر تک۔ ایک آیت سورۂ جن سے وَاَنَّهٗ تَعَالٰى جَدُّ رَبِّنَا ..... آخر تک۔ اور سورۂ صافات کی ابتدائی دس آیتیں اور سورہ حشر کی آخری تین آیتیں۔ سورۂ اخلاص۔ معوذتین۔ اب وہ شخص اس طرح اُٹھ کھڑا ہوا گویا تکلیف تھی ہی نہیں۔

الدیلمی نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، دو آیتیں قرآن ہیں۔ شفاعت کرنے والی ہیں اور وہ اللہ کی محبوب آیتیں

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں۔

امام بیہقی نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کی کہ جب تم میں سے

جب جانور قابو نہ آئے

کسی کا جانور قابو نہ آئے اور بدکے تو اس کے کانوں میں یہ آیت پڑھے۔

"اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ"

کیا اللہ کے دین کے سوا کسی اور کی تلاش میں ہو؟ حالانکہ زمین و آسمان کا ہر باشندہ اسی کا تابع فرمان ہے۔ خوشی سے خواہ جبر سے۔ اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔"

بیہقی الشعب میں ایک مجہول سند سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی موقوف روایت ہے۔ کہ سورۂ الانعام جس بیمار پر پڑھی جائے۔ اللہ اسے شفا دے گا۔"

ابن السنی نے حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کی یہ روایت نقل کی کہ جب ان کی ولادت کا وقت قریب آیا تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت اُمِّ سلمہ اور حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کو حکم دیا کہ وہ آئیں اور جائے ولادت پر آیت الکرسی، وَاِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ والی آیت اور معوذتین پڑھیں۔

ابن ابی حاکم نے لیث کی روایت نقل کی، کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ یہ آیتیں جادو کا علاج ہیں۔ برتن میں پانی ڈال کر یہ آیتیں پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پانی جادو زدہ کے سر پر ڈال دیں۔ ایک تو سورۂ یونس کی آیت فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ..... الْمُجْرِمِيْنَ تک اور فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔ آخر تک چار آیتیں۔ اور اِنَّ مَا صَنَعُوْا كَيْدُ سَاحِرٍ۔ پوری آیت۔

ان درد البیہقی، ابن السنی اور ابو عبید نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی۔

marfat.com

Marfat.com

کر آپ نے ایک شخص کے درد والے کان پر کچھ پڑھ کر دم کیا، اسے آرام آگیا۔ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے پوچھا تم نے اس کے کان میں کیا پڑھا؟ عرض کی اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا.... آخر سورۃ تک۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر کوئی یقین والا اسے پڑھے تو وہ ٹل جائے۔

آسانی موت کے لیے

الدیلمی، ابوالشیخ ابن حبان نے اس کے فضائل میں حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کسی بھی مرنے والے کے پاس سورۂ یٰسٓ پڑھی جائے اللہ اس پر جان کی آسانی فرما دیتا ہے۔

دل کی سختی دُور کرنے کیلیے

حاکم نے مستدرک میں ابوجعفر محمد بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جس کے دل میں سختی ہے وہ زعفران کے ساتھ پیالے میں سورہ یٰسٓ لکھے اور پانی میں گھول کر پی لے۔

ابن الضریس نے سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ انہوں نے ایک پاگل پر سورہ یٰسٓ پڑھی تو وہ ٹھیک ہوگیا۔ یہ تمام تفصیل امام سیوطی نے "الاتقان" میں ذکر کی ہے۔

خصائص کبریٰ میں فرمایا، البیہقی نے فارجہ بن الصلت عن عمہ سے روایت کی کہ ان کا ایک قوم پر گزر ہوا۔ جن کے پاس زنجیروں میں جکڑا ہوا پاگل تھا۔ ان میں سے ایک نے کہا، آپ کے پاس اس کی کوئی دوا ہے؟ کیونکہ تمہارے پاس تمہارے صاحب خیر لائے ہیں۔ (صلے اللہ علیہ وسلم) آپ نے اس پر تین دن تک روزانہ دو بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا۔ وہ شخص ٹھیک ہوگیا۔ اس نے انہیں سو بکریاں دیں۔ وہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور اس کا ذکر آپ سے کیا۔ فرمایا کہ تو کچھ لوگ باطل جھاڑ پھونک کر کے کھا لیتے ہیں، تم نے تو صحیح دم کیا ہے۔

marfat.com

Marfat.com

زچگی کی تکلیف رفع کرنے کے لیے

بیہقی نے الدعوات میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت کیا کہ جس عورت کو زچگی میں تکلیف ہو۔ فرمایا کاغذ پر لکھ کر اسے پلا یا جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَعَالٰی رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ کَاَنَّهُمْ یَوْمَ یَرَوْنَهَا لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِیَّةً اَوْ ضُحٰهَا۔ کَاَنَّهُمْ یَوْمَ یَرَوْنَ مَا یُوْعَدُوْنَ لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ۔ بَلٰغٌ فَهَلْ یُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ۔

دل کا وسوسہ دور کرنے کیلیے

ابو داؤد نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ جب اپنے دل میں کسی قسم کا وسوسہ محسوس کرو تو پڑھو۔

"هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ"

"وہی اوّل و ہی آخر وہی باطن اور وہی ہر شے جاننے والا ہے"

بچھو کے ڈسے کا دَم آنحضورؐ نے خود فرمایا

طبرانی نے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے روایت کی کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو بچھو نے ڈسا، آپ نے پانی اور نمک منگوایا، زخم پر نمکین پانی لگاتے جاتے اور پڑھتے جاتے۔ قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔

ابو داؤد، النسائی، ابن حبان اور حاکم نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت

marfat.com
Marfat.com

کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم المعوذات کے سوا اور کسی جھاڑ پھونک کو پسند نہیں فرماتے تھے۔

ترمذی اور نسائی نے ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جنوں اور انسانی نظرِ بد سے پناہ مانگتے تھے۔ یہاں تک کہ معوذات نازل ہوئیں، آپ نے ان کو اختیار فرمایا اور باقی چھوڑ دیئے۔

ابن ابوشیبہ نے اپنی مسند میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے، جب سجدے میں گئے تو بچھو نے انگلی پر کاٹ لیا، نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرنے کے بعد فرمایا، اللہ بچھو پر لعنت کرے، یہ نبی اور غیر نبی کو نہیں چھوڑتا۔ پھر نمک والا پانی منگوایا۔ آپ نے ڈسی ہوئی انگلی پانی میں ڈبو دی اور پڑھنا شروع کر دیا۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ اور معوذتین۔ یہاں تک کہ سکون آگیا۔

درد اور پھوڑے پھنسی کے لیے حضرت سفیان کا دم

بخاری و مسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ کسی انسان کو درد ہوتا، یا کوئی شخص پھوڑے پھنسی کی شکایت کرتا، تو حضرت سفیان شہادت کی انگشت زمین پر رکھ کر اٹھاتے اور پڑھتے

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا "

"اللہ کے نام سے ہماری زمین کی مٹی ہمارے بعض کے تھوک کے ساتھ تاکہ ہمارا بیمار، ہمارے پروردگار کے حکم سے شفایاب ہو"

جسم میں درد کی شکایت پر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دم کرنا

امام مسلم نے اپنی صحیح میں

marfat.com

Marfat.com

عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ انہوں نے نبی علیہ السلام کی خدمت میں اپنے جسم میں درد کی شکایت کی۔ کہ جب سے مسلمان ہوا یہی شکایت ہے۔ تو نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جسم کے جس حصہ پر درد ہے اس پر ہاتھ رکھو۔ تین بار بسم اللہ پڑھ، اور سات بار اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ "

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا اپنے اہل خانہ کو جھاڑ پھونک کرنا

صحیحین میں ہے کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم اپنے بعض اہل خانہ کو اس طرح جھاڑتے تھے، دایاں ہاتھ اس پر رکھتے اور فرماتے "اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْهِبِ الْبَاْسَ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا "

ترجمہ "اے اللہ! لوگوں کے پروردگار تکلیف دُور فرما اور شفا دے، تو شفا دینے والا ہے، شفا تو بس تیری شفا ہے، ایسی شفا جو بیماری کا نام نہ چھوڑے"

نظر بد سے بچاؤ کیلئے سات قرآنی آیتیں

دیلمی نے مسند الفردوس میں عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ قرآن کریم میں نظر بد سے بچاؤ کی آٹھ آیتیں ہیں۔ سات سورۂ فاتحہ کی اور ایک آیت الکرسی۔

کوئی اچھی چیز دیکھے تو ماشاء اللہ کہے

ابن السنی نے انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی جو کسی اچھی چیز کو دیکھ کر کہے، مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اسے نظر بد نہیں لگے گی۔ ابن مصری نے اپنی امالی میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ مرفوع روایت

marfat.com
Marfat.com

نقل کی اور اسے حسن قرار دیا کہ جس بندے کو اللہ تعالیٰ مال و اہل کی نعمت عطا فرمائے۔ اور اسے وہ نعمت اچھی لگے اور وہ دیکھ کر کہے مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ، ایسے بندے سے تا دمِ مرگ اللہ تعالیٰ ہر قسم کی مصیبت دُور فرما دیتا ہے۔

بخار دُور کرنے کا دم آنحضورؐ کا حضرت عائشہؓ کو سکھانا

امام بیہقی نے انس رضی اللہ

عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے۔ ان کو سخت بخار تھا۔ فرمایا اسے گالی نہ دینا کہ حکم کا بندہ ہے۔ ہاں چاہو تو میں تمہیں چند کلمات بتا دوں کہ پڑھو تو اسے اللہ تعالیٰ دور فرما دے۔ بولیں سکھا دیجئے۔ فرمایا، یوں کہو۔

اَللّٰھُمَّ اَرْحَمْ جِلْدِیْ الرَّقِیْقَ وَعُظْمِیَ الدَّقِیْقَ مِنْ شِدَّۃِ الْحَرِیْقِ یَا اُمَّ مُلَامٍ اِنْ کُنْتِ آمَنْتِ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ فَلَا تَصْدَعِیْ الرَّأْسَ وَلَا تَمْلَئِیْ اَلْفَمَّ وَلَا تَاْکُلِیْ اللَّحْمَ وَلَا تَشْرَبِیْ الدَّمَ وَتَحَوَّلِیْ عَنِّیْ اِلٰی مَنْ اتَّخَذَ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا آخَرَ "

الٰہی میرے پتلے چمڑے اور باریک ہڈی پر رحم فرما۔ جلانے والے کی شدت سے۔ اے ام ملام (بخار) اگر تو اللہ بزرگ و برتر پر ایمان رکھتا ہے۔ تو میرے سر کو تکلیف نہ دے۔ منہ کو بدبُودار نہ کر۔ گوشت نہ کھا۔ خون نہ پی۔ مجھے چھوڑ کر اس کی طرف پلٹ جا جس نے اللہ کے ساتھ دوسرا معبود بنا رکھا ہے"

کہتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ کلمات پڑھے تو بخار ٹوٹ گیا۔

سانپ اور بچھو کے ضرر سے محفوظ رہنے کے لیے

بیہقی نے سہل

marfat.com

Marfat.com

بن ابی صالح اور اسلم قبیلہ کے ایک صاحب سے روایت کی کہ ایک شخص کو بچھو نے کاٹ لیا، نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو خبر پہنچی۔ فرمایا اگر شام کے وقت یہ پڑھ لیتا:

"اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ"

میں اللہ کے کامل کلمات سے، اس کی مخلوق کے شر سے پناہ مانگتا ہوں؛

تو اسے کوئی ضرر نہ دے سکتا۔ کہا کہ میرے خاندان کی ایک عورت نے یہ کلمات پڑھے، پھر اسے سانپ نے کاٹ لیا تو اسے کوئی تکلیف نہ ہوئی۔

نیند لانے کا دم نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی زبانی

ابن سعد نے عبدالرحمٰن بن ثابت سے روایت کی کہ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی نیند اچاٹ ہو گئی۔ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا، کیا میں تمہیں ایسے کلمات نہ سکھاؤں کہ جب انہیں پڑھو تو نیند آ جائے۔ یوں کہو۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ وَمَا اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنَ وَمَا اَضَلَّتْ كُنْ لِيْ جَارًا مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ جَمِيْعًا اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاءُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ"

ترجمہ: اے اللہ! اے سات آسمانوں اور جس پر ان کا سایہ ہے ان سب کے رب: زمینوں اور زمین جن چیزوں کو اٹھائے ہوئے ہے ان سب کے رب۔ شیطانوں اور جن کو انہوں نے گمراہ کیا۔ ان کے رب۔ تو مجھے اپنی تمام مخلوق کے شر سے پناہ دے۔ کہ ان میں سے کوئی مجھ پر ظلم و زیادتی کرے۔ تیری پناہ غالب اور تیری تعریف بزرگ ہے اور تیرے

marfat.com
Marfat.com

سوا کوئی معبود برحق نہیں"۔

الشرجی نے کہا ان پوشیدہ فوائد میں سے جن کو بہت کم لوگ ہی جانتے ہیں۔ میں نے ایک بڑے عالم کی تحریر دیکھی اس میں ایک فائدہ یہ لکھا تھا کہ بخار کے مریض کی پشت پر انگلی سے اذان اور اقامت لکھی جائے، ان شاءاللہ فوراً شفا ہوگی۔

ابن الحاج نے "المدخل" میں لکھا ہے کہ کاغذ یا صاف برتن پر قرآن کی کوئی سورت یا کسی سورت کا کچھ حصہ، یا مختلف سورتوں کے مختلف ٹکڑے یا شفا والی آیتیں لکھ کر اور بطور دوا گھول کر پینے میں کوئی حرج نہیں۔

خواب میں نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا قرآنی آیات شفا کی بشارت دینا

شیخ امام ابوالقاسم

قشیری رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق منقول ہے کہ ان کا بیٹا سخت بیمار پڑ گیا، فرمایا، یہاں تک کہ میں اس کی زندگی سے مایوس ہوگیا، اور بہت پریشان تھا میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور اپنے بیٹے کی بیماری کی شکایت کی۔ فرمایا، شفا والی آیات کہاں گئیں! میں بیدار ہوگیا۔ غور و فکر کیا تو کتاب اللہ کے چھ مقامات پر مجھے نظر آئیں۔

۱۔ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ۔

۲۔ شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ۔

۳۔ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ۔

۴۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔

۵۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ۔

۶۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ۔

تو میں نے ان کو ایک ورق پر لکھ لیا، پھر پانی میں حل کر کے اسے پلا دیا تو گویا بیماری کی گرہ تھی جو کھل گئی۔ یا جیسے کہا، ہمیشہ بڑے بڑے مشائخ رحمہم اللہ قرآنی آیات اور دعا میں

marfat.com

Marfat.com

لکھ کر بیماروں کو پلاتے رہے اور شفایاب کرتے رہے۔

بخار سے صحتیابی کے لیے سیدی ابو محمد المرجانی کا دم

سیدی ابو محمد المرجانی رحمہ اللہ

ہمیشہ، ایک کونے میں دروازے پر بیٹھ کر بخار وغیرہ میں دم کرتے تھے۔ جسے کوئی تکلیف ہوتی ایک ورق لیتے، اُسے استعمال کرتا، اللہ کے حکم سے شفا ہوتی۔ اس پرچے پر لکھا ہوتا: اَللّٰہُ اَزَلِیٌّ لَمْ یَزَلْ وَلَا یَزَالُ، یَزِیْلُ الزَّوَالُ وَھُوَ لَا یَزَالُ۔

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ، وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۙ

حالتِ خواب میں نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا عطا کردہ نسخہ

سیدی ابو محمد ابن ابی جمرہ رحمہ اللہ

اکثر تعویزات سے اپنا اور اپنے اہل و عیال اور دوستوں کا علاج کرتے تھے اور یہ تمام حضرات شفایاب ہوتے۔ یہ بھی کہتے تھے کہ یہ نسخہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کو خواب میں عطا فرمایا، پھر دوسری مرتبہ فرمایا کہ نبی علیہ السلام نے ان کو یہ آیتیں بتائیں۔ جیسا کہ ان کے خادم نے نقل کیا۔

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ، فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ، وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ، لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ وَتِلْکَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُھَا لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ،

marfat.com
Marfat.com

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ
هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ
الْمُتَكَبِّرُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ۔ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ
الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی، یُسَبِّحُ لَهٗ مَا
فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ۔ قُلْ هُوَ
اللّٰهُ اَحَدٌ پوری سورت اور معوذتین۔ پھر کہے۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ
الْحَیُّ وَاَنْتَ الثَّانِیْ وَاَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنْتَ الْبَارِئُ
وَاَنْتَ الْمُبْتَلِیْ وَاَنْتَ الْمُعَافِیْ وَاَنْتَ الثَّانِیْ خَلَقْتَنَا
مِنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ وَجَعَلْتَنَا فِیْ قَرَارٍ مَّكِیْنٍ اِلٰی قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰی وَصِفَاتِكَ
الْعُلْیَا یَا مَنْ بِیَدِهِ الْاِبْتِلَآءُ وَالْمُعَافَاةُ وَالشِّفَآءُ وَالدَّوَآءُ
اَسْئَلُكَ بِمُعْجِزَاتِ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
وَبَرَكَاتِ خَلِیْلِكَ اِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
وَحُرْمَةِ كَلِیْمِكَ مُوْسٰی عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
اِشْفِ "

اور آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک اور پرزہ نظر بد کے لیے عطا فرمایا، وہ نسخہ یہ ہے۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ تین بار لکھا جائے۔ لَا ضَرَّ
اِلَّا ضَرُّكَ وَلَا نَفْعَ اِلَّا نَفْعُكَ وَلَا اِبْتِلَآءَ اِلَّا اِبْتِلَآؤُكَ
وَلَا مُعَافَاةَ اِلَّا مُعَافَاتُكَ، اَنْتَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الَّذِیْ
لَا یُجَاوِزُ تَ ظُلْمُ ظَالِمٍ مِنَ اِنْسٍ وَّلَا جِنٍّ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ

marfat.com
Marfat.com

التَّامَّةِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بِرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ اِنْسٍ وَجِنٍّ
اَسْئَلُكَ بِصِفَاتِكَ الْعُلْيَا الَّتِيْ لَا يُقْدِرُ اَحَدٌ عَلٰى وَصْفِهَا
وَاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى الَّتِيْ لَا يَقْدِرُ اَحَدٌ اَنْ يُّحْصِيَهَا وَ
اَسْئَلُكَ بِذَاتِكَ الْجَلِيْلَةِ وَوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبَرَكَاتِ
نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتِمِ اَنْبِيَائِكَ
اَنْ تُشَفِّيَهٗ وَتُعَافِيَهٗ وَمَرُدُّ مَا بِهٖ عَلٰى اَعْدَائِكَ۔ آخر تک۔

ترجمہ:۔ الٰہی تو ہی زندہ کرنے والا، اور تو ہی مارنے والا ہے۔ تو ہی خالق اور تُو ہی بنانے والا، تُو ہی آزمانے والا اور تو ہی معاف کرنے والا ہے۔ اور تُو ہی شفا بخشنے والا ہے۔ تو نے ہمیں ذلیل پانی سے پیدا کیا، اور پھر متعین مُدت تک محفوظ جگہ پر ٹھہرایا۔ الٰہی میں تیرے بہترین ناموں اور بلند ترین صفات کے وسیلہ سے، تجھ سے سوال کرتا ہُوں۔ اے وہ کہ جس کے ہاتھ میں امتحان و معافی ہے۔ شفا دوا ہے۔ میں تجھ سے تیرے نبی محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے معجزات، تیرے خلیل ابراہیم صلے اللہ علیہ وسلم کی برکتوں۔ اور تیرے کلیم موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قابلِ تعظیم کلمات کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں کہ اسے شفا دے دے۔ . . . . . .

اللہ کے نام سے شروع جو رحم کرنے والا مہربان ہے، ضرر ہے تو پس تیرا ضرر ہے، اور نفع تو پس تیرا نفع ہے۔ امتحان تو بس تیرا امتحان ہے۔ اور معافی تو بس تیری ہی معافی ہے تو وہ زندہ اور قائم رہنے والا ہے کہ کسی جن و انسان کا ظلم تیری دسترس سے بڑھ نہیں سکتا۔ میں تیری ان بلند ترین صفات کے ذریعے تیری پناہ مانگتا ہوں جن

marfat.com
Marfat.com

کو کوئی بیان نہیں کر سکتا۔ اور تیرے ان خوبصورت ترین ناموں کے ذریعے جن کو کوئی شمار نہیں سکتا۔ میں تجھ سے تیری ذاتِ بزرگ، تیری بابرکت ہستی اور تیرے نام محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی برکتوں کے صدقے سوال کرتا ہوں، جو تیرے نبیوں کا سلسلہ ختم کرنے والے ہیں کہ اس کو شفاء عافیت عطا فرما اور اس کی تکلیف دُور فرما اور اسے اپنے دشمنوں پر لوٹا دے۔" اور اللہ درود وسلام بھیجے ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل واصحاب پر کثرت سے اور دونوں کو جمع کر لے تو یہ کامل تر ہے۔"

اس کا طریق استعمال یہ ہے، صاف ستھرے برتن یا کاغذ پر زعفران کے ساتھ لکھا جائے۔ پھر برتن کو برس سے دھویا جائے یا کاغذ پر اس کو پانی میں حل کیا جائے اور مریض کو پلایا جائے۔ پھر برتن میں جو تری رہ گئی ہے اُسے ہاتھ سے لے کر جہاں تک ممکن ہو بدن پر ملے۔

جادُو، غم اور بیماریوں سے شفاء کیلئے بہترین نسخہ

شیخ رحمہ اللہ کے ایک معتقد بیمار ہوئے۔ خواب میں ڈراؤنے اور خطرناک مناظر دیکھے۔ اس نے شیخ کی خدمت میں اس کی شکایت کی، آپ نے اسے صاف ستھرے کاغذ پر زعفران سے لکھا اور منسار پینے کا حکم دیا۔ یہ تعویذ جادو، غم اور بیماریوں کے لیے مفید ہے۔ نسخہ یہ ہے کاغذ پر سورۂ یٰسٓ، سورۂ واقعہ، سورۂ فاتحہ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ معوذتان، آیت الکرسی۔ آیت آمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر بقرہ تک۔ قُلْ آللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ۔ جب پی چکے تو اس کے بعد زیتون کے صاف تیل میں سات عدد چھوہارے تر کر کے ان پر دم کر کے کھائے، اللہ تعالیٰ کی قدرت سے جادُو کا اثر جاتا رہے گا۔ زیتون کا تیل لینے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ خالص صاف روغن زیتون لے کر صاف ستھرے برتن میں ڈال لے۔ لکڑی وغیرہ سے اسے حرکت دیتا رہے، اور پڑھتا رہے، قُلْ هُوَ اللّٰهُ

marfat.com
Marfat.com

اَحَدٌ معوذتین۔ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عزیز عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ آخر سورہ تک وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ ۔ ..... آخر سورہ تک۔ یہ عمل سات دن کرے۔ اس کے ساتھ ایک اور تعویذ لکھے اور اس کے اُوپر لٹکائے نسخہ یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ آخر تک۔ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ .... وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۔ تک۔ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ۔ آخر سورہ تک شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ..... لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ۔ آخر سورہ تک۔ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ..... آخر سورہ تک۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ..... قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ۔ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ۔ وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۔ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ آخر سورۃ تک۔ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا آخر سورۃ تک۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور معوذتین۔ يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ..... وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ تک۔ الٰہی تیرے پردے کے سوا کوئی پردہ نہیں، تیرے ستر کے سوا کوئی ستر نہیں۔ سو فلاں ابن فلاں .... یہاں جادو زدہ اور اس کے باپ کا نام لکھو، کو اپنے فضل سے ہر جن و انسان کے جادو اور شر سے بچا۔ اور اے اللہ! میں تجھ سے تیرے اسم اعظم اور ان مکمل کلمات کے صدقے سوال کرتا ہوں، جن کے آگے کوئی نیک و بد

marfat.com

Marfat.com

گزر نہیں سکتا۔ کہ تو اپنی طرف سے اتاری گئی اس پناہ سے روک دے اس تمام شر کو جو انسانوں یا جنوں سے متعلق ہے اور ہر شر والی چیز سے، جسے یہ جانتا ہے اور جسے تیرے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اور اس میں جو کچھ موجود اور سکون پذیر ہے۔ اپنی رحمت سے، اسے سب سے بڑھ کر رحمت فرمانے والے، اور اللہ تعالیٰ درود اور تا قیامت بخشش سلام نازل فرمائے ہمارے آقا محمد صلے اللہ علیہ وسلم، آپ کی آل اور آپ کے صحابہ کرام پر۔ اور وہ پڑھ سات دن استعمال کرو، اور یہ مذکورہ وظیفہ اس کے گلے میں لٹکا دے جو تکلیف ہو گی، اس سے شفا یاب ہو گا۔

زیتون کا خالص تیل۔ جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ تمام بیماریوں میں مفید ہے۔ اس کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ جسم کے جس حصے میں درد ہے اس پر تیل لگا کر کچھ دیر کے لیے دھوپ میں بیٹھا جائے۔ اللہ کے حکم سے ٹھیک ہو جائے گا۔ اگر درد زیادہ سخت ہے تو تیل لگانے کے بعد اس پر "حبۃ السوداء" کی دانہ پیس کر لگائے۔" ابن الحاج کا المدخل سے کلام ختم ہوا۔

الدمیری کا قول، سر درد کے لیے آزمایا ہوا نسخہ

الدمیری رحمہ اللہ نے فرمایا، یہ درد کے لیے آزمایا ہوا صحیح نسخہ جو امام شافعی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ فرمایا بنی امیہ کے ایک گھر چاندی کا ایک ڈبہ پایا گیا۔ جس پر سونے کا تالہ لگا ہوا تھا اس کی پشت پر لکھا تھا "ہر بیماری سے شفا" اور اس کے اندر یہ کلمات لکھے تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحِيْمِ الرَّحِيْمِ۔ وَبِاللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، يَا اَيُّهَا الْوَجَعُ سَكَنْتُكَ بِالَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا۔

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ:۔ اللہ کے نام سے شروع اور اللہ کی مدد سے، بُرائی سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت صرف اللہ تعالیٰ بلند تر، برتر کی مدد سے مل سکتی ہے۔ اے دُرد میں نے تجھے اس ذات کی مدد سے سکون دیا، جو آسمانوں اور زمین کو ٹلنے سے روکنے والی ہے، اور اگر یہ (اپنے مقام و نظام سے) ٹل جائیں، تو اس کے سوا کوئی ان کو روک نہیں سکتا، بے شک وہی برداشت والا بخشنے والا ہے۔"

امام شافعی رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اس کے ہوتے اللہ کے حکم سے میں کسی حکیم طبیب کا بھی محتاج نہیں ہُوا۔ وہی شفا دینے والا ہے۔ اس عبارت سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ صرف درد سر کے لیے مفید نہیں، بلکہ ہر بیماری میں مفید ہے۔"

الدمیری نے یہ بھی کہا کہ بنی اُمیہ کے خزانوں میں ایک سُنہری ڈھال پائی گئی، جس پر سبز زمرد کا جڑاؤ کیا گیا تھا۔ اس پر کستوری کا فوارہ اور عنبر لگا تھا جو کوئی اسے اپنے سر پر رکھتا، اسی وقت فوراً اس کا درد ختم ہو جاتا۔ لوگوں نے اسے توڑ کر دیکھا تو اس کے اندر ایک پُرزہ ملا، جس پر یہ عبارت لکھی تھی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ
الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِذَا سَاَلَكَ
عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَمْ الْبَارِئَ رَبُّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ
وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
لَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ۔

marfat.com
Marfat.com

طاعون و وبا کو دُور کرنے کے فوائد

شیخ الاسلام زکریا انصاری نے ایک کتاب "تحفۃ الراغبین فی بیان امر الطواعین" لکھی ہے، جس میں اپنے شیخ، شیخ الاسلام حافظ ابن حجر کی کتاب "بذل الماعون فی فضل الطاعون" کا خلاصہ کیا ہے اس میں فرمایا بے شمار آثار و حکایات سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ طاعون ایک شیطانی بیماری ہے۔ اس کتاب کی چھٹی فصل میں وہ اذکار لائے ہیں جو اپنے پڑھنے والے کو جنات کی شرارت سے محفوظ کریں۔ ان میں سے ایک قرآنی آیات ہیں جیسے ابوسعید خدری اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی فاتحہ کے ساتھ جھاڑ پھونک کی روایت ہے یہ دونوں روایتیں صحیح بخاری میں ہیں اور عبدالملک بن عمیر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فاتحہ ہر بیماری سے شفا ہے۔ اس کو دارمی نے مرسل روایت کیا ہے۔ اور ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس گھر میں سورۂ البقرہ پڑھی جائے اس سے شیطان بھاگ جاتا ہے۔ اس کو مسلم نے روایت کیا ہے۔ انہی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، سورۂ البقرہ میں ایک آیت ہے جو تمام قرآنی آیتوں کی سردار ہے، جس گھر میں بھی پڑھی جائے اگر وہاں شیطان ہے تو بھاگ جائے گا۔ وہ ہے آیۃ الکرسی ہے۔ اس کو حاکم نے روایت کیا اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا۔ اور ابن حبان نے سہل بن سعد کی روایت سے اسے صحیح قرار دیا۔ اس میں یہ بھی ہے کہ جو اسے رات کو اپنے گھر پڑھے شیطان تین رات تک اس کے گھر نہیں آئے گا اور جو دن کو پڑھے، شیطان اس کے گھر تین دن تک داخل نہیں ہوگا۔

نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے

marfat.com

Marfat.com

فرمایا، اللہ تعالےٰ نے زمین و آسمان کی پیدائش سے دو ہزار سال پہلے ایک کتاب لکھی اس میں سے دو آیتیں سورۂ بقرہ کے آخر میں نازل کیں۔ جس گھر میں ان کو تین رات پڑھا جائے شیطان اس کے قریب نہیں ہو سکتا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور حسن قرار دیا اسی طرح ابن حبان اور حاکم نے روایت کیا اور صحیح قرار دیا۔

البزار نے یہ روایت نقل کی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ اسلمی سے فرمایا قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ کے ذریعے پناہ مانگ کہ بندوں نے ان جیسی آیات کے ذریعے پناہ نہیں مانگی۔

ترمذی نے روایت نقل کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنات اور انسانی نظر سے پناہ مانگتے تھے یہاں تک کہ جب معوذتان نازل ہوئیں تو آپ نے ان کو اختیار فرمایا، اور باقی سب چھوڑ دیا۔ اسی سے متعلق کچھ احادیث ہیں مثلاً بخاری و مسلم کی یہ حدیث جس نے سو بار کہا اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں، اسی کا ملک اور اسی کی تعریف اور وہ ہر ممکن پر قدرت رکھتا ہے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اسے دس غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا۔ اور یہ اس کے لیے دن بھر شام تک حفاظت ہو گی۔

ترمذی کی روایت میں ہے صبح کی نماز کے بعد اسی حال میں بات کرنے سے پہلے دس بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہے اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جائیں گی، دس گناہ مٹائے جائیں گے۔ اور دس درجے بڑھائے جائیں گے اور دن بھر ہر ناپسندیدہ بات اور شیطان سے حفظ و امان ہو گی یہ حسن بصری نے کہا حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

اور جیسے امام مسلم نے خولہ بنت حکیم کی روایت نقل کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کسی منزل پر قیام کرے اور پڑھے:۔

"اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ"

marfat.com
Marfat.com

"میں اللہ کے کامل کلمات کے ذریعے اس کی مخلوق کی شر سے پناہ مانگتا ہوں"
وہاں سے کوچ کرتے وقت اُسے کوئی چیز تکلیف نہ دے گی۔

تنبیہ ان آیات وکلمات سے فائدہ اسی کو ہوگا جس کا دل میل سے پاک ہو، خلوص سے توبہ کرے اور اپنی کوتاہیوں پر پشیمان ہو۔

فائدہ المعلیہ کے نسخوں میں امام شافعی رحمہ اللہ کی یہ بات منقول ہے کہ طاعون کا سب سے بہتر علاج تسبیح ہے کہا گیا ہے اس لیے کہ ذکر عذاب وہلاکت کو دور کرتا ہے۔ اللہ فرماتا ہے۔

"فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ..... الخ"

اگر یونس علیہ السلام تسبیح پڑھنے والوں میں سے نہ ہوتے، تو قیامت تک بطن ماہی میں رہتے"۔

امام شافعی کا مشہور قول وہ ہے جسے ابن ابی حاتم وغیرہ نے نقل کیا۔ میں نے وبا کو دور کرنے کے لیے تسبیح سے بڑھ کر کوئی مفید چیز نہیں دیکھی۔ اس کو تیل میں حل کر کے استعمال کیا جائے۔ اور گھول کر پیا جائے۔ بعض نے کہا طاعون اور دیگر بڑی بیماریوں کے خاتمہ کے لیے سب سے بڑی چیز نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھنا ہے"۔

شیخ الاسلام کی کتاب مذکور کی عبارت ختم ہوئی۔

گیارہویں صدی ہجری کے علماء میں سے شیخ فتح اللہ بن محمود البیلونی الحلبی کی کتاب "ما تحصل علیہ الساعون فی دفع الوبا والطاعون" ہے جسے میں نے دیکھا نہیں۔ مجھے اس کے کچھ فوائد ملے ہیں جس کو سید زین العابدین، جمل اللیل مفتی مدینہ منورہ نے جمع کیا ہے جن کو ان کی تحریر سے عالم فاضل سید احمد شطا ابن امام علامہ سید ابوبکر شطا مکی نے نقل کیا ہے اللہ ان کی حفاظت فرمائے اور ان کے والد پر رحم فرمائے۔ پھر اس کو دیگر رسائل کے ہمراہ شائع فرمایا اور ایک نسخہ مجھے بھی ہدیہ کیا۔ اللہ ان کو بہتر جزا دے۔

marfat.com
Marfat.com

ان فوائد میں سے ایک یہ ہے کہ جو شخص باوضو رہے اسے طاعون نہیں ہوگا، اور جو کوئی صبح و شام صدقہ کرنا لازم ٹھہرالے، اسے رات دن کوئی برائی نہیں پہنچے گی۔

ان میں سے ایک فائدہ یہ ہے کہ اس دُعا کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّ ذُنُوْبِیْ عَظُمَتْ وَجَلَّتْ وَاَنْتَ یَا سَیِّدِی یَا اِلٰھِی! اَعْظَمُ وَاَجَلُّ، اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی طَاعَتِکَ بِرِضَاکَ لَا اَرْضَیْنِ حَتّٰی تَرْضٰی عَنِّیْ بِحَوْلِکَ وَقُوَّتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ وَاَدِمْ عَلَیْنَا النِّعَمَ وَاَصْرِفْ عَنَّا الرِّجْزَ وَالنِّقَمَ وَالْعَذَابَ وَالْاَلَمَ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَکْرَمُ آمِیْن یا امین۔

ترجمہ:۔ الٰہی بے شک میرے گناہ بڑے بڑے ہیں، اور تو میرے آقا۔ میرے خُدا عظیم و بزرگتر ہے، الٰہی! اپنی رضا کے ساتھ، اپنی اطاعت پر میری مدد فرما۔ میں تجھ سے اس وقت تک راضی نہیں ہوسکتا جب تک تو مجھ سے راضی نہ ہو، اپنی طاقت و قوت کے ساتھ۔ اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے! اے اللہ ہمارے آقا محمدؐ اور آپؐ کی آل اور آپ کے اصحاب پر درود و سلام نازل فرما، ہم پر ہمیشہ نعمتیں نازل فرما اور ہم سے عذاب و ناراضگی درد و الم پھیر دے۔ بے شک تو ہی غالب تر اور معزز تر ہے، الٰہی ایسا ہی کر دے۔ اے امان بخشنے والے!"

اور جو تحریر اپنے پاس رکھنی چاہیئے اس میں سے ایک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اذْکُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ اِذْ ھَمَّ قَوْمٌ اَنْ یَّبْسُطُوْا اِلَیْکُمْ اَیْدِیَھُمْ۔

marfat.com
Marfat.com

كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ، وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ۔
ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو رحم فرمانے والا مہربان ہے۔ اے ایمان والو!
اپنے اوپر اللہ کا یہ احسان یاد کرو جب ایک قوم نے تم پر دست درازی
کا ارادہ کیا تو اللہ نے ان کے ہاتھ تم سے روک دیئے اور اللہ سے ڈرو
اور ایمان والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیئے۔"
اور جو کچھ لکھنے اور اپنے پاس رکھنے کے قابل ہے اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُوانْتِقَامٍ
چار بار، اور دروازے پر، جس کے نیچے سے گذرا جائے لکھا جانا چاہیئے۔ الباقی۔
المخلوق نیز دروازے پر یہ آیت بھی لکھی جائے عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا۔.....
یونہی یہ بھی لکھا جائے قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ
اِلٰى جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمِهَادُ "۔ وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا
وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ۔ اور اسم مبارک حَيٌّ جمعہ کے دن پہلے پہر اٹھارہ بار
اور جب لکھے زبان سے پڑھے۔ اور اللہ کا اسم مبارک اَلْمُؤْمِنُ چار بار۔ چار اوراق پر
لکھ کر ہر ورق ایک دیوار پر آویزاں کرے سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ"، سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ
طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ "۔ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى
الدَّارِ"، سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔
یہ آیت بھی چار بار لکھ کر مکان میں رکھے یا (دیوار پر) آویزاں کر دے۔ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ
ذُوانْتِقَامٍ یہ کلمات لکھ کر دروازے پر لٹکائے بَاقِيْ خَلَّاقٌ۔ اَلْبَاقِيْ الْخَلَّاقُ
بَاقِيْ يَا خَلَّاقُ۔ يَا مُؤْمِنُ يَا سَلَامُ يَا حَافِظُ يَا حَفِيْظُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ" ہر دن کی خیر و عافیت کے لیے ہر روز صبح کے وقت ۲۸ بار سورۃ
فاتحہ پڑھے۔ اور ہر دن صبح سویرے ایک ہزار بار لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ پڑھے" اور

marfat.com
Marfat.com

یہ دعا صبح کے بعد تین بار اور مغرب کے بعد تین بار کہٰیٰعٓصٓ کِفَایَتًا۔ حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَایَتًا۔ بِسْمِ اللّٰہِ بَاسًا۔ تَبَارَکَ حِیْطَانِنَا۔ یٰسٓ سَتْفُنَا۔ وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَائِہِمْ مُّحِیْطٌ۔ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ۔ جَلَّ رَبِّیْ وَقَدَرَ۔ عَزَّ رَبِّیْ وَقَھَرَ۔ وَاللّٰہُ الْمُعِیْنُ لِمَنْ صَبَرَ وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ۔ اَللّٰھُمَّ یَا رَافِعَ السَّقْمِ وَیَا بَارِئَ النَّسَمِ وَعَالِمًا یَا جَمِیْعَ الْاَلَمِ اِدْفَعْ عَنَّا الْبَلَآءَ وَالْوَبَاءَ وَالْاَمْرَاضَ وَمَوْتَ الْفَجْأَۃِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَسَلَّمَ پڑھے "کٓہٰیٰعٓصٓ کافی ہو جا۔ حٰمٓعٓسٓقٓ حمایت کر۔ بِسْمِ اللّٰہ لڑ۔ تبارک ہماری دیواریں ہیں یٰسٓ ہماری چھت اور اللہ ان کو پیچھے سے گھیرنے والا ہے۔ بلکہ وہ بزرگ قرآن محفوظ تختی میں ہے۔ میرا پروردگار جلیل القدر ہے۔ میرا رب غالب اور قابو میں لانے والا ہے۔ صبر والوں کے لیے اللہ مددگار ہے، بے شک اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے۔ اے اللہ! اے بیماری اٹھا پھینکنے والے۔ روح پیدا کرنے والے تمام تکالیف کو جاننے والے! ہم سے رنج والم اور بیماریاں اور ناگہانی موت دور رکھیو، اپنی رحمت سے، اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے! اور اللہ درود وسلام بھیجے ہمارے آقا محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل واصحاب پر"۔

طاعون کیلئے

اور اللہ کا نام نافع ۲۰۱ بار پڑھے۔ پھر اس پر یہ تین اسماء مبارکہ ۲۰۲ بار پڑھے یَا کَافِیُ۔ یَا شَافِیُ۔ یَا مُعَافِیُ۔ پڑھتے وقت مکمل طہارت لازمی ہے۔ پھر اس میں سے اسے کھلائے جسے طاعون کا خطرہ ہے یونہی کوئی مصیبت زدہ ہو۔ ان شاء اللہ شفایاب ہوگا۔ پاک صاف پیالے کی باہر والی طرف اللہ کا نام اَلْحَمِیْدُ ۷۲ مرتبہ لکھ کر بیمار کو پلائے۔ یونہی مٹی کے نئے کورے میں پانی بھر کر تین بار بِسْمِ اللّٰہِ ذِی الشَّانِ الْعَظِیْمِ الْبُرْھَانِ۔ الشَّرِیْفِ

marfat.com
Marfat.com

السُّلطَان، كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَانٍ، مَا شَاءَ اللّٰه كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ - اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الطَّعْنِ
وَالطَّاعُوْنِ وَهُجُوْمِ الْوَبَاءِ وَمَوْتِ الْفَجَاةِ وَمِنْ مَعَرَّةِ الْحَمٰى وَمِنْ سُوْءِ
الْقَضَاءِ وَدَرَكِ الشَّقَاءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ اَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ - وَ
نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ "پڑھے وَصَلَّى اللّٰه
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ "

یہ دُعا بھی لکھ کر ساتھ رکھنے کے قابل ہے اور اس کو گھر میں بھی رکھا جا سکتا ہے۔

الٰہی بے شک سچ فرمانے والے اور جن کی ہر بات سچی کر دی گئی ہے، ان پر
تیرے درود و سلام ہوں، نے فرمایا کہ تُو نے فرمایا، جو کچھ میں چاہوں
اس میں کبھی متردد نہیں ہوا، جتنا اس مؤمن کی رُوح قبض کرنے میں
متردد ہوتا ہوں، جو مَرنا نہ چاہے، اور میں اس کی بُرائی نہ چاہوں۔ سو
پروردگار ہمارے آقا محمدؐ اور آپ کی آل پر درود بھیج، اور اپنے اولیا
کی تکلیف جلدی دُور فرما اور ان کو عافیت بخش! اور مجھے اپنے سامنے
اور کسی اپنے دوست کے سامنے بُرائی نہ پہنچانا، میری عمر میں برکت
ڈال دے، اور میری عُمر بڑھا دے تو ہی آخرت والوں کو ہمیشہ کی
زندگی عطا فرماتا ہے سو مجھے ایسی طویل زندگی بخش، جو تیری عافیت
سے مزین ہو۔ تو ہی دُنیا و آخرت میں اس کا مالک و قادر ہے"

اور جو لکھ کر گھر میں لٹکائے جا سکتے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ - وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ - سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ
الظّٰلِمِيْنَ "سید زین العابدین جمل اللیل کا خلاصہ ختم ہُوا۔

marfat.com
Marfat.com

شیخ احمد شطا مکی نے، جن کا ابھی ذکر گزرا، علمائ کی عبارات نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں۔ یہ بہترین فوائد ہیں جو بعض ثقہ علمائ کے ہاتھ سے تحریر شدہ ہیں، انہوں نے اس سال ۱۳۱۸ھ بیروت میں، جب رسالہ مذکور مجھے ہدیۃً دیا تو فرمایا، ان ثقہ علمائ سے مراد ان کے والد امام علامہ سید ابوبکر شطا رحمہ اللہ اور امام علامہ قدوۃ علمائ عالمین اور خاندانِ رسالت پناہی صلے اللہ علیہ وسلم کے یکتا فرد سید حسین حشیمی علوی مفتی شافعیہ مکہ مکرمہ حفظہ اللہ ہیں فوائد یہ ہیں۔

دفع وبائ کے لیے فائدہ

حَیٌّ۔ صَمَدٌ۔ بَاقٍ۔ وَلَہٗ کَشْفٌ وَّاِنِّیْ دَخَلْتُ فِیْ کَشْفِ اللّٰہِ وَاسْتَجَرْتُ بِسَیِّدِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّکُفَّ بَاْسَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَاللّٰہُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْکِیْلًا، فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

دوسرا فائدہ وبا کے لیے

"اَللّٰھُمَّ اَدْخِلِ الْاِسْلَامَ قَلْبِیْ وَثَبِّتْنِیْ بِہٖ وَاَعِنِّیْ عَلَیْہِ۔"

ایک اور فائدہ وبا کیلیے

طاعون کے لیے لکھا جائے۔

"اَللّٰہُ لَطِیْفٌ حَفِیْظٌ۔ قَدِیْمٌ۔ اَزَلِیٌّ۔ قَیُّوْمٌ لَا نَامُ۔"

marfat.com
Marfat.com

وبأ کیلئے فائدہ

آدھی رات کو دو رکعت نفل پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ یٰسین پڑھے پھر سلام پھیر کر کہے "یا حَلِیْمُ" ایک ہزار بار۔

ایک اور مجرب فائدہ

لِیْ خَمْسَۃٌ اُطْفِیْ بِھِمْ حَرَّ الْوَبَا وَالْمَاطِمَہ
الْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَاَبْنَاھُمَا وَالْفَاطِمَہ

(کتاب میں وفاطمہ لکھا ہے۔) میرے پانچ ہیں، جن سے وبا اور جہنم کی گرمی (آگ) بجھاتا ہوں مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم مرتضٰے رضی اللہ عنہ اور ان کے فرزند اور فاطمہ۔ رضی اللہ عنہم۔

ایک اور فائدہ

ہر فرض نماز کے بعد سات بار پڑھے۔

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ الرَّحِیْمَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝

وفا کے لیے ایک اور فائدہ

برتن پر لکھ کر پانی میں گھول کر پیئے۔ مجرب ہے۔

وَقِیْلَ یٰٓاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَکِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ

marfat.com
Marfat.com

وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝

اور کہا گیا اے زمین اپنا پانی نگل جا، اور اے آسمان تھم جا۔ پانی اُتر گیا اور کشتی کوہِ جودی پر جا لگی اور کہا گیا ظالم قوم کے لیے رحمت حق سے دُوری ہے۔

طاعون اور دیگر امراض سے حفاظت کیلیے دعاء

اور آزمودہ دعاؤں میں ایک دُعا وہ ہے جو امام اعظم ابُوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ فرمایا جو شخص اس دُعا کے پڑھنے میں مصروف رہے یا مکمل پاکی کے ساتھ اپنے پاس رکھے یا گھر میں باحفاظت رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے طاعون اور دیگر بیماریوں سے محفوظ رکھے گا۔ دُعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِعَدَدِ خَلْقِكَ بِعِزَّةِ عَرْشِكَ بِرِضَا نَفْسِكَ بِنُوْرِ وَجْھِكَ بِمَبْلَغِ عِلْمِكَ بِغَایَةِ قُدْرَتِكَ، بِبَسْطِ رَافَتِكَ بِحَقِّ حَقِیْقَةِ شُكْرِكَ بِمُنْتَھٰی رَحْمَتِكَ بِاِدْرَاكِ مَشِیَّتِكَ بِكُلِّ صِفَاتِكَ، بِتَمَامِ وَصْفِكَ بِنِھَایَةِ اَسْمَائِكَ بِمَكْنُوْنِ سِرِّكَ بِجَلِیْلِ سِتْرِكَ بِجَزِیْلِ فَضْلِكَ بِكَمَالِ مِنَّتِكَ. بِفَیْضِ جُوْدِكَ بِشَدِیْدِ غَضَبِكَ بِسَابِقِ رَحْمَتِكَ بِاَعْدَادِ كَلِمَاتِكَ بِتَفْرِیْدِ فَرْدَانِیَّتِكَ بِتَوْحِیْدِ وَحْدَانِیَّتِكَ بِبَقَاءِ بَقَائِكَ بِعِزَّةِ رُبُوْبِیَّتِكَ بِعَظَمَةِ كِبْرِیَائِكَ، بِجَمَالِكَ بِجَلَالِكَ بِكَمَالِكَ بِاَفْعَالِكَ بِاٰلَائِكَ بِسِیَادَتِكَ، بِمُلُوْكِیَّتِكَ بِجَبَرُوْتِكَ، بِمَعَانِیْكَ، بِعَطْفِكَ بِلُطْفِكَ، بِبِرِّكَ، بِاِحْسَانِكَ بِحَقِّكَ وَبِحَقِّ حَقِّكَ اَنْ تَجْعَلَ

marfat.com

Marfat.com

لَنَا فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّشِفَآءً مِّنَ الْهُمُوْمِ وَالْغُمُوْمِ وَالْوَبَاءِ وَالْبَلَاءِ وَجَمِيْعِ الْاٰفَاتِ وَالْعَاهَاتِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَبِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ يٰسٓ وصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ وَبِحَقِّ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا، يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ -

ایک اور فائدہ

مشہور مجربات میں سے ایک یہ کہ صحیح بخاری شریف اور کتاب الشفاء پڑھی جائے۔ (حصول مقصد کے لیے)

ایک اور فائدہ

جس کا تجربہ کیا گیا ہے ان میں سے ایک دُعائے قنوت پڑھنا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ، وَتَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَعْطَيْتَ، وَقِنِيْ شَرَّمَا قَضَيْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ وَاِنَّهٗ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ -

طاعون سے بچاؤ کے لیے ایک اور فائدہ

طاعون سے بچاؤ کے لیے -

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ - لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا، اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ، فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ -

marfat.com

Marfat.com

ایک اور فائدہ

مجرب فوائد میں سے ایک یہ کہ جب کسی پر تنگدستی آجائے تو لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم - پڑھتے ہوئے دائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرکے کھولے پھر پڑھے:۔

"اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَمِنْکَ الْفَرَجُ وَاِلَیْکَ الْمُشْتَکٰی وَبِکَ الْمُسْتَعَانُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ"

وباء کیلئے فائدہ

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی الطِّبِّ الرَّفِیْقِ النِّعْمَۃِ الْحَقِیْقِ الْخَیْرِ الْعَرِیْفِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ"

ایک اور فائدہ

طاعون سے بچاؤ کے لیے یہ درود شریف پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَدْفَعُ عَنَّا بِھَا الطَّعْنَ وَالطَّاعُوْنَ، یَا مَنْ اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنَ -

وہ فوائد ختم ہوئے جن کو میں نے شیخ احمد شطا کے رسالہ سے نقل کیا۔ اللہ ان کی حفاظت فرمائے۔

میں نے بعض کتابوں میں کتاب "شمس المعارف الکبریٰ" سے منقول یہ عبارت

marfat.com
Marfat.com

دیکھی کہ جو کوئی ہر روز اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک اَلْمُؤْمِنُ ۱۳۲ مرتبہ پڑھے، اللہ اسے طاعون کے شر سے امن دے گا۔ اور جو کوئی ہر فرض نماز کے بعد ۵ ۴ بار حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھے، اللہ اس کو طاعون سے بچائے گا۔

اس کتاب کے آٹھویں باب میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام کی کیفیات کا ذکر گزر چکا ہے۔ اس میں ابو حجلہ کا درود شریف نمبر ۹ گزرا ہے وہ بھی دفع طاعون کے لیے مفید ہے اس موضوع پر اس نے ایک کتاب لکھی ہے جس میں ابن خطیب بیرودان کی یہ روایت نقل کی کہ ایک نیک آدمی نے اسے بتایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر بکثرت درود وسلام پڑھنے سے طاعون ختم ہو جاتا ہے انہی کے حوالہ سے میں نے یہ بات بھی وہاں نقل کی کہ ایک نیک شخص نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو آپ نے اسے دفع طاعون کے لئے دعا سکھائی، وہاں میں نے دعا ذکر کر دی ہے۔ لہٰذا دوبارہ لکھنے کی ضرورت نہیں، یونہی سیدی شیخ خالد نقشبندی کا درود جو ۱۹ نمبر پر ہے بقول علماء دفع طاعون کے لیے مجرب ہے۔ اور آپ رضی اللہ عنہ نے، زمانہ طاعون میں ہر فرض نماز کے لیے تین بار پڑھنے کا حکم دیا تھا جو مذکورہ کی طرف رجوع کیجیے اور اللہ بہتر جانتا ہے۔ اللہ درود وسلام نازل فرمائے ہمارے آقا محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل واصحاب پر۔

فوائد۔ حاکموں کے ہاں قبولیت اور ظالموں، دشمنوں کے شر سے بچنے کے لیے

حصن حصین میں فرمایا اگر بادشاہ یا کسی اور ظالم سے خوف ہے تو کہے:
اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَعَزُّ مِنْ خَلْقِہٖ جَمِیْعًا۔ اَللّٰہُ اَعَزُّ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ

marfat.com
Marfat.com

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ مُمْسِکُ السَّمَآءِ اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِہٖ مِنْ شَرِّ فُلَانٍ یہاں اس کا نام لے وَجُنُوْدِہٖ وَاَتْبَاعِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ مِنَ الْجِنِّ، اَللّٰھُمَّ کُنْ لِیْ جَارًا مِّنْ شَرِّھِمْ جَلَّ ثَنَاءُکَ وَعَزَّ جَارُکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ"

اللہ سب سے بڑا ہے تم مخلوق سے بڑھ کر عزت والا ہے جس سے میں ڈرتا اور بچتا ہوں اس سے اللہ غالب تر ہے۔ میں اس اللہ کی پناہ مانگتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں، اس کے حکم کے بغیر آسمان کو زمین پر گرنے سے روکنے والا ہے فلاں کے شر سے اس کے لشکر اور اس کے پیروکاروں اور اس جیسوں کے شر سے مثلاً جن، اے اللہ! ان کے شر سے مجھے پناہ دیجیو، تیری تعریف بڑی تیری پناہ غالب ہے اور تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں"

تین بار۔ اس کو طبرانی نے مرفوعاً روایت کیا۔

اور کتاب سدرۃ المنتہیٰ فی احادیث المصطفیٰ میں قعقاع سے روایت ہے کہ کعب اخبار نے کہا چند کلمات کو میں نہ پڑھتا تو یہودی مجھے گدھا بنا دیتے، کہا گیا وہ کون سے کلمات ہیں؟ کہا:

"اَعُوْذُ بِوَجْہِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ لَیْسَ شَیْءٌ اَعْظَمَ مِنْہُ وَبِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَبِاَسْمَآءِ اللّٰہِ الْحُسْنٰی مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَأَ وَبَرَأَ"

میں اس خدائے بزرگ کی پناہ چاہتا ہوں، جس سے بڑی کوئی شے نہیں اور اللہ کے ان کلمات کی جن سے نیک و بد تجاوز نہیں کر سکتا۔

marfat.com

Marfat.com

اور اللہ کے ان اسمائے حسنیٰ کی جن کو میں جانتا ہوں اور جن کو میں نہیں جانتا۔
حسن حسین میں بھی ہے۔ ابو نعیم نے مستدرک علی مسلم میں روایت نقل
کی جب کسی کو خوف ہو تو کہے اَللّٰھُمَّ اکْفِنَا بِمَا شِئْتَ۔ الٰہی ہمارے کفایت کر جس
سے چاہے" یہ حدیث صحیح ہے۔
حافظ سیوطی نے خصائص الکبریٰ میں کہا، ابن سعد نے ابان بن عیاش کی روایت
نقل کی کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے حجاج بن یوسف سے بات کی، حجاج نے ان سے
کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت جوتوں نے کی، اور امیر المومنین کا جو تیرے متعلق
خط آیا ہے۔ ان کا لحاظ نہ ہوتا تو تیرا میرا معاملہ ہی کچھ اور ہوتا۔ آپ نے کہا تو میرا کچھ نہیں
بگاڑ سکتا۔ جب میری ناک میں تکلیف تھی اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے میری بدلی ہوئی
آواز سنی۔ مجھے کچھ کلمات سکھائے جن کے ہوتے کسی جابر کی ظلم و زیادتی میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتی۔
حاجتیں بھی پوری ہوتی رہیں گی۔ اور مسلمانوں کی محبت بھی ساتھ رہے گی۔ حجاج نے کہا مجھے
بھی وہ کلمات سکھا دیں۔ مہربانی ہوگی۔ فرمایا تو اس کا اہل نہیں۔ حجاج نے اس مقصد کے
لیے اپنے دو بیٹوں کو دو لاکھ درہم دے کر آپ کی خدمت میں بھیجا اور ان کو کہا شیخ
سے ادب و احترام سے پیش آنا۔ امید ہے ان کلمات کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو
جاؤ گے۔ لیکن وہ کامیاب نہ ہو سکے۔ اپنی وفات سے تین دن قبل فرمایا کہ یہ کلمات
سنبھال کر رکھنا، اور غلط جگہ استعمال نہ کرنا۔ اللہ اکبر دو بار۔

بِاسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ بِاسْمِ اللّٰہِ عَلٰی اَھْلِیْ وَ مَالِیْ بِاسْمِ
اللّٰہِ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ اَعْطَانِیْہِ رَبِّیْ بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَاءِ
بِاسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ بِاسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ
مَعَ اسْمِہٖ دَاءٌ بِاسْمِ اللّٰہِ اِفْتَتَحْتُ وَعَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ۔
اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ وَلَا اُشْرِکُ بِہٖ اَحَدًا، اَسْئَلُکَ اَللّٰھُمَّ

marfat.com
Marfat.com

خَيْرَكَ مِنْ خَيْرِكَ الَّذِیْ لَا يُعْطِيْهِ غَيْرُكَ هَزَّجَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰهُمَّ اِجْعَلْنِیْ فِیْ عِيَاذِكَ وَجِوَارِكَ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ مِّنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَجِيْرُبِكَ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ خَلَقْتَ وَاَحْتَرِزُبِكَ مِنْهُنَّ وَاَقْدِمُ بَيْنَ يَدَیَّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، اَللّٰهُ الصَّمَدُ، لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ مِنْ اَمَامِیْ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ يَمِيْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَمِنْ تَحْتِیْ ؕ

فوائدالشرجی

"فوائد شرجی" رحمہ اللہ میں ہے جس سے ڈرے اس کے پاس جاتے وقت پڑھے۔

یہ پوری آیت۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکے گا۔ انہی میں یہ بھی ہے۔ بادشاہوں کے پاس جاتے وقت پڑھے۔

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غَالِبُوْنَ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ، فَلَمَّا رَاَيْتُهٗ اَكْبَرْنَهٗ، اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ، لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ، لَا تَخَافُ وَلَا تَخْشٰى، لَا تَخَافَا اِنَّنِیْ مَعَكُمَا اَسْمَعُ وَاَرٰى، لَا تَخَفْ اِنِّیْ لَا يَخَافُ لَدَیَّ الْمُرْسَلُوْنَ۔"

اس میں یہ بھی ہے کہ جو شخص اللہ کا فرمان قَالَ رَجُلٰنِ سے اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۔ ہرن کی کھال پر زعفران سے لکھے، اسی سے شخص موعود اور اس کی ماں کا نام لکھے

marfat.com
Marfat.com

جب بادشاہوں اور ظالم حکمرانوں کے پاس جانا چاہے اسے پاس رکھے۔ مخالفین کی زبانیں گنگ اور آنکھیں اندھی ہو جائیں گی اور جو بات کریں گے خیر خواہی کی کریں گے۔

الدمیری نے حیاۃ الحیوان میں ہاتھی پر گفتگو کرتے ہوئے دیکھا۔ جب انسان کسی ایسے شخص کے پاس جائے جس کے شر و فساد سے خطرہ ہے، اور پڑھے کہیعٓصٓ. حٰمٓ عٓسٓقٓ ان دو کلمات کی حروف کی تعداد کے مطابق، دس بار ہاتھوں کی انگلیوں پر شمار کرے۔ دائیں انگوٹھے سے شروع کرے اور بائیں انگوٹھے پر ختم کرے۔ جب فارغ ہو تو دونوں ہاتھوں کی انگلیاں بند کر کے سورۂ الفیل پڑھے۔ جب فرمان باری تعالیٰ تَرْمِيهِمْ پر پہنچے تو لفظ تَرْمِيهِمْ میں دس بار تکرار کرے اور ہر بار ایک انگلی کھولتا جائے۔ جب ایسا کرے گا، اس کے شر سے محفوظ ہو جائے گا۔ یہ عجیب مجرب عمل ہے۔

فرمایا مجرب فوائد میں سے ایک فائدہ جو ایک صاحب خیر و صلاح نے مجھے عطا فرمایا یہ کہ جو کوئی اُسے تکلیف پہنچانا چاہتا ہے اس کی نیت کرے۔ دسویں دن جاری پانی کے قریب بیٹھ جائے اور یہ دعا مانگے:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَاضِرُ الْمُحِيطُ بِمَكْنُونَاتِ الضَّمَائِرِ، اَللّٰهُمَّ عِزَّ الظَّالِمُ وَقَلَّ النَّاصِرُ وَاَنْتَ الْعَالِمُ، اَللّٰهُمَّ اِنَّ فُلَانًا ظَلَمَنِيْ وَاٰذَانِيْ وَلَا يَشْهَدُ بِذٰلِكَ غَيْرُكَ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ سَائِلُهٗ فَاَهْلِكْهُ اَللّٰهُمَّ سَرْبَلْهُ بِسِرْبَالَةِ الْهَوَانِ وَقَمِّصْهُ قَمِيْصَ الرَّدٰى. اَللّٰهُمَّ اَقْصِصْهُ، اس لفظ کو دس بار مکرر بولے پھر پڑھے۔ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ "

الٰہی تو ہی حاضر اور دلوں کے چھپے رازوں کو جاننے والا ہے۔ الٰہی! ظالم غالب اور مددگار کم ہیں اور تو جانتا ہے الٰہی! فلاں نے مجھ پر ظلم کیا اور ستایا اور اس پر صرف تو گواہ ہے۔ الٰہی! تو اس کا مالک ہے۔

marfat.com

Marfat.com

سوا سے ہلاک کر۔ الٰہی! اس کو ذلت کی شلوار اور ہلاکت کی قمیض پہنا۔ الٰہی! اسے تباہ کر۔ (اس لفظ کو دس بار پڑھے) پھر اللہ نے ان کے ظلم کی وجہ سے انہیں پکڑا اور ان کے لیے اللہ کے سوا کوئی بچانے والا نہ تھا۔ بے شک اللہ اسے ہلاک فرمائے گا اور اس کے شر سے اسے کفایت فرمائے گا۔ فرمایا یہ راز لطیف ہے۔

علامہ سُبکی کا فرمان

علامہ تاج الدین السُبکی نے "الطبقات الکبریٰ" میں حافظ ابوالحسن علی بن حسن بن حکمانی کی کتاب، جو امام شافعی رحمہ اللہ کے مناقب میں ہے کے حوالہ سے یہ روایت نقل کی کہ المزنی نے کہا میں نے شافعی سے سُنا۔

امام شافعی اور ہارون الرشید

فرمایا ایک رات ہارون الرشید عباس نے الربیع کو میرے پاس بھیجا۔ وہ بغیر اجازت میرے کمرے میں داخل ہُوا اور مجھ سے کہنے لگا، چلو میں نے کہا اس وقت اور بلا اجازت ہی آ دھمکے؟ الربیع نے کہا مجھے یہی حکم ہُوا ہے۔ میں اس کے ہمراہ چل پڑا۔ جب میں محل کے دروازے پر پہنچا تو الربیع نے مجھے بیٹھنے کو کہا۔ کہ شائد بادشاہ سو گیا ہے یا اس کا غُصّہ ٹھنڈا ہو گیا۔ خود اندر جا کر دیکھا تو ہارون کھڑا تھا بولا محمد بن ادریس شافعی کا کیا بنا؟ میں نے کہا بُلا لایا ہُوں۔ ہارون باہر آیا، امام شافعی کہتے ہیں میری طرف غور سے دیکھنے لگا۔ پھر کہنے لگا محمدؐ! میں نے آپ کو تکلیف دی، آپ جا سکتے ہیں۔ الربیع ان کے ہمراہ درہموں کا تھیلا لیتے جاؤ۔ کہتے ہیں میں نے کہا، مجھے ان کی ضرورت نہیں۔ ہارون نے کہا میں آپ کو قسم دیتا ہوں کہ قبول کریں میں نے لے لیے۔ باہر آیا تو الربیع نے مجھ سے کہا اس ذات کا واسطہ، جس نے اس شخص کو تیرا تابع فرمان بنایا۔ تم نے کیا پڑھا ہے۔ میں نے تجھے حاضر کیا اور میں

marfat.com
Marfat.com

تیری گردن کے پیچھے سے تلوار چلنے کی جگہ پر نظر کیے کھڑا تھا۔ میں نے کہا، میں نے مالک بن انس کو فرماتے سُنا، وہ کہتے تھے میں نے نافع کو کہتے سُنا وہ کہتے تھے میں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو کہتے سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگِ احزاب کے دن یہ دعا مانگی اور وہی کافی رہی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِنُوْرِ قُدْسِكَ وَبَرَكَةِ طَهَارَتِكَ وَعَظَمِ جَلَالِكَ مِنْ كُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ غِيَاثِیْ فَبِكَ اَغُوْثُ وَاَنْتَ عِيَاذِیْ فَبِكَ اَعُوْذُ وَاَنْتَ مَلَاذِیْ فَبِكَ اَلُوْذُ يَا مَنْ ذَلَّتْ لَهُ رِقَابُ الْجَبَابِرَةِ وَخَضَعَتْ لَهُ مَقَالِيْدُ الْقَرَاعِنَةِ، اَجِرْنِیْ مِنْ خِزْيِكَ وَعُقُوْبَتِكَ فِیْ لَيْلِیْ وَنَهَارِیْ وَنَوْمِیْ وَقَرَارِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ تَعْظِيْمًا لِوَجْهِكَ وَتَكْرِيْمًا لِسُبْحَاتِكَ فَاصْرِفْ عَنِّیْ شَرَّ عِبَادِكَ وَاجْعَلْنِیْ فِیْ حِفْظِ عِنَايَتِكَ وَسَرَادِقَاتِ حِفْظِكَ وَعِدْ عَلَیَّ بِخَيْرٍ مِنْكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ "

اور الزبیدی نے شرح احیاء علوم الدین (للغزالی) کی کتاب "الامر بالمعروف والنہی عن المنکر" میں حل مشکلات کی مذکورہ حکایت نقل کرنے کے بعد، اسم باری تعالیٰ "اَللَّطِيْفُ" کے میں حضرت خضر علیہ السلام کی روایت سے ایک اور واقعہ ذکر کیا ہے فرمایا:۔

خضر علیہ السلام کا قصہ

امام طبرانی کی کتاب الدعا میں محمد بن مہاجر جس سے مصنف نے یہ قصہ نقل کیا ہے کہتے اور واقعہ منقول ہے کہتے ہیں ہم کو یحییٰ بن محمد الحمانی نے بتایا، ان کو المعلی بن حرمی، ان کو محمد بن المہاجر البصری نے بتایا، ان کو ابوعبدالقدر بن التوام الرقاشی نے بتایا۔

marfat.com
Marfat.com

کہ سلمان ابن عبدالملک نے ایک شخص کو ڈرایا دھمکایا اور اسے قتل کرنے کی نیت سے بھیجا وہ شخص بھاگ کھڑا ہوا۔ خلیفہ کے سپاہی اس کی تلاش میں ہر روز اس کے گھر آتے لیکن کامیابی نہ ہوئی۔ وہ شخص جس شہر میں جاتا، اسے بتایا جاتا کہ یہاں تیری تلاش ہو رہی ہے۔ جب اسی طرح عرصہ دراز گذر گیا۔ تو اس نے کسی ایسے ملک میں جانے کا ارادہ کر لیا جہاں سلیمان کی حکومت نہ ہو۔ یہاں ایک لمبی سرگذشت ذکر کی۔ پھر کہا، اسی اثنا میں وہ ایک ایسے صحرا میں پہنچا، جہاں نہ پانی تھا نہ کوئی درخت۔ ناگاہ ایک شخص نماز پڑھتا ہوا نظر آیا کہا کہ میں اس سے ڈرنے لگا۔ پھر میں سنبھلا اور دل میں کہا، سبحان یہ کوئی اونٹ یا چوپایا تو نہیں۔ کہا کہ میں اس کی طرف چل پڑا۔ اس نے رکوع کیا اور سجدہ کیا، پھر میری طرف دیکھ کر کہا، شائد اس ظالم سرکش نے تجھے ڈرایا ہے؟ میں نے کہا ہاں! کہا تجھے درندے کے (استعمال) سے کس نے منع کیا؟ میں نے کہا اللہ. آپ پر رحم فرمائے درندہ کیا ہے؟ کہا یہ پڑھو:

"سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الَّذِیْ لَیْسَ غَیْرُہٗ اِلٰہٌ، سُبْحَانَ الْبَدِیْ سُبْحَانَ الْقَدِیْمِ الَّذِیْ لَا بَارِئَ لَہٗ سُبْحَانَ الدَّائِمِ الَّذِیْ لَا نَفَادَ لَہٗ سُبْحَانَ الَّذِیْ کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِیْ شَانٍ. سُبْحَانَ الَّذِیْ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ، سُبْحَانَ الَّذِیْ خَلَقَ مَا تَرٰی وَمَا لَا تَرٰی، سُبْحَانَ الَّذِیْ عِلْمَ کُلِّ شَیْءٍ بِغَیْرِ تَعْلِیْمٍ"

پھر کہا پڑھو، میں نے اسے پڑھا اور زبانی یاد کر لیا پلٹ کر دیکھا تو وہ شخص نظر نہ آیا کہا کہ اللہ نے میرے دل میں سکون ڈال دیا اور میں جس راستے سے چاہتا تھا واپس گھر آ گیا۔ میں نے کہا سلیمان بن عبدالملک کے دروازے سے ضرور ہو کر گزروں گا، انشاء اللہ میں اس کے دروازے کے سامنے آیا اس دن اس کے دربار میں آنے کی عام اجازت تھی۔ میں بھی اندر چلا گیا اس کی نشست اونچی جگہ پر تھی مجھے دیکھ کر سیدھا

marfat.com
Marfat.com

بیٹھ گیا۔ پھر مجھے قریب آنے کا اشارہ کیا، مجھے قریب تر کرتا گیا یہاں تک کہ میں اس کے ساتھ جا بیٹھا۔ کہنے لگا تو نے مجھ پر جادو کر دیا۔ کیا تم جادوگر بھی ہو؟ تمہاری کچھ اور شکایات بھی مجھ تک پہنچی ہیں۔ میں نے کہا امیرالمومنین! نہ میں جادوگر ہوں، نہ مجھے اس کا علم ہے۔ نہ تجھ پر جادو کیا۔ کہنے لگا یہ کیسے ہو سکتا ہے، میرا خیال یہ ہے کہ تجھے قتل کئے بغیر میری حکومت مکمل نہ ہو گی۔ لیکن تجھے دیکھ کر میں اپنی جگہ اس وقت تک ٹھہر نہ سکا، جب تک تجھے بلا کر اپنی نشست گاہ پر، اپنے ہمراہ بٹھا نہ لیا۔ کہنے لگا صحیح صحیح بات بتا دو، میں نے اسے سب کچھ بتا دیا۔ اس پر خلیفہ نے کہا، اس اللہ کی قسم جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں، وہ شخص ابوالعباس خضر علیہ السلام تھے انھوں نے ہی تجھے یہ تعلیم دی۔ کارندوں نے کہا، اس کے لیے امان لکھ دو، بہترین تحائف دو اور اس کے گھر تک سواری کا بندوبست کر دو الخ

امام احمدؒ وغیرہ نے ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کسی قوم کی شرارت کا خطرہ محسوس ہوتا تو آپ یہ دعا پڑھتے۔

"اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ"

الشرجی نے بارہویں فائدے میں کہا، حباب بن سلمہ کا جب دشمن سے سامنا ہو تو یہ دعا مانگنا پسند کرتے تھے۔

"لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ"

ابن ابی الدنیا نے ذکر کیا، رومی علاقے میں ایک غیر مسلم، قوم نے قلعے کا محاصرہ کر لیا۔ مسلمانوں نے یہی دعا پڑھی اور نعرۂ تکبیر بلند کیا، رومی بھاگ گئے اور اللہ کے حکم سے قلعہ کا دروازہ کھل گیا۔

الدمیری نے "حیاۃ الحیوان" میں جانوروں پر کلام کرتے ہوئے کہا، شیخ قطب الدین قسطلانی نے کہا، میں نے اپنی والدہ ام محمد آمنہ کی ایک دعا یاد کی ہے، والدہ کا انتقال

marfat.com
Marfat.com

۱۵۶۵ھ میں ہوا۔ یہ دُعا ان دشمنوں کے شر سے بچاتی ہے جن کے شر سے ڈر لگتا ہو۔

"اَللّٰھُمَّ بِتِلَاْءُ لُوْ نُوْرِ بَھَاءِ حُجُبِ عَرْشِیْكَ مِنْ اَعْدَائِیْ اِحْتَجَبْتُ، وَبِسَطْوَةِ جَبْرُوْتِكَ مِمَّنْ یَكِیْدُنِیْ اِسْتَتَرْتُ وَبِطَوْلِ حَوْلِ قُوَّتِكَ مِنْ كُلِّ سُلْطَانٍ تَحَصَّنْتُ وَبِدَیْمُوْمِ قَیُّوْمِ دَوَامِ اَیْدِیَتِكَ مِنْ كُلِّ شَیْطَانٍ اِسْتَعَنْتُ وَبِمَكْنُوْنِ السِّرِّ مِنْ سِرِّ سِرِّكَ مِنْ كُلِّ ھَمٍّ وَّغَمٍّ تَخَلَّصْتُ یَاحَامِلَ الْعَرْشِ عَنْ حَمَلَةِ الْعَرْشِ یَا شَدِیْدَ الْبَطْشِ یَاحَابِسَ الْوَحْشِ اِحْبِسْ عَنِّیْ مَنْ ظَلَمَنِیْ وَاغْلِبْ مَنْ غَلَبَنِیْ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ"

ترجمہ: الٰہی! تیرے حجاب عرش کے نُور کی چمک کے ذریعے اپنے دشمنوں سے پردہ پوش ہوا۔ اور تیری زبردست اقتدار کی پناہ گاہ میں اپنے مکر و فریب والوں سے پناہ گزیں ہوا اور تیری زبردست طاقت کے ذریعے ہر بادشاہ سے قلعہ بند ہوا، اور تیری ہمیشہ رہنے والی طاقت اور دستِ قدرت کے ذریعے میں نے ہر شیطان کے مقابلے میں مدد مانگی۔ اور تیرے پردہ در پردہ راز کے ذریعے ہر غم و الم سے چھٹکارا پایا۔ اے حاملین عرش سے عرش اٹھانے والے! اے سخت گرفت والے! اے وحشیوں کو روکنے والے! جو مجھ پر ظلم کرے اُسے مُجھ سے روک لے اور مُجھ پر غلبہ پانے والوں کو مغلوب کر اللہ نے یہ فیصلہ لکھ دیا ہے۔ کہ میں اور میرے رسُول ضرور بالضرور غالب آئیں گے، بے شک اللہ قوت و غلبہ والا ہے۔

اور فرمایا دشمنوں سے محفوظ رکھنے، ہر بادشاہ، شیطان درندے اور چڑیل

marfat.com
Marfat.com

کے شر سے بچنے کے لیے ایک مجرب نسخہ یہ ہے کہ سورج نکلتے وقت سات بار یہ پڑھے:۔

اَشْرَقَ نُوْرُ اللّٰہِ وَظَھَرَ کَلَامُ اللّٰہِ وَثَبَتَ اَمْرُ اللّٰہِ وَنَفَذَ حُکْمُ اللّٰہِ، اِسْتَعَنْتُ بِاللّٰہِ وَتَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ مَا شَاءَ اللّٰہُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ تَحَصَّنْتُ بِحِفْظِ اللّٰہِ وَبِلَطِیْفِ صُنْعِ اللّٰہِ وَبِجَمِیْلِ سَتْرِ اللّٰہِ وَبِعَظِیْمِ ذِکْرِ اللّٰہِ وَبِقُوَّۃِ سُلْطَانِ اللّٰہِ وَدَخَلْتُ فِیْ کَنَفِ اللّٰہِ وَاسْتَجَرْتُ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَبَرِئْتُ مِنْ حَوْلِیْ وَقُوَّتِیْ وَاَسْتَعَنْتُ بِحَوْلِ اللّٰہِ وَقُوَّتِہٖ اَللّٰھُمَّ اسْتُرْنِیْ فِیْ نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ وَوُلْدِیْ سَتْرَکَ الَّذِیْ سَتَرْتَ بِہٖ ذَاتَکَ فَلَا عَیْنٌ قَرَاکَ وَلَا یَدٌ تَصِلُ لَیْکَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔ اِحْجُبْنِیْ عَنِ الْقَوْمِ الظَّالِمِیْنَ۔ بِقُدْرَتِکَ یَا قَوِیُّ یَا مَتِیْنُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا دَائِمًا اَبَدًا اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ"

ظالم حکمران کی معزولی کے لیے

الدیربی نے کہا ظالم حکمران کی معزولی کے لیے ایک طریقہ یہ ہے کہ جمعرات کو نماز عشاء پڑھ کر باوضو اپنے گھر چلے جاؤ اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک ہزار بار درود شریف پڑھو، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ پھر سو بار کے بعد کہو، یا رسول اللہ! میں فلاں ابن فلاں سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں، سو آپ میرا حق اس سے لیں"؛ اگر والی ہے تو معزول ہوگا۔

marfat.com
Marfat.com

اور مبتلائے عذاب ہوگا۔ یہ بات صحیح، مجرّب ہے۔ (الدیربی نے) اس کے بہت سے فوائد ذکر کئے ہیں، جو مشہور ہیں۔ لہٰذا میں نے نقل نہیں کیے۔

ازالۂ رنج والم اور قضائے حاجات کے فوائد

امام ابن القیم نے اپنی کتاب "زاد المعاد فی ھدی خیر العباد" میں کہا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک ہدایت وہ ہے جسے بخاری و مسلم نے ازالۂ غم والم کے لیے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تکلیف کے وقت پڑھتے۔

"لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ"

جامع ترمذی میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو کوئی مشکل امر درپیش ہوتا تو آپ پڑھتے:

"یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ"۔ اسی میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی، کہ جب نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو کوئی پریشانی لاحق ہوتی، تو آسمان کی طرف دیکھ کر پڑھتے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔ جب خاص اہتمام سے دُعا مانگتے تو یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ۔ پڑھتے۔

سُنن ابوداؤد میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، مصیبت زدہ کی دُعائیں یہ ہیں۔

"اَللّٰھُمَّ اَرْجُوْ رَحْمَتَکَ فَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ
وَاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّہٗ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ"

الٰہی میں تیری رحمت کا اُمیدوار ہوں۔ سو مجھے لمحہ بھر کے لیے میرے

marfat.com
Marfat.com

نفس کے سپرد نہ فرمانا اور میرا تمام حال درست فرما دے، تیرے سوا
کوئی مستحق عبادت نہیں"۔

اسی میں حضرت اسمأ بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا، میں تجھے مصیبت کے وقت پڑھے جانے والے کلمات نہ بتاؤں؟ اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا نُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا۔ "اللہ اللہ میرا پروردگار ہے جس کے ساتھ ہم کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہراتے"، ایک روایت میں ہے کہ یہ سات بار پڑھے جائیں۔

مسند امام احمد بن حنبل میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ جو بندہ رنج و غم کے وقت یہ دعا پڑھے:

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُکَ ابْنُ عَبْدِکَ ابْنِ اَمَتِکَ نَاصِیَتِیْ بِیَدِکَ
مَاضٍ فِیَّ حُکْمُکَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاؤُکَ اَسْئَلُکَ بِکُلِّ اسْمٍ ھُوَ
لَکَ سَمَّیْتَ بِہٖ نَفْسَکَ اَوْ اَنْزَلْتَہٗ فِیْ کِتَابِکَ اَوْ عَلَّمْتَہٗ
اَحَدًا مِّنْ خَلْقِکَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِہٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَکَ
اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَ نُوْرَ صَدْرِیْ
وَجِلَاءَ حُزْنِیْ وَذِھَابَ ھَمِّیْ"

اللہ تعالیٰ اس کا رنج و غم دور فرمائے گا اور اس کی جگہ راحت و سکون عنایت فرمائے گا۔

ترمذی میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "مچھلی والے (یونس علیہ السلام) کی وہ دعا جو مچھلی کے پیٹ میں انہوں نے مانگی "لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ" تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں تو پاک ہے، بے شک میں ہی زیادتی کرنے والوں میں سے ہوں"، جو مسلمان کسی بھی مقصد کے لیے کسی بھی وقت پڑھے، قبول ہوگی"

marfat.com
Marfat.com

ایک اور روایت میں ہے، بے شک میں ایک ایسا کلمہ جانتا ہوں جسے کوئی بھی مصیبت زدہ کہے، اللہ اس کی مشکل حل فرما دے۔ وہ کلمہ میرے بھائی یونس کا ہے (علیہ السلام)

سنن ابو داؤد میں ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کہ ایک دن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے تو وہاں ایک انصاری پر جنہیں ابو امامہ کہا جاتا تھا نگاہ پڑی۔ فرمایا مسجد میں وقت نماز کے علاوہ؟ عرض کی یا رسول اللہ! غم اور قرضے میرا پیچھا نہیں چھوڑتے، فرمایا ایسا کلمہ نہ بتاؤں جس کے پڑھنے سے اللہ تیرا غم دور اور قرضے ادا فرما دے۔ کہا میں نے عرض کی یا رسول اللہ بتائیے۔ فرمایا صبح و شام پڑھا کرو "اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ"

الٰہی میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں غم والم سے اور تجھ سے پناہ مانگتا ہوں عاجزی و سستی سے اور تجھ سے پناہ مانگتا ہوں بزدلی اور بخیلی سے اور تجھ سے پناہ مانگتا ہوں قرض کے بوجھ اور لوگوں کے دباؤ سے"

کہا کہ میں نے اسے پڑھا، سو اللہ نے میرا غم دور فرمایا اور میرا قرض ادا فرما دیا۔

سنن ابو داؤد میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی ہمیشہ استغفار پر عمل کرتا رہے، اللہ اسے ہر غم سے نجات، ہر تنگی سے فراخی اور جہاں سے وہم و گمان بھی نہ ہو، وہاں سے اسے رزق عطا فرمائے گا"

مسند امام احمد میں ہے۔ جب نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم پر جب کوئی پریشان کن مرحلہ آتا، نماز کی طرف لپکتے، اللہ نے فرمایا:

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ۔ صبر و نماز کے ساتھ مدد مانگو"

marfat.com
Marfat.com

سُنن میں ہے جہاد اپنے اُوپر لازم کرلو، کہ وہ جنّت کے دروازوں سے ایک ہے۔ جس کے ذریعے اللہ تعالےٰ لوگوں سے رنج وغم دُور فرماتا ہے"۔

ابن عباس رضی اللہ عنہُ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے غم والم زیادہ ہوجائیں اُسے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کثرت سے پڑھنا چاہیئے۔ صحیحین میں مذکور ہے کہ یہ جنّت کے خزانوں سے ایک خزانہ ہے۔ اور ترمذی میں ہے کہ جنّت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے۔ زادالمعاد کی عبارت ختم ہوئی۔

وہ حدیث جسے ابن القیم نے ابن مسعود رضی اللہ عنہُ کی روایت سے مسند امام احمد کے حوالہ سے نقل کیا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُکَ ابْنُ عَبْدِکَ..... آخر تک۔ اس کے متعلق سیّد احمد دحلان نے اپنی کتاب "تقریب الاصول فی تسہیل الوصول" میں فرمایا، اسے حافظ المنذری نے "الترغیب والترھیب" اور قسطلانی نے "المواھب" میں ذکر کیا ہے۔ اور اسے کئی صحابہ کرام نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مرفوعاً نقل کیا ہے جن میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ شامل ہیں اور بکثرت محدثین نے اس کی تشخریج کی ہے جن میں امام احمد بن حنبل شامل ہیں۔ خلاصہ یہ کہ یہ حدیث صحیح اور آزمودہ ہے"۔ الخ

امام نووی نے "کتاب الاذکار" میں فرمایا، سُنن، نسائی اور ابن سنی کی کتاب میں عبداللہ بن جعفر کی حضرت علی رضی اللہ عنہُ سے روایت ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے ان کلمات کی تلقین فرمائی اور فرمایا جب کوئی مصیبت وآفت آپہنچے تو یہ پڑھ لینا :۔

"لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْکَرِیْمُ الْعَظِیْمُ، سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ"

marfat.com
Marfat.com

حضرت عبداللہ بن جعفر اس کی تلقین کرتے اور بیمار پر پڑھ کر دم کرتے اور بیٹیوں کی وجہ سے جسے غربت کا احساس ہو اسے سکھاتے۔ نووی نے کہا ہو عکوک۔ بخار کا مریض اور مغتربہ وہ عورت جس کا رشتہ خاندان سے باہر کیا گیا ہو۔ فرمایا کتاب ابن سنی میں ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو آیۃ الکرسی سورۂ البقرہ کی آخری آیات تکلیف و مصیبت میں پڑھے اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرمائے گا"۔

الدیلمی نے مسند الفردوس میں ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کی زبانی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا، جو تکلیف کے وقت آیۃ الکرسی پڑھے، اللہ اس کی مدد فرماتا ہے۔

حاکم وغیرہ نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی، کہ جب مجھے کوئی تکلیف پہنچی، جبریل علیہ السلام نے آکر کہا، اے محمد! یہ فرماؤ، میں نے اس زندہ ذات پر بھروسہ کیا جو نہ مرے گی اور سب تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس نے کوئی بیٹا نہ بنایا اور سلطنت میں جس کا کوئی شریک نہیں اور جس کو ذلت سے بچانے والا کوئی مددگار نہیں اور اس کی خوب بڑائی بول"۔

ابن السنی نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی زبانی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا۔ بے شک مجھے ایسے کلمہ کا علم ہے۔ جسے خود مصیبت زدہ پڑھے۔ اس کی تکلیف دور ہو۔ وہ ہے میرے بھائی یونس علیہ السلام کا کلمہ، جو اندھیروں میں ان کی زبان سے نکلا تھا۔

"لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ"

ترجمہ: "تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔ تو پاک ہے، بے شک میں زیادتی کرنے والوں میں سے ہوں"۔

ابن العزریس نے یحییٰ بن کثیر سے روایت کی، جو صبح کے وقت سورۂ یٰسین پڑھے شام تک خوشی میں رہے گا۔ اور جو شام کو پڑھے صبح تک خوشی میں رہے گا۔ ہمیں:

marfat.com
Marfat.com

بات تجربہ کرنے والوں نے بتائی ہے۔

امام احمد نے اپنی مسند میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا، جس کسی کو کوئی مصیبت پہنچے اور وہ کہے۔

"اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ، اَللّٰھُمَّ اْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاخْلُفْ لِیْ خَیْرًا مِنْھَا"

"بے شک ہم اللہ کے لیے ہیں اور بے شک ہمیں اُسی کی طرف لوٹنا ہے۔ اے اللہ! مجھے میری مصیبت میں اجر دے اور اس کی جگہ اس سے بہتر عطا فرما"

اللہ اس کو اس مصیبت میں اجر دے گا اور اس کی جگہ بہتر عطا فرمائے گا۔

عقیلی نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ کثرت سے پڑھو، بے شک یہ تکلیف کے ننانوے دروازے بند کرتا ہے۔ جن میں کمتر دروازہ غم ہے۔

ترمذی نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کوئی بات پریشان کرتی تو آپ اپنا سر آسمان کی طرف اٹھا کر پڑھتے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ اور جب خصوصی دُعا مانگتے تو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ فرماتے"

امام احمد نے عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی مسئلہ درپیش ہوتا تو آپ فرماتے،

"لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ"

ترمذی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جب کبھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی پریشانی لاحق ہوتی تو آپ پڑھتے۔

marfat.com

Marfat.com

"یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ"

اسی کو حاکم نے عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ میں روایت کیا جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر غم والم کی حالت طاری ہوتی۔ تو آپ فرماتے:۔

بخاری و مسلم وغیرہ محدثین نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکلیف کے وقت پڑھتے تھے۔

"لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْاَرْضِیْنَ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ"

اور طبرانی نے یہ اضافہ کیا ہے۔

"اِصْرِفْ عَنِّیْ شَرَّ فُلَانٍ"

فلاں کا شر مجھ سے پھیر دے۔

النسائی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی، کہ مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پریشان دیکھا تو فرمایا، اپنے گھر والوں میں سے کسی کو کہو تمہارے کان میں اذان کہے، کہ یہ پریشانی کا علاج ہے فرمایا میں نے ایسا ہی کیا، تو میری پریشانی جاتی رہی۔

طبرانی نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی کہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اولاد عبدالمطلب! جب تم پر کوئی غم یا سختی نازل ہو تو یہ پڑھا کرو۔

"اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا شَرِیْکَ لَہٗ"

نسائی نے، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان

marfat.com
Marfat.com

روایت کیا کہ جب تم پر غم والم نازل ہو تو سات بار یہ دُعا پڑھے۔

"اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا"

ایک روایت میں ہے جب تم میں سے کسی پر رنج والم یا بیماری وغیرہ کا حملہ ہو تو تین بار یہ کہے۔

"اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا"

اس کو الخطیب نے اسمار رضی اللہ عنہا سے روایت کیا۔

الجامع الصغیر میں ہے جب تم میں سے کسی کو غم دائم کا سامنا ہو تو کہے۔

"اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا"

اس کو طبرانی نے الاوسط میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے۔

المناوی نے کہا۔ اللہ کے اسم مبارک کا تکرار حصول لذت کے لیے ہے پھر فرمایا اس کا مطلب یہ ہے۔ کہ جب صدق دل اور خلوصِ نیت سے کہے تو رنج وغم دُور ہوں گے۔ الخ

ابو نعیم نے شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا کہ۔

"حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ"

ہر خوف زدہ شخص کے لیے حفاظت ہے۔

ابن ابی الدنیا نے الذکر میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی کہ جب کبھی نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو زیادہ پریشانی ہوتی تو آپ اپنا دستِ مبارک اپنے سر اور داڑھی مُبارک پر پھیرتے پھر اوپر کو سانس لیتے ہوئے فرماتے:۔

"حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ"

"مجھے اللہ کافی ہے اور بہترین کارساز"

marfat.com

Marfat.com

اور جب کبھی نبی علیہ السلام کو رنج و دُکھ پہنچتا تو سات بار فرماتے۔

حَسْبِیَ الرَّبُّ مِنَ الْعِبَادِ حَسْبِیَ الْخَالِقُ مِنَ الْمَخْلُوْقِیْنَ حَسْبِیَ الرَّازِقُ مِنَ الْمَرْزُوْقِیْنَ حَسْبِیَ الَّذِیْ هُوَ حَسْبِیْ. حَسْبِیَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ؕ

سو جو کوئی اسے پڑھے، اللہ اسے دنیا و آخرت کے تمام آلام سے محفوظ فرمائے گا۔

صحیح (سنن) ابوداؤد میں ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو کوئی صبح و شام سات بار یہ پڑھے۔

"حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ"

اللہ اس کے تمام رنج والم کو دور فرمائے گا" سچے ہوں یا جھوٹے۔

فوائد السنوسی رحمہ اللہ میں ہے جو کوئی آیت مبارکہ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ... آخر تک۔ اور آیت مبارکہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ آخر تک لکھ کر اپنے پاس (گلے یا بازو پر باندھ کر) رکھے۔ تمام حالات میں اس پر لطف و کرم رہے گا۔ اللہ دشمنوں پر اس کی مدد فرمائے گا۔ تمام رنج و غم اس سے دُور ہوں گے۔ یہ دونوں آیتیں ظاہری و باطنی امراض سے نجات دینے میں بہت مُفید ہیں، صاف ستھرے برتن پر لکھ کر دھولیں، زیتون اور گلاب کے عرق میں ملا کر پھوڑے پھنسی اور زخموں اور ورم پر لگائیں، (انشاء اللہ) جلد ہی آرام آجائے گا۔ یہ نسخہ مُجرب ہے صحیح ہے۔ یہ دونوں آیتیں تمام حروفِ معجمہ کی جامع ہیں۔

المدینی نے شیخ ابوالعباس الحریتی رضی اللہ عنہ کا یہ قول نقل کیا ہے۔ کہ رنج و غم کے ازالہ کے لیے یہ دُعا مانگی جائے۔

یَا مَنْ کَرَمُهٗ لَا یُحَدُّ وَقَضَاؤُهٗ لَا یُرَدُّ وَصِفَتُهٗ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تا آخر سورہ تک۔ اَفْعَلْ بِیْ مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ وَلَا تَفْعَلْ

marfat.com
Marfat.com

"یٰ مَا اَنَا اَھلُہٗ اِنَّکَ اَھلُ التَّقْوٰی وَ اَھلُ الْمَغْفِرَۃِ وَصَلَّی
اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَسَلَّمَ"

جیسا کہ عارف باللہ سیدی شیخ علوان الحموی نے اپنی کتاب "مصباح الھدایہ ومفتاح الولایۃ" میں ذکر کیا ہے رنج والم کو دور کرنے کے امام عارف باللہ ابوالفضل یوسف بن محمد المعروف بابن النحوی کی دعا المتفرجہ ہے۔ یہ بزرگ مغرب میں وہی مقام رکھتے ہیں جو مشرق میں امام غزالی۔ اس میں چالیس اشعار ہیں۔ پہلا شعر یہ ہے۔

یٰشَقْوَتِیْ اَنِیْمَۃُ تَنْفَرِجِیْ قَدْ اٰذَنَ لَیْلُکِ بِالْبَلَجِ

"اے پریشانی! تو سخت ہوگئی ہے، ختم ہوجا۔ تیری رات ختم ہونے کا وقت آپہنچا ہے"

شیخ علوان نے کہا قابلِ اعتماد لوگوں کی ایک جماعت سے منقول ہے کہ یہ مطلع اسم اعظم پر مشتمل ہے اور جو کوئی اس کے ذریعے دعا مانگے قبول ہو۔ تقی الدین سبکی کو جب کوئی تکلیف ہوتی تو یہ شعر پڑھتے، جیسا کہ ان کے صاحبزادے تاج الدین رحمۃ اللہ علیہ نے طبقات میں اسے نقل کیا، بعض نے کہا، جو شخص باوضو ہو کر، حضورِ قلب کے ساتھ اسے چالیس بار پڑھے اور کسی سے بات نہ کرے، پھر اللہ سے سوال کرے۔ اس کی حاجت پوری ہوگی۔ فرمایا تکالیف کے وقت جن وظائف کو پڑھنا مفید ہے۔ ان میں سے ایک قصیدہ بردہ شریف ہے۔

ع اَمِنْ تَذَکُّرِ جِیْرَانٍ بِذِیْ سَلَمٍ الخ

اس کی بڑی تاثیر ہے۔ یہ بات مجھے سیدی شیخ سید شریف علی بن میمون مغربی رضی اللہ عنہ نے بتائی انہوں نے اس کا تجربہ کیا ہے۔ میں نے دوسروں میں کلام میں اس کی تائید دیکھی ہے۔ تکالیف میں جو پڑھا جانا بہتر سمجھا جاتا ہے اس میں شیخ البونی کے یہ ابیات ہیں۔

اِنْ قِیْلَ مَتٰی ذَاکَ اِنِّیْ لَارْجُوْ عِطْفَۃَ اللّٰہِ وَلَا - اَقُوْلُ

marfat.com
Marfat.com

اِنْ قِیْلَ مَتٰی ذَاکَ مَتٰی۔ آخر تک "

مجھے اللہ کی مہربانی کی اُمید ہے اور اگر پوچھا جائے کب کب ؟ تو میں کچھ نہیں کہتا "! (خاموش ہو جاتا ہوں) کہتا تکالیف کے ازالے کے لیے جن کو آزمایا گیا ہے ان میں ابوالقاسم سہیلی کے ابیات ہیں۔ ۵ یَا مَنْ یَّرٰی مَا فِی الضَّمِیْرِ وَیَسْمَعُ ۔ آخر تک۔ جو بڑے مشہور ہیں۔ اے دل کی باتیں دیکھنے، سُننے والے !" اس مقصد کے لیے جو کہا جاتا ہے اور مشہور ہے۔ ایک جملہ یہ ہے۔ کَمْ لِلّٰہِ مِنْ لُّطْفٍ خَفِیٍّ ، آخر تک، پھر شیخ علوان فرماتے ہیں خوف وخطر کے مقامات پر جس چیز کی طرف بہت توجہ دینی چاہیے۔ وہ امام شافعی کی دُعا ہے۔ آگے اس کو ذکر کیا ہے۔ وہ وہی دُعا ہے جو اس خاتمہ سے کچھ پہلے طبقات ابن سُبکی کے حوالہ سے ذکر ہو چکی ہے۔ جو دراصل رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی وہ دعا ہے جو آپ نے غزوہ احزاب کے موقع پر مانگی تھی۔ جسے امام شافعی نے روایت کیا ہے جیسا کہ گذر چکا ہے۔ میں کہتا ہوں ازالہ تکالیف کے لیے ابن نحوی کی مناجات کی طرح امام غزالی کی مناجات بھی ہے، جس کی ابتدا اس طرح ہوتی ہے ۔

اَلشِّدَّۃُ اَوْدَتْ بِالْمُھَجِ یَا رَبِّ فَعَجِّلْ بِالْفَرَجِ

ترجمہ: سختی کی آندھی چل پڑی، اے رب جلد مُشکل آسان فرما۔

یہ دونوں بزرگ معاصر تھے۔ انشاءاللہ یہ تمام قصائد وابیات اور ان کے مناسب استفادات، اپنی کتاب "جامع التنا علی اللہ" میں ذکر کروں گا۔ جس میں میں نے ابتدا سے آج تک مقدورِ وافر جمع کی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جاہ وجلال کے صدقے اس کی تکمیل میں میری مدد فرمائے۔

marfat.com
Marfat.com

دنیا و آخرت کی تکالیف، جنّوں اور انسانوں کے شر اور آفات سے حفاظت سے متعلقہ فوائد

شیخ ابوالحسن الشاذلی قدس سرہٗ العزیز نے کتاب "الاختصاص من الفوائد القرآنیۃ والخواص" میں فرمایا جو شخص یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ تمام معاملات میں اس کے لیے کافی ہو جائے۔ تمام مخلوق کے شر سے بچائے اور اپنے وسیع فضل و کرم سے عطا فرمائے، وہ ہر روز رات دن میں حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۔ اس کے حروف کے عدد کے برابر ۳۰۰ بار۔ حدیث میں آیا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے آتش نمرود سے اسی وظیفہ کے ذریعے نجات بخشی تھی۔

اس بات کو سید مصطفےٰ البکری نے شرح "حزب النووی" میں ذکر کیا ہے۔

البزار نے حضرت انس رضی اللہ عنہٗ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب اپنے بستر پر آئے، سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھے یعنی قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ آخر تک تو تو موت کے سوا ہر چیز سے محفوظ ہو گیا۔

امام مسلم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس گھر میں سورۂ البقرہ پڑھی جائے۔ اس میں شیطان داخل نہیں ہوتا"

دارمی نے ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ سے مرفوعاً روایت کی، جو شخص سورۂ البقرہ کی پہلی چار آیات، آیۃ الکرسی اور اس کے بعد والی دو آیات، اور سورۂ البقرہ کی آخری تین آیات، اس دن اس کے اور اس کے اہل خانہ کے قریب نہ شیطان آئے، نہ

marfat.com

Marfat.com

کوئی ناپسندیدہ چیز۔ پاگل پر پڑھ کر دم کیا جائے، انشاءاللہ افاقہ ہوگا۔

امام بخاری نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے قصہ صدقہ کے ضمن میں، نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے۔ جب بستر پر آؤ آیت الکرسی پڑھ لو، اللہ کی طرف سے ہمیشہ تم پر ایک محافظ رہے گا۔ اور صبح تک شیطان تمہارے قریب نہیں آئے گا۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سُنو، اُس نے تم سے سچ کہا، حالانکہ وہ بڑا جھوٹا ہے۔

الحاملی نے اپنے فوائد میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ! مجھے کوئی ایسی چیز بتا دیجیے، جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ مجھے فائدہ دے، فرمایا آیۃ الکرسی پڑھا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ تیری، تیری اولاد کی، تیرے گھر کی یہاں تک کہ تیرے اردگرد کے چند گھروں کی بھی حفاظت فرمائے گا۔

الدینوری نے اپنی کتاب المجالسۃ میں حسن بصری رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی کہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے، انہوں نے کہا ایک سرکش جن آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گا۔ لہٰذا جب آپ بستر پر تشریف لائیں تو آیۃ الکرسی پڑھ لیا کریں۔

ابن السنی نے حسین ابن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کی، کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، میری اُمت کے لیے ڈوبنے سے بچنے کی دُعا یہ ہے۔ کہ جب کشتی میں سوار ہوں تو یہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔

"اللہ کے نام سے ہے اس کا چلنا اور ٹھہرنا، بے شک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے"

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۔۔۔۔۔۔ پوری آیت۔

marfat.com

Marfat.com

الصابونی رحمہ اللہ نے المائتین میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، یہ آیت چوری سے حفاظت ہے۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِادْعُوا الرَّحْمٰنَ ..... آخر تک۔

امام بیہقی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ تعالیٰ جس بندے پر مال واولاد کا انعام فرمائے اور وہ کہے۔

"مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔" "وہ موت کے سوا کوئی آفت ان پر نہیں دیکھے گا"

ترمذی نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا، کہ جو کوئی سورۃ الدخان مکمل، سورۂ غافر شروع سے اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ تک۔ اور آیۃ الکرسی، شام کے وقت پڑھے، صبح تک محفوظ رہے گا اور جو کوئی ان کو صبح کے وقت پڑھے، شام تک محفوظ رہے گا۔

دارمی نے یہ لفظ نقل کیا ہے۔ لَمْ یَرَ شَیْئًا یَکْرَهُهٗ، کوئی ناپسندیدہ چیز نہیں دیکھے گا۔

حافظ سیوطی علیہ الرحمہ کی حکایت

حافظ سیوطی نے "الاتقان" میں فرمایا، لطیف ترین حکایت وہ ہے جسے ابن الجوزی نے ابن ناصر سے انہوں نے اپنے شیوخ سے میمونہ بنت شاقول بغدادیہ کے حوالہ سے بیان کیا، میمونہ بغدادیہ فرماتی ہیں، ہمارے پڑوسی نے ہمیں ستایا، میں نے دو نفل پڑھے، اس طرح کہ ہر سورۃ کی پہلی آیت تلاوت کی، اس طرح میں نے قرآن ختم کر لیا، پھر دعا مانگی الٰہی! اسے ہمارے لیے کافی کر دے۔ پھر میں سو گئی، پھر میری آنکھ کھلی۔ دیکھتی کیا ہوں کہ سحری کا وقت ہے، اور وہ ہماری طرف آ رہا ہے۔ اس کا پاؤں پھسلا گرا اور مر گیا۔

ابن سعد اور ابو نعیم بیہقی نے ابوالعالیہ عن خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے یہ

marfat.com

Marfat.com

روایت کی کہ میں نے کہا، یا رسول اللہ! ایک شریر جن مجھے تنگ کرتا ہے، فرمایا یہ پڑھا کرو۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ التَّامَّاتِ اَلَّتِیْ لَا یُجَاوِزُ هُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِی الْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَ مِنْ شَرِّ مَا یَعْرُجُ فِی السَّمَاءِ وَمَا یَنْزِلُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ کُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقًا یَطْرُقُ بِخَیْرٍ یَا رَحْمٰنُ "

میں اللہ کے ان کامل کلمات کی پناہ مانگتا ہوں، جن سے نہ نیک آگے بڑھ سکے نہ بد، اس کی زمینی مخلوق کی شر سے اور جو زمین سے نکلے اس کے شر سے اور جو آسمان میں اوپر چڑھتا ہے اس کے شر سے اور جو آسمان سے اترتا ہے۔ اس کے شر سے، اور ہر رات کو آنیوالے کے شر سے، نہ اس سے جو بھلائی کے ساتھ رات کو آئے۔ اے بہت رحم فرمانے والے"

فرمایا میں نے اس پر عمل کیا سو اللہ نے اس کو مجھ سے دفع کیا۔

طبرانی نے صغیر میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا، جب کسی بستی میں اذان دی جائے، اللہ اس کو اس دن کے عذاب سے بچا لیتا ہے۔

ابو داؤد، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس کے ہاں بچہ پیدا ہو، اس کے دائیں کان میں اذان دے اور بائیں میں اقامت، اس بچے کو ام الصبیان (سوکڑا) کی بیماری نہ ہوگی۔

حدیث شریف میں ہے جو شخص پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اِکْفِنِیْ

marfat.com
Marfat.com

كُلَّ مُهِمٍّ مِنْ حَيْثُ شِئْتَ مِنْ أَيْنَ شِئْتَ ۔

اے اللہ! سات آسمانوں اور عرش عظیم کے مالک! مجھے کفایت کر ہر پریشانی سے جہاں کہیں سے چاہے؟ اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی دُور فرمائے گا۔

اس کو الخرائطی نے اپنی کتاب "مکارم الاخلاق" میں ذکر کیا ہے۔

الخرائطی نے "مکارم الاخلاق" ہی میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت نقل کی کہ جب تمہیں کسی سے، کسی قسم کا خوف ہو تو یہ پڑھو،۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا فِيْهِنَّ وَرَبَّ جِبْرِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ فُلَانٍ وَاَشْيَاعِهٖ اَنْ يَّفْرُطُوْا عَلَيَّ اَوْ اَنْ يَّطْغَوْا عَلٰى عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاءُكَ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ۔

اے اللہ! سات آسمانوں اور جو مخلوق ان میں ہے اس کے مالک! جبریل اور اسرافیل کے مالک! میری پناہ بن جا، فلاں اور اس جیسوں سے، کہ مجھ پر زیادتی کریں، یا چڑھ دوڑیں۔ تیری پناہ غالب اور تیری حمد وثنا بلند مرتبہ ہے۔ اور تیرے سوا کوئی مستحق عبادت نہیں اور بدی سے پھیرنے اور نیکی کرنے کی طاقت تیرے ہی سہارے ہے"

اور حدیث شریف میں آیا ہے جو کوئی شام کے وقت۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ"

تین بار پڑھے، اسے صبح تک ناگہانی مصیبت نہیں پہنچے گی۔ اور جو کوئی صبح کے وقت اسے تین بار پڑھے، شام تک ناگہانی مصیبت سے محفوظ رہے گا۔ اسے ابوداؤد اور ابن حبان اور ابوداؤد بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔

marfat.com

Marfat.com

ترمذی کی روایت میں ہے۔

"لَمْ يَضُرَّهُ شَيْءٌ"

اسے کوئی شے ضرر نہ دے گی۔

ترمذی نے اسے صحیح حسن کہا ہے۔

مشکوٰۃ میں حضرت ابان بن عثمان رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے اپنے والد (عثمان غنی رضی اللہ عنہ) سے سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو شخص ہر روز صبح و شام تین بار۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ"

"اس کے نام سے جس کے نام کے ساتھ زمین و آسمان میں کوئی چیز تکلیف نہیں پہنچا سکتی۔ اور وہی سُننے جاننے والا ہے"

پڑھے اسے کوئی تکلیف نہ ہوگی۔

حضرت ابان رضی اللہ عنہ کو فالج ہو گیا، ایک شخص ان کی طرف دیکھنے لگا حضرت ابان رضی اللہ عنہ نے فرمایا، کیا دیکھتے ہو؟ سُن لیجیے حدیث وہی ہے جسے میں تجھے سُنا چکا ہوں۔ لیکن میں نے اسے پڑھا ہی نہیں تاکہ اللہ تعالےٰ جو کرنا چاہے کرے۔

اسے ترمذی، ابن ماجہ اور ابوداؤد نے روایت کیا۔

ابن الحاج نے المدخل میں لکھا ہے کہ ایک شخص سخت پریشانی میں مبتلا ہو گیا۔ اس نے اپنی پریشانی شیخ ابن ابی جمرہ صاحب "مختصر البخاری" سے بیان کی۔ شیخ نے خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، آپ نے اشارہ کرتے ہوئے اس شخص کے لیے یہ وظیفہ مقرر فرمایا۔

سَو بار سُبْحَانَ اللّٰهِ، سَو بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سَو بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔ پڑھ کر یہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ۔ سَو بار پڑھے لَا اِلٰهَ اِلَّا

marfat.com
Marfat.com

اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ "

پھر بارہ رکعات نفل پڑھے، اس کے بعد جو ذہن میں آئے دُعا مانگے۔ پھر دو نفل پڑھے۔ آخر میں پچاس آیات اور سورۃ البقرہ کی آخری آیات پڑھے، پھر چوبیس رکعت نفل پڑھے۔ پھر یہ دعا مانگے۔

الٰہی حل کرنا تو بس تیرا حل کرنا ہے۔ سو ہم سے ہر تکلیف و مُصیبت دُور فرما۔ اے وہ جس کے ہاتھ میں حل کرنے کی کنجیاں ہیں، اور جن و انسان جو بھی ہمارا بُرا چاہے۔ تو ہمیں کفایت فرما، اور اپنے حکم و قدرت سے اپنے مضبوط ہاتھوں سے اُسے ہم سے دور فرما۔ بے شک تُو ہر چاہے پر قادر ہے۔

اس نے اس پر عمل کیا، تو اس کی تمام تکالیف و پریشانی دُور ہو گئی۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسی خواب میں، جس کا ذکر ہوا، فرمایا، جو کوئی صدقِ نیت سے اس پر عمل کرے گا، اللہ اس کی اس دن کی تکلیف دُور فرمائے گا۔ کیسی ہی کیوں نہ ہو۔

سیّد مُصطفٰے البکری نے امام نووی کی حزب پر لکھی گئی اپنی شرح میں دو بیت لکھے ہیں :۔

غَنِّ لِیْ بِاسْمِ مَنْ اُحِبُّ وَخَلِّیْ کُلَّ مَنْ فِی الْوُجُوْدِ یَرْمِیْ بِسَہْمِہٖ

ترجمہ: "میرے آگے میرے محبوبؐ کے نام کا گانا گا۔ اور تمام کائنات کو تیر چلانے کے لیے چھوڑ دے"

لَا اُبَالِیْ وَاِنْ اَصَابَ فُؤَادِیْ اِنَّہٗ لَا یُضِیْرُ شَیْئٌ مَعَ اسْمِہٖ۔

ترجمہ: "مجھے کچھ پرواہ نہیں، اگرچہ میرے دل پر لگے۔ بے شک اس کے نام کے ساتھ کوئی چیز ضرر نہیں دے سکتی"

marfat.com

Marfat.com

امام احمد، طبرانی اور نسائی وغیرہ نے روایت کی، جیسا کہ حصن حصین میں ہے۔ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تم میں سے جب کوئی شیطان وغیرہ سے خوف محسوس کرے تو یہ کہے۔ میں اللہ کریم کی ذات کی پناہ مانگتا ہوں، جو نفع دینے والی ہے۔ اور اللہ کے ان مکمل کلمات کی جن سے کوئی نیک و بد بچ نہیں سکتا۔ اس کی مخلوق کے شر سے۔ جسے اس نے ہر طرف پھیلا رکھا ہے۔ اور جو کچھ آسمان سے اترتا ہے، اس کے شر سے۔ اور جو اس میں چڑھتا ہے اس کے شر سے، اور جو کچھ اس نے زمین میں پھیلا اور جو کچھ زمین سے نکلتا ہے اس کے شر سے، رات دن کے فتنوں کے شر سے اور سوائے بھلائی کے رات کو آنے والے کے شر سے۔ اے رحمٰن"

السفیری رحمہ اللہ نے ابن القیم کی کتاب "البدع" کے حوالہ سے لکھا ہے کہ دس چیزوں پر عمل کرنے سے انسان شیطان سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

اوّل۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہ پڑھنا۔ دوم۔ معوّذتان پڑھنا۔

سوم۔ آیۃ الکرسی پڑھنا۔ چہارم۔ سورۃ البقرہ۔

پنجم۔ سورۃ البقرہ کی آخری آیات۔ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر تک۔

ششم۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ جو کوئی اسے سو بار پڑھے تو یہ شیطان سے بچاؤ ہوگا۔

ہفتم۔ اللہ کا ذکر۔

ہشتم۔ وضو کرنا۔ نہم۔ نماز

دہم۔ فضول بات، فضول کھانا، کم نظر اور لوگوں سے کم میل جول۔ کہ شیطان انہی چار دروازوں سے ابن آدم پر مسلط ہوتا اور اپنا مقصد پورا کرتا ہے۔ ہم اللہ سے سوال کرتے ہیں کہ شیطانی چال سے ہمیں بچائے۔

فوائد الشنرجی رحمۃ اللہ علیہ میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان :۔

marfat.com
Marfat.com

وَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا، وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا وَّإِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا، فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ - اور اللہ کا فرمان: فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ "

ان آیات کو اگر اس آدمی پر پڑھا جائے جو اس کے بارے میں غلط خیالات رکھتا ہے۔ اللہ کے حکم سے یہ صورتِ حال ختم ہو جائے گی۔ اگر اونٹنی ٹاکی میں لپیٹ کر خوف کھانے والے کے جسم سے باندھ دیا جائے، انشاء اللہ پھر بھی یہ پریشانی دور ہو جائے گی۔

فوائد الشرجی میں ہے۔ بعض علماء نے کہا، جو کوئی سورۂ اخلاص کی ہمیشہ تلاوت کرتا رہے، دنیا و آخرت کی ہر بھلائی پائے گا اور ہر شے سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ۔ بھوکا پڑھے تو سیر ہو، پیاسا پڑھے سیراب ہو، اگر ہرن کے چمڑے پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ کے حکم سے جن، انسان یا کیڑے مکوڑے، کوئی شے نقصان دینے کے لیے اس کے قریب نہ آئے گی۔

الدمیری نے اپنی کتاب "حیوٰۃ الحیوان" میں بحری پر کلام کرتے ہوئے فرمایا، ابو محمد عبداللہ بن یحییٰ بن الہیثم المصعبی، شافعی مسلک کے اماموں میں سے، مصنف البیان کے ہم عصر صالح و عالم یمنی عالم تھے۔ ان کی کتابوں میں سے ایک احترازات المذہب والتعریف" علم فقہ میں ہے، بیان کیا جاتا ہے کہ کچھ لوگوں نے ان پر تلواریں چلائیں، لیکن تلواروں نے اس کا بال بیکا نہ کیا۔ جب اس بارے میں ان سے پوچھا گیا تو انہوں

marfat.com
Marfat.com

نے فرمایا، میں پڑھا کرتا تھا

وَلَا يَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ " وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ، اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ، فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ - لَهٗ مُعَقِّبَاتٌ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ - اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ - وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطَانٍ رَّجِيْمٍ - وَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا - وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ وَّ حِفْظًا - ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ - وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ، اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِيْنَ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ، اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ، اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ - هَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ الْمَجْنُوْدِ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ، بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ، بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ "

پھر کہا ایک دن میں ایک جماعت کے ہمراہ نکلا، ہم نے ایک بھیڑیئے کو ایک اپاہج بکری سے کھیلتا دیکھا، جو بکری کو کوئی نقصان نہیں پہنچا رہا تھا۔ جب ہم ان سے قریب ہوئے تو بھیڑیا چلا گیا۔ ہم بکری کے پاس آئے تو اس کی گردن میں پڑے پر یہ آیات (مذکورہ) لکھی پائیں۔ اصبغی ۲۵۳ھ میں فوت ہوئے۔

marfat.com
Marfat.com

حافظ ابوزرعہ رازی کا بیان

حافظ ابوزرعہ رازی کہتے ہیں گورگان (جرجان) شہر میں آگ بھڑک اٹھی جس سے نو ہزار مکان اور ان میں موجود اتنی ہی تعداد میں قرآن مجید جل گئے۔ مگر ہر نسخے میں درج ذیل آیات محفوظ رہیں۔

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ، وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ، وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ، وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا، وَقَضٰى رَبُّكَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْا اِلَّا اِيَّاهُ، تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى، الرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى۔ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ، اِثْنَيْنَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَا اَتَيْنَا طَائِعِيْنَ، وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ، مَا اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَمَا اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنِ، وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ، فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ۔

کہا میں نے یہ آیتیں لکھ کر جس سامان، مکان اور دکان وغیرہ میں رکھیں اللہ نے اس کی حفاظت فرمائی۔ الکمال الدمیری نے یہ کچھ نقل کر کے کہا، میں کہتا ہوں یہ مفید و مجرب ہے۔

اور کہا الثعلبی، ابن عطیہ اور القرطبی وغیرہ نے سالم بن ابی الجعد سے روایت نقل کی، کہتے ہیں ہمارا ایک قرآن کریم کا نسخہ جل گیا لیکن اس میں فرمانِ باری تعالیٰ۔

marfat.com
Marfat.com

اَلَآ اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ۔۔۔ بچ گیا اور ہمارے ہاں بھی قرآن کریم کا ایک نسخہ پانی میں ڈوب گیا تھا، اس میں بھی ہر شے پانی میں محو گئی تھی لیکن یہ آیت باقی رہ گئی تھی۔ اور کہا کہ ابو عمر بن عبدالبر نے التمہید میں سعید بن مسیب کا یہ قول نقل کیا ہے۔ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ جو شخص شام کے وقت پڑھے سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ ؛ اسے بچھو نہیں کاٹے گا۔ ابن عبدالبر کی التمہید میں ہی حضرت یحییٰ بن سعید انصاری کے احوال میں ابن وہب سے روایت ہے کہ مجھے ابن سمعان نے خبر دی کہ میں نے اہلِ علم کو کہتے سُنا جب کسی انسان کو ڈسا جائے مثلاً بچھو یا سانپ ڈنگ مارے تو ڈسا جانے والا یہ آیت پڑھے۔ "نُوْدِیَ اَنْ بُوْرِکَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ"۔

سانپ اور بچھو کے شر سے بچنے کیلئے الدمیری کا قول

الدمیری نے یہ بھی کہا، کہ

سانپ اور بچھو کے شر سے بچنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ سوتے وقت تین بار پڑھے:۔

"اَعُوْذُ بِرَبِّ اَوْصَافِهِ التَّمِیْمَةِ مِنْ کُلِّ عَقْرَبٍ وَّحَیَّةٍ سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ اِنَّا کَذٰلِکَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ، اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ"۔

اور حافظ امام فخر الدین عثمان بن محمد بن عثمان النوزری نے جو آج کل مکہ مکرمہ میں آئے ہوئے ہیں۔ بیان کیا کہ میں مکہ مکرمہ میں شیخ تقی الدین حورانی سے علم الفرائض (میراث) پڑھا کرتا تھا۔ ایک دن ہم بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک بچھو نکل آیا۔ شیخ نے اسے پکڑ کر ہاتھوں میں اچھالنا شروع کر دیا۔ میں نے کتاب اپنے ہاتھ سے رکھ دی۔ فرمایا پڑھیے، میں نے کہا آپ اس کا فائدہ جانتے ہیں؟ فرمایا ہاں تیرے پاس بھی یہ فائدہ ہے۔ میں نے کہا وہ کیا؟ کہنے لگے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نے فرمایا، جو

marfat.com
Marfat.com

شخص صبح وشام پڑھے۔

" بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ
وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ "

اسے کوئی شے نقصان نہیں پہنچاتی اور میں نے شروع دن میں اسے پڑھ لیا ہے۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا۔ تم میں شہید کی مکھی کی بنبناہٹ (آواز) سے بھی پوشیدہ تر شرک ہے اور عنقریب میں تمہیں بتاؤں گا۔ کہ اگر تم نے اسے زبان سے سمجھ کر پڑھ لیا تو اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ تم سے چھوٹا بڑا ہر شرک دور کر دے گا۔ یہ پڑھا کرو:۔

" اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ شَیْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ
وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا اَعْلَمُ "

اسے تین بار پڑھو۔ اس کو حکیم ترمذی نے "نوادر الاصول" میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔

المناوی رحمہ اللہ نے اپنی شرح صغیر میں فرمایا، چھوٹا شرک جیسے تمہارا کہنا جو اللہ چاہے اور تم چاہو۔ اور بڑا شرک جیسے ریا، جب بھی تمہارے دل میں شرک کی کوئی قسم کھٹکے اسے تین بار پڑھ لو کیونکہ تجھ سے دُور وہی کر سکتا ہے۔ جس نے تجھے پیدا کیا ہے۔ جب تُو نے اس کی پناہ مانگی تو وہ تجھے پناہ دے گا۔

الشرجی نے کہا میں نے بعض علماء کی تحریر دیکھی، کہ جب تم کسی انسان سے جن نکالنا چاہو تو اس کے دائیں کان میں سات بار آذان کہو، اور فاتحہ، معوذتین، آیۃ الکرسی، والسماء والطارق، سورۂ حشر کا آخری حصہ اور سورۃ الصافات پوری پڑھو۔ اس سے وہ جن گویا آگ میں جل گیا "

marfat.com
Marfat.com

قضائے حاجات کیلیے فوائد

المحاملی نے اپنے امالی میں عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا کہ جو شخص اپنی حاجت براری کے لیے سورۂ یٰسین کو امام بنائے اس کی حاجت پوری ہوگی ؟ حافظ سیوطی نے کہا اس کی شاہد دارمی کی مرسل روایت ہے" میں نے کتاب "المنہج الحنیف" کے حاشیہ میں بعض افاضل کی یہ تحریر دیکھی۔

قضائے حاجت کے لیے بڑا فائدہ

نماز فجر کے بعد چار بار سورۂ یٰس اس طرح پڑھو، لفظ یٰس سات بار اور جب ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ - تک پہنچو تو اس لفظ کو ۴ بار پڑھو۔ اور جب سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ - پر پہنچو تو اس کو سات بار پڑھو۔ اور فرمان باری تعالیٰ - اَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ بَلٰى وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ - ..... پر پہنچے تو اسے بارہ مرتبہ پڑھے۔ پھر ایک بار فاتحہ، پھر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ایک بار پھر جو چاہے دُعا مانگ قبول ہوگی۔ لہٰذا صرف ضروری دعا مانگنا۔ بے شک یہی اسم اعظم ہے۔ اسے یاد رکھ لے" الخ

اور فوائد امام شرجی میں قضائے حاجت کی صورت، شیخ ابوالقاسم القشیری رحمہ اللہ کی کتاب "آداب الفقراء" کے حوالہ سے اس طرح منقول ہے۔ تازہ وضو کر کے دو تشہد اور دو سلاموں کے ساتھ چار رکعت نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس بار پڑھے۔ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا - دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد دس بار پڑھے۔ رَبِّ

marfat.com
Marfat.com

اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ۔ تیسری رکعت میں فاتحہ کے بعد دس بار پڑھے۔ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَا اَقُوْلُ لَكُمْ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ۔ چوتھی رکعت میں فاتحہ کے بعد سَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا ..... آخر تک پوری آیت دس بار۔ پھر سلام پھیر کر فارغ ہو تو سر بسجود ہو کر اکتالیس بار پڑھے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ "..... پھر اپنی حاجات مانگے، اللہ کے حکم سے پوری ہو گی" الخ

امام یافعی نے اپنی کتاب "الدر النظیم فی خواص القرآن العظیم" میں بسم اللہ اور قضائے حاجت کے لیے یہ وہ نسخہ ہے جس کو میں نے بعض عارفین کے کلام سے نقل کیا ہے اور یہ ایک خط تھا جسے انہوں نے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے نقل کیا کہ انہوں نے فرمایا، جس کو اللہ تعالیٰ سے کوئی اہم تر حاجت درپیش ہو۔ تو ایک رقعے میں لکھے۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ مِنْ عَبْدِهِ الذَّلِيْلِ اِلٰى رَبِّهِ الْجَلِيْلِ۔ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ"

ذلیل بندے کی طرف سے اس کے جلیل رب کے نام۔ بے شک مجھے تکلیف پہنچی ہے اور تو سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا ہے۔

اور یہ رقعہ بہتے پانی میں ڈال دے، اور کہے الٰہی! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم، آپ کی پاک آل اور پسندیدہ صحابہ کرام کے وسیلہ سے میری حاجت پوری فرما۔ اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے۔ اپنی حاجت کا ذکر کرے، انشاء اللہ پوری ہو گی۔

کہا کہ مجھ سے میرے بعض علمی بھائیوں نے ذکر کیا کہ جو کوئی بارہ ہزار مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے۔ ہر ہزار کے بعد دو نفل پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے جو حاجت چاہے مانگے پھر پڑھنا شروع کر دے۔ جب ہزار تک پہنچے۔ پھر

marfat.com
Marfat.com

اسی طرح نماز پڑھے۔ دُعا کرے۔ یُونسی تعداد مذکورہ پوری کرے۔ انشاءُ اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہو گی۔

اسی طرح اللہ کے اسم اعظم پر کلام کرتے ہُوئے آخر میں فرمایا۔ میں نے شیخ ابوالحسن شاذلی کے ہاتھ سے لکھی ہوئی یہ عبارت دیکھی، جو انہوں نے کتاب " نور الیقین واشارۃ اھل التمکین " سے نقل کی " جمعرات کی شام کو غسل کرے۔ اور اپنی نماز کی جگہ نماز مغرب تک اعتکاف بیٹھے۔ پھر ذکر میں مصروف رہے یہاں تک کہ نماز عشاء پڑھے۔ اس کے بعد جہاں تک ہو سکے نفل نماز پڑھے۔ وتر کے آخری سجدہ میں سَو بار پڑھے۔ یَا رَبُّ یَا رَحْمٰنُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِکَ اَسْتَغِیْثُ۔ ..... اللہ کے حکم سے اس کی حاجت پوری ہو گی۔

یہ بھی کہا کہ جس کو کوئی غم یا فکر لاحق ہو، اس کا سبب دُنیوی ہو یا دینی۔ جو ضروری وہ جمعرات کو شام کے وقت غسل کرے اور نماز عشاء کی ادائیگی تک وہیں بیٹھا رہے۔ اور کسی سے بات نہ کرے۔ وتر کی نماز کی آخری رکعت میں سجدے میں سر رکھ کر پڑھے۔ یَا اَللّٰہُ یَا رَبُّ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِکَ اَسْتَغِیْثُ یَا اَللّٰہُ۔ سَو بار پھر اللہ سے اپنی حاجت طلب کرے۔ کسی مسلمان کی بربادی و ضرر کے لیے دُعا نہ کرے۔

ابوالعباس المرسی رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ جو کوئی نماز فجر کے بعد آنے والی دعا تین بار کرے اور اللہ سے اپنی حاجت مانگے، پوری ہو گی۔

" اَللّٰھُمَّ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَافْعَلْ لِیْ کَذَا وَکَذَا "

مقاتل بن حیان سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا، جس کو اللہ تعالیٰ کی طرف کوئی حاجت ہو وہ صبح کی نماز سے فارغ ہو کر، کسی سے بات کیے بغیر سَو بار

marfat.com
Marfat.com

یہ دُعا پڑھے اگر اللہ اس کی حاجت پوری کر دے تو ٹھیک ورنہ مقاتل پر لعنت بھیجے دُعا یہ ہے :۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاحَلِیْمُ یَاقَدِیْمُ یَادَائِمُ یَافَرْدُ یَاوِتْرُ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ۔

گُمشدہ چیز پانے کے فوائد (ذرائع)

ابن السنی نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کسی کا جانور زمین میں گُم ہو جائے تو وہ آواز دے۔

یَاعِبَادَ اللّٰہِ اِحْبِسُوْا۔ ترجمہ:۔ اے اللہ کے بندو اسے روکو!

بے شک زمین میں اللہ کے روکنے والے ہیں جو اسے روکیں گے۔

امام نووی کی حکایت

امام نوری رحمہ اللہ نے فرمایا، ہمارے بڑے اہلِ علم شیوخ میں سے ایک نے ہمیں یہ بات بتائی کہ ان کا جانور، میرا خیال ہے خچر کا فرمایا، بھاگ گیا۔ انہیں یہ حدیث معلوم تھی، انہوں نے یہ کلمات زبان سے ادا کیے۔ اسی وقت اللہ تعالیٰ نے اسے روک دیا۔ کہا کہ میں ایک بار ایک جماعت کے ہمراہ تھا۔ ان کا جانور بدک کر بھاگ اٹھا، وہ اُسے پکڑنے سے عاجز آ گئے۔ میں نے حدیث پاک کے کلمات پڑھے، پس وہ جانور کسی اور سبب کے بغیر، صرف اس کے پڑھنے سے کھڑا ہو گیا۔

ابن السنی نے ہی امام جلیل سید ابو عبداللہ یونس بن عبید بن دینار مصری تابعی رحمہ اللہ سے روایت کی جن کی جلالت علمی، حافظہ، دیانت اور تقویٰ و طہارت پر علماء کا اتفاق ہے، اور مشہور بزرگ ہیں۔ جو کوئی سخت بدکنے والے جانور پر سوار ہوتے وقت اس کے کان میں یہ آیت کریمہ پڑھے، اللہ کے حکم سے وہ جانور اس

marfat.com
Marfat.com

کا تابع فرمان ہو جائے گا۔

"اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ"

کیا اللہ کے دین کے سوا کچھ اور چاہتے ہو؟ اور زمین و آسمان کی ہر چیز خوشی یا ناخوشی سے اس کے آگے سرِ تسلیم خم کیے ہوئے ہے اور تمھیں اسی کی طرف لوٹنا ہے۔"

(الدمیری نے) حیاۃ الحیوان میں اسے نقل کرنے کے بعد کہا: "اسے پہلے لفظ "باء" کے باب میں بَغْلَةٌ کے تحت گذر چکا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم خچر پر سوار ہوئے۔ جو بدکنے لگی، آپ نے اُسے روکا اور ایک صاحب سے فرمایا قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ پڑھو، انہوں نے سورۂ الفلق پڑھی۔ خچر سکون میں آگئی" الخ۔

امام قشیری نے اپنے مشہور "رسالہ قشیریہ" کے باب "کرامات الاولیاء" میں کہا ہے۔

موتی دریائے دجلہ میں گر گیا

کہ جعفر الخلدی کا بیگنہ ایک دریائے دجلہ میں گر گیا۔ ان کے پاس گم شدہ چیز واپس لانے کی ایک مجرب دُعا تھی۔ انہوں نے مانگی تو وہ بیگنہ ان کو ان اوراق میں ملا، جنہیں وہ ویسے ہی ٹٹول رہے تھے۔

القشیری کہتے ہیں میں نے ابو حاتم سجستانی کو کہتے سُنا کہ میں ابو نصر سراج کو یہ کہتے سُنا، وہ دُعا یہ ہے۔

"يَا جَامِعَ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَا رَيْبَ فِيْهِ اِجْمَعْ عَلَيَّ مَتَاعِيْ"

ابو نصر سراج کہتے ہیں مجھے ابو الطیب مکی نے ایک کاپی دکھائی، جس میں لکھا تھا جو کوئی گمشدہ پر یہ دُعا پڑھے، مل جائے گا۔ اس کاپی کے اوراق بہت تھے۔

marfat.com
Marfat.com

فقیر یوسف نبہانی اس کتاب کا مولف، اللہ اس کو معاف کرے، عرض پرداز ہے۔ میں نے یہ نسخہ کئی بار آزمایا اور مفید پایا ہے۔

شہاب الدین احمد شرجی کے فوائد المتماۃ بہ "الصلاۃ والعوائد عن بعض الصالحین" میں لکھا ہے کہ جب کوئی انسان راستہ بھول جائے، اذان کہے، اللہ اسے سیدھا راستہ بتا دے گا۔

فوائد حصولِ رزق میں آسانی وتوسیع اور ادائے قرض کے متعلق

اس موضوع پر حافظ سیوطی نے خاص رسالہ تالیف کیا ہے۔ (جس کا اردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے۔) "اللہ کے نام سے شروع، جو رحم فرمانے والا مہربان ہے۔ سب تعریفیں بس اللہ ہی کے لیے ہیں۔ اور سلام اس کے برگزیدہ بندوں پر"

اس کے بعد عرض ہے کہ ایک پوچھنے والے نے مجھ سے وہ اذکار و افعال پوچھے ہیں۔ جو حصولِ رزق کے لیے حدیث شریف میں آئے ہیں۔ تاکہ تنگ دست اور غریب آدمی ان پر لازمی عمل کرے۔ پھر یہی سوال یکے بعد دیگرے کئی بار کیا، میں نے ان کے لیے یہ رسالہ تالیف کیا اور اس کا نام "حصول الرفق بامول الرزق" رکھا۔ میں نے اسے دو فصلوں پر مرتب کیا ہے۔

پہلی فصل: اذکار و دعاؤں کے بیان میں۔

طبرانی نے "اوسط" میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص کو اللہ نعمت سے نوازے، وہ کثرت سے اللہ کا شکر بجا لائے (اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہے) اور جس کے گناہ زیادہ ہوں وہ اللہ سے استغفا

marfat.com
Marfat.com

معافی (کرے) (اَسْتَغْفِرُاللّٰہ) کہے اور جس کا رزق لیٹ ہو جائے وہ کثرت سے "لَا حَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ" پڑھے۔

امام احمد، ابو داؤد اور ابن ماجہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو استغفار پر ہمیشہ عمل پیرا رہے اور اللہ اس کی ہر تنگی، فراخی میں بدل دے گا۔ اُسے ہر غم سے نجات دے گا، اور اسے ایسے ذرائع سے رزق دے گا جو اس کے وہم و گمان میں بھی نہ ہوں۔

ابن ابی الدنیا نے اسد بن وادعہ سے مرفوع حدیث نقل کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی ہر روز سَو بار "لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ" ..... پڑھے کبھی غربت اس کے نہیں آئے گی۔

ابو عبید نے "شعب الایمان" میں اور حارث بن اسامہ اور ابو یعلی نے اپنی مسند میں، ابن مردویہ نے اپنی تفسیر میں، اور بیہقی نے "شعب الایمان" میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا جو کوئی ہر رات سورۂ واقعہ پڑھے اسے فاقہ کشی کا سامنا نہ ہوگا۔

ابن مردویہ نے انس رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا، سورۂ واقعہ غنی کرنے والی سُورۃ ہے اسے خود بھی پڑھو اور اپنی اولاد کو بھی سکھاؤ۔

طبرانی نے "الاوسط" میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا کہ جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو زمین پر اُترنے کا حکم دیا، تو آپ خانہ کعبہ کے سامنے کھڑے ہوئے۔ دو رکعت نفل پڑھے، پھر اللہ نے ان کو یہ دُعا الہام فرمائی۔ الٰہی! تو میرے باطن و ظاہر کو جانتا ہے سو میری معذرت قبول فرما اور میری حاجت پر توجہ فرما، جو مانگوں عطا فرما۔ میرے دل میں کیا ہے؟ تو

marfat.com
Marfat.com

جانتا ہے۔ سو میرے لیے میری خطا بخش دے۔ الٰہی! میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں۔ جو میرے دل سے متعلق ہو، اور سچا یقین، تاکہ مجھے یقین ہو کہ تیرے لکھے بغیر مجھے کچھ نہیں پہنچ سکتا۔ اور میری قسمت پر مجھے راضی رکھنا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو وحی کی کہ آدم! میں نے تیری توبہ قبول کی، تیری خطا معاف فرمائی۔ اور اس دعا کے ذریعے جو بھی مجھے پکارے گا، میں اسے بخش دوں گا اور اسے پریشانی سے کفایت کروں گا شیطان کو اس سے بھگاؤں گا، اس کی تجارت ہر تاجر سے بہتر کروں گا، دنیا اس کے حضور ذلیل ہو کر حاضر ہو گی۔ چاہے وہ اس کا ارادہ نہ کرے۔" اس کی تائید میں بیہقی کی حدیث ہے جسے بریدہ نے روایت کیا ہے۔

غربت اور وحشت قبر سے امان کے لیے

ابو نعیم اور الخطیب نے مالک سے

اور دیلمی نے مسند الفردوس میں حضرت علی رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی ہر دن سو بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ۔ پڑھے، اسے غریبی اور وحشت قبر سے امان ہو گی۔

فقر و احتیاج کے خاتمہ کے لیے

طبرانی نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو کوئی گھر میں داخل ہوتے وقت قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ۔ پوری سورت پڑھے۔ اس گھر والوں اور پڑوسیوں سے فقر و احتیاج ختم ہو گا۔"

غم اور پریشانی کے ازالہ کے لیے

امام احمد نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت

کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص نے عرض کی، یا رسول اللہ! یہ فرمائیں کہ اگر میں تمام وقت آپ پر درود و سلام پڑھنے میں صرف کر دوں؟ فرمایا۔

marfat.com
Marfat.com

اللہ تمھارے دنیا و آخرت کی پریشانیوں کے ازالہ کے لیے اسے ہی کافی کر دے گا۔"

طبرانی نے اوسط میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ایسی سند کے ساتھ روایت کی جسے التیمی نے حسن قرار دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے۔

"اَللّٰھُمَّ اَجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَیَّ عِنْدَ کِبْرِ سِنِّیْ وَانْقِطَاعِ عُمْرِیْ"

الٰہی! مجھ پر بڑھاپے میں اور آخری وقت اپنا رزق وسیع تر کر دیجیے۔

المستغفری نے الدعوات میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کہا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں جو تمہیں دشمن سے بچائے۔ تمہارے رزق فراخ کرے۔ رات دن اللہ سے دُعا مانگتے رہو۔ بے شک دُعا مومن کا ہتھیار ہے۔

المستغفری نے ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر کے بعد پڑھا کرتے۔

الٰہی میں تجھ سے ستھرا حلال رزق، فائدہ دینے والا علم اور مقبول عمل مانگتا ہوں۔"

المستغفری نے کدار بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ آپ نمازِ جمعہ سے فارغ ہو کر مسجد کے دروازے پر آکر یہ دُعا مانگتے۔

الٰہی! میں نے تیرا بلاوا سُنا، اور تیرا فرض ادا کیا، اور تیرے حکم کے مطابق واپس چلا، مجھے اپنا فضل عطا فرما۔ بے شک تو بہترین رزق عطا فرمانے والا ہے۔

امام بخاری نے "الادب المفرد" میں اور بزار و حاکم نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نوح علیہ السلام نے وفات

marfat.com
Marfat.com

کے وقت اپنے بیٹے سے فرمایا، میں تجھے دو باتوں کا حکم دیتا ہوں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور سُبْحَانَ اللّٰہِ ،کہ یہ ہر شے کی نماز ہے۔ اور اسی کے سبب ہر شے کو رزق ملتا ہے۔

المستغفری نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمہیں اس بات کا حکم نہ دوں ؟جس کا حکم نوح علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو دیا تھا ؟ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ کہ ہر چیز اس کی حمد کے ساتھ پاکی بولتی ہے۔ یہ تمام مخلوق کا وظیفہ ہے۔ ابن عمر اور اسی سے ان کو رزق ملتا ہے۔

المستغفری نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ ! میں تنگ دست ہوں۔ فرمایا تو فرشتوں کی دعا اور مخلوق کی تسبیح سے کہاں غافل پڑا ہے۔ پڑھ۔

"سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ"

طلوعِ فجر اور نماز فجر کے درمیان سَو بار۔ دنیا تیرے پاس ذلیل و رسوا ہو کر آئے گی۔

المستغفری نے ہشام بن عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے روایت کی۔ کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کوئی پریشانی لاحق ہوئی۔ انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آکر اس کی شکایت کی، اور عرض گذاری کی کہ مجھے (بیت المال) سے ایک وسق (۲½ سیر) کھجوریں عطا فرمائیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر چاہو تو میں تمہیں حکم دوں، اور اگر چاہو تو تمہیں ایسے کلمات سکھا دوں جو اس سے بہتر ہے۔ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَائِمًا وَّلَا تُطْعِمْ فِیَّ عَدُوًّا وَّلَا حَاسِدًا وَّاَعُوْذُبِکَ مِمَّا اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِہٖ وَاَسْئَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ الَّذِیْ ھُوَ بِیَدِکَ کُلِّہٖ "

الٰہی سلامتی کے ساتھ سوتے میں میری حفاظت فرما اور میرے متعلق دشمن حاسد کی نہ ماننا۔ اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس تمام مخلوق سے

marfat.com
Marfat.com

جس کو تُو نے پیشانی سے پکڑ رکھا ہے۔ اور میں تجھ سے اس بھلائی کا سوال کرتا ہوں جو سب کی سب تیرے ہاتھوں میں ہے "

المستغفری نے حضرت علی رضی اللہ عنہُ سے روایت کی، کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تجھے کون سی چیز محبُوب تر ہے؟ پانچ سو بکریاں اور ان کا چرواہا یا پانچ کلمات جن سے دعا مانگے۔ کہو!

قُلِ اللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَطَیِّبْ لِیْ کَسْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ خُلُقِیْ وَلَا تَمْتَعْنِیْ مِمَّا قَضَیْتَ لِیْ وَلَا تُذْھِبْ نَفْسِیْ اِلٰی شَیْءٍ صَرَفْتَہٗ عَنِّیْ۔

"تم فرماؤ! اے اللہ! میری اُمت کی خطا، میرے لیے بخش دے۔ میری صفائی صاف کر دے، میرا اخلاق وسیع کر دے۔ اور جو تُو نے دینا ٹھہرایا ہے اُسے نہ روک، اور میرا نفس کسی ایسی چیز کی طرف نہ لے جا، جسے تو مجھ سے پھیر چکا "

بزاز، حاکم اور بیہقی نے دعاؤں کے باب (الدعوات) میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ مجھے میرے والد نے فرمایا، میں تجھے وہ دُعا نہ سکھاؤں جو مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سکھائی۔ اور انہوں نے فرمایا کہ عیسےٰ علیہ السلام اپنے حواریوں کو سکھاتے تھے تجھ پر کوہِ اُحد کے برابر بھی غم والم ہو، اللہ ختم کر دے گا۔ میں نے کہا کیوں نہیں، فرمایا یُوں کہو،

"اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْھَمِّ کَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَرَحِیْمَھُمَا اَنْتَ تَرْحَمُنِیْ فَارْحَمْنِیْ رَحْمَۃً تُغْنِیْنَا بِھَا عَمَّنْ سِوَاکَ "

"اے اللہ! غم والم کو دُور کرنے والے! بے بسوں کی دُعا سننے والے!

marfat.com
Marfat.com

دنیا و آخرت کے رحمٰن و رحیم! تو ہی مجھ پر رحم فرماتا ہے، سو مجھ پر ایسا رحم فرما، جو مجھے تیرے سوا سب سے بے نیاز کر دے۔"

ابوبکر کہتے ہیں مجھ پر قرض کا بوجھ تھا، اور مجھے قرض سے نفرت تھی کچھ ہی دن گزرے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے کاروبار میں برکت دی اور مجھے بار قرض سے نجات دی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں مجھ پر اسماء کا قرض تھا۔ جس کی وجہ سے مجھے ان سے شرم آتی تھی۔ میں یہ دعا پڑھا کرتی تھی۔ کچھ ہی عرصہ گزرا کہ اللہ نے مجھے ایسا رزق عنایت فرمایا، جو وراثت یا صدقہ نہ تھا، میں نے وہ قرض بھی ادا کیا، تین اوقیہ عبدالرحمٰن بن ابوبکر کو دیئے، اور اچھا خاصا مال بچ بھی گیا۔

ابو داؤد اور بیہقی نے باب الدعوات میں ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ابوامامہ کو دیکھ کر فرمایا، کیوں پریشان ہو؟ عرض کی قرض اور غم پیچھا نہیں چھوڑتے۔ فرمایا تجھے ایسا کلام نہ بتاؤں کہ جب اسے پڑھو، اللہ تمہارا غم دور فرما دے اور قرض اتار دے۔ صبح و شام پڑھے:

"اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ ؕ"

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں غم والم سے اور تجھ سے پناہ مانگتا ہوں عاجزی اور سستی سے اور تجھ سے پناہ مانگتا ہوں بزدلی اور بخل (کنجوسی) سے۔ اور تجھ سے پناہ مانگتا ہوں قرض کے غلبہ اور مردوں کے دباؤ سے۔"

پڑھ کر میں نے اسے پڑھا اللہ نے میرا غم کافور کیا، اور میرا قرض اتار دیا۔

بیہقی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی کہ ان کے پاس ایک

marfat.com
Marfat.com

مکاتب (وہ غلام جس سے آقا مقررہ رقم وصول کر کے آزاد کرے) آیا کہنے لگا، میرے بدل کتابت کی ادائیگی میں مدد دیجیے۔ آپ نے فرمایا، تجھے وہ کلمات نہ بتاؤں جو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سکھائے تھے؟ تجھ پر ڈھیروں قرض ہوگا، پھر بھی اللہ ادا کرے گا۔ پڑھ۔

"اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔"

"الٰہی! اپنے حلال کے ذریعے اپنے حرام سے بچا اور مجھے اپنے فضل سے غیروں سے بے نیاز کر دے۔"

المستغفری نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لائیں۔ اور عرض کی بیشک ان فرشتوں کی غذا تو تہلیل (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ) تسبیح (سُبْحَانَ اللّٰہِ) تحمید (اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ) اور تمجید (جَلَّ جَلَالُہٗ) ہے۔ ہماری غذا کیا ہے؟ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اس اللہ کی قسم جس نے مجھے سچا نبی بنا کر بھیجا، محمد کی آل میں تیس دن تک آگ روشن نہیں ہوئی۔ ہمارے پاس آئے ہیں اگر چاہو تو میں پانچ تجھے کا حکم دوں، اور چاہو تو پانچ کلمات جو مجھے جبریل نے سکھائے ہیں، بتا دوں؟ کہو:

"یَا اَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ وَیَا اٰخِرَ الْاٰخِرِیْنَ وَیَا ذَا الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ وَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَیَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنَ وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔"

ابو یعلیٰ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بستر پر تشریف لاتے تو یہ کلمات پڑھتے۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

marfat.com
Marfat.com

اِلٰهَ آدَمَ وَ رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ، مُنْزِلَ التَّوْرَاۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْفُرْقَانِ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰی اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِہٖ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَیْسَ قَبْلَکَ شَیْءٌ وَّ اَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَیْسَ بَعْدَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الظَّاھِرُ فَلَیْسَ فَوْقَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَیْسَ دُوْنَکَ شَیْءٌ اِقْضِ عَنَّا الدَّیْنَ وَ اَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ "

(ترجمہ) الٰہی! سات آسمانوں اور بڑے عرش کے مالک! آدم کے معبود اور ہر چیز کے پروردگار! تورات، انجیل اور فرقان (قرآن) کو نازل فرمانے والے! دانے اور گٹھلی کو چیرنے والے! میں ہر ایسی چیز کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، جس کی پیشانی تو پکڑے ہوئے ہے۔ الٰہی تو ہی اوّل ہے جس سے پہلے کوئی شے نہیں تو ہی آخر ہے۔ کہ تیرے بعد کوئی شے نہیں۔ اور تو ہی ظاہر ہے، تیرے اوپر کوئی شے نہیں۔ تو ہی باطن ہے کہ تیرے سوا کوئی شے نہیں، ہم سے قرض اتار دے اور غریبی سے ہمیں نجات دے "

طبرانی نے الکبیر میں قیلہ بنت مخرمہ سے روایت کی، جب وہ عشا کے بعد بستر پر آتیں۔ تو یہ کلمات پڑھتیں۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مَا یَعْرُجُ فِیْھَا وَ شَرِّ مَا یَنْزِلُ فِی الْاَرْضِ وَ شَرِّ مَا یَخْرُجُ مِنْھَا وَشَرِّ طَوَارِقِ النَّھَارِ وَطَوَارِقِ اللَّیْلِ اِلَّا طَارِقًا یَطْرُقُ بِخَیْرٍ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ، اِعْتَصَمْتُ بِاللّٰہِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

marfat.com
Marfat.com

الَّذِیْ اِسْتَسْلَمَ لِقَدَرِہٖ کُلُّ شَیْءٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ذَلَّ لِعِزَّتِہٖ کُلُّ شَیْءٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ تَوَاضَعَ لِعَظَمَتِہٖ کُلُّ شَیْءٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَضَعَ لِمُلْکِہٖ کُلُّ شَیْءٍ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِکَ وَمُنْتَھَی الرَّحْمَۃِ مِنْ کِتَابِکَ وَبِجَدِّکَ الْاَعْلٰی الخ

ترجمہ:۔ میں پناہ مانگتی ہوں اللہ کے ان مکمل کلمات کے وسیلہ سے، جن سے کوئی نیک و بد آگے نہیں بڑھ سکتا۔ اس مخلوق کے شر سے جو زمین میں اترتی اور اس کے شر سے جو زمین سے نکلتی ہے اور شب و روز میں آنے والوں کے شر سے، سوائے ان کے آنے والوں کے جو خیر و خوبی لے کر آتے ہیں۔ میں اللہ پر ایمان لایا، میں نے اللہ کا سہارا لیا، سب تعریف اس خدا کے لیے جس کی تقدیر کے آگے ہر شے سر جھکائے ہوئے ہے۔ سب تعریف اللہ کے لیے جس کی عزت کے آگے ہر شے ذلیل ہے۔ سب تعریف اس اللہ کے لیے جس کی عظمت کے آگے ہر شے جھکی ہوئی ہے۔ تمام تعریف اس خدا کے لیے جس کی حکومت کے آگے ہر چیز دبی ہوئی ہے الٰہی تجھ سے، تیرے عرش سے متعلق عزت اور تیری کتاب کی انتہائے رحمت اور تیری بلند تر شان۔ اور تیرے بڑے نام اور تیرے ان مکمل کلمات، کہ جن سے کوئی نیک و بد آگے نہیں نکل سکتا کے صدقے سوال ہے کہ ہم پر نظرِ رحمت فرما۔ ہمارا کوئی گناہ بخشے بغیر نہ چھوڑ۔ غریبی ختم کیے بغیر، دشمن ہلاک کیے اور عریانی ڈھانکے بغیر نہ چھوڑ۔ جو چیز دنیا و آخرت میں ہمارے لیے مفید ہو وہ عطا فرما

marfat.com
Marfat.com

اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے۔ میں اللہ پر ایمان لایا میں نے اللہ
کا سہارا لیا "

پھر تنتیس بار سبحان اللہ تنتیس بار اللہ اکبر اور تنتیس بار الحمد للہ کہیں"
پھر فرماتیں بے شک نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی بیٹی (فاطمہ) آپ سے خادم مانگنے آئیں
آپ نے فرمایا، میں تجھے خادم سے بہتر نہ بتاؤں، بولیں کیوں نہیں، تو آپ نے ان کو
سوتے وقت یہ دُعا پڑھنے کا حکم دیا۔

ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں، ابن منذر ہشام بن محمد عن ابیہ سے یہ روایت
کی، کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف
سے ایک لاکھ سالانہ وظیفہ ملتا تھا۔ ایک سال امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے وظیفہ روک
لیا۔ انہیں انتہائی تنگدستی کا سامنا ہوا۔ کہتے ہیں میں نے انہیں یاد دہانی کا خط لکھنے
کے لیے دوات منگوائی۔ پھر میں رک گیا۔ (خواب میں) میں نے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کو دیکھا، آپ نے فرمایا، حسن! کیسے ہو؟ میں نے عرض کی ابا حضور ٹھیک
ہوں، اور وظیفہ کی تاخیر کی شکایت کی۔ فرمایا تم نے دوات اس لیے منگوائی ہے۔
کہ اپنے جیسی مخلوق کو خط لکھو؟ میں نے عرض کی ہاں! یا رسول اللہ! کیا کروں؟ فرمایا
یہ دُعا پڑھو۔

"اَللّٰهُمَّ اقْذِفْ فِيْ قَلْبِيْ رَجَاءَكَ وَاقْطَعْ رَجَائِيْ عَمَّنْ
سِوَاكَ حَتّٰى لَا اَرْجُوْ اَحَدًا غَيْرَكَ اَللّٰهُمَّ وَمَا
ضَعُفَتْ عَنْهُ قُوَّتِيْ وَقَصَرَ عَنْهُ عِلْمِيْ وَلَمْ تَنْتَهِ
اِلَيْهِ رَغْبَتِيْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مَسْاَلَتِيْ وَلَمْ يَجْرِ عَلٰى
لِسَانِيْ مِمَّا اَعْطَيْتَ اَحَدًا مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ
مِنَ الْيَقِيْنِ فَخُصَّنِيْ بِهٖ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ "

marfat.com
Marfat.com

اے اللہ! میرے دل میں اپنی اُمید ڈال دے۔ اور میری اُمید اپنے سوا ہر ایک شے ختم کر دے۔ یہاں تک کہ میں تیرے سوا کسی سے اُمید نہ رکھوں۔ اے اللہ! اور (وہ بھی دل میں ڈال دے) جس کے حصول سے میری طاقت قاصر ہے۔ اور میرا علم کوتاہ ہے اور جو میری زبان پر نہیں آیا۔ جو تُو نے پہلوں پچھلوں میں سے کسی کو دیا ہے۔ یعنی یقین، سو مجھے اس سے مخصوص فرما۔ اے پروردگار عالمیان!"

کہا خدا کی قسم اس دُعا کو پڑھتے ابھی ہفتہ نہیں گزرا تھا کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے میری طرف پندرہ لاکھ (۱۵۰۰۰۰۰) درہم ارسال کیے۔ میں نے کہا تمام تعریفوں کا مستحق وہ خدا ہے جو اپنے ذکر کرنے والوں کو بھولتا نہیں۔ اور دُعا کرنے والوں کو نامُراد نہیں رکھتا۔ پھر میں نے خواب میں رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، فرمایا حسن کیسے ہو؟ میں نے کہا یا رسُول اللہ! اللہ کا شُکر ہے، میں بخیر و عافیت سے ہُوں۔ میں نے اپنی تمام کہانی آپ کو سُنائی، فرمایا بیٹا! جو خالق سے اُمید رکھے اور مخلوق سے نہ رکھے، اس کو یہی انعام ملتا ہے۔

دوسری فصل:

اچھے اعمال کے بارے میں روایات

امام بخاری نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہُ سے روایت نقل کی کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو کوئی رزق کی کشادگی اور نیک شُہرت چاہے، وہ اپنے رحم کے رشتے جوڑے۔

اور حضرت انس رضی اللہ عنہُ سے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا کہ جو کوئی اپنے گھر میں خیر و برکت چاہے تو وہ کھانے سے پہلے اور جب

marfat.com
Marfat.com

کھانا اٹھایا جائے، ہاتھ دھوئے۔

محدث عبدالرزاق نے اپنی المصنف میں قریشی شخص کی روایت نقل کی کہ "جب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رزق میں تنگی آتی۔ آپ اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دیتے، پھر یہ آیت پڑھتے۔

"وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى"

"اپنوں کو نماز کا حکم دو اور خود اس پر پابندی کرتے رہو، ہم تم سے رزق نہیں مانگتے، ہم تمہیں رزق دیں گے، اور اچھا انجام پرہیزگاری کا ہے"

سعید بن منصور نے اپنی مسند میں اور ابن المنذر نے اپنی تفسیر میں بطریق عثمان عن حمزہ بن عبداللہ بن سالم سے یہ روایت نقل کی کہ جب کبھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر فقر و فاقہ کی نوبت آتی، تو آپ گھر والوں کو نماز پڑھو، نماز پڑھو، کا حکم دیتے"

ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ جب انبیاء کرام صلی اللہ علیہم وسلم پر کوئی مشکل پڑتی، وہ نماز کی طرف متوجہ ہوتے"

طبرانی اور ابن مردویہ نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی، کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا لوگو! اللہ کے خوف کو تجارت بنالو۔ تمہارے پاس بغیر تجارت و مال رزق آئے گا۔ پھر یہ آیت پڑھی۔

"مَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ"

جو اللہ سے ڈرے، اللہ اس کے لیے راستہ کھول دے گا اور

marfat.com

Marfat.com

اسے وہاں سے رزق دے گا، جہاں سے اسے وہم وگمان نہ ہو"۔

امام احمد اور حاکم نے اپنی تصحیح کے ساتھ اور بیہقی نے شعب الایمان میں ابو ذر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ علیہ وسلم یہ آیت تلاوت فرمایا کرتے۔ وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ،..... ، پھر فرمایا۔ ابو ذر! اگر تمام لوگ بھی اس کے ذریعے لیں تو سب کو کافی ہو۔

امام احمد، نسائی اور ابن ماجہ نے توبان رضی اللہ عنہ سے روایت کی، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ انسان گناہ کی وجہ سے اپنے حصے کے رزق سے محروم ہو جاتا ہے۔

ابن ابی حاتم نے اپنی تفسیر میں عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت کی، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو کٹ کٹا کر اللہ کی طرف ہو جائے، اللہ اس کی ہر مشکل حل فرماتا اور اسے اس طور پر رزق دیتا ہے جس کا اسے وہم و گمان نہ ہو اور جو دنیا کے پیچھے بھاگے، اللہ اُسے اسی کے سپرد کر دیتا ہے۔

فائدہ

میں نے ایک مجموعہ اوراد میں لکھا دیکھا ہے۔ جو کوئی نماز جمعہ کے بعد فرمانِ باری تعالیٰ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۔ ..... لکھ کر اپنے گھر یا مکان پر رکھے، اللہ اسے خیر و برکت سے نوازے گا۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَكَفٰى وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى"

سیوطی کا رسالہ ختم ہوا۔

سیوطی کی "جامع صغیر" میں ابو شیخ بن حیان عن جبیر بن مطعم سے یہ روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جُبیر! چاہتے ہو کہ جب سفر میں ہو

marfat.com
Marfat.com

تو اپنے تمام ساتھیوں سے بہتر اور زیادہ زادِ راہ تمہارے پاس ہو؛ یہ پانچ سورتیں پڑھ لیا کرو۔

(۱) قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ۔ (۲) اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ۔
(۳) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ (۴) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔
(۵) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔

ہر سورۃ بِسْمِ اللّٰہِ سے شروع اور بِسْمِ اللّٰہِ پر ختم کرو۔ جبیر کہتے ہیں میں بہت مالدار تھا۔ میں ہمیشہ سفر و حضر میں ان کو پڑھتا رہتا ہوں یہاں تک کہ میرا کوئی ساتھی مجھ جیسا خوشحال نہیں۔ اس کی سند میں الحکم بن عبداللہ بن سعید ابلی متہم ہے۔

طبرانی نے معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا، میں تمہیں ایسی دُعا نہ بتاؤں، کہ تم پر کوہ ثبیر کے برابر قرض ہو، اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے ادا کر دے۔ پڑھو قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ... بغیر حساب تک۔ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا تُعْطِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُمَا وَتَمْنَعُ مَنْ تَشَآءُ اِرْحَمْنِيْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ "

اے دنیا و آخرت کے رحمٰن و رحیم! دُنیا و آخرت میں جس کو چاہے دے اور جس سے چاہے روک لے مجھ پر ایسی رحمت فرما، جس کے ذریعے مجھے اپنے سوا سب کی رحمت سے بے پرواہ کر دے"

الدمیری نے کہا، ہمارے شیخ عارف باللہ عبداللہ بن اسعد الیافعی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ ہمیں سیدنا عارف امام ابوعبداللہ محمد قرشی نے اپنے شیخ ابوالربیع مالکی کا یہ قول سُنایا، میں تجھے ایسا خزانہ نہ بتاؤں جس کو خرچ کرتے رہو اور وہ ختم نہ ہو؛ میں نے کہا بتائیے! فرمایا پڑھو۔

marfat.com
Marfat.com

يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا وَاحِدُ يَا مَوْجُوْدُ يَا جَوَّادُ يَا بَاسِطُ يَا كَرِيْمُ
يَا وَهَّابُ - يَا ذَا الطَّوْلِ - يَا غَنِيُّ يَا مُغْنِيُ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ
يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ - يَا بَدِيْعَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ، يَا حَنَّانُ ، يَا مَنَّانُ
اَلْتَحْنِيْ مِنْكَ بِنَفْحَةٍ خَيْرٍ تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ اِنْ
تَسْفَتَحُوْا فَقَدْ جَاءَكُمُ الْفَتْحُ ، اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا
نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ، اَللّٰهُمَّ يَا غَنِيُّ يَا حَمِيْدُ يَا
مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ ، يَا وَدُوْدُ ، يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ
يَا فَعَّالًا لِّمَا يُرِيْدُ - اِكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ - وَ
اَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ - وَاحْفَظْنِيْ بِمَا حَفِظْتَ
بِهِ الذِّكْرَ وَانْصُرْنِيْ بِمَا نَصَرْتَ بِهِ الرُّسُلَ
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ "

فرمایا جو کوئی ہر نماز کے بعد خصوصاً نماز جمعہ کے بعد یہ دُعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ اُسے ہر خوف سے محفوظ فرمائے گا۔ دشمنوں پر اس کی مدد فرمائے گا۔ اُسے غنی فرمائے گا۔ اور وہاں سے اُسے رزق دے گا جہاں کا اُسے وہم و گمان نہ ہو۔ اس کی معیشت آسان اور اپنے فضل و کرم سے اس کا قرض خواہ پہاڑ کے برابر ہو، ادا فرمائے گا۔

سیّد احمد دحلان کا فرمان

سیّد احمد دحلان نے اپنی کتاب "تقریب الاصول فی تسہیل الوصول" میں بعض عارفین کا یہ قول نقل کیا ہے کہ حصولِ رزق کے باوثوق ذرائع میں سے ایک مضبوط ذریعہ جس کی شارع کی طرف سے اجازت دی گئی ہے ہمیشہ سورۃ الواقعہ کی تلاوت کرنا ہے اور حصولِ رزق کے لیے مجرّب اذکار پر عمل کرنا ہے۔ جن میں

marfat.com
Marfat.com

سے اکثر احادیث نبویہ میں مذکور تسہیل رزق کے لیے مخصوص ہیں۔ مثلاً روزانہ سو بار پڑھنا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ۔ یہ ذکر طلوع فجر (صبح صادق)، یا زوال (ظہر) کے وقت پڑھے۔ اور اسی طرح سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ، اور اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ۔ روزانہ سو بار۔ صبح کی سنتوں کے بعد اور فرضوں سے پہلے۔ اگر یہ نہ ہو سکے تو فرضوں کے بعد۔ پھر امام شاذلی کا یہ قول نقل کیا۔ "جب تم میں سے کوئی قرض کا لین دین کرے، تو دل سے اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو اور اللہ کے بھروسے پر یہ معاملہ کرے کیونکہ بندہ اللہ کے بھروسے پر جو بھی کاروبار کرتا ہے۔ اس کا ادا کرنا اللہ کے ذمہ کرم پر ہوتا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ جب کسی سے قرض کا معاملہ کرتے۔ کہتے الٰہی! میں نے تیرے بھروسے سے قرض لیا اور تجھی پر بھروسہ کیا۔ اور اپنا معاملہ تیرے ہی سپرد کیا۔

الشرجی نے اپنی کتاب "الصلات والعوائد" کے اٹھارہویں فائدے میں فرمایا۔

ابن ابی الدنیا نے اپنی سند کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا کہ جو کوئی ہر روز سو بار لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ پڑھے، کبھی محتاج نہ ہوگا۔

ابن ابی الدنیا نے کہا اشغالِ شاقہ اور تکالیف کے برداشت کرنے اور شریر کے شر سے بچنے کے لیے ان کلمات کا بہت اثر ہے۔

ابونعیم نے اپنی کتاب "معرفۃ الصحابہ" میں حضرت بدر بن عبداللہ المزنی رضی اللہ عنہ کے حالات میں ان کی یہ روایت نقل کی، میں نے عرض کی یا رسول اللہ میں ایک صنعت کار آدمی ہوں، میرے مال میں اضافہ نہیں ہوتا۔ فرمایا صبح اٹھتے ہی پڑھا کرو۔

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ، بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰٓی اَھْلِیْ وَمَالِیْ

marfat.com
Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اَرْضِنِیْ بِمَا قَضَیْتَ وَاَغْنِنِیْ فِیْمَا اَبْقَیْتُ حَتّٰی لَا اُحِبَّ لِیْ تَعْجِیْلَ مَا اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِیْرَ مَا عَجَّلْتَ ۔

میں ان کلمات کا ورد کرتا رہا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے میرا مال بڑھا دیا، میرا قرض اتار دیا۔ مجھے اور میرے عیال کو غنی کر دیا۔

کتاب "فوائد الشرجی" میں ہے کہ ایک شخص نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں غریبی کا شکوہ کیا، فرمایا جب گھر جاؤ تو سورۂ اخلاص پڑھا کرو۔ اس شخص نے اس پر عمل کیا، اللہ نے اس کا رزق وسیع کر دیا۔

شیخ علی اجہوری مالکی کے فوائد میں سے ایک یہ ہے کہ جو کوئی رجب کے آخری جمعہ کو جب خطیب منبر پر ہو پینتیس بار پڑھے۔ اَحْمَدُ رَسُوْلُ اللّٰہ، مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ۔ اس سال اس کے ہاتھ سے روپیہ پیسہ ختم نہ ہوگا۔

"الدر النظیم" میں فرمایا، البوّاق نے کتاب "شمس المعارف" میں اللہ کے اسم گرامی حَیُّ۔ قَیُّوْمٌ۔ پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے اگر رزق میں فراخی چاہے تو منگل، بدھ، جمعرات کو روزہ رکھو، جمعہ کے دن صبح کی نماز اوّل وقت ادا کرے۔ سلام پھیرتے ہی بغیر تاخیر اور بغیر کسی اور بات میں مشغول ہوئے، فعل ہو یا قول جو دل کو مصروف کرے، مسلسل یَا حَیُّ یَا قَیُّوْم پڑھتا رہے، جونہی کہ جمعہ کے دن سورج طلوع ہو، قلم دوات کاغذ تیار رکھے، ذکر سے فارغ ہوتے ہی کاغذ پر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْم لکھے اور لپیٹ کر اپنے پاس رکھے، اللہ کی برکت سے رزق کی وسعت اور خیر و برکت کے نظارے عام نظر آئیں گے۔ لوگ تمہیں دیکھ کر تعجب کریں گے۔ اس نسخے کی حفاظت کرو اور نااہلوں سے پوشیدہ رکھو۔ ذکر اور لکھائی باوضو ہو۔ قبلہ رُخ ہو۔ اللہ تمہارا ذکر بلند کرے گا۔ خواہ کتنا ہی کم کیوں نہ ہو۔ رزق کم ہوگا تو اللہ اس میں برکت دے گا۔

marfat.com
Marfat.com

متفرق فوائد

کمال دمیری نے سیدنا جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے نقل کیا۔

امام جعفر صادق کا تعجب

کہ آپ نے فرمایا مجھے اس آدمی پر تعجب ہوتا ہے جو چار آزمائشوں میں مبتلا کیا جائے۔ اور وہ چار باتوں سے غافل ہو (۱) مجھے اس آدمی پر تعجب ہوتا ہے جو کسی تکلیف میں مبتلا ہو تو اس سے یہ قرآنی دُعا کیسے رد سکتی ہے۔

رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ "

میرے پروردگار! بے شک مجھے تکلیف پہنچی ہے اور تُو سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا ہے۔

حالانکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ۔

ہم نے اس کی دُعا سُن لی اور اس سے ہر تکلیف دور کر دی۔

(۲) مجھے اس شخص پر بھی تعجب ہے جسے کوئی غم پہنچے اور وہ اس فرمان باری سے غافل ہو۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔ تُو پاک ہے، بے شک میں ہی (اپنے اُوپر) زیادہ کرنے والوں میں سے تھا"

جب کہ اللہ فرماتا ہے۔

"فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ "

سو ہم نے اس کی دُعا قبول کی اور اسے غم سے بچا لیا، اور ہم اسی طرح

marfat.com

Marfat.com

ایمان والوں کو بچایا کرتے ہیں۔

(۳) مجھے اس ڈرنے والے پر بھی تعجب ہوتا ہے کہ اس کی نگاہ سے اللہ کا یہ فرمان کیسے اوجھل رہتا ہے۔؟ (حالانکہ پڑھنا مشکل نہیں)

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

ہمیں اللہ کافی ہے اور کیسا اچھا کارساز ہے۔

جب کہ فرمان باری ہے۔

فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ۔

وہ اللہ کی نعمت اور فضل لے کر پلٹے۔

(۴) جس آدمی سے دھوکہ بازی ہو تعجب ہے وہ یہ پڑھنا کیوں بھول جاتا ہے۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَى اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ۔

اور میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں، بے شک اللہ بندوں کو دیکھتا ہے۔

حالانکہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے:۔

فَوَقٰهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَامَكَرُوْا۔

اللہ نے اسے دشمنوں کے مکر و فریب سے بچا لیا۔

طبرانی نے اوسط میں، بیہقی نے دعوات میں، اور ابن عساکر نے حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو زمین پر اتارا، آپ نے بیت اللہ شریف کا سات بار طواف کیا، مقامِ ابراہیم کے پیچھے دو رکعت نماز پڑھی۔ پھر یہ دعا مانگی:۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ تَعْلَمُ سِرِّیْ وَعَلَانِيَتِيْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِيْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِيْ فَاَعْطِنِيْ سُؤَلِيْ وَتَعْلَمُ مَا عِنْدِیْ فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ

marfat.com

Marfat.com

اَسْئَالُكَ اِيْمَانًا يُبَاشِرُ قَلْبِیْ وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمَ
اِنَّهٗ لَا يُصِيْبُنِیْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِیْ وَرَضِّنِیْ بِقَضَائِكَ ؛

ترجمہ: اے اللہ! تو میرے باطن وظاہر کو جانتا ہے، سو میری معذرت قبول فرما اور میری حاجت کو جانتا ہے، سو جو مانگوں عطا فرما۔ تو جانتا ہے میرے پاس کیا کچھ ہے، سو میرا گناہ بخش دے میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں۔ جو میرے دل سے پیوست ہو جائے۔ اور سچا یقین، یہاں تک کہ مجھے یقین ہو جائے کہ مجھے وہی کچھ پہنچے گا۔ جو تو نے میرے لیے لکھ دیا ہے۔ مجھے اپنے فیصلے پر راضی کر دے۔"

تو اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ آدم! تو نے مجھ سے وہ دعا مانگی جو قبول کرتا ہوں تیری خطا معاف کرتا ہوں۔ تیرے غم والم دور کرتا ہوں اور تیرے بعد تیری اولاد میں سے جو یہ دعا مانگے گا، اس سے بھی یہی برتاؤ کروں گا۔ اور اس کی آنکھوں کے درمیان سے فقر و فاقہ ختم کر دوں گا اور ہر تاجر کی تجارت کو اس کی وجہ سے فروغ دوں گا۔ دنیا ذلیل ہو کر اس کے پاس آئے گی۔ گو وہ اس کا ارادہ نہ کرے۔

الشنرجی نے کہا، کہا جاتا ہے جو کوئی مسافر کے پسِ پشت اذان دے، اللہ تعالیٰ کے حکم سے ضرور واپس آئے گا۔

ابن السنی نے اپنی کتاب "عمل الیوم واللیلۃ" میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً یہ روایت بیان کی، جب صبح اٹھے تو یہ پڑھ۔ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی نَفْسِیْ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ۔ تیرا کچھ نقصان نہ ہوگا۔

القرطبی کی کتاب "التذکرۃ" میں لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی اپنی مرض الموت میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (سورۂ اخلاص مکمل پڑھے) قبر کے فتنہ سے محفوظ رہے گا۔ قبر کی گھبراہٹ سے مامون رہے گا۔ اور قیامت کے دن

marfat.com
Marfat.com

فرشتے اسے اپنے بازوؤں پر اٹھا کر پل صراط سے گزاریں گے اور جنت میں داخل کریں گے۔

امام نووی نے کتاب الاذکار میں فرمایا، ابن السنی کی کتاب میں طلق بن حبیب کی روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آکر کہا، اے ابوالدرداء آپ کا مکان جل گیا ہے۔ انہوں نے فرمایا نہیں جلا، اللہ ایسا نہیں کرے گا۔ ان کلمات کی وجہ سے، جن کے متعلق میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ جو کوئی دن چڑھے اس کا ورد کرے گا اسے شام تک مصیبت نہیں پہنچے گی، جو کوئی شام کے وقت انہیں پڑھے اسے صبح تک کوئی تکلیف نہ ہوگی۔ (اور میرا اس پر عمل ہے)

"اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ. مَا شَآءَ اللّٰہُ تَعَالٰی کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ، اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ عِلْمًا، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ."

(ترجمہ) الٰہی! تو میرا پروردگار ہے تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔ تجھی پر میرا بھروسہ ہے اور تو ہی عرش عظیم کا مالک ہے۔ جو اللہ تعالیٰ نے چاہا ہو گیا اور جو نہ چاہا نہ ہوا۔ بدی سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت پس اللہ ہی کی ذات سے ملتی ہے، جو بلند تر، برتر ہے۔ جان لو کہ اللہ تعالیٰ ہر چاہے پر قدرت رکھتا ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے علم سے ہر شے کا احاطہ کر رکھا ہے۔ الٰہی! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اپنے نفس کے شر سے، اور ہر چوپائے کے شر سے

marfat.com
Marfat.com

جس کی پیشانی تو نے پکڑ رکھی ہے۔ بے شک میرا پروردگار سیدھے راستے پر ہے۔

ایک اور طریق سے یہی روایت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے مروی ہے جس میں ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں۔ اس روایت میں یہ بھی ہے کہ اس شخص کو بار بار اس صحابی نے گھر جانے کا حکم دیا کہ اپنے گھر پہنچو، وہ جل چکا ہے۔ اور وہ کہتا رہا میرا گھر نہیں جلا، کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو کوئی صبح اٹھ کر یہ کلمات پڑھے، اس کی جان اہل و عیال اور مال کو کوئی ناگوار حادثہ نہیں پہنچے گا اور میں نے یہ کلمات آج پڑھے ہیں۔ پھر اس نے کہا آؤ میرے ساتھ چلیں۔ وہ شخص بھی اور تمام دوسرے لوگ بھی اس کے ہمراہ اس کے گھر پہنچے۔ دیکھا کہ گرد و پیش کی ہر شے جل چکی تھی۔ مگر اللہ کے حکم سے اسے کوئی گزند نہ پہنچی تھی۔

الدمیری نے حیوٰۃ الحیوان الکبریٰ میں کہا جو کوئی دن چڑھے یہ کلمات پڑھے، تو سانپ بچھو کی زبان اور چور کا ہاتھ بند رہے گا۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وہ سانپ بچھو اور چور سے محفوظ رہے گا۔

البونی نے صرف میم کے خواص میں کہا جو کوئی چار بار اسے لکھے اور اس کے ساتھ اتنی ہی بار لکھے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ آخر سورۃ تک اور اپنے پاس رکھ لے اللہ تعالےٰ عالم بالا و پست کے چھپے راز اس پر ظاہر فرمائے گا۔

السنوسی کا ارشاد

السنوسی رحمہ اللہ نے اپنے فوائد الذخائر النفیسہ میں فرمایا، جس نے اللہ تعالیٰ کا نام مبارک لکھا اور سفید ریشمی ٹاکی میں لپیٹا اور اس کے گرد دائرے کی شکل میں پینتیس ۳۵ بار مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اور پینتیس ۳۵ بار اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اور یہ تمام عمل نماز جمعہ کے بعد کرے۔ اللہ تعالیٰ اسے نیکی و عبادت کی طاقت عطا فرمائے گا اور شیطانی وسوسوں

marfat.com
Marfat.com

سے محفوظ فرمائے گا اور اس کے حامل کا رعب اللہ تعالیٰ بندوں کے دل میں پیدا کریگا اور جو کوئی سورج نکلتے وقت ہر روز اس پر نظر کرے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھے، اُسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار بار بار حاصل ہوتا رہے گا۔ اور اس کے اسباب اُسی دن سے میسر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ اسی کتاب میں فرمایا کہ جو شخص یہ چاہے کہ اس کی بیوی کے ہاں بیٹا پیدا ہو۔

بیٹا پیدا ہونے کیلئے عمل

جب اس کی بیوی سو رہی ہو، اپنا دایاں ہاتھ اس کے سینہ پر رکھے اور حمل کے ابتدائی دنوں میں اس کی ناف پر ہاتھ رکھ کر تین بار پڑھے:

"اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ خَلَقْتَ خَلْقًا فِیْ بَطْنِ ھٰذِہِ الْمَرْاَۃِ فَکَوِّنْہُ ذَکَرًا وَّ اِسْمُہٗ اَحْمَدُ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ۔"

"الٰہی اگر تُو نے اس عورت کے پیٹ میں کوئی شے پیدا کرنی ہے تو اُسے بیٹا کیجیو! اور اس کا نام احمد ہوگا۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے برحق ہونے کا صدقہ، پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تُو سب سے بہتر وارث ہے۔"

الدمیری نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سُنا جو کوئی ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے، اس کی رُوح صرف اللہ تعالیٰ ہی قبض فرمائے گا۔

امام بیہقی نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول نقل کیا ہے کہ فرمان باری تعالیٰ اُدْعُوا اللّٰہَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ پوری آیت چوری سے محفوظ رہنے کی ضمانت ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے سوتے وقت اسے

marfat.com
Marfat.com

پڑھا چور اندر آگھسا اور گھر کا تمام سامان سمیٹ کر اٹھا لیا۔ وہ صاحب جاگ رہے تھے، چور دروازے پر پہنچا تو اسے بند پایا۔ گٹھڑی زمین پر رکھی تو دروازہ کھل گیا۔ تین بار ایسا ہی ہوا۔ (گٹھڑی اٹھاتا تو دروازہ بند ہو جاتا، نیچے رکھتا تو کھل جاتا) صاحب خانہ کی ہنسی نکل گئی اور کہا میں نے مکان کا نقشہ مضبوط بنایا ہے۔

الدارمی نے المغیرہ بن سبیع سے روایت کی جو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں میں سے تھے کہ جو کوئی سوتے وقت سورۂ بقرہ کی دس آیتیں پڑھے قرآن کریم نہیں بھولے گا۔ ۱۔ چار پہلی۔ ۲۔ آیۃ الکرسی۔ ۳۔ دو آیتیں اس کے بعد والی اور تین آخری اور الدارمی وغیرہ نے عبداللہ بن ابی امامہ سے زر ابن حبیش کی یہ روایت نقل کی کہ جو کوئی رات کے کسی خاص حصے میں اٹھنے کے لئے سورۂ الکھف کا آخری حصہ پڑھے، بیدار ہوگا۔ ایک ساتھی کا کہنا ہے کہ ہم چند ساتھیوں نے اس کا تجربہ کیا ہے۔ جیسا سنا ویسا پایا۔ یہ بات سیوطی نے "الخصائص الکبریٰ" میں ذکر کی ہے۔

سیدی عبدالعزیز الدباغ کا ارشاد

کتاب الابریز میں سیدی عبدالعزیز الدباغ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جو کوئی یہ آیت کریمہ پڑھے، وہ صبح صادق سے ذرہ پہلے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے وقت بیدار ہو جایا کرے گا۔

امام بافعی نے اپنی کتاب "الدر النظیم فی خواص القرآن العظیم" میں لکھا ہے کہ کوئی سورۃ محمد لکھ کر زمزم کے پانی سے دھو کر پی لے، لوگوں میں محبوب ہوگا۔ اس کی بات سنی جائے گی۔ جو سنے گا، یاد رکھے گا۔ لکھ لکھ کر پانی میں گھول لے اور جو بیماری ہو اس پانی سے دھوئے، اللہ کے حکم سے دور ہوگی۔ "الدر النظیم" ہی میں ہے کہ جو کوئی فرمان باری تعالیٰ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ آخر سورہ تک، اللہ کی توفیق سے لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ عجیب قبولیت و غلبہ دیکھے گا

marfat.com

Marfat.com

ہر مشکل آسان اور ہر مقصد حاصل ہوگا۔ فرمایا میں نے قابل اعتماد لوگوں سے سنا کہ جس نے اس پر عمل کیا، اس کی مشکل حل ہوئی۔ میں نے خود اسے سرکش بد کنے والے جانور پر استعمال کیا وہ جھک گیا اور تابع فرمان ہوگیا۔ اور بے شمار لوگ نمونیہ کے بخار سے شفایاب ہوئے۔ پھر فرمایا یہ آیت مال میں خیر و برکت، قوت و طاقت، عزت و غلبہ اور مردوں، بچوں (عورتوں) سب کے لیے، آفت و مصیبت سے حفاظت و حراست ہے۔

قطب کبیر سیدنا ابوالحسن شاذلی رضی اللہ عنہ کی وصیتیں

ہمیں ان فوائد کا اختتام قطب کبیر سیدنا ابوالحسن شاذلی رضی اللہ عنہ کی وصیتوں پر کرنا چاہیے کہ یہ دنیا و آخرت کی تمام بھلائیوں کو جامع ہیں۔ الکمال الدمیری نے اپنی کتاب "حیوٰۃ الحیوٰن" "انسان" پر کلام کرتے ہوئے فرمایا۔ سیدنا شیخ ابوالحسن شاذلی رحمہ اللہ نے فرمایا، ان اوصاف پسندیدہ کو اپناؤ۔ دونوں جہانوں کی نیک بختیاں پاؤ گے۔

(۱) کافروں میں سے کسی کو دلی دوست اور مسلمانوں میں سے کسی کو دشمن نہ بناؤ۔

(۲) دنیا سے جاتے وقت تقوٰی و پرہیزگاری، کا زادِ راہ لیکر کوچ کرو۔

(۳) اپنے آپ کو مُردوں میں شمار کرو (یعنی موت کو ایک حقیقت سمجھو)

(۴) اللہ کی توحید کی گواہی دیتے رہو۔

(۵) اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دیتے رہو۔

(۶) نیک اعمال گو کم ہوں، تیرے لیے کافی ہیں۔

(۷) اور کہو میں اللہ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں، اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا۔

(۸) کہو، ہم نے سنا اور مانا تجھ سے بخشش چاہتے ہیں اے پروردگار! اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

جو کوئی ان اوصاف حمیدہ کو اپنائے اللہ اس کے لیے دنیا و آخرت کی چار، چار بھلائیوں کا ضامن ہوگا۔ چار دنیوی باتیں یہ ہیں۔

(۱) سچی بات کرنا۔ (۲) خلوصِ عمل۔

(۳) رزق کی بارش۔ (۴) برائی سے بچاؤ۔

چار اخروی بھلائیاں یہ ہیں۔

(۱) بڑی بخشش۔ (۲) انتہائی نزدیکی۔

(۳) جنت الماوٰی میں داخلہ (۴) بلند ترین درجات پر فائز ہونا۔

اب اگر قول کی سچائی چاہتے ہو تو سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ۔ ہمیشہ پڑھو۔ رزق کی بارش چاہو تو سورۂ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ہمیشہ پڑھو، لوگوں کی برائی سے سلامتی چاہو تو ہمیشہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ پڑھا کرو۔ اگر بہتری، رزق اور برکت چاہو تو ہمیشہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ، هُوَ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ۔ ..... سورۂ واقعہ اور سورۂ یٰسٓ پڑھو، تم پر رزق کی بارش ہوگی۔ اگر چاہو کہ اللہ تمہیں ہر غم سے نجات، ہر تنگی سے فراخی، اور وہاں سے رزق دے جہاں کا وہم و گمان نہ ہو تو ہمیشہ استغفار کیا کرو۔

اور اگر چاہو کہ ہر خوف و ڈر سے محفوظ رہو تو پڑھو۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ ..... ۔ اگر یہ معلوم کرنا چاہو کہ کب آسمان کے دروازے کھلتے اور کب دعا قبول ہوتی ہے۔ تو مؤذن کی آواز پہ ہمہ تن گوش ہو، اور کلماتِ اذان کا جواب دو۔ حدیث پاک میں ہے جس پر تکلیف و سختی نازل ہو، وہ مؤذن کے کلمات (اذان) کا جواب دے۔

اگر کسی تکلیف و دہشت سے حفاظت چاہو تو پڑھو۔ تَوَكَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ اَبَدًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ

marfat.com

Marfat.com

شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا - حدیث شریف میں ہے: مجھے جب بھی کوئی پریشانی لاحق ہوئی، جبریل علیہ السلام نے آکر کہا اے محمد! یہ پڑھیے۔

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ اَبَدًا وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ اَبَدًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا"

حدیث شریف میں آتا ہے جب میں کسی وجہ سے پریشان ہوا، جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے اور کہا اے محمد! (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ پڑھو (مذکورہ بالا آیت) اگر رنج و غم اور مصیبت سے نجات پانا چاہو تو پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ، مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ، اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اِسْمٍ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِيْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَنُوْرَ صَدْرِيْ وَجِلَاءَ حُزْنِيْ وَذِهَابَ هَمِّيْ وَغَمِّيْ"

(ترجمہ) اے اللہ! میں تیرا بندہ اور تیرے بندے کا بیٹا اور تیری لونڈی کا بیٹا ہوں۔ میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے، تیرا حکم میری جان میں چلتا ہے، تیرا فیصلہ انصاف ہے۔ میں تجھ سے تیرے ہر اس نام کے واسطہ سے سوال کرتا ہوں، جو تو نے اپنا رکھا یا اپنی کتاب میں نازل کیا، یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا یا اپنے پاس علم غیب میں پوشیدہ کیا ہے کہ تو قرآن مجید کو میرے دل کی بہار، میرے سینے کی روشنی، میرے

marfat.com
Marfat.com

غم کی کشائش اور میرے رنج والم کا خاتمہ کر دے "!

اور اگر تو چاہے کہ اللہ تعالیٰ تیری ۹۹ ایسی بیماریاں ختم کر دے، جن میں سب سے ہلکی پھلکی بیماری پریشانی ہے۔ تو یہ دُعا پڑھ جو حدیث میں ہے۔

"لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ"۔

یہ مذکور پریشانی کی دوا ہے۔

اور کسی مُصیبت کے پہنچے پر اجر و ثواب حاصل کرنا چاہے۔ تو پڑھ۔

"اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ اِحْتَسَبْتُ مُصِیْبَتِیْ فَاْجُرْنِیْ فِیْهَا وَاَبْدِلْنِیْ خَیْرًا مِّنْهَا وَمِنْهُ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ تَوَكَّلْنَا عَلَی اللّٰهِ وَعَلَی اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا"

ترجمہ: بے شک ہم اللہ کے لیے ہیں، اور بے شک اُسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ الٰہی! میں اپنی مُصیبت میں تیری بارگاہ سے نیکی کا خواہش گار ہوں سو اس میں مجھے اجر دے اور اس کے بدلے مجھے بہتر عطا فرما۔ ہمیں اللہ کافی اور بہترین کارساز ہے۔ ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا، اور اللہ ہی پر ہمارا بھروسہ ہے"

تمام مقاصد کے حصُول، ادائے قرض اور ازالۂ غم کیلیے

اگر تو چاہے کہ تیرا غم جلد چاہے اور قرض اُتر جائے تو صبح و شام پڑھ۔

"اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ اَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ"

ترجمہ: الٰہی! بے شک میں غم والم سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور عاجزی

marfat.com
Marfat.com

سُستی سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ بُزدلی وکنجوسی سے تیری پناہ چاہتا ہوں، قرض کے بار اور لوگوں کے دباؤ سے تیری پناہ چاہتا ہُوں۔ اگر خشوع وخضوع کی توفیق چاہو تو فضول دیکھنا چھوڑ دو اگر حکمت کی توفیق چاہو تو فضول گفتگو چھوڑ دو۔ اگر عبادت کی لذّت چاہو، فضول کھانا چھوڑ دو، روزہ رکھو۔ رات قیام کرو اور نماز تہجد پڑھو، اگر رُعب وہیبت چاہو تو ہنسی مذاق چھوڑ دو، کہ یہ رُعب وداب ختم کر دیتے ہیں۔ اگر محبّت کا حصُول پیش نظر ہے۔ تو دنیا میں فضول رغبت چھوڑ دو۔ اگر اپنے نفس کے عیب کی اصلاح چاہو۔ تو لوگوں کے عیب کی ٹوہ لگانا چھوڑ دو، کہ ٹوہ میں رہنا اسی طرح نفاق کا ایک شعبہ ہے۔ جیسے حُسنِ ظن ایمان کا۔ اگر خوفِ خُدا چاہو، تو ذات باری تعالیٰ کی کیفیات میں بدظنی چھوڑ دو، شک ونفاق سے بچے رہو گے۔ اگر ہر برائی سے بچنا چاہو تو ہر ایک کی بدظنی سے کنارہ کش رہو۔ اگر عُزلت چاہو تو لوگوں پر بھروسہ کرنا چھوڑ دو اور اللہ پر بھروسہ کرو۔ اگر دل کی موت نہیں چاہتے تو ہر روز چالیس بار پڑھو۔

"یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ"

دیدارِ مُصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے لیے

اگر قیامت کے دن، حسرت وندامت کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے بہرہ ور ہونا چاہو، تو تین سورتیں کثرت سے پڑھو۔ اِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ اور اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ اور اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ۔

اگر چہرے کی نُورانیت چاہو تو ہمیشہ رات کو قیام کرو (تہجد ادا کرو) اگر قیامت کی پیاس سے بچنا چاہو، تو نفلی روزے ضرور رکھو۔ اگر عذاب قبر سے بچنا چاہو، تو پیشاب کی چھینٹوں سے بچو، حرام خوری چھوڑ دو اور شہوتوں کو خیرباد کہو،

marfat.com
Marfat.com

غنا چاہو تو قناعت اختیار کرو۔ اگر تمام لوگوں میں بہتر ہونا چاہو تو تمام لوگوں کو نفع پہنچاؤ۔ اگر سب سے زیادہ عبادت گذار بننا چاہو، تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کو حرزِ جان بناؤ۔ کون مجھ سے یہ کلمات حاصل کر کے ان پر عمل کرے گا۔ یا ان پر عمل پیرا ہونے والے کو سکھائے گا؟ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، میں یا رسول اللہ، آپ نے میرا ہاتھ پکڑ کر پانچ باتوں کا شمار کیا۔ فرمایا، (۱) حرام باتوں سے بچو، سب سے بڑے عبادت گذار ہو جاؤ گے۔ (۲) اللہ نے جو تمہیں عطا فرمایا اسی پر راضی رہو، سب سے بڑے غنی ہو جاؤ گے۔ (۳) پڑوسی سے اچھا برتاؤ کرو، مومن ہو گے۔ (۴) لوگوں کے لیے وہی پسند کرو، جو اپنے لیے پسند کرتے ہو مسلم ہو گے۔ زیادہ مت ہنسو، کہ زیادہ ہنسی دل کو مُردہ کر دیتی ہے۔

نصائح و لطائف

۱۔ اگر مخلص نیکوکاروں میں سے ہونا چاہو، تو اللہ کی عبادت اس طرح کرو، جیسے اُسے دیکھ رہے ہو۔ پھر اگر تم اسے نہیں دیکھتے تو وہ تمہیں دیکھتا ہی ہے۔

۲۔ اگر کامل ایمان چاہو تو اپنا اخلاق بہتر کرو۔

۳۔ چاہو کہ اللہ تم سے محبت کرے، تو اپنے مسلمان بھائیوں کی حاجتیں پوری کرو۔ حدیث شریف میں آیا ہے۔ جب اللہ کسی بندے سے محبت کرتا ہے، لوگوں کی حاجتیں اس کی طرف پھیر دی جاتی ہیں۔

۴۔ اگر اطاعت گذاروں میں سے ہونا چاہے، تو جو کچھ اللہ نے تجھ پر فرض کیا اسے ادا کر۔

۵۔ اگر گناہوں سے صاف ہو کر اللہ سے ملنا چاہتا ہے، غسل جنابت کر۔

marfat.com
Marfat.com

۶ - غسلِ جمعہ لازمی کر، قیامت کے دن اللہ کے حضور گناہوں سے پاک صاف ہوکر حاضر ہوگا۔

۷ - اگر قیامت کے دن رہنما۔ روشنی میں اُٹھنا چاہے، اور اندھیروں سے بچنا چاہے۔ تو اللہ کی کسی مخلوق پر ظلم نہ کر۔

۸ - اگر اپنے گناہ کم کرنا چاہے، ہمیشہ توبہ و استغفار کرتا رہ۔

۹ - اگر تمام لوگوں سے بڑھ کر طاقت ور ہونا چاہے، اللہ پر بھروسہ کر۔

۱۰ - اگر چاہے کہ اللہ تیرے عیبوں پر پردہ ڈالے، تو لوگوں کے عیبوں پر پردہ ڈال، بے شک اللہ تعالیٰ بڑا ستر پوش ہے۔ اور اپنے ستر پوش بندوں کو پسند فرماتا ہے۔

۱۱ - اگر اپنی خطائیں مٹانا چاہے۔ تو کثرت سے استغفار و خشوع و خضوع کر اور تنہائیوں میں نیکیاں کما۔

۱۲ - اگر بڑی نیکیاں حاصل کرنا چاہے تو اچھا اخلاق، تواضع و انکساری اور مصیبت پر حوصلہ مندی کا ثبوت دے۔

۱۳ - اگر بڑی برائیوں سے بچنا چاہے، تو بد اخلاقی اور بخل و کنجوسی چھوڑ دے۔

۱۴ - اگر اللہ کا غضب ٹھنڈا کرنا چاہے تو چھپ کر صدقہ کر اور رشتہ داروں کا پاس کر۔

۱۵ - اگر چاہے کہ اللہ تیرا قرض اتار دے، تو وہ دُعا پڑھ! جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اعرابی کو سکھائی، جس نے آپ سے قرض کی شکایت کی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر تجھ پر پہاڑوں جتنا قرض ہو، اللہ ادا فرمائے گا۔ پڑھ۔

اَللّٰھُمَّ اِکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ

marfat.com
Marfat.com

عَمَّنْ سِوَاكَ "

اے اللہ! اپنے حلال کے ذریعے اپنے حرام سے مجھے بچا، اور اپنے فضل سے غیروں کی احتیاج سے محفوظ فرما۔

حدیث پاک میں آیا ہے، اگر تم میں سے کسی پر پہاڑ کے برابر سونا قرض ہو، وہ یہ دعا مانگے، اللہ تعالیٰ ادا فرمائے گا۔ دعا یہ ہے۔

"اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ، كَاشِفَ الْغَمِّ، مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْحَمَنِيْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ "

اے اللہ! غم والم کو دور فرمانے والے! بے بسوں مجبوروں کی دعا سننے والے، دنیا وآخرت کے رحمٰن ورحیم! میرا تجھ سے سوال ہے کہ مجھ پر ایسی رحمت فرما جس کے ذریعے مجھے غیروں سے بے پرواہ کر دے "

اگر ہلاکت سے بچنا چاہے تو جو کچھ حدیث میں ہے اسے لازمی طور پر اپنائے کہ جب کسی بھنور میں گھر جاؤ تو پڑھو۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ یقیناً تم سے جس نوع کی چاہے تکلیف دور فرمائے گا۔ کا لفظ واؤ کے فتحہ (زبر) اور راء کے سکون کے ساتھ ہے۔ بمعنی ہلاکت۔

کسی قوم کے شر سے نجات کے لیے دعا

اگر کسی قوم کے شر سے خوف ہو تو اس سے بچاؤ کے لیے وہ دعا پڑھو، جو حدیث میں ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ اور اسی مقصد کے لیے یہ دعا بھی ہے۔ اَللّٰهُمَّ اكْفِنَاهُمْ بِمَا شِئْتَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

marfat.com
Marfat.com

حکمران کے ڈر سے نجات کے لیے

اگر حکمران کے ڈر سے نجات چاہو، تو وہ دُعا پڑھو جو حدیث میں آتی ہے۔

"لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ عَزَّجَارُكَ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ "

اور یہ بھی مستحب و بہتر ہے کہ اُوپر ذکر کردہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ ... آخر تک۔

خطرناک حکمران کی دست درازی سے بچاؤ کے لیے

حدیث میں آتا ہے کہ جب کسی خطرناک حکمران کی دست درازی سے ڈرو تو یہ پڑھو،

"اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَعَزُّ مِنْ خَلْقِهٖ جَمِيْعًا، اَعَزُّ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ "

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے۔ اپنی تمام مخلوق سے غالب تر۔ جس سے میں ڈرتا اور بچنا چاہتا ہوں اس سے غالب تر، سب تعریفیں اللہ تعالیٰ پروردگار عالمیان کے لیے "

اگر دین پر دلجمعی چاہتے ہو، تو حضور علیہ السلام کی مرفوع حدیث ہے کہ سرورِ کائنات یہ دُعا مانگتے تھے۔

ایک روایت میں یہ ہے۔

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قُلُوْبَنَا عَلٰى دِيْنِكَ۔

اے اللہ میرا دل اپنے دین پر جما دے۔ اے دلوں کے پھیرنے والے، ۔۔۔ اے

marfat.com

Marfat.com

دلوں کو اپنے دین پر جما دے "

حاکم کے پاس جاتے وقت کی دُعا

جو آدمی حاکم کے پاس جائے اور اس کے شر سے ڈرے اس کے لیے یہ دُعا مجرّب ہے۔ اَلَّذِیْنَ آمَنُوْا وَعَلٰی رَبِّھِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ، اَلَّذِیْنَ قَالَ لَھُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَکُمْ فَاخْشَوْھُمْ فَزَادَھُمْ اِیْمَانًا وَّ قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۔ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَۃٍ مِّنَ اللّٰہِ وَفَضْلٍ لَّمْ یَمْسَسْھُمْ سُوْٓءٌ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰہِ وَاللّٰہُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِیْمٍ "

جو ایمان لائے اور اپنے رب پر ہی بھروسہ رکھیں، وہ جن سے لوگوں نے کہا کہ بے شک لوگ (دشمن) تمہارے لیے جمع ہو چکے ہیں، تو ان سے ڈرو، سو اس بات نے ان کے ایمان بڑھائے اور وہ بولے، ہمیں اللہ کافی ہے اور بہترین کارساز۔ سو وہ اللہ کی طرف سے نعمت اور فضل لے کر پلٹے۔ انہیں کوئی برائی نہ پہنچی، اور انہوں نے اللہ کی رضا کی پیروی کی، اور اللہ بڑے فضل والا ہے "

اگر بہت بھلائی اور رزق چاہے تو سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ اور سورۂ کافرون۔ ہمیشہ پڑھتا رہ۔

اور اگر لوگوں سے پردہ پوشی چاہے تو ورد کرتا رہ۔

"اَللّٰھُمَّ اسْتُرْنِیْ بِسِتْرِکَ الْجَمِیْلِ الَّذِیْ سَتَرْتَ بِہٖ نَفْسَکَ فَلَا عَیْنٌ تَرَاکَ "

الٰہی! میری پردہ پوشی فرما۔ اپنی وہ خوبصورت پردہ پوشی، جو تُو نے

marfat.com

Marfat.com

اپنی فرمائی کہ کوئی آنکھ تجھے نہیں دیکھتی "

اگر بھوک پیاس سے بچنا چاہے تو ہمیشہ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اِیْلٰفِهِمْ - پوری سورت پڑھا کر۔ اس کا بارہا تجربہ کیا گیا ہے اور صحیح نکلا ہے۔

اگر تجارت اور مال کا خوف رہتا ہے تو سورۂ الشعرآء لکھ کر اپنے مقام تجارت پہ لٹکا دے، کاروبار میں برکت ہو گی۔

جس آدمی سے خوف ہو، اگر سورۂ القصص لکھ کر اس کے اوپر لٹکا دی جائے، مانوس ہو جائے گا۔ یہ اس کی پناہ ہے۔ یہ لطیف مجرّب راز ہے۔

الدمیری نے امام شاذلی کی جو عبارت نقل کی وہ ختم ہوئی۔ اور بلاشبہ یہ دنیا و آخرت کی بھلائی کی جامع ہے۔

عرضِ مترجم ـــــ اظہارِ تشکّر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ حامداً ومصلیاً ومسلماً۔

درود و سلام کے موضوع پر علامہ یوسف نبہانی کی کتاب "سعادۃ الدارین فی الصلاۃ علی سیّد الکونین" بہت جامع، بہت مفصّل اور بہت حسین و جمیل کتاب ہے۔ آج تک اس موضوع پر اس سے جامع کوئی کتاب کسی زبان میں نہیں لکھی گئی۔ استاذ محترم مولانا انوار الاسلام رضوی دام اقبالہٗ کے فرمان پر، خدا اور رسول کی رضا کی خاطر اور عوام و خواص اہلِ اسلام کے فائدے کے لیے اس کا اردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے۔ اس میں یہ جدّ و سعی کی گئی ہے کہ اصل کتاب کا کوئی لفظ بلا ترجمہ نہ رہ جائے۔ ترجمہ سلیس، شُستہ اور بامحاورہ ہو اہلِ علم اگر ترجمہ میں کوئی خوبی دیکھیں، تو یہ اللہ کا فضل سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی بے پایاں نظرِ کرم اور مؤلف کتاب کی علمیت اور موضوع کتاب کا تقدس سمجھیں اور کوئی سقم محسوس فرمائیں تو مترجم کی علمی کمزوری پر محمول

marfat.com
Marfat.com

خطا پر محمول فرما کر آگاہ فرمائیں۔ قارئین کرام سے درخواست ہے کہ کتاب کے مؤلف، مترجم و ناشران کے والدین و اساتذہ تلامذہ و متعلقین کے لیے بالخصوص اور تمام اہلِ ایمان و محبت کی دُنیوی و اُخروی کامیابی و کامرانی، محکوم و مظلوم انسانوں کی آزادی و خوشحالی، مسلمانوں کے اتحاد و اتفاق، خدا کی زمین پر خدا کے قانون (نظامِ مصطفےٰ) کے نفاذ اور اس کے لیے عملاً و فکراً، عوام و خواص کے احساس کی بیداری، دین کے نام پر دنیا کمانے والوں کے احساسِ ذمہ داری و خدا ترسی۔ ذاتیاتی و طبقاتی مفادات کے دلدل سے نکلنے۔ گمراہ اور عیاش ظالم حکمرانوں کے دین کی طرف رجوع اور اقامتِ دین کی مخلصانہ سعی و جہد کرنے کی دُعا فرمائیں۔ بالخصوص علماء، مشائخ اور سیاستدانوں کو دین پر عمل کرنے کی توفیق مرحمت ہو۔ دینی درسگاہوں کے طلباء و مدرسین کا استحصال بند ہو۔ دینی مدارس و خانقاہوں میں گُھس آنے والے مظالم ختم ہوں،

دُعاء جو اہلِ اسلام دُنیا سے رخصت ہو گئے، اللہ تعالیٰ ان کی نیکیاں قبول فرمائے۔ لغزشیں معاف فرمائے اور ان پہ رحم و کرم فرمائے۔ جو زندہ ہیں ان کو جسمانی و رُوحانی بیماریوں سے محفوظ فرمائے۔ حادثات سے مامون فرمائے اور چند روزہ زندگی میں نیک اعمال کی توفیق اور خاتمہ ایمان یعنی عقیدۂ حقہ اہلِ سُنّت پر فرمائے۔ غلاموں کو آزادی، جاہلوں کو علم اور بدکاروں کو تقویٰ نصیب ہو۔

آمین یا ربّ العالمین۔ بجاہ حبیبک و نبیک محمد خاتم النبیین، علیہ و علیٰ آلہٖ و صحبہٖ و اُمتہٖ اکمل الصلوٰۃ والتسلیم۔

۱۳/ جمادی الاوّل ۱۴۱۰ھ - ۱۲ دسمبر ۱۹۸۹ء بروز منگل۔

نوٹ

کتاب "سعادت الدارین" کے آخر میں مؤلف مرحوم نے مختلف شعراء کے کچھ نعتیہ

marfat.com
Marfat.com

قصائد اور اس کے بعد "السابقات الجیانی مدح سید العباد" کے نام سے اپنے چند نعتیہ قصائد شامل فرمائے ہیں۔ چونکہ ان قصائد کی کافی ضخامت ہے اور براہِ راست موضوع کتاب سے متعلق نہیں، نیز احباب کے شدید تقاضے ہیں کہ کتاب جلد از جلد شائع ہو۔ لہٰذا ان قصائد کا ترجمہ شاملِ کتاب نہیں ہو سکا۔ اصل کتاب باریک ٹائپ پر ۶۶۰ صفحات پر پھیلی ہوئی ہے۔ جس کا مکمل ترجمہ کر دیا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ ترجمہ کی ضخامت عربی کتاب سے تقریباً دوگنا ہے۔ لہٰذا دو جلدوں میں شائع کیا جا رہا ہے۔

وصلی اللہ علیٰ الحبیب السبیب محمد وآلہٖ وصحبہٖ اجمعین وبارک وسلم۔

عبدالقیوم خان ابن سعد اللہ خان
پوٹھا مولد لاہور، مسکن مانسہرہ ہزارہ
بلدًا پاکستان، موطنًا۔ منگل ۱۲ دسمبر ۱۹۸۹ء

marfat.com
Marfat.com

عقیدۂ اہل سُنّت جس کی سُبکی وغیرہ نے طبقات میں تعریف کی۔ اِسے حفظ کرلینا چاہیئے

ترجمہ: جان لیجیے! اللہ تعالیٰ مجھے اور آپ کو ہدایت نصیب فرمائے کہ اللہ تعالیٰ اپنی حکومت میں ایک ہے۔ تمام کائنات کو پیدا کرنے والا ہے۔ کائنات بالا و پست کو۔ عرش، کُرسی، آسمان و زمین اور جو ان میں اور ان کے درمیان ہے۔ سب مخلوق اس کی قدرت کے آگے بے بس ہے۔ ذرّہ بھی اس کی اجازت کے بغیر حرکت نہیں کرسکتا۔ مخلوق میں اس کے ساتھ تدبیر کرنے والا نہیں۔ حکومت میں کوئی اس کا ساجھی نہیں۔ ہمیشہ زندہ، قائم رہنے والا ہے۔ نہ اُسے اُونگھ آئے نہ نیند، غیب و شہادت کو جاننے والا۔ زمین و آسمان میں کوئی شے اس پر پوشیدہ نہیں۔ جو کچھ خشکی و تری میں ہے اس کے علم میں ہے۔ جو پتّا بھی گرتا ہے اس کے علم میں ہے۔ زمین و آسمان کی اندھیریوں میں کوئی دانہ ہو، کوئی خشک و تر ہو، سب لوحِ محفوظ میں لکھا ہے۔ ہر شے اس کے احاطہ علمی میں ہے۔ ہر شے اس نے شمار کر رکھی ہے۔ جو چاہے کر گزرے ہر چاہے پر قادر، اسی کا ہے ملک و غنا، اسی کی عزّت و بقاء، اسی کی حمد و ثنا، تمام اچھے تمام اُسی کے، اس کے فیصلے ٹل نہ سکیں۔ اس کی عطا کوئی روک نہ سکے۔ اپنی حکومت میں جو چاہے کرے۔ اپنی حکومت میں جو چاہے حکم دے۔ نہ اسے ثواب کی اُمید نہ عذاب کا خوف۔ نہ اُس پر کسی کا حق نہ حکم۔ اس کی ہر نعمت فضل اور اس کی ہر سزا عدل ہے۔ جو کرے اس سے پوچھا نہیں جاسکتا، اور مخلوق جو کرے اس سے پوچھا جائے گا۔

marfat.com

Marfat.com

مخلوق سے پہلے موجود، نہ اس کی ابتدا نہ انتہا۔ نہ اُوپر نہ نیچے نہ دایاں نہ بایاں، نہ آگا نہ پیچھا۔ نہ کُل نہ بعض۔ نہ کہا سکے کب سے ہے نہ یہ کہ کہاں ہے۔ نہ یہ کہ کیسا، وجود کو وجود بخشنے والا اور زمانے کو گردش دینے والا ہے۔ نہ زمان میں مقید نہ مکان سے مختص۔ نہ وہم کی اس تک رسائی نہ عقل کی۔ نہ ذہن میں محدود ہو سکے نہ نفس میں اس کی مثال آئے۔ نہ سوچ میں اس کا تصور آئے نہ عقل میں تکیف ہو سکے۔ اوہام و افکار سے بالاتر تشبیہ و نظیر سے برتر۔ اس جیسا کوئی نہیں۔ اور وُہ سُننے والا جاننے والا ہے ؎

تنبیہ نمبر ۱

میں نے اپنی کتاب "حجۃ اللہ علی العالمین" کے خطبہ میں کہا ہے کہ جب میں کسی کتاب کا حوالہ نہ دُوں تو وُہ میری کتاب اور میری تحریر کا ہی حصّہ سمجھا جائے۔

تنبیہ نمبر ۲۔

میں نے کتاب مذکور کے صفحہ نمبر ۱۱۲ پر یہ عبارت لکھی ہے۔ (میں نے اپنی کتاب "سعادۃ الدارین فی الصلاۃ علی سید الکونین" میں درود شریف کے ان الفاظ کے ذکر کرنے کے بعد، جن میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے مُبارکہ آتے ہیں، یہ بات ذکر کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اسمائے شریفہ وُہ ہیں جو پہلی آسمانی کتابوں میں آئے ہیں۔ یہ اسمائے مُبارکہ دو قسم کے ہیں۔ اوّل وہ جو سُریانی۔ عبرانی اور رُومی زبانوں میں ہیں۔ اور دوسری قسم وہ اسمائے گرامی جو عربی زبان میں ہیں۔ اور وہ اسمائے گرامی اس کتاب کے مختلف مقامات پر حروف کی ترتیب کے لحاظ سے بکھرے ہُوئے ہیں۔ پھر میں ان مقامات پر وہ الفاظ ذکر نہ کر سکا۔ لہٰذا جو صاحب اس کتاب کو دوبارہ شائع کرے وہ درج بالا نشان زدہ عبارت لکھ دے)۔

marfat.com
Marfat.com

ہماری نئی مطبوعات

میلاد رسول اعظم ﷺ	مؤلف:۔ شیخ محمد عبدالحق محدث دہلوی
جمال قرب الٰہی	مرتبہ:۔ سید غلام دستگیر زیدی نقشبندی
جمال ذکر الٰہی	مرتبہ:۔ سید غلام دستگیر زیدی نقشبندی
زہد کی حقیقت	مؤلف حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ
مراقبہ کی حقیقت	مؤلف:۔ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ
توبہ کی حقیقت	مؤلف حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ
علم کی حقیقت	مؤلف:۔ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ
تذکرۃ الروح	مؤلف:۔ حضرت علامہ جلدل الدین سیوطی
تذکرۃ الموت	مؤلف:۔ حضرت علامہ جلدل الدین سیوطی
تذکرۃ القبر	مؤلف:۔ حضرت علامہ جلدل الدین سیوطی
علم و عرفان	مؤلف:۔ مولانا محمد شریف نقشبندی
عاشورہ	مؤلف:۔ شیخ محمد عبدالحق محدث دہلوی

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا گنج بخش روڈ، لاہور۔ فون:۔ 7221953

marfat.com

Marfat.com

اہلِ علم کیلئے ضیاء القرآن پبلی کیشنز کی ایک اور عظیم علمی پیشکش

قرآن حکیم ہی نظریاتی خلفشار کے موجودہ تاریک دور میں بنی نوع انسان کو ایک باوقار مستقبل کی راہ دکھاتا ہے

جدید علوم کا بیش بہا خزینہ

تفسیر احسنا

مؤلفہ

مفسر قرآن علامہ ابوالحسنات سید محمد احمد قادری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کلام مجید کو سمجھنے میں تفسیر الحسنات آپ کی صحیح راہنمائی کریگی

مکمل سیٹ سات جلدیں

ضیاء القرآن پبلی کیشنز ○ لاہور

marfat.com

Marfat.com

صاحبانِ ذوق و محبت اور اربابِ فکر و نظر

مژدۂ جانفزا

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر

حضرت ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ کے

بہار آفریں قلم سے نکلا ہوا لازوال شاہکار

درد و سوز اور تحقیق و آگہی سے معمور تصنیف

ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مکمل سیٹ سات جلدیں

ضیاء القرآن پبلی کیشنز ○ لاہور

marfat.com

Marfat.com

قرآن کتاب ہدایت ہے۔
مکمل ضابطہ حیات ہے۔
قرآن ہماری دنیوی اور اخروی کامیابی کا ضامن ہے۔
قرآن کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔

پیر محمد کرم شاہ صاحب ازہری کی معرکہ آرا تفسیر

خوبصورت ترجمہ بہترین تفسیر

ضیاء القرآن

فہم قرآن کا بہترین ذریعہ ہے

ترجمہ: جس کے ہر لفظ سے اعجاز قرآن کا حسن نظر آتا ہے
تفسیر: اہل دل کے لیے درد و سوز کا ارمغان

ضیاء القرآن پبلی کیشنز گنج بخش روڈ لاہور

marfat.com
Marfat.com

دیوبندی مذہب

تصنیف

مناظر اسلام مولانا غلام مہر علی صاحب چشتیاں شریف

جس میں دیوبندیوں کے صحیح خدوخال، عقائد و اعمال و اخلاق، ہنود اور انگریز سے گٹھ جوڑ و تنخواہ دار ہونے کا تذکرہ ان کی مستند کتب کے حوالہ جات سے کیا گیا ہے، قاری حضرات کو شکوک و شبہات کے دلدل سے نکال کر صراط مستقیم پر گامزن کرتی ہے۔

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا گنج بخش روڈ، لاہور۔ فون:۔7221953

marfat.com

Marfat.com